والفجور ليس الا بسبب فساد العلم فان من علم ما فى المعاصى من المضرة حقيقة العلم لا يؤثرها الا ترى
اور فجور کی اختیار کرنی پر سوای فساد علم کی اور کچہہ نہین ہی اسلئی کہ معاصی کی مضرت جسکو حق الیقین کی مرتبہ مین ثابت ہی وہ معاصی کو کبہی نہین اختیار

ان من علم من طعام لذيذ انه مسموم لا يقدم على تناوله فيعلم من هذا ان الايمان الحقيقى هو
کہانا کیسا ہی مزہ دار لذیذ ہو جب معلوم ہو کہ اسمین زہر ملا ہی تو کبہی نہین کہائیگا اب معلوم ہوا کہ حقیقی ایمان وہ

الايمان الذى يحمل صاحبه على فعل ما ينفعه فى الاخرة وعلى ترك ما يضره فيها فاذا لم يفعل ما ينفعه
ہوتا ہی جو مؤمن کو اوس کام کی رغبت دی جسکی آخرت مین نفع ہو اور اوس کام سی روکی جو آخرت مین ضرر دی پہر اگر ایسی نافع کو عمل مین نلاوی

فيها ولم يترك ما يضره فيها لا يكون ايمانه حقيقيا بل لسانيا لا قلبيا فان المؤمن بالنار حقيقة الايمان
اور ایسی مضر کو نہ چہوڑی تو وہ حقیقی مؤمن نہین ہی بلکہ صرف زبانی ہی دلی نہین ہی کیونکہ دوزخ کا ایسا حقیقی مؤمن

حتی کانه یریها لا یسلك طریقها الموصل الیها فضلا عن السعی فی تحصیل دخولها وان المؤمن بالجنة حقیقة الایمان
گویا دوزخ سامنی نظر آتا ہی اوسکی رستہ جو دوزخ میں گرادی کبھی نہیں چلیگا چہ جای کہ اوسکی وصول میں کوشش کری ایسی ہی ایسا حقیقی مؤمن جنت کا

حتی کانه یریها لا یترك طلبها بل یسعی فی تحصیل دخولها وهذا امر یجده الانسان فی نفسه عند سعیه
گویا جنت سامنی نظر آتا ہی اوسکی طلب میں کبھی قصور نکریگا بلکہ اوسکی دخول کی کوشش کریگا اور یہہ بات ہر شخص اپنی دلمین جانتا ہی

فی امور الدنیا فی دفع ما یضره وجلب ما ینفعه یسرنا الله من الاعمال ما یوافق رضاه **المجلس الخامس**
جب امور دنیاوی میں مضر باتون سی کیسا اجتناب اور مفید باتون میں کیسی کوشش کرتا ہی اللہ تعالی ہمپر وہ کام آسان کری جو اوسکی رضا کی موافق میں **پانچوین مجلس**

فی لزوم الایمان بما جاء به النبی صلی الله علیه وسلم ولا یجوز
ایمان کی لازم ہونی میں اون احکام پر جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم لای ہین اور اونکی مخالفت

المخالفة فیه
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم والذی نفس محمد بیده لا یسمع بی
جایز نہین فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی قسم ہی اوس ذات کی جسکی قبضہ میں محمد کی جان ہی جو سنیگا میری

احد من هذه الامة یهودی ولا نصرانی ثم یموت ولم یؤمن بما ارسلت به الا کان من اصحاب
نبوت کو اس امت میں سی کوئی یہودی ہو یا نصرانی پھر وہ مری اس حال پر کہ ایمان نہ لایا ہو میری شریعت پر وہ دوزخی ہوگا

النار هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه ابو هریرة ولیس المراد بالامة ههنا امة الاجابة بدلیل
یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون میں ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور امت سی مراد اسجگہہ امت اجابت یعنی اہل اسلام نہیں ہی اس لئی

کون الیهودی والنصاری مذکورا فیه بل المراد بها امة الدعوة فعلی هذا یدخل فیه جمیع اهل الملل
کہ اس حدیث میں یہودی اور نصرانی کا بہی ذکر ہی بلکہ مراد تمام امت دعوت ہی اس تقریر پر اس امت میں تمام باطل مذاہب والی بہی داخل ہین

الباطلة وتخصیص الیهود والنصاری بالذکر لیعلم انهما مع کونهما اهلی کتاب وصاحبی شریعة
اور یہود اور نصاری کا خاص جو نام لیا تو اسلئی کہ یہہ دونو اہل کتاب اور صاحب شریعت ہوکر

اذا کانا من اهل النار بترك الایمان بما جاء به النبی علیه الصلوة والسلام فغیرهما ممن لم یکن له کتاب
جب شریعت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لانی سی دوزخی ہوی تو باقی جن کی پاس نہ کتاب ہی

ولا شریعة اولی بذلك فکانه علیه الصلوة والسلام قال اقسم بالله الذی نفسی بقدرته
اور نہ شریعت بطریق اولی دوزخی ہون گی تو گویا نبی علیہ السلام نی یہہ فرمایا کہ قسم ہی اوسکی جسکی قبضہ میں میری جان ہی

ان کل من یسمع بنبوتی ولا یؤمن بما جئت به من عند الله تعالی حتی یموت یکون من اهل النار
کہ بیشک جو جو میری نبوت کو سنیگا اور میری شریعت پر مرتی دم تک ایمان نہ لائیگا تو وہ دوزخی ہوگا

ویعلم منه ان الایمان وان کان فی اللغة بمعنی التصدیق مطلقا لکنه فی الشریعة تصدیق الرسول
اور اس سی معلوم ہوتا ہی کہ ایمان اگرچہ لغت میں مطلق تصدیق کو کہتی ہین پر شرع میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کو

فی کل ما علم ضرورة انه جاء به من عند الله واشتهر کونه من دینه علیه الصلوة والسلام بحیث
کہتی ہین ہر یک احکام میں جو صاف معلوم ہوتی ہیں کہ یہہ احکام خدا کی طرف سی لائی ہین اور دین نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں شہرت پکڑ چکی ہین ایسا کہ

یعلم کل احد من غیر افتقار فی معرفته الی الاستدلال اصلا لا بدلیل العقل ولا بدلیل النقل وان کان
ہر شخص بدون استدلال کی سمجھ لی غایت ظہور سی نہ عقلی دلیل کی حاجت ہو نہ نقلی دلیل کی اگرچہ

فی نفسه یتوقف معرفته علی الاستدلال علیه بدلیل من دلیلی العقل والنقل کوجود الصانع
نفس الامر میں اوسکی معرفت عقلی یا نقلی دلیل پر موقوف ہو جیسی صانع کا وجود

ووجوب الصلوة وحرمة الخمر واحوال الاخرة فان كل واحد منها وان كان في نفسه يتوقف

اور نماز کا وجوب اور شراب کی حرمت اور آخرت کی احوال ان مطالب کی معرفت اگرچہ نفس الامر مین

معرفته على الاستدلال عليه اما بدليل العقل كوجود البارى تعالى وصفاته او بدليل النقل

استدلال پر موقوف ہی یا تو عقلی دلیل پر جیسی باری تعالی کا وجود اور اوسکی صفات یا نقلی دلیل پر

كوجوب الصلوة وحرمة الخمر واحوال الاخرة لكن كونه من دينه عليه الصلوة والسلام

جیسی نماز کا وجوب اور شراب کی حرمت اور آخرت کی احوال لیکن ہریک کو صاف معلوم ہی کہ یہہ دینی احکام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہین

معلوم بالضرورة لكل احد من غير احتياج في معرفته الى الاستدلال عليه بدليل ويكفي

اسکی معرفت مین اصلا کسی دلیل کی حاجت نہین ہی اور جو احکام

الاجمال فيما يلاحظ اجمالا ويشترط التفصيل فيما يلاحظ تفصيلا حتى ان من لم يصدق بوجوب

مجمل لحاظ کئی جاتی ہین وہان اجمال کفایت کرتا ہی اور جہان ملاحظہ تفصیلی چاہئی وہان تفصیل شرط ہی اتنا کہ سوال کی وقت جو شخص وجوب

الصلوة عند السوال عنها وبحرمة الخمر عند السوال عنها لا يكون مؤمنا بل يكون كافرا لكون

نماز اور حرمت شراب کی تصدیق نکری وہ مؤمن نہین ہی بلکہ کافر ہوویگا کیونکہ

كل منهما مما علم بالتواتر انه من دينه عليه الصلوة والسلام والحاصل ان من اراد ان

یہہ دونو حکم تواتر سی معلوم ہوچکی ہین کہ دین نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سی ہین اور حاصل یہہ ہی کہ جو شخص ایمان لایا چاہی

يكون مؤمنا وقال بلسانه لا اله الا الله محمد رسول الله وصدق معناه بقلبه يكون مؤمنا

اور اپنی زبان سی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہی اور دلسی اسکی معنون کی تصدیق کری وہ مؤمن ہوجاتا ہی

وان لم يعرف الفرائض والمحرمات ثم اذا قيل لهم الصلوات الخمس في كل يوم وليلة فرض عليك فان

اگرچہ اوسکو فرایض اور محرمات معلوم نہون پہر اگر اوسی کہا جاوی کہ ہر رات دن مین پانچ نمازین تجہہ پر فرض ہین پہر اگر

صدقها وقبلها يكون ثابتا على ايمانه وان انكرها ولم يقبلها يكون خارجا عن الايمان وكذلك

اوسنی اوسکی تصدیق کی اور مان لیا تو وہ اپنی ایمان پر ثابت رہا اور اگر انکار کیا اور نہ مانا تو ایمان سی خارج ہوا اور ایسی ہی

سائر الفرائض والمحرمات الثابتة بدليل قطعي من الكتاب والسنة واجماع الامة وان اشكل

اور تمام فرایض اور محرمات جو دلیل قطعی کتاب اور سنت اور اجماع امت سی ثابت ہوچکی ہین اور اگر

عليه مسئلة من مسائل الايمان يجب عليه في الحال ان يعتقد على الاجمال ما هو الصواب عند الله تعالى

کوئی مسئلہ ایمان کی مسائل مین سی اوسپر مشتبہ ہوجاوی تو اوسپر بالفعل تو یہہ واجب ہی کہ مجمل یہہ اعتقاد کری کہ جو اللہ کی نزدیک

بان يقول اعتقدت ما هو الصواب عند الله تعالى وهذا القدر يكفي الى ان يجد عالما يعلم مسائل

حق ہی مین نی قبول کیا اور زبانسی کہی کہ جو اللہ کی نزدیک حق ہی وہ مین نی مانا مجملا اتنا اعتقاد تجب کفایت کرتا ہی کہ کوئی عالم دینی مسائل کا مل آوی

الايمان فيسأله عما اشكل عليه ولا يجوز له تاخير الطلب لقوله تعالى فسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون

اور سکہاوی پہر اوس سی وہ مسئلہ مشتبہ پوچہہ لی اور جایز نہین کہ اوسکی تلاش مین تاخیر کری کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی پوچہہ لو یاد رکہنی والون سی اگر تم نہین جانتی ہو

ولا يكون معذورا بالتوقف فيما اشكل عليه بل يكون كافرا بالتوقف ان كان ما اشكل عليه من ضروريات

اور اوس مسئلہ مشتبہ مین توقف کی باب مین معذور نہین ہوگا بلکہ اگر وہ مسئلہ ضروریات دینی سی ہی تو عمدا توقف کرنی سی کافر ہوجاویگا

الدين لان التوقف في المؤمن به يمنع التصديق فيكون كفرا مثلا من اشكل عليه وحدانية الله تعالى

کیونکہ توقف کرنا ایمان کی بات مین تصدیق مین خلل پیدا کرتا ہی سو یہہ کفر ہی مثلا کسی شخصکو اللہ کی وحدانیت مین

او في ذاته

اوقدرته على شئ اوعلمه بكل شئ من الكليات والجزئيات اوحشر الاجساد اوحدوث العالم
یا اوسکی قدرت مین کسی شی پر یا اوسکی علم مین تمام کلیات اور جزئیات پر یا ابدان کی پیدائش مین بعد مرنی کی یا عالم کی حادث ہونی مین

اونحو ذلك فقال اعتقدت ماهو الحق عند الله تعالى يثبت ايمانه الاجمالي لوجود التسليم والقبول
یا ایسی ہی کسی اور بات مین شبہ واقع ہوا پہر یہہ قایل ہوا جو خدا کی نزدیک حق ہی مین نی مانا تو اوسکا اجمالی ایمان ثابت رہیگا کیونکہ اجمالی قبولیت اور تسلیم موجود ہی

اجمالا لكن ان لم يسئل عما اشكل عليه من هذه المذكورات بل انه اخر الطلب اولم يطلب اصلا
لیکن اگر اوسنی اوس مشتبہ مسئلہ کو ان مذکورات مین سی ڈال رکہا اور نہین پوچہا یا کبہی بہی نہ پوچہا تو اتنی تسلیم

لا يبقى مؤمنا بقوله اعتقدت ماهو الحق عند الله تعالى بل يكون كافرا بترك السوال و
اجمالی سی کہ جو خدا کی نزدیک حق ہی وہ مین نی مانا مؤمن نہین رہیگا بلکہ بسبب ترک سوال اور

الطلب لان هذه المذكورات من ضروريات الدين يعلمها كل عاقل نشا بين المؤمنين والحاصل
تلاش کی کافر ہو جاویگا کیونکہ یہہ تمام مذکورات ضروریات دین سی ہین انکو ہر ایک عاقل جو مسلمانون مین پیدا ہوا ہی جانتا ہی خلاصہ یہہ ہی

ان من اشكل عليه كون اله العالم واحدا اومتعددا ولم يمل قلبه الى واحد منهما يجب عليه
کہ جس شخص پر یہہ مسئلہ مشتبہ ہو جاوی کہ پروردگار عالم کا ایک ہی یا کئی ہین اور اوسکی دل مین کوئی ایک جانب راسخ نہو تو اوسپر واجب ہی

ان يقول في الحال اعتقدت ماهو الحق عند الله تعالى ثم يجب عليه الطلب والسوال بلا توقف
کہ فورًا یہہ کہی مین نی مانا جو اللہ کی نزدیک حق ہی پہر اوسپر ترنت بلا توقف تلاش اور دریافت کرنا واجب ہی

ولا تاخير حتى لو اخر الطلب اوتركه ولم يعتقد كون اله العالم واحدا لا يكون مؤمنا بل يكون
اتنا کہ اگر اسنی اس تلاش کو ڈال رکہا یا چہوڑ دیا اور پروردگار عالم کو واحد نہ جانا تو مؤمن نہوگا بلکہ کافر ہوگا

كافرا وكذا من توقف في يوم القيمة اوفي الجنة اوفي النار اوفي الميزان اوفي الحساب اوفي الصراط
ایسی ہی جو شخص قیامت کی دن یا بہشت یا دوزخ یا میزان یا حساب یا پل صراط

اوفي الصحائف التي كتب فيها اعمال العباد اوفي شفاعة الشافعين لا يكون مؤمنا بل يكون كافرا
یا نامۂ اعمال جسمین بندون کی اعمال لکہی جاتی ہین یا شفاعت شافعین مین توقف کری مؤمن نہین ہوتا بلکہ کافر ہوتا ہی

لان التوقف والتردد ينافي التصديق المفسر به الايمان وتحقيقه ان الايمان في اللغة التصديق وهو
اسلئی کہ توقف اور سوچ بچار اوس تصدیق کی برخلاف ہی جسکو ایمان کہتی ہین اسکی تحقیق یہہ ہی کہ ایمان لغت مین تصدیق کو کہتی ہین اور وہ

اذعان حكم المخبر وقبوله وجعله صادقا بعد العلم بصدقه ولم ينقل في الشرع الى معنى اخر بدليل
یقین کر کر مان لینا مخبر کی حکم کا اور اوس مخبر کو سچا جان کر سچا ٹہرانا اور شرع مین تصدیق کو اس معنی سی اور معنی کی طرف نقل نہین کیا دلیل یہہ ہی

انه عليه الصلوة والسلام خاطب العرب به وامتثل منهم من امتثل من غير استفسار ولا
کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی عرب سی گفتگو مین تصدیق طلب کی اور جو اونمین سی مطیع ہوا تو اوسنی تصدیق کی نہ معنی پوچہی نہ

افتقار الى بيان الا بحسب المتعلق وهو ما يجب الايمان به فبينه عليه الصلوة والسلام وفصله
بیان طلب کیا ہان متعلق کا فرق ہوتا ہی یعنی جسپر ایمان لانا چاہی سو رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی اوسکو بیان فرمایا اور کچہہ تفصیل کی

بعض التفصيل حين جاءه جبرئيل عليه السلام على صورة رجل غريب وسأله عن الايمان فقال يا محمد اخبرني
جب کہ جبرئیل علیہ السلام نی ایک مرد مسافر کی صورت مین آکر ایمان کو دریافت کیا عرض کیا یا محمد بتاؤ

عن الايمان فقال عليه الصلوة والسلام الايمان ان تؤمن بالله وملئكته وكتبه ورسله الى اخر الحديث
ایمان کیا ہی آپ نی فرمایا ایمان یہہ ہی کہ تو یقین کری اللہ کا اور اوسکی فرشتون کا اور کتابون کا اور رسولون کا آخر حدیث تک

فانه علیه الصلوة والسلام بین فیه معنی الایمان بهذا اللفظ تعویلا علی ظهور معناه عندهم

سو رسول صلی الله علیه وسلم نے ایمان کو ان الفاظ سے بیان فرمایا اس بہروسے پر کہ اسکے معنوں کو وہ خوب جانتے ہیں

ثم قال هذا جبرئیل اتاکم یعلمکم دینکم فلو کان الایمان نقل الی معنی غیر التصدیق تبین نقله

پہر آپ نے فرمایا یہہ جبریل تہا تمکو دین سکہانے آیا تہا پس اگر ایمان کے معنی سوای تصدیق کے اور کچہہ منقول ہوتے تو وہ مشہور ہوتے

کما تبین نقل الصلوة والزکوة ونحوهما والا لکان هذا خطابا لهم بما لم یفهموه ولما صح ان یکون تعلیما لهم

جیسے منقول معنی صلوة اور زکوة وغیرہ کے مشہور ہیں اور نہیں تو یہہ ارشاد اوس امر کا ہوتا جسکو وہ نہیں سمجہتے اور یہہ تعلیم کب ہوتی

ولما صح امتثالهم من غیر استفسار فظهر ان الایمان لم یعتبر فیه شرعا الا الخصوص باعتبار

اور وہ لوگ بغیر پوچہے کیونکر مان لیتے اب ظاہر ہوگیا کہ ایمان میں باعتبار شرع کے لغوی معنوں میں یعنی تصدیق میں صرف خصوصیات

متعلقه بعد ما ارید به التصدیق بالمعنی اللغوی وهو ما یعبر عنه فی الفارسیة بگرویدن وفی الترکیة

متعلقات کی ہی معتبر ہیں جسکو فارسی میں گرویدن اور ترکی میں

بانانمق ثم التصدیق من ضرورته المعرفة والیقین فعلی هذا لا یتحقق تصدیق الرسول الا بعد

بانانمق کہتے ہیں پہر تصدیق میں معرفت اور یقین ضرور چاہیے اسکے موافق رسول کی تصدیق ثابت نہو گی

اثبات رسالته بالمعجزة الدالة علی صدقه ودلالة المعجزة علی صدقه تتوقف علی العلم بکون المعجزة

جبتک اوسکی رسالت معجزہ سے جو اوسکی صداقت پر دلالت کرتا ہو ثابت نہولے اور معجزہ کی دلالت رسولؐ کی صداقت پر اس علم پر موقوف ہے کہ معجزہ

فعلا من افعاله تعالی خارق للعادة اظهره علی ید رسوله عند ادعائه الرسالة تصدیقا له فانه تعالی

ایک فعل ہے افعال الٰہی سے عادت کے برخلاف کہ اوسکو الله تعالی رسول صلی الله علیه وسلم کے ہاتہہ پر وقت دعوی رسالت کی تصدیق کے واسطے ظاہر کرتا ہے سو الله تعالی

باظهار المعجزة علی یده صار کانه قال صدق رسولی فی کل ما یبلغ عنی سواء کان تبلیغه بقوله او فعله

یہہ معجزہ رسول کے ہاتہہ پر ظاہر کرکر گویا یہہ فرماتا ہے میرا رسول سچا ہے تمام احکام میں جو میری طرف سے پہنچادے برابر ہے کہ وہ تبلیغ قول سے ہو یا فعل سے

او سکوته وقد مثل العلماء ذلک بشخص قام فی مجلس ملک بحضور جماعة وقال انا رسول هذا الملک بعثنی

یا سکوت سے علما نے اسکی یہہ مثال بیان کی ہے مثلا ایک شخص بادشاہ کے دربار میں ایک جماعت کے سامنے کہڑا ہو کر کہے کہ میں اس بادشاہ کا ایلچی ہوں مجکو

الیکم بکذا وکذا من التکالیف فطلبوا منه حجة تدل علی صدقه فقال ایة صدقی انی اطلب من

تمہارے حق میں فلانا فلانا حکم دیا ہے پہر اوس جماعت نے اوسکے صداقت کی سند طلب کی اوسنے کہا میری صداقت کی یہہ نشانی ہے کہ میں بادشاہ سے کہتا ہوں

الملک ان یخالف عادته یقوم من مقامه ویقعد ثلث مرات ففعل الملک ذلک بطلبه فلا شک ان

کہ برخلاف اپنی عادت کے میری کہنے سے تین بار اوٹہے اور بیٹہے پہر بادشاہ نے اوسکے کہنے سے وہ ہی کیا تو بیشک

ذلک الفعل من الملک قائم مقام قوله صدق هذا الشخص فی کل ما یبلغ عنی ومفید للعلم الضروری

بادشاہ کی یہہ حرکت ایسی ہے جیسے اوسنے یہہ کہا کہ یہہ شخص جو میری طرف سے بیان کرتا ہے سب سچ ہے اسے اوسکی صداقت کا بدیہی علم حاصل ہوگا

بصدقه لمن شاهد ذلک الفعل من الملک ولمن لم یشاهده بل وصل الیه خبره بالتواتر ولا ریب ان

انکو جنہوں نے بادشاہ سے یہہ حرکت انکہوں دیکہی اور جس شخص نے نہیں دیکہا اوسکو اور لوگوں سے سنتے سنتے حاصل ہوگا اور بیشک

هذا المثال مطابق لحال الرسول علیه الصلوة والسلام فی افادة معجزته العلم الضروری بصدقه

یہہ مثال رسول علیه الصلوة والسلام کی حال سے مطابق ہے کہ معجزہ دیکہنے والوں کو صداقت کا یقینی علم حاصل ہوتا ہے

لمن شاهدها ولمن لم یشاهدها بل وصل الیه خبرها بالتواتر وقد وصل الینا بالتواتر

اور جو نہ دیکہے گا اوسکو تواتر سے سنکر حاصل ہوگا اور ہمکو تواتر سے یہہ خبر آچکی ہے

انه علیه الصلوٰة والسلام ادعی النبوة واظهر المعجزة حتی جری ذلك مجری الشمس فی الظهور فوجب
کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت کا دعویٰ کیا اور معجزہ ایسا ظاہر کیا کہ آفتاب کی مانند روشن ہے
علینا تصدیقه فی جمیع ما جاء به من عند الله تعالی من الاحکام التکلیفیة التی هی وجوب الواجبات
پھر اونکی تصدیق تمام احکام تکلیفی میں جو جو خدا کی طرف سے لائے ہیں واجب ہے اور وہ احکام یہ ہیں واجبات کا واجب ہونا
وندب المندوبات واباحة المباحات وحرمة المحرمات وکراهة المکروهات ومنه امور الاخرة التی اول
اور مندوبات کا ندب اور مباحات کی اباحت اور محرمات کی حرمت اور مکروہات کی کراہیت اور بعضی انہیں امور اخروی ہیں جسکی
منزل من منازلها القبر واحیاء المیت فیه وسوال منکر ونکیر ثم کونه اما روضة من ریاض الجنة
منزلوں میں سے پہلی منزل قبر ہے اور اوسمیں مردہ کا جینا اور منکر نکیر کا سوال پھر وہ قبر یا چمن ہے جنت کی باغ کا
او حفرة من حفر النار ثم البعث منه یوم القیمة الی العرصات ثم اعطاء الکتب التی کتب فیها اعمال
یا گڑھا ہے دوزخ میں کا پھر وہاں سے قیامت کے دن محشر کے میدان میں جانا پھر نامۂ اعمال کا دینا جسمیں تمام عمل بندوں کی لکھے ہونگی
العباد فیؤتی کتاب بعضهم بیمینه وکتاب بعضهم بشماله او من وراء ظهره ثم الحساب ثم نصب
پھر کسیکو دہنی ہاتھ میں دیا جاویگا اور کسیکو بائیں ہاتھ میں یا پس پشت سے پھر حساب کا ہونا پھر
المیزان لوزن الاعمال فمن ثقلت حسناته وخفت سیاٰته فهو فی عیشة راضیة ومن خفت
ترازو کھڑی کرنی اعمال تولنی کی لئے پھر جسکی نیکیاں بھاری یعنی زیادہ اور گناہ ہلکی یعنی کمتر ہونگی وہ تو اچھی چین میں رہا اور جسکی نیکیاں کمتر
حسناته وثقلت سیاٰته فامه هاویة ثم وضع الصراط علی متن جهنم لمرور الناس علیه فیمر بعضهم
اور گناہ زیادہ ہوئی تو اوسکا ٹھکانا گڑھا ہے پھر دوزخ کی اوپر صراط کا تان دینا آدمیوں کی چلنی کی لئے پھر کوئی تو
کالبرق الخاطف وبعضهم کالریح العاصف وبعضهم کالفرس الجواد وبعضهم یعدو عدوا وبعضهم یمشی
مثال چمکتی بجلی کی اور کوئی مانند تند ہوا کی اور کوئی مثل دوڑنی گھوڑے کی اور کوئی دوڑتا ہوا اور کوئی لپکتا ہوا
مشیا وبعضهم یحبو حبوا وبعضهم یسقط الی النار ویتلقونه الزبانیة بالسلاسل والاغلال نسال الله تعالی
اور کوئی گھسٹتا ہوا جاویگا اور کوئی دوزخ میں گر پڑیگا اور دوزخ کی موکل اوسکو ترت زنجیروں اور طوق میں قید کرینگی الٰہی ہمکو
ان یحفظنا من جمیع هذه الاهوال وقد تبین جمیع ما ذکر ان تصدیق الرسول علیه الصلوٰة والسلام لم یتحقق
ان تمام ہولوں سے محفوظ رکھیو اس تمام تقریر سے ظاہر ہوا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق
الا بعد اثبات رسالته بالمعجزة الدالة علی صدقه ودلالة المعجزة علی صدقه تتوقف علی العلم بکون تلك المعجزة
بدون ثبوت رسالت کی معجزہ سے جو اوسکی صدق پر دلالت کرتا ہو متحقق نہیں ہوتی اور معجزہ کی دلالت اوسکی صداقت پر اس علم پر موقوف ہے کہ یہ معجزہ
فعلا من افعاله تعالی والعلم بکونها فعلا من افعاله تتوقف علی العلم بوجوده تعالی وکونه قدیما واحدا
ایک فعل ہے افعال الٰہی سے اور معجزہ کا فعل ہونا افعال الٰہی سے اس علم پر موقوف ہے کہ اللہ تعالی موجود قدیم واحد
متصفا بالقدرة والارادة والعلم والحیوة لانها لکونها فعلا من افعاله تعالی یتوقف وجودها علی وجوده
قدرت والا ارادہ والا علیم حی ہے کیونکہ معجزہ جب فعل ٹھہرا افعال الٰہی سے تو بیشک اوسکا عمل میں آنا وجود الٰہی
وکونه موصوفا بهذه الصفات والعلم بوجوده تعالی لا یمکن ان یحصل بالحس لانه تعالی لیس محسوسا کالشمس
اور ان تمام صفات پر موقوف ہوگا اور علم وجود باری تعالی کا حواس کی وسیلہ سے حاصل ہونا ممکن نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالی آفتاب اور مہتاب کی طرح
والقمر حتی یعلم وجوده بالحس ولیس العلم بوجوده ضروریا کالعلم بکون الاثنین اکثر من الواحد حتی یعلم
تو محسوس نہیں ہے جو حواس کی وسیلہ سے معلوم ہو جاوےگا اور نہ علم وجود الٰہی کا ایسا بدیہی ہے کہ جیسا ہم دو کو ایک سے بڑھتی جانتی ہیں تاکہ بداہت سے

وجوده بالبداية بل انما يعلم وجوده بالاستدلال من المصنوع الى الصانع ومن الاثر الى المؤثر كما روى ان

معلوم ہوجاوی اب بجز استدلال کی مصنوع سی صانع پر اور اثر سی مؤثر پر کوئی طریق نہین ہی چنانچہ روایت ہی

اعرابيا سُئل عن الدليل الدال على وجوده تعالى فقال البعرة تدل على البعير والروث على الحمير واثار الاقدام

کہ ایک اعرابی سی ایسی دلیل پوچھی جس سی وجود الٰہی ثابت ہوجاوی اوسنی جواب دیا کہ مینگنی اونٹ پر اور لید گدہی پر اور پاؤنکا نشان

على المسير افلا تدل سماء ذات ابراج وارض ذات فجاج وبحار ذات امواج على الصانع القدير وروى ان ابا

چلنی والی پر دلالت کرتا ہی پہر کیا برجون والا آسمان اور رستون والی زمین اور موج مارتا دریا صانع قدیر پر دلالت نہین کرتی اور روایت ہی کہ

حنيفة كان سيفا حادا على الدهرية وكانوا ينتهضون الفرصة ليقتلوه فبينما هو قاعد فى المسجد يوما

امام ابوحنیفہ دہریون کی حق مین مثل تیز تلوار کی تہی اور دہریہ اونکی قتل کی لئی فرصت کی تاک مین رہتی تہی ایک روز امام صاحب تنہا مسجد مین بیٹہی تہی

وحده اذ هجم عليه جماعة منهم بسيوف مسلولة فهمّوا بقتله فقال لهم اجيبونى عن مسئلة ثم افعلوا

ناگاہ دہریون کا غول ننگی تلوارین کہینچکر قتل کی لئی چڑہ آیا امام صاحب نی کہا میری ایک بات کا جواب دیدو پہر جو چاہو

ما شئتم فقالوا ما مسئلتك فقال لهم ما تقولون فى رجل يقول انى رايت سفينة مشحونة بالاحمال

سو کرنا بولی وہ کیا بات ہی امام نی کہا کیا کہتی ہو ایسی شخص کو جو یہہ کہتا ہی مین نی ایک کشتی مال اسباب کی بہری ہوئی دیکہی ہی

مملوة بالاثقال قد احتوشتها فى لجة البحر امواج متلاطمة ورياح مختلفة وهى من بينها تجرى مستوية

کہ دریا کی اندر موجون کا طماچہ اور مختلف ہواؤن کا صدمہ اوسپر پڑتا تہا پر وہ کشتی

من غير ملاح يجريها ولا مدبر يدبر امرها هل يجوز هذا فى العقل قالوا لا هذا شئ لا يقبله العقل فقال

بدون ملاح کی جو تدبیر سی اوسکی خبرداری کری برابر بلا کہٹکہ چلی جاتی تہی آیا یہہ بات عقل کی نزدیک ہوسکتی ہی وہ بولی اس بات کو عقل قبول نہین کرتی پہر

الامام ابو حنيفة يا سبحان الله ان سفينة اذا لم يجز فى العقل ان تجرى مستوية من غير ملاح

امام صاحب نی کہا سبحان اللہ جب ایک کشتی عقل کی نزدیک بدون ملاح کی

يدبر امرها فى جريانها فكيف يجوز فى العقل قيام هذه الدنيا على اختلاف احوالها وتغير اعمالها

جو تدبیر سی لی چلی برابر سیدہی درست نہین چل سکتی تو کیونکر عقل یہہ قبول کرتی ہی کہ دنیا جسکی احوال مختلف اور اعمال متفرق

وسعة اطرافها وتباين اكنافها من غير صانع يدبر امرها وحافظ يحفظ حالها فلما سمعوا كلامه

اطراف وسیع کناری الگ الگ بغیر صانع کی جو اوسکی حال کو سنبہالی اور حفاظت کری قایم رہی یہہ کلام سنتی ہی

بكوا جميعا فقالوا صدقت واغمدوا سيوفهم وتابوا واسلموا بين يديه وروى ان بعض الزنادقة انكر الصانع

سب کی سب رو دئی اور بولی آپ سچ فرماتی ہین اور اپنی تلوارین میان کرلین اور توبہ کرکر اونکی سامنی مسلمان ہوگئی اور روایت ہی کہ کسی زندیق نی

عند جعفر الصادق فقال له جعفر هل ركبت البحر قال نعم قال هل رايت اهواله قال نعم قال هاجت

حضرت جعفر صادق کی آگی خدا کا انکار کیا حضرت جعفر نی فرمایا تو نی دریا کا سفر بہی کیا ہی بولا ہان پہر فرمایا اوس سفر کی سختیان بہی بہگتی ہین بولا ہان

يوما رياح هائلة فكسرت السفينة واغرقت الملاحين فتعلقت بلوح ثم ذهب عنى ذلك

ایکروز ایسی تند آندہی چلی کہ کشتی ٹوٹ گئی اور ملاح ڈوب گئی مین ایک تختہ پر چمٹا رہ گیا پہر وہ تختہ بہی چہوٹ گیا

اللوح وانا مدفوع فى تلاطم الامواج حتى وقعت الى الساحل فقال جعفر كان اعتمادك اولا على السفينة

اور مین موجون مین غوطہ کہاتا ہوا کنارہ جا لگا حضرت جعفر نی فرمایا تجھکو پہلی تو کشتی

مع الملاح ثم على اللوح بانه ينجيك فلما ذهبت عنك تلك الاشياء هل اسلمت نفسك الى الهلاك

اور ملاح پر بہروسا تہا پہر اوس تختہ پر بہروسا تہا کہ یہہ بچا لیگا پہر جب تیری ہاتہہ سی یہہ سب چیزین چہوٹ گئین تو بول کیا تو نی اپنی جان موت کی حوالہ کی تہی

ام کنت ترجو سلامة بعد قال بل رجوت السلامة قال ممن کنت ترجوها فسکت الرجل فقال جعفر
یا پہر بہی نجات کی امید باقی تہی بولا نجات کی امید باقی تہی فرمایا پہر امید کسنی تہی اب وہ زندیق چپ ہو رہا پہر امام جعفر نی فرمایا

ان الصانع هو الذی ترجوه فی ذلك الوقت من غیر شعورك به وهو الذی انجاك من الغرق فلما
وہ ہی ہی خدا جسنی تو اوسوقت بہی نجات کی امید رکہتا تہا گو تجکو معلوم نہتا اور اوسہی نی تجکو ڈوبنی سی بچایا جب

سمع ذلك الرجل هذا الکلام منه قبل قلبه فاسلم بین یدیه فقد علم من هذا ان طریق معرفة
اوس شخص نی یہہ بات سنی دل سی مان اوٹہا اور اونکی سامنی مسلمان ہوگیا اس سی معلوم ہوا کہ معرفت الہی کا طریق

الله تعالی بالاستدلال الذی هو النظر فی الدلیل فیکون النظر واجبا لانه تعالی امر به فقال
استدلال ہی ہی یعنی دلیل مین غور کرنا سو نظر کرنا واجب ہی کیونکہ اللہ تعالی کا یہہ حکم ہی

قل انظروا ماذا فی السموت والارض فمن ترکه یکون آثما لانه تعالی اعطی الانسان نعمة العقل
تو کہہ نظر کرو کیا ہی آسمانون مین اور زمین مین پہر جو شخص استدلال نکری وہ گنہگار ہوگا کیونکہ اللہ تعالی نی انسان کو عقل کی نعمت اسیہی لئی دی ہی

لیستدل به علی وجوده تعالی وقدمه ووحدته وسائر صفاته التی تدل علیها افعاله وهی القدرة و
کہ وجود الہی پر اور اوسکی قدم اور وحدت اور تمام اوصاف پر جو افعال الہی سی ثابت ہوتی ہین یعنی قدرت اور

الارادة والعلم والحیوة فاذا لم یستدل به لا یکون مؤدیا بشکر نعمة العقل فیکون آثما فان لم یغفر
ارادہ اور علم اور حیات استدلال کیا کری پہر جب استدلال نہ کیا تو اوسنی عقل کی نعمت کا شکر ادا نکیا سو یہہ شخص گنہگار رہیگا اگر اوسکو اللہ نہ بخشی

الله له فانه وان کان عاقبته الجنة لکن بعد ان یعذب بقدر ذنبه فعلی هذا یجب علی کل مؤمن
تو اختیار ہی یہہ شخص اگرچہ اوسکا انجام بہشت ہی پر گناہ کی موافق عذاب بہگت کر اب اس تقریر کی موافق ہر مؤمن پر واجب ہی

ان یعتنی فی معرفة الله تعالی ومعرفة ما یجب علیه اعتقاده بالنظر والاستدلال حتی یخرج
کہ معرفت الہی اور تمام اعتقادی امور مین نظر اور استدلال کیا کری تاکہ اہل تقلید سی

من التقلید ویکون من اهل الیقین لان المقلد لا یقین له اصلا لانه هو الذی لم یتفکر فی خلق
نکل کر اہل یقین مین داخل ہوجاوی کیونکہ مقلد کو یقین کا مرتبہ کبہی حاصل نہین ہوتا کیونکہ مقلد تو وہ ہوتا ہی جو

السموت والارض واختلاف اللیل والنهار حتی یعرف خالقه وسائر ما یجب علیه اعتقاده بل اخبره
آسمانون اور زمین کی پیدایش اور رات دن کی اختلاف مین غور اور فکر نہین کرتا تاکہ اپنی خالق کو اور تمام اعتقادی امور کو دریافت کری بلکہ اوسکو

احد بها وصدقه فیها ففی صحة ایمانه اختلاف بین العلماء واما الذین نشأوا فی دار الاسلام وسمعوا
کسینی کچہہ بتا دیا اوسنی تسلیم کرلیا سو ایسی شخص کی ایمان مین علما اختلاف کرتی ہین کہ صحیح ہی یا نہین اور جو لوگ دار اسلام مین پیدا ہوی ہین اور

معجزات النبی علیه الصلوة والسلام وتفکروا فی خلق السموت والارض واختلاف اللیل والنهار فلا اختلاف
معجزات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتی ہین اور آسمانون اور زمین کی پیدایش اور رات دن کی اختلاف مین فکر کرتی ہین سو

فی صحة ایمانهم لکونهم من اهل النظر والاستدلال ولا یشترط الاقتدار علی التقریر والتحریر ومجادلة
اونکی ایمان مین اصلا اختلاف نہین ہی کیونکہ وہ لوگ نظر اور استدلال والی ہین اور تقریر اور تحریر اور

الخصوم ودفع شبهاتهم

المجلس السادس فی بیان من رضی بالله ربا وبالاسلام

بی دین کی ساتہہ مناظرہ کرنا اور اوسکا شبہ دفع کرنا کچہہ شرط نہین ہی چہٹی مجلس اس بیان مین کہ جو خوش ہو اللہ کو رب مان کر اور اسلام کو

دینا وبمحمد صلی الله علیه وسلم نبیا ذاق طعم الایمان قال رسول
دین جان کر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی سمجہہ کر اوسنی ایمان کا مزہ چکہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذاق طعم الایمان من رضی باللہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد رسولا ہذا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی ایمان کا مزہ اوس شخص نی چکھا جسنی خوشی سی مان لیا اللہ کو پروردگار اور اسلام کو دین اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول یہہ

الحدیث من صحاح المصابیح رواہ العباس بن عبد المطلب ومعناہ ان من اطمئن قلبہ بکون

حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی عباس بن عبد المطلب کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہین کہ جسکی دل مین طمانیت ہوئی خدا کی

اللہ تعالی ربہ ولم یطلب ربا غیرہ واکتفی بکون الاسلام دینہ ولم یطلب دینا غیرہ وقنع بکون محمد

ربوبیت پر اور سوا اوسکی دوسرا رب تلاش نکری اور اسلام کو دین کافی جان کر دوسرا دین تلاش نہ کری اور رسالت محمدی

صلی اللہ علیہ وسلم رسولہ ولم یطلب رسولا غیرہ یتحقق فیہ الایمان ومن لم یرض بواحد منہا لا

صلی اللہ علیہ وسلم پر قناعت کرکر دوسرا رسول تلاش نکری ایسی شخص مین ایمان متحقق ہوتا ہی اور جو شخص ان امور مین سی کسی ایک پر بہی

یوجد فیہ الایمان لان الایمان فی الشریعۃ ہو التصدیق بالمعنی اللغوی وہو اذعان حکم المخبر وقبولہ

راضی نہوگا اوسمین ایمان کا پتا نہین کیونکہ شریعت مین ایمان سی مراد تصدیق باعتبار معنی لغت کی ہی یعنی مخبر کی حکم کا یقین کرنا اور مان لینا

وجعلہ صادقا بعد العلم بصدقہ لا مجرد العلم بصدقہ اذ یلزم ان یکون کل عالم بصدق النبی علیہ

اور اوسکو سچا جان کر صادق ٹہرانا نرا علم صداقت کا مراد نہین ہی نہین تو جسکو علم صداقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوا کری

الصلوۃ والسلام مؤمنا ولیس کذلک لان کثیرا من الکفار لم یؤمنوا بہ مع کونہم عالمین بصدقہ

وہ مؤمن ہوا کری اور یہہ امر غلط ہی اسلئے کہ اکثر کفار جیسی یہود ایمان نہین لائی اور نبی کو سچا جانتی تہی

کما یدل علیہ قولہ تعالی فی حق بعض الکفرۃ والذین اتینہم الکتب یعرفونہ کما یعرفون ابناءہم فدل

چنانچہ اللہ تعالی کا ارشاد جو بعضی کفار کی حق مین نازل ہوا ہی اس دعوی پر دلالت کرتا ہی جنکو دی ہمنی کتاب وہ جانتی ہین اوسکو جیسی جانتی ہین بیٹون اپنی کو

النص علی ان التصدیق لیس مجرد العلم بل ہو اذعان لما علم وقبولہ لہ بترک الجحود والعناد وبناء الاعمال

اس آیت سی صاف معلوم ہوتا ہی کہ تصدیق صرف علم نہین ہی بلکہ تصدیق کہتا ہی یقین کرنا احکام معلومہ کا اور مان لینا انکار اور مخالفت چہوڑکر اور اسہی پر اعمال

علیہ وہذا امر زائد علی العلم لا یحصل فی الغالب الا بعد العلم والعلم ہو الجزم المطابق لما فی نفس الامر

کی بنا ہی اور یہہ امر علم سی جدا ہی اکثر اوقات یہہ امر بعد حصول علم کی ہوتا ہی اور علم کہتا ہی یقین کرنا نفس الامر کی مطابق

بشرط ان یحصل ذلک الجزم بسبب واما الجزم الحاصل بغیر سبب فلیس بعلم بل ہو اعتقاد وتحقیق

بشرطیکہ وہ یقین کسی دلیل سی حاصل ہوا ہو اور جو یقین کہ بی دلیل حاصل ہوتا ہی اوسکو علم نہین کہتی بلکہ وہ اعتقاد کہلاتا ہی اسکی تحقیق

ذلک علی ما ذکرہ الامام السنوسی ان الحکم الحادث ینشأ عن امور خمسۃ علم واعتقاد وظن ووہم

موافق تقریر امام سنوسی کی یہہ ہی کہ حکم یعنی کوئی چیز مبتدا کو ثابت کرنی یا خبر مبتدا سی نفی کرنی پانچ طرح پر ہوتا ہی علم اور اعتقاد اور ظن اور وہم

وشک لان الحاکم بامر علی امر ثبوتا او نفیا اما ان یجد فی نفسہ جزما بذلک الحکم اولا والاول الذی

اور شک کیونکہ حکم کرنیوالا کسی خبر کا مبتدا پر باعتبار ثبوت کی ہو یا نفی کی یا تو اوسکی دل مین اوس حکم کا یقین جزمی ہی یا نہین ہی پہلی صورت مین

ہو وجود الجزم ان کان بسبب من ضرورۃ او برہان فہو علم ویسمی معرفۃ ویقینا ایضا وان کان بغیر

یعنی اگر یقین کامل ہو اگر وہ اقسام بداہت سی حاصل ہوا ہی جیسی محسوسات کا یا دلیل سی حاصل ہوا تو ان دونو صورت مین یہہ حکم علم ہی اور اوسکو معرفت اور یقین بہی کہتی

سبب بل بتقلید محض فہو اعتقاد والثانی الذی ہو عدم وجود الجزم ان کان راجحا علی مقابلہ فہو ظن

دلیل سی حاصل نہین ہوا بلکہ صرف تقلید سی تو وہ اعتقاد کہلاتا ہی اور دوسری صورت مین یعنی اوسکی دل مین یقین کامل نہین تو وہ حکم ثبوت کا یا نفی کا اگر اپنی مقابل پر غالب ہی

وان کان مرجوحا فہو وہم وان کان مساویا فہو شک فالایمان ان حصل من الاقسام الثلثۃ الاخیرۃ

اور اگر مغلوب ہی تو وہم ہی اور اگر برابر ہی تو شک ہی اب ایمان اگر ان تین پچہلی قسم سی حاصل ہوا ہی جو سوا یقین کامل کی ہین

لغير الجزم وهي الظن والوهم والشك فالاجماع على بطلانه وان حصل من القسم الاول من قسمي الجزم فهو

یعنی ظن اور وہم اور شک تو یہہ بالاتفاق باطل ہی اور اگر پہلی قسم جزم کی دونو قسم سی یعنی بداہت یا بدلیل حاصل ہو تو

العلم والمعرفة فالاجماع على صحته واما القسم الثاني من القسم الجزم وهو الاعتقاد فينقسم الى قسمين احدهما مطابق لما في نفس الامر ويسمى اعتقادا صحيحا كاعتقاد

علم اور معرفت ہی تو بالاتفاق صحیح ہی اور جزم کی دوسری قسم جو اعتقاد ہی اوسکی دو قسم ہین ایک تو نفس الامر کی مطابق یہہ تو اعتقاد صحیح کہلاتا ہی جیسی

عامة المؤمنين المقلدين لائمة الدين والثاني غير مطابق لما في نفس الامر ويسمى اعتقادا فاسدا وجهلا مركبا

عام مسلمانون کا اعتقاد جو ائمہ دین کی مقلد ہین اور دوسرا نفس الامر کی برخلاف اسکو اعتقاد فاسد اور جہل مرکب کہتی ہین

كاعتقاد كافة الكفرين المقلدين لائمة الكفر فالفاسد اجمعوا على كفر صاحبه وكونه مخلدا في النار

جیسی تمام کفار کا اعتقاد جو کفر کی پیشواؤن کی مقلد ہین پس فاسد اعتقاد والا بالاتفاق کافر اور قدیم کو دوزخی ہی

واختلفوا في الاعتقاد الصحيح الذي يحصل بمحض التقليد والصحيح ان صاحبه يكون مؤمنا لكنه يكون

اور اختلاف ہی صحیح اعتقاد میں جو نری تقلید ہی اور صحیح مذہب یہہ ہی کہ ایسی اعتقاد والا مؤمن ہوتا ہی پر وہ

عاصيا بترك النظر والاستدلال فيبقى في مشية الله تعالى ان شاء يعفو عنه ويدخله الجنة بلا عذاب

نظر اور استدلال کی ترک کرنی سی گنہگار ہوتا ہی پس یہہ اللہ تعالی کی مشیت مین ہی چاہی معاف کرکر بلا عذاب جنت مین داخل کری

وان شاء يعذبه بقدر ذنبه ثم يدخله الجنة فعلى هذا يجب على كل مؤمن ان يتعلم كل مسئلة من

اور چاہی گناہ کی موافق عذاب دی پہر جنت مین داخل کری اس بیان کی موافق ہر مؤمن پر واجب ہی کہ اعتقادی ہر ہر مسئلہ ایمان کا

مسائل عقائد الايمان بدليل واحد حتى يكون في دينه على بصيرة لان العقائد الحاصلة بالتقليد

ایک ہی دلیل سی سیکہی تاکہ اپنی دین مین صاحب بصیرت ہو کیونکہ جو عقاید تقلید سی حاصل ہوتی ہین

يخشى على صاحبها الشك عند عروض الشبهات فان التصميم على العقائد من غير تحصيلها بالدلائل

اومین یہہ خوف ہی کہ اگر کچہہ شبہات پیش آوین تو مقلد کو شک پیدا نہ ہو جاوی کیونکہ تصمیم عقائد کی بدون دلایل کی جب ذرہ بہی شبہ پیش آوی

لا يامن صاحبها من زوالها عند عروض ادنى شبهة وعلى تقدير ان يقابل ذلك الشك والزوال

تو یقین نہین ہی کہ زوال سی بچی اور یہہ مانا کہ شک اور زوال کی مقابل مین

بالتصميم اللساني فاني ينفعه والقلب الذي هو محل الايمان متحير يقول لا ادري فيدخل في زمرة

تصمیم زبانی عمل مین آوی پر کیا فائدہ جس حالین کہ دل جو ایمان کا گہر ہی حیران ہو کر یہہ کہی مین کیا جانو پہر تو منافقین کی زمرہ مین داخل

المنافقين الذين يقولون بافواههم ما ليس في قلوبهم ولذلك قيل النفاق نوعان احدهما نفاق يعرفه

جو منہہ سی ایسی باتین بنایا کرتی ہین جو اونکی دلمین نہین ہوتی اسہی لئی کہتی ہین کہ نفاق کی دو قسم ہین ایک تو وہ نفاق جو منافق

صاحبه من نفسه وهو نفاق الذين يظهرون الاسلام بين الناس ويضمرون الكفر في قلوبهم كنفاق الذين

بہی دلمین سمجہتا ہی یہہ نفاق اون شخصون کا ہی جو ظاہر مین لوگون کی سامنی اسلام ظاہر کرتی ہین اور دلمین کفر چہپا رکہتی ہین جیسی نفاق اونکا

كانوا في عهد النبي عليه الصلوة والسلام ومن في معناهم من الزنادقة والملاحدة والثاني نفاق لا يعرفه

جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد مین تہی اور زندیق اور ملحد انکی مثل دوسرا وہ نفاق ہی کہ اوسکو

صاحبه من نفسه وهو نفاق الذين يولدون بين المؤمنين فيسمعون منهم كلمات الايمان فيقولون

منافق دلمین تمیز نہین کرتا یہہ اونکا نفاق ہی جو مسلمانون مین پیدا ہوتی ہین پہر اونسی ایمان کی باتین سن سناکر جیسی سنی

مثل ما سمعوا اتباعا وتقليدا حتى انهم لو ولدوا بين اليهود والنصرى لقالوا مثل قولهم ولفعلوا مثل

ویسی ہی تقلیدًا بولنی لگی اتنا کہ اگر اتفاقًا یہود یا نصاری مین پیدا ہوتی تو اونکی سی کہا کرتی اور ویساہی کیا کرتی

فعلهم اتباعا وتقلیدا من غیر ان یلاحظوا من ای شیٔ خلقوا ولای شیٔ خلقوا لیعرفوا خالقهم وما امرهم به
یہہ لحاظ نہین ہوتا کہ ہم کہان سی پیدا ہوئی اور کس لئی پیدا ہوئی تاکہ اپنی خالق کو جانی اور اوسکی امر

وما نهاهم عنه بانزال الکتب وارسال الرسل فیکونون من الذین یقولون اذا ماتوا ووضعوا فی القبر
اور نہی کو جو بواسطہ انزال کتب اور ارسال رسل بہیجی ہین پہچانی پہر وہ اون لوگون مین ہین کہ جب مرکر قبر مین جاوینگی

وسالهم منکر ونکیر لاندری سمعنا الناس یقولون قولا فقلناه فانهم اذا اتاهم الملکان فی القبر ینطقون
اور منکر نکیر اونسی سوال کرینگی تو جواب دینگی ہم کچہہ نہین جانتی ہم تو جو اورونسی سنتی تہی وہ ہی ہم بہی کہتی تہی کیونکہ انکی پاس گور مین جب دو فرشتی آوینگی

بما عندهم من غیر زیادة ولا نقصان لان الانسان فی ذلك المحل لا یترك کما فی الدنیا ان یتکلم بما لیس فی
تو بی کم وکاست وہی بول اوٹہین گی جو دلمین تہا اسلئی کہ انسان گور مین ایسا مختار نہوگا جیسا دنیا مین تہا کہ زبان پر کچہہ اور اور دلمین کچہہ

قلبه بل ان کان عالما بالحق ینطق به وان کان شاکا فیه غیر عالم به یقول لا ادری کما کان یقول بقلبه
بلکہ اگر حق جانتا تہا تو ویسا ہی کہیگا اور اگر اوسکو شک تہا تو کہیگا مین نہین جانتا جیسے کہ جیتی جی دلمین کہتا تہا

فی حال حیوته لا ادری وقد روی انه علیه السلام قال اذا کان یوم القیمة ینادی منادٍ من کان یعبد
مین نہین جانتا اور روایت ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی قیامت کی دن منادی پکاریگا جو شخص جسکو پوجتا تہا

شیئا فلیتبعه فمن عبد الشمس اتبعها ومن عبد القمر اتبعه ومن عبد الطواغیت اتبعها فیبقی هذه الامة
اب اوسکی ساتہہ رہی پہر جو آفتاب کی پوجا کرتا تہا اوسکی ساتہہ ہوگا اور جو گور پوجتا تہا گور کی ساتہہ ہوگا اور جو بتون کی پوجا کرتا تہا اونکی ساتہہ ہوگا پہر یہہ امت

وفیهم منافقوهم والمراد بالمنافقین فی هذا الحدیث لیس الذین عبدوا الاصنام فی منازلهم سرا واظهروا للناس
معہ اپنی منافقون کی باقی رہ جاویگی منافق سی مراد اسحدیث مین وہ لوگ نہین ہین جو اپنی گہرونکی اندر پوشیدہ بت پرستی کرتی تہی اور مسلمانون کی

الاسلام فانهم یتبعون الطواغیت بمن اتبعها لانهم کانوا یعبدونها فیذهبون فی جهنم معها بل المراد بهم
سامنی اسلام ظاہر کرتی تہی یہہ لوگ تو بتون کی ساتہہ ہونگی کیونکہ یہہ تو بتون کو پوجتی تہی سو اونکی ساتہہ دوزخ مین جاوینگی بلکہ منافق سی مراد

الذین کان الریب فی قلوبهم وهم لا یعرفون ذلك لغلبة التقلید علیهم فان اکثر العوام بل کثیر ممن کان
وہ لوگ ہین جنکی دلمین تردد تہا اور تقلید کی غلبہ سی اوسکو نہ سمجہی بیشک اکثر عوام بلکہ اس زمانہ مین اکثر ایسی شخص

فی شکل العلماء فی هذا الزمان لا یعرف حال نفسه فیظن انه فی درجة المعرفة والیقین مع انه لم ینقن ایمانه
جو علماء کی صورت مین ہین اپنی حال سی خبردار نہین ہین وہ یہہ سمجہتی ہین کہ ہمکو مرتبہ معرفت اور یقین کا حاصل ہو رہا ہی اور اصل مین ایمان ہی

ولو بدرجة التقلید بل بعض المقلدین ینطق بکلمتی الایمان من غیر ان یعرف معناهما ولا ان یمیز بین
اگرچہ تقلید کی درجہ کا ہو بلکہ بعضی مقلد دونو کلمی ایمان کی زبان سی تو پڑہتی ہین پر اونکی معنون سی واقف نہین ہین اور نہ اللہ مین

الله ورسوله لان اکثر الناس فی هذا الزمان لیسوا فی درجة الاعتقاد التقلیدی الصحیح المطابق بل هم
اور اوسکی رسول مین تمیز کرتی ہین کیونکہ اس زمانہ کی اکثر لوگون کو درجہ تقلیدی اعتقاد کا جو صحیح اور مطابق ہوئی حاصل نہین ہی بلکہ اونکو

فی درجة الاعتقاد التقلیدی الفاسد الغیر المطابق لما فی نفس الامر وما ذلك الا لاندراس العلماء الراسخین
تقلیدی فاسد اعتقاد کا درجہ برخلاف نفس الامر کی حاصل ہی اور یہہ تمام خرابی اسکی ہی کہ علماء جنکا علم راسخ تہا

فی العلم وکثرة الضالین المضلین من الدجاجلة الذین ینتمون الی التصوف لقطع طریق الدین علی المسلمین
ہو چکی اور خود گمراہ اور گمراہ کرنیوالی دجال صفت متصوف بن کر بہت پہیل گئی شیطانی جال بچہا کر دین کی مسلمانون پر

بنصب حبائل الشیاطین لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال یکون فی اخر الزمان دجالون کذابون
رہزنی کرتی ہین چنانچہ ابوہریرہ سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ آخر زمانہ مین دجال کی مانند جہوٹی پیدا ہون گی

یاتونکم من الاحادیث بما لم تسمعوا انتم ولا اباءکم فایاکم وایاہم لا یضلونکم ولا یفتنونکم فانہ
ایسی حدیثین روایت کرینگی کہ نہ تمنی سنی اور نہ تمہاری باپ دادانی سو تم دور رہو اونسی اور دور کرو اونکو اپنی سی ایسا نہو کہ تمکو گمراہ اور فتنہ مین مبتلا کردین

علیہ السلام بین فی ہذا الحدیث ان جماعۃ من اہل المکر والتلبیس یخرجون فی اخر الزمان
اس حدیث مین رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی یہہ بیان فرمایا کہ آخر زمانہ مین جماعت مکار اور فریب باز

بزی العلماء والمشائخ ویقولون للناس نحن علماء ومشایخ نعلمکم دینکم ونرشدکم الی
علماء اور مشایخ کی وضع پر پیدا ہونگی کہینگی کہ ہم عالم اور شیخ وقت ہین ہم تمکو دین سکہاتی ہین اور راہ حق بتاتی ہین

الحق وہم کذابون یحدثونکم بالاحادیث الکاذبۃ یعلمونکم اعتقادات فاسدۃ ویبتدعون
اور اصل مین جہوٹی ہونگی اور وضعی حدیثین روایت کرینگی اور فاسد عقیدی تمکو سکہا دینگی اور نئی باطل

لکم احکاما باطلۃ فاحذروا عنہم ولا تقربوا منہم کیلا یضلونکم ولا یوقعونکم فی الفتنۃ فعلی
احکام تمہاری لئی گڑہ دینگی سو اونسی بچو اونکی پاس نہ جاؤ مبادا تمکو گمراہ کردین اور فتنہ مین نہ پہنسا دین اس

ہذا کل من لم یجاہد نفسہ فی ہذا الزمان لتعلم علم الایمان یموت علی انواع البدع والکفریات
مضمون کی موافق جو شخص اس زمانہ مین علم دین کیواسطی جان سی کوشش نہ کریگا تو وہ بیخبر طریق بدعت اور کفریات پر مریگا

وہو لا یشعر بہا ویکون من الذین یقولون یوم القیمۃ ما حکی اللہ تعالی عنہم بقولہ یوم یقول
اور اوس زمرہ مین داخل ہوگا جنکی قول کی قیامت کی دن اللہ جل شانہ حکایت کرتا ہی جسدن کہینگی

المنفقون والمنفقت للذین امنوا انظرونا نقتبس من نورکم فانہم یقولون ذلک لکونہم
منافق مرد اور عورتین ایمان والون کو ٹہرو ہم بہی لیلین تمہاری روشنی سی سو یہہ لوگ یہہ ہی کہینگی کیونکہ یہہ

مشاۃ وکون المؤمنین علی رکاب تسرع بہم الی الجنۃ ونورہم بین ایدیہم وبایمانہم کما قال اللہ تعالی
پیادہ پا ہونگی اور مؤمنین گہوڑون پر سوار کہ دوڑی جنت مین لئی جاتی ہونگی اور اونکی سامنی اور داہنی روشنی ہوگی چنانچہ اللہ تعالی

یوم تری المؤمنین والمؤمنت یسعی نورہم بین ایدیہم وبایمانہم واختلف فی ذلک النور فقیل
جسدن تو دیکہی ایمان والی مرد اور عورتون کو دوڑتی چلتی ہی اونکی روشنی اونکی آگی اور اونکی داہنی اور اختلاف ہی اوس نور مین کوئی کہتا ہی

المراد بہ الضیاء الذی یستضیئون بہ علی الصراط علی ما روی عن ابن مسعود رض انہ قال یؤتون
نور سی مراد روشنی ہی جسسی صراط پر روشنی ہوجاویگی ابن مسعود سی یہہ روایت ہی یہہ کہتی ہین کہ اونکو

نورہم علی قدر اعمالہم فمنہم من یؤتی نورہم کالنخلۃ ومنہم من یؤتی نورہ کالرجل القائم وادناہم
اعمال کی موافق روشنی ملیگی بعضون کو برابر کہجور کی درخت کی اور بعضون کو بمقدار قد آدم اور کم سی کم

نورا من یکون نورہ علی ابہام رجلہ ینطفیء تارۃ ویلمع اخری وقیل المراد بہ معرفۃ اللہ تعالی
نور مین وہ ہوگا کہ اوسکی پاؤن کی انگوٹہی پر روشنی ہوگی کبہی چمکتی کبہی بجہی ہوئی اور کوئی کہتا ہی نور سی مراد اللہ تعالی کی معرفت ہی

فمقادیر الانوار یوم القیمۃ علی حسب مقادیر المعارف الالہیۃ المکتسبۃ فی الدنیا فلا نور
پہر قیامت کی دن روشنی باندازہ معارف الہی کی ہوگی جسقدر دنیا مین حاصل کی ہوگی سو

فی عرصۃ القیمۃ الا نور الایمان والطاعات التی اکتسب فی الدنیا باستعمال الالات البدنیۃ والقوی
قیامت کی میدان مین سوا نور ایمان اور عبادت کی جو دنیا مین بوسیلہ اعضاء بدنی اور قوی

الجسمانیۃ من الحواس الظاہرۃ والباطنۃ لتحصیل المعارف الربانیۃ فکل احد یعطی من النور یوم
جسمانی یعنی حواس ظاہر و باطن کی معارف ربانی حاصل کی ہون گی کوئی اور نور نہین ہوگا پہر ہر ایک کو قیامت کی دن اتنا نور دیا جاویگا

القیمة مقدار ما اکتسبه فی الدنیا من المعارف الیقینیة ومن لم یکتسب فی الدنیا شیئا من المعارف
جتنی اسنی دنیا مین یقینی معارف حاصل کی ہونگی اور جسنی دینی معارف مین سی کچہہ حاصل نکیا ہوگا

الدینیة یبقی یوم القیمة فی ظلمة بلا نور علی ما روی عن ابی امامة انه قال یغشی الناس یوم القیمة
تو وہ قیامت کی دن اندہیری مین بی نور رہ جاویگا چنانچہ ابوامامہ سی روایت ہی وہ کہتی ہین قیامت کی روز لوگون کو

ظلمة شدیدة ثم یقسم النور بینهم فیعطی کل مؤمن نوره بقدر علمه بالله تعالی وعلمه له ویترك
تاریک اندہیرا ڈہانپ لیگا پہرا ونمین نور تقسیم ہوگا سو ہر مؤمن کو بقدر معارف الٰہیہ کی نور ملیگا اور جو اللہ کی علم مین ہوگا اور

الکافر والمنافق فی ظلمة لا یعطیان شیئا من النور بل یحال بینهما وبین المؤمنین بان یضرب بینهم
کافر اور منافق تاریک اندہیری مین رہ جاوینگی کچہہ نور نہ ملیگا بلکہ اونکی اور مؤمنین کی بیچ مین

سور دون جسر جهنم وفی الآیة السابقة اشارة الی ان المراد بالمنفقین المذکورین فیهما هم الشاکون
ایک دیوار جسر جہنم سی وری فاصل ہوجاویگی اور پہلی آیت مین یہہ اشارہ ہی کہ منافقین سی مراد وہ لوگ ہین جو شک اور تردد مین گرفتار تہے

المرتابون الذین یصلون فی المساجد ویدخلون مع اهل الایمان فی مداخل الاسلام ولذلك قال الله تعالی
اور مسجدون مین نماز ادا کرتی تہی اور ایمان والون کی ساتہہ اسلامی مکانات مین آتی جاتی تہی اسہی لئی اللہ تعالی فرماتا ہی

ینادونهم الم نکن معکم قالوا بلی ولکنکم فتنتم انفسکم وتربصتم وارتبتم وغرتکم الامانی حتی جاء
یہہ اونکو پکارینگی کیا ہم نہ تہی تمہاری ساتہہ وہ کہینگی البتہ پر تمنی بچلادیا آپ کو اور راہ دیکہتی رہی اور دہوکی مین پڑی اور بہکی امیدون پر آخر آگیا

امر الله وغرکم بالله الغرور فدلت الآیة علی انهم لم یعبدوا اصنما بل کانوا مع المؤمنین لکن لم یکونوا
حکم اللہ کا اور تمکو بہکادیا اللہ کی نام سی غرور نی سو یہہ آیت دلالت کرتی ہی کہ وہ لوگ بت پرست نہین تہی بلکہ مؤمنین کی ہمراہ رہتی تہی پر انہون نی

عارفین بما وجب علیهم معرفته حتی جاءهم امر الله الذی هو الموت فقال لهم یوم القیمة فالیوم
جو اونپر واجب تہا وہ معرفت الٰہی حاصل نکی آخر حکم الٰہی یعنی موت آگئی اونکو قیامت کی دن یہہ حکم ہوگا سو آج

لا یؤخذ منکم فدیة ولا من الذین کفروا ماواکم النار هی مولکم وبئس المصیر فاذا کان کذلك ینبغی
تمسی نہین قبول فدیہ اور نہ کافرونسی تمہارا ٹہکانا دوزخ ہی وہی تمہارا رفیق ہی اور بری بازگشت پس جب مراد یہہ ہوئی تو

للمؤمن المقلد ان لا یفتر ویستدل بقوة تصمیمه وکثرة عبادته انه علی الحق لتوجه النقض علیه
مقلد مؤمن کو لایق ہی کہ ہرگز سستی نکری اور نہ اپنی تصمیم کی قوت اور کثرت عبادت سی یہہ استدلال کری کہ مین حق پر ہون کیونکہ اسپر یہہ اعتراض ہوگا

بتصمیم الیهود والنصاری علی اباطیلهم تقلید الآبائهم الضالین المضلین فان تصمیم المقلد علی کون
کہ یہود اور نصاری بہی جہوٹہی باتون پر اپنی باپ دادا ضالین مضلین کی تقلید سی جم رہی ہین اس لئی کہ مقلد کی تصمیم کسی

شئ حقا وعدم رجوعه عنه ولو نشر بالمناشیر لا یدل علی کونه فی دینه علی بصیرة لان جزمه
شی کی حقیقت پر اور اوسی نہ ٹلنا اگرچہ آرہ سی چیرا جاوی یہہ دلالت نہین کرتی کہ وہ اپنی دین مین بصیرت پر ہی کیونکہ اوسکا جزم

وتصمیمه علی کون شئ حقا لیس من حیث معرفته بکونه حقا بل من حیث نشاته بین قوم یدینون
اور تصمیم کسی شی کی حقیقت کا باعتبار معرفت یقینی حقیت کی نہین ہی بلکہ اس سبب سی ہی کہ وہ ایسی قوم مین پیدا ہوا ہی کہ وہ اوس شی کو

به وللنشاة والمخالطة اثر عظیم فی تصمیم کون شئ حقا سواء کان حقا او لم یکن الا تری ان مثل هذا
اور پیدایش اور ملاپ کو اشیا کی حقیت مین بڑا اثر ہوتا ہی برابر ہی کہ وہ حق ہو یا ناحق دیکہو ایسی ایسی

التصمیم یوجد عامة من ذوی الجهل المرکب کالیهود والنصاری ولهذا قال بعض العلماء من جزم فی
تصمیم تمام جہل مرکبون مین ہوتی ہی جیسی یہود اور نصاری اسہیلئی بعضی علما کہتی ہین جو شخص

قلبه بكون شئ حقا ولم يدر لذلك الجزم سببا خاصا يرجع اليه فليس له في دينه بصيرة
اپنی دلمین کسی شی کو حق یقین کرلی اور اوس یقین کی ایسی خاص دلیل معلوم نہو جسکی طرف رجوع کرین تو اوسکو دین کی اندر بصیرت نہین ہی

اذ لا ملازمة بين الجزم الاعتقادي وكون ما جزم به حقا واذا لم يكن بينهما ملازمة يجب عليه ان
کیونکہ اس اعتقادی یقین میں اور اوس شی کی حقیت مین کوئی علاقہ نہین ہی جب اون دونوںمین علاقہ نہوا تو پہر اوسپر واجب ہی کہ

ياتي بما يكون به بينهما ملازمة ليتميز ما كان عليه من الدين اهو حق ام لا حتى يكون في دينه على
اون دونوں مین علاقہ پیدا کری تاکہ اوسکو یہہ تمیز ہو کہ آیا میرا دین حق ہی یا نہین تاکہ اوسکو دین کی

بصيرة وانما يحصل ذلك بالنظر الصحيح بالبراهين لا بالضرورة اذ قد جرت عادة الله تعالى
بصیرت پیدا ہو اور یہہ تمیز بجز نظر صحیح اور برہان کی براہت سی نہین ہوتی کیونکہ عادت الٰہی یون جاری ہی

ان يحصل بالبرهان لا بالضرورة اذ لو كان حصوله بالضرورة لادركه جميع العقلاء ويكفي في
کہ دلایل سی ہو براہت سی نہو اگر یہہ تمیز براہت سی حاصل ہوا کرتی تو تمام عقلا حاصل کر لیا کرتی اور مکلف کو

خروج المكلف من التقليد الدليل الجملي الذي يحصل له به في الجملة العلم والطمانينة بعقائد
تقلید سی پاک ہونی مین مجمل دلیل بہی کافی ہی جسی کچہہ علم اور طمانیت عقاید ایمان مین حاصل ہوجاوی

الايمان بحيث لا يقول بقلبه لا ادري سمعت الناس يقولون قولا ففلته ولا يشترط القدرة على
اتنا کہ اپنی دل مین یون نہ کہی کہ مین نہین جانتا لوگونسی جوبات سنتا رہا وہی مین بہی کہتا رہا اور یہہ شرط نہین ہی کہ اوس دلیل کو

ترتيبه على الوجه الذي يرتبه العلماء ولا القدرة على دفع الشبهة الواردة عليه من جهة المبتدعة
علماء کی طور پہ موافق قواعد منطقی کی مرتب کری اور نہ یہہ شرط ہی کہ بدعتیونکی شبہات دفع کرنیکی استعداد ہو

ولا القدرة على التعبير عنه بل اذا فهمه بحيث يخرج به عن التقليد فهو عارف وان لم يقدر ان
اور نہ یہہ شرط ہی کہ اوسکو صاف بیان کری بلکہ جب اوسکو اتنا سمجہہ لیا کہ تقلید سی پاک ہوجاوی تو پہر وہ عارف ہی اگرچہ اوس مجمل دلیل کو

يعبر عما في ضميره من ذلك الدليل الجملي ولا ان يرد شبهة يوردها مبتدع عليه لان كثيرا من
دل سی زبان پر نہ لاسکی اور نہ یہہ شرط ہی کہ بدعتی جو شبہات وارد کرین رد کیا کری کیونکہ اکثر

العلماء يعجزون عن التعبير عما في ضمائرهم من العلوم المحققة عندهم فكيف بالعامة والحاصل
علماء اپنی حقیقی علوم کو بیان کرنی سی عاجز ہوا کرتی ہین پہر عوام کی تو کیا اصل ہی حاصل یہہ ہی

ان من اراد ان يعلم قدر نفسه من عقائد الايمان هل هو في مرتبة المعرفة ام في مرتبة التقليد
کہ جو شخص اپنا حال معلوم کیا چاہی کہ عقاید ایمانی مین آیا مجہکو مرتبہ معرفت کا ہی یا ابہی مرتبہ تقلید مین ہون اور آیا مین اپنی عقاید مین

وهل هو مصيب في عقائده ام غير مصيب فيها يلزمه ان يسئل عن حقيقة المعرفة وعن حقيقة
صواب پر ہون یا خطا پر تو اوسکو لازم ہی کہ معرفت کی حقیقت اور تقلید کی حقیقت

التقليد ليميز احدهما عن الاخر ويعلم ايهما حاصل له فالمعرفة هي الجزم الموافق لما عند الله تعالى
دریافت کری تاکہ ایک کو دوسری سی تمیز کری اور جان لی کہ مجکو دونون مین سی کیا حاصل ہی سو معرفت تو یقین کرنا موافق حکم الٰہی کی

بشرط ان يحصل ذلك الجزم بدليل واما الجزم الحاصل بغير دليل فلا يسمى معرفة بل يسمى اعتقادا
بشرطیکہ وہ یقین دلیل سی حاصل ہوا ہو اور جو یقین بی دلیل حاصل ہوا ہو تو اوسکو معرفت نہین کہتی بلکہ وہ اعتقاد کہلاتا ہی

سواء كان موافقا لما عند الله تعالى او لم يكن والتقليد هو الجزم بقول الغير من غير دليل سواء كان
برابر ہی کہ موافق علم الٰہی کی ہو یا نہو اور تقلید یقین کرنا غیر کی کہنی سی بلا دلیل برابر ہی

حقا او باطلا فالمقلد لا معرفة عنده وانما عنده الجزم بقول الغير خاصة سواء كان حقا او باطلا

کہ حق ہو یا باطل سو مقلد کو معرفت کبھی نہیں ہوتی اوسکو صرف یقین غیر کی کہنی کا ہوتا ہی برابر ہی کہ حق ہو یا باطل

فمن علم هاتين الحقيقتين ثم نظر الى ضميره ايهما حاصل له فيه فانه يعرف ما هو الحاصل له منهما

اب جو شخص ان دو نو حقیقت کو سمجھی پھر اپنی دلمین سوچی تو جان لیگا کہ اوسکو دونو مین سی کونسا مرتبہ حاصل ہی

فان كان الحاصل له منهما هو التقليد لا المعرفة يجب عليه اولا اقامة البرهان لتحصيل المعرفة

پس اگر اوسکو مرتبہ تقلید کا ہی معرفت کا مرتبہ نہین ہی تو اوسپر واجب ہی کہ پہلی دلیل قایم کری تاکہ معرفت ایمانی

فی عقائد الایمان وثانیا البحث عن العقائد الصحیحة حتی یعلم هل کان مصیبا فی عقائده ام

عقائد کی حاصل ہو پھر صحیح صحیح عقاید کی بحث کری تاکہ معلوم ہو کہ اپنی عقاید مین حق پہ تہا یا نہین

لم یکن فان وجد نفسه علی الصواب فیها یشکر الله تعالی علی هذه النعمة العظیمة التی لا یکافیها

پھر اگر وہ اپنی آپ کو صواب پر پاوی تو اس نعمت عظیمہ پر جسکی برابر کوئی دنیا کی متاع نہین ہی شکر اللہ تعالی کا ادا کری

من متاع الدنیا وان لم یجدها علی الصواب فیها یفترض علیه ان یسعی فی تصحیح اعتقاده بالبرهان

اور اگر صواب پر نہ پاوی تو اوسپر فرض ہی کہ واسطی صحت عقاید کی دلایل مین کوشش کری

حتی یحصل له النجاة من عذاب النار والدخول فی دار القرار یسرنا الله تعالی بفضله

تاکہ اوسکو دوزخ کی عذاب سی نجات ملی اور بہشت مین جانا میسر ہو الٰہی اپنی فضل سی ہمپر آسان کر

المجلس السابع

سا تو ین مجلس

فی بیان مؤمن به وبیان لزوم الایمان به اجمالا علی الاصح وتفصیلا

اون چیزون کی بیان مین جن پر ایمان لانا چاہئی اور اون پر ایمان مجملا لازم ہی موافق مذہب اصح کی اور تفصیلا

عند البعض قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لجبرئیل علیه السلام حین جاءه علی

بعض کی نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی جبریل سی فرمایا جب اونکی پاس

صورة رجل غریب وسئله عن الایمان الایمان ان تؤمن بالله وملئکته وکتبه ورسله والیوم

ایک مرد مسافر کی صورت مین آئی اور پوچھا ایمان کیا ہی ایمان یہہ ہی کہ تو ایمان لاوی اللہ پر اور اوسکی فرشتون اور کتابون اور رسولون پر اور قیامت کی

الاخر وتؤمن بالقدر خیره وشره هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه عمر بن الخطاب وهو

دن پر اور تو یقین کری نیک او بد کی تقدیر کا یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی عمر بن الخطاب کی روایت سی اس حدیث مین

جامع لاصول الدین وما یصح الاعتقاد علیه فان الاصل فی الاعتقاد معرفة المبدأ والمعاد وانما

تمام اصول دین کی اور جس جس پر اعتقاد کرنا چاہئی سب مذکور ہین اسلئی اصل تمام اعتقادیات مین مبدا اور معاد کی معرفت ہی اور

ذکرت الملئکة وما عطف علیه لیتوصل الی معرفة المعاد لان معرفة المبدأ تقتضیها العقول

ملائکہ کا جو معہ معطوفات کی ذکر ہی تو واسطی معرفت معاد کی ہی اسلئی کہ مبداء کی معرفت کو تو سلیم عقلین پا لیتی ہین

السلیمة لکونها ثابتة فی فطرة بنی ادم من مبدأ خلقتهم بمقتضی قوله تعالی فطرة الله التی

اسلئی کہ بنی آدم کی اصل فطرت میں ابتداء پیدایش سی ثابت ہی موافق قول اللہ تعالی کی تراش اللہ کی جسپر

فطر الناس علیها واما معرفة المعاد والاستعداد له فلا سبیل الیها الا بتوفیق من الله تعالی

کہ تراشا آدمیوں کو اور رہی معرفت معاد کی اور اوسکا سامان سو اوسکا کوئی راہ نہین ہی بجز توفیق الٰہی کی

بواسطة الانبیاء الذین وصل الیهم علم ذلك بارسال الرسل من الملئکة بانزال الکتب فلذلك

بوسیلہ انبیا علیہم السلام کی جنکو اوسکا علم بواسطہ فرشتون کی اور بوسیلہ کتب منزلہ کی حاصل ہوا ہی اسی لئی یہہ

دخل جميع ذلك في مفهوم الايمان وذكر كله في هذه الحديث فلا بد لطالب معناه من الاستكشاف

یہہ سب ایمان کی مفہوم مین داخل ہین اوراس حدیث مین سب مذکور ہین سو جو اسکی معنی کا طالب ہو اوسکو ضرور ہی کہ حقیقت

عن حقيقة معنى الايمان بهذه الاشياء الستة المذكورة فيه ليكون في دينه على بصيرة

ایمان کی تہہ کو ان چہون اشیاء مذکورہ کی تفصیل سی دریافت کری تاکہ دین مین بصیرت ہو

الاول مما يجب الايمان به الايمان بالله تعالى والمراد من الايمان به تعالى العلم بوجوده وقدمه وكونه

اول ایمان اللہ پر واجب ہی اور اللہ پر ایمان لانی سی یہہ مراد ہی کہ اسکو موجود اور قدیم اور

واحدا ومتصفا بالقدرة والارادة والعلم والحيوة وسائر ما يليق به من الصفات لكن العلم

واحد اور صاحب قدرت اور صاحب ارادہ اور علیم اور حی اور تمام صفات لائقہ سی موصوف جانی لیکن اوسکی

بوجوده لا يمكن ان يحصل بالحس لانه تعالى ليس محسوسا كالشمس والقمر حتى يمكن العلم بوجوده

وجود کا علم حواس سی حاصل ہونا ممکن نہین کیونکہ اللہ تعالی مانند آفتاب اور مہتاب کی نظر نہین آتا تاکہ اوسکا وجود حواس کی وسیلہ سی

بالحس وليس العلم بوجوده ضروريا كالعلم بكون الاثنين اكثر من الواحد حتى يعلم وجوده بالضرورة

معلوم ہوجاوی اور نہ علم اوسکی وجود کا ایسا بدیہی ظاہر ہی جیسا دو کا عدد ایک سی زیادہ ہی تاکہ اوسکا علم بالبداہتہ خود بخود آجاوی

بل انما يعلم وجوده تعالى بالدليل وذلك الدليل وجود العالم فانه لكونه حادثا يحتاج الى محدث

بلکہ علم اوسکی وجود کا دلیل سی حاصل ہوتا ہی اور وہ دلیل عالم کا وجود ہی کیونکہ عالم حادث ہونی کی سبب پیدا کرنیوالیکا محتاج ہوکر

يدل على ان له محدثا وذلك المحدث لا بد ان يكون قديما واحدا متصفا بالقدرة والارادة والعلم

دلالت کرتا ہی کہ اوسکا کوئی پیدا کرنیوالا ہی اور وہ پیدا کرنیوالا بالضرور قدیم واحد قدرت والا ارادہ والا علیم

والحيوة لانه لو لم يكن قديما بل كان حادثا لكان محتاجا الى محدث فيلزم الدور والتسلسل وكلاهما

اور حی ہونا چاہئی اسواسطی کہ اگر قدیم نہو بلکہ حادث ہو تو پہر وہ خود محدث کا محتاج ہوویگا آخر یا دور لازم آویگا یا تسلسل اور یہہ دونو

محال ولو لم يكن واحدا بل كان اكثر من واحد لوقع بينهما التمانع المقتضي لعدم وجود العالم

محال ہین اور اگر واحد نہووی بلکہ کئی ہون تو آپسمین روک ٹوک واقع ہوگی جس سی عالم کا وجود نہو سکی

ولو لم يكن متصفا بالقدرة والارادة والحيوة والعلم لكان عاجزا عن ايجاد شيء من العالم لان

اور اگر قدیر اور صاحب ارادہ اور حی اور علیم نہووی تو ایسا عاجز ہوگا کہ عالم مین سی کوئی شی بہی پیدا نہ کرسکی اسلئی

الايجاد اثر القدرة وتاثير القدرة في شيء من الاشياء يقتضي ارادة ذلك الشيء وارادة ذلك الشيء

کہ ایجاد قدرت کا اثر ہوتا ہی اور قدرت کی تاثیر کسی شی مین بدون ارادہ اوس شی کی نہین ہوسکتی اور ارادہ اوس شی کا

يقتضي العلم به لان القصد الى ايجاد شيء مع عدم العلم به محال والاتصاف بهذه الصفات الثلث

بدون علم کی نہین ہوسکتا اسلئی کہ پیدا کرنا کسی شی کا بی جانی بوجہی محال ہی اور یہہ تینون صفتین بدون

يقتضي الحيوة لكونها شرطا فيها فعلى هذا يكون وجود العالم بل وجود كل ذرة من ذراته دليلا قطعيا

حیات کی نہین ہوسکتین اسلئی کہ حیات انمین شرط ہی اس بیان کی موافق عالم کا وجود بلکہ ہر ہر ذرہ کا وجود یقینی دلیل ہی

على وجوده تعالى وقدمه وكونه واحدا ومتصفا بهذه الصفات الاربع اذ لا يعرف من صفاته تعالى

اوسکی وجود اور قدم اور وحدت پر اور ان چارون صفات سی موصوف ہونی پر اس لئی کہ اوسکی صفات

بالعقل الا ما يتوقف عليه افعاله واما ما لا يتوقف عليه افعاله كالسمع والبصر والكلام فيجوز ان

عقل سی وہی معلوم ہوسکتی ہین جن پر اللہ کی افعال موقوف ہین اور جن پر افعال موقوف نہین جیسی سمع اور بصر اور کلام سو جایز ہی

یستدل علی ثبوتها له تعالی تارة بالعقل وتارة بالنقل اما وجه الاستدلال علی ثبوتها له تعالی

کہ انکی ثبوت پر کبھی عقلی دلیل قایم کرین اور کبھی نقلی دلیل عقلی انکی ثبوت کی تو یہہ ہی

بالعقل فهو انها صفات کمال واضدادها صفات النقصان واتصافه تعالی بصفات الکمال

کہ یہہ صفتین کمال کی ہین اور انکی ضدین صفتین نقصان کی ہین اور اللہ تعالی کا موصوف ہونا صفات کمال سی

وعدم اتصافه بصفات النقصان واجب فوجب اتصافه تعالی بتلك الصفات واما وجه

اور بری ہونا صفات نقصان سی واجب ہی اس سی لازم آیا کہ اللہ تعالی ان صفات سی موصوف ہو اور

الاستدلال علی ثبوتها له تعالی بالنقل فهو ان الشرع قد ورد بثبوتها له تعالی فوجب القطع بثبوتها

نقلی دلیل انکی ثبوت کی یہہ ہی کہ شرع سی ان صفات کا ثبوت ثابت ہی سو انکی ثبوت کا یقین کرنا واجب ہی

له تعالی ودلیل النقل فی هذه المسئلة اولی من دلیل العقل لان تلك الصفات لا یتوقف علیها

اور اس مسئلہ مین نقلی دلیل عقلی دلیل سی بہتر ہی اس لئی کہ ان صفات پر افعال الٰہی موقوف نہین ہین

افعاله تعالی حتی یستدل بها علی ثبوتها له تعالی وذاته تعالی لم یکن معلوما لاحد حتی یعلم

تاکہ اون افعال سی ان صفات کو ثابت کرین اور ذات الٰہی کسیکو معلوم نہین ہی جس سی یہہ معلوم ہو

انها فی حقه تعالی کمال یجب اتصافه بها بحیث لو لم یتصف بها یلزم ان یتصف باضدادها

کہ یہہ صفات بہ نسبت ذات الٰہی کی کمال کی ہین اللہ کا موصوف ہونا ضرور ہی ایسا کہ اگر ان صفات سی موصوف نہوگا تو انکی اضداد بپیدا ہونگی

وما ذکر من کونها کمالا انما هو بالنسبة الینا ولا یلزم من کون الشئ بالنسبة الینا کمالا ان یکون

اور ان صفات کو کمال جو کہتی ہو تو یہہ ہماری حق مین ہین اور ہماری حق مین کمال ہونی سی لازم نہین آتا کہ

فی حقه تعالی کمالا والثانی مما یجب الایمان به الایمان بالملئکة والمراد من الایمان بها العلم

اللہ کی ذات مین کمال ہون دوسری جسپر ایمان لانا چاہئی ملائکہ ہین اور ملائکہ پر ایمان لانی سی یہہ مراد ہی

بوجودها لکن لا سبیل الی اثبات وجودها بدلیل العقل بل هو مما انعقد علیه الاجماع ونطق به

کہ ملائکہ کو موجود جانی پر انکا وجود عقلی دلیل سی کسی راہ ثابت نہین ہونا بلکہ انکی وجود پر اجماع ہو چکا ہی اور

الکتاب والسنة فان ظاهر الکتاب والسنة یدل علی وجودهم وکونهم اجساما لطیفة نورانیة

کتاب اور سنت سی ثابت ہی بیشک ظاہر معنی کتاب اور سنت کی یہہ ہی دلالت کرتی ہین کہ فرشتی موجود ہین لطیف اور نورانی جسم

کاملة فی العلم قادرة علی الافعال الشاقة وعلی التشکل باشکال مختلفة ولا یوصفون بالذکورة

علم مین کامل دشوار سی دشوار کار کر سکتی ہین اور مختلف صورتین بدل سکتی ہین اور نہ نر ہین

ولا الانوثة شانهم الطاعات ومسکنهم السموات وهم رسل الله علی انبیائه وامناؤه علی وحیه

اور نہ مادہ شغل اونکا عبادت اور مکان اونکا آسمان اور وہ ہی اللہ کی طرف سی انبیاء کی پاس بھیجی ہوئی آتی ہین اور وحی پر امین ہین

فمن ثبت تعیینه باسمه کجبرئیل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل یجب الایمان به تفصیلا ومن

اور جن فرشتون کی تعیین نام سی ثابت ہی جیسی جبرائیل اور میکائیل اور اسرافیل اور عزرائیل اون پر تفصیلی ایمان واجب ہی اور

لم یعرف اسمه یجب الایمان به اجمالا والثالث مما یجب الایمان به الایمان بالکتب والمراد من الایمان

جنکا نام معلوم نہین اون پر اجمالی ایمان واجب ہی اور تیسری شی جسپر ایمان واجب ہی کتابین ہین اور کتابون پر ایمان لانی سی یہہ مراد ہی

بها العلم بکونها کلام الله تعالی انزل علی انبیائه وجملتها مائة واربعة کتب انزل منها علی آدم علیه السلام

کہ یقین کری کہ خدا کا کلام ہی اپنی انبیاء پر نازل کیا ہی اور تمام کتابین ایک سو چار ہین اونمین سی حضرت آدم پر

عشر

عشر صحائف وعلی شیث علیه السلام خمسون صحیفة وعلی ادریس ثلثون صحیفة وعلی ابرهیم
دس صحیفہ نازل ہوئی اور حضرت شیث پر پچاس اور حضرت ادریس پر تیس اور حضرت ابراہیم پر
علیه السلام عشر صحائف وعلی موسی علیه السلام التورٰیة وعلی داود علیه السلام الزبور وعلی
علیہ السلام پر دس اور حضرت موسی علیہ السلام پر توریت اور حضرت داؤد علیہ السلام پر زبور اور
عیسی علیه السلام الانجیل وعلی محمد علیه الصلوة والسلام القران فما ثبت تعینه باسمه یجب
حضرت عیسی علیہ السلام پر انجیل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن اور جس کتاب کی تعیین نام سی ثابت ہی
الایمان به تفصیلا وما لم یعرف اسمه یجب الایمان به اجمالا والرابع مما یجب الایمان به الایمان
تو اوسپر تفصیلی ایمان واجب ہی اور جسکی تعیین نام سی نہین ہی اوسپر اجمالی ایمان واجب ہی اور چوتھی جسپر ایمان لانا واجب ہی
بالرسل والمراد من الایمان بهم العلم بکونهم صادقین فیما اخبروا به عن الله فانه تعالی بعثهم
رسول ہین اور مراد رسولون پر ایمان لانی سی یہہ ہی کہ یقین کری کہ وہ اپنی اپنی خبرون مین جو خدا کی طرف سی لائی ہین سچی ہین بیشک اونکو اللہ تعالی نی
الی عباده لیبلغوهم امره ونهیه ووعده ووعیده وایدهم بالمعجزات الدالة علی صدقهم اولهم
اپنی بندون کی پاس بہیجا تاکہ اوسکا امر اور نہی اور وعدہ اور وعید پہنچادین اور معجزات سی اونکی مدد کی جو اونکی صداقت پر دلالت کرتی ہین سب (الی یعنی)
ادم علیه السلام واخرهم محمد علیه الصلوة والسلام ولم یبین فی القران عددهم کم هم بل المذکور
آدم علیہ السلام ہین اور سب سی آخر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن مین اونکی گنتی نہین ہی کتنی ہین بلکہ قرآن مین
فیه منهم باسمه العلم علی ما ذکره بعض المفسرین ثمانیة وعشرون وهم ادم وادریس ونوح وهود
نام معین لیکر بعض مفسرین کی قول کی موافق اٹھائیس کا ذکر ہی وہ یہہ ہین آدم اور ادریس اور نوح اور ہود
وصالح وابرهیم واسمعیل واسحق ویعقوب ویوسف ولوط وموسی وهرون وشعیب وزکریا
اور صالح اور ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور یوسف اور لوط اور موسی اور ہارون اور شعیب اور زکریا
ویحیی وعیسی وداود وسلیمن والیاس والیسع وذا الکفل وایوب ویونس ومحمد وذو القرنین وعزیر
اور یحیی اور عیسی اور داود اور سلیمان اور الیاس اور الیسع اور ذا الکفل اور ایوب اور یونس اور محمد اور ذو القرنین اور عزیر
ولقمن علی القول بنبوة هذه الثلثة الاخیرة صلوات الله وسلامه علیهم اجمعین قال بعض
اور لقمان بموجب قول ان تینون کی نبوت کی جو آخر مین ہین رحمت اللہ کی اور سلام ان سب پر بعضی
العلماء یجب علی المؤمن ان یعلم صبیانه ونسائه وخدمه اسماء الانبیاء الذین ذکرهم الله تعالی فی
علماء کہتی ہین کہ ہر مؤمن پر واجب ہی کہ اپنی بچون اور عورتون اور غلامون کو ان انبیا کا نام جنکا ذکر اللہ تعالی نی
کتبه حتی یؤمنوا بهم ویصدقوا بجمیعهم ولا یظنوا ان الواجب علیهم الایمان بمحمد علیه الصلوة والسلام
اپنی کتاب مین کیا ہی سکہادی تاکہ وہ ان سب پر ایمان لادین اور سب کی تصدیق کرین اور یہہ خیال نہ کرین کہ ایمان صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا واجب ہی
فقط لا غیر فان الایمان بجمیع الانبیاء سواء ذکر اسمه فی القران او لم یذکر واجب علی المکلف فمن
اور کا نہین کیونکہ ایمان تمام انبیا پہ لانا قرآن مین اونکا نام مذکور ہو یا نہو مکلف پر واجب ہی پہر جسکی
ثبت تعیینه باسمه یجب الایمان به تفصیلا ومن لم یعرف اسمه یجب الایمان به اجمالا والخامس
تعیین نام سی ہوگئی ہی اوسپر تفصیلی ایمان لانا چاہی اور جسکا نام معلوم نہین اوسپر اجمالی ایمان لانا چاہی اور پانچوین شی
مما یجب الایمان به الایمان بالیوم الاخر والمراد من الایمان به العلم بما یکون فیه من احوال
جسپر ایمان لانا واجب ہی قیامت کا دن ہی اور قیامت کی دن پر ایمان لانی سی مراد ہی یقین کرنا اون حالات

الاخرة التی اول منزل من منازلها القبر واحیاء المیت فیه وسوال منکر ونکیر وهما ملکان

اخروی کا جو اوس روز گذرینگی جسکی منزلون مین سی پہلی منزل قبر ہی اور اوسمین زندہ کرنا مردہ کا اور سوال منکر نکیر کا اور یہہ دونو فرشتی

مهیبان یُقعدان العبد فی قبره ویسألانه عن ربه وعن دینه وعن نبیه ویقولان له من

ہیبت ناک صورت قبر مین مردہ کو بٹھا کر اوس سی پوچھتی ہین پروردگار کو اور دین کو اور نبی کو اور اوس سی کہینگی کون ہی

ربك وما دینك ومن نبیك وسوالهما اول فتنة بعد الموت فمن وُفّق الی الجواب یکون قبره

تیرا رب اور کیا ہی تیرا دین اور کون ہی تیرا نبی اور انکا یہہ سوال موت کی بعد پہلا فتنہ ہی سو جسکو جواب کی توفیق ہوئی تو اوسکی گور

روضة من ریاض الجنة ومن لم یوفق الی الجواب یکون قبره حفرة من حفر

ایک چمن ہی بہشت مین کا اور جسکو جواب کی توفیق نہوئی تو اوسکی گور ایک گڑہا ہوگا دوزخین کا

النار ثم اذا بعث الناس من قبورهم الی الموقف قاموا فیه

پہر جب بنی آدم کو قبرون مین سی اوٹہا کر موقف مین لیجائین گی اور وہ اوسجگہہ کہڑی رہینگی

ماشاء الله حفاة عراة واذا جاء وقت الحساب یؤمر بالکتب التی کتبها الکرام الکاتبون لان

جسقدر مرضی اللہ کی ہوگی ننگی پانو ننگی بدن اور جب وقت حساب کا ہوگا تو حکم ہوگا اعمال نامی دینی کا جو کرام کاتبین نی لکہہ رکہی ہین اسلئی

الناس اذا بعثوا من قبورهم لا یکونون ذاکرین لاعمالهم فیؤتون کتبهم لیقفوا علی اعمالهم فمنهم من

کہ بنی آدم جب اپنی اپنی قبرون مین سی اوٹہائی جاوینگی تو اونکو اپنی اعمال کچہہ یاد نہون گی اسواسطی اونکو نامۂ اعمال دئی جاوینگی تاکہ اپنی اعمال سی خبردار ہوجاوین

یؤتی کتابه بیمینه وهم من السعداء لان اخذ الکتب بالیمین علامة دخول الجنة وعدم الخلود

نامۂ اعمال داہنی ہاتہہ مین ملینگی وہ تو سعید ہون گی کیونکہ نامۂ اعمال کا داہنی ہاتہہ مین لینا بہشت مین جانی کی اور دوزخ مین ہمیشہ

فی النار ومنهم من یؤتی کتابه بشماله او من وراء ظهره وهو من الاشقیاء فاذا وقف الناس

نرہنی کی نشانی ہی اور بعضون کو نامۂ اعمال بائین ہاتہہ مین ملیگی یا پس پشت کی طرف سی اور وہ شقی ہونگی جب بنی آدم اپنی اعمال سی خبردار

علی اعمالهم یحاسبون بها فاذا انقضی الحساب ینصب المیزان لوزن الاعمال اذ بالحساب

ہوجاوینگی تو پہر اونسی حساب ہوگا پہر جب حساب ہوچکیگا تو اعمال تولنی کیواسطی ترازو قایم کی جاوی گی اسلئی کہ حساب سی

یعلم العبد ما هو المقبول من الاعمال الصالحة وما هو المردود منها وما هو المغفور من الاعمال

معلوم ہوگا بنی آدم کو کہ نیک عملون مین سی کونسا مقبول ہی اور کونسا مردود ہی اور کونسا اعمال بد مین سی معاف ہوا

السیئة وما هو المواخذ بها وبالوزن یطلع علی ما یتوجه الیه من الثواب والعقاب ویعلم مقدار

اور کونسی پر سزا ہوگی اور تولنی سی معلوم ہوگا کس عمل پر ثواب ملیگا اور کس پر عذاب ہوگا اور معلوم ہوگا اندازہ

ثواب المقبول من الاعمال الصالحة ومقدار عقاب المواخذ من الاعمال السیئة ولذلك یکون

ثواب کا اعمال نیک مین سی مقبول کا اور اندازہ عذاب کا اعمال بد مین سی قابل دارگیر کا اسیلئی

بعد الحساب نصب المیزان وقد ورد فی الخبر ان احدی کفتیه من نور واخری من ظلمة فالکفة

میزان بعد حساب کی قایم ہوگی اور حدیث مین مذکور ہی کہ ترازو کا ایک پلڑا نور کا ہوگا اور دوسرا اندہیر کا یعنی سیاہ پس وہ

المنیرة للحسنات والکفة المظلمة للسیئات والناس فی الاخرة علی ما قال علماءنا ثلثة اصناف

روشن پلڑا واسطی نیکیون کی ہی اور سیاہ پلڑا واسطی بدیون کی اور بنی آدم آخرت مین موافق قول ہماری علماء کی تین قسم ہونگی

کفار ومتقون ومخلطون اما الکفار فیوضع کفرهم فی الکفة المظلمة فلا یوجد لهم حسنة حتی

نری کفار ہیں اور نری متقی پرہیزگار اور ملی جلی پہر کفار کا کفر سیاہ پلڑی مین رکہا جاویگا اور کوئی عمل نیک اونکا نہوگا

نوضع

توضع فی الکفۃ الاخری فتبقی فارغۃ فترفع لفراغہا وخلوّہا عن الخیر فیامر اللہ تعالی بہم الی

پلڑی مین رکہا جاوی ناچار وہ خالی رہ جاویگا پہر اوبہر کہڑا ہوگا ہلکا اور عمل نیک سی خالی ہوکر تب حکم ہوگا اللہ تعالی کا

النار واما المتقون فہم الذین لا کبائر لہم فتوضع حسناتہم فی الکفۃ النیرۃ وصغائرہم ان کانت

اونکی حق مین دوزخکا اور پرہیزگار شخص جس سی گناہ کبیرہ نہین ہوئی اونکی حسنات روشن پلڑہ مین رکہی جاوینگی اور اونکی گناہ صغیرہ اگر

لہم الصغائر فی الکفۃ الاخری فلا یجعل اللہ تعالی لتلک الصغائر وزنا وتثقل الکفۃ النیرۃ حتی

بالفرض ہون گی تو دوسری پلڑہ مین سو اللہ تعالی اون صغائر کو ہلکا ہی وزن کر دیگا اور وہ روشن پلڑہ ایسا بہاری ہوجاویگا

لا تبرح من مکانہ وترفع الکفۃ المظلمۃ ارتفاع الفارغ الخالی واما المخلطون وہم الذین ارتکبوا

کہ اپنی جگہہ سی نہین اُبہریگا اور سیاہ پلڑہ ایسا بلند ہوجاویگا جیسی ہلکا خالی ہو اور مؤمن گنہگار شخص جو کہ کبیرہ گناہ کرتی رہی

الکبائر ولم یتوبوا عنہا فتوضع حسناتہم فی الکفۃ النیرۃ وسیاتہم فی الکفۃ المظلمۃ فیکون

اور توبہ نکی سو اونکی حسنات تو روشن پلڑہ مین رکہی جاوینگی اور اونکی اعمال بد سیاہ پلڑی مین

لکبائرہم ثقل فمن کانت حسناتہ اثقل ولو بصؤابۃ یدخل الجنۃ ومن کانت سیاتہ اثقل و

اونکی کبائر مین بوجہہ ہوویگا سو جسکی حسنات بوجہل ہون گی اگرچہ لیکہہ کی برابر وہ بہشت مین جاوینگی اور جسکی بدیان بوجہل ہونگی

لو بصوابۃ یدخل النار الا ان یعفو اللہ تعالی لان مذہب اہل الحق ان العبد اذا اتی بطاعات

اگرچہ لیکہہ کی برابر وہ دوزخ مین جاویگا یا اللہ معاف فرماوی کیونکہ مذہب اہل حق کا یہہ ہی کہ بندہ اگر عبادات

کامثال الجبال ثم کانت لہ مخالفۃ واحدۃ فہو فی مشیۃ اللہ تعالی ان شاء یعاقبہ علیہا ثم

پہاڑ کی برابر لاوکری پہر اوسکی اعمال مین کوئی گناہ بہی ہو تو وہ مشیت الہی مین ہی اگر چاہی اوس گناہ پر عذاب دیکر پہر

یعطیہ ثواب طاعاتہ وان شاء یغفرہا لہ ولا یعاقبہ علیہا ہذا اذا کانت الکبائر فیما بینہ وبین

اوسکو ثواب عبادات کا عطا کری اور اگر چاہی معاف کردی اور کچہہ عذاب نکری یہہ کیفیت جب ہی کہ وہ کبایر حقوق الہی ہون

اللہ تعالی واما اذا کانت علیہ تبعات وکانت لہ حسنات کثیرۃ فبقدر جزاء التبعات ینقص

اور اگر اوسکی ذمہ پر حقوق العباد ہون اور اوسکی حسنات کثرت سی ہون تو بہر موافق مقدار بدلہ حقوق عباد کی

من ثواب حسناتہ فاذا لم یبق لہ حسنۃ لکثرۃ ما علیہ من التبعات یحمل علیہ من اوزار من ظلمہ

ثواب حسنات کا گہٹایا جاویگا پہر جب اوسکی پاس کوئی حسنہ نہ بچی گا بسبب کثرت حقوق عباد کی تو اوسپر مظلوموں کا بوجہہ ڈالا جاویگا

ثم یعذب علی الجمیع اذ قیل لو کان لرجل ثواب سبعین نبیا ولہ خصم واحد بنصف دانق لا یدخل

پہر سب کی بدلہ عذاب کہینچیگا اسلئی کہ کہتی ہین اگر ایک شخص کی پاس ستر نبیوں کا سا ثواب ہو اور اوسکا ایک مدعی ہو آدہی دانق کا تو وہ بہشت مین

الجنۃ حتی یرضی خصمہ وقیل یوخذ بدانق قسط سبعمائۃ صلوۃ مقبولۃ نتعطی للخصم ذکرہ القشیری

نہین جاسکتا بدون راضی کئی مدعی کی اور کہتی ہین لیا جاویگا بعوض ایک دانق کی ثواب سنر مقبول نمازون کا پہر اوس مدعی کو دیوینگی قشیری نی

فی التحبیر اذا تقرر ہذا فالصنفان الاولان ہما المذکوران فی القرآن لانہ تعالی لم یذکر فی آیات الوزن

تحبیر مین ذکر کیا جب یہہ بات ٹہر چکی تو دونو پہلی قسمین وہ ہی قرآن مین مذکور ہین اسلئی کہ اللہ تعالی نی نہین ذکر کیا وزن کی آیتون مین

الا من ثقلت موازینہ ومن خفت موازینہ وقطع لمن ثقلت موازینہ بکونہ من المفلحین

سوا اوسکی جو بوجہل ہون وزن اوسکی اور جو ہلکی ہون وزن اوسکی اور حکم کردیا جسکی وزن بوجہل ہون کہ سعادت مند وہی ہے

وفی العیشۃ الراضیۃ ولمن خفت موازینہ بخلودہ فی النار بعد ان وصفہ بالکفر وبقی الذین

اور آرام پسندیدہ مین ہی اور جسکی وزن ہلکی ہون کہ ہمیشہ کو دوزخی ہی بعد اسکی کہ بیان کیا اوسکا کفر اور باقی رہی وہ لوگ

خلطوا عملا صالحا واخر سیئا فبینہم النبی علیہ السلام حیثما ذکرانفا ثم ینصب الصراط علی جهنم
جنہون نی اعمال نیک اور بد کو ملادیا سو اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی بیان کیا ابہی ذکر آچکا پہر صراط کو دوزخ کی اوپر تان دینگی
قال بعض العلماء یکون طرفہ الاول فی ارض القیمۃ وطرفہ الاخر فی ارض الجنۃ وارض القیمۃ تکون
بعضی علماء یہہ کہتی ہین کہ اوسکا پہلا سرا قیامت کی میدان مین ہوگا اور دوسرا سرا بہشت کی زمین مین ہوگا اور قیامت کا میدان
علی النار ویکون اجتماع الخلائق باسرہم علیہا وتفور النار حتی تعلو من جوانبہا وتحیط باهل المحشر
دوزخ کی اوپر ہوگا اور انبوہ تمام خلقت کا اوسہی جگہہ ہوگا اور جوش مین آویگی آگ اتنا کہ اوبہرجاویگی ہرطرف سی اور گہیرلیگی اہل محشر کو
حتی لا یبقی للجنۃ طریق الا الصراط فلا یکون الذهاب الی الجنۃ الا علی الصراط وقد ورد فی الحدیث
اتنا کہ جنت مین جانیکا کوئی راستہ نہ بچیگا سوای صراط کی سو کوئی صورت جنت مین جانیکی نہوگی سوائی صراط پر کو اور حدیث مین آیا ہی
انہ ادق من الشعر واحد من السیف ویجوزہ الناس بقدر اعمالہم یجوز بعضہم کالبرق الخاطف وبعضہم
کہ صراط بال سی زیادہ باریک ہی اور تلوار سی زیادہ تیز اوسپر کو لوگ گذرینگی اپنی اپنی اعمال کی موافق بعضی ایسی گذرجاوینگی جیسی چمک بجلی کی اور بعضی
کالریح العاصف وبعضہم کالفرس الجواد وبعضہم یعدو عدوا وبعضہم یمشی مشیا حتی یکون اخر
مانند آندہی تند کی اور بعضی مانند تیزرو گہوڑی کی اور بعضی خوب دوڑتی ہونگی اور بعضی چلتی ہوئی جاتی ہونگی ایسا کہ سب سی پچہلا
من یجوزہ یحبو حبوا فیقول یا رب ابطات بی فیقول الرب تعالی لم ابطئ بک انما ابطی بک عملک وبعضہم
جاویگا گہسٹتا ہوا یہہ عرض کریگا یارب تو نی مجہکو دیر لگادی پہر اللہ تعالی فرماویگا مین نی تجہکو دیر نہین لگائی تجہکو تیری اعمال نی دیر لگائی اور بعضی
یجر رجلاہ ویتعلق یداہ وبعضہم یسقط علی وجہہ الی جہۃ النار ویتلقونہ الزبانیۃ بالسلاسل
اپنی پانو کہینچتی ہونگی دونو ہاتہون سی پکڑی ہوی اور بعضی منہہ کی بل دوزخ کی اندر گرپڑینگی اور دوزخ کی موکل اوسکو زنجیر
والاغلال ویقولون لہ اما نہیت عن کسب الاوزار اما حذرت من عذاب النار فتفکر یا مسکین اذا
اور طوق مین جکڑلینگی اور اوسی کہینگی کیا تجکو کسبی منع نہین کیا تہا اعمال بد سی کیا تجہکو ڈرایا نہین تہا دوزخ کی عذاب سی اب تصور کرلی او مسکین جب
نظرت الی جہنم وانت علی الصراط مع ضعف حالک وثقل اوزارک علی ظہرک والخلائق بین یدیک
تو نظر کریگا دوزخ کی طرف اور تو صراط کی اوپر ہوگا حالت تیری ناتوان اور بوجہہ گناہون کا تیری کمر پہ اور تمام خلق تیری سامنی
کیف یتزلزلون وینکبون فتعلو رجلہم وتسفل رؤسہم الی جہۃ النار ومما یکون فی الیوم الاخر من احوال الاخرۃ
کیونکر اترینگی اور گرینگی پہر پانو اوپر کو ہوجاوینگی اور سر نیچی کو دوزخ کی طرف اور منجملہ حالات اخروی کی جو قیامت کی دن پیش آویگا
الشرب من الحوض فان لکل نبی حوضا یشرب منہ مع امتہ وحوض نبینا علیہ الصلوۃ والسلام اکبر
حوض مین سی پانی پینا ہی ہرہر نبی کا ایک ایک حوض ہوگا اوسمین سی پانی پیویگا اپنی امت کی ساتہہ اور ہماری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حوض سب سی بڑا
من غیرہ متسع الجوانب والزوایا مقدار مسیرۃ شہر کما روی عن عبد اللہ عمرو بن العاص انہ علیہ
ہوگا کہلی ہوی کناری اور کونی بمقدار سفر ایک مہینی کی چنانچہ روایت ہی عبداللہ بن عمرو بن عاص سی کہ فرمایا
الصلوۃ والسلام قال حوضی مسیرۃ شہر وزوایاہ سواء وماءہ ابیض من اللبن واحلی من العسل و
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی میرا حوض برابر سفر ایک مہینہ کی ہی کونی اوسکی برابر یعنی قائمہ مین اور اوسکا پانی دودہ سی زیادہ سفید اور شہد سی زیادہ شیرین
ریحہ اطیب من المسک وکیزانہ کنجوم السماء من یشرب منہ فلا یظمأ ابدا فقد دل ہذا الحدیث
اور اوسکی خوشبو مشک سی زیادہ پاکیزہ اور اوسکی آبخورہ برابر گنتی آسمان کی ستارون کی جسنی اوسمین سی پیا کبہی پیاسا نہوگا یہہ حدیث یہ دلالت کرتی ہی
علی ان من شرب منہ لا یعذب بالعطش ابدا لکن یزاد عنہ من بدل وغیر لما روی عن سہل بن
کہ جسنی اوسمین سی پانی پیا اوسکو عذاب پیاس کا کبہی نہودیگا لیکن ہٹادئی جاوینگی حوض پر سی وہ لوگ جنہون نی دین کو بدلا اور بدعت پیدا کی اسلئی کہ روایت ہی سہل

سعد انه علیه الصلوٰة والسلام قال انا فرطکم علی الحوض من مر علیّ یشرب ومن شرب لا یظمأ ابدا

سعد سی که فرمایا رسول الله صلی الله علیه وسلم نی میں تمہارا میر منزل ہون حوض پر جو شخص میری تک آویگا سو پیویگا اور جو شخص پیویگا کبھی پیاسا نہوگا

لیردن علیّ اقوام اعرفهم ویعرفوننی ثم یحال بینی وبینهم فاقول انهم منی فیقال لا تدری ما احدثوا

البته آوینگی مجهه تک وه قوم که میں اونکو پہچانونگا وه مجهی پہچانینگی پہر میری اور اونکی بیچ میں پردہ ہوجائیگا میں کہونگا یہه تو میری ہی ہیں جواب آویگا آپ کو خبر نہیں انہوں نی

بعدک فاقول سحقا سحقا لمن غیر بعدی فانه علیه السلام انما یعرف امته فی ذلک الیوم لورودهم

بعد آپ کی پہر میں کہونگا دور دور جسنی دین کو بدلا میری بعد پس نبی صلی الله علیه وسلم اسی پہچانینگی اپنی امت کو اوس روز که وه آوینگی اپکی پاس

علیه غرا محجلین من اثر الوضوء کما روی عن حذیفة انه علیه السلام قال حوضی هو اشد بیاضا

ہاتہہ منہہ چمکتی ہوئی وضوء کی اثر سی چنانچہ روایت ہی حذیفه سی که فرمایا نبی صلی الله علیه وسلم نی میرا حوض البته بہت سفید ہی.

من الثلج واحلی من العسل وانیته اکثر من عدد النجوم وانی لاصد الناس عنه کما یصد الرجل ابل

برف سی اور بہت شیرین ہی شہد سی اور اوسکی برتن یعنی کوزه بہت زیاده ہیں ستارونکی گنتی سی اور میں البته روکونگا غیر لوگوں کو جیسی روکتا ہی کوئی شخص

الناس عن حوضه قالوا یا رسول الله انعرفنا یومئذ قال نعم لکم سیماء لیست لاحد من الامم

غیر کی اونٹ کو اپنی حوض پر سی پوچھا یا رسول الله کیا تم پہچانوگی ہمکو اوس روز فرمایا ہاں تمہاری چہره ایسی ہونگی جو کسیکی تمام امتوں میں سی نہونگی

تردون علیّ غرا محجلین من اثر الوضوء فهذه الاحادیث قد دلت علی کون الحوض یوم القیمة حقا لکن

تم میری پاس آوگی ہاتہہ منہہ چمکتی ہوئی وضو کی اثر سی ان حدیثوں سی معلوم یہہ ہوا که قیامت کی دن حوض حق ہی لیکن

اختلف فیه هل هو قبل الصراط او بعده وهل هو قبل المیزان او بعده فقال بعضهم انه یکون بعد الصراط

اختلاف اسمیں ہی که آیا وه صراط سی پہلی ہی یا صراط کی بعد اور آیا وه میزان سی پہلی ہیں یا پیچہی سو بعضی کہتی ہیں که حوض صراط کی بعد ہوگی

اذ لو کان فی الموقف لما دخل النار من شرب منه لانه علیه السلام قال من شرب منه لا یظمأ ابدا وقد

کیونکه اگر وه موقف میں ہوتی تو دوزخ میں کبھی نه جاتا جو اوسمیں سی پی لیتا اسواسطی که پیغمبر صلی الله علیه وسلم نی فرمایا ہی جو اوسمیں سی پیویگا کبھی پیاسا نہوگا اور

ثبت ان بعضا من عصاة المؤمنین یدخلون النار ثم یخرجون منها بسبب الایمان فمتی یکون

بیشک یہه ثابت ہی که بعضی گنہگار مؤمن دوزخ میں ڈالی جاوینگی پہر اوسمیں سی نکلینگی بسبب ایمان کی پہر اونکو پینا کب میسر ہوگا

شربهم منه وهذا القول لیس بصحیح بل الصحیح انه یکون فی الموقف قبل الصراط وقبل المیزان لان

اور یہه قول صحیح نہیں ہی بلکه صحیح یہه ہی که حوض موقف میں ہوگا صراط سی پہلی اور میزان سی پہلی اسلئی

الناس یخرجون من قبورهم عطاشا فذلک یقتضی ان یکون الحوض قبلهما وقد روی البخاری عن

که بنی آدم قبروں میں سی پیاسی نکلینگی اسی معلوم ہوتا ہی که حوض ان دونو سی پہلی ہوگا اور بخاری نی روایت کی ہی

ابی هریرة انه علیه الصلوٰة والسلام قال بینا انا قائم علی الحوض اذا زمرة حتی اذا عرفتهم خرج رجل

ابو ہریره سی که فرمایا رسول الله صلی الله علیه وسلم نی ایک وقت میں حوض پر کھڑا ہونگا چانچک ایک گروه پیدا ہوگا ایسا که جسمیں اونکو پہچانونگا تو

من بینی وبینهم فقال لهم هلم فقلت الی این قال الی النار والله قلت ما شانهم قال انهم ارتدوا بعدک

میری اور اونکی بیچمیں ایک شخص آجاویگا وه شخص کہیگا اونسی چلو میں پوچہونگا کدہر کو کہیگا دوزخ میں قسم خدا کی میں کہونگا انکا کیا حال ہی کہیگا یہه لوگ پہر گئی تہی بعد آپ کی

علی ادبارهم قهقری ثم اذا زمرة حتی اذا عرفتهم خرج رجل من بینی وبینهم فقال لهم هلم فقلت

پیر پشت اولٹی پاؤوں پہر چانچک ایک گروه ہوگا ایسا که جب میں اونکو پہچانونگا پیدا ہوویگا ایک شخص بیچمیں میری اور اونکی وه اونسی کہیگا چلو میں پوچہونگا

الی این قال الی النار والله قلت ما شانهم قال انهم ارتدوا علی ادبارهم فلا اری یخلص منهم الا مثل

کدہر کو وه جواب دیگا دوزخ میں قسم الله کی میں کہونگا کیا حال ہی انکا وه کہیگا یہه پہر گئی تہی پس پشت اپنی سو معلوم نہیں ہوتا مجھی که بچی کوئی اونمیں سی مگر مانند

همل النعم یعنی ان من ینجو منهم قلیل قلة النعم الضالة علی ان الهمل بفتحتین جمع هامل وهو الضال
کم گشتہ اونٹ کی مراد یہہ ہی کہ جو بچین گی اونمین سی تہوڑی ہونگی جیسی اونٹ کم گشتہ کیونکہ ہمل ساتہہ زبر ہا اور میم کی هامل کی جمع ہی اور اوسکی معنی کہوئی ہوئی

من الابل قال القرطبی فی تذکرته نقلا عن شیخه هذا الحدیث مع صحته ادل دلیل علی کون
اونٹ قرطبی اپنی تذکرہ مین اپنی اوستادسی نقل کرکر کہتا ہی کہ یہہ حدیث صحیح ہی اور بڑی قوی دلیل ہی اسکی

الحوض فی الموقف قبل الصراط لان الصراط ممدود علی جهنم یجاز علیه فمن جازه یسلم من النار فلا یکون
کہ حوض موقف مین صراط سی پہلی ہوگی اسلئی کہ صراط دوزخ کی اوپر بچہایا ہوا ہوگا اوسپر کو گذر کر جاوینگی پہر جو شخص اوسپر سی گذر گیا تو دوزخ سی بچ گیا

له رجوع الیها ابدا فکیف یصح ان یدعی الیها وکذا حیاض الانبیاء تکون فی الموقف لما روی عن ابن عباس
پہر وہ کب ہٹ کر آویگا حوض پہ پہر کیونکر ہوسکتا ہی کہ اوسکو حوض پر بلاوین اور ایسی ہی حوضین اور نبیون کی موقف ہی مین ہونگی اسلئی کہ ابن عباس

انه علیه الصلوة والسلام سئل عن الوقوف بین یدی الله تعالی هل فیه ماء قال والذی نفسی بیده
روایت کرتی ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی پوچہا حال وقوف کا سامنی اللہ تعالی کی آیا اوسجگہہ پانی ہی فرمایا قسم اوس ذات کی جسکی قبضہ مین

ان فیه الماء وان اولیاء الله لیردون حیاض الانبیاء ویبعث الله تعالی سبعین الف ملك بایدیهم
بیشک وہان پانی ہی اور بیشک دوست خدا کی نبیون کی حوضون پہ پانی پیوین گی اور اللہ تعالی ستر ہزار فرشتی بہیجیگا اونکی ہاتہون مین

عصی من النار یذودون الکفار عن حیاض الانبیاء وهذا الحدیث یدل علی کون حیاض الانبیاء فی
آگ کی لاٹہیان ہونگی کفار کو نبیون کی حوضون پرسی ہٹا دینگی اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ حوض تمام نبیون کی

الموقف فیلزم منه ان یکون حوض نبینا فی الموقف ایضا وما ذکر من انه لو کان فی الموقف لما دخل
موقف مین ہونگی اسی لازم آتا ہی کہ حوض ہماری صلی اللہ علیہ وسلم کا بہی موقف مین ہو اور یہہ جو کہتی ہین کہ اگر حوض موقف مین ہوتا تو ہرگز

النار من شرب منه فالجواب عنه ان من شرب منه من اهل الکبائر ان دخل النار بمشیة الله تعالی
دوزخ مین نجاتا جو شخص اوسمین سی پانی پی چکتا تو اسکا جواب یہہ ہی بیشک جو شخص اوس حوض مین سی پیویگا اہل کبیرہ مین سی اگر وہ دوزخ مین داخل ہوگا مشیت الہی سی

لا یعذب بالعطش ولا یحرق النار جوفه واما الذین بدلوا وغیروا واحدثوا ما لیس فی شریعته علیه السلام
تو اوسکو پیاس کا عذاب نہین ہوگا اور آگ اندر سی پیٹ کو نہ جلاویگی اور وہ لوگ جنہون نی دین کو بدلا اور پلٹ ڈالا اور بدعتین پیدا کین جو شریعت نبوی مین نہین ہین

فان کان تبدیلهم فی الاعمال ولم یکن فی الاعتقاد فانهم قد یتعدون عن الحوض فی حال ثم یشربون منه
پس اگر وہ تبدیل صرف اعمال ہی مین ہی اور اعتقاد مین نہین ہے تو ایسی لوگ ردکی جاوینگی حوض سی ایک وقت پہر پیوین گی اوس حوض سی

بعد المغفرة وان کان تبدیلهم فی الاعتقاد اختلف فی خلودهم فی النار ومن المعلوم قطعا ان المخلد فی
بعد بخشش کی اور اگر وہ تبدیل اونکی اعتقاد مین ہی تو اختلاف ہی اونکی دائمی دوزخی ہونین اور یقینی معلوم ہی کہ دائمی دوزخی

النار لیس الا الکافر وقد ثبت ان المطرودین عن الحوض اصناف المنافقون الذین یظهرون الایمان ویضمرون
سوا کافر کی کوئی نہین ہی اور بیشک یہہ ثابت ہوچکا ہی کہ حوض پرسی نکالی ہوئی کئی قسم کی لوگ ہونگی ایک تو منافق جو ظاہر مین ایمان جتلاتی تہی اور دلمین

الکفر واهل الکفر والبدع والاهواء والمعلنون بالکبائر والمستخفون بالمعاصی والظلمة واعوانهم علی ما
کفر چہپاتی تہی اور ظاہر کافر اور بدعتی اور ہوا ہوس پرست اور گناہ کبیرہ ظاہر کرنیوالی اور گناہ کو ہلکا جانتی والی اور ظلم پیشہ اور انکی مددگار اسلئی

روی عن کعب بن عجرة انه علیه الصلوة والسلام قال له یا کعب بن عجرة اعیذك بالله من امراء
کہ روایت ہی کعب بن عجرہ سی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی اوسکو فرمایا ای کعب بن عجرہ تجکو خدا کی پناہ اون امیرون سی

یکون من بعدی فمن غشی ابوابهم فصدقهم فی کذبهم واعانهم علی ظلمهم فلیس منی ولست منه
جو میری بعد ہونگی پس جو شخص اونکی دروازہ پر گیا اور اونکی جہوٹی باتونکو تصدیق کیا اور ظلم مین شامل ہو کر مددگار بنا نہ وہ میرا اور نہ مین اوسکا

ولا یرد

ولا یرد علی الحوض ومن لم یغش ابوابہم ولم یصدقہم فی کذبہم ولم یعنہم علی ظلمہم فہو منی وانا منہ

اور نہ وہ حوض پر آسکیگا اور جو شخص اونکی دروازہ پر نگیا اور نہ اونکی جہوٹھی باتون کی تصدیق کی اور نہ ظلم پر اونکی مدد کی پس وہ شخص میرا اور مین اوسکا

ویرد علی الحوض یسر الله تعالی الورود علیہ والنجاة من النار والسادس مما یجب الایمان بہ الایمان

وہ ہی حوض پر آویگا الہی آسان کر ہمپر حوض پر جانا اور نجات دی آگ سی اور چہٹی شئی جسپر ایمان لانا واجب ہی ایمان تقدیر کا ہی

بالقدر والمراد من الایمان بہ العلم بکون کل ما یجری فی العالم من الخیر والشر والنفع والضر والاسلام

اور تقدیر پر ایمان لانی سی مراد یہہ ہی کہ یقین کرنا تمام حالات کا جو عالم مین گذرتی ہین نیک اور بد اور فایدہ اور نقصان اور اسلام

والکفر والطاعة والعصیان والربح والخسران والارادات والخطرات والحرکات والسکنات بقضاء

اور کفر اور عبادت اور گناہ اور نفع اور ٹوٹا اور ارادہ اور خطرہ دل اور حرکت اور سکون یہہ سب حکم

الله تعالی وقدرہ فعلی ہذا کان الظاہر ان یذکر الایمان بالقضاء ایضا وانما لم یذکر لکون الایمان

الہی سی اور اوسکی اندازہ سی ہین اس تقریر کی موافق ایمان قضا پر بہی ذکر کرنا مناسب تہا پہر جو ذکر نہین کیا تو اس لئی کہ ایمان

بالقدر مستلزما للایمان بالقضاء اذ القضاء وجود الموجودات فی اللوح المحفوظ اجمالا والقدر

تقدیر پر بعینہ ایمان قضا پر ہی اسلئی کہ قضا تو وجود ہی تمام موجودات کا لوح محفوظ مین مجملا اور قدر

تفصیل القضاء السابق بایجاد تلک الموجودات فی المواد الخارجیة واحدا بعد واحد وقیل القضاء

تفصیل اوسی پہلی قضا کی ہی باعتبار پیدایش اوسی موجودات کی مادہ خارجی مین ایک کی بعد ایک آگی پیچہی اور بعضی کہتی ہین قضا نام ہی

ہو الارادة الازلیة والعنایة الالہیة المقتضیة لنظام الموجودات علی ترتیب خاص والقدر تعلق

ارادہ قدیم کا اور خواہش الہی کا جسی سلسلہ موجودات کا خاص ترتیب سی بنا ہوا ہی اور تقدیر متعلق ہونا

تلک الارادة بالاشیاء فی اوقاتہا الخاصة بہا قال الامام فخر الدین الرازی فی تفسیر سورة یوسف علم

اوسہی ارادہ کا تمام اشیا سی اونکی وقتون پر جو اونکی لئی مقرر ہوچکی ہین امام فخر الدین رازی سورۂ یوسف کی تفسیر مین کہتی ہین سمجہ لی

ان الانسان مامور بان یراعی الاسباب فی ہذا العالم فانہ مامور غالبا بان یحذر من الاشیاء المہلکة

کہ انسان کو حکم ہی کہ اسباب ظاہری کو اس عالم مین رعایت یعنی استعمال کیا کری کیونکہ اوسکو حکم ہی اکثر جاکہ بچتا رہی مہلک چیزون سی

والاغذیة المضرة بان یسعی فی تحصیل المنافع ودفع المضار بقدر الامکان ثم انہ مع ذلک ینبغی لہ

اور ایسی غذاءون سی جو ضرر کرین اسطرح کہ اپنی مقدور کی موافق کوشش کرکر منفعت کی شیا حاصل اور مضر چیزون کو دفع کری پہر تو بہی انسان کو لایق یہہ ہی

ان یکون جازما بانہ لا یصل الیہ الا ما قدر الله لہ ولا یحصل لہ الا ما ارادہ الله لہ فقول یعقوب

کہ یہہ یقین کری کہ مجہکو وہی ملیگا جو اللہ نی میری واسطی اندازہ کیا ہی اور مجہکو کبہی نہین حاصل ہوگا سواء اوسکی جو اللہ نی ارادہ کیا ہی اب قول حضرت یعقوب

النبی علیہ السلام لبنیہ لا تدخلوا من باب واحد وادخلوا من ابواب متفرقة اشارة الی رعایة

علیہ السلام کا جو اپنی بیٹونسی فرمایا تہا تم سب ایک دروازہ مین سی نہ جانا اور الگ الگ دروازون سی جانا اشارہ ہی واسطی

الاسباب المعتبرة فی ہذا العالم وقولہ وما اغنی عنکم من الله من شئ اشارة الی التوحید المحض

استعمال اسباب ظاہری کی جو اس عالم مین معتبر ہین اور قول اونکا اور مین نہین بچا سکتا تمکو اللہ کی کسی چیز سی اشارہ ہی طرف خالص توحید کی

وعدم الالتفات الی الاسباب وقد ذکر الامام الغزالی فی کتاب الشکر من الاحیاء سوالا وہو ان الله تعالی

اور توجہ نکرنا اسباب پر اور امام غزالی نی احیا کی کتاب الشکر مین یہہ اعتراض ذکر کیا ہی کہ اللہ تعالی نی

قد امرنا ان نعمل لہ والا فنحن ملومون ومعاقبون علی العصیان مع کون الکل من الله تعالی

بیشک ہمکو امر فرمایا کہ اوسکی اطاعت کرین اور نہین تو ہم قابل سرزنش اور عذاب کی ہین نافرمانی سی باوجودیکہ یہہ تمام اللہ کی حکم سی ہوسکتا ہی

ولیس الینا شئ فکیف نذم وکیف نعاقب ثم اجاب بان هذا الوعید من الله تعالی سبب لحصول
ہماری اختیار مین کچھہ بہی نہین ہی بہلا کہو ہمکو کیون سرزنش ہی اور کیون عذاب ہوتا ہی بہر اوسنی یہہ جواب دیا کہ اللہ تعالی کی اس دہمکی سی ہمکو اعتقاد حاصل ہوتا ہی
الاعتقاد فینا وحصول الاعتقاد سبب لهیجان الخوف وهیجان الخوف سبب لترك الشهوات وترك
اور اعتقاد حاصل ہونی سی دل پر خوف الٰہی خوب طاری ہوتا ہی اور خوف کی جوش سی شہوات نفسانی چہوٹتی ہی اور
الشهوات سبب للوصول الی جوار الله تعالی والله سبحانه وتعالی مسبب الاسباب ومرتبها
شہوات نفسانی کی چہوٹنی سی قرب الٰہی حاصل ہوگا اور اللہ تعالی ہی تمام اسباب کا بنانیوالا اور آراستہ کرنیوالا ہی
فمن سبق له السعادة فی الازل یتیسر له هذه الاسباب حتی یقوده سلسلتها الی الخیر ومن لم یسبق
پہر جسکو ازل مین سعادت نی جالیا اوسکو یہہ تمام اسباب میسر ہوجاتی ہین آخر کو وہی سلسلہ اوسکو خیر کی طرف کہینچ لیجاتا ہی اور جسکو
له السعادة یکون بعیدا عن سماع کلام الله تعالی وکلام رسوله وکلام العلماء واذا لم یسمع لا یعلم
سعادت حاصل نہوئی تو وہ کلام الٰہی سنی اور نہ کلام اوسکی رسول کی مانی اور نہ کلام علماء کی قبول کری اور جب کچھہ نسنی تو بی علم رہا
واذا لم یعلم لا یخاف واذا لم یخف لا یترك الرکون الی الدنیا وشهواتها واذا لم یترك الرکون الی الدنیا
اور جب بی علم ہوا تو پہر کیا خوف ہوگا اور جب کچھہ خوف ہی نہوا تو دنیا کی رغبت اور اوسکی ہوا ہوس کب چہوڑیگا اور جب دنیا کی رغبت
وشهواتها یکون من حزب الشیطان وان جهنم لموعدهم اجمعین

المجلس الثامن فی بیان من یدخل الجنة ومن لا یدخلها من المطیع للرسول علیه السلام

اور اوسکی ہوا ہوس دلین سی نہ گئین تو شیطان کی گروہ مین داخل ہوا اور بیشک دوزخ ان سبکا ٹہکانا ہی مجلس آٹہوین بیان مین
اون لوگون کی جو بہشت مین جاوینگی اور جو شخص بہشت مین نہین جاوینگی رسول علیه السلام کی فرمان بردارون

والمخالفة له قال رسول الله صلی الله علیه وسلم کل امتی یدخلون الجنة الا من ابی قالوا
اور مخالفون مین سی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم نی میری تمام امت جنت مین داخل ہوگی سوای اوس شخصکی جو منکر ہوا
ومن ابی یا رسول الله قال من اطاعنی دخل الجنة ومن عصانی فقد ابی هذا الحدیث من صحاح
منکر کون ہی یا رسول اللہ فرمایا جسنی میرا کہا مانا وہ جنت مین داخل ہوگا اور جسنی میرا کہا نمانا وہ بیشک منکر ہوا یہہ حدیث مصابیح کی
المصابیح رواه ابو هریرة والمراد بالامة فیه یحتمل ان تکون امة الدعوة فعلی هذا فالابی هو الکافر
صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور مراد امت سی اس حدیث مین شاید کہ امت دعوت ہو اس تقدیر پر منکر کافر ہی ہین
فیکون المعنی ان کل من امن بما جئت به من عند الله تعالی یدخل الجنة اما قبل دخول النار
پہر معنی حدیث کی یہہ ہین کہ جو شخص یقین کریگا احکام کا جو مین اللہ کی طرف سی لایا ہون وہ جنت مین داخل ہوگا یا تو بدون داخل ہونی دوزخ کی
او بعد الخروج منها ومن ابی وامتنع عن الایمان بما جئت به من عند الله تعالی لا یدخل الجنة
یا دوزخ سی نکل کر اور جو شخص منکر ہوا اور باز رہا ایمان سی اون احکام پر جو مین لایا ہون اللہ کی طرف سی تو وہ جنت مین ہرگز نہین جاویگا
اصلا بل یبقی فی النار ابد الاباد ویحتمل ان یکون المراد بالامة امة الاجابة فعلی هذا فالابی هو
بلکہ ہمیشہ کو دوزخ ہی مین پڑا رہیگا اور شاید مراد اس امت سی امت اجابت یعنی اہل اسلام ہون اس تقدیر پر منکر وہ ہین جو
العاصی من امته علیه الصلوة والسلام فیکون المعنی من اطاعنی بعد ما امن بی وتمسك بسنتی
گناہ مین مبتلا ہین امت نبوی سی صلی اللہ علیه وسلم اب معنی حدیث کی یہہ ہین جسنی میرا کہا مانا مجہہ پر ایمان لاکر اور میری طریق مسنون پر عمل کیا
وعمل بشریعتی یدخل الجنة ولا یدخل النار اصلا ومن ابی بعدما امن بی وامتنع عن تمسك بسنتی
اور میری شریعت کو برتا وہ جنت مین داخل ہوگا اور دوزخ مین ہرگز نہین جاویگا اور جو منکر ہوا ایمان لاکر اور باز رہا میری سنت کی عمل سی

والعمل

والعمل بشریعتی واتبع هواه وضل عن سواء السبیل یبقی فی مشیئة الله تعالی ان شاء یعفو عنه
اور میری شریعت کی برتنی سی اور پیچھی لگا اپنی ہوا ہوس کی اور بہکا سیدہی راہ سی تو وہ خدا کی مشیت مین ہی چاہی اوسکو معاف کر کی
ویدخل الجنة بلا عذاب وان شاء یدخله النار ویعذب به فیها بقدر ذنبه ثم یخرجه منها ویدخله
بلا عذاب جنت مین داخل کری اور چاہی اوسکو دوزخ مین داخل کری اور موافق گناہون کی اوسمین عذاب دیکر پہر اوسمین سی نکال کر جنت مین داخل کری
الجنة والحاصل ان من اطاع مولاه وجاهد نفسه وهواه وخالف شیطانه ودنیاه یکون
اور حاصل یہہ ہی کہ جسنی اپنی مولی کی اطاعت کی اور مجاہدہ کیا اپنی جان سی اور ہوس سی اور مخالفت کی شیطان اور دنیا سی تو
الجنة منزله وماوله ومن تمادی فی غیه وعصیانه وارخی فی الدنیا زمام طغیانه ووافق
جنت اوسی کا گہر اور ٹہکانا ہی اور جو شخص کہپا رہا اپنی کجی اور نا فرمانی مین اور ڈہیلی ڈالدی دنیا مین باگ سرکشی کی اور پیروی کرتا رہا
هواه فی لذاته وشهواته یکون النار اولی به اذ قال الله تعالی فاما من طغی واثر الحیوة الدنیا فان
اپنی خواہش کی لذت اور شہوات مین تو دوزخ اسیکی لئی سزاوار ہی اسلئی کہ اللہ تعالی نی فرمایا ہی سو جسنی شرارت کی اور بہتر سمجہا دنیا کا جینا سو
الجحیم هی الماوی واما من خاف مقام ربه ونهی النفس عن الهوی فان الجنة هی الماوی وروی عن
دوزخ ہی ہی ٹہکانا اور جو کوئی ڈرا اپنی رب کی پاس کہڑی ہونی سی اور روکا جی کو چاؤ سی سو بہشت ہی ٹہکانا اور روایت ہی
ابی هریرة انه علیه السلام قال لا یدخل النار الا شقی قیل ومن الشقی یا رسول الله قال من لم یعمل
ابو ہریرہ سی کہ رسول علیہ السلام نی فرمایا دوزخ مین کوئی داخل نہوگا سوای شقی کی کسینی پوچہا شقی کون ہوتا ہی یا رسول اللہ فرمایا جسنی
لله بطاعة الله ومن لم یترک له معصیته فهو شقی وروی عن شداد بن اوس انه علیه السلام
خدا کی واسطی طاعت نکی اور جسنی اوسکی خوف سی گناہ کو نچہوڑا وہ شقی ہی اور روایت ہی شداد بن اوس سی کہ رسول علیہ السلام نی فرمایا چالاک عاقل
قال الکیس من دان نفسه وعمل لما بعد الموت والعاجز من اتبع نفسه هواها وتمنی علی الله فانه
وہ ہی جسنی خدا کی واسطی اپنی جان جہکادی اور آخرت کی واسطی عمل کیا اور عاجز نادان وہ ہی جو اپنی جان سی ہوا ہوس کی پیچہی پڑا رہا اور اللہ سی بیجا آرزو مانگی پس
علیه الصلوة والسلام بین فی هذا الحدیث ان العاقل من بذل نفسه ویجعلها مطیعة لامر
رسول علیہ الصلوة والسلام نی اس حدیث مین بیان فرمایا کہ ہوشیار وہ شخص ہی جو خوار کری اپنی جان کو اور اپنی جان کو امر الہی کی تابع بنادی
الله تعالی ویحاسبها فی الدنیا قبل ان یحاسب فی الاخرة فان وجدها عملت خیرا یشکر الله تعالی
اور اوسکا حساب دنیا مین سمجہ لی آخرت مین حساب ہونی سی پہلی پہر اگر معلوم ہو کہ اوسی اعمال خیر عمل مین آئی تو اللہ کا شکر بجا لادی
وان وجدها عملت شرا یستغفر الله تعالی ویتوب الیه ویتاسف علی ما ضیع من عمره ویستعد
اور اگر یہہ معلوم ہو کہ اعمال بد کئی ہین تو اللہ سی بخشش طلب کری اور اوسکی طرف رجوع کری اور اتنی عمر کی بربادی پر افسوس کری اور اپنی آخرت کی لئی سامان کری
لعاقبة امره بالتوجه الی صالح عمله والتنصل من سالف زلله والاشتغال بعبادة ربه فی جمیع احواله
نیک عمل کی طرف متوجہ ہو اور گذری ہوئی لغزشون سی بیزار رہو اور اپنی پروردگار کی عبادت کا ہر وقت شغل رکہی
فهذا هو الزاد لیوم المعاد والاحمق من یقصر فی امر مولاه ویسعی فی تحصیل هواه وهو مع تقصیره
یہہ ہی توشہ معاد کی دن کا اور احمق وہ ہی جو اپنی مولی کی کہا ماننی مین قصور اور اپنی خواہش حاصل کرنیمین کوشش کری اور وہ تسپر بہی کہ
فی طاعة ربه واتباع شهوات نفسه یتمنی علی الله تعالی فهذا هو الغرور لانه تعالی امر ونهی ثم
اپنی رب کی طاعت مین قاصر ہی اور اپنی نفس کی خواہش مین لگا چلا جاتا ہی اللہ سی آرزوئین مانگتا ہی پس غرور یہہ ہی ہی کیونکہ اللہ تعالی نی امر بہی کیا اور نہی بہی کی پہر
قال وان لیس للانسان الا ما سعی وروی عن ابی هریرة انه علیه الصلوة والسلام قال ما من احد یموت
فرمایا اور یہہ کہ آدمی کو وہ ہی ملتا ہی جو اوسنی کمایا اور روایت ہی ابو ہریرہ سی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ایسا کوئی نہین جو مر کر

الا ندم قالوا وما ندامته یا رسول الله قال ان کان محسنا ندم ان لا یکون ازداد وان کان
پچتاوی نہین عرض کیا پچتاوا کیا ہوگا یا رسول الله فرمایا اگر وہ شخص نیکو کار ہی تو پچتاویگا کہ مینی کیون نہین زیادہ عمل کیا اور اگر

مسیئا ندم ان لا یکون نزع فیا ایها العاقل لا تضیع عمرك فی الغفلة فاجتهد فی تحصیل متعة
بدکار ہی تو پچتاویگا کیون نہین باز رہا پس ای شخص ہوشیار غفلت مین اپنی عمر برباد مت کر سامان آخرت کی پیدا کرنی مین کوشش کر

الاخرة قبل ان یجیء یوم لا تقدر علی تحصیلها فی ذلك الیوم فانك عن قریب تعاین ذلك الیوم فتندم
اس سی پہلی کہ وہ دن آپہنچی کہ پہر تجھکو اوس روز حاصل کرنی کی کچھ طاقت نرہیگی تو ابہی نزدیک اوس دن کو دیکھ لیگا پہر

علی ما فات من عمرك ولا ینفعك الندم قال الامام الغزالی فی رسالته المسماة بایها الولد انی رایت
غفلت مین عمر برباد کئی ہوئی پر پچتاویگا اور اس ندامت سی کچھ فائدہ نہوگا امام غزالی اپنی رسالہ مین ایہا الولد جسکا نام ہی کہتی ہین مینی

فی الانجیل ان المیت من ساعة ان یوضع علی الجنازة الی ان یوضع الی شفیر القبر یسئله تعالی
انجیل مین دیکھا ہی کہ مردہ سی اتنی عرصہ مین کہ اوسکو جنازہ پر رکھہ کر قبر کی کناری پر لیجاکر رکہین الله تعالی اپنی عظمت سی

بعظمته اربعین سوالا اوله یقول عبدی طهرت منظر الخلق سنین وما طهرت منظری
چالیس سوال پوچھتا ہی پہلی یہہ ہی فرماتا ہی ای میری بندی پاکیزہ کیا تونی اپنی تن بدن کو برسون تک اور میری نظرگاہ کو

ساعة فانه ینظر فی قلبك کل یوم ویقول ما تصنع بغیری وانت محفوف بخیری اما انت اصم
ایک دم پاک نکیا کیونکہ الله تعالی ہرروز تیری دلکی طرف دیکھتا ہی اور فرماتا ہی توکیا کیا کرتا ہی اورون کی واسطی اور تو گہرا ہوا ہی میری انعام سی کیا تو بہرا ہی

لا تسمع وقد قال ابو سلیمان الدارانی لو لو یبك العاقل فیما بقی من عمره علی فوت ما مضی منه
سنتا نہین ابو سلیمان دارانی کہتی ہین اگر عاقل افسوس سی نہ روئی اپنی بقیہ عمر مین بی عبادت غفلت مین گذری ہوئی عمر پر

فی غیر الطاعة لکان خلیقا ان یحزنه ذلك الی الممات قال الامام الغزالی انما قال هذا لان
تو اوسکو لایق ہی کہ مرتی دم تک اسہی غم مین رہی امام غزالی کہتی ہین ابو سلیمان نی یہہ بات اسلئی کہی ہی کہ

العاقل اذا ملك جوهرة نفیسة وضاعت منه فی غیر فائدة یبکی علیها لا محالة فاذا ضاعت
عاقل کو اگر کوئی نفیس جوہر ہاتہہ آجاتا ہی اور پہر وہ اوسکی ہاتہہ سی بی فائدہ جاتا ہی تو بیشک اوسکی غم مین روتا ہی پہر اگر وہ جوہر

منه وصار ضیاعها سببا لهلاکه یکون بکاؤه اشد فکل ساعة من العمر بل کل نفس منه
بی فائدہ گم ہو کر باعث ہو اوس شخص کی تباہی کا تو اور بہی زیادہ تر روتا رہیگا پس ہر ہر ساعت عمر کی بلکہ ہر ہر دم عمر کا

جوهرة نفیسة لا خلف لها ولا بدل لها لانها صالحة لان یوصلك الی سعادة الابد وینقذك
ایک نفیس جوہر ہی جسکا نہ کچھ عوض ہی اور نہ بدلہ کیونکہ وہ عمر اس قابل ہی کہ تجھکو سعادت ابدی مین پہنچا دی اور

من شقاوة السرمد وای جوهر انفس من هذه الجوهرة فاذا ضیعتها فی الغفلة فقد خسرت خسرانا
شقاوت دائمی سی بچا دی اور کونسا جوہر اس جوہر سی زیادہ نفیس ہوگا جب تونی اسکو غفلت مین برباد کیا تو تو صاف بڑی ہی ٹوٹی مین

مبینا فاذا صرفتها الی المعصیة فقد هلکت هلاکا مبینا فان کنت لا تبکی علی هذه المعصیة
مبتلا ہوا پہر اگر تونی اوسکو گناہون مین صرف کیا پہر تو ظاہر ہی کہ تو خوب تباہ ہوا پہر اگر تو اس خطا پر افسوس کرکی نہین روتا

فذلك لجهلك فمصیبتك بجهلك اعظم من کل مصیبة لکن الجهل مصیبة لا یعرف صاحبه
تو یہہ تیری جہالت ہی تیری جہالت کی مصیبت تمام مصیبتون سی بدتر ہی لیکن جہالت ایسی مصیبت ہوتی ہی کہ جاہل اوسکو

کونه مصیبة لان نوم الغفلة یحول بینه وبین معرفته والناس نیام فاذا ماتوا انتبهوا
مصیبت نہین سمجھتا کیونکہ خواب غفلت حایل ہوکر نہین سمجھنی دیتی اور آدمی اب تو سوتی ہین جب مرینگی تو جاگین گی

فعند ذلك ینکشف لكل مفلس افلاسه ولكل مصاب مصیبته فان الناس فی الاخرة ینقسمون الی عدة
اوسوقت ہر مفلس کو اوسکا افلاس کہل جاویگا اور ہر مبتلا کو اوسکی مصیبت معلوم ہوجاویگی بیشک بنی آدم آخرت مین کئی قسم پر ہونگی

اقسام القسم الاول قسم الفائزین وهم الذین قال الله تعالی فیهم فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم
پہلی قسم وہ جو اپنی مراد کو پہنچی وی وہ لوگ ہین جنکی حق مین اللہ تعالی فرماتا ہی سو کسی جیکو معلوم نہین جو چہپا دہرا ہی انکی واسطی

مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ قال النبی علیه السلام حكایة عن الله تعالی انی اعددت لعبادی
ٹہنڈک انکہون کی بدلہ اوسکا جو عمل کرتی تہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کی طرف سی بطور حکایت کی فرماتی ہین مین نی اپنی نیک کار بندون کی واسطی

الصالحین ما لا عین رات ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر والقسم الثانی قسم الهالكین وهم
وہ سامان تیار کیا ہی جو نہ کسی آنکہہ نی دیکہا اور نہ کانون نی سنا اور نہ کسی دل پر خطرہ مین گذرا اور دوسری قسم ہالکین کی ہی وی وہ لوگ ہین

الذین كذبوا بالحق ولم یصدقوا به فان سعادة الاخرة لا تكون الا فی القرب من الله تعالی والنظر الیه
جنہون نی حق کو جہٹلایا اور اوسکی تصدیق نکی بیشک سعادت آخرت کی بجز قرب الہی اور خدا کی دیدار کی نہین ہی

وذلك لا یحصل الا بالمعرفة التی یعبر عنها بالایمان والتصدیق وهم لما كذبوا بالحق ولم یصدقوا به
اور یہہ مرتبہ بدون معرفت کی جسکو ایمان اور تصدیق کہتی ہین حاصل نہین ہوسکتا ان لوگون نی ازبسکہ حق کو جہٹلایا اور تصدیق نکی

كانوا بعیدا عنه وهم عن ربهم یومئذ لمحجوبون وكل محجوب عن ربه یكون هالكا معذبا بنار الفراق
تو اس سعادت سی دور ہونگی اور وہ اپنی رب سی اوس روز البتہ اوٹ مین ہونگی اور جو شخص اپنی رب سی اوٹ مین رہا ہلاک ہوویگا جدائی کی آگ مین

ونار جهنم ابد الاباد والقسم الثالث فیه قسم المعذبین وهم الذین تحلوا باصل الایمان لكنهم قصروا فی العمل
اور دوزخ کی آگ مین ہمیشہ کو جلتا رہیگا اور تیسری قسم اسمین وہ جو عذاب دئی جاوینگی وہ لوگ ہین جنہون نی اصل ایمان تو حاصل کیا پر عمل مین جو سزاوار

بمقتضاه فان راس الایمان التوحید وهو نفی الشرك وهو اعتقاد العبد ان الله تعالی واحد فی ذاته وصفاته
ایمان کی تہا کوتاہی کی کیونکہ جزو اعظم ایمان کا توحید ہی یعنی نفی شرک کی اور وہ یہہ ہی کہ آدمی یہہ اعتقاد کری کہ اللہ تعالی ایک ہی اپنی ذات اور صفات

وافعاله وكل ما یظهر فی العالم لا یظهر الا بعلمه وارادته وخلقه ولا یستحق العبادة الا هو فعلی هذا
اور افعال مین اور عالم مین جو گذرتا ہی ہرگز نہین پیدا ہوسکتا بدون اوسکی علم اور ارادہ اور پیدا کرنی کی اور پرستش کی قابل سوای اوسکی اور کوئی نہین ہی اس تقریر کی موافق

كل من یقول لا اله الا الله یصیر كانه یقول انی اعتقدت انه تعالی واحد فی ذاته وصفاته وافعاله
جو شخص زبان سی کہتا ہی لا الہ الا اللہ گویا وہ کہتا ہی مین نی یقین کیا کہ اللہ تعالی ایک ہی اپنی ذات اور صفات اور افعال مین

ولا یظهر فی العالم شئ الا بعلمه وارادته وخلقه ولا یستحق العبادة الا هو وانی التزمت عبادته
اور عالم مین کوئی امر پیدا نہین ہوسکتا بدون اوسکی علم اور ارادہ اور پیدا کرنی کی اور کوئی نہین سزاوار پرستش کا سوا اوسکی اور میری ذمہ ہی اوسکی عبادت

ولا اعبد الا ایاه وبعد هذا الاعتراف كل من اتبع هواه فقد اتخذ الهه هواه وهو موحد بلسانه
اور مین کسیکی عبادت نکرونگا سوای اوسکی اور یہہ اقرار کرکر جو شخص اپنی ہوا ہوس کی پیچہی پڑی تو اوسنی بیشک اپنا معبود ہوا ہوس کو ٹہرالیا اب وہ شخص فقط زبان سی

فقط والتوحید لا یكمل الا بالاستقامة علیه ومن لم یستقم علیه ولو فی امر یسیر بل اتبع هواه
توحید کا قائل ہی اور توحید بدون استقامت کی پوری نہین ہوتی اور جو شخص توحید پر قایم نرہی اگرچہ ادنی کار مین بلکہ وہ اپنی ہوا ہوس کی پیچہی پڑی

ولو فی فعل قلیل یكون خارجا عن سواء السبیل وذلك قادح فی كمال التوحید ولعدم خلو بشر عن
اگرچہ چہوٹی سی کار مین وہ سیدہی رستہ سی بیراہ ہی اور اسی کمال توحید کو بٹا لگتا ہی اور اسیلئی کہ اکثر آدمی اکثر اوقات کامل توحید پر

ذلك فی غالب الامر قال الله تعالی وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا فیكون ورود كل احد علی النار متیقنا وانما
قایم نہین رہتی اللہ تعالی فرماتا ہی ایسا کوئی نہین جو اوسپر نگذری پس یقیناً آگ سب کی گذرگاہ ہی

الشك فیمن ینجو منها وقد جاء فی بعض الاخبار ما یدل علی ان اخر من یخرج منها یخرج بعد سبعة الاف
شک اسمین ہی کہ کون کون نجات پاویگا بعضی حدیثون مین ایسا آیا ہی جسّی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ سب سی پیچہی دوزخ مین سی نکلنی والا سات ہزار برس کی بعد نکلیگا
سنة وبعضهم یجوز منها کبرق خاطف فلا یکون له فیها لبث وبعضهم یمکث فیها لحظة وبین اللحظة
اور بعضی اوسمین سی ایسی گذر جاویگی جیسی چمکتی بجلی ایسی شخصکو دوزخ مین ذرہ بہر درنگ نہوگی اور بعضی دوزخ مین لحظہ بہر ٹہرینگی ایک لحظہ سی
وسبعة الاف سنة درجات متفاوتة من الیوم والاسبوع والشهر والسنة والسنتین وسائر العدد
سات ہزار برس کی اندر اندر بہت سی درجہ متفاوت ہین جیسی ایک دن یا ایک ہفتہ یا ایک مہینہ ایک برس دو برس اور باقی تمام گنتی
واما الاختلاف بالشدة فلا نهایة لاعلاه وادناه التعذیب بالمناقشة فی الحساب فان اختلاف عذاب
اور رہا حال سختی کا اوسکی اعلی درجہ کا تو کچہہ ٹہکانا نہین اور کم سی کم عذاب حساب کی گرفت ہی سختی سی کیونکہ اختلاف آخرت کی عذاب کا
الاخرة وثوابها بحسب قوة الایمان وضعفه وکثرة الطاعات وقلتها وکثرة الذنوب وقلتها وشواهد
اور ثواب کا موافق ایمان کی قوت اور سستی کی ہی اور باعتبار زیادتی اور کوتاہی عبادت کی اور بلحاظ کثرت اور قلت گناہونکی اور گواہ
هذا فی القران قوله تعالی الیوم تجزی کل نفس بما کسبت لا ظلم الیوم وقوله تعالی وان لیس للانسان الا
اسکی قرآن مین ہین قول اللہ تعالی کا آج بدلا دی جاویگی ہر جان جو جو اوسنی کیا تہا آج ظلم نہین ہی اور قول اللہ تعالی کا اور یہہ کہ آدمی کو وہ ہی ملتا ہی
ما سعی وقوله تعالی فمن یعمل مثقال ذرة خیرا یره ومن یعمل مثقال ذرة شرا یره وغیر ذلك مما ورد فی کتاب
جو کمایا اور قول اللہ تعالی کا سو جسنی ذرہ بہر بہلائی کی وہ دیکہہ لیگا اور جسنی ذرہ بہر برائی کی وہ دیکہہ لیگا اور سوا اسکی جو اور کتاب مجید مین
الله تعالی وسنة رسوله من کون الثواب والعقاب جزاء الاعمال فعلی هذا کل من احکم اصل الایمان
اور سنت رسول یعنی حدیث مین وارد ہی کہ ثواب اور عذاب دونو بدلا عملونکا ہی پس اس بیان کی موافق جسنی اصل ایمان کو درست اور محکم کیا
واحسن جمیع الفرایض التی هی الارکان الخمسة للاسلام باتیان کلمتی الشهادة واقامة الصلوة وایتاء الزکوة
اور تمام فرایض اچہی طرح اداکئی یعنی پانچون رکن اسلام دونو کلمی شہادت کی پڑہی اور نماز کو قایم رکہی اور زکوہ اداکرتا رہا
وصوم رمضان وحج البیت واجتناب الکبائر ولم یصدر منه الا صغائر متفرقة من غیر ان یصر علیها
اور روزی رمضان کی رکہی گیا اور حج بیت اللہ کا کیا اور کبیرہ گناہونسی بچتا رہا اور اوسی سوا متفرق صغیرہ بدون اصرار کی یعنی دہٹہ جانی کی کوئی عمل مین
وادنی معنی ارتکاب الکبائر والاصرار علی الصغائر بمعنی الاکثار فیها سواء کانت من نوع واحد ومن
اور کم سی کم کبیرہ عمل کرنی سی اور صغیرہ پر اصرار کرنیسی مراد یہہ ہی کہ اکثر اوقات اوسمین مبتلا رہی برابر ہی کہ وہ گناہ ایک ہی طرح کا ہو یا
انواع مختلفة یشبه ان یکون عذابه بالمناقشة فی الحساب فاذا حوسب یرجح حسناته علی سیاته
کئی طرح کی ہون تو قریب بہ یقین ہی کہ ایسی شخصکا عذاب حساب مین سخت گیری کا ہو پہر جب حساب ہو چکیگا تو اوسکی حسنات کو برائیون پر غلبہ ہو جاویگا
اذ قد جاء فی الحدیث ان الصلوات الخمس والجمعة الی الجمعة ورمضان الی رمضان مکفرات لما بینهن
اسواسطی کہ حدیث مین آیا ہی کہ بیشک پانچون نمازین اور جمعہ اگلی جمعہ تک اور رمضان اگلی رمضان تک اوتارڈالتی ہین بیچ کی صغیرہ کی گناہونکو
سوی الکبائر وکذا اجتناب الکبائر مکفر للصغائر بحکم نص القران وهو قوله تعالی ان تجتنبوا کبائر
سوای کبیرہ گناہون کی اور ایسی ہی کبیرہ گناہ سی بچتی رہنا اوتار ڈالتا ہی صغیروں کو قرآن کی صاف حکم سی وہ یہہ قول اللہ تعالی کا ہی اگر تم بچتی رہوگی بڑی عملونسی
ما تنهون عنه نکفر عنکم سیاتکم واقل درجات التکفیر ان یدفع العذاب اذا لم یدفع الحساب
جو تمکو منع ہوئی ہین تو ہم اوتار دینگی تمسی گناہ تمہاری اور کم سی کم درجہ معافی کا یہہ ہی کہ عذاب موقوف ہو اگر حساب موقوف نہو
وکل هذا حاله یکون ممن ثقلت موازینه فهو فی عیشة راضیة هذا حال من اجتنب جمیع الکبائر
اور ایسی ہی لوگ ہونگی جنکی تولین بہاری ہونگی سو وہ نہایت پسندیدہ ارام مین ہین یہہ حال تو اوسکا ہی جو تمام کبائر سی بچتا رہا

وآخر

وادی جمیع الفرائض واما من ارتکب بعضا من الکبائر او ترک بعضا من الفرائض فانه ان تاب توبة
اور ادسنی تمام فرایض ادا کئی اور جسنی کچھہ کبیرہ گناہ بہی کئی اور کوی کوی فرض بہی ادا نکیا تو ایسی شخص نی اگر کامل توبہ کی
نصوحا قبل قرب الاجل یلتحق بمن لم یرتکب ذنبا لان التائب من الذنب کمن لا ذنب له والثوب المغسول
حالت نزع سی پہلی تو یہہ اونہین شامل ہی جسنی کوئی گناہ نہین کیا اسلئی کہ گناہ سی توبہ کرنیوالا ایسا ہی جیسی بی گناہ اور دہویا ہوا کپڑا ایسا ہوتا ہی
کالثوب الذی لم یتوسخ وان لم یتب بل مات قبل التوبة فامره مخطر عند الموت اذ ربما یکون موته علی
جیسی میلا نہین ہوا اور اگر توبہ نہین کی بلکہ توبہ سی پہلی مرگیا تو اوسکی حق مین مرتی وقت کا اندیشہ ہی اسواسطی اکثر اوقات ایسی موت
الاصرار سببا لزوال ایمانه فیختم له بسوء الخاتمة ویبقی فی جهنم ابد الاباد وان لم یختم له سوء الخاتمة
اصرار پر باعث ایمان کی زوال کی ہوجاتی ہی پہر اوسکا خاتمہ بد ہوگا اور ہمیشہ کو دوزخ مین پڑا رہیگا اور اگر اوسکا خاتمہ بد نہوا
بل مات علی الایمان فان لم یعف الله تعالی یعذب عذابا یزید علی عذاب المناقشة فی الحساب ویکون
بلکہ ایمان سی موا پہر اگر اللہ تعالی نی معاف نکیا تو اوسکو ایسا عذاب ہوگا جو حساب مین سختگیری کی عذاب سی زیادہ ہو اور
کثرة العقاب من حیث المدة بحسب کثرة الاصرار ومن حیث الشدة بحسب شدة قبح الکبائر ومن حیث
افزایش عذاب کی درازی مدت سی باعتبار زیادتی اصرار کی ہوگی اور افزایش سختی مین باعتبار سختی گناہ کی ہوگی اور
اختلاف النوع بحسب اختلاف انواع المعاصی وعند انقضاء مدة العقاب ینزل فی درجات اصحاب
تبدیل عذاب کی باعتبار تبدیل گناہ کی یعنی جیسا گناہ ویسا ہی عذاب ہوگا اور بعد گذرجانی مدت عذاب کی وہ شخص اونکی مرتبہ مین شامل ہوویگا جنکو
الیمین وفی الخبر ان اخر من یخرج من النار یعطی مثل الدنیا کلها عشرة اضعاف ولا یخرج من النار الا موحد
اعمالنامہ داہنی ہاتہہ مین ملینگی اور حدیث مین ہی کہ سب سی پیچہی جو دوزخ سی باہر آویگا اوسکو تمام دنیا سی دس گونہ زیادہ عنایت ہوگا اور دوزخ مین سی سوا موحد کی
ولیس المراد من الموحد من یقول بلسانه لا اله الا الله فقط لان اللسان من هذا العالم الذی یعبر عنه
کوئی خلاص نہوویگا اور موحد سی مراد وہ شخص نہین ہی جو صرف زبان سی لا اله الا الله کہا کری اسلئی کہ زبان آلہ اس عالم کا ہی جسکو
بعالم الملک والشهادة فلا ینفع النطق به الا فی هذا العالم حیث یدفع سیف المسلمین عن رقبته وایدی
عالم ملک اور شہادت کہتی ہین سو زبانی کلمہ پڑہنی سی صرف اسی عالم مین فائدہ ہوگا اسواسطی کہ تلوار مسلمانون کی اوسکی گردن سی دور رہی گی اور ہاتہہ
الغانمین عن ماله ومدة الرقبة والمال مدة الحیوة واذا لم یبق الرقبة والمال لا ینفع النطق به وانما ینفع الصدق
غنیمت کرنیوالون کا اسکی مال سی الگ رہیگا اور گردن اور مال تو زندگی بہر ہی پہر جب گردن اور مال نرہیگا یعنی بعد موت کی وہ کلمہ پڑہنا کچھہ کام نہ آویگا
فی التوحید وکمال التوحید الاستقامة علی فعل المامورات وترک المنهیات ولا یاتی ذلک الا بغلبة الیقین
توحید مین صرف تصدیق کام آویگی اور کمال توحید کا مامورات کی عمل کرنی پر اور منہیات کی ترک کرنی پر قایم رہنی سی ہی اور یہہ بات حاصل نہین ہوتی
علی القلب بعد نفی الشک عنه فان من غلب علی ظنه ان من یعمل مثقال ذرة خیرا یره ومن یعمل مثقال ذرة
جبتک دل پر یقین غالب نہو اور شک دل مین سی نجاتا رہی کیونکہ جسکی گمان مین یہہ بات جم گئی کہ جو ذرہ بہر بہلائی کو عمل مین لاویگا وہ دیکہیگا اور جو ذرہ بہر برائی کریگا
شرا یره لا شک ان یحرص علی تحصیل الطاعات ویحفظ قلیلها وکثیرها ویترک الذنوب والسیات
سو دیکہیگا تو بیشک وہ شخص جہان تک بنی عبادت کو حاصل کریگا اور عبادت مین سی تمام چہوٹی اور بڑی کی حفاظت کریگا اور تمام گناہ اور برائیون کو چہوڑیگا
ویجتنب صغیرها وکبیرها وقلیلها وکثیرها وهذا هو الایمان الحقیقی والتوحید الیقینی والناس فی هذا
اور تمام صغیرہ اور کبیرہ سی اور تہوڑی اور بہت سی بچیگا اور یہہ ہی حقیقی ایمان اور یقینی توحید ہی اور آدمی اس توحید کی اندر
التوحید متفاوتون فمنهم من له توحید مثل الجبال ومنهم من له توحید مثل دینار ومنهم من له توحید
مختلف درجہ کی ہین بعضی وہ ہین جنکی توحید برابر پہاڑ کی ہی اور بعضی ایسی ہین جنکی توحید برابر دینار کی ہی اور بعضی ایسی کہ جنکی توحید

مقدار خردلة وذرة فمن فی قلبه مثقال دینار من الایمان فهو اول من یخرج من النار واٰخر من یخرج
برابر دانہ رائی اور ذرّہ کی ہی پہر جسکی دل مین ایمان برابر دینار کی ہی وہ سب سی پہلی دوزخ کی اندرسی باہر آویگا اور سب سی پیچہی دوزخ کی

منها من فی قلبه مقدار ذرة من الایمان واکثر ما یدخل الموحدین النار مظالم العباد وقد جاء فی الاثر
اندرسی وہ نکلیگا جسکی دل مین ایمان برابر ذرہ کی ہی اور موحد آدمی اکثر دوزخ مین بسبب حق العباد کی جاوینگی اور حدیث اثر مین آیا ہی

ان العبد لیوقف بین یدی الله تعالی وله حسنات امثال الجبال لو سلمت له لکان من اهل الجنة فیقوم
کہ ایک شخص سامنی اللہ تعالی کی کہڑا ہوگا اور اوسکی حسنات پہاڑ کی برابر ہون گی اگر وہ سب اوسکی لئی بچی رہتین تو بیشک جنتی ہوتا پہر اوسکی

اصحاب المظالم فکان قد سبّ هذا وضرب هذا واستخدم هذا واخذ مال هذا فیقتصّ من حسناته
مدعی کہڑی ہونگی اوسنی اوسکو گالی دی تہی اور اوسکو مارا تہا ایک سی خدمت لی تہی کسیکا مال چہین لیا تہا اب ان سبکا بدلہ اوسکی حسنات مین سی

حتی لا یبقی له حسنة فیقول الملئکة یا ربنا قد فنیت حسناته وبقی الطالبون کثیر فیقول الله تعالی
قیم کہتا ہی اپنی کتاب اغاثہ مین اس سی معلوم ہوتا ہی کہ اونکی نزدیک وہ ہی مقرر تہا جو کہ اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی قبر نزدیک نماز پڑہنی سی منع فرمایا تہا
القبور وفعل الانس لا يدل على اعتقاده جوازهُ اذ يحتمل ان لم يره او لم يعلمه انه قبر او ذهل عنه
اور انس کی نماز پڑہنی کچہہ نہین ثابت ہوتا کہ اونکی نزدیک جایز تہا اسواسطی شاید کہ انس نی قبر نہ دیکہی ہو یا اونکو نہ معلوم ہو کہ یہان قبر ہی یا خیال نرہا ہو
فلما نبهه عمر تنبّه ومنها اتخاذها عيدا كما اتخذ المشركون من اهل الكتاب قبور انبيائهم
جب عمر نی اونکو جتلایا تو خبردار ہوئی اور ایک یہہ کہ قبرون کو عید بناتی ہین جیسی اہل کتاب کی مشرکون نی اپنی انبیاء
وصلحائهم عيدا فانهم كانوا يجتمعون لزيارتها ويشتغلون باللغو والطرب فيها فنهى النبى عليه
اور صلحاء کی قبرون کو عید بنایا تہا بیشک وہ مشرک زیارت کی واسطی جمع ہو کر لغو اور خوشی مین مشغول رہتی تہی سو نبی علیہ
السلام امته عن ذلك كما روى عن ابى هريرة انه عليه السلام قال لا تجعلوا قبرى عيدا فصلوا
السلام نی اپنی امت کو اس سی منع کیا چنانچہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی میری قبر کو عید مت بنا لینا میری واسطی درود
علىّ فان صلوتكم تبلغنى حيث كنتم فان قبره عليه السلام مع كونه سيد القبور وافضل قبر
پڑہو بیشک تمہاری درود میری پاس پہنچیگی جہانسی پڑہو گی بیشک قبر علیہ السلام کو باوجودیکہ تمام روی زمین کی قبرونسی بہتر اور افضل ہی
على وجه الارض اذا وقع النهى عن اتخاذه عيدا فقبر غيره كائنا من كان اولى بالنهى ثم انه عليه
جب ممانعت واقع ہوئی عید بنانی سی تو اور قبرین چاہی کسی کی ہو اکری واسطی ممانعت کی لایق تر ہی پہر پیغمبر علیہ
السلام اشار بقوله فصلوا علىّ فان صلوتكم تبلغنى حيث كنتم الى انّ ما ينال له من امته من
السلام نی بطور اشارہ کی اس قول سی درود پڑہو میری اوپر پس درود تمہاری مجھکو پہنچتی ہی جہانسی پڑہو گی یہہ فرمایا کہ امت کی طرف سی
الصلوة والسلام عليه يحصل له مع قربهم من قبره وبعدهم عنه فلا حاجة لهم الى اتخاذه
درود اور سلام آپ کو حاصل ہوتا ہی قبر سی نزدیک ہون یا دور ہون پہر کیا حاجت ہی کہ آپکی قبر کو
عيدا لان فى اتخاذ القبور عيدا من المفاسد ما لم يعلمه الا الله تعالى فان غلاة متخذيها
عید بناوین اسواسطی کہ قبرون کو عید بنانی مین وہ فساد ہین جسکو خدا کی سوا کوئی نہین جانتا بیشک کئی گور پرست جو قبرون کو
عيدا اذا راوها من مكان بعيد ينزلون عن دوابهم ويكشفون رءوسهم ويضعون جباههم على الارض
عید بناتی ہین جب اوس قبر کو دور سی دیکہتی ہین تو سواری پر سی پیادہ ہو جاتی ہین اور ننگی سر ہو کر سجدہ مین گر پڑتی ہین
ويقبلون الارض ثم انهم اذا وصلوا اليها يصلون عندها ركعتين ثم ينتشرون حول القبر
اور زمین چومتی ہین پہر جب پاس جاتی ہین تو دو رکعت نفل ادا کرتی ہین پہر قبر کی گرد قربان ہوتی ہین

طائفین به تشبیها له بالبیت الحرام الذی جعله تعالی مبارکا وهدی للانام ثم یلحدون
قبر کو بیت اللہ کی مانند سمجھ کر جسکو اللہ تعالی نی برکت والا اور خلقت کی لئی ہدایت بنایا ہی پہر

فی التقبیل والاستلام کما یفعل الحجاج فی المسجد الحرام ثم یعفرون جباههم وخدودهم
بوسہ دینا اور چومنا شروع کرتی ہیں جیسی حاجی مسجد الحرام میں کرتی ہیں پہر وہانکی مٹی اپنی چہروں اور گالوں کو لگاتی ہیں

ثم یکملون مناسك حج القبر بالحلق والتقصیر ثم یقربون لذلك الوثن القرابین فلا یکون
پہر تمام اداب حج قبر کی سر منڈا کر اور لٹ کٹا کر پوری کرتی ہیں پہر اوس بت پر قربانیاں ذبح کرتی ہیں پس

صلاتهم ونسکهم وقربانهم وما یراق هناك من العبرات ویرفع من الاصوات ویطلبه من
اونکی نمازیں اور اداب حج اور قربانیاں اور اونکا آنسو بہانا اور چیخ کر رونا اور پکارنا اور حاجتیں

الحاجات ویسئل من تفریج الکربات واغناء ذوی الفاقات ومعافات اولی العاهات والبلیات
مانگنی اور سوالات کشایش سختیوں کی اور غنی کرنا فاقہ کشوں کا اور درگذر کرنی صاحب مصیبت اور بلیات سی

لله تعالی بل للشیطان فان الشیطان لبنی ادم عدو مبین یصدهم بانواع مکائده عن
واسطی اللہ تعالی کی نہیں ہیں بلکہ واسطی شیطان کی ہیں بیشک شیطان بنی آدم کا کہلا دشمن ہی طرح طرح کی مکروں سی بنی آدم کو

الطریق المستقیم ومن اعظم مکائده ما نصبه للناس من الانصاب التی هی رجس من عمل
سیدہی راہ سی روکتا ہی اور اوسکا بڑا مکر یہہ ہی کہ واسطی بنی آدم کی بت مقرر کیا ہی جو نجس ہی کام

الشیطن وقد امر الله المؤمنین باجتنابها وعلق فلاحهم بذلك الاجتناب فقال یا ایها
شیطان کا اور اللہ تعالی نی حکم کیا ہی مؤمنین کو اوس سی بچنی کا اور مراد ملنی اوس بچنی پر متعلق کی ہی فرمایا ای

الذین امنوا انما الخمر والمیسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشیطن فاجتنبوه
ایمان والو یہہ جو ہی شراب اور جوا اور بت اور پانسی گندی کام ہیں شیطان کی سو اونسی بچتی رہو

لعلکم تفلحون فالانصاب جمع نصب بضمتین او جمع نصب بالفتح والسکون وهو کل ما نصب
شاید تمہارا بہلا ہو انصاب نصب کی جمع ہی ساتھ پیش نون اور صاد کی یا جمع نصب کی ساتھ زبر نون اور سکون صاد کی اوسکی معنی جو چیز کہ

وعبد من دون الله تعالی من شجر او حجر او قبر او غیر ذلك والواجب هدم ذلك کله ومحو اثره
واسطی عبادت کی سوا اللہ تعالی کی مقرر کیا گیا درخت ہو یا پتھر یا قبر یا سوا انکی اور ان سبکا مسمار کر دینا واجب ہی اور اوسکا نشان مٹا دینا

کما ان عمر لما بلغه ان الناس یتنا ولون الشجرة التی بویع تحتها بالنبی علیه السلام ارسل الیها
جیسی حضرت عمر نی جب سنا کہ لوگ ہر وقت آتی جاتی ہیں اوس درخت پر جسکی نیچی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی بیعت کی تہی تو آدمی بہیجکر

فقطعها فاذا کان عمر فعل هذا بالشجر التی بایع الصحابة رسول الله علیه السلام تحتها و
کٹوا ڈالا پس جب حضرت عمر نی یہہ حال کیا اوس درخت کا جسکی نیچی صحابہ نی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی بیعت کی تہی اور

ذکر الله تعالی فی القران حیث قال لقد رضی الله عن المؤمنین اذ یبایعونك تحت الشجرة
اللہ تعالی اوسکو قرآن میں یاد کرتا ہی بیشک اللہ خوش ہوا ایمان والوں سی جب ہاتہہ ملانی لگی تجہسی اوس درخت کی نیچی

فماذا یکون حکمه فیما عداها من هذه الانصاب التی قد عظمت الفتنة بها واشتدت البلیة
پس کیا حکم ہونا چاہئی سوا اوس درخت کی ان انصاب کا جنکی سبب سی کتنا بڑا فتنہ اور کیسی سخت بلا ہی

بسببها وابلغ من ذلك انه علیه السلام هدم مسجد الضرار ففی هذا دلیل علی هدم ما هو اعظم
اور اس سی بہی بڑہکر یہہ بات ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی مسجد ضرار کو گروا دیا اسمیں دلیل ہی واسطی گرا دینی اوسکی جسکا بڑا فساد ہو

فساداً منه کالمساجد المبنیة علی القبور فان حکم الاسلام فیها ان ینهدم کلها حتی یساوی بالارض
اوسکی جسکا بڑا فساد ہو جیسی مسجدین جو قبرون پر بنائی گئی ہین بیشک حکم اسلام کا اس باب مین یہہ ہی کہ ان سبکو ڈھاکر زمین سی برابر کر دین
وکذا القباب التی بنیت علی القبور یجب هدمها لانها اسست علی معصیة الرسول ومخالفته وکل
اور ایسی ہی گنبد اور برج کہ قبرون پر بنائی گئی ہین سبکا ڈہا دینا واجب ہی اسواسطی کہ سبکی بنیاد رسول کی نا فرمانی اور مخالفت پر ہی اور جو
بناء اسس علی معصیة الرسول ومخالفته فهو بالهدم اولی من مسجد الضرار لانه علیه السلام نهی البناء
عمارت کہ بنیاد رکہی جاوی رسول کی نافرمانی اور مخالفت پر اوسکا گرا دینا بہتر ہی بہ نسبت مسجد ضرار کی اسواسطی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی قبرون پر بنا
علی القبور ولعن المتخذین علیها مساجد فیجب المبادرة والمسارعة الی هدم ما نهی عنه رسول الله صلی الله علیه
منع فرمایا ہی اور لعنت کی ہی جو قبرون پر مسجدین بنادین پس واجب ہوا جلد بہی شتاب گرا دینا عمارت کا جس سی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی منع فرمایا ہی
ولعن فاعله وکذلك یجب ازالة کل قنادیل وسراج وشمع اوقدت علی القبور لان فاعل ذلك ملعون بلعنة رسول
اور اوسکی بنانیوالی کو لعنت کی ہی اور ایسی ہی واجب ہی دور کرنا قندیل اور چراغ اور شمع کا جو قبرون پر روشن کیجاوین اسواسطی کہ روشنی کرنیوالا ملعون ہی رسول اللہ
الله علیه السلام فکل ما لعن فیه رسول الله علیه السلام فهو من الکبائر ولهذا قال العلماء لا یجوز ان ینذر
علیہ السلام کی لعنت سی اور جس امر پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی لعنت کی ہی وہ گناہ کبیرہ ہی اسہی واسطی علما کہتی ہین کہ منت مانی
للقبور شمع ولا زیت ولا غیر ذلك فانه نذر معصیة لا یجوز الوفاء به بل یلزم الکفارة مثل کفارة الیمین
قبرون پر روشنی کی اور تیل کی اور ما سوا اسکی جایز نہین ہی کیونکہ یہہ منت گناہ کی ہی اسکا پورا کرنا جایز نہین بلکہ کفارہ مثل کفارہ قسم کی لازم ہی
ولا ان یوقف علیها شیء من ذلك فان هذا الوقف لا یصح ولا یحل اثباته وتنفیذه وقال الامام ابوبکر الطرطوسی
اور نہ وقف کیجاوی قبرون کی واسطی کچہہ انہین سی بیشک یہہ وقف صحیح نہین اور نہ ثابت رکہنا حلال اور نہ جاری کرنا اور امام ابوبکر طرطوسی کہتی ہین
انظروا رحمکم الله تعالی اینما وجدتم شجرة یقصدها الناس ویعظمونها ویرجون البرء والشفاء من
خیال کرو تمپر خدا کی رحمت ہو جسجگہہ تمکو ایسا درخت معلوم ہو کہ لوگ اوسپر تعظیم کرکی آتی ہین اور صحت اور شفاء اوسکی وسیلہ سی امید رکہتی ہین
قبلها ویضربون بها المسامیر والخرق فهی ذات انواط فاقطعوها وذات انواط شجرة للمشرکین کانوا
اور اوسمین میخین گاڑتی ہین اور چلہ باندہتی ہین پس وہ ذات انواط ہی اوسکو کاٹ ڈالو اور ذات انواط مشرکون کا درخت تہا
یعلقون علیها اسلحتهم وامتعتهم ویعکفون حولها کما روی البخاری فی صحیحه عن ابی واقد اللیثی
اوسپر اپنی ہتیار اور اسباب لٹکاکر اوسکی گرد چلہ کشی کرتی تہی چنانچہ بخاری اپنی صحیح مین ابو واقد لیثی سی روایت کرتا ہی
انه قال خرجنا مع رسول الله صلی الله وسلم قبل حنین ونحن حدیث عهد بالاسلام وللمشرکین سدرة
کہ وہ کہتا ہی کہ ہم ہمراہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حنین کی طرف چلی اور ہم نئی نئی مسلمان تہی اور مشرکون کا ایک درخت بیری کا تہا
یعکفون حولها وینوطون بها اسلحتهم وامتعتهم یقال لها ذات انواط فمررنا بسدرة فقلنا یا رسول الله
اوسکی گرد چلہ کیا کرتی تہی اور اوسپر اپنی ہتیار اور اسباب لٹکادیتی تہی اوسکا نام ذات انواط تہا جب ہم اوس درخت پر گذری تو عرض کیا یا رسول اللہ
اجعل لنا ذات انواط کما لهم ذات انواط فقال النبی صلعم الله اکبر هذا کما قال بنو اسرائیل اجعل لنا الها کما لهم
ہماری واسطی بہی ذات انواط مقرر کرو جیسی اونکا ذات انواط ہی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اللہ اکبر یہہ ایسا قول ہی جیسی بنی اسرائیل نی کہا تہا ہماری واسطی معبود مقرر کرو کہ
الهة ثم قال انکم قوم تجهلون لترکبن سنن من کان قبلکم فاذا کان اتخاذ هذه الشجرة لتعلیق الاسلحة
جیسی انکی معبود ہین پہر یہہ کہا تم جاہل قوم ہو البتہ اختیار کروگی تم رستہ انکی جو پہلی گذری سو جب مقرر کرنا درخت کا ہتیار لٹکانی کیواسطی اور گرد جا بیٹہنی کی برابر معبود مقرر کرنی کی
والعکوف حولها اتخاذ اله مع الله تعالی مع انهم لا یعبدونها ولا یسئلونها شیئا فما الظن بغیرها مما یقصده الناس
ساتہہ اللہ تعالی کی باوجودیکہ یہہ اوس درخت کو پوجتی نہی اور نہ کچہہ حاجت مانگتی تہی پہر اوسکی سوا کا کیا خیال کرتا ہی جسکا قصد لوگ کرتی ہین

من شجر او حجر او قبر ويعظمونه ويرجون منه الشفاء ويقولون ان هذا الشجر او هذا الحجر او هذا القبر
درخت ہو یا پتھر یا قبر اور اوسکی تعظیم کرتی ہیں اور امید شفا کی رکھتی ہیں اور کہتی ہیں کہ یہہ درخت یا یہہ پتھر یا یہہ قبر

يقبل النذر الذي هو عبادة وقربة ويتمسحون بذلك النصب ويستلمونه ولقد انكر السلف التمسح بحجر المقام الذي
منتیں قبول کرتی ہیں کہ جو عبادت اور قربت ہیں اور اوس بت پر ہاتہ ملتی ہیں اور اوسکو ہاتہہ یا لب سی چومتی ہیں اور منع کیا ہی سلف نی ہاتہہ ملنی سی مقام ابراہیم

امر الله تعالى ان يتخذ منه مصلى كما ذكره الازرقي عن قتادة في قوله تعالى واتخذوا من مقام ابراهيم
کی پتہر پر جسکا الله تعالى نی یہہ حکم کیا ہی کہ اوسکو نماز کی جگہ بناؤ چنانچہ ازرقی قتادہ سی روایت کرتا ہی تفسیر میں اس آیت کی اور پکڑو مقام ابراہیم سی

مصلى قال ان الناس امروا ان يصلوا عنده ولم يؤمروا ان يمسحوه بل اتفق العلماء على انه لا يستلم ولا يقبل الا
نماز کی جگہ کہتا ہی کہ لوگوں کو یہہ حکم ہی کہ اوسکی پاس نماز پڑہیں یہہ حکم نہیں ہی کہ اوسپر ہاتہ ملیں بلکہ علما کا اسپر اتفاق ہی کہ نہ ہاتہ سی چوما جاوی اور نہ بوسہ دیا جاوی سوای

الحجر الاسود واما الركن اليماني فالصحيح انه يستلم ولا يقبل وهذا الشيطان في كل حين وزمان ينصب لهم قبر
حجر اسود کی اور رکن یمانی میں صحیح یہہ ہی کہ ہاتہ سی چوما جاوی اور بوسہ نہ دیا جاوی اور یہہ شیطان دمبدم اونکی لئی کہ کسی بزرگ شخص کی قبر جسکی لوگ

معظم يعظمه الناس ثم يجعله وثنا يعبد من دون الله تعالى ثم يوحي الى اوليائه ان من نهى عن عبادته
تعظیم کرتی ہوں نصب بنا دیتا ہی پہر رفتہ رفتہ اوسکو بت بنا کر پرستش کراتا ہی سوای الله تعالى کی پہر گور پرستوں کی دلمیں یہہ پیدا کرتا ہی کہ جو شخص گور پرستی سی

وعن اتخاذه عيدا وعن جعله وثنا فقد تنقصه وهضم حقه فيسعى الجاهلون في قتله وعقوبته ويكفرونه
اور گور کو عید بنانی سی اور بت بنانی سی منع کری وہ بحرمتی کرتا ہی اور حق تلفی کرتا ہی پہر جاہل لوگ اوسکی قتل اور ایذا میں کوشش کرتی ہیں اور اوسکو کافر کہتی ہیں

وما ذنبه الا انه امر بما امر به الله تعالى ورسوله ونهى عما نهى الله تعالى ورسوله عنه والذي اوقع عباد القبور في
اور سوا اسکی اوسکی کیا خطا ہی کہ اوسنی وہ ہی حکم کیا جو الله اور اوسکی رسول نی فرمایا اور اوسہی سی منع کیا جو الله اور اوسکی رسول نی منع فرمایا اور گور پرستوں کی فتنہ میں

الافتتان بها امور منها الجهل بحقيقة ما بعث الله تعالى به رسوله من تحقيق التوحيد وقطع اسباب
پڑنی کی کئی سبب ہیں ایک تو جہالت حقیقت بعثت کی کہ الله تعالى نی اپنی رسول کو واسطی تحقیق توحید کی اور واسطی قطع کرنی اسباب

الشرك فالذين قل نصيبهم من ذلك اذا دعاهم الشيطان الى الفتنة بها ولم يكن لهم ما يبطل دعوته
شرک کی بہیجا ہی پہر جو لوگ کم نصیب ہیں جب اونکو شیطان پکارتا ہی گوروں کی فتنہ کی طرف اور اونکو اتنا علم نہیں جس سی شیطانی وسوسہ کو باطل کریں

استجابوا له بحسب ما عندهم من الجهل وعصموا منه بقدر ما معهم من العلم ومنها احاديث مكذوبة
تو اوسکو مان لیتی ہیں اپنی اپنی جہالت کی موافق اور بچ جاتی ہیں اپنی اپنی علم کی موافق اور ایک یہہ سبب ہی کہ جہوٹہی بہت حدیثیں

وضعها على رسول الله صلى الله عليه وسلم اشباه عباد الاصنام من المقابرية وهي تناقض ما جاء به
رسول الله صلى الله عليه وسلم پر بت پرستوں کی مانند گور پرستوں نی وضع کی ہیں اونکا مضمون سراسر دین سی

من دينه كحديث اذا تحيرتم في الامور فاستعينوا من اهل القبور وحديث اذا اعيتكم الامور فعليكم
خلاف ہی جیسی یہہ حدیث جب تم حیران ہو جاؤ کسی امر میں تو مدد چاہو اہل قبور سی اور یہہ حدیث جب تہک جاؤ تم کسی امر میں تو لازم پکڑو

باصحاب القبور وحديث لو حسن احدكم ظنه بحجر نفعه وامثال هذه الاحاديث التي هي مناقضة
اصحاب قبور کو اور یہہ حدیث جو کوئی تم میں سی نیک اعتقاد کری پتہر کی ساتہہ تو فائدہ دیوی اور ایسی ہی اور حدیثیں جو دین اسلام سی سراسر خلاف ہیں

لدين الاسلام وضعها اشباه عباد الاصنام من المقابرية وراجت على الجهال والضلال والله تعالى
یہہ سب گور پرستوں بت پرستوں کی مانند نی وضع کی ہیں اور جہال اہل ضلال کو خوب اچہی لگیں اور حال یہہ ہی کہ الله تعالى نی

انما بعث رسوله لقتل من حسن ظنه بالاحجار والاشجار فانه عليه السلام جنب امته من الفتنة بالقبور
اپنی رسول کو واسطی قتل ایسی لوگوں کی بہیجا ہی جو پتہروں اور درختوں کو پوجا کریں کیونکہ علیہ السلام نی اپنی امت کو قبروں کی فتنہ سی ہر طرح سی بچایا ہی

بكل طريق ومنها حكايات حكيت عن أهل تلك القبور ان فلانا استغاث بالقبر الفلاني في شدة فخلص
اور یہہ سبب ہی کہ کہانیان گور پرستون کی مشہور ہین کہ فلانی نی فلانی گور سی مدد مانگی سختی کی وقت سو اوس سختی سی نجات پائی
منها وفلان نزل به ضر فاستدعى صاحب ذلك القبر فكشف ضره وفلان دعاه في حاجة فقضيت حاجته
اور فلانی کو مصیبت پیش آئی تو اوس مصیبت زدہ نی فلانی قبر والی سی استدعا کی سو اوسنی مصیبت دفع کردی اور فلانی کو حاجت کی وقت پکارا سو اوسکی حاجت پوری کی
وعند السدنة والمقابرية بشيء من ذلك يطول ذكره وهم من أكذب خلق الله على الأحياء والأموات و
اور مجاورون اور گور پرستون کی پاس ایسی بہت قصی ہین جنکا ذکر دراز ہی اور تمام خلقت سی یہہ بڑی جہوٹہی ہین زندون پر بہی اور مردون پر بہی اور
النفوس مولعة بقضاء حوائجها وإزالة ضروراتها لاسيما من كان مضطرا فيتشبث بكل سبب وان كان
طبایع انسانی واسطی ادای حاجتون کی اور دفع مضرت کی حریص ہوتی ہین خاص کر گہبراہٹ مین تو ہر چیز کا سہارا چاہتا ہی اگرچہ
فيه كراهة فإذا سمع أحد ان قبر فلان ترياق مجرب يميل إليه فيذهب فيه ويدعو عنده بحرقة وذلة و
کیسا ہی مکروہ ہو جب کوئی سنتا ہی کہ فلانی کی قبر آزمودہ تریاق ہی تو اوسکی طرف متوجہ ہوگا پہر وہان جاویگا اور اوسکو ذلت اور خواری اور
انكسار فيجيب الله تعالى دعوته لما قام بقلبه من الذلة والانكسار لا لأجل القبر فانه لو دعا كذلك في الحانة
انکسار سی پس اللہ تعالی اوسکی دعا قبول کرلیتا ہی کیونکہ اوسکی دل مین خواری اور انکسار پیدا ہوتا ہی کچہہ قبر کی جہت سی نہین قبول کرتا کیونکہ اگر یہہ شخص اسی طور دکان
والحمامة والسوق لأجابه فيظن الجاهل ان للقبر تأثيرا في اجابة تلك الدعوة ولا يعلم ان الله تعالى يجيب دعوة
یا حمام یا بازار مین دعا کرتا تو بہی قبول کرلیتا پس جاہل آدمی خیال کرتا ہی کہ قبر مین تاثیر ہی واسطی قبولیت اس دعا کی اور یہہ نہین سمجہتا کہ اللہ تعالی بیقرار کی دعا
المضطر ولو كان كافرا فليس كل من اجاب الله تعالى دعاءه يكون راضيا عنه ولا محبا له ولا راضيا بفعله
قبول کیا کرتا ہی اگرچہ وہ کافر ہو یہہ بات نہین ہی کہ اللہ تعالی جسکی دعا قبول کرتا ہی اوس سی راضی ہی ہوتا ہی بلکہ نہ اوسکا دوست ہوتا ہی اور نہ اوسکی کام سی راضی ہوتی
فانه يجيب دعاء البر والفاجر والمؤمن والكافر يسر الله تعالى من الدعاء والعمل ما يكون موافقا لرضاه
بیشک اللہ تعالی دعا قبول کرتا ہی نیک اور بدکار کی اور مومن اور کافر کی خدا تعالی ہمکو آسان کری ایسی دعا اور عمل جو اوسکی رضا کی موافق ہو
بلطفه وكرمه

المجلس الثامن عشر في أقسام البدع وأحكامها

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اپنی لطف اور کرم سی اٹہارویں مجلس بدعتون کی اقسام اور اونکی احکام مین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی
اما بعد فان خير الحديث كتاب الله وخير الهدى هدى محمد وشر الأمور محدثاتها وكل محدث بدعة
پہر بعد حمد کی تحقیق تمام باتون مین اچہی کتاب اللہ کی ہی اور اچہی ہدایت ہدایت محمد کی اور کامون مین بدتر تو پیدا نئی نکالی ہوئی یعنی بدعتین ہین اور ہر محدث بدعت ہی
وكل بدعة ضلالة هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه جابر وفي حديث آخر رواه عرباض بن سارية
اور ہر بدعت گمراہی ہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی جابر کی روایت سی اور ایک اور حدیث مین عرباض بن ساریہ کی روایت سی ہی
انه عليه السلام قال من يعش منكم بعدي فسيرى اختلافا كثيرا فعليكم بسنتي وسنة الخلفاء
کہ فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی جو شخص جیتا رہیگا میری بعد سو قریب ہی کہ دیکہیگا بہت اختلاف سو لازم پکڑو اپنی اوپر میری سنت اور سنت خلفاء
الراشدين المهديين من بعدي تمسكوا بها وعضوا عليها بالنواجذ وإياكم ومحدثات الأمور فان كل محدث
راشدین مہدیین کی بعد اوسکی سند کرو اور دانتون سی مضبوط پکڑو اور بچاؤ اپنی تئین نئی باتون سی کیونکہ ہر محدث
بدعة وكل بدعة ضلالة والمراد بالبدعة المذكورة في هذين الحديثين البدعة السيئة التي ليس لها من
بدعت ہی اور ہر بدعت گمراہی ہی اور مراد بدعت سی جو ان دونو حدیثون مین مذکور ہی بدعت سیئہ ہی جسکی اصل
الكتاب والسنة أصل وسند ظاهر أو خفي ملفوظ أو مستنبط لا البدعة الغير السيئة التي يكون على
اور سند کتاب اور سنت سی نہین نکلتی نہ ظاہر نہ خفی نہ لفظون سی یا مضمون سی سمجہی جاوی بدعت حسنہ مراد نہین ہی جسکی

اصل وسند ظاهر او خفي فانها لا يكون ضلالة بل هي قد تكون مباحة كاستعمال المنخل والمواظبة

اصل اور سند ظاہر یا خفی نکلتی ہی کیونکہ ایسی بدعت گمراہی نہیں ہوتی بلکہ ایسی بدعت کبھی مباح ہوتی ہی جیسی استعمال چھلنی آٹی کا اور پیٹ بھر کر

على اكل لب الحنطة والشبع منه وقد تكون مستحبة كبناء المنارة وتصنيف الكتب وقد تكون

روٹی گیہوں کی ہمیشہ کھانی اور کبھی مستحب ہوتی ہی جیسی منارہ کا تعمیر کرنا اور کتابیں تصنیف کرنی اور کبھی واجب ہوتی ہی

واجبة كنظم الدلائل لرد شبه الملاحدة والفرق الضالة لان البدعة لها معنيان احدهما لغوي

جیسی آراستہ کرنا دلایل کا واسطی دفع کرنی شبہات ملحدوں اور گمراہ فرقوں کی اسلئی کہ بدعت کی دو معنی ہیں ایک تو معنی لغوی عام ہیں

عام وهو المحدث مطلق سواء كان من العادات او من العبادات والثاني شرعي خاص وهو الزيادة في

یعنی محدث مطلق برابر ہی کہ عادات میں ہو یا عبادات میں ہو اور دوسری معنی شرعی خاص ہیں یعنی دین میں کچھ بڑھانا

الدين او النقصان منه بعد الصحابة بغير اذن من الشارع لا قولا ولا فعلا لا صريحا ولا اشارة

یا دین میں سی کچھ گھٹانا بعد عہد صحابہ کی بدون اجازت شرعی کی کہ نہ تو قولی ہو اور نہ فعلی اور نہ صریح اور نہ اشارہ

فانها في الحديثين وان كانت عامة تشمل جميع المحدثات لكن عمومها ليس بحسب معناها اللغوي العام

پس بدعت دونوں حدیثوں میں اگرچہ عام ہی اور شامل تمام محدثات کو پر عموم اور شمول باعتبار لغوی معنوں کی مقصود نہیں ہی

بل عمومها بحسب معناها الشرعي الخاص فلا تتناول العادات اصلا بل تقتصر على بعض الاعتقادات

بلکہ عموم باعتبار معنوں شرعی خاص کی مراد ہی پھر یہہ عادات کو بالکل شامل نہیں ہی بلکہ انہیں بعضی اعتقادات

وبعض صور العبادات لانه عليه السلام لم يبعث لتعليم امر الدنيا وانما بعث لتعليم امر الدين يدل عليه

اور بعضی صورتیں عبادات کی داخل ہیں کیونکہ نبی علیہ السلام واسطی تعلیم امر دنیا کی نہیں آئی وہ صرف واسطی تعلیم امر دین کی آئی ہیں اس حدیث سی

قوله عليه السلام انتم اعلم بامور دنياكم اذا امرتكم بشيء من امر دينكم فخذوا به ثم البدعة في الاعتقاد

سمجھا جاتا ہی کہ تم خوب جانتی ہو اپنی دنیا کی کاروبار جب میں تمکو دین کی بات بتایا کروں تو لیلیا کرو پھر بدعتیں اعتقاد کی

بعضها كفر وبعضها ليس بكفر لكنها اكبر من كل كبيرة حتى القتل والزنا وليس فوقها الا الكفر والبدعة في

بعضی کفر ہیں اور بعضی کفر نہیں ہیں مگر تمام کبایر سی سخت ہیں یہاں تک کہ قتل اور زنا سی بھی اور اوس سی زیادہ درجہ کفر ہیکا ہی اور بدعت

العبادة وان كانت دونها لكن فعلها عصيان وضلال لا سيما اذا صادمت سنة موكدة واما البدعة

عبادت میں گرچہ اوس سی کمتر ہی پر اوسکا عمل کرنا نافرمانی اور گمراہی ہی خاص کر جب کہ سنت موکدہ کی مقابل ہو اور بدعت

في العادة فليس في فعلها عصيان وضلال بل ترك الاولى فتركها اولى اذا تقرر هذا فالمنارة عون

عادات کی اسکی کرنیمیں کچھہ نافرمانی اور گمراہی نہیں ہی بلکہ ترک اولی ہی سو اسکا ہی ترک اولی ہی جب یہہ ٹہر چکا تو منارہ سی مدد ہوتی ہی

لاعلام وقت الصلوة وتصنيف الكتب عون للتعليم والتبليغ ونظم الدلائل لرد شبهة الملاحدة

واسطی خبر دینی وقت نماز کی اور کتابوں کا تصنیف کرنا مددگار ہی واسطی تعلیم اور تبلیغ امر معروف کی اور آراستہ کرنا دلائل کا واسطی دفع شبہات ملحدوں

والفرق الضالة نهي عن المنكر وذب عن الدين فكل منها ماذون فيه بل مامور به لان البدعة الغير السيئة

اور گمراہ فرقوں کی بازر کھنا ہی منکر سی اور دفع کرنا ہی شبہات کا دین سی سو ہر ایک انہیں سی رخصت ہی بلکہ تعمیل کا حکم ہی اسلئی کہ بدعۃ حسنہ

ما لم يحتج اليه الاوائل ثم احتاج اليه الاواخر ورأوه حسنا على سبيل الاجماع بلا خلاف ولا نزاع

وہ ہی کہ متقدمین کو اوسکی حاجت نہوی پھر متاخرین کی حاجت ہوئی . اور سبکو بلا خلاف و نزاع پسند آئی وبعد

وعند الاستقراء لا توجد تلك البدعة الغير السيئة في العبادات البدنية المحضة كالصوم والصلوة

تلاش کی بدعت حسنہ عبادات خالص بدنیہ میں نہیں پائی جاتی جیسی روزہ اور نماز

وقراءة القرآن واوظاف کل منها بل لاتکون البدعة فیها الا سیئة لان عدم وقوع الفعل فی الصدر الاول
اور تلاوت قرآن کی اور وظیفوں کی تمام عبادتوں بدنیہ سی ہوں بلکہ انہیں ہمیشہ بدعت سیئہ ہی ہوتی ہی اسلئی کہ نہونا کسی کار کا قرن اول میں

لیس الا لعدم الحاجة الیه اولوجود مانع منه اولعدم التنبیه له اوللتکاسل عنه اولکراهة وعدم مشروعیته
یا تو بسبب نہونی حاجت کی یا بسبب موجود ہونی مانع کی یا بسبب بی خبری کی یا ماری کاہلی کی یا بسبب مکروہ اور ناجایز ہونی کی ہی

والاولان منتفیان فی العبادات البدنیة المحضة لان الحاجة الی التقرب الی الله تعالی بالعبادة لا تنقطع
دو نو پہلی سبب تو عبادات خالص بدنیہ مین نہین ہوسکتی اسلئی کہ حاجت قربت الہی کی عبادت سی منقطع نہین ہوتی

وبعد ظهور الاسلام وغلبة اهله لم یکن منها مانع وکذا عدم التنبه لها والتکاسل عنها منتف ایضا
اور بعد ظاہر ہونی اسلام اور غلبہ اہل اسلام کی اوس سی کوئی مانع نہین تہا اور ایسی ہی بی خبری اور کاہلی بہی نہین ہوسکتی

اذلا یجوز ان یظن ذلك للنبی علیه السلام وجمیع اصحابه فلم یبق الا کونها بدعة مکروهة غیر مشروعة
اسواسطی کہ کہان جایز ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اونکی تمام اصحاب پر ایسا خیال کیا جاوی پہر سوا بدعت مکروہ اور ناجایز ہونی کی کوئی سبب

وهذا المعنی اراد عبد الله بن مسعود لما اخبر بالجماعة الذین کانوا یجلسون بعد المغرب وفیهم رجل
اور یہہ ہی غرض ہی عبد اللہ بن مسعود رض کی جب اونکو خبر ہوئی ایک جماعت کی جو بعد مغرب کی بیٹہا کرتی تہی اور انہین ایک شخص

یقول کبروا الله کذا وکذا وسبحوا الله کذا وکذا واحمدوا الله کذا وکذا فیفعلون فحضرهم فلما سمع
کہتا جاتا اللہ اکبر کہو اتنی اتنی بار اور سبحان اللہ کہو اتنی اتنی بار اور الحمد للہ کہو اتنی اتنی بار پس وہ لوگ کہتی جاتی سو عبد اللہ ابن مسعود اونکی پاس آئی جو کہ سنکر

مایقولون قام فقال انا عبد الله بن مسعود فوالله الذی لا اله غیره لقد جئتم ببدعة ظلماء اولقد
جو کہتی تہی کہڑی ہو کر کہا مین عبد اللہ بن مسعود ہون پس قسم ہی اللہ کی جو نہین معبود سوا اوسکی بیشک تم بدعت کرتی ہو نہایت سیاہ یا

فقتم علی اصحاب محمد علیه السلام علما یعنی ان ما جئتم به اما ان یکون بدعة ظلماء اوانکم تدارکتم
تم فائق ہو گئی ہو محمد علیہ السلام کی اصحاب پر علم مین مراد اونکی یہہ ہی تم جو یہہ کرتی ہو یا تو یہہ بدعت تاریک ہی یا تمنی ایسی بات پیدا کی

علی الصحابة ما فاتهم لعدم تنبههم له اولتکاسلهم عنه فغلبتموهم من حیث العلم بطریق العبادة
جو صحابہ کی ہاتہہ نہ آئی اونکی بی خبری سی یا سستی سی طریق عبادت کی علم مین تم اونسی غالب ہو نکلی

والثانی منتف فتعین الاول وهو کونه بدعة ظلما وهکذا یقال بکل من اتی فی العبادة البدنیة المحضة
اور دوسری بات نہین ہوسکتی تو پہلی ہی بات یعنی بدعت سیاہ ہی مقرر رہی یہہ ہی جاری ہوسکتی ہی ہر یک کی حق مین درباب عبادت خالص بدنیہ کی

بصفة لم تکن فی زمن الصحابة اذ لو کان وصف العبادة فی الفعل المبتدع یقتضی کونه بدعة حسنة
ایسی طور پر جو صحابہ کی وقت مین نہین تہا اسواسطی کہ اگر عبادت کا وصف افعال محدثہ کو بدعت حسنہ بنا دیا کری

لما وجد فی العبادات ما هو بدعة مکروهة وقد وجد فیها البدعة المکروهة علی ما صرح العلماء
تو عبادات مین بدعت مکروہہ کبہی نہوا کرتی اور حال یہہ ہی کہ عبادات مین بدعت مکروہہ ہوتی ہی چنانچہ علماء نی

فی تصانیفهم مثل صلوة الرغائب والجماعة فیها ومثل التصلیة والترضیة والتامین فی اثناء الخطبة
اپنی تصانیف مین صاف کہا ہی جیسی نماز رغائب کی اور اوسمین جماعت اور جیسی صلی اللہ کہنا اور رضی اللہ کہنا اور آمین کہنا خطبہ پڑہتی مین

وانواع النغمات الواقعة فیها وفی الاذان وقراءة القرآن ومثل الجهر بالذکر امام الجنازة وقدام العروس
اور اقسام ترنم جو خطبہ مین اور آذان مین اور تلاوت قرآن مین کرتی ہین اور ذکر پکار کر جنازی کی آگی اور دلہن کی آگی

فی الطرقات وغیر ذلك من البدع المنکرة الواقعة فی العبادات ولیس لاحد ان یقول انها لیست من قبیل
راستہ مین اور سوا اسکی اور نکمی بدعتین جو عبادات مین ہوتی ہین اور کیا طاقت ہی کسیکی کہ کہی یہہ امور بدعات سیئہ

البدعة السیئة المکروهة بل هی من قبیل البدعة الحسنة المشروعة بدلیل کون بعض الاشیاء المحدثة
اور مکروہ نہیں ہیں بلکہ قسم بدعت حسنہ مشروع سی ہی اس دلیل سی کہ بعضی چیزیں نواحداث

بعد الصحابة حسنا کبناء المدارس والربط والخانات ونحوها من انواع الخیرات التی لم تعهد فی عهد الصحابة
بعد قرن صحابہ کی حسن ہیں جیسی مدرسی بنانی اور خانقاہ اور سرای اور مانند اسکی انواع خیرات کی جو صحابہ کی وقت میں اونکی رسم نہ تھی

اذ یقال له ما ثبت حسنه بالادلة الشرعیة الصحیحة فهو اما ان لا یکون بدعة فیبقی عموم العام فی
اسواسطی کہ جواب یہہ ہی جس کا حُسن دلائل شرعیہ صحیحہ سی ثابت ہو پس وہ یا تو اصلا بدعت نہیں ہی اب عام کا عموم

الحدیثین علی حاله او یکون مخصوصا من هذه العام والعام الذی خص منه البعض دلیل فیما عدا المخصوص
دونو حدیثوں میں اپنی حال پر باقی ہی یا مخصوص ہوگا اس عام میں سی اور جو عام کہ اوس سی بعض فرد خاص ہوجاوی وہ دلیل ہوتا ہی بجز فرد مخصوص کی

فمن ادعی ثبوت حسن العبادة المحدثة وکونها مخصوصة من هذا العام یحتاج الی دلیل یصلح ان یکون
اب جو شخص عبادات نواحداث کی حُسن کا دعوی کری اور اوسکو مخصوص بتادی اس عام میں سی تو حاجت ہوگی ایسی دلیل کی جو قابل

مخصصا لان عادة اکثر البلاد وقوله کثیر من الزهاد والعباد لیس مما یصلح ان یکون معارضا
تخصیص کی ہووی اسواسطی کہ چلن اکثر شہروں کا اور اقوال زاہدوں اور عابدوں کی اس قابل نہیں ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کلام سی معارض

لکلام الرسول علیه الصلوة والسلام وکذلك الدلیل المخصص هو الدلیل الشرعی من الکتاب و
ہوسکیں اور ایسی ہی دلیل مخصص وہ دلیل ہوتی ہی جو موافق شرع کی اور ماخوذ کتاب اور

السنة والاجماع الذی هو مختص باهل الاجتهاد ومن لیس من اهل الاجتهاد من الزهاد والعباد فهو فی حکم
سنت اور اجماع سی ہو جو خاص اجتہاد والوں سی ہو اور جو زاہد اور عابد کہ صاحب اجتہاد نہیں ہیں وہ عوام لوگوں میں

العوام لا یعتد بکلامه الا ان یکون موافقا للاصول والکتب المعتبرة وهذه قاعدة دلت علیه السنة
داخل ہیں اونکی بات کا اس باب میں اعتبار نہیں ہاں اگر اونکی کلام اصول اور کتابوں معتبرہ سی مطابق ہو تو معتبر ہی اور یہہ وہ قاعدہ ہی کہ سنت

والاجماع مع ان فی کتب الله تعالی ما یدل علیها ایضا وهو انه تعالی قال اَمْ لَهُمْ شُرَکٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ
اور اجماع سی ثابت ہی باوجودیکہ کتاب اللہ میں بھی اسطرف اشارہ ہی وہ یہہ آیت ہی فرمایا کیا اونکی اور شریک ہیں جو راہ ڈالی تھی اونہوں نی

الدِّیْنِ مَا لَمْ یَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ فمن احدث شیئا یتقرب به الی الله تعالی من قول او فعل من غیر ان یشرعه
اونکی واسطی دین کی جسکا حکم نہیں دیا اللہ نی پہر جو کوئی نئی بات عبادت کی واسطی تقرب الٰہی کی پیدا کری قولی ہو یا فعلی بدون مقرر کرنی

الله تعالی فقد شرع فی الدین ما لم یاذن به الله تعالی فمن تبعه فقد اتخذه شریکا ومعبودا کما قال
اللہ تعالی کی تو اوسنی دین میں ایسا نیا طریق نکالا کہ جسکا اللہ تعالی نی حکم نہیں دیا پہر جو اوسکا تابع ہوا اوسنی گویا شریک اور معبود پیدا کیا چنانچہ

الله تعالی فی حق اهل الکتاب اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فقال عدی بن حاتم
اللہ تعالی نی اہل کتاب کی حق میں کہا ہی ٹہرائی ہیں اپنی عالم اور درویش خدا اللہ کو چہوڑکر پس عدی بن حاتم نی

للنبی علیه السلام ما عبدوهم فقال علیه السلام اطاعوهم فمن اطاع احدا فی دین لم یاذن به الله تعالی
نبی علیہ السلام سی عرض کیا اونہوں نی عبادت تو نہیں کی آپ نی فرمایا اونکی اطاعت کی اور جو شخص کسیکی اطاعت کری دینی امر میں بدون حکم اللہ تعالی کی

فقد عبده واتخذه ربا فعلم من هذا ان کل بدعة فی العبادات البدنیة المحضة لا تکون الا سیئة و
تو اوسنی گویا عبادت کی اور اوسکو اپنا رب مقرر کیا اس سی معلوم ہوا کل بدعتیں عبادات بدنیہ خالص میں سیئہ ہی ہوتی ہی اور

ربما لا یفرق کثیر من الناس بین الحسنة والسیئة فیظنون ان کل ما استحسنه نفوسهم ومال الیه
بعضی وقت اکثر لوگ بدعت حسنہ اور سیئہ میں تمیز نہیں کرتی وہ یہہ سمجہہ لیتی ہیں کہ جو بات دلکو پسند آوی اور طبیعت اوسکی طرف متوجہ ہو

طباعهم يكون حسنا فيعدون السيئة من الحسنة فقد خبطوا خبط الخبط عشواء لا يفرق بين الوطء

وہ ہی حسن ہی پہر وہ سیئہ کو بہی حسن تصور کرتی ہیں سو وہ رستہ بہکی جیسی اندہی اونٹنی کہ اپنی چلنی میں مہلک رستہ

المهلكة والجادة المنجية في مشيها والضابط في هذا ان يقال الناس لا يحدثون شيئا الا انهم يرونه

اور صاف رستہ بچانی والا نہیں پہچانتی اور قاعدہ اسکا یہہ ہی کہ یوں کہیں کہ بنی آدم نئی بات نہیں کرتی جب تک اوسمیں کچہہ مصلحت

مصلحة اذ لو اعتقدوا فيه مفسدة لم يحدثوه فما راه الناس مصلحة ينظر في السبب فان كان

نہیں دیکہتی کیونکہ اگر اوسمیں کچہہ برائی سمجہیں تو کیوں پیدا کریں پہر جس امر میں وہ لوگ مصلحت دیکہتی ہیں اوسکی باعث میں تامل کرنا چاہئی پس اگر وہ

السبب امرا قد حدث بعد النبي صلى الله عليه وسلم فحينئذ يجوز احداث ما تدعو الحاجة اليه كنظم

سبب ایسا امر ہی کہ بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدا ہوا ہی تو اب حاجت کی موافق اوسکی اصلاح کی واسطی جو کری جایز ہی جیسی قایم کرنا

الدلائل فان السبب الداعي اليه ظهور الفرق الضالة فانهم لما لم يظهروا في عهده عليه السلام

دلائل کا بیشک سبب باعث ان دلائل کا ظاہر ہونا گمراہ فرقوں کا ہی وہ گمراہ فرقی چونکہ نبی علیہ السلام کی زمانہ میں نہیں تہی

لم يحتج اليه وان كان المقتضي لفعله موجودا في عصره عليه السلام لكن ترك لعارض زال بموته عليه السلام

تو دلائل کی بہی حاجت نہیں تہی اور اگر سبب مقتضی اوس امر لواحداث کا نبی علیہ السلام کی عہد میں موجود تہا مگر کسی عارضہ کی باعث متروک تہا کہ او وہ عارضہ بسبب موت

فكذلك يجوز احداثه كجمع القران فان المانع منه في حياته عليه السلام كون الوحي لا يزال ينزل

تو بہی ایسی امر کا احداث کرنا جایز ہی جیسی قران کا جمع کرنا کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ایام حیات میں بلاناغہ وحی آتی تہی پہر اللہ تعالی

فيغير الله تعالى ما يشاء فزال ذلك المانع بموته عليه السلام واما ما كان المقتضي لفعله في عهده عليه السلام

جو چاہی تہا سو بدل دیتا تہا پہر بسبب موت حضرت کی یہہ مانع جاتا رہا اور جس امر کا مقتضی یعنی باعث پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی سامنی

موجودا من غير وجود المانع منه ومع ذلك لم يفعله عليه السلام فاحداثه تغيير لدين الله تعالى

موجود تہا اور مانع اوسکا نہیں تہا اور تو بہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی اوس امر کو نہیں کیا تو ایسی امر کا کرنا اللہ کی دین کو تغیر کرنا ہی

اذ لو كان فيه مصلحة لفعله عليه السلام او حث عليه ولما لم يفعله عليه السلام ولم يحث عليه

اسواسطی کہ اگر ایسی امر میں کچہہ خوبی ہوتی تو بیشک اوسکو نبی علیہ السلام کرتی یا اوسپر رغبت دیتی اور چونکہ نہ تو اوسکو کیا اور نہ اوسپر رغبت دی

علم انه ليس فيه مصلحة بل هو بدعة قبيحة سيئة مثاله الاذان في العيدين فانه لما احدثه

تو معلوم ہوا کہ اسمیں کچہہ خوبی نہیں ہی بلکہ وہ سراسر بدعت قبیحہ ہی جیسی عیدین میں اذان کا پڑہنا اس اذان کو جب

بعض السلاطين انكره العلماء وحكموا بكراهته فلو لم يكن كونه بدعة دليلا على كراهته لقيل

بعضی سلاطین نی مقرر کی تو اوسپر علماء نی انکار کرکر اعتراض کیا اور مکروہ ٹہرایا پہر اگر وہ ہی اذان بدعت ہوکر کراہیت کی دلیل نہوتی تو البتہ کوئی جواب میں

هذا ذكر الله تعالى ودعاء الخلق الى عبادة الله تعالى فيقاس على اذان الجمعة او يدخل في العموم

کہتا کہ صاحب یہہ تو خدا کا ذکر ہی اور اسمیں خلقت کو عبادت کی واسطی بلاتی ہیں یہہ ایسی ہی جیسی جمعہ کی اذان یا داخل ہی تحت عام قاعدہ کی

التي من جملتها قوله تعالى وَاذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا وقوله تعالى وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّن دَعَا إِلَى اللَّهِ

کہ انمیں سی یہہ آیت ہی اور یاد کرو اللہ کی یاد بہت اور اوس سی بہتر کسکی بات جسنی بلایا اللہ کی طرف

لكن لم يقولوا ذلك بل قالوا كما ان فعل ما فعله عليه السلام كان سنة كذلك ترك ما تركه عليه السلام

لیکن یہہ جواب کسینی نہیں دیا بلکہ یہی قایل ہوئی کہ جیسی عمل کرنا اوس کار کا جسکو پیغمبر علیہ السلام نی کیا سنت ہی ایسی ہی ترک کرنا بہی اوس کار کا جسکو پیغمبر صلی

مع وجود المقتضي وعدم المانع منه كان سنة ايضا فانه عليه السلام لما امر بالاذان في الجمعة

اللہ علیہ وسلم نی باوجود ہونی مقتضی اور نہونی کسی مانع کی ترک کیا سنت ہی بیشک پیغمبر علیہ السلام نی جب جمعہ کو اذان کا امر فرمایا

دون العيدين كان ترك الاذان فيها سنة وليس لاحد ان يزيده ويقول هذا زيادة العمل الصالح
اور عيدين مين نه فرمايا تو عيدين مين اذان كا ترك كرنا سنت هوا اور كسيكو طاقت نهين كه اسكو زياده كا قائل هوكر يه كهوى يه عمل صالح كى افزايش هى
لا يضر زيادته اذ يقال له هكذا تغيرت اديان الرسل وتبدلت شرايعهم فان الزيادة في الدين
ايسى زيادتى كا كيا ڈر هى اسواسطى كه اسكا يه جواب هى كه اسيطرح رسولون كى دين متغير هوگئى اور اونكى شريعتين متبدل هوگئين بيشك دين مين اگر بڑهانا جايز هوتا
لو جازت لجاز ان يصلي الفجر اربع ركعات والظهر ست ركعات ويقال هذا زيادة عمل صالح لا نقص
تو البته جايز هوتا كه صبح كى فرض نماز مين چار ركعتين ادا كيا كرين اور ظهر كى فرض مين چهه ركعتين پڑها كرين اور كها كرين يه عمل صالح كى زيادتى هى
زيادته لكن ليس لاحد ان يقول ذلك لان ما يبديه المبتدع من المصلحة والفضيلة ان كان ثابتا
اسمين كيا نقصان هى ليكن يه بات كوئى نهين كه سكتا اسواسطى كه جس امر كو بدعتى نيك اور افضل جانتا هى اگر وه امر
في عصره عليه السلام ومع هذا لم يفعله عليه السلام فيكون ترك مثل هذا الفعل سنة مقدمة
پيغمبر عليه السلام كى وقت مين ثابت تها اور پهر بهى اوسكو نهين كيا تو ايسى كام كا چهوڑنا هى سنت هى هر عموم
على كل عموم وقياس فمن عمل به مع اعتقاده انه غير مشروع في الدين يكون فاسقا غير مبتدع وان
اور قياس سى سابق هى پس جو شخص ايسى امر كو عمل مين لاوى دين كى اندر ناجايز اعتقاد كركر تو وه فاسق غير مبتدع هى اور اگر
عمل به مع اعتقاده انه مشروع في الدين يكون فاسقا ومبتدعا لان الفسق اعم من البدعة فكل
عمل مين لاوى دين كى اندر جايز جان كر تو وه فاسق اور بدعتى هوگا اسواسطى كه فسق بدعت سى عام هى پس جو
بدعة فسق من غير عكس وكذلك قيل البدعة شر من الفسق فان من يفعل البدعة فهو ينقض
بدعت هى وه فسق بهى هى بدون عكس كى يعنى بعضى فسق بدعت نهين هين اور ايسى هى كهتى هين كه بدعت فسق سى بدتر هى كيونكه جو شخص بدعت كو عمل مين لاتا هى تو وه رسول
الرسول وان كان في زعمه انه يعظمه بالبدعة حيث يزعم انها خير من السنة واولى بالصواب
صلى الله عليه وسلم كى بات كو نقص كرتا هى اگرچه اپنى گمان مين اوس بدعت سى تعظيم سمجهتا هى كيونكه اونكا قول هى كه يه امر سنت سى بهتر هى اور صواب مين اولى هى
فيكون مشاقا لله ولرسوله لاستحسانه ما كرهه الشرع ونهى عنه وهو الاحداث في الدين وانه تعالى
پس وه مقابله كرتا هى الله اور اوسكى رسول كا اسوسطى كه نيك جانتا هى جسكو شرع نى مكروه ٹهرايا اور اوس سى منع فرمايا اور يه هى دين مين بدعت نكالنا اور بيشك الله تعالى
قد شرع لعباده من العبادات ما فيه كفاية لهم واكمل دينهم واتم عليهم نعمته كما اخبر به في كتابه الكريم
اپنى بندون كى واسطى ايسى عبادات مقرر كرچكا هى جسمين اونكى لئى كفايت هى اور دين كامل كرچكا اور اپنى نعمت پورى دى چكا چنانچه اسكى خبر اپنى كتاب كريم مين
وقال اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ فالزيادة على الكمال نقصان واختلال
دى هى فرمايا آج مين پورا دى چكا تمكو دين تمهارا اور پورا كيا مينى تمپر احسان اپنا پس كامل كى اوپر اور بڑهانا ايسا نقصان اور خلل هوتا هى
بمنزلة الاصبع الزائدة وقد تقرر في الاصول ان حسن الافعال وقبحها عند اهل الحق انما يعرفان بالشرع
جيسى چهٹى اونگلى اور اصول مين ثابت هو چكا هى كه اهل حق كى نزديك بهلائى اور برائى صرف شرع سى معلوم هوتى هى
لا بالعقل فكل فعل امر به في الشرع فهو حسن وكل فعل نهى عنه في الشرع فهو قبيح وقال الامام الغزالي في
عقل سى نهين معلوم هوتى پس جس كام كا شرع نى حكم فرمايا هى وه هى نيك هى اور جس كام سى شرع مين منع كيا هى وه هى برا هى امام غزالى
كتاب الاربعين في اصول الدين اياك ان تتصرف بعقلك وتقول كل ما كان خيرا او نافعا فهو افضل
كتاب اربعين في اصول الدين مين كهتى هين اس سى بچتى رهنا كه تو عقل كى پيروى كركر كهنى لگى جو امر خير اور نفع رسان هى وه هى افضل هى
وكل ما كان اكثر كان انفع فان عقلك لا يهتدي الى اسرار الامور الالهية وانما ينعقلها قوة النبي عليه السلام
اور جو امر اكثر هوتا هى وه نفع رسان هوتا هى كيونكه تيرى عقل نهين جا سكتى هى طرف بهيد امور الٰهى كى اوس بهيد كو صرف قوت نبى عليه السلام كى دريافت كرسكتى هى

فعليك بالاتباع فان خواص الامور لاتدرك بالقياس اوما ترى كيف ندبت الى الصلوة ونهيت عنها

تجھکو اتباع ہی لازم ہی بیشک خواص امور قیاس سی نہین معلوم ہوتی دیکھتا نہین کہ نماز کی باب مین کیسی ترغیب ہی باین ہمہ

فی جميع النهار وامرت بتركها بعد الصبح والعصر وعند الطلوع والغروب والزوال وذلك ينتهى الى قدر

تمام اجزا نہار مین ممانعت ہی اور تجھکو حکم ہی نماز نہ پڑہنی کا بعد صبح اور عصر کی اور وقت طلوع اور غروب اور زوال آفتاب کی اور یہہ سب ملکر تخمیناً

ثلث النهار وقال فی الاحياء فكما ان العقول تقتصر عن ادراك منافع الادوية مع ان التجربة سبيل

تہائی دن ہوتا ہی اور احیا مین کہا ہی جیسی عقل قاصر ہی منفعت دواؤن کی دریافت کرنی سی باوجودیکہ اسمین تجربہ کو دخل ہی

اليها كذلك تقتصر عن ادراك ما ينفع فی الاخرة مع ان التجربة غير متطرق اليها وانما يكون ذلك لو رجع

ایسی ہی عقل قاصر ہی دریافت کرنی اون امور کی سی جو آخرت مین نافع ہون باوجودیکہ تجربہ کو ادہر کوئی راہ نہین ہی بہرحال جب معلوم ہوسکتا ہی اگر

الينا بعض الاموات واخبرنا عن الاعمال المقربة الى الله تعالى والمبعدة عنه وذلك مما لا مطمع فيه

ہماری پاس کوئی مردہ چلا آوی وہ اگر ہمکو بتاوی کونسا عمل اللہ تعالی سی نزدیک کرتا ہی اور کونسا دور کرتا ہی سو یہہ ہرگز نہین ہوسکتا

وقال صاحب مجمع البحرين فی شرحه ان رجلا يوم العيد فی الجبانة اراد ان يصلی قبل صلوة العيد

صاحب مجمع البحرین نی اوسکی شرح مین بیان کیا ہی ایک شخص نی عید کی دن مصلی مین ارادہ کیا کہ عید کی دوگانہ سی پہلی نماز پڑہی

فنهاه علیؓ فقال الرجل يا امير المؤمنين انی اعلم ان الله تعالى لا يعذب على الصلوة فقال علیؓ وانی اعلم ان

سو علی نی اوسکو منع کیا اوس شخص نی کہا یا امیر المؤمنین مین خوب جانتا ہون کہ اللہ تعالی نماز پڑہنی پر عذاب نہین کریگا پہر علی نی فرمایا مین جانتا ہون کہ

الله تعالى لا يثيب على فعل حتى يفعله رسول الله عليه السلام او يحث عليه فيكون صلاتك عبثا

اللہ تعالی کسی کام پر ثواب نہین دیتا جبتک اوسکو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کرین یا اوسکو فرما دین تو تیری یہہ نماز عبث ہی

والعبث حرام فلعله تعالى يعذبك به بمخالفتك نبيه وقال صاحب الهداية يكره ان يتنفل بعد

اور عبث حرام ہی پس شاید کہ اسکی بدلہ اللہ تعالی تجھکو عذاب دی بسبب مخالفت نبی علیہ السلام کی اور صاحب ہدایہ کہتی ہین مکروہ ہی نفلین پڑہنی بعد

الفجر اكثر من ركعتی الفجر لانه عليه السلام لم يزد عليهما مع حرصه على الصلوة فانظر كيف جعل عدم

طلوع صبح صادق کی سوا دو رکعت سنت فجر کی اسواسطی کہ نبی علیہ السلام نی ان دو سی زیادہ نہین پڑہین باوجود محبوب ہونی نماز کی اب دیکہہ نبی علیہ السلام کی

فعله عليه السلام فی باب العبادات دليلا على الكراهة وقال ابن همام ما تردد من العبادات بين الواجب

نماز نہ پڑہنی کو باب عبادات مین کیسی دلیل کراہت کی ٹہرائی ہی ابن ہمام کہتا ہی جو عبادت کہ واجب

والبدعة يأتی به احتياطا وما تردد بين البدعة والسنة يتركه لان ترك البدعة لازم واداء السنة

اور بدعت کی بیچ مین مشکوک ہو تو اوسکو احتیاطاً عمل مین لاوی اور جو عبادت بدعت اور سنت کی بیچمین مشکوک ہو تو ترک کری اسواسطی کہ بدعت کا چہوڑنا

غير لازم وفی الخلاصة مسئلة تدل على ان البدعة اشد ضررا من ترك الواجب حيث قال اذا

کچہہ ضرور نہین اور خلاصہ مین ایک مسئلہ ہی جس سی معلوم ہوتا ہی کہ بدعت کا ترک واجب سی بڑا ضرر ہی جس جگہہ کہا ہی اگر

شك فی صلاته هل صلاها ام لا ان كان فی الوقت فعليه ان يعيدها وان خرج الوقت ثم شك

شک واقع ہو نماز مین آیا ادا کی ہی یا نہین اگر ابہی وقت باقی ہی تو اوسپر اعادہ ہی اور اگر وقت جاتا رہا پہر شک ہوا

لا شئ فيه ولو كان الشك فی صلوة العصر يقرأ فی الركعة الاولى والثالثة ولا يقرأ فی الثانية و

تو اسمین کچہہ نہین اور اگر عصر کی نماز مین شک ہو تو اعادہ مین پہلی رکعت اور تیسری رکعت مین قرأت ادا کری اور دوسری رکعت اور

الرابعة فتعين الاوليين للقراءة فی الفرض واجب وقد امر بتركه حذرا من احتمال وقوع النفل بعد العصر

چوتہی مین قرأت نہ پڑہی پس پہلی دو رکعتون کا معین کرنا واسطی قرأت کی فرضون مین واجب ہی سو حکم ہوا اسکی ترک کا اس احتیاط کی لئی مبادا بعد عصر کی نفلین

وهو بدعة مكروهة وروى عن سفيان الثوري انه كان يقول البدعة احب الى ابليس من كل

کہ یہہ بدعت مکروہہ ہی اور سفیان ثوری سی روایت ہی کہ کہتی تہی کہ ابلیس کو بدعت تمام معاصی سی زیادہ تر محبوب ہی

المعاصي لان المعاصي يتاب عنها والبدعة لا يتاب عنها وسبب ذلك ان صاحب المعاصي يعلم

اسواسطی کہ معاصی سی تو توبہ ہو سکتی ہی اور بدعت سی توبہ نہیں ہوتی اسکا سبب یہہ ہی کہ معاصی کرنیوالا تو جانتا ہی

بكونه مرتكب المعاصي فيرجى له التوبة والاستغفار واما صاحب البدعة فيعتقد انه في طاعة وعبادة

کہ مین برا خطاوار ہون تو اوسی توبہ اور استغفار کی امید ہی اور بدعتی تو یہہ جانتا ہی کہ مین عبادت کرتا ہون اور طاعت مین ہون

ولا يتوب ولا يستغفر وهذا ما حكي عن ابليس انه قال قصمت ظهر بني ادم بالمعاصي والاوزار وقصموا

تو یہہ شخص نہ تو توبہ کریگا نہ استغفار اور ابلیس سی حکایت ہی کہ کہتا ہی مینی پشت بنی آدم کی معاصی اور گناہون سی توڑدی اور بنی آدم نی

ظهري بالتوبة والاستغفار فاحدثت لهم ذنوبا لا يستغفرون منها ولا يتوبون عنها وهي البدع

میری پشت توبہ اور استغفار سی توڑدی سو مینی اونکی لئی ایسی گناہ نکالی ہین کہ اوس سی نہ استغفار کرین اور نہ توبہ کرین اور وہ بدعتین ہین

في صورة العبادة فان قيل قد اعتاد كثير من الناس ان يستدلوا على عدم كراهة ما اعتادوه

عبادت کی لباس مین اگر کوئی کہی عادت ہی اکثر لوگون کی کہ استدلال کرتی ہین بدعات کی جواز پر جنکی عادت کرلی ہی

من البدعة بحديث شايع بينهم وهو ما راه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن وما راه المسلمون

اس حدیث سی جو اونمین مشہور ہی یہہ کہ جسکو مسلمان نیک جانین تو وہ اللہ کی نزدیک بہی نیک ہی اور جسکو مسلمان

قبيحا فهو عند الله قبيح وهل يصح هذا الاستدلال منهم ام لا يصح فالجواب على ما ذكره بعض الفضلاء

برا جانین سو وہ اللہ کی نزدیک بہی قبیح ہی آیا یہہ استدلال اونکا صحیح ہی یا صحیح نہین پس اسکا جواب موافق بیان بعضی فضلا کی

ان هذا الاستدلال لا يصح والحديث حجة عليهم لا لهم لانه بعض حديث موقوف على ابن مسعود

یہہ ہی کہ یہہ استدلال صحیح نہین ہی اور یہہ حدیث اونکی حق مین مضر ہی مفید نہین کیونکہ یہہ ٹکڑا ایسی حدیث کا ہی جو موقوف ہی ابن مسعود پر

رواه احمد والبزار والطبراني والطيالسي وابو نعيم هكذا ان الله تعالى نظر في قلوب العباد فاختار

روایت کیا اسکو احمد اور بزار اور طبرانی اور طیالسی اور ابونعیم نی اسطور پر کہ اللہ تعالی نی دیکہا اپنی بندون کی دلون کو پہر پسند کیا

محمدا فبعثه برسالته ثم نظر في قلوب العباد فاختار له اصحابا فجعلهم انصار دينه ووزراء نبيه

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سو بہیجا اوسکو اپنی رسالت پر پہر دیکہا بندون کی دلون کو پہر پسند کئی اونکی لئی اصحاب پہر اونکو مقرر کیا دین کی مددگار اور اپنی نبی کی وزیر

فما راه المؤمنون حسنا فهو عند الله حسن وما راه المسلمون قبيحا فهو عند الله قبيح ولا شك ان

پس جس چیز کو دیکہین مؤمن حسن پس وہ اللہ کی نزدیک حسن ہی اور جو چیز دیکہین اوسکو مسلمان قبیح پس وہ اللہ کی نزدیک قبیح ہی اور بیشک

اللام في المسلمين ليس لمطلق الجنس لان الحديث ح يكون مخالفا لقوله عليه السلام ستفترق امتي

لام مسلمین کی لفظ مین مطلق جنس کی لئی نہین ہی اسلئی کہ یہہ حدیث اب اس حدیث سی مخالف ہوجاوی گی قریب ہی کہ میری امت مین

على ثلث وسبعين فرقة كلهم في النار الا واحدة لان كلا من فرق الامة مسلم يرى مذهبه حسنا فيلزم

تہتر فرقی ہوجائین گی وہ سب دوزخی ہین سوای ایک کی اسواسطی کہ تمام فرقی امت کی مسلم ہین اور اپنی اپنی مذہب کو نیک جانتی ہین اس سی یہہ لازم آتا ہی

ان لا يكون فرقة منها في النار وكذا بعض المسلمين يرى شيئا حسنا وبعضهم يراه قبيحا فيلزم ان لا تميز

کہ کوئی فرقہ بہی دوزخی نہو اور ایسی ہی بعضی مسلمان ایک بات کو نیک جانتی ہین اور بعضی اوسکو قبیح جانتی ہین اب یہہ لازم آتا ہی کہ

الحسن من القبيح بل هو اما للعهد والمعهود ما ذكر في قوله فاختار له اصحابا فيكون المراد بالمسلمين

حسن اور قبیح مین تمیز نرہی بلکہ وہ لام یا تو واسطی عہد کی ہی اور معہود مراد وہ لوگ ہین جو اس قول مین مذکور ہین پسند کئی واسطی اوسکی اصحاب اب مراد مسلمین سی

الصحابة

الصحابة فقط او لاستغراق خصائص الجنس فیراد بالمسلمین اهل الاجتهاد الذین هم الکاملون فی صفة
صحابہ ہین فقط یا لام واسطی استغراق خصایص جنس کی ہی پہر مراد مسلمین سی اجتہاد والی علماء ہین جو صفت اسلام مین کامل ہین
الاسلام صرفا للمطلق الی الکامل لان المطلق عند عدم القرینة ینصرف الی الفرد الکامل وهو المجتهد
واسطی صرف مطلق کی طرف کامل کی اسلئی کہ جب مطلق قرینہ سی خالی ہوتا ہی تو اوسکو فرد کامل کی طرف لیجاتی ہین فرد کامل مجتہد ہی
فیکون المعنی ما راه الصحابة او اهل الاجتهاد حسنا فهو عند الله حسن وما راه الصحابة او اهل الاجتهاد
اب یہہ معنی ہوئی جسبات کو صحابہ یا علماء مجتہد حسن جانی سووہ الله کی نزدیک حسن ہی اور جسبات کو صحابہ یا علماء مجتہد
قبیحا فهو عند الله قبیح ویجوز ان یکون للاستغراق الحقیقی فیکون المعنی ما راه جمیع المسلمین حسنا
قبیح سمجہین سووہ الله کی نزدیک قبیح ہی اور وہ لام استغراق حقیقی کا بہی ہوسکتا ہی اب یہہ معنی ہونگی جس بات کو تمام مسلمان حسن جانی
فهو عند الله حسن وما راه جمیع المسلمین قبیحا فهو عند الله قبیح وما اختلف فیه فالعبرة للقرون
سووہ الله کی نزدیک حسن ہی اور جس بات کو تمام مسلمان قبیح جانی سووہ الله کی نزدیک قبیح ہی اور جس بات مین اختلاف پڑی پہر اعتبار قرون ثلثہ کا
المشهود لهم بالخیر لا للقرون المشهود لهم بالکذب وعدم الاعتماد فی قوله علیه السلام خیر القرون قرنی
جسکی حق مین شہادت خیر کی ہی باقی قرون کا اعتبار نہوگا جنکی حق مین شہادت کذب اور بی اعتباری کی ہی اس حدیث مین سب قرنون مین بہتر میرا قرن ہی
الذی بعثت فیهم ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم ثم یفشو الکذب فلا تعتمدوا اقوالهم وافعالهم ولا ریب
جسمین مین مبعوث ہوا ہون پہر جو اسی متصل ہین پہر جو اسی متصل ہین پہر بعد انکی کذب پہیل جاویگا پہر نہ اونکی اقوال کا اعتماد ہی نہ افعال کا اور بی شک
ان الصحابة والتابعین والائمة المجتهدین کانوا یرون ما جاوز قدر الضرورة من البدع قبیحا فهو عند الله
صحابہ اور تابعین اور ائمہ مجتہدین جانتی تہی کہ جو بدعت قدر ضرورت سی بڑہ جاوی وہ قبیح ہی پس وہ الله کی نزدیک بہی
قبیح ومثل قوله علیه السلام لا تجتمع امتی علی الضلالة فان المراد بالامة فی هذا الحدیث اهل الاجماع
قبیح ہی اور جیسی یہہ حدیث نہین متفق ہوگی میری امت گمراہی پر بیشک مراد امت سی اس حدیث مین وہ اہل اجماع ہین
الذی هو بکل مجتهد لیس فیه فسق ولا بدعة اصلا لان الفسق یورث التهمة ویسقط العدالة وصاحب
جنمین ہرایک ایسا مجتہد ملا ہو کہ اصلا اوسمین نہ فسق ہو نہ بدعت اسواسطی کہ فسق سی تہمت پیدا ہوتی ہی اور عدالت جاتی رہتی ہی اور
البدعة یدعو الناس الی البدعة ولا یکون من الامة علی الاطلاق لان المراد بالامة المطلقة اهل
بدعتی لوگون کو بدعت کی طرف بلاتا ہی اور مطلق امت مراد نہین ہی اسواسطی کہ امت مطلقہ سی مراد اہل
السنة والجماعة وهم الذین طریقتهم طریق النبی علیه السلام واصحابه دون اهل البدع والضلال
سنت والجماعت ہین وہ وہ لوگ ہین جنکا طریقہ بعینہ طریقہ نبی علیہ السلام اور صحابہ کا ہی اہل بدعت اور اہل ضلال مراد نہین ہین
کما قال النبی علیه السلام امتی من استن بسنتی ویصح ان یراد بامتی جمیع الامة بناء علی ان الاضافة
چنانچہ نبی علیہ السلام فرماتی ہین میری امت وہ ہی جو طریقہ پکڑی میری سنت کو اور ہوسکتا ہی کہ امت سی تمام امت مراد ہو اسواسطی کہ اضافت
کاللام قد تکون للاستغراق فیکون المعنی لا یجتمع جمیع امتی فی زمان من الازمنة علی الضلالة کما
مانند لام کی کبہی واسطی استغراق کی ہوتی ہی اب یہہ معنی ہوجاوینگی نہین متفق ہوگی میری تمام امت کبہی کسی زمانہ مین گمراہی پر جیسی
اذا اجتمع الیهود والنصاری بعد نبیهم علی الضلالة فیکون هذا الحدیث موافقا لقوله علیه السلام
یہود اور نصاری اپنی اپنی نبی کی بعد گمراہی پر متفق ہوگئی ہین پس یہہ حدیث موافق ہوگی اس حدیث سی
لا یزال طائفة من امتی قائمین بامر الله لا یضرهم من خذلهم ولا من خالفهم حتی یاتی امر الله اذ تقرر
ہمیشہ رہیگی ایک گروہ میری امت کی قایم اوپر امر الہی کی نہ ضرر دیگا اونکو جو قطع کری اونکو اور نہ جو اونسی مخالف ہو یہان تک کہ آجاوی حکم الہی جب یہہ ثابت ہوچکا

هذا فالواجب على كل مسلم في هذا الزمان ان يحذر من الاغترار والميل الى شئ من البدع والمحدثات
تو اس زمانہ مین ہر ہر مسلمان پر واجب ہی کہ پرہیز کرتا رہی فریب مین آنی اور توجہ سی طرف کسی بدعت اور محدثات کی
ويصون دينه عن العوايد التي استانس بها وتربي عليها فانها سم قاتل قل من سلم من افاتها و
اور عوارض سی اپنی دین کو بچاوی جن سی انس رکہتا ہی اور اونمین پرورش پائی ہی کیونکہ یہہ زہر قاتل ہی اسکی آفت سی آدمی کم بچتا ہی اور
ظهر له الحق معها الا ترى ان قريشا لاجل العوائد التي الفتها نفوسهم انكروا على النبي صلى الله عليه وسلم
اسمین امر حق کم ظاہر ہوتا ہی کیا معلوم نہین کہ قریش نی فوایدہی کی ماری جسمین اونکی دل لگی ہوئی تہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احکام سی انکار کیا
ماجاء به من الهدى والبيان وكان ذلك سببا لكفرهم وطغيانهم حتى قالوا في حقه عليه السلام
کہ جو سراسر ہدایت اور بیان تہی اسی سبب سی وہ کافر ہوی اور طاغی ٹہری یہان تک کہ نبی علیہ السلام کی حق مین کہا سو کہا
ما قالوا بسبب ما تربوا عليه ونشئوا فيه ولذلك كان ابن مسعود يقول اياكم وما يحدث من البدع
واسطی اوس امر کی جسمین پرورش پائی تہی اور جوان ہوئی تہی اسی لئی ابن مسعود کہا کرتی تہی بچو لوا احداث بدعات سی
فان الدين لا يذهب من القلوب بمرة ولكن الشيطان يحدث لكم بدعا حتى يذهب الايمان
کیونکہ دین دلون کی اندر سی ایک ہی دفعہ نہین جاتا رہیگا لیکن شیطان تمہاری لئی بدعتین پیدا کریگا یہان تک کہ ایمان
من قلوبكم فعلى هذا ينبغي للمؤمن ان لا يغتر ويستدل بقوة تصميمه على شئ وكثرة عبادته به انه
تمہاری دلونسی نکلجاویگا اس بیان کی موافق مؤمن کو لازم ہی کہ کہمنڈ مین نہ آوی اور استدلال کرنی لگی قوت تصمیم سی کسی چیز پر اور کثرت عبادت سی کہ
على الحق فان تصميمه عليه وعدم رجوعه عنه ولو نشر بالمناشير لا يدل على كونه على الحق في دينه
مین حق پر ہون کیونکہ اوسکی تصمیم اور باز نہ آنا اوس چیز سی اگر چہ ٹکڑی ٹکڑی کیا جاوی اوس کی حقیت پر دلالت نہین کرتا
لان جزمه وتصميمه عليه ليس من حيث كونه حقا بل من حيث نشاته بين قوم يعتقدونه و
اسواسطی کہ اسکا جزم اور تصمیم اوس چیز پر حقیت کی جہت سی نہین ہی بلکہ اس جہت سی ہی کہ وہ ایسی قوم مین پیدا ہوا ہی کہ معتقد اوس کی ہین اور
للنشاة والمخالطة اثر عظيم في تصميم شئ حقا كان او باطلا الا ترى ان مثل هذا التصميم يوجد في
پیدایش اور صحبت کو اشیاء کی حقیت اور بطلان مین بڑا اثر ہوتا ہی کیا معلوم نہین کہ ایسی تصمیم تمام
عامة من ذوي الجهل المركب كاليهود والنصارى ومن في معناهم فالحذر الحذر من هذا السم القاتل
جہل مرکبون مین پائی جاتی ہی جیسی یہود اور نصاری اور جو لوگ انکی ملتی کی ہین پس بچو بچو اس زہر قاتل سی
وكن متوجها الى الحق مستفيضا للخلاص محتاطا بالاتباع وترك الابتداع فان الاتباع افضل عمل يعمله
اور متوجہ ہو حق کی طرف واسطی خلاصی اپنی جان کی اتباع کی فیض اور بدعت کی چہوڑنی سی بیشک اتباع سنت آدمی کی واسطی
المرء في هذا الزمان لشيوع العمل على خلاف السنة منذ زمان طويل فلا بد لك ان تكون شديد التوقي
اس زمانہ مین تمام اعمال سی بہتر ہی اسواسطی کہ مدت دراز سی عمل بدعت بر خلاف سنت پہیل رہا ہی سو تجہکو ضرور ہی کہ بدعات اور محدثات امور سی بہت ہی
من محدثات الامور وان اتفق عليه الجمهور فلا يغرنك اتفاقهم على ما احدث بعد الصحابة بل ينبغي
بچتا رہی اگر چہ اوس بدعت پر بہت خلقت نی اتفاق کیا ہو سو اونکی اتفاق سی بدعات پر جو بعد صحابہ کی نکلی ہین فریب نہ کہانا بلکہ تجہکو
لك ان تكون حريصا على التفتيش عن احوالهم واعمالهم فان اعلم الناس واقربهم الى الله تعالى اشبههم بهم
یہہ بہی لائق ہی کہ اونکی حالات اور اعمال کی تلاش مین رہی کیونکہ سب مین بڑا عالم اور مقرب الہی وہ ہی ہی جو اونسی زیادہ مشابہت رکہتا ہو
واعرفهم بطريقهم اذ منهم اخذ الدين وهم اصول في نقل الشريعة عن صاحب الشرع وقد جاء في الحديث
اور اونکی طریقہ سی زیادہ واقف ہو اسواسطی کہ دین اونہی سی حاصل ہوا ہی اور وہ ہی اصل ہین شریعت کی نقل مین صاحب شرع سی اور حدیث مین آیا ہی

اذا اختلف الناس فعليكم بالسواد الاعظم والمراد به لزوم الحق واتباعه وان كان المتمسك به قليلا والمخالف

کہ جب آدمیون مین اختلاف پڑی تولازم پکڑو انبوہ کثیرہ کو اوراس سی مراد لازم کرلینا حق کا اور اتباع اوسکا ہی اگرچہ متمسک بہ قلیل ہو اور مخالف

له كثيرا لان الحق ما كان عليه الجماعة الاولى وهم الصحابة ولا عبرة الى كثرة الباطل بعدهم وقد قال فضيل بن

کثیر ہون اسواسطی کہ حق وہ ہی جسپر پہلی جماعت یعنی صحابہ ہون اور بعد صحابہ کی انبوہ باطل کا کچہ اعتبار نہین ہی اور فضیل بن عیاض نی

عياض ما معناه الزم طرق الهدى ولا يضرك قلة السالكين واياك وطرق الضلالة ولا تغتر بكثرة الهالكين وقال

یہہ مضمون بیان کیا ہی اختیار کر طریقہ ہدایت کا اور تجھکو کچہ نقصان نہین ہی کوتاہی سالکین سی اور بچیارہ گمراہی کی رستہ سی اور فریب مین نہ آنا ہلاک ہونیوالونکی کثرت سی اور

بعض السلف اذا وافقت الشريعة ولاحظت الحقيقة فلا تبال وان خالف رايك جميع الخليقة وقال ابن

بعض متقدمین نی کہا ہی اگر تو شریعت کی موافق ہی اور حقیقت کو دیکہہ چکا تو پہر کچہ پرواہ نہین ہی اگرچہ تیری رائی کا تمام عالم مخالف ہو اور ابن مسعود نی

مسعود انتم في زمان خيركم المسارع في الامور وسياتي زمان بعدكم خيرهم فيه المتثبت المتوقف لكثرة

کہا ہی تم ایسی زمانہ مین ہو کہ تم مین بہتر وہ ہی جو جلدی کری کامون مین اور تمہاری بعد زمانہ آتا ہی اوس زمانہ مین بہتر سب سی ثابت رہنی والا توقف کرنیوالا ہی بسبب کثرت

الشبهات قال الامام الغزالي ولقد صدق لان من لم يثبت في هذا الزمان ووافق الجماهير فيما هم فيه وخاض

شبہات کی امام غزالی کہتی ہین البتہ سچ کہا ہی اسواسطی کہ جو اس زمانہ مین قایم نرہا اور انبوہ کی ساتہہ ہوگیا جسمین وہ لگی ہوئی تہی اور اونکی سی

فيما خاضوا فيه يهلك كما هلكوا فان اصل الدين وعمدته وقوامه ليس بكثرة العبادة والتلاوة و

ذلك الحرام لاداء ما لا يجب عليهم بل يتركون كثيرا من الصلوات الخمس ويقعون في انواع المعاصي فيكون
اداکی لئی اختیار کرتی ہین بلکہ اکثر اوقات نمازین پنجگانہ مین سی ترک کرتی ہین اور قسم قسم کی معاصی مین گرفتار ہوتی ہین پہر وہ ہی
سبب كمالهم وزيادتهم سببا لنقصانهم وخسرانهم وقد قال بعض المفسرين ياتي على الناس زمان يحج اغنياءهم
سبب جو اونکی خوبی اور زیادت کا ہی باعث اونکی نقصان اور خسارہ کا ہوجاتا ہی اور بعض مفسرون نی کہا ہی لوگون پر ایسا زمانہ آویگا جسمین دولتمند تو
للتنزه واوساطهم للتجارة وقراءهم للرياء والسمعة وفقراءهم للمسئلة ولا يبعد ان يقال وسراقهم للسرقة
حج کرینگی واسطی عیش تن آسانی کی اور درمیانہ لوگ تجارت کی واسطی اور قاری واسطی ریا اور دکہلاوی کی اور فقرا واسطی مانگ کہانی کی اور بعید نہین کہ یہہ بہی کہین اور چور واسطی
والحاصل ان الحج قد صار في هذا الزمان فتنة ومحنة لكثير من الناس حيث لا ينظرون فيما اوجبه الله تعالى
اور حاصل یہہ ہی کہ حج اس زمانہ مین بہت لوگون کی حق مین فتنہ اور محنت ہوگیا ہی اسواسطی کہ وہ ہی نگاہ نہین کرتی کہ اللہ تعالی نی اونپر کیا کیا
عليهم فيه من حقوقه وحقوق عباده فانه تعالى اوجب عليهم الحج بشرط الاستطاعة وهي تقتضي
اپنی حق اور اپنی بندون کی حق واجب کئی ہین بیشک اللہ تعالی نی اونپر حج اس شرط سی فرض کیا ہی کہ استطاعت ہو یعنی اتنی
القدرة على ما يكفي الانسان مما يحتاج اليه مدة ذهابه ومجيئه من ماكول ومشروب ومركوب
قدرت ہو کہ انسان کو حاجات کی لئی جانی اور آنی کی مدت مین کفایت کرجاوی کہانی کو اور پینی کو اور سواری کو
فمن الناس من يخرج الى الحج بلا زاد وراحلة لفقره فربما يهلك في الطريق عند حاجته الى الاكل والشرب
پہر بعضی لوگ جو حج کی واسطی ناداری کی خالی ہاتہہ بی توشہ اور سواری روانہ ہوجاتی ہین تو اکثر راستہ کی اندر کہانی اور پینی
والركوب فيموت عاصيا لان الله تعالى نهاه عن السفر على تلك الحالة ومن خرج الى الحج من غير ان
اور سواری کی محتاج ہوکر تباہ ہوتی ہین پہر گناہگار ہوکر مرتی ہین اسواسطی کہ اللہ تعالی نی ایسی حالت مین سفر سی منع کیا ہی اور جو شخص حج کو جاوی بدون
يملك ما يكفيه وقصد في خروجه ان يسئل الناس ما يحتاج اليه في وقت ضرورته من اكل وشرب وركوب
اتنی مقدور کی کہ اوسکی واسطی کافی ہو اور ارادہ کری کہ ایسا ہی نکلتی ہی لوگونسی حاجت کی چیز کہانا پینا سواری ضرورت کی وقت مانگ لین گی
فقد اساء اكبر اساءة لان الغالب من حال الحجاج ان يتزود كل واحد منهم قدر كفايته لمشقة الحمل وبعد
تو اوسنی بہت ہی برا کیا اسواسطی کہ اکثر حاجیون کا حال یہہ ہی کہ توشہ موافق کفایت اپنی باربرداری اور درازی راہ کی لیکر جاتی ہین
الطريق فمن سافر معهم بلا زاد فانه يضائقهم في زادهم فيكون سفره هذا اذى لنفسه ولغيره واكثر من
پہر جو خالی ہاتہہ اونکی ساتہہ ہوجاوی تو اوسنی اونکی توشہ مین مہمانی مانگی کا پہر اوسکا یہہ سفر وبال ہوگا اوسکو بہی اور اورونکو بہی اور اکثر ایسا کام
يفعل هذا هم الذين لا يعرفون شرائط الدين واحكام الاسلام ولا يقصدون طاعة الله تعالى وطاعة
وہ ہی کرتی ہین جو شرایط دین کی اور احکام اسلام کی نہین جانتی اور نہ اونکو طاعت الہی اور اتباع رسول سی کچہہ غرض ہوتی ہی
رسوله بل يقصدون قضاء ما تشتهيه نفوسهم من روية الاماكن البعيدة الغريبة وروية مكة
بلکہ اپنی دل کی ارمان نکالتی ہین دیکہنا عجیب و غریب دور کی شہرون کا اور دیکہنا مکہ
والمدينة والتفرج على الناس في مجامعهم اذ ياتون من كل فج عميق وان يقال له الحاج لا همة له الا
اور مدینہ کا اور سیر کرنا لوگون کی مجلسون کا اسواسطی کہ وہان دور دور کی لوگ آتی ہین اور حاجی کہلائین اسکی اتنی ہی ہمت تہی
ذلك ومنهم من يزين له الشيطان صحبة الركب ولا مقصود له الا اخذ اموال الناس من سرقة
اور بعضون کی دلین شیطان ڈالدیتا ہی اونکا مقصود صرف یہہ ہی ہوتا ہی کہ لوگون کا مال چورا کر

اوغصبا وكيف يمكن فان الشيطان يجتهد دائما في ايقاع بني ادم في الشر فيفتح له بابا من الخير ليوقعه
یا چھین کر یا جسطرح بنی یعنی کیونکہ شیطان ہمیشہ یہہ کوشش کرتا رہتا ہی کہ بنی آدم کو برائی مین مبتلا کری پہر اونکی لئی ظاہر مین دروازہ خیر کا کہول کر

في انواع المعاصي والمحرمات في السر ومن منكراتهم ايضا انهم في اكثر الاحوال يضيعون حقوق ميتهم اذ قد
درپردہ قسم قسم کی معاصی اور حرام اور برائی مین مبتلا کردیتا ہی اور حاجیون کی منکرات مین سی یہہ بہی ہی کہ وہ اکثر حال مین اپنی مردہ کا حق تلف کردیتی ہین

يموت واحد من رفقائهم حين كونهم نازلين فلا يغسلونه ولا يكفنونه ولا يصلون عليه بل يرتحلون
جب کوئی اونکا رفیق منزل مین اوترتی ہوئی مرجاتا ہی پہر اوسکو نہ نہلاوین اور نہ کفن دین اور نہ اوسپر نماز جنازہ کی پڑہین بلکہ وہانسی کوچ کرتی ہین

ويتركونه هناك ضايعا بلا دفن ويقعون في الاثام لان كل واحد من هذه الامور من فروض الكفاية التي
اور مردہ کو اوسی جگہہ بی دفن ڈال جاتی ہین اور گناہ مین پہنستی ہین کیونکہ یہہ سب باتین فرض کفایہ ہین اگر کوئی ایک بہی

اذا ترك واحد منها ياثم الكل وقد يموت حين كونهم ذاهبين في الطريق فيرمونه في مكان قفر بلا دفن ويأكله
متروک ہو تو سب گنہگار ہون اور بعضی وقت رستہ مین چلتی ہوئی مرجاتا ہی تو پہر اوسکو یونہین جنگل پٹپڑ مین بی دفن کئی پہینک جاتی ہین اوسکو گیدڑ

السباع وسبب ارتكابهم امثال هذا الجرائم خوفهم ان ياخذ البيت المال ماله ويختارون متاع
بہیڑیی کہا جاتی ہین اور ایسی ایسی یہہ تمام گناہ صرف اس خوف کی ماری کرتی ہین کہ مبادا اوسکا مال بیت المال مین داخل ہوجاسو یہہ لوگ دنیا کی پونجی کو

الدنيا على الاخرة ويضيعون امثال هذه الفروض ويقعون في الاثام فكيف يكون حجهم مبرورا والحاصل
آخرت کی مقابلہ مین پسند کرتی ہین اور ایسی ایسی فرض باتون کو ضایع کرکر گنہہ مین مبتلا ہوتی ہین اب کیونکر اونکا حج مبرور ہوگا حاصل یہہ ہی

ان من يريد ان يكون حجه مبرورا يلزمه ان يحج باقامة اركانه وواجباته وسننه ويحترز في الاحرام
جو شخص چاہی کہ اوسکا حج مبرور ہووی تو اوسکو لازم ہی کہ حج مین تمام ارکان اور واجبات اور سنن اداکری اور احرام کی مدت مین تمام

عن محظورات الاحرام وعن سائر المعاصي كلها كبائرها وصغائرها ويتوب قبل الاحرام عن الذنوب كلها
منہیات سی جو احرام مین ہین اور تمام اور معاصی کبایر اور صغایر سی احترازکری اور احرام سی پہلی تمام گناہونسی توبہ کرکر

باداء الفروض والواجبات وارضاء الخصوم في حقوق العباد ويكون طعامه وشرابه ولباسه ومركبه من
فرض اور واجبات اداکری اور حقوق العباد مین مدعیون کو راضی کری اور اوسکا کہانا اور پینا اور پہرنا اور سواری

الحلال لا من الحرام اذ قد اختلف الفقهاء فيمن يحج بمال حرام هل يصح حجه ام لا فعند الامام احمد لا يصح ويجب
حلال مال مین سی ہو حرام مین سی نہو اسواسطی کہ فقہائی اختلاف کیا ہی کہ جو شخص حرام مال خرچ کرکر حج کری تو آیا اوسکا حج ادا ہوجاتا ہی یا نہین امام احمد کی نزدیک

عليه ان يحج ثانيا بمال حلال وعند الثلثة يصح حجه ويسقط عنه الفرض ولا يجب عليه الاعادة لكن
البساحج صحیح نہین ہوتا اوسپر واجب ہی کہ حج دوبارہ مال حلال سی کری اور تینون امامون کی نزدیک اوسکا حج تو صحیح ہی اور اوسکی ذمہ سی فرض ادا ہوگیا اور اوسپر حج دوبارہ بہی واجب نہین

لا يكون حجه مبرورا لان الشرط في كون الحج مبرورا الاجتناب عن كل ما نهي الله عنه مع اداء الحج بشروطه
اوسکا حج مبرور نہین اسواسطی کہ حج مبرور کی لئی یہہ شرط ہی کہ اللہ کی تمام منہیات سی اجتناب کری اور حج کو تمام شرائط

واركانه وواجباته وسننه وادابه فشرائطه نوعان شرائط الاداء وشرائط الوجوب اما شرائط الاداء
اور ارکان اور واجبات اور سنن اور آداب کی ساتہہ اداکری پس اوسکی شرطین دو قسم کی ہین ایک شرط اداکی ہی اور ایک شرط واجب ہونی کی ہی شرط اداکی

فهي الزمان والمكان والاحرام وشرائط الوجوب فهي العقل والبلوغ والحرية والاستطاعة وسلامة
تو وقت ہی اور مکان ہی اور احرام ہی اور شرط وجوب کی عقل اور جوانی اور آزادگی اور قدرت مالی اور صحت

البدن وامن الطريق فلكون امن الطريق من شرائط الوجوب اختلف العلماء في وجوب الحج في هذا الزمان
بدنی اور امن رستہ کا پس امن رستہ کا جو شرط وجوب کی ہی اسلئی علماء کو اختلاف پیدا ہوا کہ اس زمانہ مین حج فرض ہی یا نہین

لارتفاع الامن بظهور القرامطة وغیرهم من الفساق والسراق فقال ابو القاسم الصغاری لا شك
کیونکہ امن رستہ کا جاتا رہا بسبب غلبہ قرامطہ وغیرہ فساق اور چور ٹوں کی ابو القاسم صغاری کہتی ہین عورتوں کی ذمہ سی
فی سقوط الحج علی النساء فی هذا الزمان وانما اشك فی سقوطه عن الرجال وقال ایضا لا اری الحج فرضا منذ عشرین
حج کی ساقط ہونی مین اس زمانہ کی اندر کچہہ شک نہین ہی شک اسمین ہی کہ مردون کی ذمہ سی بہی ساقط ہی یا نہین اور یہہ بہی کہا ہی کہ مین حج کو فرض نہین جانتا
سنة منذ خرجت القرامطة والبادیة عندی دار الحرب وقال ابو بکر الاسکاف ولا اقول الحج فریضة
بیس برس کی مدت سی جب سی قرامطہ پیدا ہوئی ہین اور بادیہ میری نزدیک دار الحرب ہی اور ابو بکر اسکاف کہتی ہین مین نہین قایل ہون کہ
فی زماننا قاله فی سنة ست وعشرین وثلثمائة وافتی ابو بکر الرازی ان الحج قد سقط عن اهل بغداد
اب ہماری وقت مین حج فرض ہی یہہ گفتگو سنہ تین سو چہبیس کی ہی اور ابو بکر رازی نی یہہ فتوی دیا ہی کہ حج اس زمانہ مین اہل بغداد کی ذمہ سی
فی هذا الزمان وبه قال جماعة من المتاخرین قیل وانما قالوا ذلك لان الحاج لا یتوصل الی الحج الا بالرشوة
بیشک ساقط ہوگیا اور ایسی ہی اور متاخرین کہتی ہین اور کہتی ہین کہ عدم فرضیت کی اسواسطی قائل ہوئی ہین کہ حاجی قرامطہ وغیرہ کو رشوت دئی بغیر
الی القرامطة وغیرهم فیکون الطاعة سببا للمعصیة فمتی صارت الطاعة سببا للمعصیة یرتفع
ہرگز حج نہین کرسکتی اب طاعت سی معصیت ذمہ آئی جب طاعت معصیت کا سبب بنی تو پہر طاعت نہین رہی
الطاعة لکن ذکر فی القنیة ان من قدر علی الحج یجب علیه الحج وان علم انه یؤخذ منه المکس اذ لو سقط
لیکن قنیہ مین یہہ مذکور ہی کہ جسکو حج کی طاقت ہو تو اوسپر حج فرض ہی اگرچہ یہہ جانتا ہو کہ اوس سی خراج لیا جاویگا اسواسطی کہ اگر اتنی خوف سی
الحج به فمتی یعمل بقوله تعالی وَلِلّٰهِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ وسئل ابو الحسن الکرخی عمن لا یخرج الی الحج خوفا
حج ساقط ہوجاوی تو پہر اس آیت پر کب عمل ہوویگا اور واسطی اللہ کی ہی لوگون پر حج بیت اللہ کا ابو الحسن کرخی سی پوچہا حال اوسکا جو ماری خوف
من القرامطة فقال ما سلمت البادیة عن الآفات یعنی ان البادیة لا تخلو عن الآفات لقلة الماء وشدة
قرامطہ کی حج کو نہین جاتا اونہی جواب دیا بادیہ آفات سی سالم نہین ہی یعنی بادیہ آفات سی کبہی خالی نہین ہی بسبب کوتاہی پانی اور شدت
الحر وهیجان الریح السموم وقال الفقیه ابو اللیث ان کان الغالب فی الطریق السلامة یجب وان کان
گرمی اور تیزی ہوا لون کی اور فقیہ ابو اللیث کہتی ہین اگر راستہ مین احتمال غالب سلامتی کا ہی تو حج فرض ہی اور اگر احتمال
الغالب خلاف ذلك لا یجب وعلیه الاعتماد وفرائضه الاحرام والوقوف بعرفة وطواف الزیارة فان فات
غالب تلف کا ہی تو واجب نہین ہی اسی قول پر اعتماد ہی اور فرائض حج کی یہہ ہین احرام اور عرفات پر ٹہرنا اور طواف الزیارة اگر ان تینون مین سی
واحد منها یبطل حجه ویجب قضائه فی العام القابل وواجباته السعی بین الصفا والمروة والوقوف
ایک ہی فوت ہوگا تو حج باطل ہوجاویگا پہر سال آیندہ مین اوسکی قضا واجب ہوگی اور واجبات حج کی یہہ ہین صفا اور مروہ کی بیچ مین دوڑنا اور
بالمزدلفة ورمی الجمار والحلق او التقصیر وطواف الصدر للآفاقی فان ترك شیئا منها یجوز حجه و
مزدلفہ مین ٹہرنا اور جمرات مین کنکر مارنی اور سر منڈانا یا بال کتروانی اور طواف الصدر سوا مکہ والون کی پس اگر کوئی واجب ان واجبات مین سی ترک کیا تو حج تو جایز
علیه الدم وما عدا ذلك سنن وآداب ووقته شوال وذو القعدة وعشر ذی الحجة ویکره الاحرام للحج
ہوگا پر اوسپر ذبح لازم ہی اور سوا ان فرائض اور واجبات کی سنن اور آداب ہین اور حج کا وقت ماہ شوال اور ماہ ذیقعدہ اور اول دس دن ذی الحجہ کی ہین اس مدت سی پہلی احرام حج کا باندہنا
قبل ذلك لان الاحرام یطول فربما یقع فی الحرام ولا یکون حجه مبرورا فان من احرم للحج والعمرة وارتکب
مکروہ ہی اسلئی کہ مدت احرام کی دراز ہوجاوی گی سو اکثر حرام مین واقع ہوجاتا ہی پہر اوسکا حج مبرور نہوگا کیونکہ جسنی احرام حج کا یا عمرہ کا باندہا پہر کوئی قسم کی
شیئا من محظورات الاحرام بلا عذر یخرج حجه عن ان یکون مبرورا وان تاب الی الفور لان التوبة ترفع
ممنوعات مین سی بی عذر عمل کیا تو اوسکا حج مبرور نہین رہتا اگرچہ فی الفور توبہ کری اسواسطی کہ توبہ سی گناہ معاف ہوجاتا ہی

الاثم ولا ترفع ما وقع من نقصان ثواب الحج لان الشرط فی کون الحج مبرورا ان لا یقع فی حال الاحرام ذنب
اور جو نقصان حج کی ثواب مین ہوگیا وہ نہین موقوف ہوتا اسواسطی کہ شرط حج کی مبرور ہونی کی یہہ ہی کہ احرام کی اندر
من الذنوب بلا عذر والاحرام النیة والتلبیة وهما رکنان فی الاحرام لا یصح الاحرام باحدهما دون الاخر
بلا عذر کوئی گناہ کسی طرح کا نہونی پادی اور احرام کی دو جز ہین نیت اور تلبیہ یہہ دونو احرام کی رکن ہین احرام ایک سی بدون دوسری کی
فمن اراد الاحرام یتوضأ او یغتسل والغسل افضل وینزع المخیط ویلبس ثوبین ازارا ورداء جدیدین
صحیح نہین ہوتا جو شخص احرام باندہی پہلی وضو کری یا نہاوی اور نہانا افضل ہی سیئین کپڑی اوتار ڈالی صرف دو کپڑی پہن لی تہمد اور چادر نئی ہون
او غسیلین والجدید افضل ویقص شاربه ویقلم اظفاره ویحلق عانته ثم یصلی رکعتین و
یا دہوئی ہوئی نئی ہون تو بہتر ہی موچہین کتروادی اور ناخون ترشوادی اور موئی نہانی مونڈی پہر دو رکعت نماز ادا کری
یقول بعد السلام اللهم انی ارید الحج فیسره لی وتقبله منی ثم یلبی ویقول برفع الصوت لبیك اللهم
پہر بعد سلام کی یہہ پڑہی الٰہی مین حج کیا چاہتا ہون سو تو مجہپر آسان کردی اور مجہہ سی قبول کرلی پہر یہہ تلبیہ پکار کر بلند آواز سی کہی حاضر ہوتا ہون الٰہی
لبیك لبیك لا شریك لك لبیك ان الحمد والنعمة لك والملك لا شریك لك ولا ینقص منها وان زاد
حاضر ہوتا ہون حاضر ہوتا ہون تیرا کوئی شریک نہین بیشک حمد اور نعمت تیری ہی اور ملک تیرا تیرا کوئی شریک نہین اس عبارت مین سی کچہہ کم نکری اگر کچہہ بڑہاوی
یجوز فاذا اتی بالنیة والتلبیة فقد احرم ویتقی محظورات احرامه وهی الرفث والفسوق والجدال
تو جایز ہی پہر نیت کرکر تلبیہ پڑہہ چکا تو احرام ثابت ہوگیا اب احرام کی ممنوعات سی پرہیز کری اور وہ باتین بیحیائی کی عورتونکی سامہنی اور بدکاری اور لڑائی
وتعرض الصید بالاخذ والاشارة او الدلالة او الاعانة ولا یلبس المخیط قباء او قمیصا او سراویل او
اور شکار کو چہیڑنا پکڑنا یا اشارہ سی بتانا یا ظاہر بتانا یا مدد کرنی اور سیا ہوا کپڑا نہ پہنی قبا یا کرتا یا پائجامہ اور
عمامة او قلنسوة او خفا الا ان یقطع الخف اسفل من الکعبین ولا یاخذ شعرا ولا ظفرا ولا یقتل القمل
پگڑی نہ باندہی ٹوپی نہ پہنی اور موزہ ان اگر موزہ ٹخنی کی نیچی تک کتر ڈالی تو ڈر نہین پہر نہ بال کتری نہ ناخن کتری نہ جون ماری
ولا یغطی راسه ولا وجهه ولا باس بالاستظلال بالبیت او المحمل ولا یحك راسه الا برفق حتی روی
اور نہ سر ڈہکی اور نہ منہہ ڈہکی اور اسکا ڈر نہین کہ سایہ مین بیٹہی بیت کی یا کجاوی کی اور سر کو نہ کہجاوی مگر نرمی سی یہان تک
عن ابی حنیفة انه یحکه ببطون الاصابع کیلا یؤذی شیئا من هوام راسه ویکثر التلبیة برفع
ابو حنیفہ سی روایت ہی کہ او انگلیون کی پیٹ سی کہجاوی تاکہ کوئی جانور سر مین کا جون وغیرہ ایذا نہ پاوی اور تلبیہ بار بار جب نماز پڑہی
الصوت متی صلی او علی شرفا او هبط وادیا او لقی رکبا او اسحر واذا دخل مکة یبدأ بالمسجد حین
یا اونچی پر چڑہی یا نیچی کو اوتری کسی نالہ مین یا سوار ملین یا صبح ہو پکار کر پڑہا کری اور جب مکہ مین داخل ہو تو پہلی مسجد الحرام مین جاوی
رای البیت یکبر ویهلل ثم یستقبل الحجر مکبرا مهللا رافعا یدیه کما فی الصلوة ویستلمه والاستلام
اور جب بیت کو دیکہی تو اللہ اکبر کہی اور لا الہ الا اللہ پڑہی پہر حجر اسود کی سامنی تکبیر اور لا الہ الا اللہ کہتا ہوا ہاتہہ اوٹہاتی ہوئی جاوی جیسی نماز مین اور اوسکو چومی اور
عند الفقهاء ان یضع کفیه علی الحجر ویقبله بفمه ان قدر بلا ایذاء احد لان الاستلام سنة وترك
فقہاء کی نزدیک استلام کی یہہ وضع ہی کہ دونو ہاتہہ حجر اسود پر رکہہ کر منہہ سی چوم لی اگر کسیکو تکلیف دئی بغیر میسر ہوسکی اسواسطی کہ استلام تو سنت ہی اور
الایذاء واجب فالاتیان بالواجب اولی وان لم یقدر علی ذلك یمسه شیئا فی یده ویقبله وان عجز
ایذا نہ دینی واجب ہی اور واجب کا ادا کرنا اولی ہی اور اگر اسپر قابو نہو تو حجر اسود کو کسی چیز سی چہوئی پہر اوسکو چوم لی اور اگر یہہ دونو
عنهما یستقبله رافعا یدیه حذاء منکبیه جاعلا ظاهرهما نحو وجهه وباطنهما نحو الحجر مشیرا
امر نہوسکین تو حجر اسود کی سامنی کہڑا ہوکر دونو ہاتہہ برابر مونڈہون کی اوٹہائی ہوئی پشت ہاتہونکی منہہ کی طرف اور اندر والی حجر اسود کی طرف اشارہ کرتا ہوا

بهما اليه مكبرا مهللا حامدا لله تعالى ومصليا على النبي عليه السلام ويطوف للقدوم وراء الحطيم

طرف حجر کی الله اکبر کہتا ہوا لا اله الا الله پڑہتا ہوا الله کی حمد کرتا ہو نبی علیه السلام پر درود پڑہتا ہوا پہر طواف القدوم کری حطیم کو طواف کی اندر لیکر

اخذا عن يمينه مما يلي الباب جاعلا رداءه تحت ابطه اليمنى ملقيا طرفه على كتفه اليسرى

داہنی طرف سی شروع کرکر جسطرف باب سی متصل ہی چادر کو داہنی بغل تلی لیکر اور اسکی کونی بائین مونڈہی پر ڈالکر

سبعة اشواط يرمل في الثلثة الاول فقط من الحجر الى الحجر وكلما مر بالحجر يفعل به ما ذكر من الاستلام

سات گردشین اکڑکر صرف پہلی تین گردشون مین حجر سی حجر تک اور جب حجر کی پاس پہنچی وہ ہی استلام کری موافق مذکور بالا کی

ويستلم الركن اليماني وهو حسن ولا يستلم غيرهما ويختم الطواف باستلام الحجر ثم يصلي ركعتين

اور استلام کری رکن یمانی کو یہہ بہتر ہی اور سوا ان دونوں کی اورکو استلام نہ کری اور طواف کو حجر کی استلام پر ختم کردی پہر مقام کی پاس دو رکعت نفل

عند المقام او غيره من المسجد ان منعه الزحام وهذه الصلوة واجبة بعد كل اسبوع ثم

ادا کری یا مسجد مین اور جگہ اگر انبوہ کی سبب مقام مین میسر نہ آوی اور یہہ نماز واجب ہی بعد ہر یک پوری طواف یعنی سات گردش کی پہر

يعود ويستلم الحجر ويخرج من المسجد ويصعد الصفا ويستقبل البيت ويكبر ويهلل ويصلي

ہٹ کر حجر کا استلام کری اور مسجد سی باہر آکر صفا پر چڑہ جاوی اور بیت کا طرف منہہ کرکر الله اکبر کہی اور لا اله الا الله پڑہی اور نبی علیه السلام پر

على النبي عليه السلام ويرفع يديه ويدعو ما شاء ثم يمشي نحو المروة على هيئته حتى يصل بطن الوادي

درود پڑہی اور ہاتہہ اوٹھا کر جو چاہی دعا مانگی پہر مروہ کی طرف چلی اپنی چال مین یعنی بی تکلف یہان تک کہ بطن وادی پر پہنچی

ثم يسعى بين الميلين الاخضرين فاذا جاوز بطن الوادي يمشي على هيئته حتى ياتي المروة فاذا انتهى

پہر درمیان میلین اخضرین کی دوڑ کر چلی جب بطن وادی سی نکل جاوی تو اپنی چال پر چلنی لگی یہان تک کہ مروہ پر جا پہنچی وہان جاکر

يصعد عليها ويفعل ما فعل على الصفا ثم ينزل عنها ويتوجه الى الصفا ويفعل هكذا سبعا يبدأ

اوسکی پر چڑہی وہان جاکر وہی عمل کری جو صفا پر کیا تہا پہر مروہ سی اترکر صفا کی طرف جاوی اسی طرح سات دفعہ کری صفا سی شروع کرکر

بالصفا ويختم بالمروة ثم يسكن بمكة محرما ويطوف بالبيت نفلا ما شاء فاذا صلى بمكة فجرا ثامن

مروہ پر ختم کردی پہر مکہ مین احرام باندہی ہوی رہنی لگی اور بیت کا طواف نفل کیا کری جسقدر چاہی جب مکہ مین یوم ترویہ یعنی اٹہوین تاریخ

الشهر يخرج الى منى ويمكث بها الى فجر عرفة ثم يروح الى عرفات وكلها موقف الا بطن عرنة فبعد

ذالحجہ کو صبح کی نماز پڑہ چکی منی کو جاوی وہان جاکر نوین تاریخ کی فجر تک ٹہرا رہی پہر عرفات مین جاوی وہ تمام ٹہرنیکی جگہہ ہی سوا بطن عرنہ کی جب

ما صلى الظهر والعصر في وقت الظهر يذهب الى الموقف بغسل سن وبعد الغروب ياتي الى المزدلفة

نماز ظہر اور عصر کی جمع کرکر ظہر کی وقت مین پڑہ چکی تو غسل مسنون کرکر موقف کو جاوی اور دن چہپی مزدلفہ کو چلا جاوی

وكلها موقف الا وادي محسر وينزل عند جبل قزح ويصلي العشائين ههنا باذان واقامة فاذا طلع

وہ تمام ٹہرنی کی جگہہ ہی سوا وادی محسر کی اور جبل قزح کی پاس اوتری یہان مغرب اور عشا ملاکر ایک اذان اور تکبیر سی ادا کری جب صبح صادق

الفجر يصلي الفجر بغلس وهو ظلمة في اخر الليل ثم يقف ويكبر ويهلل ويلبي ويصلي على النبي عليه السلام

کہل جاوی تو فجر کی نماز اندہیری مین پڑہی غلس اندہیرا ہوتا ہی آخر لیل مین پہر ٹہر کر الله اکبر کہی اور لا اله الا الله پڑہی اور تلبیہ پڑہی اور نبی علیه السلام پر درود بہیجا دی

ويدعو واذا اسفر ياتي منى ويرمي جمرة العقبة من بطن الوادي من سفله الى اعلاه سبع حصيات

اور دعا مانگی جب خوب روشنی ہوجاوی تو منی مین آکر جمرة العقبہ کو رمی کری بطن وادی کی جانب اسفل سی علی کی طرف سات کنکرین ڈالی اور کنکرین

خذفا ويكبر بكل منها فيقول بسم الله والله اكبر رجما للشيطان وحزبه اللهم اجعله حجا مبرورا وسعيا

اور ہر کنکر پر الله اکبر کہتا جاوی اسطور بسم الله والله اکبر واسطی مارنی شیطان اور اوسکی گروہ کی الہی تو حج مبرور

مشكوراً وذنبي مغفوراً ويقطع التلبية باولها ثم يذبح ان شاء ثم يقصر والحلق افضل ويحل له كل شيء
مشکور اور گناہ میری معاف کر اور اول رمی پر تلبیہ موقوف کرے پھر قربانی کرے اگر چاہے پھر بال کتروادے اور سر منڈانا افضل ہے اور اسکو ممنوعات احرام میں

من محظورات الاحرام الا النساء ثم يطوف للزيارة يوما من ايام النحر سبعة اشواط بلا رمل ولا سعي
سوائے جماع کے سب شے حلال ہو جاتی ہیں پھر طواف زیارت کسی دن ایام نحر میں سے سات گردشیں بدون اکڑ اور سعی کی کرے

ان فعل الرمل والسعي قبل والا فيهما وان اخره عن ايام النحر يكره ويجب الدم ثم ياتي منى ويرمي الجمار
اگر رمل اور سعی پہلے کر چکا ہے اور نہیں تو اب کرے اور اگر طواف زیارت کو ایام نحر سے ٹال دے تو مکروہ ہے اور ذبح کرنا واجب ہو جاتا ہے پھر منی میں آوے اور

الثلث بعد زوال ثاني النحر يبدأ بما يلي مسجد الخيف ثم بما يليه ثم بالعقبة سبعا سبعا ويكبر بكل
تینوں جمروں کو بعد دن ڈھلنے دوسرے دن نحر کی کنکر مارے شروع اوس جمرہ سے کرے جو مسجد خیف سے نزدیک ہے پھر جو اوس سے پاس ہے پھر جمرۃ العقبہ کو سات سات ہر کنکر

حصاة ويقف بعد رمي بعده رمي ويدعو ولا يقف بعد الثالثة ولا بعد رمي يوم النحر ثم غدا كذلك
کے ساتھ تکبیر کہتا جاوے اور ٹھہرے بعد اوس رمی کی کہ جسکے پیچھے اور رمی ہو اور دعا مانگے اور بعد تیسری کے نہ ٹھہرے اور نہ بعد رمی یوم نحر کے پھر اگلے دن اسیطور

وبعد غد كذلك ان مكث ويكره ان لا يبيت بمنى ليالي الرمي واذا اراد الرجوع الى وطنه يطوف للصدر
اور بعد اوسکی اگلے دن بھی اگر ٹھہرے اور اگر رمی کی شبوں میں منی میں شب کو نہ رہے تو مکروہ ہے اور اگر ارادہ مراجعت کا اپنی وطن کو کرے تو طواف الصدر

سبعة اشواط بلا رمل ولا سعي ثم يصلي ركعتين ثم يشرب من زمزم ثم ياتي البيت ويقبل العتبة
سات گردشیں بدون رمل اور سعی کی کرے پھر دو رکعت نماز ادا کرے پھر آب زمزم نوش کرے پھر بیت کی پاس آوے اور آستانہ بوسی کرے

ويضع صدره ووجهه على الملتزم وهو ما بين الحجر والباب ويتشبث بالاستار ساعة ويدعو ويجتهد
اور اپنا سینہ اور چہرہ ملتزم پر رکھے اور ملتزم حجر اور باب کی بیچ بیچ میں ہے اور ایک ساعت بھر پردہ کعبہ کا پکڑے رہے اور خوب تضرع سے دعا مانگے

ويبكي على فراق الكعبة ويرجع قهقرى حتى يخرج من المسجد والمراة كالرجل الا انها تلبس المخيط ولا
اور کعبہ کی جدائی پر روئے اور پس پشت ہٹے یہاں تک کہ مسجد میں سے نکل آوے اور عورت کا حال بھی مرد کا سا ہے اتنا فرق ہے کہ عورت سیا کپڑا پہنے

تكشف راسها بل تكشف وجهها ولو اسدلت عليه شيئا وجافته عنه يصح ولا ترفع صوتها بالتلبية
اور اپنا سر نہ کھولے بلکہ منہ کھولے رکھے اور اگر کسی کپڑے سے گھونگھٹ رکھے اور منہ سے کپڑے کو الگ رکھے تو بھی صحیح ہے اور تلبیہ میں پکار کر ادا نہ کرے

ولا تقرب الحجر الا عند كونه خاليا ولا ترمل في الطواف ولا تسعى بين الميلين بل تمشي على هيئتها ولا
اور حجر کی پاس انبوہ میں نہ جاوے اگر جائے خالی ہو تو جاوے اور طواف میں رمل نہ کرے اور میلین کی بیچ میں نہ دوڑے بلکہ اپنی طرح پر چلی جاوے اور سر

يحلق بل تقصر وان حاضت عند الاحرام تغتسل ويكون هذا الغسل للاحرام لا للصلوة ويفيد النظافة
نہ مونڈاوے بلکہ لٹ کتروا ڈالے اور اگر احرام باندھتے وقت حائض ہو جاوے تو نہاوے اور یہہ غسل احرام کی لئے ہے نماز کی واسطے نہیں اس سے سوائے طواف کی طہارت

لغير الطواف وهو بعد الركنين اللذين هما الوقوف بعرفة وطواف الزيارة يسقط طواف الصدر ولا يجب عليها شيء
کا فائدہ ہوگا اور حیض بعد دونوں رکن کی کہ وہ وقوف عرفات اور طواف الزیارۃ ہے طواف الصدر کو ساقط کر دیتا ہے اور اوسکی ترک سے اوسپر کچھہ لازم

بتركه ولا بتاخير طواف الزيارة عن ايام النحر بسبب الحيض ثم ينبغي ان يعلم ان المراة شابة كانت او عجوزا
نہیں آتا اور نہ طواف الزیارت کی تاخیر سے جو ایام نحر سے بسبب حیض کی ہو جاوے کچھہ لازم آوے پھر جاننے کی بات ہے کہ عورت جوان ہو یا بوڑھی

اذا كان بينها وبين مكة مسيرة سفر لا يثبت لها الاستطاعة الا بمحرم وهو الزوج ومن لا يجوز نكاحها
جب اوسمیں اور مکہ میں مسافت سفر کی ہو تو اس عورت کو استطاعت حاصل نہیں جس سے حج فرض ہوتا ہے بدون محرم کی اور وہ خاوند ہوتا ہے یا وہ جس سے

على التابيد بنسب او رضاع او صهرية وان لم يكن لها محرم لا يجب عليها ان تتزوج ليحج بها وذكر في التجنيس
کبھی کسی حال میں نکاح جائز نہیں ہے بسبب نسب کی یا دودھ کی یا سمدھیانے کی اور اگر اوس عورت کی ساتھ محرم نہیں تو اوسپر یہہ واجب نہیں کہ حج کی واسطے خاوند کرے اور تجنیس میں مذکور ہے

ان

ان محرمها ان كان فاسقا او مجنونا او صبيا لا يجب عليها الحج ويحرم عليها السفر معه ويشترط لها
کہ اگر اوسکا محرم فاسق ہو یا دیوانہ ہو یا بچہ نابالغ ہو تو اوسپر حج واجب نہین ہی اور ایسی محرم کی ساتھ سفر حرام ہی اور عورت کی واسطی

ان تكون خاليا عن العدة عند خروجها الى الحج حتى لو كانت فى العدة لا تخرج الى الحج وكذا لو وجب
یہہ بہی شرط ہی کہ جب وہ حج کو چلی تو عدت سی پاک ہو یہان تک کہ اگر عدت مین ہو تو حج کو نہ جاوی اور ایسی ہی اگر اوسپر

لها العدة فى الطريق فى مصر من الامصار وبينها وبين مكة مسيرة سفر لا تخرج عن ذلك المصر ما لم تنقض
عدت رستہ مین کسی شہر مین واجب ہو جاوی کہ اوسمین اور مکہ کی بیچمین مسافت سفر کی ہو تو اوس شہر مین سی عدت کی گذری بغیر نجاوی

عدتها يسر نا الله تعالى اعمالا مطابقا لرضاه بمنه وفضله المجلس الحادى والعشرون
الٰہی ہمپر آسان کردہ اعمال جو تیری رضا کی مطابق ہین اپنی احسان اور فضل سی اکیسوین مجلس

في بيان فضائل الزكوة وغوائل تركها قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من
زکوۃ دینی کی فضائل اور ندینی کی سختیون مین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی نہین کوئی

صاحب ذهب ولا فضة لا يؤدى منها حقها الا اذا كان يوم القيمة صفحت له صفائح من نار
سونی چاندی والا کہ اوسمین سی اوسکا حق یعنی زکوۃ نہ ادا کرتا ہو مگر جب دن قیامت کا ہوگا تو اوسکی لئی تختی آگ کی بنائی جاویگی

فاحمى عليها فى نار جهنم فتكوى بها جنبيه وجبينه وظهره وكلما بردت اعيدت له فى يوم
پہر اونکو دوزخ کی آگ مین گرم کرکر اوسکی دونو کروٹین اور پیشانی اور پشت داغ دی جاوی گی اور جب ٹہنڈی ہونگی پہر گرم کی جاوینگی اوس روز

كان مقداره خمسين الف سنة حتى يقضى بين العباد فيرى سبيله اما الى الجنة واما الى النار
کہ برابر پچاس ہزار برس کی ہوگا یہان تک کہ تمام خلق کا فیصلہ ہوچکی پہر دیکہی اوسکا راہ یا جنت کی طرف ہو اور یا دوزخ کی طرف

هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة فانه عليه السلام ذكر فيه جنسين من المال وهما
یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اسمین نبی علیہ السلام نی مال کی دو جنس بیان فرمائین

الذهب والفضة ثم افرد الضمير الراجع اليهما فقال لا يؤدى منها حقها نظرا الى المعنى دون اللفظ
سونا اور چاندی پہر ضمیر جو اونکی طرف پہرتی ہی وہ مفرد بیان کی فرمایا کہ نہ ادا کری اوسمین سی حق اوسکا تو بلحاظ معنی کی لفظ کا لحاظ نہین کیا

لان المراد بهما دنانير ودراهم وقيل يحتمل ان يراد بهما الاموال لان الحكم عام وتخصيصهما بالذكر لفضلهما
اسواسطی کہ مراد اون دونون سی دنانیر اور دراہم ہین اور کوئی کہتا ہی کہ شاید سونی چاندی سی مراد ہر قسم کی مال ہون اسواسطی کہ حکم تو عام ہی اور خصوصیت چاندی سونی کی

على سائر الاموال من حيث انهما اصل التمول وثمن الاشياء وبمثله ورد قوله تعالى والذين يكنزون
ذکر مین واسطی فضیلت کی تمام مالون پر ہی اسلئی کہ اصل مالیت اور قیمت تمام اشیاء کی یہہ ہی دونو ہین اور ایسی ہی قرآن مین وارد ہوا ہی اور جو لوگ گاڑ رکہتی ہین

الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ
سونا اور روپا اور خرچ نہین کرتی اللہ کی راہ مین سو اونکو خوشخبری سنا دکہ والی مار کی جسدن آگ دہکاوینگی اوسپر دوزخ کی

فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ
پس داغین گی اوس سی اونکی ماتہی اور کروٹین اور پیٹہین یہہ ہی جو تم گاڑتی تہی اپنی واسطی اب چکہو مزہ اپنی گاڑنیکا

والمراد بعدم اداء حقها وبعدم انفاقها فى سبيل الله عدم اداء زكوتها فان الذين يجمعون الاموال
اور حق ندینی سی اور راہ الٰہی مین خرچ نہ کرنی سی ندینا زکوۃ کا مراد ہی پس جو لوگ مال جمع کرتی ہین

ويدخرونها ولا يعطون زكوتها يعذبون يوم القيمة بانواع من العذاب فمن جملتها ما ذكر فى هذه الاية
اور اوسکو ذخیرہ کر رکہتی ہین اور اوسکی زکوۃ ادا نہین کرتی قیامت کی دن طرح طرح کی عذاب دی جاوینگی ایک تو یہہ جو اس آیت مین

وهذا الحديث روجه تخصيص هذه الاعضاء بذلك العذاب ان صاحب المال اذا لم يعوّد نفسه
اور اس حدیث مین مذکور ہی اور وجہ خصوصیت ان اعضا کی ساتھ اس عذاب کی یہہ ہی کہ مال والی آدمی کو جب زکوۃ دینی کی عادت نہین ہوتی
اعطاء الزكوة بعد وجوبها بمجئ وقتها فهو اذا راي الفقير الطالب للزكوة يعبس وجهه واذا ساله يعرض
اگرچہ زکوۃ واجب ہو اور وقت بہی آپہنچی پس وہ شخص جب فقیر زکوۃ کی طالب کو دیکہتا ہی تو تیوری چڑہاتا ہی اور وہ اگر مانگتا ہی تو اوس سی منہ
عنه ويولي اليه جنبه واذا بالغ في السوال يقوم من مقامه ويولي اليه ظهره ويذهب ولا يعطيه
پہیر کر کروٹ موڑ لیتا ہی پہر اگر فقیر نی سوال مین زیادتی کی تو اپنی جگہہ سی اوٹہہ کر اوسکی طرف پشت کر کر چلا جاتا ہی اور زکوۃ مین سی جو
شيئا من حقه الذي هو الزكوة فتاذي الفقير بكل واحد من هذه الافعال فيعذبه الله تعالى
اوسکا حق ہی کچہہ نہین دیتا پس فقیر کو اوسکی اس ہر ہر حرکت سی ایذا ہوتی ہی سوئ اللہ تعالی اوسکو
بجعل امواله التي هي الدنانير والدراهم الواحا من نار تكوى بها تلك الاعضاء التي اذى بها الفقير
یہہ عذاب دیتا ہی کہ اوسکی تمام مال کو جو دنانیر اور درہم ہین آگ کی تختی بنا کر ان اعضا کو داغ دیگا جن سی اسنی فقیر کو ایذا دی تہی
وروي عن ابن مسعود انه قال لا يوضع دينار على دينار ولا درهم على درهم ولكن يوسع جلده حتى
اور ابن مسعود سی روایت ہی کہ وہ کہتی ہین کہ دینار پر دینار اور درہم پر درہم نہین رکہا جاویگا ولیکن اوسکی کہال کو فراخ کر کر
يوضع كل دينار ودرهم موضعا على حدة كلما انتم ووصل كيها من اولها الى اخرها اعيد ذلك الكي الى
ہر ہر دینار اور درہم الگ الگ جگہہ رکہی جاوینگی جب پوری ہو کر داغ اول کا آخر سی ملجاویگا پہر وہ ہی داغ اول سی آخر تک دوہرا کرینگی
اولها حتى يصل الى اخرها هكذا يستمر هذا النوع من العذاب يوم القيمة حتى يحكم بين العباد
اسیطرح اس قسم کا عذاب قیامت کی روز ہوئی چلا جاگا یہانتک کہ تمام خلق کا فیصلہ ہو چکی
فيرى سبيل اما الى الجنة ان لم يكن له ذنب سواه او كان لكن الله تعالى عفى عنه واما الى النار ان كان
پہر دیکہا چاہئی کہ اوسکا راہ جنت کی طرف ہی اگر اوسکا کوئی اور گناہ نہین ہی یا گناہ تو ہی پر اللہ تعالی نی معاف کر دیا یا دوزخ کی طرف ہی اگر اوس حال
على خلاف ذلك وفي حديث اخر انه عليه السلام قال من اتاه الله مالا فلم يؤد زكوته مثل له ماله
کی خلاف ہو اور ایک اور حدیث مین ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا جسکو اللہ تعالی نی مال دیا اور اوسنی زکوۃ نہ ادا کی تو قیامت کی دن
يوم القيمة شجاعا اقرع له زبيبتان يطوقه ثم ياخذ بلهزمتيه فيقول انا مالك انا كنزك ثم تلا
اوسکا مال گنجا سانپ جسکی دو داغ ہون بن کر اوسکی گلی مین طوق ہو جاویگا پہر اوسکی دونو جبڑی پکڑ کر کہیگا مین تیرا مال ہون مین تیرا خزانہ ہون پہر آپ نی یہ آیت
وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا
پڑہی اور نہ سمجہین جو لوگ بخل کرتی ایک چیز پر کہ اللہ نی اونکو دی ہی اپنی فضل سی کہ یہہ بہتر ہی اونکی حق مین بلکہ یہہ برا ہی اونکی واسطی آگی طوق پڑیگا اونکی جسکی بخل کیا تہا
بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فانه عليه السلام بين في هذا الحديث ان من اعطاه الله تعالى مالا ولم يؤد زكوة ماله
دن قیامت کی سو پیغمبر علیہ السلام نی اس حدیث مین یہہ بیان فرمایا کہ جسکو اللہ تعالی نی مال عنایت کیا اور اوسنی اپنی مال کی زکوۃ نہ ادا کی تو اللہ تعالی
يجعل ماله يوم القيمة في صورة الحية التي انحسر شعر راسها من كثرة سمها وطول عمرها ولها فوق
قیامت کی دن ایسی سانپ کی صورت بنا دیگا جسکی سر کی بال ماری زہر کی بسبب درازی عمر کی جہڑ گئی ہون اور اوسکی
عينيها نكتتان سوداوان وهي اوحش ما يكون من الحيات وتجعل في عنقه كالطوق ثم ياخذ بشدقيه
دونو آنکہون کی اوپر دو داغ سیاہ ہون یہہ قسم تمام سانپون مین بدتر ہوتی ہی اور اوسکی گردن مین طوق کی مثال ڈالاجاویگا پہر وہ اوسکی دونو کلی پکڑ کر
وتلدغه وتقول له انا مالك الذي جمعته ولم تؤد زكوته فلما كان في منع الزكوة مثل هذا التشديد
کاٹیگا اور کہیگا مین تیرا وہ ہی مال ہون کہ جمع کر کر زکوۃ نہین دی تہی چونکہ زکوۃ کی ندینی مین اتنی بڑی سختی ہی

الشديد لزم بيان وجه الحكمة في ايجابها وهو الامتحان لان التلفظ بكلمة الشهادة التزام للتوحيد
تو لازم ہوا بیان کرنا کہ اسکی فرض کرنی مین کیا حکمت ہی اور وہ امتحان ہی اسواسطی کہ کلمہ شہادت کا زبانسی پڑہنا توحید کا ذمہ پر لینا ہی
وشهادة بانفراد المعبود وادعاء المحبة فان من يقول اشهد ان لا اله الا الله بصير كانه قال اني
اور گواہی ہی معبود کی یگانہ ہونی کی اور محبت کا دعوی ہی اسلئی کہ جو شخص کہتا ہی مین گواہی دیتا ہون کہ سوای اللہ کی کوئی معبود نہین ہی گو یا یہہ کہتا ہی
رايت بقلبي وعلمت بعقلي ان لا معبود ولا محبوب الا الله فالتزمت عبادته ومحبته ولا اعبد ولا
مین نی دل سی دریافت کیا اور عقل سی جانا کہ نہ کوئی معبود اور نہ کوئی محبوب سوا اللہ کی سو مینی اوسکی عبادت اور اوسکی محبت اپنی ذمہ لی نہین پرستش کرون
احب الا اياه فيلزم الوفاء بما ادعاه من التوحيد في المحبة وتمام الوفاء ان لا يبقى للموحد محبوب
اور نہ دوست رکہون سوا اوسکی اب اس دعوی توحید کا پورا کرنا چاہئی یعنی محبت ایک کی اور انجام وفا کا یہہ ہی کہ موحد کی واسطی کوئی محبوب
سوى الفرد الواحد لان المحبة لا تقبل الشركة والتوحيد باللسان قليل النفع وانما يظهر درجة
سوا ایک ذات کی باقی نرہی اسواسطی کہ محبت مین شرکت نہین ہوتی اور زبانی توحید بی فائدہ ہوتی ہی اور درجہ محبت کا جب ہی کہلتا ہی
المحبة بمفارقة المحبوبات والاموال محبوبة للخلق لكونها آلة لتنعمهم وقضاء حاجاتهم في الدنيا
تب تمام محبوبات چہوٹ جاوین اور مال ودولت خلق کو اسلئی محبوب ہی کہ اوس سی دنیا مین اونکی لئی عیش عشرت اور کارروائی ہوتی ہی
وبسببها يانسون بهذا العالم وينفرون من الموت مع ان فيه لقاء المحبوب فامتحنوا في صدق
اور اوسہی کی سبب سی اس عالم کی الفت پکڑ کر موت سی نفرت کرتی ہین باوجودیکہ موت سی محبوب کی ملاقات ہوگی سو اس مال کی خرچ کرنی سی کہ
دعواهم في المحبة ببذل المال الذي هو معشوقهم وهم في بذله ثلثة اقسام القسم الاول هم الذين
اونکا معشوق ہی یہہ امتحان لیا گیا کہ محبت کا دعوی راست ہی یا نہین اور وہ لوگ مال خرچ کرنی مین تین قسم پر ہین پہلی قسم وہ لوگ ہین
صدقوا في التوحيد وادعاء المحبة وبذلوا جميع اموالهم ولم يدخروا لانفسهم شيئا كما فعله ابوبكر الصديق
جو توحید مین اور محبت کی دعوی مین خوب سچی ہین اور اپنا تمام مال خرچ کر ڈالا اور اپنی واسطی کچہہ نہ بچایا چنانچہ ابوبکر صدیق نی یہہ ہی کیا
حيث جاء بماله كله الى رسول الله عليه السلام لينفقه في سبيل الله تعالى وقال له رسول الله صلى
اسلئی کہ اپنا تمام مال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس لی آئی تاکہ خدا کی رستہ مین خرچ کردین اور جب اونسی رسول اللہ صلی
الله عليه وسلم فماذا ابقيت لنفسك فقال الله ورسوله فانه وفى بتمام الصدق فلم يبق عنده سوى
اللہ علیہ وسلم نی پوچہا اپنی واسطی کتنا رکہا تو یہہ عرض کیا اللہ اور اوسکا رسول سو ابوبکر نی اپنا صدق پورا کیا سو اونکی پاس سوا
محبوبه الذي هو الله تعالى ورسوله وهذا جائز لمن كان توكله على الله تعالى تاما كاملا ولهذا لما
محبوب کی جو اللہ ہی اور اوسکا رسول کچہہ نہین تہا یہہ بذل اوسکی لئی جایز ہی جسکا توکل اللہ تعالی پر پورا اور کامل ہو اور اسہی لئی جب
سئل رسول الله عليه السلام عن افضل الصدقة قال جهد المقل فانه عليه السلام بين في هذا
کسی نی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی پوچہا کہ بہتر صدقہ کونسا ہی تو آپ نی فرمایا کوشش مفلس کی بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اس حدیث
الحديث ان افضل الصدقة ما يتصدق به الفقير مع احتياجه اليه واما من لم يكن توكله تاما كاملا
مین بیان فرمایا کہ بہتر صدقہ وہ ہی جو فقیر اپنی حاجت روک کر دیتا ہی اور البتہ جسکا توکل پورا اور کامل نہو
فلا بد له ان يترك قوت نفسه وعياله ثم يتصدق ما فضل من ذلك لما روى عن ابي هريرة انه عليه السلام
تو ضرور ہی کہ اپنا اور اپنی عیال کا کہانا رکہہ لیا کری پہر جو اس سی بچتا رہی وہ خیرات کردی کیونکہ روایت ہی ابوہریرہ سی کہ نبی علیہ السلام نی
قال خير الصدقة ما كان عن ظهر غنى ولا مخالفة بين هذا الحديث والحديث السابق لان الغنى قسمان
فرمایا اچہا صدقہ وہ ہی جو توانگری کی ساتہہ ہووی اور اس حدیث مین اور اوپر کی حدیث مین کچہہ مخالفت نہین ہی اسلئی کہ توانگری دو طرح کی ہوتی ہی

غنی المال وغنی النفس وخیر الصدقة ماکان عن احد المغنیین اما عن غنی النفس وعن غنی المال اذ
تونگری مال کی اور تونگری دل کی اور اچہا صدقہ وہ ہی جو کسی ایک تونگری سی ہو یا دل کی تونگری سی یا مال کی تونگری سی اسواسطی
لابد للمتصدق فیما یبذله ان یستغنی عنه اما بسخاوة نفسه وقوة عزیمته ثقة بالله تعالی کما
کہ ضرور ہی کہ خیرات کرنیوالا جو دیتا ہی اوسی بی نیاز ہو یا تو اپنی دل کی سخاوت اور قوت عزیمت سی خدا تعالی پر بہروسا کرکر جیسا
فعله ابوبکر الصدیق او بماله الذی بقی فی یده بعد البذل اذ لا یجوز لاحد ان یصرف قوت عیاله
ابوبکر صدیق نی کیا یا اپنی مال کی سبب جو خرچ کرکر اسکی پاس بچا ہی اسواسطی کہ کسیکو جایز نہین ہی کہ اپنی عیال کا کہانا بہی فقرا کو
الی الفقراء ویترکهم جیاعا الا اذا رضوا به واذنوا له فیه بل لا یجوز له ان یعطی احد الامما یفضل
بانٹ دی اور اونکو بہوکا ماری ہاں اگر وہ راضی ہون اور اسکو اجازت دیدین بلکہ اسکو یہہ جایز نہین کہ سوا بچتی ہوئی کی
عن نفسه وعیاله کما جاء فی حدیث اخر انه علیه السلام قال خیر الصدقة ما ابقت غنی یعنی ان
اپنی اور اپنی عیال کی خرچ سی کسیکو دیوی چنانچہ ایک اور حدیث مین آیا ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا بہتر صدقہ وہ ہی جو دئی پر بہی غنا باقی رہی یعنی
المتصدق لا بد له فیما یبذله عن احد الامرین اما ان یستغنی عنه بماله او یستغنی عنه بحاله وهذا
خیرات کرنیوالی کو چاہئی کہ جو خرچ کرتا ہی دو امر مین سی ایک پر ہو یا تو اپنی مال کی باعث سی صدقہ دیکر بی نیاز رہی یا اپنی دل سی مستغنی ہو ان دونو
افضل الیسارین لما روی فی الحدیث الصحیح انه عم قال لیس الغنی عن کثرة المال وانما الغنی غنی النفس فان الفقیر اذا
استغنا مین سی یہہ افضل ہی اسواسطی کہ حدیث صحیح مین روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ تونگری مال کی بہتایت سی نہین ہوتی تونگری وہ ہی جو دل سی ہو بیشک
تصدق ما قدر علیه من قوت یومه وصبر علی الجوع یکون صدقته افضل اذ لا شك فی کون
خیرات کردی جو اوسکو قوت ایک روز کا میسر ہوتا ہی اور آپ بہوک پر صبر کری تو اوسکا صدقہ بہت اچہا ہی اسواسطی کہ بیشک
الصدقة بالشئ مع الحاجة الیه افضل اذا لم یضر ذلك بدینه من ضعفه عن القیام فی الصلوة و
صدقہ ایسی چیز کا جسکی حاجت رکہتا ہو افضل ہی اگر یہہ صدقہ اوسکی دین مین نقصان نکری جیسی نماز پڑہنی سی ضعیف ہو جاوی
کشف العورة وقد مدح الله تعالی الانصار علی ذلك وقال وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ
یا ننگا رہ جاوی اور اللہ تعالی نی اسپر انصار کی تعریف کی ہی اور فرمایا اور اول رکہتی ہین اونکو اپنی جان سی اور اگرچہ ہو اپنی اوپر بہوک
القسم الثانی هم الذین لا یقدرون علی هذه المرتبة بل یمسکون اموالهم لمواقیت الحاجة ومواسم الخیرات
دوسری قسم وہ لوگ ہین جو اس مرتبہ تک نہین پہنچتی بلکہ اپنی مالون کو واسطی اوقات حاجت اور مواقع خیرات کی روک رکہتی ہین
ولیس قصدهم فی الامساك التنعم والتلذذ بل قصدهم فیه الانفاق بقدر الحاجة ثم صرف الفاضل الی
اور اس روکنی سی اونکی غرض عیش وعشرت اور حصول لذت نہین ہوتی بلکہ اونکی یہہ مراد ہوتی ہی کہ بقدر حاجت خرچ کرکر پہر بچتی کو اقسام
وجوه الخیرات مهما ظهرت القسم الثالث هم الذین یقتصرون علی اداء ما وجب علیهم فلا یزیدون علیه
خیرات مین جب پیش آوین تو لگادین تیسری قسم وہ لوگ ہین کہ جو اونپر واجب ہوتا ہی سو ادا کردیتی ہین نہ اوس سی بڑہتی دین
ولا ینقصون عنه وهذه المرتبة اقل المراتب وعلی هذه المرتبة اقتصر اکثر الناس لبخلهم بالمال ومیلهم
نہ اوس سی کچہہ کم دین اور یہہ مرتبہ سب سی کم بخل ہی اور اسہی مرتبہ پر اکثر لوگ ماری بخل اور مال کی محبت کی
الیه وضعف حبهم للاخرة ولیس بعد هذه المرتبة شئ من المحبة بل من ینزل من هذه المرتبة ینزل فی
اور کمتر ہونی محبت آخرت کی اکتفا کرتی ہین اور اس مرتبہ کی بعد اصلا کوئی محبت نہین ہی بلکہ جو شخص اس مرتبہ سی اوتر کر ہوتا ہی
الکذب فی ادعاء المحبة ویظهر من نفسه ان ادعاه من المحبة کان من لقلقة اللسان فعلی هذا یجب
تو اوسکا دعویٰ جہوٹہا ہی گویا وہ یہہ ظاہر کئی دیتا ہی کہ میرا دعوی محبت کا صرف تیز زبانی سی ہی اس بیان کی موافق واجب ہی

علی من لا یقدر علی المرتبة الاولی والثانیة ان لا ینزل من المرتبة الثالثة بل ینبغی له ان یسعی فی اداء
که جو اول یا ثانی مرتبه پر قدرت نهین رکهتی تو تیسری مرتبه سی تو نه گر جاوین بلکه اونکو لائق هی که کوشش کرکر

ما وجب علیه علی الفور اظهارا للرغبة فی امتثال الامر وایصالا للسرور الی قلوب الفقراء واحترازا
واجب کو ترت ادا کیا کرین تا که رغبت فرمان برداری کی ظاهر هووی اور فقیرون کی دلون کو خوشی پهنچی اور مخالفت کی

عن شبهة الخلاف اذ عند بعض العلماء وجوبها فوری حتی یاثم بالتاخیر ویرد شهادته وهی انما تجب اذا
شبهه سی بچ جاوین اسواسطی که بعضی علماء کی نزدیک وجوب زکوة کا فوری هی یعنی ترت چاهیی یهانتک که دیر کرنی سی گنهگار رهوتا هی اور اوسکی شهادت مردود هی اور زکوة جب

تم الحول علی النصاب فلکل احد حول یخصه بحسب وقت کونه مالکا للنصاب فاذا تم حوله یجب علیه اخراج
واجب هوتی هی که نصاب پر برس پورا گذرجاوی پهر هر ایک سال جدا جدا هوتا هی جس وقت سی وه نصاب کا مالک هوتا هی جب سال پورا هوجاوی تو اوسپر زکوة نکالنی واجب هوجاتی هی

زکوته فی ای شهر کان وان عجل زکوته قبل حولان الحول یجوز عند جمهور العلماء سواء کان تعجیله لدخول
کوئی سا مهینه هو اور اگر جلدی کرکر اپنی زکوة برس پورا گذرنی سی پهلی ادا کردی تو سب علماء کی نزدیک جائز هی برابر هی که اوسکی جلدی واسطی آجانی

الاشرف من الاوقات التی لا یوجد مثلها عند تمام الحول کشهر رمضان وما قبله من شهر رجب وشعبان
اچهی وقت کی هو اور وقتون سی که ایسا وقت برس کی تمامی پر نه ملیگا جیسی رمضان کا مهینه اور اوس سی پهلا مریم روزه کا اور شب برات کا مهینه

او لوجود الافضل من المصارف بان یکون من الاتقیاء المتجرین لتجارة الاخرة فانهم یستعینون بما اعطاهم
یا اوسکی جلدی واسطی موجود هونی اچهی مصرف کی هو که کوئی متقی پرهیزگار دنیا سی الگ تاجر آخرت کا موجود هو کیونکه ایسی مرد جو اونکو دیا آتا هی اوس سی امداد

علی الطاعة فیکون المعطی شریکا لهم فی طاعتهم باعانته ایاهم فیها وبان یکون من العلماء فان الاعطاء لهم
طاعت کی حاصل کرتی هین پس دینی والا بهی اونکی عبادت مین شریک هوجاتا هی کیونکه عبادت مین اونکا مددگار هی یا کوئی عالم موجود هو کیونکه علماء کی خدمت

معاونة لهم علی العلم والعلم اشرف العبادات حتی کان بعض السلف لا یصرف زکوته الا الی اهل العلم ویقول لا اعرف
کرنی علم کی امداد هوتی هی اور علم سب عبادات مین اشرف هی یهان تک که بعضی اگلی بزرگ اپنی زکوة صرف علماء هی کو دیتی تهی اور کهتی تهی که

بعد مقام النبوة افضل من مقام العلماء والمراد من اهل العلم هم الذین یطلبون العلم لاجل الاخرة لا لاجل الدنیا فان الذین
مین بعد مرتبه نبوت کی کوئی مرتبه علماء کی مرتبه سی بهتر نهین جانتا اور علما سی مراد وه عالم هین که علم آخرت کی واسطی پڑهتی هین دنیا کی واسطی نهین پڑهتی اور جو لوگ

یطلبون العلم لاجل الدنیا لا ینبغی للمتصدق ان یعاونهم بصدقته علی عصیانهم حتی لا یکون شریکا
علم کو دنیا کی واسطی پڑهتی هین تو زکوة دینی والی کو نهین چاهیی که اپنی زکوة سی اونکی گناه کا مددگار رهنی تا که استحقاق عذاب مین

لهم فی استحقاق العقاب ومن افضل المصارف من یکون ذا عیال او مدیونا او مریضا او قریبا فان الاعطاء
اونکا شریک نهوجاوی اور بهترین مصارف وه هی جو کنبه والا هو یا قرضدار هو یا بیمار هو یا ناتی دار هو کیونکه ناتی دار کو

الی القریب یکون صدقة وصلة ولا یخفی علی احد ما فی صلة الرحم من الثواب والاصدقاء والاخوان
دینا صدقه اور صله دونو هوتی هین اور سب کو معلوم هی که صله رحم کا کتنا بڑا ثواب هی اور دوست اور دینی بهائی

فی الدین یقدمون علی المصارف کما یقدم الاقارب علی الاجانب لکن ینبغی ان یعلم ان المتصدق
اور مصارف پر مقدم هوتی هین جیسی ناتی دار غیرون پر مقدم هوتی هین لیکن یهه بهی سمجهنا چاهیی که زکوة دینی والی کو

لا بد له ان یحترز عن ابطال صدقته بالمن والاذی اذ قال الله تعالی لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُم بِالْمَنِّ
لازم هی که اپنی صدقه کو احسان جتا کر اور تکلیف دیکر باطل نه کردی اسواسطی که الله تعالی فرماتا هی مت ضایع کرو اپنی خیرات احسان رکهکر

وَالْاَذَی وحقیقة المن ان یری نفسه محسنا الی الفقیر فمهما رای نفسه محسنا الیه یتفرع عنه
اور ستا کر اور حقیقت مین احسان کرنا یون هوتا هی که اپنی تئین فقیر کا محسن سمجهی پهر جب اوسنی اپنی تئین محسن جانا تو پهر اس سی بظاهر وه هی حرکات

الى ظاهره افعال ماحية للثواب مثل التحدث به واظهاره وطلب المكافاة منه بالدعاء والثناء

صادر ہونگی جس سی ثواب جاتا رہی جیسی کہتی پہرنا اور ظاہر کرنا اور فقیر سی عوض کا طالب ہونا دعا سی اور تعریف سی

والخدمة والتوقير والتعظيم وكان من حقه ان يرى الفقير محسنا اليه اذ جعل كفه نائبا عن

اور خدمت سی اور توقیر اور تعظیم سی اور حق یہہ تہا کہ فقیر کو اپنا محسن جانتا اسواسطی کہ اوسنی اپنا ہاتہہ واسطی قبض حق اسکی

الله في قبضه حقه الذي به نجاته من النار اذ روى عن ابن عباس انه عليه السلام قال الصدقة

اللہ کا نایب بنانا جسمین اوسکی دوزخ سی نجات ہوتی ہی اسواسطی کہ ابن عباس سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ خیرات

تقع بيد الله تعالى قبل ان تقع بيد السائل فليتحقق انه مسلم الى الله تعالى حقه والفقير اخذ من

اللہ کی ہاتہہ مین اس سی پہلی پہنچتی ہی کہ سائل کی ہاتہہ مین پہنچی سو حقیقت مین خیرات اللہ کا حق ہی اوسکی حوالہ ہوا ہی اور فقیر نی اللہ تعالی سی اپنا رزق لیا ہی

الله تعالى رزقه واما الاذى فظاهره التوبيخ والتعيير والتخشين في الكلام وتقطيب الوجه وهتك الستر

اور ستانا سو ظاہر مین بدمزاجی اور شرمانا اور بدزبانی گفتگو مین اور تیوری چڑہانی اور چہنا کرنی آبروی کرنی

بالاظهار وفنون الاستخفاف وباطنه الذي هو منبعه امران احدهما كراهية اخراج المال عن يده و

اور طرح طرح کی استخفاف اور باطن مین جس سی یہہ حالت پیدا ہوتی ہی دو باتین ہین ایک تو اپنی قبضہ مین سی مال نکالنی کا غم اور دل پر

شدة ذلك على نفسه والثاني رؤيته انه خير من الفقير وان الفقير بسبب حاجته اخس منه رتبة

اسکی دشواری دوسری یہہ سمجہنا کہ مین فقیر سی بہتر ہون اور فقیر اسلیکہ حاجتمند ہی مجہسی رتبہ مین بہت کمتر ہی

ومنشأ كل منهما الجهل اما كون كراهية تسليم المال جهلا فلان من كره بذل درهم في مقابلة ما يساوي

اور اصل منشا دونوکا جہالت ہی بہرحال مال دینی کی اسلئی جہالت کی بات ہی کہ جس شخصکو ایک روپیہ خرچ کرنا ہزار روپیہ کی واسطی دشوار گذری

الفا فهو شديد الحماقة لانه يبذل المال بطلب رضاء الله تعالى والثواب في الدار الاخرة وهو خير من الدنيا

اس سی زیادہ احمق جاہل کون ہی اسواسطی کہ زکوۃ واسطی رضامندی اللہ تعالی کی دی جاتی ہی اور آخرت مین جو اوسکا ثواب حاصل ہوگا وہ تمام دنیا سی

وما فيها واما كون رؤية نفسه خيرا منه جهلا فلانه لو عرف فضل الفقر على الغنى وعرف خطر الاغنياء

اور جو دنیا مین ہی سب سی بہتر ہی اور اپنی تئین فقیر سی بہتر سمجہنا اسواسطی جہالت کی بات ہی کہ اگر یہہ شخص جانتا کہ فقیر کو غنی پر کتنی فضیلت ہی اور جانتا کہ غنی لوگونکو

في الاخرة لما استحقره بل يتبرك به وتمنى درجته لان صلحاء الاغنياء يدخلون الجنة بعد الفقراء بخمسمائة

آخرت مین کیا کیا خوف و خطر ہی تو فقیر کو ہرگز حقیر نہ جانتا بلکہ اوس سی برکت لیتا اور اوسکی درجہ کی آرزو کرتا اسلئی کہ تونگر صلحا فقیر وں سی پانسو برس پیچھی جنت مین

عام وكيف يستحقره وقد جعل الله تعالى خادما له اذ يكتسب المال بجهده ويستكثره منه ويجتهد في حفظه

داخل ہونگی اور کیونکر فقیر کی حقارت کرتا ہی اور حال یہہ ہی کہ اللہ تعالی نی اسکو فقیر کا خادم بنایا ہی اسواسطی کہ محنت اور کوشش کرکر مال پیدا کرتا ہی اور اوسکو بڑہاتا ہی اور اوسکی محنت سی

وقد كلف ان يسلم الى الفقير قدر حاجته ويكف عنه الفاضل التي يضره لو سلم اليه فالغني مستخدم

پہر اوسکو بزور حکم ہی کہ فقیر کو اوسکی حاجت کی موافق حوالہ کردی اور باقی بچتی کو جسکی دینی سی فقیر کا ضرر ہو اپنی پاس محفوظ رکہی پس غنی خدمت گذار ہی

للسعي في رزق الفقير ومتميز عنه بالتزام مشاق الاسفار في البراري والبحار وحراسة الفضلات من الدراهم

کیونکہ فقیر کی رزق کی واسطی سعی کرتا ہی اور فقیر سی ممتاز ہی اسمین کہ جنگلون اور دریاؤن مین سفر کی مشقت اوٹہاتا ہی اور بچتی درہم

والدنانير الى ان يموت ويأكلها الاغيار مع بقاء ما اكتسبه في تحصيلها عليه من الاوزار يسر نا الله تعالى

اور دینار کی عمر بہر نگاہبانی کرتا مرجاتا ہی پہر اوسکو یار لوگ کہاتی ہین اور اوسکی حاصل کرنیمین جو گناہ کئی وہ اپنی سر پر باقی لیجاتا ہی الہی ہمکو آسان کر

اعمالا موافقا لرضائه بلطفه وكرمه ومنته المجلس الثاني والعشرون في بيان فضائل الصوم مطلقا

وہ اعمال جو تیری مرضی کی موافق ہون اپنی لطف اور کرم اور احسان سی بائیسوین مجلس مطلق روزہ کی فضیلت مین

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احصوا هلال شعبان لرمضان هذا الحديث من حسان المصابيح
رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا گنتی رہو شعبان کی مہینہ کو رمضان کی واسطی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی

رواه ابو هريرة فان صوم رمضان لما كان ركنا من اركان الدين وفرضا لازما على المسلمين ولم يعلم مجيئه
ابو ہریرہ کی روایت سی کیونکہ روزہ رمضان کا جونکہ دین کی رکنون مین سی ایک رکن اور مسلمانون پر فرض لازم ہی اور اوسکا آنا بغیر ضبط کرنی

الا بضبط هلال شعبان امر النبي عليه السلام بضبطه فصار كانه قال اطلبوا هلال شعبان وعدوا ايامه
مہینہ شعبان کی معلوم نہین ہوتا نبی علیه السلام نی واسطی ضبط شعبان کی امر فرمایا انجام یہہ ہوا گویا فرمایا تلاش کرو شعبان کی چاند کو اور اوسکی دن گنتی رہو

لتعلموا دخول رمضان ثم ان شعبان لما كان كالمقدمة لرمضان استحب التاهب له فيه بالصوم وقراءة
تاکہ رمضان کا آنا معلوم ہو پہر ماہ شعبان جب رمضان کا مقدمہ ٹہرا تو شعبان مین رمضان کی تیاری مستحب ہی روزی رکہنی اور قرآن پڑہنی

القرآن حتى ترتاض النفس بذلك على طاعة الله تعالى قبل دخول رمضان فانه عليه السلام كان يصوم
تاکہ نفس کو طاعت الٰہی کی عادت رمضان کی آنی سی پہلی ہوجاوی کیونکہ نبی علیه السلام شعبان مین اتنی روزی رکہتی تہی

في شعبان ما لا يصومه في غيره من الشهور على ما روي عن عائشة انها قالت ما رايت رسول الله عليه
کہ وتنی اور کسی مہینہ مین نہین رکہتی تہی موافق روایت عائشہ کی کہ وہ کہتی ہین نہین دیکہا مینی رسول الله صلی الله علیه

السلام استكمل صيام شهر قط الا رمضان وما رايته في شهر اكثر منه صياما الا شعبان وفي رواية
وسلم کو کہ کبہی پوری کی ہون روزی کسی مہینہ کی سوا رمضان کی اور نہین دیکہا مینی اونکو کسی مہینہ مین زیادہ روزی رکہتی ہوئی سوا شعبان کی اور ایک روایت

كان يصوم شعبان كله وهذه الرواية موافقة لما روي عن ام سلمة انها قالت ما رايت النبي عليه السلام
مین یہہ ہی کہ روزی رکہتی تہی تمام شعبان کی اور یہہ روایت ام سلمہ کی روایت سی موافق ہی کہ وہ کہتی ہین نہین دیکہا مینی رسول الله صلی الله علیه وسلم کو

يصوم شهرين متتابعين الا شعبان ورمضان وبهذه الرواية اخذ الفقهاء حتى قال قاضيخان في
کہ روزہ رکہتی ہون دو مہینی پی در پی سواء شعبان اور رمضان کی اور فقہا نی اسی روایت کو اخذ کیا ہی یہان تک کہ قاضیخان نی

فتاواه من صام شعبان ووصله برمضان فهو حسن وذلك لان الصوم قد يتاكد استحبابه
اپنی فتاوی مین کہا ہی جو شخص شعبان کی روزی رکہی کر اوسکو رمضان سی ملاوی تو یہہ بہتر ہی اور یہہ اسلئی کہ روزہ کبہی استحباب مین

في بعض الاوقات الفاضلة من الشهور والايام ويكون بابا للعبادة كما روي عن ابي الدرداء انه عم
بعضی نیک اوقات مین باعتبار مہینون اور دنون کی زیادہ تر فایق اور دروازہ عبادت کا ہوجاتا ہی چنانچہ ابو درداء سی روایت ہی کہ پیغمبر علیه السلام نی

قال لكل شيء باب وباب العبادة الصوم ثم انه ربع الايمان بمقتضى ما جاء في الحديثين اللذين روى احدهما
فرمایا ہر شی کا دروازہ ہوتا ہی اور دروازہ عبادت کا روزہ ہی پہر روزہ ایمان کی چوتہائی ہوتا ہی موافق مضمون اون دو حدیثون کی جو ایک

عن ابي هريرة وهو قوله عليه السلام الصوم نصف الصبر وروى الآخر عن ابن مسعود وهو قوله عليه السلام
ابو ہریرہ سی روایت ہی یعنی قول علیه السلام کا روزہ آدہا صبر ہی اور دوسری ابن مسعود سی روایت ہی یعنی قول علیه السلام کا

الصبر نصف الايمان فلما كان الصوم نصف الصبر كان ثوابه متجاوزا عن قانون التقدير والحساب
صبر آدہا ایمان ہی پہر جب روزہ آدہا صبر ہوا تو اوسکا ثواب بہی اندازہ اور حساب کی قاعدہ سی زیادہ ہوگا

لقوله تعالى انما يوفى الصابرون اجرهم بغير حساب ثم انه متميز من سائر العبادات بخاصية نسبته
واسطی ارشاد الٰہی کی صبر کرنیوالون ہی کو ملتا ہی نیگ اونکا ان گنت پہر روزہ کو تمام عبادات پر بسبب خصوصیت نسبت کی

الى الله تعالى اذ قال الله تعالى فيما اخبر عنه نبيه بقوله كل حسنة بعشر امثالها الى سبعمائة ضعف الا الصوم
طرف الله تعالی کی ایک طرح کی شرافت ہی اسواسطی کہ الله تعالی فرماتا ہی چنانچہ اوسکا نبی اوسکی خبر دیتا ہی اس قول مین ہر نیکی دس گونہ ہوتی ہی سات سو گونہ تک سوا روزہ کی

فانه لی وانا اجزی به والکریم اذا اخبر انه یتولی الجزاء بنفسه ولا یکله الی غیره یکون ذلك الجزاء
سو یہہ روزہ میری لئی ہی اور مین ہی اسکی جزا دونگا اور اللہ کریم جب یہہ خبر دی کہ مین آپ اوسکی جزا کا ذمہ دار ہون اور کی حوالہ نہوگا تو اس جزا کا
فی غایة العظمة ونهایة الکثرة بحیث لا یکون له حد ولا عد وقد روی عن ابی سعید الخدری
کیا انتہا ہی نہایت عظیم اور بہت کثیر ہوگی ایسا کہ نہ اوسکی کچہہ حد ہی اور نہ کچہہ گنتی اور روایت ہی ابو سعید خدری سی
انه علیه السلام قال من صام یوما فی سبیل الله بعّد الله وجهه عن النار سبعین خریفا
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسنی ایک دن واسطی اللہ کی روزہ رکہا تو اللہ تعالی اوسکی منہہ کو آگ سی ستر برس دور رکہیگا اور ایک
وفی حدیث اخر رواه ابو امامة الباهلی انه علیه السلام قال من صام یوما فی سبیل الله جعل
اور حدیث مین ہی ابو امامہ باہلی کی روایت سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسنی ایکدن روزہ واسطی اللہ تعالی کی رکہا تو
الله بینه وبین النار خندقا کما بین السماء والارض یعنی ان من صام یوما لوجه الله ورضائه
اللہ اوسکی اور دوزخ کی بیچ مین ایسی خندق بناویگا جیسی فرق درمیان آسمان اور زمین کی ہی یعنی بیشک جسنی ایک دن کا روزہ واسطی وجہ اللہ کی اور واسطی اوسکی
ینجیه الله من النار عبّر عن التنجیة بطریق التمثیل لیکون ابلغ لان من کان بعیدا عن شیٔ بهذا
رضامندی کی رکہا تو اللہ تعالی اوسکو آگ سی نجات دیگا اس نجات کو بطور تمثیل کی بیان فرمایا تا کہ مبالغہ زیادہ تر ہو اسواسطی کہ جو شخص ایک شی سی
المقدار لا یصل الیه البتة وروی عن ابی هریرة انه قال علیه السلام للصائم فرحتان فرحة
اتنی دور پر ہو تو وہ شی بیشک اوس تک نہین پہنچیگی اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا روزہ دار کو دو خوشیان ہوتی ہین ایک خوشی
عند فطره وفرحة عند لقاء ربه فانه علیه السلام بیّن فی هذا الحدیث ان للصائم سرورا مرتین
جب روزہ کہولتا ہی اور ایک خوشی جب اپنی رب سی ملیگا بیشک نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین بیان فرمایا کہ روزہ دار کو خوشی دو مرتبہ ہوتی ہی
احدهما عند افطاره والاخری عند موته ولقاء ربه اما سروره عند فطاره فبما بیننا وله من
ایک تو روزہ کہولتی ہوئی اور دوسری موت کی وقت اپنی رب کی ملاقات پر پہر روزہ دار کا سرور روزہ افطار کرتی وقت تو یہہ ہی کہ اوسکو کہانا
الطعام والشراب والجماع لان النفس مجبولة علی المیل الی ما یلائمها من المطعم والمشرب والمنکح فاذا
پینا جماع میسر آیا کیونکہ طبیعت انسان کی عادت ہی کہ اپنی مرغوب چیز پر جہکتی ہی کہانا ہو یا پینا ہو یا جماع ہو اور جب
منعت من ذلك فی وقت ثم اذن لها فی وقت اخر تفرح بذلك طبعا خصوصا عند اشتداد الحاجة
اوسکو ان امور سی ایک وقت ممانعت ہوی ہو پہر اوسکو دوسری وقت اجازت ملی تو اس سی خود بخود خوش ہوتا ہی خاص کر ایسی وقت کہ ماری بہوک
الیه لتاثیر الجوع والعطش فیها وتقاضیها باحد حاجتها یبیّن هذا المعنی ما روی عن ابن عمر انه ع م
او پیاس کی نہایت حاجتمند ہو کر اپنی کسی خواہش کا طلبگار ہو یہہ مضمون ابن عمر کی روایت سی معلوم ہوتا ہی کہ نبی علیہ السلام
کان اذا افطر قال ذهب الظما وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء الله تعالی مع ان له عند افطاره
جب روزہ افطار کرتی تو فرماتی پیاس بجہگئی اور رگین تر و تازہ ہوئین اور اجر ثابت ہو چکا ان شاء اللہ تعالی باوجودیکہ روزہ دار کی افطار کی وقت
دعوة مستجابة کما جاء فی الحدیث ان للصائم عند افطاره دعوة مستجابة بل یکون نومه عبادة
دعا مقبول ہوتی ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ روزہ دار کی افطار کی وقت دعا مقبول ہوتی ہی بلکہ روزہ دار کا سونا ہی عبادت ہی
کما جاء فی الحدیث نوم الصائم عبادة قال ابو العالیة الصائم فی العبادة ما لم یغتب وان کان
چنانچہ حدیث مین آیا ہی نیند روزہ دار کی عبادت ہی ابو العالیہ کہتا ہی روزہ دار ہر وقت عبادت مین ہوتا ہی جبتک غیبت نکری اگرچہ
نائما علی فراشه فعلی هذا یکون فی لیله ونهاره علی عبادة واما سروره وفرحه عند موته ولقاء ربه
فصاموا وهذا اليوم يوم الثلثين من رمضان واهل هذه البلدة لم يروا الهلال في تلك الليلة
رکھی ہین اور یہہ آج رمضان کی تیسوین تاریخ ہی اور اس شہر والون نی اوس رات کو چاند نہین دیکھا
والسماء مصحية لا يباح لهم الفطر غدا ولا يترك التراويح في تلك الليلة لان هذه الجماعة لم يشهدوا
اور آسمان صاف تہا تو اونکو اگلی دن افطار کرنا جایز نہین ہی اور نہ اوس رات مین تراویح ترک کرنی جایز اسواسطی کہ اس جماعت نی چاند دیکھنی کی گواہی
بالروية ولا على شهادة غيرهم وانما حكوا روية غيرهم واما لو كانوا شهدوا عند القاضي ان قاضي بلدة
نہین دی اونہ غیر کی گواہی پر گواہی دی ہی انہون نی اورون کی دیکھنی کی خبر بیان کی ہی اور اگر وہ جماعت قاضی کی سامنی یہہ گواہی دیتی کہ فلانی شہر کی قاضی کی
كذا شهد عنده شاهدان بروية الهلال في ليلة كذا وقضى ذلك القاضي بشهادتهما جاز لهذا القاضي
سامنی دو گواہون نی فلانی رات مین چاند دیکھنی کی گواہی دی تہی اور اوس قاضی نی اونکی گواہی کی موافق حکم دیا ہی تو اب اس قاضی کو جایز ہوتا
ان يقضي بشهادتهما لان قضاء القاضي الاول حجة وهذا على قول من قال لاعبرة باختلاف المطالع
کہ انکی گواہی کی موافق حکم دیتا اسواسطی کہ حکم پہلی قاضی کا حجت ہی اور یہہ حکم اوسکی قول کی موافق ہی جو اختلاف مطالع کا اعتبار نہین کرتا
حتى اذا صام اهل بلدة ثلثين يوما بالروية واهل بلدة اخرى تسعة وعشرين يوما بالروية ايضا
یہان تک کہ اگر ایک شہر والون نی چاند دیکھکر تیس روزی رکہی اور ایک اور شہر والون نی چاند ہی دیکھکر انتیس روزی رکہی
فعلى هذا على من صام تسعة وعشرين يوما قضاء يوم والاشبه على ما ذكره الزيلعي ان يعتبر لان
تو اس صورت مین جنہون نی انتیس روزی رکہی اون پر ایک روزی کی قضا ہی اور موافق بیان زیلعی کی بہتر یہہ ہی کہ اختلاف مطالع معتبر ہو اسلئی
كل قوم يخاطبون بما عندهم والدليل على اعتباره ما روى عن كريب انه قال قدمت الشام واستهل
کہ ہر قوم کو وہ ہی حکم ہی جو اونکی پاس ہی اور یہہ دلیل اختلاف مطالع کی اعتبار کی کریب کی روایت ہی کہ وہ کہتا ہی کہ مین شام مین وارد ہوا اور مجکو بسر
على شهر رمضان فرايت الهلال ليلة الجمعة ثم قدمت المدينة في اخر الشهر فسئلني عبد الله بن عباس
ماہ رمضان کا چاند آگیا سو مینی شب جمعہ کو چاند دیکھا پھر مین مدینہ شریف مین آخر مہینی مین آیا تو مجہسی عبد الله بن عباس نی پوچھا
فقال متى رايتم الهلال فقلت رايناه ليلة الجمعة فقال نحن رايناه ليلة السبت فلا نزال نصوم حتى
تمنی رمضان کا چاند کب دیکھا تہا مین نی کہا ہمنی چاند شب جمعہ کو دیکھا تہا عبد الله بن عباس نی کہا ہمنی ہفتہ کی شب کو دیکھا سو ہم روزی رکہی جاوینگی یہانتک
نكمل ثلثين او نراه فقلت له افلا نكتفي بروية معاوية وصيامه فقال لا هكذا امرنا رسول الله عليه السلام
کہ تیس دن پوری ہوجاوین یا چاند نظر آجاوی پھر مین نی کہا معاویہ کی دیکھنی اور روزہ رکہنی پر کیون نہین اکتفا کرتی پہر کہا نہین ہمکو رسول الله صلی الله علیہ وسلم نی یہہ حکم دیا ہی
وذلك لان انفصال الهلال عن شعاع الشمس يختلف باختلاف الاقطار كما ان دخول الوقت وخروجه
اور یہہ اسلئی ہی کہ الگ ہونا ہلال کا آفتاب کی شعاع سی بسبب اختلاف مسافت کی مختلف ہوجاتا ہی جیسی ایک وقت کا آنا اور نکلنا
يختلف باختلاف الاقطار فان الشمس اذا زالت في المشرق لا يلزم منه ان تزول في المغرب بل كلما تحركت
اختلاف مسافتی مختلف ہوجاتا ہی کیونکہ آفتاب کو اگر مشرق مین زوال ہووی تو لازم نہین آتا کہ مغرب مین بہی زوال ہوجا بلکہ آفتاب جب کوئی درجہ
درجة فذلك طلوع لقوم وغروب لاخرين ونصف ليل لبعض وطلوع فجر لغيرهم وروي ان ابا موسى
قطع کریگا تو وہ ایک کی لئی طلوع ہی اور دوسری کی واسطی غروب ہی اور کسیکو آدہی رات ہی اور کسیکی طلوع فجر ہی اور روایت ہی کہ ابو موسی
الضرير الفقيه قدم الاسكندرية فسئل عمن صعد المنارة فرى الشمس بعد غروبها في البلدة بزمان طويل
نابینا فقیہہ اسکندریہ مین آئی تو کسی نی ایسی شخص کا حال پوچھا کہ اونچی مینار پر چڑھکر آفتاب کو دیکھا اور شہر مین بہت دیر پہلی غروب ہوچکا ہی
ايحل له الافطار فقال لا ويحل لاهل البلدة لان كل احد مخاطب بما عنده ومن راى هلال
کیا اسکو افطار کرنا درست ہی فقیہہ نی جواب دیا اوسکو افطار حلال نہین ہی اور شہر والون کو درست ہی اسلئی کہ ہر ایک کو وہ ہی حکم ہی جو اوسکی پاس ہی اور جسنی ہلال

الفطر وقت العصر فظن انقضاء مدة الصوم وافطر قال فی المحيط اختلفوا فی وجوب الكفارة والاكثر
فطر کا عصر کی وقت دیکہا پہر اس خیال سی کہ مدت روزی کی گذر گئی افطار کر ڈالا محیط مین کہا ہی کہ علما کو درباب وجوب کفارہ کی اختلاف ہی اکثرون کا مذہب
علی الوجوب وقد ظن بعض الناس ان النهی عن الصوم قبل رمضان بيوم او بيومين يراد به اغتنام
یہہ ہی کہ کفارہ واجب ہی اور بعضی لوگون کو یہہ گمان ہی کہ روزی کی ممانعت رمضان سی ایک یا دو دن پہلی اس لئی ہی کہ
الاكل والشرب واخذ النفوس شهواتها قبل ان تمنع منها بالصيام وهذا كله خطاء وجهل اذ قد ذكر ان
کہانا پینا اور نفوس کو اپنی شہوت سی متلذذ ہونا اس سی پہلی کہ روزون کی سبب ممانعت ہو جاوی غنیمت ہی یہہ تمام خیالات خطا اور جہالت ہی اسوسطی کہ ذکر
اصل ذلك متلقى من النصارى فانهم عند قرب صومهم يفعلون كذلك فيلزم التشبيه بهم وقد كان
کرتی ہین کہ یہہ اصل مین نصاری سی لیا ہی کیونکہ نصاری کی جب روزی نزدیک آتی تہی تو ایسا ہی کیا کرتی تہی پہر نصاری سی تشبیہ لازم آتی ہی اور
النهی عن الصوم فی ذلك الوقت لمنع التشبه بالكافر فيما لنا منه بد وهو مذموم شرعا لقوله عليه السلام
نہی روزہ کی اوسوقت مین صرف کفار کی مشابہت کی سبب سی تہی جس جگہہ ہمسی مشابہت رفع ہوسکتی ہی اور تشبہ شرعا مذموم ہی واسطی ارشاد رسول علیہ السلام کی
من تشبه قوما فهو منهم وربما لا يقتصر بعضهم على الشهوات المباحة بل يتعدى الى المحرمات فمن
جو شخص مشابہ ہوا کسی قوم سی پس وہ انہی مین سی ہی اور کبہی کبہی بعضا شخص شہوات مباح پر حصر نہین کرتا بلکہ محرمات مین داخل ہو جاتا ہی جسکا
كان هذا حاله فالبهائم اعقل منه وله نصيب وافر من قوله تعالى وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ
ایسا حال ہو تو اوس سی ڈنگر ہوشیار ہین اوسکا اس آیت مین بڑا حصہ ہی اور ہمنی پہیلا رکہی ہین دوزخ کی واسطی بہت
الْجِنِّ وَالْإِنسِ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا أُولَٰئِكَ
جن اور آدمی جنکو دل ہین اوس سی سمجہتی نہین اور آنکہین ہین اونسی دیکہتی نہین اور کان ہین اونسی سنتی نہین وہ لوگ
كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ وبعضهم لا يجتنب كبائر الذنوب الا فی رمضان فيطول عليه ويكره صيامه ويشق
جیسی چوپائی بلکہ اونسی زیادہ بیراہ ہین اور بعضی شخص گناہ کبیرہ سی سوا رمضان کی کبہی نہین باز آتی سو اونکو رمضان دو بہر ہو جاتا ہی اور روزی بہی مکروہ معلوم
على نفسه مفارقتها كالوفاتها فيعد الايام والليالی ليعود الى المعاصی وبعضهم لا يصلی الا فی رمضان فيستثقل
اور اوسکی دل پر مفارقت کبایر کی دشوار ہوتی ہی جیسی فوت ہو گئی پہر وہ دن رات رات گنتا ہی تاکہ معاصی پہر حاصل کری اور بعضی سوا رمضان کی نماز نہین پڑہتی پہر
رمضان لاستثقال العبادات المشروعة فيه من الصلوة والصيام وبعضهم لا يصبر على المعاصی فيواقعها
رمضان اون پر بہاری پڑ جاتا ہی بسبب گرانی عبادات کی جو رمضان مین ہوتی ہین نماز روزی اور بعضون کو گناہونسی صبر نہین ہوتا پہر وہ رمضان مین
فی رمضان وهذا هو الخسران المبين

المجلس السادس والعشرون فی بيان فضيلة رمضان

بہی مبتلا ہوتا ہی اور یہہ ظاہر ٹوٹا اوٹہاتا ہی چہبیسوین مجلس رمضان کی فضیلت مین
ورعاية حقه قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل رمضان فتحت ابواب السماء وفی
اور اوسکی حق کی رعایت مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جب رمضان آتا ہی تو آسمان کی دروازی کہل جاتی ہین اور ایک
رواية ابواب الجنة وغلقت ابواب جهنم وصفدت الشياطين هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه
روایت مین جنت کی دروازی اور دوزخ کی دروازی بند کئی جاتی ہین اور سب شیاطین قید ہو جاتی ہین یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین سی ہی
ابو هريرة وهو ان حمل على معناه الظاهر لا يفيد زيادة فائدة لان الانسان ما دام فی الدنيا لا يتيسر له الصعود
ابوہریرہ کی روایت سی اس حدیث کی اگر ظاہر معنی مراد لیوین تو کچہہ خوب بڑا فائدہ نہین ہی اس لئی کہ انسان جبتک دنیا مین ہی تو اوسکو آسمان پر چڑہنا نہین
الى السماء ولا الدخول فی احدى الدارين فای فائدة فی فتح الابواب واغلاقها الا ان يقال من مات من
ہوسکتا اور نہ بہشت اور دوزخ مین داخل ہوسکتا ہی پہر دروازون کی کہلنی اور بند ہونی سی کیا فائدہ ہوا مگر یون کہین کہ جو شخص صلحا ایمان والون مین سی

صلحاء

صلحاء اهل الایمان اذا فتحت ابواب الجنة یاتیهم من روحها ونسیمها فوق ماکان یاتیهم قبل الفتح و
مرجاتا ہی تو جب دروازی جنت کی کہلجاتی ہین تو اونکو جنت کی ہوا اور خوشبو زیادہ تر آتی ہی بہ نسبت اوسکی کہ دروازی کہلنی سی پہلی آتی تہی اور

من مات من عصاتهم اذا غلقت ابواب جهنم لا یصیبهم من حرها وسمومها کما کان یصیبهم من حرها
جو گنہگار مرجاتا ہی تو اگر دروازی دوزخ کی بند ہوتی ہین تو اونکو اوسکی گرمی اور لپٹ اوتنی نہین آتی جتنی گرمی

وسمومها قبل التغلیق وهو بعید لانه انما ذکر لترغیب الناس فیما امروا به من صوم شهر رمضان تحریصهم
اور لپٹ بند ہونی سی پہلی آتی تہی اور یہہ معنی بعید ہین اسواسطی کہ یہہ مضمون صرف واسطی آدمیون کی ترغیب کی ہی جو اونکو حکم ہوا ہی ماہ رمضان کی روزون کا

علیه حتی یستعدوا له وتصیر ابواب الجنان کانها فتحت لهم وابواب النیران کانها غلقت علیهم فیلزم
تاکہ روزی کی واسطی تیار ہوجاوین اور گویا جنت کی دروازی اونکی لئی کہل گئی اور دوزخ کی دروازی گویا اونکی اوپر بند ہوگئی اب کوئی تاویل

الرجوع الی التاویل بان یقال فتح ابواب السماء کنایة عن تواتر نزول الرحمة وتوالی صعود الطاعات لان الباب اذا
کرنی لازم ہی کہ یون کہین کہ کہلنا آسمان کی دروازون کا اشارہ ہی پی درپی رحمت کی آنیکا اور پی درپی عبادت کی چڑہنی کا اسواسطی کہ جب دروازہ

فتح یخرج ما فی داخله متتابعا ویدخل ما فی خارجه متوالیا ویؤید هذا التاویل ما جاء فی روایة اخری فتحت
کہلجاتا ہی جو اوسکی اندر ہی فورًا نکل آتا ہی اور جو باہر ہوتا ہی وہ فورًا داخل ہوجاتا ہی اور اس تاویل کی تائید وہ ہی جو ایک اور روایت مین آیا ہی کہلجاتی ہین

ابواب الرحمة وفتح ابواب الجنة کنایة عن حصول ما یؤدی الی دخولها من انواع العبادات وتغلیق
دروازی رحمت کی اور جنت کی دروازون کا کہلنا اشارہ ہی اون امور کی حاصل ہونیکا جو جنت کی اندر پہنچاوین یعنی ہر قسم کی عبادتین اور بند ہونا

ابواب جهنم کنایة عن انتفاء ما یؤدی الی دخولها من انواع السیات لان الصائم یتنزه عن الکبائر
دوزخ کی دروازون کا اشارہ ہی دور ہونی اون امور کا جو دوزخ مین داخل کردیتی ہین یعنی ہر قسم کی گناہ اسواسطی کہ روزہ دار ایسی کبائر گناہون سی بچتا ہی

التی من جملتها الاصرار علی الصغائر فیغفر له ببرکة الصوم سائر الذنوب کما جاء فی الحدیث الصلوات الخمس
جنکی اندر اصرار کرنی صغیرہ گناہون کی بہی داخل ہی سو روزہ کی برکت سی اوسکی تمام گناہ معاف ہوجاتی ہین چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ پانچون نمازین

والجمعة الی الجمعة ورمضان الی رمضان مکفرات لما بینهن ان اجتنبت الکبائر وتصفید الشیاطین
اور جمعہ اگلی جمعہ تک اور رمضان اگلی رمضان تک بیچ کی گناہون کو مٹادیتی ہین اگر کبیرہ گناہون سی پرہیز کیجا اور قید ہونا شیاطین کا

یحتمل ان یکون المراد به ما هو الظاهر من کون الشیاطین مقیدة تعظیما للشهر وعلامة ذلک ان اکثر المنهمکین
احتمال یہہ ہی کہ اس سی مراد وہ ہی معنی ظاہری ہون کہ شیاطین واسطی تعظیم اس مہینی کی قید ہوجاتی ہین اسکی نشانی یہہ ہی کہ اکثر لوگ گناہون مین کہپی ہوئی

فی الطغیان یجتنبون المعاصی ولا یزدادون بعد حرصهم علیها ویشرعون فی اقامة الصلوة بعد ما کانوا
گناہون اور سرکشی سی بچنی لگتی ہین باوجودیکہ گناہون کی بڑی حریص ہوتی ہین اور نماز پڑہنی شروع کردیتی ہین باوجودیکہ نماز مین

یتهاونون بها ویقبلون علی استماع النصیحة وتلاوة القرآن واما ما یری من بعض الفسقة انهم لا یمتنعون
کاہلی سستی کرتی تہی اور وعظ نصیحت سنی پر اور قرآن کی تلاوت پر متوجہ ہوجاتی ہین اور یہہ جو فاسق معلوم ہوتی ہین کہ اپنی فسق سی ذرہ باز

عن فسقهم بل ان ترکوا نوعا منه یاتون نوعا اخر فذلک من اثر ما بقی فی نفوسهم الخبیثة من تسویلات
نہین آتی بلکہ اگر ایک قسم ترک کرتی ہین تو دوسری قسم کرنی شروع کردیتی ہین سو یہہ اثر اوس خباثت کا ہی جو اونکی دلونمین وسوسہ شیطانی باقی ہین

الشیاطین وقال بعض العلماء لفظ الشیاطین وان کان عاما الا ان المراد به رؤساهم یؤیده ما جاء فی بعض
اور بعضی علماء کہتی ہین لفظ شیاطین کا اگرچہ عام ہی پر مراد اس سی شیطانون کی گروگہنٹال ہین اسکی تائید ہی جو اس حدیث کی بعضی

طرق هذا الحدیث وسلسلت مردة الشیاطین فیقع الفساد بتسویلات غیرهم من شیاطین الانس والجن
روایت مین واقع ہوا ہی کہ اور قید ہوجاتی ہین سرکش شیطان پہر فساد اورون کی وسوسہ سی جو شیاطین جن اور انسان کی ہین واقع ہوتا ہی

وقیل هو مجاز عن امتناع نفوس الصائمین عن قبول وساوسهم وذلک لان رمضان اذا دخل یشتغل الناس بالصوم
اور کہتی ہین کہ یہہ مجاز ہی اصل روزہ دارون کی دل شیطانی وسوسہ قبول کرنی سی باز رہتی ہین اسواسطی کہ جب رمضان آتا ہی تو آدمی روزہ مین مشغول ہوجاتی ہین
فتنکسر قوتهم الحیوانیة التی هی مبدأ الشهوة والغضب المتداعیین الی انواع الفسوق والفجور وتنبعث قواهم
سو اونکی قوت حیوانی ضعیف ہوجاتی ہی جو باعث شہوت اور غصہ کی ہوکر ہر قسم کی فسق اور فجور کی طرف لیجاتی تہی اور اونکی قوت عقلی
العقلیة داعیة الی الطاعات ناهیة عن المنکرات فتجعلهم مقبلین علی وظائف العبادات معرضین عن
پیدا ہوکر طاعات کی طرف بلاتی ہی اور منکرات سی منع کرتی ہی پہر اونکو روزمرہ کی مقرری عبادات پر متوجہ اور ہر قسم کی منکرات سی
اصناف المنکرات فیصیرون کانهم فتحت لهم ابواب الجنان وغلقت علیهم ابواب النیران ولم یبق
بیزار کردیتی ہی پہروہ ایسی ہوجاتی ہین کویا اونکی لئی بہشت کی دروازی کہل گئی اور دوزخ کی دروازی اون پر بند ہوگئی اور
علیهم للشیطان سلطان وروی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال اذا کان اول لیلة من شهر رمضان
اون پر شیطانون کا اصلا تسلط غلبہ باقی نرہا اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جب ماہ رمضان کی پہلی رات ہوتی ہی
صفدت الشیاطین ومردة الجن وغلقت ابواب جهنم فلم یفتح منها باب وفتحت ابواب الجنة فلم
تو شیاطین اور سرکش جن قید ہوجاتی ہین اور دوزخ کی دروازی بند ہوکر کوئی دروازہ کہلا نہین رہتا اور دروازی بہشت کی کہل جاتی ہین سو
یغلق منها باب فینادی منادیا باغی الخیر اقبل ویا باغی الشر اقصر ولله فیه عتقاء من النار وذلک
اونمین سی کوئی دروازہ بند نہین رہتا پہر منادی پکارتا ہی ای طالب خیر کی ادہر آ اور ای حد سی بڑہنی والی شر کی بس کر اور رمضان مین اللہ کی ازاد کئی آگ سی بہت ہین اور یہہ
فی کل لیلة ومعنی هذا الحدیث علم من تاویل الحدیث السابق لکن هنا زیادة لابد من بیان معنی تلک
ہر ہر شب مین ہوتی ہی اور اس حدیث کی معنی پہلی حدیث کی تاویل سی معلوم ہوگئی لیکن اسمین کچہہ لفظ زیادہ ہین اونکی معنون کا بیان کرنا بہی ضرور چاہئی
الزیادة وهو ان منادیا ینادی فی لیالی رمضان ویقول یا طالب الخیر تعال اطلب الثواب فانک تعطی
وہ یہہ ہین کہ منادی رمضان کی راتون مین پکارتا ہی یہہ کہتا ہی ای خیر کی طالب یہان آ ثواب لی یہہ ایسا وقت شریف ہی
ثوابا کثیرا بعمل قلیل لشرف الوقت ویا طالب الشر اترک الشر فان عذاب المعصیة فیه اکثر وتب الی الله تعالی
کہ تہوڑیسی کار پر بہت ہی بڑا ثواب عطا ہوگا اور ای شر کی طالب بدی سی باز آ کیونکہ رمضان مین معصیت کا عذاب بڑا سخت ہی اور اللہ تعالی کی طرف
فانه تعالی یعتق کثیرا من عباده الصائمین من النار ویغفر ذنوبهم الماضیة لحرمة الشهر کما جاء فی
رجوع کر کیونکہ اللہ تعالی اپنی بہت بندی روزہ دار آگ سی ازاد کرتا ہی اور اونکی پچہلی گناہ اس مہینی کی برکت سی معاف کرتا ہی چنانچہ ایک اور حدیث مین آیا ہی
حدیث آخر من صام رمضان ایمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه یعنی ان من صامه مصدقا
جسنی رمضان کی روزہ واسطی ایمان اور ثواب کی رکہی تو اوسکی تمام پچہلی گناہ معاف ہوئی مراد یہہ ہی کہ جسنی رمضان کی روزہ اوسکی حقیقت
بحقیته وفرضیته وطالبا لرضاء الله تعالی وثوابه لا خوفا من الناس واستحیاء منهم یغفر له ذنوبه
اور فرضیت تصدیق کرکر اللہ کی مرضی اور ثواب حاصل کرنیکو رکہی نہ کسی شخص کی خوف سی اور نہ کسیکی حیا لاج سی تو اوسکی تمام پچہلی گناہ
المتقدمة وذلک النداء یکون فی کل لیلة من لیالی رمضان وروی عن ابی امامة الباهلی انه علیه السلام
معاف ہونگی اور یہہ ندا رمضان کی راتون مین سی ہر ہر رات کو ہوتی ہی اور ابو امامہ باہلی سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا
قال من صام یوما فی سبیل الله جعل الله بینه وبین النار خندقا کما بین السماء والارض وفی حدیث آخر
جسنی ایک روز واسطی خدا کی روزہ رکہا تو اللہ تعالی دوزخ اور اوس شخص کی بیچ مین ایسی چوڑی خندق کردیگا جیسی بیچ آسمان اور زمین کا اور ایک اور حدیث مین
رواه ابو سعید الخدری انه علیه السلام قال من صام یوما فی سبیل الله بعد الله تعالی وجهه من النار
ابو سعید خدری سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسنی روزہ ایک دن کا واسطی اللہ کی کہا تو اللہ اوسکی چہرہ کو آگ سی ستر برس کی راہ پہ دور کریگا

سبعین

سبعين خريفا يعني ان من صام يوما في سبيل الله ورضائه ينجيه الله تعالى من النار عبر عن التنجية
مراد یہہ ہی کہ جسنی ایک دن کا روزہ واسطی اللہ کی اوسکی رضامندی کی لئی رکہا اوسکو اللہ تعالی آگ سی نجات بخشیگا دوری کو بطور تمثیل کی
بطريق التمثيل ليكون ابلغ لان من كان بعيدا عن شئ بهذا المقدار لا يصل اليه البتة والمراد بالخريف
بیان فرمایا تاکہ ابلغ ہووی اسواسطی کہ جو شخص ایک چیز سی اسقدر دور مسافت پر ہو تو وہ چیز اوس تک ہرگز نہیں پہنچیگی اور خریف سی مراد
السنة ذكر الجزء واريد الكل وانما عبر عنها به دون غيره من الفصول لكونه وقت بلوغ الثمار وحصول
سال ہی جزء کو ذکر کیا اور کل مراد لیا اور فصول وغیرہ کو چہوڑکر خریف کی ساتہہ اسواسطی بیان کیا کہ اس وقت میں پہل پکتی ہین اور عیش
سعة العيش وروى عن ابى هريرة انه عليه السلام قال كل ابن ادم يضاعف الحسنة بعشر امثالها الى
فراخ ہوتا ہی اور ابوہریرہ سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا تمام بنی آدم کی حسنات دس گونہ بڑہتی ہین اور دس سی
سبعمائة ضعف قال الله تعالى الا الصوم فانه لى وانا اجزى به يدع شهوته وطعامه وشرابه من اجلى
سات سو گونہ تک اللہ تعالی فرماتا ہی روزہ کی سوا کیونکہ روزہ میری واسطی ہی مین ہی اوسکا بدلہ ہونگا کیونکہ اپنی شہوت کہانا پینا میری لئی ترک کرتا ہی
يعني ان كل طاعة وخير اذا لم يكن برياء ونفاق فاقل ما يعطى لصاحبه من الاجر عشرة لقوله تعالى مَنْ
مراد یہہ ہی کہ ہریک عبادت اور خیر اگر بدون ریا اور نفاق کی ہو تو کم سی کم اوسکا اجر عابد کو دس گونہ عطا ہوگا اس آیت کی سند سی جو
جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وقد يزاد الى سبعمائة واكثر لقوله تعالى مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ
لاوی بہلائی اوسکی واسطی ہی اوس سی دس گونہ اور کبہی سات سو تک یا زیادہ تک نوبت بڑہ جاتی ہی اس سند سی مثال اونکی جو خرچ کرتی ہین اپنی مال
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ
اللہ کی راہ مین جیسی ایک دانہ اوس سی اوگین سات خوشہ ہر خوشہ مین سو سو دانی اور اللہ بڑہاتا ہی جسکی واسطی چاہی
واما الصوم فثوابه بغير حساب لانه لا يتادى الا بالصبر وقد قال الله تعالى اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ
اور روزہ کی ثواب کا تو کچہہ حساب ہی نہین کیونکہ روزہ بدون صبر کی پورا نہین ہوتا اور اللہ تعالی فرماتا ہی صبر کرنیوالون کو ملتا ہی اونکا اجر
بِغَيْرِ حِسَابٍ ثم الصبر وان كان يوجد فى غير الصوم من العبادات لكن وجوده فيه ليس كوجوده فى غيره
بلا گنت پہر صبر اگرچہ سوا روزہ کی اور عبادات مین بہی ہوتا ہی لیکن صبر روزہ کا ایسا نہین ہی جو اور عبادات مین ہوتا ہی
لانه ثلثة انواع صبر على طاعة الله تعالى وصبر على محارم الله تعالى وصبر على الالام والشدائد وكلها
کیونکہ صبر تین طرح پر ہی ایک تو صبر اللہ تعالی کی طاعت پر دوسرا صبر اللہ تعالی کی محارم پر تیسرا صبر تکالیف اور سختیون پر اور روزہ مین
يوجد فى الصوم اذ فيه صبر على ما وجب على الصائم من الطاعات وصبر عما حرم عليه من الشهوات
تینون قسم کا صبر موجود ہی اسواسطی کہ روزی مین صبر ہی اوس طاعات پر جو روزہ دار پر واجب ہین اور اون شہوات پر صبر ہی جو اوسپر حرام ہین
وصبر على ما يصيبه من الم الجوع وحرارة العطش وضعف البدن لان الصائم تعرض بدنه النحول والنقصان
اور اوس الم پر صبر ہی جو بہوک لگتی ہی اور پیاس کی گرمی ہوتی ہی اور بدن ناتوان ہوتا ہی کیونکہ روزہ دار کا بدن دبلا اور کم زور ہوجاتا ہی
والمفضى الى الهلاك طلبا لرضاء الله تعالى اشير اليه حيث قيل يدع شهوته وطعامه وشرابه من اجلى
اور واسطی طلبگاری مرضی الہی کی ہلاکت مین پڑتا ہی اسہی کی طرف اشارہ ہی جو مذکور ہی کہ اپنی شہوت اور کہانا پینا میری خاطر چہوڑ دیتا ہی
وايضا ان الصائم بسبب منع نفسه عن الاكل والشرب والجماع يصير متخلقا باخلاق الله تعالى لكونه تعالى
اور یہہ بہی ہی کہ روزہ دار اپنی جان کو کہانی اور پینی اور جماع سی روک کر خوگیر صفات الہی کا ہوجاتا ہی کیونکہ اللہ تعالی
منزها عن هذه الاشياء فلما كان فى الصوم هذه المعانى خصه الله تعالى بذاته وتولى جزاءه بنفسه
ان سب امور سی پاک وصاف ہی اور چونکہ روزہ میں یہہ خوبیان ہوتی ہین تو اللہ تعالی نی روزہ کو اپنی ذات پاک سی خاص کیا اور روزہ کی ثواب کا اپنی ذات

ولم يكله الى غيره فاعطى الصائم من عنده اجر البر ليس له حد ولا عد وقيل ان الصوم سر بينه وبين العبد
ذمہ دار ہوا کسی دوسرے پر حوالہ نہ کیا پھر روزہ دار کو اپنی درگاہ سی اتنا اجر عطا کیا کہ جسکی کچھ انتہا اور شمار نہیں اور بعضی یہہ کہتی ہین کہ روزہ ایک راز ہی اللہ اور بندہ کی
يفعله خالصا لوجهه وطالبا لرضائه لا يطلع عليه غيره لكونه نية وامساكا حتى قيل ان الحفظة
بیچ مین کہ اوسکو خالص واسطی اللہ کی اور واسطی اوسکی رضا مندی کی ادا کرتا ہی اوسکی سوا کسیکو معلوم نہین ہوتا کیونکہ روزہ نام نیت اور امساک کا ہی یہانتک کہ کہتی ہین کہ
لا تطلع عليه ولا تكتبه بخلاف سائر الطاعات فانها مما يطلع عليه غيره تعالى فلما كان هو العالم به دون
کرام کاتبین کو بھی معلوم نہین ہوتا اور نہ وہ اوسکو لکھتی ہین بخلاف اور عبادات کی کیونکہ اور عبادات کو اور بھی سوا اللہ تعالی کی جان جاتی ہین اور چونکہ روزہ کی خبر
غيره خصه بذاته وتولى جزاءه بنفسه ولم يوكله الى غيره كانه تعالى قال الصوم لا يطلع عليه
سوای اللہ تعالی کی اور کو نہین ہوتی تو اوسکو اللہ تعالی نی اپنی ذات سی خاص کر کر آپ ہی اوسکی ثواب کا ذمہ دار ہوا اور پر حوالہ نکیا گویا اللہ تعالی نی یہہ ارشاد فرمایا روزہ
غيري وحدانا اتولى الجزاء عليه ولا اكله الى غيره والكريم اذا اخبر انه يتولى الجزاء بنفسه يقتضي ان يكون
ثواب مین ہی اوسکی ثواب کا ذمہ دار ہون اور پر حوالہ نہین کرتا اور سخی جب یہہ کہی کہ مین آپ اوسکی عوض کا ذمہ دار ہون تو لازم ہی کہ وہ
ذلك الجزاء في غاية العظمة ونهاية الكثرة بحيث لا يكون له احصاء ولا حساب وروي عن ابي هريرة انه
عوض نہایت عظیم اور نہایت کثیر ہو ایسا کہ نہ گنتی مین آوی اور نہ حساب مین اور ابوہریرہ سی روایت ہی
قال للصائم فرحتان فرحة عند فطره وفرحة عند لقاء ربه يعني ان الصائم له سروران على ان الفرحة
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا روزہ دار کو دو خوشیان ہوتی ہین ایک خوشی روزہ کہولتی ہوتی اور ایک خوشی خدا کی دیدار کی وقت مراد یہہ ہی کہ روزہ دار کو دو دفعہ
مرة من الفرح وهو السرور واما سروره عند لقاء ربه فيما يجده من ثواب الصوم مدخرا عند الله تعالى
فرح سی مشتق ہوئی اور سرور کو کہتی ہین اور سرور پروردگار کی ملاقات پر سو اسکا ہی کہ ثواب روزہ کا دفعۃً جمع کیا ہوا اللہ تعالی کی پاس پاویگا
فان من ترك طعامه وشرابه وشهوته لله تعالى يعوضه الله تعالى خيرا من ذلك كما قال الله تعالى
اس لیئی کہ جسنی اپنا کہانا پینا اور شہوت خدا کی واسطی چہوڑی تو خدا تعالی اوسکا عوض اوس سی بہتر عطا کریگا چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی
وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا وقال النبي عليه السلام لرجل
اور جو آگی بہیجو گی اپنی واسطی کوئی نیکی اوسکو پاوگی اللہ کی پاس بہتر اور ثواب مین زیادہ اور فرمایا نبی علیہ السلام نی ایک شخصکو
انك لن تدع شيئا اتقاء الله الا اتاك الله خيرا منه وروي ان الصائمين يوضع لهم يوم القيمة مائدة
تو ہرگز نہین ترک کریگا کوئی گناہ خدا کی خوف سی مگر عطا کریگا تجکو اللہ تعالی بہتر اوس سی اور روایت ہی کہ روزہ دارون کی واسطی قیامت کی دن دسترخوان
تحت العرش ياكلون عليها والناس في الحساب فيقول الناس ما لهؤلاء ياكلون ونحن في الحساب فيقال انهم كانوا
عرش کی تلی بچہا دیگا اوسپر بیٹہی کہا دینگی اور اور لوگ ابہی حساب مین مبتلا ہونگی وہ لوگ دیکہکے یہہ کہین گی یہہ کون لوگ ہین کہ کہانا کہاتی ہین اور ہم حساب ہی مین
يصومون وانتم تفطرون وفي الصحيحين انه عليه السلام قال ان في الجنة بابا يقال له الريان لا يدخل منه
روزی رکہتی تہی اور تم روزہ خورتہی اور صحیح بخاری اور مسلم مین ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جنت کی ایک دروازہ کا نام ریان ہی اوس دروازہ سی
الا الصائمون والمراد بالصائمين هم الذين يكثرون الصوم فانهم تحملوا تعب العطش خصوا بباب فيه الري والامان
صرف روزہ دار ہی داخل ہونگی اور روزہ دارونسی مراد وہ لوگ ہین جو روزی بہت رکہتی ہین کیونکہ انہون نی جو بہوک پیاس کی شدت اوٹہائی تو ایسی دروازہ سی خاص ہوئی
من العطش قبل تمكنهم من الجنة واما سروره عند افطاره فيما يتناوله من الطعام والشراب والجماع لان النفس
کہ جسمین تازگی اور پیاس کا بچاو جنت مین داخل ہونی سی پہلی ہی اور افطار کی وقت سرور اسلئی ہوتا ہی کہ کہانا پینا جماع سب حاصل ہوتا ہی کیونکہ آدمی کا جی
مجبولة على الميل الى ما يلائمها من المطعم والمشرب والمنكح فاذا منعت من ذلك في وقت من الاوقات ثم اذن
بطور عادت کی اپنی مناسبات کہانی پینی جماع وغیرہ کی طرف متوجہ رہتا ہی جب اوسکو ان باتون کی کسی وقت مین روک ہو کر پہر دوسری وقت مین

لها فی وقت آخر یفرح بذلك طبعا خصوصا عند اشتداد الحاجة الیه لتاثیر الجوع والعطش فیها وتقاضی
تو پهر خود بخود خوش هوتا هی خاص کر جب اوسکو ادهر بهت حاجت هووی کیونکه بهوک لگی هوتی هی پیاس کا زور هوتا هی دل کو
باخذ حاجتها یشعر بهذا ماروی عن ابن عمر انه علیه السلام کان اذا افطر یقول ذهب الظمأ وابتلت
اپنی حاجت کا تقاضا هوتا هی ابن عمر کی روایت سی یهه معلوم هوتا هی که نبی علیه السلام افطار کی وقت فرمایا کرتی تهی پیاس بجهگئی اور رگین تازه هوئین
العروق وثبت الاجر ان شاء الله تعالی فان الله تعالی وان حرم علی الصائم فی نهار صیامه ان یتناول هذه
اور ثواب ثابت هوگیا ان شاء الله تعالی کیونکه الله تعالی نی اگرچه روزه دار پر روزه کی دن مین یهه حرام کردیا هی که ان شهوت کو عمل مین لاوی
الشهوات لکن اذن له ان یتناولها فی اللیل بل احب منه تعجیل الفطر فی اول اللیل وتاخیر السحور الی آخر اللیل
لیکن اوسکو اجازت هی که رات کی وقت عمل مین لاوی بلکه رات کی آتی هی جلد هی افطار کرنا اور سحر تاخیر کرکر آخر شب مین کهانی مستحب هی
لما روی عن ابی ذر انه علیه السلام قال لا تزال امتی بخیر ما اخروا السحور وعجلوا الفطر وروی ان الله تعالی
ابوذر کی روایت سی که نبی علیه السلام نی فرمایا میری امت همیشه بهلائی پر رهی گی جبتک سحر کهانی مین تاخیر اور افطار کرنی مین جلدی کرین اور روایت هی که الله تعالی
وملئکته یصلون علی المتسحرین وان احب عباده الیه اعجلهم فطرا والحاصل ان الصائم یترك شهواته
اور اوسکی فرشتی سحر کهانی والون پر رحمت بهیجتی هین اور بڑی محبوب بندی الله کی وه هین جو جلدی افطار کرتی هین حاصل یهه هی که روزه دار اپنی شهوت
بالنهار تقربا الی الله تعالی وطاعة له ویتناولها فی اللیل تقربا الی الله تعالی وطاعة له فلا یترکها الا بامره ولا یعود الیها
دن کی وقت الله تعالی کی طاعت اور قربت کی لئی ترک کرتا هی اور رات کی وقت اپنی شهوت کو واسطی قربت اور طاعت الٰهی کی عمل مین لاتا هی سو الله تعالی کی حکم هی سی
الا بامره فهو مطیع فی الحالین فان المؤمن الصائم لما علم ان رضی مولاه فی ترك شهواته قدم رضی مولاه علی هواه فصارت لذته فی ترك شهواته لله تعالی
ترک کرتا هی اور اوسهی کی حکم سی اختیار کرتا هی پس وه دونو حال مین الله تعالی کا فرمانبردار هی کیونکه مؤمن روزه دار نی جب دیکها که خوشنودی میری صاحب کی شهوات کی
اعظم من لذته فی تناولها بل یکون کراهة تناولها عنده فی خلوته اشد من کراهته لالم الضرب لعلمه
ترک مین هی تو خوشنودی اپنی صاحب کی اپنی هوا و هوس پر مقدم رکهی تو اوسکو واسطی خدا کی شهوت ترک کرنی مین زیاده لذت هی بنسبت لذت شهوت برتنی کی بلکه اوسکو شهوتون کا
بکراهة مولاه لفطره فیکون لذته فیما یرضی مولاه وان کان مخالفا لهواه ویکون المه فیما یکرهه مولاه وان کان
که روزه کهانا میری صاحب کو ناپسند هی پهر اوسکو لذت اس بات مین هوگی جسمین اوسکا صاحب خوش هو اگرچه وه بات اوسکی خواهش کی برخلاف هو اور اوسکو رنج و تکلیف اوس
موافقا لهواه فاذا کان هذا فیما حرم لعارض الصوم من الطعام والشراب والجماع ینبغی ان یتاکد ذلك فیما
بات مین هوگی جسکو اوسکا مولی ناپسند کری اگرچه وه بات اوسکی مطلب کی هو جب مؤمن کا یهه حال اون محرمات مین هی جو روزه کی سبب سی ممنوع هین جیسی کهانا پینا اور جماع
حرم علی الاطلاق کالزنا وشرب الخمر واخذ اموال الناس بغیر حق وکسر اعراضهم فان کل ذلك مما یسخط
تو لایق هی که یهه حالت زیاده تر هووی اون امور مین جو مطلقاً حرام هین جیسی زنا اور شراب خوری اور کسیکا مال ناحق لینا اوسکی بی آبروئی کرنی کیونکه یهه تمام اعمال ایسی هین که
الله تعالی فی کل حین ومکان فاذا کان ایمان المرء کاملا یکره ذلك کله اشد من کراهته لالم الضرب ثم ان
الله تعالی انسی هر وقت اور هر جگه بیزار رهتا هی جب آدمی کا ایمان کامل هوتا هی تو ان سبکو چوٹ کهانی کی تکلیف سی بدتر جانتا هی پهر
المؤمن فی حال صومه لما علم ان له ربا یطلع علیه فی خلوته وقد حرم علیه ان یتناول شهواته التی جبل
مؤمن روزه دار عین روزه مین چونکه یهه حال جانتا هی که میرا رب میری حال سی خلوت مین بهی خبردار هی اور میری اوپر تمام شهوت کا عمل کرنا جنکی طرف دل کو رغبت هی
علی المیل الیها اطاع ربه وامتثل امره واجتنب نهیه خوفا من عقابه ورجاء الی ثوابه ولهذا کان نومه
حرام کردیا هی تو یهه اپنی رب کی فرمان برداری کرتا هی اور اوسکی عذاب کی خوف سی اور ثواب کی رغبت سی حکم پر عمل کرتا هی اور نهی سی بچتا هی اسهی لئی روزه دار کا سونا بهی
عبادة کما جاء فی الحدیث نوم الصائم عبادة قال ابو العالیة الصائم فی العبادة ما لم یغتب وان کان نائما
عبادت هوتی هی چنانچه حدیث مین آیا هی که روزه دار کا سونا بهی عبادت هی ابو العالیه کهتا هی روزه دار جب تک کسی کی غیبت نکری عبادت مین هی اگرچه سویا هووی

على فراشه فعلى هذا يكون فى ليله ونهاره على عبادة وروى عن ابى هريرة انه عليه السلام قال لخلوف

سوتا ہو اس قول کی موافق روزہ دار رات دن عبادت ہی مین ہوتا ہی اور ابوہریرہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا البتہ

فم الصائم اطيب عند الله تعالى من ريح المسك يعنى ان الخلوف وهو بضم الخاء رائحة حاصلة فى

روزہ دار کی منہہ کی بو اللہ تعالی کی نزدیک مشک کی خوشبو سی پسندیدہ تر ہی مراد یہہ ہی کہ خلوف خا کی پیش سی اوس بو کو کہتی ہین جو

فم الصائم من تصاعد الابخرة لخلو المعدة من الطعام والشراب وان كانت عند الناس مستكرهة

روزہ دار کی منہہ مین معدہ مین سی بخارات چڑہ کر پیدا ہوجاتی ہی جب معدہ کہانی پینی سی خالی ہوتا ہی اگرچہ وہ بو آدمیون کو ناپسند ہو

لكنها عند الله احب من ريح المسك حيث كانت ناشئة عن طاعة الله تعالى فلذلك ذهب الشافعى الى

پر اللہ تعالی کو مشک کی خوشبو سی زیادہ تر پسند ہی کیونکہ اللہ تعالی کی عبادت سی پیدا ہوئی ہی اسیواسطی امام شافعی کی مذہب مین

استحباب استدامتها وكراهة ازالتها بالسواك بخلاف الخلوف الذى يحدث من غير الصوم حيث يلزم

اوس بو کا باقی رکہنا مستحب ہی اور مسواک سی اوسکا دور کرنا مکروہ ہی برخلاف اوس بو کی جو فاقہ مین بدون روزہ کی پیدا ہوجاوی اسواسطی کہ اوسکا

ازالته بالسواك فان من عبد الله تعالى واطاعه وطلب رضاه فنشأ من ذلك العمل اثار مستكرهة للنفو[س]

دور کرنا مسواک سی لازم ہوتا ہی بیشک جو شخص اللہ تعالی کی عبادت کری اور اطاعت بجالاوی اور اوسکی رضامندی طلب کری اسمین اگر کچہہ اثار آدمیون کی خلاف طبع

فتلك الاثار غير مستكرهة عند الله تعالى بل هى محبوبة طيبة عنده ويجعلها فى الاخرة اطيب من

ناپسند پیدا ہوجاوین تو وہ آثار اللہ تعالی کو ناپسند نہین ہین بلکہ وہ اللہ تعالی کی ان محبوب اور پاکیزہ ہین اور اللہ تعالی اون اثار کو آخرت مین مشک سی زیادہ تر

ريح المسك فان الصوم لكونه سرا بين العبد وربه فى الدنيا يظهره الله تعالى فى الاخرة ويكون علانية

پاکیزہ کر دیگا کیونکہ روزہ جو درمیان بندہ اور پروردگار کی دنیا مین بہید تہا تو اللہ تعالی آخرت مین ظاہر کریگا پہر سب پر ظاہر ہوجائیگا اور

ويشتهر اهل الصيام بذلك بين الناس لما روى عن انس مرفوعا ان الصائمين يخرجون من قبورهم يعرفون بريح

روزہ دار اس سی تمام خلقت مین مشہور ہوجاوینگی چنانچہ انس سی مرفوعا روایت ہی کہ روزہ دار جب اپنی قبرون مین سی اوٹہینگی تو منہہ کی خوشبو سی پہچانی جاوینگی

افواههم فان ريح افواههم اطيب من ريح المسك والحاصل انه عليه السلام لما اراد ان يبين فضل الصيام

کیونکہ اونکی منہہ کی بو مشک سی زیادہ تر خوشبو ہوگی خلاصہ یہہ ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی جو ارادہ کیا کہ روزہ کی فضیلت

ودرجة الصائم شبه ما يستكره منه فى الطباع البشرية من الرائحة باطيب ما يرام ويطلب ويستنشق من

اور روزہ دار کا مرتبہ بیان فرماوین تو جو چیز آدمیون کی طبیعت کو ناپسند ہی یعنی منہہ کی بدبو اوسکو اوس پاکیزہ تر خوشبو سی تشبیہ دی جو مقصود اور مطلوب ہوتی ہی اور

الروائح والمقصود من هذا التشبيه الثناء على الصائم وتطييب قلبه لئلا يمتنع عن المواظبة على الصوم

سونگہی جاتی ہی اور غرض اس تشبیہ سی روزہ دار کی ثنا اور اوسکا دل خوش کرنا ہی تاکہ روزہ کی مداومت سی جس سی منہہ مین بو پیدا ہوتی ہی بیٹہہ نرہی

الجالب للخلوف وحيث فضل ما يستكره منه على اطيب ما يستلذ من جنس الطيب ليقاس عليه ما فوقه من الاثار

اور جب ایک ناپسند چیز کو پاکیزہ تر خوشبو پر فضیلت ہوئی جس سی لذت حاصل ہوتی ہی تو اب عمدہ اثار کو اوس پر قیاس کرلین باوجودیکہ افطار کی وقت

مع ان له عند الافطار دعوة مستجابة كما جاء فى الحديث ان للصائم عند فطره دعوة مستجابة

روزہ دار کی دعا قبول ہوتی ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ افطار کی وقت روزہ دار کی دعا مقبول ہی

لكن بشرط ان يكون افطاره على حلال فان من صام عما احله الله تعالى وافطر على ما حرمه الله تعالى لا [يستجاب]

پر اس شرط سی کہ افطار حلال چیز سی ہو کیونکہ جو شخص حلال چیز ونسی بند ہو کر روزہ رکہی اور حرام چیز سی افطار کری تو اوسکی دعا قبول نہین ہوتی

دعاءه ولا يقبل صومه لما روى عن ابى هريرة انه عليه السلام قال من لم يدع قول الزور والعمل به فليس لله

اور نہ روزہ قبول ہوتا ہی اسواسطی کہ ابوہریرہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جو شخص جہوٹہہ بولنا اور اوسپر عمل کرنا ترک نہ کری تو اللہ

حاجة في ان يدع طعامه وشرابه يعني ان من لم يترك الكذب والعمل بمقتضاه لا يقبل الله تعالى
کیا پروا ہی اسکی کہ وہ اپنا کہانا اور پینا ترک کردے مراد یہہ ہی جو شخص جہوٹ بولنا اور باطل اعمال کو نہ چہوڑیگا تو الله تعالی اوسکا روزہ قبول نہین کرتا
صومه ولا ينظر اليه لانه امسك عما يحل له في غير حال الصوم ولم يمسك عما لا يحل له في جميع الاحوال
اور نہ اوسکی طرف توجہ کریگا اسلیئے کہ جو چیزین اوسکو بدون روزہ کی مباح تہین اونسی تو باز رہا اور جو چیزین اوسکو ہمیشہ کو حرام تہین اونسی باز نہ آیا
لان المقصود من الصوم ليس نفس الجوع والعطش فقط بل المقصود منه ما يتبعه من كسرة الشهوة
کیونکہ روزہ سی مقصود صرف بہوک پیاس نہین ہی بلکہ روزہ سی مقصود وہ ہی جو اوسکی بعد حاصل ہوتی ہی شہوت کا توڑنا نفس امارہ کا مغلوب
وقهر النفس الامارة بالسوء فاذا لم يحصل شيء من ذلك فاي فائدة في ترك الطعام والشراب فعلى هذا
کرنا جب انمین سی کچہہ بہی حاصل نہوا تو پہر کہانا پینا ترک کرنی سی کیا فائدہ ہی اس تقریر کی موافق
يكون نفي الحاجة عبارة عن عدم القبول من قبيل نفي السبب وارادة المسبب وفي حديث اخر انه عم
حاجت کی نفی سی مقبول نہونا روزہ کا مراد ہی جیسی سبب کی نفی کرکر مسبب کی نفی مراد لیتی ہین اور ایک اور حدیث مین ہی کہ پیغمبر صلی الله علیہ وسلم نی
قال الصيام جنة فاذا كان يوم صوم احدكم فلا يرفث ولا يصخب فان سابه احد او قاتله فليقل
فرمایا روزہ ڈہال ہی جب کوئی تم مین سی کسی روز روزہ دار ہو تو فحش نہ بکی اور نہ چلاوی پہر اگر اوسکو کوئی گالی دی یا لڑائی کری تو لازم ہی کہ کہدی
اني امرؤ صائم يعني ان الصوم جنة وهي بضم الجيم الترس وانما جعل الصوم ترسا لان الصائم يستتر به
مین تو روزہ دار ہون مراد یہہ ہی کہ روزہ جنۃ ہی اور جنۃ جیم کی پیش سی ڈہال کو کہتی ہین اور روزہ کو اسلیئے ڈہال ٹہرایا ہی کہ روزہ دار کو بسبب کثرت ثواب کی
عن النار لكثرة ثوابه ويتحفظ به عن المعاصي ووسوسة الشيطان لانه يطبق مجاري الدم التي هي
آگ سی بچا لیتا ہی اور روزہ دار روزہ کی سبب گناہون اور شیطانی وسوسہ سی بچ جاتا ہی اسواسطے کہ مسامات خون کی جو شیطان کا رستہ ہوتا ہی
مجاري الشيطان فان الشيطان يجري من ابن ادم مجرى الدم فتنكسر الشهوة ويسكن الغضب لكن ينبغي
بند ہوجاتی ہین کیونکہ شیطان ابن آدم کی اندر خون کی مثال پہرتا ہی اسواسطی شہوت ضعیف ہوجاتی ہی اور غصہ بجہہ جاتا ہی لیکن
ان يعلم ان الجنة كما لا يكمل الانتفاع بها الا اذا كانت محكمة من غير اختلال كذا الصوم لا يتحقق به
سمجہنی کی بات ہی کہ ڈہال سی جیسی کچہہ فائدہ حاصل نہیں ہوتا جبتک وہ پوری اور مضبوط اور بی خلل نہو ایسی ہی روزہ سی اوٹ حاصل نہین ہوسکتی
التستر الا على حسب كونه محفوظا عن الخطاء والخلل فان وجد فيه شيء من الخلل ينتقص بمقدارة
جبتک کہ وہ خطا اور خلل سی صاف محفوظ نہو اگر اوسمین کچہہ خلل ہوگا تو وتنا ہی ثواب عمل کا کمتر ہوجاویگا
ثواب العمل ولهذا قال النبي عليه السلام في هذا الحديث فاذا كان يوم صوم احدكم فلا يرفث ولا يصخب
اسیلیئے نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین یہہ فرمایا ہی اگر تم مین سی کوئی کسی روز روزہ دار ہو تو فحش نہ بکی اور نہ چلاوی
والرفث الفحش من القول وما يضاهيه من التصريح مما يجب ان يكنى عنه عن الفاظ الجماع والصخب بالخاء
اور رفث کی معنی بیہودہ باتین گالی گلوج وغیرہ اور جو اوسکی مانند ہو یعنی جماع کی لفظون مین سی صاف کہنا اوس لفظ کا جو اشارۃً کہا جاوی اور صخب خاء
المعجمة الصياح والخصومة والمعنى ان الصائم عند الخصومة يجب عليه ان لا يتكلم بالفحش ولا يرفع
نقطہ دار سی چیخنا چلانا اور جہگڑا کرنا اور مراد یہہ ہی کہ روزہ دار کو لازم ہی کہ تکرار کی وقت کلام بیہودہ فحش نہ کہی اور نہ بیہودہ پکار کر بولی
صوته بالهذيان بل يلزمه ان يكون ممسكا عن جميع المناهي لا من الطعام والشراب فقط فان شتمه
بلکہ اوسکو لازم ہی کہ تمام مناہی سی بند رہی نہ صرف کہانی اور پینی سی پہر اگر کوئی اوسکو گالی دی
احد فليقل بلسانه صيانة لصيامه ويسمع شاتمه اني صائم ويجعل هذا القول جوابا له وقيل يقول
تو چاہی کہ واسطی حفاظت روزہ کی اپنی زبان سی گالی دینی والی کو سنادی کہ مین روزہ دار ہون اور اوسکی گالی کا یہی جواب سمجہی اور بعضی کہتی ہین

ذلك بقلبه بان يتفكر في كونه صائما ليرتدع نفسه عن سيّئ القول ويقوى على كظم الغيظ ولا يكافيه
کراپنی دلمین یکہی اسطور کہ خیال کری کہ مین روزہ دار ہون تاکہ اوسکا نفس سخن بیہودہ سی باز رہی اورغصہ کو پی جاوی اور گالی کی بدلی گالی نہ دی
على شتمه لئلا يحبط ثواب صومه ويكون من الذين قال النبي عليه السلام فيهم كم من صائم ليس من صيامه
تاکہ روزہ کا ثواب سوخت نہوجاوی پہر اون لوگون مین ہوجاویگا جنکی حق مین نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی بہت لوگ ایسی روزہ دار ہین کہ اونکو روزہ مین سی
الا الظمأ وكم من قائم ليس من قيامه الا السهر فان التقرب الى الله تعالى بترك المباحات لا يتم الا بعد التقرب
صرف پیاس ہی ہی بہت رات کی ایسی نمازی ہین کہ اونکو رات کی نماز مین کچہ صرف بیداری ہی ہی کیونکہ خدا کی قربت مباحات کی ترک سی پوری نہین ہوتی
اليه بترك المحرمات فان من امتثل امره تعالى في ترك الطعام والشراب في نهار صيامه فليمتثل امره فيما
جبتک محرمات کو چہوڑ کر قربت نہ حاصل کری کیونکہ جو شخص روزہ کی دن کہانا پینا چہوڑ کر خدا کا حکم بجا لایا تو اوسکو چاہئی کہ محرمات مین بہی
يحرم عليه في كل وقت ولا يحل له بحال من الاحوال فمن تعجل فيما حرم عليه قبل وفاته يعاقب في الاخرة
جو اوسپر دایمی حرام ہین اور کسی حالت مین حلال نہین ہین اوسکا حکم مانی سو جو کوئی جلدی کر کر محرمات کو زندگی مین برتی گا تو آخرت مین یہہ عقاب ہوگا کہ اوس شئی سی
بحرمانه وفواته وشاهد هذا قوله عليه السلام من شرب الخمر في الدنيا لم يشربها في الاخرة ومن لبس
محروم رہیگا اس دعوی کا شاہد یہہ حدیث ہی جس نی دنیا مین شراب پی آخرت مین نہین پیویگا اور جس نی دنیا مین
الحرير في الدنيا لم يلبسه في الاخرة فاتقوا الله يا عباد الله في اقامة حدود الله اذ كثير من الناس في هذا
حریر پہنا آخرت مین نہین پہنیگا سو ای بندگان الہی اللہ سی ڈرو اوسکی حدود کو قایم رکہو کیونکہ اکثر بنی آدم اس زمانہ مین
الزمان يمشي على العوائد الشايعة بين الانام لا على ما يقتضيه الايمان المجلس السابع والعشرون
اوس راہ و رسم پر چلتی ہین جو خلقت مین مشہور اور مستعمل ہین اوسپر نہین چلتی جو ایمان کی لایق ہی ستائیسوین مجلسمین

في بيان كيفية النية يستدعيه الاسلام

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من
بیان نیت کی کیفیت کا مطابق اسلام کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسنی
صام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه ومن قام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما
رمضان کی روزی واسطی ایمان اور ثواب کی رکہی اوسکی خطائین معاف ہونگی گذری ہوئین اور جسنی رمضان مین واسطی ایمان اور ثواب کی شب بیداری کی اوسکی خطائین
تقدم من ذنبه هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة وقد ذكر فيه نوعان من العبادة اختص
گذری ہوئین معاف ہونگی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اس حدیث مین دو قسم کی عبادت کا ذکر ہی کہ
كل منهما بشهر رمضان احدهما صيام النهار والاخر قيام الليالي فلا بد من معرفتهما اما الصوم فهو في
دونو کو ماہ رمضان سی خصوصیت ہی ایک دن کی روزی اور دوسری راتون کا جاگنا اب ان دونو کی معرفت ضرور ہی پس صوم لغت مین
اللغة الامساك مطلقا وفي الشرع الامساك عن المفطرات المعهودة التي هي الاكل والشرب والجماع من
مطلق امساک یعنی روک کو کہتی ہین اور شرع مین کہتی ہین امساک کو مفطرات مقرری سی یعنی کہانی اور پینی اور جماع سی
الصبح الى غروب الشمس مع النية وهو ثلثة اقسام فرض وواجب ونفل اما الفرض فصوم رمضان اداء وقضاء
فجر سی لیکر آفتاب کی ڈوبنی تک نیت کی ساتہہ اور روزہ کی تین قسم ہین فرض اور واجب اور نفل جسمین فرض تو رمضان کی روزی ہین اداہون یا قضا
وصوم الكفارة واما الواجب فالنذر معينا كان او مطلقا واما النفل فما عداها ومن شرع فيه قصدا
اور روزہ کفارہ کی اور واجب نذر کی ہوتی ہین نذر معین ہو یا مطلق نذر ہو اور نفل ان دونو کی سوا اور جسنی قصداً روزہ رکہلیا
يلزمه اتمامه وان افسده فعليه قضاؤه ولا يجوز افطاره بلا عذر لانه ابطال العمل وقد قال الله تعالى
تو اوسکا پورا کرنا لازم ہوجاتا ہی اگر توڑیگا تو اوسپر قضا لازم آویگی اور اوسکا افطار کرنا بلا عذر جایز نہین ہی اسواسطی کہ یہہ عمل کا باطل کرنا ہی اور اللہ تعالی فرماتا ہی

ولا تبطلوا اعمالكم والضيافة عذر في حق الضيف والمضيف ومن ظن ان عليه صوما فشرع فيه
اور نہ باطل کرو تم اپنی اعمال کو اور مہمانی بہی مہمان اور مہماندار کی حق مین ایک عذر ہوتا ہی اور جسنی یہہ خیال کیا کہ میری ذمہ پر روزہ ہی پہر اس خیال سی
ثم علم عدمه فاكل لا يلزمه شئ لانه ظان والمظنون لا يقضى لان القضاء منوط بالالتزام او بالالزام
روزہ رکہا پہر معلوم ہوا کہ نہین ہی پس کہا لیا اوسپر کچہہ نہین آتا اسواسطی کہ اسکو یقین نہین تہا اور شبہہ کی بدلی قضا نہین آتی اسواسطی کہ قضا یا تو لازم کر لینی سی آتی ہی یا لازم کر دینی سی
ولم يوجد واحد منهما واشترط لفرضية صوم رمضان الاسلام والعقل والبلوغ ولفرضية ادائه
سو ان دونو مین سی کچہہ نہین ہی اور رمضان کی روزون کی فرض ہونی کی شرط اسلام ہی یعنی کافر پر نہین اور عقل یعنی دیوانہ پر نہین اور بلوغ یعنی بچہ پر نہین اور ادا کی واسطی
الصحة والاقامة فان المريض والمسافر يجوز لهما الافطار ثم القضاء لكن صوم المسافر افضل ولصحة
شرط صحت ہی یعنی بیمار نہو اور اقامت یعنی مسافر نہو کیونکہ بیمار اور مسافر کی لئی جایز ہی کہ افطار کر کی پہر قضا کرین لیکن مسافر کو روزہ رکہنا افضل ہی اور واسطی صحت
ادائه الطهارة عن الحيض والنفاس لا الطهارة عن الجنابة اذ يجوز صوم من اصبح جنبا او نام واحتلم
ادا کی شرط ہی پاک ہونا حیض اور نفاس سی فقط جنابت سی پاک ہونا شرط نہین ہی اسواسطی کہ اگر جنابت مین صبح ہو جاوی یا دن کو سو گیا اور احتلام ہو گیا
واما الحائض والنفساء فلا يجوز صومها بل يلزمها الافطار ثم القضاء لكن الحائض تفطر سرا لا جهرا وكذا كل
تو روزہ جایز ہی اور حیض اور نفاس والی عورت کا روزہ جایز نہین ہی بلکہ انکو چاہئی کہ افطار کر کر قضا کرین لیکن حیض والی عورت چہپی ہوئی افطار کری ظاہر نکری اور ایسی
من ابيح له الافطار لانه اذا اكل ولم يكن العذر ظاهرا يكون متهما عند الناس بالفسق الذي هو اكل رمضان
جس جس کو افطار کرنا مباح ہی اسواسطی کہ اگر کوئی شخص کہاوی اور اوسکا عذر ظاہر نہو تو اور لوگون کی عندیہ مین فسق مین بدنام ہوگا یعنی رمضان مین دن کو کہانا
والاحتراز عن موضع التهم واجب لما روي انه عليه السلام قال من كان يؤمن بالله واليوم الاخر فلا يقفن
اور تہمت کی جگہہ سی پرہیز کرنا واجب ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جو شخص اللہ پر اور قیامت کی دن پر ایمان لاوی تو تہمت کی
مواقف التهم وقد ذكر في البزازية ان من اكل في شهر رمضان شهرة عيانا متعمدا يومر بقتله لان صنعه
مقام پر ہرگز نہ کہڑا ہو اور بزازیہ مین مذکور ہی کہ جو شخص ماہ رمضان مین تمام مہینی برملا قصدا کہایا کری تو اوسکو قتل کرین اسواسطی کہ اوسکا یہہ عمل
دليل الاستحلال له ويصح اداؤه بنية من الليل الى الضحوة الكبرى وبنية مطلقة وبنية النفل وبنية واجب اخر
دلیل حلال سمجہنی کی ہی اور رمضان کی روزہ کا رات سی چاشت کی وقت تک نیت کر کر ادا کرنا صحیح ہی اور مطلق نیت سی اور نفل کی نیت سی اور دوسری واجب کی
ثم عندنا لا بد من النية لكل يوم والافضل التبييت وهو النية من الليل ليقع اول جزء من الصوم مع النية
نیت سی بہی صحیح ہی پہر ہماری نزدیک ہر دن کی لئی علیحدہ نیت ضرور ہی اور تبییت افضل ہی یعنی رات سی نیت کر لی تا کہ پہلا جز روزہ کا بہی نیت سی واقع ہو
والنية ان يعرف بقلبه انه يصوم ولا عبرة بالنية المتقدمة على الغروب وانما الاعتبار للنية المتاخرة
اور نیت یہہ ہی کہ دل مین قصد کر لی کہ مین روزہ رکہونگا اور اوس نیت کا اعتبار نہین ہی جو غروب آفتاب سی پہلی ہو اعتبار اوسی نیت کا ہی جو آفتاب کی ڈوبنی سی
عن الغروب حتى لو نوى قبل ان تغيب الشمس ان يكون صائما غدا ثم غفل الى الزوال من الغد لا يجوز صومه
پیچہی ہو یہان تک کہ اگر آفتاب کی ڈوبنی سی پہلی یہہ نیت کی کہ مین کل روزہ رکہونگا پہر اگلی دن دوپہر تک بہول گیا تو اوسکا روزہ جایز نہین ہی
ولو نوى بعد غروب الشمس يجوز والنذر المطلق لا يصح الا بالنية من الليل واما النذر المعين والنفل فكل
اور اگر آفتاب کی ڈوبنی کی بعد یہہ نیت کی تو روزہ جایز ہی اور نذر مطلق رات سی نیت کئی بغیر جایز نہین ہی اور نذر معین اور نفل دونو
منهما كاداء صوم رمضان يجوز بالنية من الليل الى الضحوة الكبرى لكن النية من الليل افضل كما مر
مانند ادا روزہ رمضان کی رات سی لیکر دوپہر سی پہلی پہلی نیت کرنی سی جایز ہو جاتی ہین پر رات سی نیت کرنی افضل ہی چنانچہ گذر چکا ہی
فكل صوم لا يتادى الا بالنية من الليل اذا نواه مع طلوع الفجر يجوز لان الواجب قران النية بالصوم لا تقدمها
پہر جو روزہ بدون رات کی نیت کی ادا نہین ہوتا اگر صبح صادق کی ساتہہ ہی نیت کر لی تو بہی جایز ہو جاتا ہی اسواسطی کہ نیت کا روزہ کی ساتہہ ہونا واجب ہی نیت کا روزہ سی

کر دینی سی

علیه ولو نوی بعد طلوع الفجر عن القضاء لا یقع عن القضاء بل یکون تطوعا حتی لو افطر یلزمه القضاء
پہلی ہونا ضرور نہیں ہی اور اگر بعد طلوع صبح صادق کی قضا کی نیت کری تو قضا کا روزہ نہیں ہوتا بلکہ نفل ہو جاتا ہی اگر اب افطار کریگا تو اسکی قضا آویگی

واذا وجب علی احد قضاء یومین من رمضان واحد واراد ان یقضیهما ینبغی له ان ینوی اول یوم
اور اگر کسی شخص پر ایک رمضان کی دو روزی ذمہ پر ہون اور وہ شخص اونکو قضا کرنا چاہی تو اوسکو چاہی کہ پہلی نیت پہلی دن کی کری جو اوسپر اس رمضان میں سی

وجب علیه من هذا الرمضان وان لم یعین الاول یجوز وکذا لو کانا من رمضانین ینبغی له ان ینوی
واجب ہوا ہی اور اگر اول روز کو نہیں معین کریگا تو بہی جایز ہی اور اگر دو روزی دو رمضان کی ہون تو اوسکو چاہیی کہ اول نیت

قضاء یوم الرمضان الاول وان لم یعین اختلفوا فیه والمختار انه یجوز ومن افطر عمدا فی یوم من رمضان
قضا پہلی رمضان کی روزہ کی کری اور اگر یون معین نکری تو اسمین اختلاف ہی اس اختلاف مین سی مختار یہہ ہی کہ جایز ہی اور جسنی عمدًا رمضان کا ایک روزہ

حتی وجب علیه الکفارة وهو فقیر وصام احدی وستین یوما عن القضاء والکفارة ولم یعین
کہا لیا یہان تک کہ اوسپر کفارہ واجب ہوگیا اور مفلس تہا اور اوسنی اکسٹہہ روزی بابت قضا اور کفارہ کی رکہی اور قضا کا روزہ کوئی سا معین نکیا

یوم القضاء یجوز ویصیر کانه نوی القضاء فی الیوم الاول وستین یوما بعده عن الکفارة وتقدیم
تو جایز ہو جاتی ہین اور یون ہو جاتا ہی گویا اوسنی پہلی دن قضا کا روزہ رکہا اور پہر بعد اوسکی ساٹہہ روزی کفارہ کی رکہی اور کفارہ کا مقدم کرنا

الکفارة علی القضاء هل یجوز ام لا قال القاضی الامام یجوز والکفارة انما یجب بافساد اداء رمضان
قضا پر آیا جایز ہی یا نہین قاضی امام کہتی ہین جایز ہی اور کفارہ اداء رمضان کی فاسد کرنی سی واجب ہوتا ہی

لا بافساد قضائه ولا بافساد اداء غیره او قضائه وهی اعتاق رقبة وان عجز عنه فصیام شهرین
قضا کی فاسد کرنی سی یا اور اداء کی فاسد کرنی سی یا اور قضاء کی فاسد کرنی سی واجب نہین ہوتا اور کفارہ یہہ ہی اول غلام ازاد کرنا اگر یہہ نہوسکی تو روزی دو مہینی کی

متتابعین وان عجز عنه فاطعام ستین مسکینا بان یعطی لکل واحد منهم نصف صاع من
پی در پی بی تخلل اور اگر یہہ بہی نہوسکی تو ساٹہہ مسکینون کو کہانا دینا اسطور کہ ہر ہر کو اونمین سی آدہا آدہا صاع

بر او صاعا من شعیر اذا تقرر هذا فلا بد من معرفة ما یفسد الصوم وما لا یفسده وما یوجب الکفارة
گیہون کا یا پورا پورا صاع جو کا دیوی جب یہہ بیان ہوچکا تو جان لینا چاہی کہ روزہ کیونکر فاسد ہو جاتا ہی اور کیونکر فاسد نہین ہوتا اور کس صورت مین کفارہ واجب

وما لا یوجبها فاعلم ان من جامع او جومع فی احد السبیلین فی نهار رمضان عمدا یلزمه القضاء والکفارة
ہو جاتا ہی اور کس صورت مین واجب نہین ہوتا واضح ہو کہ جسنی جماع کیا یا جماع کیا گیا دونون مین سی کسی رستہ مین رمضان مین دن کو قصدًا تو اوسپر قضا اور کفارہ دونو لازم ہین

ولا یشترط الانزال فی الجانبین اذا توارت الحشفة وکذا لو اکل او شرب غذاء او دواء عمدا یلزمه القضاء
دونو کی حقین انزال کا ہونا شرط نہین ہی اگر سر ذکر غائب ہو جاوی اور ایسی ہی اگر کہاوی یا پیوی غذا یا دوا قصدًا تو قضا اور کفارہ دونو لازم ہین

والکفارة اما لو اکل او شرب او جامع ناسیا لا یفسد صومه سواء کان فرضا او نفلا ولو ظن ان صومه
ہان اگر کہاوی یا پیوی یا جماع کری بہول کر تو روزہ فاسد نہین ہوتا برابر ہی کہ روزہ فرض ہو یا نفل اور اگر اسنی یہہ گمان کیا کہ روزہ

فسد فاکل عمدا فی رمضان یلزمه القضاء دون الکفارة وکذا لو افطر مخطئا بان کان ذاکر الصوم
جاتا رہا پہر اسنی قصدًا رمضان مین کہا لیا تو اب قضا لازم ہوگی کفارہ نہین آتا اور ایسی ہی اگر خطا سی بی اختیار افطار ہو گیا اسطور کہ روزہ تو یاد تہا

وتمضمض فوصل الماء فی جوفه یفسد صومه ویلزمه القضاء دون الکفارة ولو ابتلع البزاق الذی
پر غرارہ کرتی ہوئی پانی حلق مین اُتر گیا تو روزہ جاتا رہیگا اور قضا لازم آویگی کفارہ نہین آتا اور اگر تہوک جو اوسکی منہہ مین

اجتمع فی فیه لا یفسد صومه بل یکره وکذا لو ابتلع المخاط الذی ینزل من راسه الی الفم لا یفسد صومه
جمع ہو رہا تہا نگل گیا تو روزہ نہین جاتا پر مکروہ ہی اور ایسی ہی اگر بلغم کو جو سر کی طرف سی منہہ مین آتا ہی نگل جاوی تو روزہ نہین جاتا

وکذا

وكذا لو بقي في فيه بعد المضمضة بلل وابتلعه بالبزاق لا يفسد صومه لتعذر الاحتراز عنه وكذا اذا خرج

اور ایسی ہی اگر منہہ کی اندر کلی کی بعد تراوت پانی کی باقی رہی اور اوسکو ہمراہ تہوک کی نگل گیا تو روزہ فاسد نہیں ہوتا کیونکہ اس سی بچا نہیں جاتا اور ایسی ہی اگر

الدم من بين اسنانه ودخل في حلقه وابتلعه ان كانت الغلبة للبزاق ولم يجد طعمه لا يفسد صومه

اوسکی دانتون مین سی خون نکل کر حلق مین چلا گیا اور وہ شخص اوسکو نگل گیا اگر تہوک زیادہ تہا کہ مزہ خون کا نہ معلوم ہوا تو روزہ فاسد نہیں ہی

وان كانت الغلبة للدم يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وكذا لو استويا يفسد صومه

اور اگر خون زیادہ ہی تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم آتی ہی کفارہ نہیں آتا اور ایسی ہی اگر تہوک اور خون دونو برابر ہوں تو

احتياطا ولو كان بين اسنانه شئ فابتلعه لا يفسد صومه ان كان قليلا لانه تبع للريق وان كان

احتیاط کی لئی روزہ جاتا رہتا ہی اور اگر اوسکی دانتوں مین کوئی چیز رہگئی تہی اوسکو نگل گیا تو روزہ نہیں جاتا اگر وہ چیز تہوڑی ہی اسلئی کہ تہوک مین شامل ہی اور اگر کچہہ

كثيرا يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وقدر الحمصة فما فوقها كثير وما دونها قليل و

زیادہ ہی تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم آتی ہی کفارہ نہیں آتا اور چنی کی برابر اور اس سی زیادہ بہت مین داخل ہی اور اس سی کمتر تہوڑا کہلاتا ہی یعنی تہوک مین شامل ہی

الدمع وعرق الوجه اذا دخل فمه وابتلعه ان كان قليلا كالقطرة والقطرتين لا يفسد صومه وان كا

اور آنسو اور چہرہ کا پسینہ اگر منہہ مین چلا جاویگا اور یہہ نگل جاوی اگر وہ تہوڑا ہی ایک یا دو قطرہ تو روزہ نہیں جاتا اور اگر بہت ہو

كثيرا حتى وجد ملوحته في جميع فمه يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وكذا لو ادخل الابريسم

یہان تک کہ اوسکی نمکینی تمام منہہ مین ہوگئی تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم ہوتی ہی کفارہ نہیں آتا اور ایسی ہی اگر ابریشم رنگین منہہ مین چلا گیا

المصبوغ في فيه فخرج لون الصبغ واختلط بالريق وابتلعه يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة

اور اوسکا رنگ اوتر کر تہوک مین مل گیا اور اوسکو نگل گیا تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم آتی ہی کفارہ نہیں آتا

وكذا لو ابتلع شيئا مما لا يتغذى به ولا يتداوى به عادة كالتراب والحجر ونحوهما يفسد صومه ويلزمه

اور ایسی ہی اگر ایسی چیز نگل گیا جو عادت کی موافق نہ غذا ہوتی ہی اور نہ دوا جیسی مٹی اور کنکر اور مانند انکی تو روزہ جاتا رہتا ہی اور قضا لازم

القضاء دون الكفارة وذكر في القنية نقلا عن الفقيه ابي جعفر ان من افطر في رمضان مرة بعد

آتی ہی کفارہ نہیں آتا اور قنیہ مین فقیہ ابو جعفر سی نقل کر کر ذکر کرتا ہی کہ جو شخص رمضان مین بار بار

اخرى بتراب او مدر لاجل المعصية فعليه الكفارة زجرا له وكتب غيره نعم والفتوى على ذلك وبه اخذ

مٹی یا کنکر سی روزہ توڑ ڈالی گناہ کی راہ سی تو اوسپر دہمکی کی راہ سی کفارہ ہی اور اوروں نی لکہا ہی کہ ہان اور اسی پر فتوی ہی اور تمام ملک کی

ائمة الامصار وذكر فيها ايضا ان المحترف المحتاج اذا علم انه لو اشتغل بحرفته يلحقه ضرر مبيح للفطر

علمار کا یہہ ہی مذہب ہی اور اسی مین یہہ بہی مذکور ہی کہ کار بگر محتاج اگر یہہ جانی کہ اپنا پیشہ عمل کرنی سی ایسی ماندگی ہوجاوی گی جس سی افطار کرنا مباح ہی

يحرم عليه الفطر قبل ان يمرض وذكر فيها ايضا ان الخباز لا يجوز له ان يخبز خبزا يوصله الى ضعف

تو اوسپر ماندگی سی پہلی افطار کرنا حرام ہی اور یہہ بہی مذکور ہی کہ بہٹیارہ کو جایز نہیں کہ اتنی روٹیاں پکاوی جس سی ضعف ہو کر

مبيح للفطر بل يخبز نصف النهار ويستريح في النصف وذكر فيها ايضا ان من اتعب نفسه في عمل حتى

افطار مباح ہوجاوی بلکہ آدہی دن روٹی پکاویگا اور آدہی دن آرام کری اور اسمین یہہ بہی مذکور ہی جسنی اپنی جان پر کام کرنی مین اتنی محنت لی

اجهدة العطش وافطر يلزمه الكفارة لانه ليس بمسافر ولا مريض بخلاف الامة فانها اذا اصابها ضعف

کہ اوسکو شدت کی پیاس لگ آئی اور افطار کر ڈالا تو اوسپر کفارہ لازم ہی کیونکہ یہہ شخص نہ مسافر ہی اور نہ بیمار ہی بخلاف لونڈی کی کیونکہ لونڈی اگر مولی کا

من عمل السيد من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها وخافت على نفسها وافطرت كان عليه القضاء دون

کاربار کرتی کرتی تہک جاویگا سالن روٹی پکاکر اور کپڑی دہوکر اور اور کاروبار مین اور اپنی جان پر خوف کر کی روزہ افطار کردی تو اوسپر قضا آویگی

الكفارة وكذا الزوجة اذا افطرت لذلك كان عليها القضاء دون الكفارة اذ يجب عليها ديانة ان تفعل
کفارہ نہیں آتا اور ایسی ہی بی بی اگر روزہ افطار کردی ایسی ہی کام بار میں تو اوسپر قضا لازم ہی کفارہ نہیں آتا اسواسطی کہ از روی دیانت بی بی پر واجب ہی
كل خدمة في داخل البيت من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها حتى لو لم تفعل شيئا منها تكون اثمة
کہ جو کار بار گہر کی اندر ہوتی ہین پکانا ریندہنا کپڑی دہونی اور سوا اسکی جہاڑو وغیرہ کیا کری یہان تک کہ اگر بی بی کچھہ بہی کار نکری تو گنہگار ہوگی
وان لم يجبر عليها وكذا الرقيق او الخادم الذي ذهب بسكر النهر او لكريه او لاصلاح المربض وعليه
اگرچہ اوسپر جبر نہیں ہوسکتا ایسی ہی غلام یا خادم جو واسطی بند کرنی پانی نہر کی یا واسطی کہودنی نہر کی یا واسطی درستی فصیل شہر کی جاوی اور
موكل من جانب السلطان واشتد الحر وخاف على نفسه الهلاك فانه لو افطر كان عليه القضاء دون
سلطان کی طرف سی اوسپر تعینات ہو اور حرارت کی شدت سی جان پر ہلاکت کا خوف ہو تو اگر یہہ شخص افطار کریگا تو اوسپر قضا لازم ہی
الكفارة ومن اكل عمدا حتى لزمته الكفارة ثم مرض تسقط عنه الكفارة وكذا المرأة اذا افطرت عمدا
کفارہ نہیں ہی اور جسنی قصدا روزہ توڑ دیا ایسا کہ اوسپر کفارہ لازم آیا پہر اوسی روز بیمار ہوگیا تو اوسپر سی کفارہ ساقط ہوجاتا ہی ایسی ہی اگر عورت قصدا
حتى لزمتها الكفارة ثم حاضت يسقط عنها الكفارة لان الكفارة تسقط لعروض الحيض والمرض ومن
روزہ توڑ ڈالی ایسا کہ اوسپر کفارہ لازم ہوجاوی پہر اوسی دن حائضہ ہوگئی تو اوسکی ذمہ سی کفارہ جاتا رہتا ہی اسلئی کہ کفارہ حیض یا بیماری کی عارضہ سی ساقط
افطر في اول النهار عمدا حتى لزمته الكفارة ثم سافر باختياره لا تسقط عنه الكفارة وكذا لو اكرهه السلطان
الدنیویة لانه لا یصلح لشیء من الغذاء او الدواء اصلا بل هو مضر لاطباق الاطباء علی ان مطلق الدخان
دنیا کا کیونکہ نہ اسمین ہرگز امکان غذا کا ہی نہ دوا کا بلکہ وہ ضرر رسان ہی کیونکہ تمام طبیب اسپر متفق ہین کہ مطلق دہوان
مضر قال ابن سینا لولا الدخان والقتام لعاش ابن ادم الف عام وقال جالینوس اجتنبوا ثلثة وعلیکم باربعة
ضرر کرتا ہی شیخ ابن سینا کہتا ہی اگر دہوان اور غبار نہوتا تو ابن آدم ہزار برس جیا کرتا اور جالینوس کہتا ہی تین چیز سی بچنا چاہئی اور چار چیز کا استعمال چاہئی
ولا حاجة لکم الی الطبیب اجتنبوا الدخان والغبار والنتن وعلیکم بالدسم والحلوی والطیب والحمام
پہر طبیب کی کچھہ حاجت نہین بچتی رہو دہوئین اور غبار اور بدبوسی اور استعمال کیا کرو چکنائی اور مٹہائی اور خوشبو اور حمام
وذکر فی القانون ان جمیع اصناف الدخان مجفف بجوهرة الارضی وفیه ناریة یسیرة قال بعض الفضلاء
اور قانون مین مذکور ہی کہ دہوئین کی تمام قسمین باعتبار اپنی جوہر ارضی کی مجفف ہین اور اسمین کچھہ ناریت ہوتی ہی بعضی فاضل کہتی ہین
فاذا کان مجففا یکون مجففا للرطوبات البدنیة فیؤدی الی حصول امراض کثیرة فلا یجوز استعماله لوجوب
جب دہوان مجفف ہوا تو بدن کی رطوبت کو خشک کریگا پہر اس سی بہت سی بیماریان پیدا ہونگی تو اسکا برتنا جایز نہین ہی اسوسطی کہ
صیانة النفس عن لحوق الضرر وقد ذکر فی نصاب الاحتساب ان استعمال المضر حرام فان قیل بعض الاطباء
ضرر سی جان کا بچانا واجب ہی اور نصاب الاحتساب مین مذکور ہی کہ مضر کا استعمال کرنا حرام ہی اگر کوئی اعتراض کری کہ بعضی دفعہ
قد یعالجون بعض الامراض ببعض اصناف الدخان ویشاهد نفعه فکیف یصح المنع عن استعمال جمیع اصنافه
طبیب بعضی بیماریون کا علاج بعضی قسم کی دہوئین سی کرتی ہین پہر اوسکا فائدہ ظاہر معلوم ہوتا ہی تمام قسم کی دہوئن سی ممانعت کرنی کیونکر صحیح ہی
فالجواب انهم یعالجون به لحظة یسیرة لا علی الدوام حتی یحصل ما ذکر من التجفیف فان قیل ما ذکر من التجفیف
تو جواب یہہ ہی کہ طبیب دہوئین سی تہوڑی دیر کی واسطی علاج کرتی ہین ہمیشہ کی واسطی نہین کرتی تاکہ خشکی پیدا ہو پہر اگر کوئی یہہ اعتراض کری کہ خشکی جو
لا یضر فی البلغمی لکثرة رطوباته وانتفاعه بتخفیفها فما وجه المنع فالجواب ان حد الانتفاع به مجهول فلا بد
کبہی ہو سو بلغمی مزاج کو ضرر نہین کرتی کیونکہ بلغمی مین رطوبات بہت ہوتی ہین اور خشکی سی بلغمی کو فائدہ ہوتا ہی پہر ممانعت کیون ہی تو جواب یہہ ہی کہ دہوئین سی فائدہ لینی کی حد نامعلوم ہی
فی معرفة ذلك من طبیب حاذق عارف بالامزجة والقدر الذی ینتفع به والا فالاقدام علیه غیر جائز
اب اسکے دریافت کی واسطی بڑا حاذق طبیب چاہئی جو آدمی کی مزاجون سی واقف ہو اور اوس مقدار کو جانی جسمین نفع ہوتا ہو اور نہین تو عمل کرنا ہرگز جایز نہین ہی

اصلا لوقوع التردد بين السلامة وعدمها فان العدول ممن كانوا استعملوه قد اختلفوا فيه فمنهم
اسواسطی کہ سلامتی اور عدم سلامتی میں شک ہی کیونکہ منصف عدول حقہ نوشوں کو اسمیں اختلاف ہی بعضی اونمین سی
من يقول بضرره ومنهم من يقول بعدم ضرره ومنهم من يشك فيه لكن الفريق الاغلب الذي جانب الحق
ضرر کی قائل ہیں اور بعضی کہتی ہیں ضرر نہیں ہی اور بعضوں کو ضرر میں شک ہی لیکن اکثر اشخاص کہ حق بات انکی طرف
اليه اقرب يقول انه في ابتدائه يحدث قوة في الجسم وحدة في البصر وهضما في الطعام ونشاطا في الاعضاء
قریب تر معلوم ہوتی ہی یہہ کہتی ہیں کہ حقہ پہلی تو جسم میں قوت پیدا کرتا ہی اور نگاہ میں تیزی اور کہانی کا ہاضمہ اور اعضا میں سرور
فاذا حصلت المداومة يورث غشاوة في البصر وثقلا في الاعضاء وامساكا في الهاضمة وضعفا في البدن
پہر جب مداومت ہوجاتی ہی تو بینائی پر پردہ کرتا ہی اور اعضا میں گرانی اور ہاضمہ میں امساک اور بدن میں سستی
وذلك لانه كما قال الاطباء مجفف مع نوع حرارة فيفعل في ابتدائه ما ذكره اولا وفي انتهائه ما ذكره ثانيا على انه
اور یہہ اسلئی کہ جیسا طبیب کہتی ہیں کہ دہواں خشکی کرتا ہی کچہہ حرارت سی سوئی پہلی پہلی وہ ہی اثر کرتا ہی جو پہلی بیان کیا اور آخر کو وہ کرتا ہی جو پہر بیان کیا علاوہ یہہ ہی
لو تحقق نفعه فبعد النفع يمنع من استعماله لانه ح يكون دواء ولا يجوز استعمال الدواء بعد زوال المرض لانه اذا
کہ اگر فائدہ ثابت ہی ہو تو بعد فائدہ کی استعمال کی ممانعت اسلئی ہی کہ حقہ اب دوا ہوا اور دوا کا استعمال بیماری جانی کی بعد جایز نہیں ہی کیونکہ دوا
لم يجد مرضا يزيله ياخذ من البدن فيؤدي الى الضرر وما يؤدي الى الضرر يمنع من استعماله وان كان فيه
اگر بیماری کو نہیں پاتی کہ جسکو دفع کری تو پہر بدن میں اثر کرتی ہی پہر اوس سی ضرر ہوتا ہی اور جس چیز میں ضرر ہوتا ہو اوسکا استعمال کرنا منع ہی اگرچہ اوسمیں
نفع الا ترى ان الخمر المحرمة بالنص قد اخبر القران بنفعها كما قال الله تعالى يَسْئَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ
فائدہ بہی ہو کیا معلوم نہیں کہ شراب جو صریح آیت سی حرام ہی قرآن میں اوسکی فائدہ کی خبر مذکور ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی تجہسی پوچہتی ہیں حکم شراب اور جوئی کا
قُلْ فِيهِمَا اِثْمٌ كَبِيرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ لكن جانب النفع اذا قابله جانب الضرر يمحى جانب الضرر حتى قال الفقهاء
تو کہہ انمیں گناہ بڑا ہی اور فائدی بہی ہیں لوگوں کو لیکن نفع کی جانب سی اگر ضرر کی جانب مقابل ہوجاتی ہی تو ضرر کی جانب ملحوظ ہوتی ہی یہانتک کہ فقہا کہتی ہیں
لو كان في شئ وجوه شتى توجب الحل والجواز ووجه واحد يوجب الحرمة وعدم الجواز يرجح جانب الحرمة
اگر ایک چیز میں کئی وجوہ ہوں جس سی حلت اور جواز لازم آتا ہو اور ایک وجہ ایسی ہو جس سی حرمت اور عدم جواز لازم آتا ہو تو اوسواسطی احتیاط کی
احتياطا فان قيل ان المستعملين له يدعون انهم يجدون عقيب استعماله خفة في البدن فكيف يصح القول
حرمت کی جانب کو غالب کہینگی اگر کوئی اعتراض کری کہ حقہ نوش دعوی کرتی ہیں کہ حقہ پینی کی بعد بدن میں خفت پیدا ہوتی ہی پہر کیونکر کہتی ہو
بعدم النفع فيه فالجواب على ما ذكره بعض المتناولين لتجربة نفعه وضرره ان المستعملين له يحصل لهم
کہ اسمیں فائدہ نہیں ہی پس جواب موافق بیان بعضی حقہ نوشوں کی جنہوں نی اوسکی نفع ضرر کا تجربہ کیا ہی یہہ ہی کہ حقہ نوشوں کو حقہ پینی ہوئی
حال استعماله الم شديد فعند فراغهم عنه ينجون من ذلك الالم ويحصل لهم راحة فيظن هؤلاء المساكين
ایک سخت الم ہوتا ہی جب وہ پی چکتی ہیں تو تب اوس الم سی نجات ہوتی ہی اور ایک طرح کی راحت ملتی ہی سو یہہ بیچاری یہہ جانتی ہیں
ان تلك الراحة حصلت من استعماله ولا يدرون انها انما حصلت من خلاصهم عن استعماله ثم ان
کہ یہہ راحت حقہ پینی سی حاصل ہوئی ہی یہہ نہیں سمجہتی کہ یہہ راحت حقہ موقوف کرنی سی ہوئی ہی پہر
لنا في معرفة حرمة الاشياء واباحتها وجها حسنا يرجع الى الاصول وهو ان الحق في الاشياء قبل البعثة
ہماری پاس واسطی دریافت اشیا کی حرمت اور اباحت کی ایک خوب وجہ ہی اصول سی متعلق ہی وہ یہہ ہی کہ حق یوں ہی کہ بعثت سی پہلی
ان لا يكون فيها حكم وبعد البعثة اختلف العلماء فيها على ثلثة اقوال الاول انها متصفة بالحرمة الا
اشیا میں کوئی حکم حلت اور حرمت کا نہیں تہا اور بعثت کی بعد علما کی تین قول اختلافی ہیں اول یہہ کہ تمام اشیا حرام مگر

ما دل دلیل الشرع علی اباحته والثانی انها متصفة بالاباحة الا ما دل دلیل الشرع علی حرمته والثالث

جسکو دلیل شرعی نی مباح کردیا اور دوسرا قول تمام اشیا مباح مگر جسکو دلیل شرعی نی حرام کردیا اور تیسرا قول

وهو الصحیح ان یکون فیها تفصیل وهو ان المضار متصفة بالحرمة بمعنی ان الاصل فیها الحرمة وان المنافع

جو صحیح ہی کہ اشیا میں تفصیل ہی کہ تمام اشیاء ضرر رسان تو حرام یعنی اصل اونمین حرمت ہی اور اشیاء نفع مند

متصفة بالاباحة لقوله تعالی هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا فانه تعالی ذکره فی معرض الامتنان

مباح ہین واسطی اس آیت کی وہ ہی جسنی بنایا تمہاری واسطی جو کچھہ زمین مین ہی سب کیونکہ اللہ تعالی نی یہہ آیت منت دہی کی جگہ پر نازل فرمائی ہی

ولا یکون الامتنان الا بالمنافع المباح فکانه قیل هو الذی خلق لاجل نفعکم جمیع ما فی الارض من المنافع لتنتفعوا

اور منت دہی بدون منفعت مباح کی نہین ہوسکتی گویا یہہ مطلب ہوا کہ اللہ تعالی وہ ہی جسنی تمہاری فائدہ کی واسطی تمام منفعت کی چیزین جو زمین پر ہین پیدا کین

بها وعلی هذا القول الثالث الصحیح یخرج حکم هذا الدخان ایضا فانه لو کان نافعا لکان الاصل فیه الاباحة

تاکہ اوس سی منفعت لو اسہی تیسری قول سی جو صحیح ہی حقہ کا حکم بہی نکلتا ہی بیشک حقہ اگر مفید ہوتا تو البتہ اصل مین مباح ہوتا

لکن قد ثبت باخبار الحذاق من الاطباء انه مضر ولو فی الاجل فیکون الاصل فیه الحرمة بل لو وقع فیه الشك

لیکن حاذق طبیبون کی خبر دینی سی ثابت ہوچکا ہی کہ حقہ مضر ہوتا ہی اگرچہ انجام مین پہر اصل حقہ مین حرمت ہی بلکہ اگر ضرر کرنی مین شک ہوتا

لغلب جانب الحرمة کما هو القاعدة الشرعیة فانه علیه السلام قال الحلال بیّن والحرام بیّن وبینهما مشتبهات

تو بہی حرمت کی جانب غالب ہوتی چنانچہہ یہی قاعدہ شرعی ہی کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا حلال ظاہر ہی اور حرام ظاہر ہی ان دونو کی بیچمین مشتبہات ہین

لا یعلمهن کثیر من الناس فمن اتقی الشبهات فقد استبرأ لدینه وعرضه ومن وقع فی الشبهات وقع

جنکو اکثر آدمی نہین جانتی پہر جو شخص شبہات سی بچتا رہا تو اوسنی اپنا دین اور آبرو بچالی اور جو شبہات مین کہس گیا تو حرام مین واقع ہوا

فی الحرام کالراعی یرعی حول الحمی یوشك ان یقع فیه واختلف العلماء فی حکم هذه الشبهات فذهب بعضهم

جیسی چوپایہ بہیڑ کی گرد چرتا چرتا بہیڑ کی اندر کہس جاتا ہی اور علماء نی اختلاف کیا ہی ان مشتبہات کی حکم مین بعضی تو

الی حرمتها لانه علیه السلام قد اخبر فی هذا الحدیث بان من ترك ما اشتبه علیه حکمه ولم ینکشف

اوسکی حرمت کی قائل ہوئی ہین اسواسطی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی اس حدیث مین فرمایا ہی جس شخص نی ترک کیا ایسی چیز کو جسکا حکم اوسکو معلوم نہوا اور اوسکا حال

امره یکون دینه سالما مما یفسده او ینقصه ونفسه ناجیا مما یعیبه ویلام علیه ومن لم یترکه بل فعله یقع

نکہلا ہو تو اوسکا دین مفسدت اور نقصان سی بچا اور اوسکی جان عیب سی اور ملامت سی بچی اور جس نی ترک نکیا بلکہ عمل مین لایا

فی الحرام وهذا الدخان مما اشتبه علیه حکمه ولم ینکشف حقیقة امره فمن ترکه ولم یستعمله یکون دینه

تو حرام مین پہنسا اور حقہ کا بہی حکم صاف معلوم نہین ہی اور اوسکا حال کہلا ہوا نہین ہی پہر جسنی اوسکو ترک کیا نہ پیا تو اوسکا دین

سالما من الفساد والنقصان ناجیا من العیب واللوم بین الانام ومن لم یترکه بل استعمله یقع فی الحرام وذهب

فساد اور نقصان سی بچا ہوا ہی خلقت کی طرف سی نہ اوسکو کچھہ عیب ہی نہ ملامت اور جسنی ترک نکیا بلکہ پیا حرام مین پہنسا اور

بعضهم الی کراهتها لما جاء فی حدیث آخر انه علیه السلام قال الامور ثلثة امر تبین لك رشده فاتبعه وامر تبین

بعضی علماء مشتبہات کی کراہت کی قائل ہوئی ہین اسواسطی کہ اور حدیث مین آیا ہی کہ آپ نی فرمایا تین چیزین ہین ایک وہ جسکی خوبی تجہکو معلوم ہوگئی اوسکی پیروی کر

لك غیه فاجتنبه وامر اختلف فیه فدع ما یریبك الی ما لا یریبك ولا شك ان امر الدخان مما اراب واوقع فی الاضطراب

عیب تجہکو معلوم ہوگیا تو اوس سی پرہیز کر ایک وہ ہی جسمین اختلاف ہی سو اب چہوڑ مشکوک کو طرف غیر مشکوک کی اور شک نہین کہ حقہ کا حال ایسا ہی جسمین شک اور اضطراب آ واقع ہی

واقل مراتبه الکراهة ولا یظن انه ینتهی الی درجة الاباحة بتعلل کثیر ممن یتعاطاه انه نافع لکل داء وانهم

اور اوسکا مرتبہ کم سی کم کراہت کا ہی یہہ خیال مین نہین آتا کہ اباحت کی درجہ کو پہنچ جاوی اکثر حقہ نوشون کی علت بیان کرنی سی کہ حقہ ہر مرض کی دوا ہی

وجدوا فی استعماله دواء لامراضهم لان ذلک من تلبیس ابلیس علیهم وتزیینه لهم حتی یتولد من تکاثفه فی
ہمنی اوسکو پی کر اپنی بیماریونسی شفا پائی اسواسطی کہ اونپر یہہ شیطانی دہوکہا اور ابلیس کی آرستگی دی ہوئی ہی تاکہ دہوان جمتی جمتی آخر کو

عاقبة امره داء لا دواء فان تکراره یسود ما یقابله فیتولد منه الحرارة فیکون فی عاقبة امره داء لا دواء ثم یلزم
ایسی بیماری پیدا ہو جسکی کچہہ دوا نہین ہی کیونکہ حقہ کا بار بار پینا سامنی کی جگہ کو سیاہ کردیتا ہی پہر اوس سی گرمی پیدا ہوتی ہی پہر آخر کو ایسا مرض ہوجاتا ہی

علی دعوٰهم ان یکون الناس کلهم مرضی وان یکون مرضهم فی جمیع الفصول الاربعة من نوع واحد وان یکون
جسکی دوا نہین ہی پہر انکی دعوی کی موافق یہہ لازم آتا ہی کہ تمام آدمی بیمار ہون اور اونکی بیماری تمام سال چارون فصلون مین ایک ہی قسم کی ہو اور

معالجتهم فیها بشیء واحد علی کیفیة واحدة وبطلانه غیر خفی علی احد من العقلاء ثم فیه اضاعة المال
اونکا علاج بہی ایک ہی دوا سی ایک ہی طریقہ پر ہو اور اسکا بطلان ہر ایک عاقل پر ظاہر ہی پہر اسمین مال کا تلف کرنا ہی

لانه یشتری بثمن غال فیدخل فی الاسراف المحرم مع نتن ریحه واذیته بشامة الذین لا یستعملونه وقد
کیونکہ مہنگی دام سی خریدتا ہی اب اسراف مین جو حرام ہی داخل ہوا اور اسمین بدبو کہ اون لوگون کی دماغ کو جو نہین پیتی ہین بہت تکلیف دیتی ہی اور

روی انه علیه السلام قال کل موذٍ فی النار وقال الکناسی الرائحة المنتنة تحرق الخیاشیم وتصل الی الدماغ
روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ایذا دینی والی سب دوزخ مین ہین اور کناسی کہتا ہی بدبو ناک کی نتہنون کو جلا دیتی ہی اور دماغ مین جاکر

وتؤذی الانسان ولذلک قال النبی صلی الله علیه وسلم من اکل من هذه الشجرة فلا یقرب مسجدنا یؤذینا بریحه والمراد من هذه
آدمی کو ایذا دیتی ہی اسہی واسطی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جس نی اس درخت مین سی کہایا ہو تو ہماری مسجد کی پاس نہ آوی کہ ہمکو اوسکی بو سی ایذا دیوی اور حضرت کی

الشجرة کل ما له رائحة کریهة یتاذی منها الانسان بدلیل تعلیله علیه السلام والمعنی ان من اکل شیئا مما له
علت بیان فرمانی سی ثابت ہی کہ مراد اس درخت سی وہ ہی جسمین ایسی بدبو موجود ہو کہ اوس سی انسان کو تکلیف ہو اور مراد یہہ ہی کہ جو شخص ایسی چیز کہاوی

رائحة کریهة یتاذی منها الانسان فلا یقربن مسجدنا لانه یؤذینا برائحة الکریهة وقد ثبت فی صحیح مسلم
جسمین بدبو ہو کہ انسان کو اوس سی ایذا ہوتی ہو تو ہماری مسجد کی پاس ہرگز نہ آوی اسلیے کہ ہمکو بدبو سی ایذا دیگا اور صحیح مسلم مین ثابت ہو چکا ہی

انه علیه السلام کان اذا وجد من رجل فی المسجد ریح البصل والثوم امر به فاخرج الی البقیع ولهذا قال الفقهاء
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگر کسی شخص مین مسجد کی اندر بو پیاز یا لہسن کی پاتی تو بقیع کی طرف نکلوا دیتی اسہی واسطی فقہا کہتی ہین

کل من وجد فیه رائحة کریهة یتاذی بها الانسان یلزم اخراجه من المسجد ولو بجره من یده ورجله دون
جسمین ایسی بدبو آتی ہو کہ اوس سی انسان کو تکلیف ہووی تو اوسکا مسجد سی نکالدینا لازم ہی اگرچہ ہاتہہ سی اور پانوں سی کہینچکر

لحیته وشعر راسه فعلی هذا یلزم اخراج کثیر من الائمة والمؤذنین من المسجد فی هذا الزمان لوجود رائحة
ڈاڑہی اور سر کی بال پکڑکر نہین اس روایت کی موافق اس زمانہ مین اکثر امامون اور موذنون کا مسجد مین سی نکالدینا لازم آتا ہی کیونکہ اونمین یہہ ہی

الکریهة فیهم بسبب مداومتهم علی استعمال الدخان الکریهة الرائحة بل هم قد یستعملونه فی داخل المسجد الجامع
بدبو موجود ہوتی ہی کیونکہ ہمیشہ حقہ بو دار پیتی جاتی ہین بلکہ بعضی دفعہ جامع مسجد کی اندر پیتی ہین

فیکون الکراهة فی حقهم اشد واکثر وقد کتب بعض المالکیة فی الدیار الحجازیة جوابا عن سوال یتعلق بالدخان
انکی حق مین کراہت بہت سخت اور بدتر ہی اور بعضی علماء مالکی مذہب نی ملک حجاز مین ایک سوال کا جو حقہ کی باب مین تہا یہہ جواب لکہا ہی

وهو ان استعمال الدخان حرام کاصله لان اصله الخشبة والنار لکونه اجزاء من الخشب ممزوجة باجزاء
کہ دہوئین کو استعمال کرنا حرام ہی جیسی اوسکی اصل اسواسطی کہ اوسکی اصل لکڑی ہی اور آگ کیونکہ دہوان لکڑی کا جزو ہوتا ہی کچہہ آگ ملی ہوتی سو دہوان

من النار فهو من حیث اجزائه الناریة التی فیه یحرم استعماله لقوله تعالی اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی
اسلیے کہ اوسمین کچہہ آگ ہوتی ہی استعمال کرنا حرام ہی واسطی قول اللہ تعالی کی جو لوگ کہاتی ہین مال یتیمون کی

ظلما انما ياكلون في بطونهم نارا فدل النص على حرمة النار فيحرم الدخان الحاصل منها وايضا انه تعالى جعله
ناحق وہ یہی کہاتی ہین اپنی پیٹ مین آگ یہہ آیت آگ کی حرمت پہ دلالت کرتی ہی سو دہوان بہی جو اس سی پیدا ہوتا ہی حرام ہی اور یہہ بہی ہی کہ اللہ تعالی نی
مما يعذب به حيث قال في حق قوم يونس النبي عليه السلام لما امنوا كشفنا عنهم عذاب الخزي في الحيوة الدنيا
دہوئین کو عذاب کی چیزون مین مقرر کیا ہی چنانچہ قوم یونس کی حق مین فرماتا ہی جب یقین لائی کہول دیا ہمنی اونپر سی ذلت کا عذاب دنیا کی جینی
فالعذاب المكشوف عنهم كان دخانا وقال في اية اخرى فارتقب يوم تاتي السماء بدخان مبين يغشى الناس
سو عذاب جو اونسی موقوف ہوا تہا دہوان ہی تہا اور ایک اور آیت مین فرماتا ہی سو تو راہ دیکہہ جسدن کہ لاوی آسمان دہوان صریح جو گہیر لی لوگون کو
هذا عذاب اليم والمراد بالدخان المذكور في هذه الاية معناه الحقيقي على قول وعلى هذا القول يكون النظم
یہہ ہی دکہہ کی مار اور مراد دخان سی اس آیت مین ایک قول کی موافق حقیقی معنی ہین اور اس قول کی موافق آیت کی عبارت سی
الكريم صريحا في كون الدخان عذابا اليما وما به التعذيب يحرم استعماله فان الفقهاء قد اتفقوا على وجوب
صاف معلوم ہوتا ہی کہ دہوان دردناک عذاب ہی اور جس چیز سی عذاب واقع ہوتا ہو اوسکا استعمال حرام ہی کیونکہ تمام فقہاء کا اتفاق ہی کہ
الفرار من محل العذاب كبطن محسر فانه على لفظه اسم الفاعل من التحسير اسم واد اهلك الله تعالى فيه
جس جگہ کسی امت کو عذاب ہوا ہو اوس جگہ سی بہاگنا واجب ہی جیسی بطن محسر کیونکہ اسم فاعل کی وزن پر تحسیر مین سی نام ایک وادی کا ہی جہان اللہ تعالی نی
اصحب الفيل فاذا وجب الفرار من محل العذاب فوجب الفرار مما به العذاب اولى ثم ان المستعملين له نريهم
اصحاب فیل کو ہلاک کیا تہا پہر جب عذاب کی جگہ سی بہاگنا واجب ہوا تو عذاب کی چیز سی بہاگنا بہت ضرور ہی پہر حقہ پینی والون کو تو دیکہتا ہی
انه يخرج من حلوقهم وانوفهم وفيه تشبيه باهل النار وبالذي يهلكون في اخر الزمان من الاشرار كما جاء في الحديث
کہ دہوان اونکی حلق مین سی اور ناک مین سی نکلتا ہی اور اس حال مین دوزخیون کی موافق اور اونکی برابر ہین جو آخر زمانہ مین شریر لوگ ہلاک ہونگی چنانچہ حدیث مین آیا ہی
انه يكون في اخر الزمان دخان يملا الارض يقيم على الناس اربعين يوما اما المؤمن فيصيبه كهيئة الزكام واما
کہ آخر زمانہ مین ایسا دہوان پیدا ہوگا کہ تمام روی زمین کو ڈہانپ لیگا لوگون پر چالیس دن تک قایم رہیگا پہر مومن شخصون کو تو ایسا ہوگا جیسی زکام ہوتا ہی اور
الكافر فيخرج من منخريه واذنيه وعينيه حتى يصير راس احدهم كالراس الحنيذ اي المشوي فلا ينبغي للمؤمن
کافر کی دونو نتہنون مین سی اور دونو کانون مین سی اور دونو آنکہون مین سی دہوان نکلیگا ایسا کہ ہر یک کا سر ایسا ہو جائیگا جیسی سر بہنا ہوا یعنی سوختہ سو ایمان والون کو
ان يتشبه باهل العذاب ولا ان يستعمل ما هو من نوع العذاب ولا هو من ملابسات اهل العذاب وقد كره جميع
نہین چاہئی کہ عذاب والون کا سا حال بنالین اور نہ یہہ چاہی کہ عذاب کی چیزون کو استعمال کرین اور نہ عذاب والون کی سی صورت بناوین اور تمام علماء نی
من العلماء التختم بالحديد والنحاس لما ثبت في الحديث انهما حلية اهل النار وصح على ما ذكره الهلالي في مختصر الاحياء
لوہی اور تانبی کی انگوٹہی برتنی کو مکروہ کیا ہی کیونکہ حدیث سی ثابت ہو چکا ہی کہ لوہا اور تانبا زیور دوزخیون کا ہی اور موافق بیان ہلالی کی مختصر الاحیاء مین
انه عليه السلام كان يكره الطعام السخن ويقول ان الله تعالى لم يطعمنا نارا فهذا الدخان اولى بالكراهة لانه مختلط
صحیح ہوا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم گرم کہانی کو مکروہ جانتی اور فرماتی کہ اللہ تعالی نی ہمکو آگ کہانی کو نہین دی سو اب یہہ دہوان کراہت مین زیادہ تر ہی اسواسطی کہ اسمین
باجزاء نارية كما مر فلو لم يكن في استعماله الا تسويد الثياب والابدان وكراهة الرائحة والانتنان يكفي زجر للعاقل عن
اجزاء ناری ملی ہوئی ہین چنانچہ گذر چکا ہی پہر اگر حقہ پینی مین سوای سیاہی کپڑون اور جسم اور بدبو اور تعفن کی کچہہ نہوتا تو بہی عاقل کی واسطی پینی سی روکنی کو کافی تہا
استعماله بل لو لم يكن في استعماله الا احياء سنة الكفار الذين اخرجوه واظهروه في بلاد الاسلام توصلا الى اضرار اهل
بلکہ اگر اسکی پینی مین کچہہ نہوتا سوای رواج دینی طریق کفار کی جنہون نی اسکو نکال کر بلاد اسلام مین پہیلایا ہی اہل اسلام کی ضرر رسانی کی لئی
الاسلام لكان باعثا للعاقل على اجتنابه ومانعا عن ارتكابه لكن اكثر اهل الزمان طبايعهم خامدة صعبة
تو بہی عاقل کی لئی باعث اجتناب کا تہا اور اسکی اختیار کرنی سی مانع آتا لیکن اس زمانہ کی لوگون کی طبیعتین ایسی بجہی ہوئی ہین کہ اصلا مطیع نہین ہوتین

الانقياد مائلة دائما الى ما لا يعنيهم ان نصحوا لم يقبلوا وان علموا لم يتعلموا وان فهموا لم ينتفعوا
ہمیشہ بیفائدہ امور کی طرف جھکی رہتی ہین اگر نصیحت کرو تو نہین مانتی اگر سکہاؤ تو نہین سیکہتی اگر سمجہاؤ نہین سمجہتی
وان فهموا تركوا ما فهموا وهم من الذين ان يروا سبيل الرشد لا يتخذوه سبيلا وان يروا سبيل الغي
اور اگر سمجہین تو سمجہہ کر ترک کرین اور وہ ایسی لوگ ہین کہ اگر دیکہین راہ سنوار کی تو نہ ٹہراوین راہ اور اگر دیکہین راہ اولٹی
يتخذوه سبيلا نسئل الله تعالى ان يوفقنا سبيل الرشد ويبعدنا عن سبيل الغي المجلس الحادي والثلثون
اوسکو ٹہراوین راہ ہم اللہ تعالی سی سوال کرتی ہین کہ ہمکو نیک رستہ کی توفیق دی اور ہمکو کجی کی راہ سی دور رکہی اکتیسوین مجلس

في بيان سنة الاعتكاف وطلب ليلة القدر فيه وفضيلته

بیان مین سنت ہونی اعتکاف کی اور لیلۃ القدر کی تلاش اور اوسکی فضیلت مین

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا

اني اعتكفت العشر الاول بطلب هذه الليلة ثم اعتكفت العشر الاوسط ثم اتيت فقيل لي انها في العشر
مین نی رمضان کی پہلی دہہ مین لیلۃ القدر کی تلاش مین اعتکاف کیا پہر بعد اوسکی بیچ کی دہہ مین اعتکاف کیا پہر مین تیار ہوا یا تو مجہسی کہا کہ لیلۃ القدر کو پچہلی عشرہ
الاواخر فمن كان اعتكف معي فليعتكف في العشر الاواخر فقد اريت هذه الليلة ثم انسيتها هذا الحديث من صحاح
مین تلاش کرو جسنی میری ساتہہ اعتکاف کیا ہو تو وہ پچہلی عشرہ مین پہر اعتکاف کری مین نی لیلۃ القدر کو بیشک دیکہا پہر میری تئین بہلا دی یہہ حدیث مصابیح کی
المصابيح رواه ابو سعيد الخدري واصله على ما في الصحيحين انه عليه السلام اعتكف العشر الاول من
صحیح حدیثون مین ہی ابو سعید خدری کی روایت سی اور اصل اس حدیث کی جیسی کہ صحیح بخاری اور مسلم مین ہی یون ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی رمضان کی پہلی عشرہ مین
رمضان ثم اعتكف العشر الاوسط في قبة تركية ثم اطلع راسه فقال اني اعتكفت العشر الاول لطلب
اعتکاف کیا پہر بیچ کی دہہ مین ترکی خیمہ کی اندر اعتکاف کیا پہر سر مبارک باہر نکال کر فرمایا کہ مین نی پہلی دہہ مین اس شب کی تلاش مین اعتکاف کیا
هذه الليلة الى آخر الحديث وفيه دليل على ان المقصود من شرعية الاعتكاف طلب ليلة القدر فانها
آخر حدیث تک اور اسمین یہہ دلیل ہی کہ مقصود اعتکاف کی مشروع ہونی سی شب قدر کی تلاش ہی کیونکہ یہہ شب موافق مضمون نص
لكونها خيرا من الف شهر بالنص يلزم احياءها باشرف الاعمال اذ فيه تفريغ القلب عن امور الدنيا وتسليم
کی ہزار مہینون سی بہتر ہی تو اس شب مین نیک اعمال کی شغل مین جاگتی رہنا لازم ہی کیونکہ اسمین امور دنیا سی دل کا خالی رکہنا اور
النفس الى المولى والتحصن بحصن حصين وملازمة بيت رب العالمين فيكون كمن احتاج الى عظيم
مولی کو جان کا حوالہ کرنا اور پناہ لینی قلعہ مضبوط سی اور ملازمت پروردگار عالم کی گہر کی ہی پہر یہہ ایسا ہی جیسی کوئی ایک توانگر محتاج ہو کر اوسکی
فلازمه حتى قضى ماربه فان قيل اذا كان شرعية الاعتكاف لطلب ليلة القدر فلم لم يختص بالليل فالجواب
دروازی پر یہان تک پڑا رہا کہ اوسکا مطلب روا کر دیا اگر کوئی اعتراض کری جب مشروعیت اعتکاف کی واسطی تلاش لیلۃ القدر کی ہی تو پہر اعتکاف رات ہی سی خاص کیون
ان الشافعي قد نص على كون الاجتهاد في يومها كالاجتهاد في ليلتها في الاستحباب ذكره النووي في الاذكار
کہ امام شافعی نی صاف کہا ہی کہ سعی دن کی اندر ایسی ہی مستحب ہی جیسی رات کو مستحب ہی یہہ نووی نی اذکار مین بیان کیا ہی
وهذا الحديث يقتضيه ايضا لانه عليه السلام اعتكف العشر الاول من رمضان لطلب تلك الليلة
اور اس حدیث سی بہی یہہ ہی لازم آتا ہی اسواسطی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی رمضان کی پہلی عشرہ مین لیلۃ القدر کی تلاش کی لئی اعتکاف کیا
ثم اعتكف العشر الاوسط فلما اتاه آت من الملئكة فقال انها في العشر الاواخر لا في العشر الاول ولا في
پہر بیچ کی عشرہ مین اعتکاف کیا پہر جب اوسکو پورا کر چکی تو ایک فرشتہ نی آکر کہا کہ لیلۃ القدر پچہلی عشرہ مین ہی نہ تو پہلی عشرہ مین ہی اور نہ
العشر الاوسط فعزم عليه السلام على الاعتكاف في العشر الاواخر وحث على اعتكافها فانه عليه السلام كان
بیچ کی عشرہ مین تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی پچہلی عشرہ مین اعتکاف کا عزم کیا اور اور لوگون کو رغبت دی سو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

يعتكف العشر الاواخر من رمضان حتى يتوفاه الله تعالى ثم اعتكف ازواجه من بعده قال الزهري
رمضان کی پچھلی عشرہ میں ہمیشہ اعتکاف کرتی رہی یہان تک کہ اللہ تعالی نی اونکو وفات دی پہر اونکی بعد ازواج مطہرات کرتی رہین زہری کہتا ہی
عجبا من الناس كيف يتركون الاعتكاف ورسول الله عليه السلام كان يفعل الشيء ويتركه ولم يترك الاعتكاف
لوگونسی تعجب آتا ہی کہ اعتکاف کیسا چھوڑ رکہا ہی اور حال یہہ ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی کام کرتی بہی اور چھوڑ بہی دیتی اور اعتکاف کو
حتى قبض ثم الاعتكاف في اللغة الاقامة على الشيء وحبس النفس عليه وفي الشريعة الاقامة في المسجد واللبث
اخیر دم تک نہین چھوڑا پہر اعتکاف کی معنی لغت میں ایک شی پر قایم رہنا اور اوس شی پر نفس کو روکنا اور شریعت میں نیت کی ساتھہ مسجد میں دیر تک ٹھیرنا
فيه مع النية اما اللبث فركنه واما المسجد والنية فشرطه والمعنى اللغوي موجود فيه مع زيادة وصف
رہنا در لکنگ نی یعنی ٹھیری رہنا تو اعتکاف کا رکن ہی اور مسجد اور نیت اعتکاف کی شرط ہین اور لغوی معنی بہی شرعی معنون مین زیادتی وصف کی ساتھہ
وهو سنة مؤكدة في العشر الاخير من رمضان لانه عليه السلام واظب عليه بعد ما قدم المدينة الى
پائی جاتی ہین اور اعتکاف سنت مؤکدہ ہی رمضان کی پچھلی عشرہ میں اسواسطی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سی مدینہ میں تشریف لائی تو اعتکاف ہمیشہ کرتی رہی
ان توفاه الله تعالى فان قيل المواظبة من غير ترك دليل الوجوب فلم لم يجب الاعتكاف فالجواب انه عليه السلام
یہان تک کہ اللہ نی اونکو وفات دی اگر کوئی اعتراض کری ہمیشگی ایک عمل کی بدون ترک کی وجوب کی دلیل ہوتی ہی پہر اعتکاف واجب کیون نہین ہوا تو جواب یہہ ہی
كان في حق الواجب بعد المواظبة عليه ينكر على تاركه ولم ينكر على من ترك الاعتكاف فعلم انه ليس بواجب
کہ نبی علیہ السلام عمل واجب کی باب مین بعد مواظبت کی اوس عمل کی تارک کو برا جانتی تہی اور اعتکاف کی تارک پر کبہی انکار نہین کیا اس سی معلوم ہوا کہ اعتکاف
بل هو سنة مؤكدة على طريق الكفاية في العشر الاخير من رمضان وفي غيره من الازمنة نفل وانما يجب
واجب نہین ہی بلکہ سنت مؤکدہ رمضان کی پچھلی عشرہ میں بطور کفایہ کی ہی اور رمضان کی پچھلی عشرہ کی سوا اور وقتون مین نفل ہی اور واجب تب ہوتا ہی
بالنذر والتعليق بالشرط واما ما كان بالشروع فهو تطوع ثم ان اقل الواجب يوم حتى لو نذر اعتكاف يوم
کہ نذر مانو یا کسی شرط سی متعلق کرو لیکن جو اعتکاف شروع کرنی سی لازم ہوتا ہی وہ تطوع ہی پہر کم سی کم مدت اعتکاف واجب کی ایکدن ہی یہان تک کہ اگر اعتکاف
يدخل المسجد قبل طلوع الفجر ولا تخرج الا بعد غروب الشمس فان قطعه قبل ذلك او افسده يقضيه
ایکدن کا نذر مانا تو مسجد مین صبح صادق سی پہلی داخل ہو اور بعد غروب آفتاب کی مسجد سی نکلی سو اگر غروب آفتاب سی پہلی اعتکاف کو قطع کیا یا فاسد کرد یا تو اوسکو
ولو نذر اعتكاف يومين او اكثر يدخل المسجد في ابتداء شروعه قبل غروب الشمس
اور اگر دو دن یا کئی دن کی اعتکاف کی نذر کری تو اعتکاف شروع کرنیکو مسجد مین غروب آفتاب سی پہلی داخل ہو
ولا يخرج عند تمامه الا بعد غروبها ولو مات قبل ان يعتكف يلزمه ان يوصي بان يطعم
اور پورا ہونی کی بعد مسجد سی بعد غروب آفتاب کی نکلی اور اگر اعتکاف کرنی سی پہلی مرجاوی تو لازم ہی کہ وصیت کردی
عنه لكل يوم نصف صاع من الحنطة ولا يصح ما وجب من الاعتكاف الا بالصوم
کہ ہر ہر دن کی بدلہ آدہا آدہا صاع گیہون کا مساکین کو دیدین اور اعتکاف واجب بدون روزہ کی ادا نہین ہوتا
حتى لو نذر اعتكاف يوم قد اكل فيه لا يصح نذره ولا يلزمه شيء وكذا
یہان تک کہ اگر کسی نی ایکدن کا اعتکاف نذر مانا کہ اوسمین کہا چکا تہا تو اوسکی نذر صحیح نہین ہی اور اوسکی ذمہ کچھہ لازم نہین ہی اور ایسی ہی
لو نذر اعتكاف ليلة لا يصح لان الليل ليس محلا للصوم واما النفل فالصوم
اگر رات کی اعتکاف کی نذر کی تو صحیح نہین ہی اسلئی کہ رات کو روزہ نہین ہوتا اور اعتکاف نفلی مین ظاہر روایت کی موافق روزہ
ليس شرطا فيه في ظاهر الرواية وهو قولهما ايضا فعلى هذه الرواية ليس لاقله تقدير حتى ان من
شرط نہین ہی اور صاحبین کا بہی یہی قول ہی اب اس روایت کی موافق کہ ہی کم مدت اعتکاف کی مقرر نہین ہی یہان تک کہ جو شخص

دخل المسجد ونوی الاعتکاف الی ان یخرج یکون معتکفا مادام فیه ویحصل له ثواب المعتکفین فاذا خرج
مسجد مین آوی اور نکلنی تک کی وقت مین اعتکاف کی نیت کری تو معتکف ہوجاویگا جبتک مسجد مین رہیگا اور اوسکو اعتکاف والون کا ساثواب ملیگا اور جب
منه ینتهی اعتکافه وروی الحسن عن ابی حنیفة ان الصوم شرط الصحة فعلی هذه الروایة اقله یوم ثم الاعتکاف
مسجد سی نکلیگا تو اوسکا اعتکاف پورا ہوجاویگا اور حسن امام ابو حنیفہ سی روایت کرتا ہی کہ روزہ صحت اعتکاف کی شرط ہی اس روایت کی موافق کم سی کم مدت ایکدن
لا یصح الا فی مسجد الجماعة له امام ومؤذن یصلی فیه الصلوٰت الخمس بالجماعة لانه عبادة انتظار الصلوٰة
سوا مسجد جماعت کی جسکا امام اور مؤذن معین ہو اور اوسمین پانچون نمازین جماعت سی ہوتی ہون درست نہین ہوتا اسواسطی کہ نماز کی انتظاری عبادت ہی
فیختص بمکان یصلی فیه ذلك والمرأة تعتکف فی مسجد بیتها ای فی موضع صلوتها فی بیتها ولا یخرج منه
سو اوسی جگہ ہونا چاہئی جہان وہ نمازین ہوتی ہون اور عورت اپنی گہر کی مسجد مین اعتکاف کری یعنی جس جگہ اپنی گہر مین نماز پڑہتی ہی پہر اوس جگہ سی
اذا اعتکفت فیه ولیس لها ان تعتکف فی غیر موضع صلوتها فی بیتها وان لم یکن فی بیتها موضع الصلوٰة
اگر اعتکاف کیا تو نہ ٹلی اور عورت کو جایز نہین ہی کہ اپنی گہر مین سوا نماز کی جگہ کی اور کہین اعتکاف کری اور اگر اوسکی گہر مین نماز کی جگہ کوئی معین نہو
لا یجوز لها الاعتکاف فیه ولا یخرج المعتکف من المسجد الا لحاجة شرعیة کالجمعة او طبیعیة کالبول و
تو اوسکو گہر مین اعتکاف کرنا جایز نہین ہی اور معتکف مسجد سی بدون حاجت شرعی کی باہر نہ نکلی جیسی نماز جمعہ یا بدون حاجت طبیعی کی جیسی پیشاب اور
الغائط واذا خرج لبول او غائط لا یمکث فی منزله بعد الفراغ من الطهور ویخرج الی الجمعة حین زوال الشمس
پاخانہ اور اگر واسطی پیشاب یا پاخانہ کی مسجد سی باہر آیا تو طہارت سی فارغ ہوکر گہر مین دیر نہ لگاوی اور نماز جمعہ کی واسطی آفتاب ڈہلنی کی وقت روانہ ہو
ان کان معتکفا قریبا من الجامع بحیث لو انتظر زوال الشمس لا یفوته الخطبة وان کان تفوته الخطبة
اگر مسجد جامع سی نزدیک معتکف ہوا ایسا کہ اگر آفتاب ڈہلنی کا انتظار کری تو خطبہ نہ فوت ہوجاوی اور اگر جانی کہ خطبہ ہوچکیگا
لا ینتظر زوال الشمس بل یخرج فی وقت یمکنه ان یاتی الجامع ویصلی اربع رکعات قبل الاذان الذی بین یدی
تو آفتاب ڈہلنی کا انتظار نکری بلکہ ایسی وقت روانہ ہوکر مسجد جامع مین جاکر چار رکعتین نماز کی اوس اذان سی پہلی پڑہ لی جو منبر کی سامنی ہوتی ہی
المنبر وفی روایة ست رکعات رکعتان تحیة المسجد واربع سنة وبعد الجمعة یمکث بقدر ما یصلی اربع
اور ایک روایت مین ہی کہ چہہ رکعتین پڑہ لی دو رکعت تحیة المسجد کی اور چار سنتین اور بعد نماز جمعہ کی اتنا ٹہری کہ چار رکعتین
رکعات او ست رکعات علی حسب اختلاف الاخبار الواردة فی النافلة بعد الجمعة ولا یمکث اکثر من ذلك
یا چہہ رکعتین پڑہ لی موافق اختلاف حدیثون کی کہ جمعہ کی بعد کی نفلون مین وارد ہوئی ہین اور اسقدر سی زیادہ دیر نہ لگاوی
وان مکث لا یضره ولو یوما ولیلة لکن لا یستحب له ذلك ولا یخرج لعیادة المریض ولا لصلوٰة الجنازة ولا
اور اگر دیر لگاویگا تو کچہہ نقصان نہین ہی اگرچہ ایک دن رات تک لیکن یہہ خلاف مستحب ہی اور بیمار پرسی کی واسطی نہ جاوی اور نہ واسطی نماز جنازہ کی جاوی اور نہ
لاداء الشهادة وهذا کله قول ابی حنیفة لان الخروج من المسجد بلا عذر ولو ساعة یفسد الاعتکاف عنده
گواہی دینی جاوی یہہ تمام قول امام ابو حنیفہ کا ہی اسواسطی کہ مسجد مین سی بلا عذر نکلنا اگرچہ ایک ساعت کی لئی ہو اونکی نزدیک اعتکاف کو فاسد کردیتا ہی
وهو الاقیس لان الخروج ینافی اللبث وما ینافی فی الشیء یستوی فیه القلیل والکثیر کالاکل فی الصوم والحدث
اور یہہ ہی قابل قیاس کی ہی اسواسطی کہ باہر نکلنا اندر ٹہرنی کی خلاف ہی اور جو شی کسی شی کی خلاف ہوتی ہی اسمین تہوڑا بہت سب برابر ہی جیسی روزہ مین کہانا
فی الطهارة وکذا اذا خرج ساعة بعذر المرض یبطل لان الخروج بعذر المرض من حیث انه لا یغلب وقوعه لم یکن
اور وضو مین حدث اور ایسی ہی اگر ایک ساعت کی واسطی بیماری کی عذر سی نکلی تو اعتکاف باطل ہوجاتا ہی اسواسطی کہ بیماری کی عذر سی نکلنا باین اعتبار کہ نادر الوقوع ہی
مستثنی عن الایجاب فصار کانه خرج من غیر عذر الا انه لا یاثم بالخروج بعذر المرض وکذا اذا خرج بغیر عذر
کبہی کبہی ہوتی ہی ایجاب سی مستثنی نہین ہوئی سو اب گویا بلا عذر باہر نکل آیا ہان اتنا ہی کہ بیماری کی عذر سی نکلنی مین گنہگار نہین ہوتا اور ایسی ہی اگر بلا عذر

ناسيا يبطل اعتكافه وكذا اذا انهدم المسجد وانتقل الى مسجد اخر او اخرجه السلطان كرها او اخرجه
ہوکر نکل آوی تو اعتکاف باطل ہوتا ہی اور ایسی ہی اگر مسجد ڈہ جاوی اور معتکف دوسری مسجد میں چلا جاوی یا اوسکو حاکم زبردستی نکال دی یا قرض خواہ نکالدی

الغريم او خرج هو وحبسه الغريم ساعة يبطل اعتكافه وقالا لا يفسد ما لم يخرج اكثر من نصف يوم وهو
یا وہ آپ نکلی اور قرض خواہ ایک ساعت بہر پکڑ رکہی اعتکاف باطل ہوجاتا ہی اور صاحبین کہتی ہیں اعتکاف باطل نہیں ہوتا جبتک آدہی دن سی زیادہ نکلا رہی

اوسع للناس اذ لابد لهم من الخروج لاقامة حوائجهم فلو لم يبح القليل منه لوقعوا في الحرج ولا حرج في الكثير
اس قول میں لوگون کو بہت گنجایش ہی کیونکہ واسطی اپنی کاربار ضروری کی نکلنا پڑتا ہی پس اگر تہوڑی مدت مباح نہووی تو البتہ حرج ہووئیگا اور اس زیادت یعنی آدہی

الذي هو اكثر من نصف يوم ويجوز للمعتكف ان ياكل ويشرب وينام ويبيع ويشتري في المسجد من غير
دن سی زیادہ میں کچہہ حرج نہیں ہی اور معتکف کو جایز ہی کہ مسجد کی اندر کہاوی اور پیوی اور سووی اور بیچی اور خریدی پر بکری کا اسباب مسجد میں

احضار السلعة فيه قال بعض العلماء المراد به ما لا بد منه كالطعام ونحوه واما اذا اراد ان يتخذه متجرا
نہ لا رکہی بعضی علما کہتی ہین کہ اس سی مراد ضروری کار ہین جیسی کہانا وغیرہ اور اگر معتکف چاہی کہ مسجد کو دکان تجارت کی بنالی

يكره له ذلك قال الزيلعي وهذا صحيح لانه منقطع الى الله تعالى فلا ينبغي له ان يشتغل فيه باموا
تو یہہ مکروہ ہی زیلعی کہتا ہی کہ یہہ قول صحیح ہی کیونکہ خدا کی واسطی الگ ہو بیٹہا ہی تو اب اچہا نہیں ہی کہ مسجد میں امور دنیا میں مشغول ہو

الدنيا ويكره له الصمت والمراد صمت يعتقده عبادة وهو منهي عنه لكونه شريعة منسوخة ويلازم
اور معتکف کو مکروہ ہی چپکی رہنا اور مراد چپکی رہنا عبادت سمجہہ کر اور یہہ ممنوع ہی اسواسطی کہ یہہ طریق منسوخ ہی قرآن کی تلاوت

قراءة القران والحديث وعلم الدين وسير النبي وقصص الانبياء وحكايات الصالحين وكتابة امور الدين و
کی جاوی اور حدیث اور علم دین فقہ وغیرہ اور تاریخ نبی اور احوال انبیا کی اور حکایات صالحین کی پڑہا کری امور دینی لکہا کری اور رہی

اما التكلم بما ليس بخير فانه مكروه لغير المعتكف في غير المسجد فما ظنك للمعتكف في المسجد ويحرم عليه
گفتگو بیجا بیہودہ تو بدون اعتکاف کی مسجد سی باہر بہی مکروہ ہی پہر معتکف کی واسطی مسجد کی اندر تجہکو کیا خیال ہی اور معتکف پر

الوطي بقوله تعالى وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ وكذا دواعيه كاللمس والقبلة ويبطل الاعتكاف
وطی حرام ہی موافق اس آیت کی اور نہ لگواونسی جب اعتکاف بیٹہی ہو مسجدون میں اور ایسی ہی وطی کی سامان جیسی چہونا اور بوسہ لینا اور وطی سی مطلقا اعتکاف

بالوطي مطلقا وبالدواعي ان انزل والا فلا ولو اراد ايجاب الاعتكاف على نفسه ينبغي ان يذكر بلسانه ولا
باطل ہوجاتا ہی اور وطی کی سامان سی اگر انزال ہوگیا تو باطل ہوجاتا ہی اور نہیں تو نہیں باطل ہوتا اور اگر کسی نی اپنی اوپر اعتکاف واجب کرنیکا ارادہ کیا تو چاہیئی کہ زبان سی کہی

يكتفي بنية القلب لان النذر عمل اللسان فلا يكون الا به بخلاف النية فانها عمل القلب ولو اعتكف رجل
صرف دل کی نیت پر اکتفا نہ کری اسواسطی کہ نذر کرنا زبان کا کام ہی سو زبان ہی سی پورا ہوتا ہی بخلاف نیت کی کیونکہ یہہ دل ہی کا کار ہی اور اگر کسی شخص نی

من غير ان يوجبه على نفسه ثم خرج لا شئ عليه في ظاهر الرواية المجلس الثاني والثلثون في بيان
بلا وجوب اعتکاف شروع کیا پہر اعتکاف سی خارج ہوا تو ظاہر روایت میں اوسپر کچہہ نہیں آتا بتیسوین مجلس

صدقة الفطر واحكام العيدين وبيان البدع فيه فرض رسول الله صلى الله عليه وسلم
صدقۃ الفطر کی بیان اور دو نو عیدکی احکام میں اور بیان عید کی بدعتون کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی زکوۃ فطر کی

زكوة الفطر طهرة للصائم من اللهو واللغو والرفث وطعمة للمساكين هذا الحديث من حسان المصابيح
فرض کردی ہی روزہ دار کی طہارت کی واسطی لہو اور لغو اور رفث سی اور واسطی روزی مساکین کی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون میں ہی

رواه ابن عباس يدل على وجوب صدقة الفطر لان الفرض في اللغة بمعنى التقدير وفي الشرع بمعنى
ابن عباس کی روایت سی اس حدیث سی صدقہ فطر کا واجب معلوم ہوتا ہی اسواسطی کہ لغت میں معنی فرض کی اندازہ کرنیکی ہین اور شرع میں ایجاب کی

الايجاب ولفظ الشارع اذا دار بين المعنى الشرعي والمعنى اللغوي يتعين حمله على المعنى الشرعي ما امكن لان
معنی ہین اور شارع کی کلام اگر درمیان معنون شرعی اور معنون لغوی کی دایر ہوتی ہی تو وہ معنی جہان تک ہوسکی شرعی معنون پر حمل کئی جاتی ہین اسواسطی
الغالب من حال النبي عليه السلام تعريف الاحكام دون اللغات فعلى هذا يكون المعنى ان وجوب صدقة الفطر
کہ اکثر اوقات نبی صلی اللہ علیہ وسلم احکام شرعی کو بیان فرماتی تہی لغات نہین بیان کرتی تہی اس تقریر کی موافق معنی حدیث کی یہہ ہوئی کہ صدقہ فطر کا
على الانسان لفائدتين احدهما كونها كفارة لخطاياه وتطهيرا له مما صدر عنه في حال الصوم من اللهو واللغو
انسان پر دو فائدہ کی واسطی واجب ہوا ہی ایک تو کفارہ ہی اوسکی خطاؤن کا اور اوسکی پاکیزگی ہی اوس بیجا عمل سی جو روزہ کی حالت مین ہوا ہو لہو اور لغو
الذي ليس في واحد منهما فائدة دينية او دنيوية ومن الرفث الذي هو الكلام القبيح وما يضاهيه من الفاظ الجماع
جنمین کوئی فائدہ نہین ہی نہ تو فائدہ دین کا اور نہ فائدہ دنیا کا اور طہارت ہی رفث سی یعنی کلام بد اور جو اوسکی مانند ہی الفاظ جماع کی
لان الحسنات يذهبن السيئات والثانية كونها قوتا للمساكين حتى يكون الفقير في هذا اليوم كالغني في
البتہ نیکیان دور کرتی ہین برائیون کو اور دوسرا فائدہ مساکین کی روزی ہی یہان تک کہ فقیر اوس روز قوت حاصل کرکر غنی کی مانند ہو جاتا ہی
وجدان القوة وعدم الاحتياج الى السوال لانه عليه السلام قال اغنوهم عن المسئلة في مثل هذا اليوم واشار
اور حاجت سوال کی نہین رہتی اسواسطی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا انکو سوال کرنی سی آج کی روز غنی کردو اور یہہ اشارہ ہو
الى ان هذا اليوم انما يكون عيد للفقراء اذا استغنوا فيه عن السوال بوصول صدقة الاغنياء اليهم
کہ یہہ دن فقیرون کی حق مین عید جب ہی ہی کہ توانگرون سی صدقہ لیکر سوال کرنی کی حاجت نرہی
لان الاغنياء مكلفون بانفاق المال في سبيل الخير وسر ذلك التكليف ان المال محبوب الخلق وهم مامورون
اسواسطی کہ توانگرون کو حکم ہی کہ راہ خیر مین مال خرچ کرین اس حکم مین بہید یہہ ہی کہ مال تمام خلقت کو محبوب ہوتا ہی اور اونکو محبت الہی کا حکم ہی
بحب الله تعالى وقد ادعوا ذلك بنفس الايمان لان قولهم لا اله الا الله معناه انا قد علمنا واعتقدنا ان
اور وہ بہی صرف ایمان کی رو سی محبت کا دعوی کرتی ہین اسلئی کہ اونکا قول لا اله الا الله اسکی یہہ معنی ہین ہمنی جان لیا اور اعتقاد کیا کہ
لا معبود ولا محبوب الا الله فالتزمنا عبادته ومحبته ولا نعبد ولا نحب الا اياه فجعل بذل المال معيارا
نہ کوئی معبود ہی اور نہ کوئی محبوب ہی سواء اللہ کی سو ہمنی اوسکی عبادت اور محبت اپنی ذمہ پر لی نہ ہم اوسکی سوای کسیکی عبادت کرین نہ کسیکو محبوب رکہین سو مال کا خرچ کرنا
لحبهم ومصداقا لصدقهم من حيث ان جميع المحبوبات تبذل في سبيل المحبوب الذي غلب حبه في قلبه
اونکی محبت کا نشان مقرر ہوا ہی اور اونکی سچی دعوی کی تصدیق ہی اس لحاظ سی کہ تمام محبوب چیزین ایسی محبوب کی واسطی کہ اوسکی محبت دل مین زیادہ تر ہو خرچ کردیا کرتی ہین
فمن بذل فهو من الذين صدقوا ما عاهدوا الله عليه ومن لم يبذل يكون من الذين يقولون بافواههم
سو جسنی مال خرچ کیا وہ اون لوگون مین ہی کہ اللہ سی جو عہد کیا تہا وہ سچ کر دیکہایا اور جسنی مال نہ خرچ کیا وہ اون لوگون مین ہی جو زبانی وہ باتین بناتی ہین
ما ليس في قلوبهم بل ممن اتبع هواه وجعله الها لنفسه حتى كانه يعبده فان من يعمل بهوى نفسه لا
جو اونکی دلین نہین ہین بلکہ اونمین ہین جو اپنی ہوا کی تابع ہین اور ہوا کو اپنا معبود بنایا ہی گویا اوسہی کی عبادت کرتا ہی کیونکہ جو ہواء نفسانی پر عمل کرتا ہی
يهوى نفسه شيئا الا يرتكبه ويخالف مولاه ولهذا قال النبي عليه السلام ابغض اله عبد في الارض عند
تو پہر اوسکا نفس جو تمنا کرتا ہی سو ہی کرتا ہی اور مولی کی مخالفت کرتا ہی اسہی واسطی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بدتر معبود کہ زمین کی اوپر پوجا گیا ہی
الله تعالى هو الهوى فعلى هذا يجب على المكلف في هذا العيد عدة الاشياء الاول ترك المعاصي فان المعصية
خدا کی نزدیک ہوا ہوس ہی اسکی موافق مکلف پر اس عید مین کئی چیزین واجب ہین اول معاصی کا ترک کرنا کیونکہ معصیۃ کا ترک کرنا
وان كان تركها لازما وواجبا في جميع الازمنة الا ان تركها في بعض الازمان الزم واوجب لقوله تعالى ان عدة
اگرچہ ہمیشہ ہر وقت مین لازم اور واجب ہی لیکن بعضی وقت اور بہی زیادہ تر لازم اور واجب ہوتا ہی اس دلیل سی مہینون کی گنتی

الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ کِتٰبِ اللّٰهِ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذٰلِکَ الدِّیْنُ

اللہ کی پاس بارہ مہینی ہین اللہ کی حکم مین جسدن پیدا کئی آسمان وزمین اونمین چار ہین ادب کی یہہ ہی سیدہا

الْقَیِّمُ فَلَا تَظْلِمُوْا فِیْهِنَّ اَنْفُسَکُمْ یعنی ان عدة الشهور القمریة التی علیها یدور کثیر من الاحکام الشرعیة

دین سو اونمین ظلم نہ کرو اپنی اوپر یعنی گنتی قمری مہینون کی جس سی بہت سی احکام شرعی موافق حکم الٰہی کی متعلق ہو رہی ہین

فی حکمه تعالی اثنا عشر شهرا مثبتا فی اللوح المحفوظ منذ خلق السموٰت والارض من تلك الشهور الاثنی عشر

وہ تمام بارہ مہینی ہین لوح محفوظ مین ثابت جب سی اللہ تعالی نی آسمان وزمین کو پیدا کیا ہی ان بارہ مہینون مین سی

اربعة حرم وهی ذو القعدة وذو الحجة والمحرم ورجب وکون هذه الشهور الاربعة المعینة حرما هو الدین

چار معزز ہین یعنی ذیقعد خالی اور ذالحج بقرہ عید اور محرم دہا اور رجب مریم روزہ اور یہہ چارون معین مہینی جو معزز اور حرم ٹہری ہین یہہ طریق

المستقیم دین ابرهیم واسمعیل علیهما السلام فلا تظلموا فیهن انفسکم بهتك حرمتها وارتکاب المعاصی

راست دین ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام کا ہی سو تم لوگ ان مہینون کی حرمت توڑکر اور انکی اندر عمل بد کرکر اپنی جان پر ظلم مت اتارو

فیها فان العمل الصالح کما انه اعظم اجرا فیهن کذلك المعصیة فیهن اعظم وزرا من المعصیة فی غیرهن

کیونکہ نیک کار جیسی ان مہینون کی اندر ثواب مین زیادہ ہوتا ہی ایسی ہی گناہ ان مہینون کی اندر سزا مین بہ نسبت اور مہینون کی سخت ہوتا ہی

وکذا المعصیة فی شهر رمضان ویوم الجمعة ویوم عرفة ولیالیها ولیلة القدر وایام العیدین ولیالیهما

اور ایسی ہی گناہ ماہ رمضان مین اور جمعہ کی دن اور عرفہ کی روز اور انکی راتون مین اور شب قدر مین اور دونو عید کی دن اور انکی راتون مین

اکثر وزرا لانه تعالی فضل هذه الازمنة بما خصها من العبادات التی تفعل فیها وجعل ثواب العبادات ونزول

سزا مین زیادہ ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی نی ان اوقات کو یہہ فضیلت بخشی ہی کہ ان وقتون مین خاص خاص عبادتین مقرر فرمائین جو اونمین عمل مین آتی ہین اور ثواب عبادات کا

الرحمة ووصول المغفرة فیها اکثر من غیرها رحمة لهذه الامة فمن لم یعرف هذه النعمة التی کانت علیه فیها

اور رحمت کا نازل کرنا اور مغفرت کا دینا ان وقتون مین بہ نسبت اور وقت کی واسطی رحمت اس امت کی زیادہ مقرر فرمایا ہی پہر جو شخص اس نعمت کی قدر نہ سمجہی جو اسکو ان اوقات مین

بل هتك حرمتها بارتکاب انواع الذنوب فیها فقد استحق ان یکون عذابه اشد وعقابه اعظم فعلی

حاصل ہی بلکہ ان مہینون کی حرمت طرح طرح کی گناہ عمل کرکر خراب کری تو بیشک وہ شخص سخت تر عذاب کا مستحق ہی اور اوسکا عذاب زیادہ تر جاہی سو

المؤمن ان یعرف ما انعم علیه ویعظم ما عظمه الله تعالی حتی یکون عند الله عظیما وتعظیم هذه الاوقات

مومن کو لازم ہی کہ جو اوسکو اللہ نی انعام دیا ہی اوسکو پہچانی اور جسکو اللہ نی عظمت دی ہی اوسکی تعظیم کری تا کہ اللہ کی نزدیک اوسکو بہی عظمت ملی اور ان اوقات کی تعظیم

انما یکون بزیادة الاعمال الصلحت فیها فمن عجز عنها فاقل حاله فی التعظیم ان یحترز عما یحرم علیه ویکره له

یہی ہی کہ ان وقتون مین صالح اعمال زیادہ تر کیا کری جس سی یہہ نہو سکی تو پہر کم سی کم تعظیم اسکی حق مین یہہ ہی کہ محرمات اور مکروہات سی کنارہ کری سو تمام بدعات

فیترك البدع والمنکرات وما لا ینبغی له فیها من المنهیات وکثیر من الناس فی بعض هذه الازمان فقد

اور منکرات اور جو جو بیہودہ کار اسکو ان اوقات مین لایق نہین ہین سب ترک کری اور اس زمانہ کی اکثر لوگون نی ان امور کی برخلاف اختیار کر لیا ہی

اخذ واضد هذا المعنی حیث کانوا یسارعون فی ایام العیدین ولیالیهما الی اللهو واللعب وغیرهما من انواع

چنانچہ ایام عیدین مین رات ہو یا دن لہو ولعب وغیرہ طرح طرح کی بیجا امور مین

السیات بعضهم بالمباشرة وبعضهم بالمشاهدة مع ان للسیئة الواحدة عشر اشیاء من الضرر علی ما

چالاکی اور جستی کرتی ہین بعضی تو اپنی ہاتہ سی کرتی ہین اور بعضی تماشا دیکہتی ہین اور حال یہہ ہی کہ ایک گناہ مین موافق بیان

ذکره الفقیه ابو اللیث فی تنبیه الغافلین الاول اسخاطه خالقه بمخالفة امره والثانی تفریح ابلیس الذی

فقیہ ابو اللیث کی تنبیہ الغافلین مین دس ضرر پیدا ہوتی ہین اول آزردگی اپنی خالق کی حکم کی نافرمانی کرنی سی دوسری ابلیس کا خوش کرنا

هو

هو عدوه وعدو الله تعالی والثالث بعده من الجنة والرابع قربه من جهنم والخامس جفاء من
جو اسکا بہی اور خدا کا دشمن ہی　تیسری جنت سی دوری　چوتہی دوزخ سی نزدیکی　پانچوین اپنی جان پر ظلم کرنا
هو احب الیه وهو نفسه والسادس تنجیس نفسه التی جعلها الله تعالی طاهرة والسابع ایذاء الحفظة
جسکو سب سی زیادہ محبوب رکہتا ہی　چہٹی اپنی جان کا ناپاک کرنا جسکو اللہ تعالی نی پاک پیدا کیا ہی　ساتوین کرام کاتبین کو ایذا دینی
الذین لا یؤذونه والثامن احزان النبی علیه السلام فی قبره والتاسع اشهاد الارض واللیل والنهار علی نفسه
جو کہ اسکو نہین ستاتی　آٹہوین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر شریف کی اندر غمگین کرنا　نوین　زمین اور رات دن کو اپنی برائی پر گواہ کرنا
والعاشر خیانته لجمیع الخلائق لان المطر یقل بالذنب فاذا کان حال من فعل سیئة واحدة هذا فما ذا
دسوین تمام عالم کی بدخواہی　اسواسطی کہ گناہون کی شامت سی مینہ برسنا بند ہو جاتا ہی جب ایک گناہ مین یہہ حال ہو تو پہر دیکہو
یکون حال من یفعل فنونا من السیئات لاسیما فی هذه الایام المبارکات مع ان الخطباء ینادون علی
اوس شخص کا جو طرح طرح کی گناہ کرتا ہی کیا حال ہوگا　خاص کر ان مبارک دنون مین　باوجودیکہ وعاظ نصیحت کرنیوالی منبرون پر پکار پکار کر
المنابر ویقولون لیس العید لمن لبس الجدید انما العید لمن امن الوعید لیس العید لمن تبخر بالعود انما
کہی جاتی ہین کہ عید اوسکی لئی نہین ہی جو نئی کپڑی پہن لی　عید اوسہی کی ہی جو وعید سی پناہ مین رہی عید اوسکی لئی نہین ہی جو خوشبو مین بسی
العید للتائب الذی لا یعود لیس العید لمن تزین بزینة الدنیا انما العید لمن تزود بزاد التقوی لیس العید
عید اوسہی کی ہی کہ توبہ کرکر پہر نہ پہنسی　عید اوسکی نہین ہی جو دنیا کی زینت سی آرایش کری　عید اوسہی کی ہی جو توشہ تقوی سی آسایش کری عید اوسکی نہین ہی
لمن رکب المطایا انما العید لمن ترک الخطایا لیس العید لمن بسط البساط انما العید لمن جاوز الصراط وقال
جو اونٹنیون پر سوار ہو　عید اوسہی کی ہی جو خطا سی بیزار ہو　عید اوسکی نہین ہی جو فرش فروش بچہاوی　عید اوسہی کی ہی جو صراط پر سی سلامت گذر جاوی اور
النبی علیه السلام استماع الملاهی معصیة والجلوس علیها فسق والتلذذ بها کفر وروی انه علیه السلام
نبی صلی اللہ علیہ وسلم　فرما چکی ہین کہ ملاہی کا سننا تو معصیت ہی　اور اوسکی عادت کرنا　فسق ہی اور اوس سی مزہ لینا کفر ہی اور روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی
ادخل صبعیه فی اذنیه عند سماعه وهم یسمعون امثال تلك الکلمات ولا یلتفتون الیها بل یدعون
ملاہی کی آواز سنکر کانون مین اونگلیان دیلین تہین اب یہہ لوگ ایسی ایسی کلمات کو سنتی ہین اور اوس روایت کی طرف توجہ نہین کرتی　بلکہ تسپر اسلام کا دعوی
الاسلام ومحبة الله ورسوله ومع هذا یخالفونهما فی الاوامر والنواهی فیکون الحال مشکلا والحکام
کرتی ہین اور اللہ اور رسول کی محبت جتلاتی ہین　اور تمام امر اور نہی مین اللہ رسول کی مخالفت کئی جاتی ہین　اب کیا مشکل کی بات ہی کہ حاکم وقت
یشاهدون امثال تلك المنهیات ولا یمنعون شیئا منها بل یساعدون فیها فمن کان باکیا فلیبك علی
ان تمام منہیات کو دیکہتی ہین　اور اسمین سی ذرہ منع نہین کرتی　بلکہ اوسمین اور مدد دیتی ہین　اب جو کوئی روئی تو چاہئی کہ اسلام کی
الاسلام وغربته اذ قد عاد الاسلام غریبا کما بدأ غریبا نعم ان هذه الایام ایام فرح وسرور لکن ینبغی ان
غربت پر روئی　کیونکہ اسلام اب ویسا ہی غریب ہوگیا جیسی غریب شروع ہوا تہا ہان یہہ دن فرح اور سرور کی ہین　پر یون چاہئی
یکون اظهار الفرح والسرور فیها بما کان مباحا او مستحبا کالاغتسال والتطیب ولبس احسن الثیاب
کہ خوشی اور سرور ایسی اسباب سامان سی ظاہر کری جو مباح یا مستحب ہووی جیسی نہانا　اور خوشبو لگانی　اور اچہی اچہی مباح کپڑی پہنی
المباحة التی تکون جدیدة او غسیلة علی ما سیجئ لا بما کان حراما کلبس الحریر والخوض فی الباطل لان العید
کہ وہ یا نئی ہون　یا دہوئی ہوئی ہون　چنانچہ آگی آتا ہی　حرام سامان سی نہ کری جیسی حریر کا پہننا اور باطل باتون مین گہسنا کیونکہ عید کو
انما سمی عیدا لانه تعالی یعود فیه علی المؤمنین بالمغفرة والاحسان فیجب علیهم ان یجتنبوا المعصیة والطغیان
اسہی لئی عید کہتی ہین کہ اللہ تعالی مؤمنون پر دوبارہ　مغفرت اور احسان کرتا ہی　پہر اون پر بہی واجب ہی کہ معصیت اور سرکشی سی کنارہ کرین

حتی یکونوا من اهل السعادة والرضوان لا من اهل الشقاوة والخذلان وقد حکی عن بعض العارفین انه
تاکہ سعادت مند اور لایق رضامندی کی ہون بدبخت اور ٹوٹی والون مین نہون اور بعضی عارفون سی حکایت کرتی ہین کہ وہ
مر یوم العید بقوم یلعبون ویضحکون فقال ان کان قد تقبل من هؤلاء لزمهم ان یشکروا ولیس هذا
عید کی دن ایک قوم پر پہنچی کہ کہیل رہی تہی اور ہنستی تہی فرمایا اگر ان لوگون کی عید مقبول ہوئی ہی تو اونکو لازم ہی کہ شکر کرین اور یہہ شکرگذارون کی
فعل الشاکرین وان کان لم تقبل منهم لزمهم ان یخافوا ولیس هذا فعل الخائفین ثم ینبغی ان یعلم ان بعض
کام نہین ہین اور اگر مقبول نہین ہوئی تو لازم ہی کہ خدا کا خوف کرین اور یہہ ڈرنیوالون کی کام نہین ہین پہر سمجھنی کی بات ہی کہ بعضی لوگ
الناس قد زعموا ان ضرب الدف والغناء یوم العید جائز لما روی عن عائشة ان ابا بکر رض دخل علیها یوم
کہتی ہین کہ دف دائرہ بجانا اور گانا عید کی دن جایز ہی اسلئی کہ روایت ہی حضرت عائشہ رض سی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اونکی یہان عید کی
العید وعندها جاریتان تغنیان بالدف ورسول الله علیه السلام متغش بثوبه فزجرهما ابوبکر فکشف النبی ع م
دن آئی اسوقت اونکی پاس دو لڑکیان گاتی تہین اور دف بجاتی تہین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کپڑا اوڑہی ہوئی تہی اون لڑکیون کو ابوبکر نی منع کیا تو نبی صلی اللہ علیہ
وجهه فقال دعهما یا ابا بکر فان لکل قوم عیدا فهذا عیدنا فان هذا الحدیث وان کان یدل علی زعمهم
وسلم نی منہہ کہولکر فرمایا ابوبکر جانی دی کیونکہ ہر ہر قوم کی عید ہوتی ہی آج ہماری عید ہی اب یہہ حدیث اگرچہ اونکی قول پر جو جایز بتاتی ہین دلالت کرتی ہی
لکن لیس کما زعموا اذ قد ذکر فی نصاب الاحتساب ان هذا الحدیث متروک غیر معمول به لقوله تعالی ومن الناس
پر یون نہین ہی جو وہ کہتی ہین کیونکہ نصاب الاحتساب مین مذکور ہی کہ یہہ حدیث متروک ہی اس حدیث پر عمل نہین ہی واسطی اس آیت کی ایک لوگ ہین
من یشتری لهو الحدیث فان المراد من لهو الحدیث علی ما ذکر فی معالم التنزیل عن ابن مسعود وابن عباس
کہ خریدار ہین کہیل کی باتون کی کیونکہ مراد لہو الحدیث سی جو آیت مین ہی موافق بیان معالم التنزیل کی ابن مسعود اور ابن عباس
وعکرمة وسعید بن جبیر الغناء وما فی معناه من المعازف والمزامیر والمراد من اشتراه اختیاره والمعنی ان بعضا
اور عکرمہ اور سعید بن جبیر سی غنا ہی اور جو اسکی مثل ہی گانا اور مزمار بجانی اور اشترا سی مراد ہی پسند کرنا یعنی بعضی ایسی لوگ ہین
من الناس یختار الغناء وما فی معناه من المعازف والمزامیر لیضل عن سبیل الله بغیر علم ویتخذها هزوا
جو غناء کو پسند کرتی ہین اور اوسکی مثل کو سرود اور مزمار تا بچلادین اللہ کی راہ سی بن سمجہی اور ٹہرادین اوسکو ہنسی
اولئک لهم عذاب مهین فدلت الآیة علی تحریم الغناء وما فی معناه من الملاهی ویدل علی هذا ایضا ان عائشة
وہ جو ہین اونکو ذلت کی مار ہی یہہ آیت غناء کی حرمت پر دلالت کرتی ہی اور جو اوسکی مثل لہو کی چیزین ہین اور حرمت اس سی بہی معلوم ہوتی ہی کہ
بعد بلوغها لم ینقل عنها الا ذم الغناء والمعازف والثانی مما یجب علی المکلف فی هذا العید صدقة الفطر
حضرت عائشہ رض سی بالغ ہوکر غنا اور معازف کی سوای برائی کی کچہہ منقول نہین ہی اور دوسری جو اس عید مین انسان مکلف پر واجب ہی صدقة الفطر ہی
فانها تجب علی کل مسلم حر غنی والغنی الذی هو شرط لوجوبها ان یملک نصابا او ما یکون قیمته نصابا فاضلا
صدقة الفطر ہر ہر مسلم آزاد توانگر پر واجب ہی اور مقدور جو واسطی وجوب صدقہ فطر کی چاہئی اتنی ہی ہی کہ نصاب کا مالک ہو یا ایسی شئی کا مالک کہ اوسکی قیمت نصاب کی
عن حاجته الاصلیة ولا یعتبر فیه وصف النماء فمن کانت له دار لا یسکنها فیواجرها او لا یواجرها تعتبر قیمتها
برابر ہو حاجت اصلی سی زیادہ ہو اور نامی ہونا یعنی بڑہنی والی چیز ہونا کچہہ ضرور نہین یہہ زکوة مین معتبر ہی سو جسکی پاس ایک گہر ہو کہ جسمین رہا نہین کرتا پہر کرایہ دیتا ہو
فی الغنی وکذا اذا سکنها وفضل عن سکناه شیء یعتبر قیمة الفاضل فی الغنی لان ما کان من حاجته الاصلیة
اوسکی قیمت معتبر ہوگی اور ایسی ہی اگر اوسمین رہتا ہو اور رہنی سی کوئی طبقہ فاضل ہو تو اب اوس فاضل کی قیمت اس غنا مین معتبر ہوگی کیونکہ جتنا اوسکی حاجت مین ہی
لا بد ان یکون مشغولا بها لا بما سیحتاج الیه اذ ما من مال الا وقد یقع الحاجة الیه فی وقت من الاوقات حتی
چاہئی کہ اب اوسکی برتاؤ مین ہو وہ نہین ہی جسکی آگی کو حاجت پیدا ہوگی اسواسطی کہ جو مال ہوتا ہی سو اوسکی حاجت کبہی نہ کبہی آہی لگتی ہی یہان تک

لوکان فی دار بکراء فاشتری قطعة ارض بمائتی درهم وبنی فیها دارا لیسکنها فهو غنی بها لانها فاضلة
کہ اگر کرایہ کی گہر مین رہتا ہو اور ایک اور قطعہ زمین کا دوسو درہم کو مول لیکر رہنی کی لئی گہر بنایا تو اب اس گہر کی ملکیت سی غنی ہو دیگا اسلئی کہ یہہ گہر اسوقت اوسکی حاجت سی
عن حاجته الحالیة وانما یحتاج الیها فی المستقبل ومن کان له دار فیها بیتان صیفی وشتوی
فاضل ہی اگر حاجت ہوگی تو زمانہ آیندہ مین ہوگی اور جسکی مکان مین دو مقام ہون گرمی کا اور جاڑی کا
لایکون بها غنیا ولوکان فیها ثلثة بیوت یعتبر قیمة الثالث فی الغنی وصاحب الثیاب لایکون
تو اس سی غنی نہین ہوتا اور اگر اوس مکان مین تین مقام ہون تو تیسری مقام کی قیمت غنا کی لئی اعتبار کی جائیگی اور کپڑون کا مالک
غنیا بثلث دستجات احدها للبذلة والثانیة للمهنة والثالثة للجمع والاعیاد وکذا بالفراشین
تین جوڑی کپڑی سی غنی نہین ہوتا ایک روزمرہ کی پہننی کا اور دوسرا کارکرنی کی وقت کا تیسرا جمعہ اور عید کی دنون کا اور ایسی ہی دو بچھونون سی غنی نہین ہوتا
وما زاد علی الدستجات الثلث من الثیاب وعلی الفراشین یعتبر قیمته فی الغنی والغازی بفرسین
اور جسقدر تین جوڑہ اور دو بچھونون سی زیادہ ہوگا تو غنی ہونی مین اوسکی قیمت حساب مین لیجادیگی اور غازی کا مجاہد دو گہوڑون سی
لایکون غنیا وان کان له ثلثة افراس یعتبر قیمة احدها فی الغنی وما زاد علی الواحد من الدواب
غنی نہین ہوتا اور اگر تین گہوڑی ہونگی تو ایک گہوڑی کی قیمت غنی ہونی مین حساب کیجادیگی اور جسقدر ایک چوپایہ سی زیادہ ہوگا
لغیر الغازی فرسا کان او حمار الدهقان او غیره والخادم الواحد یعتبر قیمته فی الغنی وکذا کتب
سوای غازی کی اور شخص کی پاس گہوڑا ہو یا گدہا رئیس گانوکی لئی یا اور کسیکی یا ایک خادم سی زیادہ تو غنی ہونی کی لئی اوس زاید کی قیمت حساب مین لیجاویگی اور ایسی ہی
التفسیر والحدیث والفقه لاهله ما زاد علی نسخة واحدة من روایة واحدة یعتبر قیمته فی الغنی
تفسیر حدیث فقہ کی کتابین علماء کی لئی جو ایک ایک نسخہ سی زیادہ ہونگی تو ایک روایت مین غنی ہونیکی لئی قیمت اوسکی حساب کیجادیگی
وکذا ما زاد علی الواحد من المصاحف لمن یحسن القراءة یعتبر قیمته فی الغنی والزراع بثورین وآلة الحراثة
اور ایسی ہی جو ایک قرآن سی زیادہ قاری کی پاس ہو تو غنا کی باب مین اوسکی قیمت معتبر ہی اور کسان دو بیلون سی اور کہیتی کی راچہ ہل پانسی کا
لایکون غنیا وان کان له ثلثة ثیران یعتبر قیمة احدها فی الغنی والبقرة الواحدة یعتبر قیمته فی الغنی
غنی نہین ہوتا اور اگر تین بیل ہونگی تو ایک کی قیمت غنا مین معتبر ہوگی اور ایک ہی بیل ہو تو غنا مین اوسکی قیمت لیجادیگی
وللخباز اذا کان له حنطة او ملح یعتبر قیمتها فی الغنی وکذا القصار اذا کان له اشنان او صابون یعتبر
اور نان پز کی پاس اگر گیہون اور نمک ہو تو انکی قیمت واسطی غنا کی معتبر ہوگی اور ایسی ہی دہوبی اگر اوسکی پاس اشنان یا صابون ہوگا تو غنا کی لئی
قیمته فی الغنی ومن کان له قوت سنة یساوی نصابا ففیه کلام والظاهر انه لایعد من الغنی ذکره قاضیخان
قیمت انکی لیجادیگی اور جسکی پاس ایک سال کا کہانا جسکی قیمت نصاب کی برابر ہو تو اسمین اختلاف ہی اور ظاہر یہہ ہی کہ وہ غنی نہین شمار کیا جاتا یہہ قول قاضیخان نی
فی فتاواه والمرأة اذا کانت لها جواهر ولآلی تلبسها فی الاعیاد وتتزین بها للزوج یعتبر قیمتها فی الغنی وکذا
اپنی فتاوی مین ذکر کیا ہی اور جس عورت کی پاس جواہر اور موتی ہون کہ عید کی روز پہنتی ہو اور خاوند کی بہانی کو سنگار کرتی ہو تو غنا کی بابت اسکی قیمت معتبر ہوگی اور
ان کانت لها دار تسکن فیها مع زوجها یعتبر قیمتها فی الغنی ان قدر الزوج علی الاسکان ویتعلق بهذا النصاب
ایسی ہی اگر عورت کی ملک مین گہر ہو جسمین خاوند کی ساتہہ رہتی ہی تو اس گہر کی قیمت غنا مین معتبر ہوگی بر اس شرط پر کہ اوسکا خاوند گہر دینی کا مقدور رکہتا ہو اور اسی نصاب سی
حرمة اخذ الزکوة ووجوب صدقة الفطر والاضحیة لان الغنی علی ثلث مراتب غنی یحرم علیه السوال
زکوۃ لینی حرام ہوتی ہی اور صدقہ فطر اور قربانی واجب ہوجاتی ہین کیونکہ غنی تین قسم پر ہوتی ہین ایک ایسا غنی ہوتا ہی جسکو سوال کرنا
واخذ الصدقة ویجب علیه صدقة الفطر والاضحیة والزکوة وهو من یملک نصابا کاملا نامیا وغنی
اور صدقہ لینا حرام ہوتا ہی اور اوسپر صدقہ فطر اور قربانی اور زکوۃ واجب ہوتی ہی ایسا غنی وہ ہی جسکی ملک مین پورا نصاب کامل نامی بڑہتا ہوا ہو اور دوسرا غنی

یحرم علیہ السوال واخذ الصدقۃ ویجب علیہ صدقۃ الفطر والاضحیۃ دون الزکوۃ وھو من
ایسا ہوتا ہی جسکو سوال کرنا اور صدقہ لینا حرام ہوتا ہی اور صدقہ فطر اور قربانی واجب ہوتی ہی اور زکوۃ واجب نہین ہوتی وہ ایسا شخص ہی

یملک ما قیمتہ نصاب من غیر ان یکون فیہ نماء وغنی یحرم علیہ السوال لا اخذ الصدقۃ ولا یجب
جسکی پاس ایسی چیز ہو جسکی قیمت نصاب کی برابر ہو پر وہ چیز نامی نہو اور ایک ایسا غنی ہوتا ہی جسکو سوال کرنا حرام اور صدقہ لینا جایز اور

علیہ شئ مما ذکر من صدقۃ الفطر والاضحیۃ والزکوۃ وھو من یملک قوت یومہ وما یستر عورتہ ثم
اوسپر جو جو اوپر مذکور ہوا کچھہ واجب نہین ہوتا نہ تو صدقہ فطر اور نہ قربانی اور نہ زکوۃ وہ ایسا شخص ہوتا ہی جسکی پاس ایک دنکا کہانا ہو اور بدن ڈہکنی کو کپڑا ہو

الواجب عندنا نصف صاع من بر او صاع من تمر او شعیر والصاع ما یسع فیہ الف واربعون درھما
پہر ہماری نزدیک گیہون کا آدہا صاع واجب ہوتا ہی اور پورا صاع چہوارہ اور جو کا اور صاع وہ ہوتا ہی جسمین ایک ہزار چالیس درہم آجاوین

وھو صاع عمر رض وکان قد فقد واخرجہ الحجاج ولذلک سمی حجاجیا والظاہر انہ کان صاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یہہ صاع حضرت عمر والا ہی پہر یہہ گم ہو گیا تہا اور حجاج نی نکالا اسیلئی صاع حجاجی کہلاتا ہی اور ظاہر یون ہی کہ یہہ صاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تہا

اذ کان عمر لا یخالفہ فی شئ ھذا اذا اعطی صدقۃ الفطر بالصاع ولو اعطاھا بالوزن یجوز ایضا
اسلئی کہ حضرت عمر کسی باب مین اصلا مخالفت نہین کرتی تہی یہہ صاع جب چاہی کہ صدقہ فطر صاع سی ناپ کر ادا کری اور اگر صدقہ فطر تول کر دی تو بہی جایز ہی

لان تقدیر الصاع لما کان بالوزن جاز الاعطاء بالوزن والزبیب عند ابی حنیفۃ کالبر وعندھما کالشعیر
اسلئی کہ اندازہ کرنا صاع کا جب وزن سی جایز ہوا تو ادا کرنا بہی وزن سی جایز ہی اور مویز امام ابو حنیفہ کی نزدیک گیہون مین داخل ہین یعنی آدہا صاع دینا چاہی اور

وذکر فی الجامع الصغیر ان دقیق البر وسویقہ کالبر الا ان العلماء قالوا الاولی ان یراعی فیھما القدر والقیمۃ
اور جامع صغیر مین مذکور ہی کہ گیہون کا آٹا اور گیہون کا ستو گیہون کی مثال ہی یعنی آدہا صاع دینا چاہی پر علماء یون کہتی ہین کہ بہتر یہہ ہی کہ آٹی اور ستو مین احتیاطا

احتیاطا لضعف الاثار الواردۃ فیھما والمعتبر فی الخبز القیمۃ ولا یراعی فیہ القدر اذ لم یرد فیہ اثر والاصل
دونو کا لحاظ کرنا چاہی کیونکہ جو آثار انکی باب مین آئی ہین سب ضعیف ہین اور روٹی مین قیمت ہی کا اعتبار ہی اسمین اندازہ کی رعایت نہین ہی اسواسطی کہ اسمین کوئی اثر نہین آیا ہی اور اصل

فی ھذا الباب ان ما ھو منصوص علیہ لا یعتبر فیہ القیمۃ وانما یعتبر فیہ القدر حتی لو ادی مکان نصف
صدقہ فطر مین وہ ہی جو منصوص علیہ ہی یعنی جسکا صاف ذکر ہی اوسمین قیمت کا اصلا اعتبار نہین ہی اوسمین صرف اندازہ ہی کا اعتبار ہی یہان تک کہ اگر کسی نی گیہون کی آدہی

صاع من بر نصف صاع من تمر لا یجوز وان کان قیمۃ التمر اکثر من قیمۃ البر واما ما لیس بمنصوص علیہ فانما
صاع کی جگہ آدہا صاع چہوارہ کا ادا کر دیا تو جایز نہین ہی اگرچہ چہواروں کی قیمت گیہون سی بہت زیادہ ہی اور جو اناج صاف مذکور نہین ہین تو وہ

یلحق بالمنصوص علیہ باعتبار القیمۃ لا بالقدر وعن ابی یوسف ان الدقیق اولی من البر لکونہ اقرب الی
اوسمین جنکا ذکر آیا ہی قیمت کر کر ملا دیتی ہین اندازہ کی رو سی نہین ملاتی اور ابو یوسف سی روایت ہی کہ آٹا گیہون سی بہتر ہی کیونکہ کہانی مین جلد آسکتا ہی

المقصود والدراھم اولی من الکل لکونھا ادفع للحاجۃ وعلی المکلف الغنی ان یودی ما ذکر من القدر او القیمۃ
اور نقد سب سی بہتر ہی کیونکہ نقد سی بہت خوب حاجتین پوری ہوتی ہین اور مکلف غنی پر لازم ہی کہ فطرہ باعتبار اندازہ یا قیمت کی

عن نفسہ وعن ولدہ الصغیر ذکرا کان او انثی ان لم یکن للصغیر مال حتی لو کان للصغیر مال یؤدی
اپنی طرف سی اور اپنی اولاد نابالغ کی طرف سی لڑکا ہو یا لڑکی جس صورت مین نابالغ کی ملک مین مال نہو ادا کری یہانتک کہ اگر صغیر نابالغ کی پاس مال ہو تو اوسکا

عنہ ابوہ او وصیہ من مالہ ولا یجب علیہ صدقۃ ولدہ الکبیر وان کان فی عیالہ ولا صدقۃ زوجتہ
باپ یا وصی اوسکی مال مین سی ادا کردی اور اولاد بالغ کی طرف سی صدقہ فطر باپ پر واجب نہیں ہوتا اگرچہ اوسکی عیال مین داخل ہی اور نہ صدقہ جورو کا واجب ہی

ولو ادی عنھما بغیر امرھما یجوز استحسانا لانہ ماذون فیہ عادۃ ویعطی عن مملوکہ للخدمۃ ولو مدبرا
اور اگر اونکی طرف سی اونکی بی کہی ادا کردی تو استحسانا جایز ہی کیونکہ عادت کی موافق اسمین اجازت ہوتی ہی اور اپنی غلام کی طرف سی بہی ادا کری جو خدمت کی واسطی ہی

او

ام ولد او کافرا ولا یعطی عن عبدہ للتجارۃ وعن مملوکه الابق فان عاد مملوکه عن الاباق بعد ما مضی
یا ام ولد ہو یا کافر ہو اور سوداگری کی غلام کی طرف سی دینا لازم نہیں ہی اور نہ بہاگی ہوئی غلام کی طرف سی پہر اگر غلام بہاگا ہوا ایسی وقت حاضر ہوکہ روز فطر کا گذر گیا
یوم الفطر حتی ان من مات من ممالیکه واولادہ قبله لا یجب صدقته وکذا لو ولد له ولد او ملك عبدا
یہان تک کہ اگر کوئی غلاموں میں سی یا اولاد میں سی صبح صادق سی پہلی مرجاوی تو اوسکا صدقہ واجب نہیں رہتا اور ایسی ہی اگر بعد صبح صادق کی بچہ پیدا ہوا یا
بعدہ لا یجب علیه صدقته ولو ولد له او ملك عبدا قبله کان علیه صدقته وکذا لو صار غنیا قبله
کسی غلام کا مالک ہوگیا تو صدقہ واجب نہیں ہوتا اور اگر صبح صادق سی پہلی بچہ پیدا ہوا یا غلام کا مالک ہوا تو اوسکا صدقہ واجب ہوگا اور ایسی ہی اگر پہلی غنی ہوگیا
وبعدہ لا والمستحب اداءها قبل صلوة العید ولا تسقط بتاخیرها وان افتقر وطال المدة لانها
تو واجب ہی اور بعد ہوا تو نہیں اور صدقہ عید کی نماز سی پہلی ادا کرنا مستحب ہی اور دیر کرنی سی ساقط نہیں ہوتا اگرچہ فقیر ہوجاوی اور اسپر مدت دراز گذر جاوی
متعلقة بالذمة دون المال ویجوز تقدیمها عن وقت وجوبها بلا تفصیل فیه بین مدة ومدة فی الصحیح
کیونکہ صدقہ فطر ذمہ پر لازم ہوتا ہی کچہ مال پر نہیں ہی اور صدقہ فطر وقت وجوب سی پہلی دیدینا صحیح مذہب میں جایز ہی کچہ مدت کم زیادہ کا فرق نہیں ہی
ویجب دفع فطرة کل شخص الی فقیر واحد حتی لو فرقت الی فقیرین لا یجوز لان المنصوص علیه الاغناء
اور ایک شخص کا فطرہ ایک ہی فقیر کو دینا واجب ہی یعنی گیہوں کی آدہی صاع سی کم نہ دی اگر دو فقیروں کو پاو پاو صاع تقسیم کردیگا تو جایز نہیں ہی اسوسطی کہ حدیث کا منشا
لقوله علیه السلام اغنوهم عن المسئلة فی مثل هذا الیوم ولا یستغنی بما دون ذلك وقیل یجوز دفعها
لفظ غنی کردینا ہی اس حدیث میں کہ ان فقیروں کو سوال کرنی سی آج کی دن غنی کردو اور اس سی کمتر میں غنی نہیں ہوتا اور بعضی کہتی ہیں ایک فطرہ
الی فقیرین لکن الاول اولی ویجوز دفع ما وجب علی جماعة الی فقیر لکن الاولی ان یکون الدفع بدفعات
دو فقیروں کو بہی دینا جایز ہی پر اول مذہب بہتر ہی اور کئی شخصوں کا فطرہ ایک فقیر کو دینا جایز ہی پر اولی یہہ ہی کہ کئی بار ایک ایک فطرہ علیحدہ کر کی دی
لا دفعة واحدة لان نصف الصاع من ادنی المقادیر یمنع النقصان لا الزیادة فاذا وقع التفریق فی
ایک دفعہ ہی نہ دیوی اسواسطی کہ آدہی صاع کم سی کم مقدار ہی سو کمتی سی روکتا ہی زیادت سی نہیں منع کرتا سو جب دینی میں علیحدہ علیحدہ کردیا
الدفع یکون الفقیر فی الدفعة الثانیة فی حکم مسکین اخر ولا یجوز دفعها الی اصوله وفروعه وممالیکه
تو گویا وہ ہی فقیر دوسری دفعہ میں نیا اور مسکین ہی اور صدقہ فطر کا دینا اپنی اصل یعنی ماباپ وغیرہ کو اور اپنی فروع کو یعنی بیٹا بیٹی کو اور اپنی غلاموں وغیرہ کو
وغیرهم ممن لا یجوز دفع الزکوة الیهم ویجوز صرفها الی فقراء اهل الذمة لکن یکرہ بخلاف الزکوة حیث لا یجوز
دینا جایز نہیں ہی جن جن کو زکوۃ کا دینا جایز نہیں ہی اور صدقہ فطر ذمی فقیروں کو دینا جایز ہی پر مکروہ برخلاف زکوۃ کی کیونکہ زکوۃ کا دینا
دفع الزکوة الیهم الثالث ما یجب علی المکلف فی هذا العید الصلوة وقبل الصلوة یستحب للرجل السواك
ذمیوں کو ہرگز جایز نہیں ہی تیسری اس عید میں جو مکلف پر واجب ہی نماز ہی اور نماز سی پہلی مرد کو مستحب ہی مسواک کرنی
والاغتسال والتطیب ولبس احسن الثیاب المباحة بان یکون جدیدا وغسیلا لا حریرا فانه حرام
اور نہانا اور خوشبو لگانی اور اچہی کپڑی پہنی جو مباح ہوں یعنی نئی ہوں یا دہوئی ہوئی ہوں حریر نہو کیونکہ حریر
علی الرجال حتی الصبیان لکن لا اثم علی من البسهم والافطار بالحلو واداء صدقة الفطر وصلوة الغداة
مردوں پہ بچوں تک حرام ہی پر گناہ اونپر ہی جو اونکو پہنادیں فقط اور میٹہا کہانا اور صدقہ فطر ادا کرنا اور نماز اشراق کی
فی مسجد حیه والتبکیر وهو سرعة الانتباہ والابتکار وهو المسارعة الی المصلی والتوجه الیه ماشیا
محلہ کی مسجد میں اور تبکیر یعنی جلد تیار ہونا اور ابتکار کی معنی یہاں عیدگاہ کی طرف جلد روانہ ہونا اور پیادہ پا جانا
والرجوع من طریق اخر ثم الخروج الی الجبانة سنة وان وسعهم الجامع لکن یستخلف الامام من
اور دوسری رستہ سی آنا پہر جنگل میں جانا مسنون ہی اگرچہ مسجد جامع میں تمام نمازی آسکتی ہوں لیکن امام کسیکو اپنا خلیفہ کردی

کان علیه صدقة فامضی وقت وجوبها طلوع الفجر من یوم الفطر ۲
تو اوسپر صدقہ فطر گذشتہ واجب ہی اور صدقہ فطر کی وجوب کا وقت یوم فطر کی صبح صادق ہی

يصلي في المصر بالضعفاء والمرضى بناء على ان صلوة العيد في الموضعين جائزة بالاتفاق بخلاف
جو شہر کی اندر ناتوانون اور بیمارون کو نماز پڑہادی کیونکہ عید کی نماز ایک شہر مین دو جگہہ بالاتفاق جایز ہی بخلاف
الجمعة فانها جامعة للجماعات والتفرق ينافيه ويستحب التكبير في طريق المصلى لكن عند ابي حنيفة لا يجهر به
جمعہ کی جمعہ دو جگہہ جایز نہین ہی کیونکہ جمعہ جماعات کو جمع کر دیتا ہی اور تفرقہ اسکی خلاف ہی اور عیدگاہ کی رستہ مین تکبیر پڑہتی ہوئی جانا مستحب ہی یعنی الله اکبر الله اکبر
في هذا العيد وعندهما يجهر به وهو رواية عنه ايضا وعن ابي جعفر انه قال لا ينبغي ان يمنع
عید الفطر مین آہستہ آہستہ پڑہی اور صاحبین کی نزدیک پکار کر یہہ بہی امام ابو حنیفہ سی روایت ہی اور ابو جعفر سی روایت ہی کہ عام کو تکبیر سی منع کرنا
العامة عن ذلك لقلة رغبتهم في الخيرات فعلى هذا كان الاولى بهم ان يكبروا لكن لا على هيئة
اچہا نہین ہی کیونکہ خیرات کی طرف پہلی ہی اونکو توجہ کمتر ہی اس روایت کی موافق یہہ ہی بہتر ہی کہ تکبیر پڑہا کرین پر سبکو ملکر
الاجماع والاتفاق في الصوت ومراعات الانغام فان ذلك كله حرام بل يكبر كل واحد بنفسه واذا
اور ایک آواز بنا کر راگنی کی تال سم پر نہین چاہی کیونکہ یہہ تمام طریقی حرام ہین بلکہ ہر ایک جدا جدا تکبیر پڑہی اور جب
بلغ المصلى قطع التكبير وروي عن ابي موسى الرضا انه يكبر في كل عشر خطوات مرة حتى يبلغ الجبانة
عیدگاہ مین جا پہنچی تو تکبیر موقوف کری اور ابو موسی رضا سی روایت ہی کہ دس دس قدم کی فاصلہ پر ایک بار تکبیر پڑہتی ہوئی عیدگاہ تک پہنچ جاتی تہی
ولو توجه الرستاقي الى المصلى ليلا من فرسخ ونحوه يبدأ بالتكبير اذا طلع الفجر ثم اذا دخل وقت الصلوة
اور اگر کوئی گرد نواح کا رہنی والا رات کو عیدگاہ مین کوس بہر یا کم زیادہ فاصلہ سی آجادی تو صبح صادق ہوتی ہی تکبیر پڑہنی شروع کری پہر جب نماز کا وقت
وخرج وقت الكراهة بارتفاع الشمس يصلي الامام بالناس ركعتين بلا اذان ولا اقامة يكبر اولا للافتتاح
آجاوی اور وقت مکروہ آفتاب بلند ہونی سی گذر جاوی تو امام لوگون کی ساتہہ دو رکعت بدون اذان اور تکبیر کی پڑہی پہلی تکبیر تحریمہ کہی
ثم يضع يديه تحت سرته ثم يثني ثم يكبر ثلث تكبيرات يفصل بين كل تكبيرة بقدر ثلث تسبيحات
پہر دونو ہاتہہ ناف کی نیچی باندہ لی پہر سبحانک اللہم پڑہی پہر تین دفعہ تکبیر کہی ہر ہر تکبیر کی بیچ مین بقدر تین تین تسبیح کی فرق رکہی
لانها تقام بجمع عظيم وبالموالاة يشتبه على من كان بعيدا ويرفع يديه عند كل واحدة من ثلث
اسواسطی کہ بڑا انبوہ مین اتفاق ہوتا ہی پی در پی بلا فاصلہ کہنی مین دور کی آدمیون کو شاید سنائی ندی اور اپنی دونو ہاتہہ ہر ہر تکبیر کی ساتہہ
التكبيرات الثلث ويرسلهما في اثنائهن ثم يضعهما تحت سرته بعد الثالثة ويتعوذ ويسمي ثم يقرأ
تینون دفعہ کان تک اوٹہاوی اور بیچ مین دونو ہاتہہ چہوڑی رکہی پہر بعد تین بار کی ناف کی تلی دستور کی موافق باندہ لی اور اعوذ بالله آخر تک پڑہی اور بسم الله پڑہ کر
الفاتحة وسورة ثم يكبر ويركع فاذا قام الى الركعة الثانية يبدأ بالقراءة ثم يكبر بعدها ثلثا يفصل
سورہ فاتحہ اور ایک اور کوئی سورۃ پڑہی پہر الله اکبر کہہ کر رکوع کری پہر جب دوسری رکعت کی واسطی کہڑا ہو تو قراءت قرآن کی شروع کری پہر بعد قراءت کی تین بار تکبیر کہی
بينهن بقدر ما ذكرنا ويرفع يديه ويرسلهما عند كل تكبيرة وليس هنا وضع ثم يكبر ويركع فيكون
اونکی بیچمین بہی اسیقدر فاصلہ رکہی جو اوپر ذکر کیا ہی اور دونو ہاتہہ اوٹہاوی اور ہر تکبیر پر چہوڑی رکہی اسوقت مین ہاتہہ کا باندہنا ثابت نہین ہی پہر تکبیر کہکر رکوع کری
الركعتين تسعا ثلث منها اصليات تكبيرة الافتتاح وتكبيرتان للركوع وستة منها زوائد ثلث في الركعة
اب تکبیرین دونو رکعت کی نو ہوگئین تین تو انمین سی اصلی ہین یعنی تکبیر تحریمہ اور دو تکبیرین دونو رکوع کی اور انمین سی چہہ تکبیرین زاید ہین تین پہلی رکعت مین
الاولى قبل القراءة وثلث في الركعة الثانية بعد القراءة ولو نسي التكبير في الركعة الاولى حتى قرأ بعض
قراءت سی پہلی اور تین دوسری رکعت مین قراءت کی پیچہی اور اگر پہلی رکعت مین تکبیر کہنی بہول گیا اتنا کہ تہوڑی سی
الفاتحة او كلها ثم تذكر يكبر ويعيد الفاتحة وان تذكر بعد قراءة الفاتحة والسورة يكبر ولا يعيد القراءة
یا ساری سورہ فاتحہ پڑہ لی پہر تب یاد آئی تو اب تکبیر کہہ کر فاتحہ کو دوبارہ پڑہی اور فاتحہ اور دوسری سورۃ پڑہ کر یاد آئی تو صرف تکبیر ہی کہی قراءت کو دوبارہ

لانها

لانها تمت وبعد التمام لا يقبل النقض بالاعادة بخلاف الاول و الثاني فانها لم تتم فيهما فصار كانه لم يشرع
اسواسطی کہ قرارت پوری ہوگئی اور پوری ہونی کی بعد ہٹانی سی نقض نہیں ہوسکتا برخلاف پہلی صورت اور دوسری صورت کی کیونکہ قرارت دونو صورتون مین پوری نہین

فيها فيعيدها رعاية للترتيب ثم يخطب بعد الصلوة خطبتين يبدأ فيهما بالتكبير ويفصل بينهما
شروع نہین کی سو قرارت کو ترتیب کی واسطی ہٹادی پہر امام نماز کی بعد دو خطبہ پڑہی دونو خطبہ تکبیر سی شروع کری اور دونو خطبون مین اتنی دیر

بجلسة خفيفة مقدارها ان يستقر كل عضو منه في موضعه ويسن فيهما ما يسن في خطبة الجمعة
جلسہ خفیف کری کہ جوڑ توڑ بدن کی اپنی اپنی جگہ درست ہو جاوین اور اس خطبہ مین وہ ہی امر مسنون ہی جو جمعہ کی خطبہ مین مسنون ہی

ويكره فيها ما يكره فيها وفي هذه العيد يعلم فيها احكام صدقة الفطر ومن لم يدرك صلوة العيد مع الامام
اور وہ ہی امر مکروہ ہی جو جمعہ کی خطبہ مین مکروہ ہی اور اس عید یعنی عید الفطر میں خطبہ کی اندر فطرہ کی احکام لوگون کو سناوی اور جسکو عید کی نماز امام کی سا تہہ

لا يقضيها ومن ادرك الامام في الركوع كبر للافتتاح قائما لان تكبيرة الافتتاح شرع في القيام المحض ثم
اتہہ نہ آوی تو اوسپر قضا نہیں ہی اور جسنی امام کو رکوع مین پایا تو اول حالت قیام مین تکبیر تحریمہ کہی اسواسطی کہ تکبیر تحریمہ صرف حالت قیام ہی مین جایز رکہی گئی

للعيد ان ظن انه يدرك الامام في الركوع لان المحل الاصلي لتكبيرات العيد القيام المحض وان خاف فوت
پہر عید کی تکبیرین کہی اگر یہ معلوم ہو کہ تکبیرین عید کی کہہ کر بہی رکوع مین امام کی سا تہہ شامل ہو جاویگا اسلئی کہ اصلی جگہ عید کی تکبیرون کی صرف قیام ہی اور اگر یہ خوف ہو

الركوع مع الامام يكبر للركوع ويركع ثم يكبر تكبيرات العيد في الركوع لانها واجبة والاشتغال بها اولى
کہ تکبیرین کہنی مین امام کی سا تہہ رکوع ہاتہہ نہین آویگا تو بعد تکبیر تحریمہ کی تکبیر رکوع کی کہہ کر رکوع مین چلا جاوی پہر رکوع مین جا کر تکبیرین عید کی ادا کری اسلئی کہ عید کی

ويترك تسبيحات الركوع لكونها سنة ولا يرفع يديه في الركوع لان الرفع سنة ووضع الكف على الركبة سنة
اور تسبیحات رکوع کی ترک کردی اسواسطی کہ سنت ہین اور رکوع مین رفع یدین بہی موقوف رکہی اسواسطی کہ رفع یدین سنت ہی اور ہاتہون کا گہٹنون پر رکہنا بہی سنت

ايضا ولا وجه لاشتغال سنة فيه ترك سنة اخرى واذا رفع الامام راسه فيسقط عنه ما بقي من التكبيرات
ہی اسکی کوئی وجہ نہین کہ ایک سنت کو اپنی موقع سی چہوڑ کر دوسری سنت ادا کری اور جب امام کہڑا ہو جاوی تو پہر اوسکی ذمہ سی جو تکبیر عید کی رہ گئی ہو ساقط ہو جاتی

فلا يتمها في الركوع ولا في القومة بل يسارع في متابعة الامام لانها فرض فلا يترك للواجب ولو ادرك الامام
اب اوس تکبیر کو نہ تو رکوع مین پوری کری اور نہ قومہ مین بلکہ امام کی متابعت کی لئی جلد رکوع سی کہڑا ہو جاوی کیونکہ متابعت فرض ہی واجب کی واسطی ترک نہین ہوسکتی اور اگر

في القومة لا يكبر فيها لانه يقضي تلك الركعة مع التكبيرات ومن فاتته ركعة اذا قام الى قضاء ما سبق يبدأ
امام کو قومہ مین پایا تو قومہ مین تکبیر عید کی نہ کہی کیونکہ اس رکعت کو مع تکبیرات قضا کریگا اور جسکی ایک رکعت فوت ہو جاوی تو جب فائتہ کو قضا کرنی کو کہڑا ہو تو اول قرارت

بالقراءة ثم يكبر بعدها تكبيرات العيد ويركع ولو ادرك الامام في التشهد وبعد السلام في سجدة السهو فانه يقوم
شروع کری پہر بعد قرارت کی تکبیرین عید کی ادا کری پہر رکوع مین جاوی اور اگر امام کو التحیات مین پایا یا سلام کی بعد سہو کی سجدہ مین پایا تو اب یہ کہڑا ہو کر

ويصلي باتيان التكبير في محلها ويستحب تاخير الصلوة في هذا العيد وتعجيلها في عيد الاضحى وفي
نماز پڑہی اور تکبیرین عید کی اپنی ٹہکانی سر کہی اور اس عید کی نماز مین کچہ تاخیر کرنی مستحب ہی اور عید الاضحی مین شتابی کرنی مستحب ہی اور

القنية تقدم صلوة العيد على صلوة الجنازة اذا اجتمعا وصلوة الجنازة على الخطبة وفي البزازية اذا اجتمع
قنیہ مین ہی کہ جنازہ اور عید کی نماز اگر جمع ہو جاوین تو عید کی نماز پہلی پڑہین پہر جنازہ کی پڑہین پہر خطبہ عید کا پڑہین اور بزازیہ مین ہی اگر عید

العيد والكسوف يقدم العيد لانه واجب كما يقدم على الجنازة لكون وجوبه عينا ووجوب الجنازة كفاية
اور نماز کسوف جمع ہو جاوین تو عید کی نماز پہلی پڑہین کیونکہ عید کی نماز واجب ہی چنانچہ جنازہ کی نماز پر مقدم ہی اسواسطی کہ عید کی نماز واجب عینی ہی اور جنازہ کی نماز

ويكره التنفل في المصلى قبل صلوة العيد وبعدها للامام وغيره وان غم هلال الفطر وشهد الشهود بعد الزوال
واجب کفایہ ہی اور عیدگاہ مین جا کر عید کی نماز سی پہلی نفلین پڑہنی مکروہ ہین اور بعد نماز عید کی امام وغیرہ خواص کو مکروہ ہین اور اگر انتیسوین کو کہنا چہا جاوی اور گواہ آکر

عند الامام برویة الهلال فانه یصلی بالناس صلوة العید من الغد لان هذا تاخیر بعذر وقد روی
امام کی پاس چاند کی گواہی دین تو اب امام عید کی نماز لوگون کو اگلی دن یعنی دوسری تاریخ پڑہا دی کیونکہ لاچاری مین تاخیر ہوئی اور روایت ہی

ان قوما شهد ولعند رسول الله صلی الله علیه وسلم بعد الزوال برویة الهلال فامر النبی علیه السلام
که ایک قوم نی پیغمبر صلی الله علیه وسلم کی خدمت مین آکر دوپہر ڈہلی چاند کی گواہی دی تہی تو نبی صلی الله علیه وسلم نی حکم فرمایا تہا

بالخروج الی المصلی من الغد واما التاخیر بغیر عذر فلا یجوز وان حدث عذر یمنع من الصلوة بعد
که کل یعنی دوسری تاریخ عیدگاہ مین چلین اور بی عذر تاخیر کرنی جایز نہین ہی اور اگر ایسا عذر پیش آدی کہ جسمین اگلی دن بہی نماز نہوسکی

الغد لا یصلی بعده لان الاصل فیها ان لا یصلی فی الیوم الثانی ایضا لکون یوم الفطر واحدا لکن قد ورد
تو پہر نماز نہین ہی کیونکہ اصل اسمین یہہ ہی کہ اگلی روز بہی نماز نہ پڑہین کیونکہ یوم فطر ایک ہی ہی لیکن حدیث شریف مین

الحدیث بالتاخیر الی الیوم الثانی عند العذر فبقی ما وراءه علی قضیة القیاس ثم ینبغی ان یعلم
اگلی دن تک کی تاخیر عذر کی حالت مین آگئی ہی سو اوسکی بعد قیاس کی مطابق ممنوع ہی پہر سمجہنی کی بات ہی

ان رویة الهلال وان کان سببا لوجوب الصوم والفطر لقوله علیه السلام صوموا لرویته وافطروا
چاند کی دیکہنی سی اگرچہ روزہ رکہنا ہی اور روزہ افطار کرنا ہی واجب ہوجاتا ہی کیونکہ نبی علیه السلام نی فرمایا ہی روزہ رکہو چاند دیکہہ کر اور افطار

لرویته لکن العمل به لا یلزم الا بعد قضاء القاضی ولهذا یلزم المراجعة الیه ثم انه اذا کان فی السماء
چاند دیکہہ کر پر عمل اس حدیث کی موافق بدون حکم قاضی کی نہین ہوتا اسہیواسطی قاضی کی پاس مراجعت کرنی چاہی پہر اگر آسمان مین کچہہ

علة سواء کان غیما او دخانا او بخارا او غبارا ونحو ذلك لا یقبل فی هلال الفطر الا شهادة رجلین
علت ہو برابر ہی کہ ابر ہو یا دہوان ہو یا بخار ہو یا گرد غبار ہو یا مانند اسکی تو ہلال فطر مین گواہی مقبول نہین ہوگی بدون دو مردون

او رجل وامراتین وکما یشترط فیه العدد یشترط الحریة والعدالة ولفظ الشهادة لتعلق حق العباد به لانهم
یا ایک مرد اور دو عورتون کی اور جیسی یہہ عدد شرط ہی ایسی ہی یہہ شرط ہی کہ گواہ ازاد عادل ہون اور لفظ شہادت کا ہو کیونکہ اس سی حق العباد متعلق ہین

ینتفعون به فیثبت بما یثبت به سائر حقوقهم بخلاف هلال رمضان فانه المتعلق به حق الشرع وهو
اونکا اسمین نفع ہی سو عید کا چاند اسیطور پر ثابت ہوگا جسطور اونکی تمام حقوق ثابت ہوتی ہین برخلاف چاند رمضان کی کیونکہ اس چاند سی صرف حق شرع کا تعلق ہی

الصوم فیکتفی فیه بخبر الواحد العدل حرا کان او عبدا ذکرا کان او انثی واما اذا لم یکن فی السماء علة فلا یقبل
روزہ سو اسمین ایک شخص عادل کی خبر بہی کافی ہی ازاد ہو یا غلام مرد ہو یا عورت ہان اگر آسمان صاف ہو کچہہ روک نہو تو اب

شهادة الواحد فی هلال رمضان ولا شهادة الاثنین فی هلال الفطر وانما تقبل شهادة جمع کثیر یقع العلم بخبرهم
ایک شخص کی رمضان کی چاند مین اور گواہی دو شخصون کی عید الفطر کی چاند مین مقبول نہین ہوگی اب گواہی بہت انبوہ کی مقبول ہوگی جنکی خبر سی یقین آجاوی

واختلفوا فی مقدار ذلك فقیل لا بد من اهل محلة وقیل لا بد من خمسین رجلا وعن محمد لا بد ان یتواتر
انبوہ کی مقدار مین اختلاف ہی بعضی کہتی ہین ایک محلہ والی چاہیین اور بعضی کہتی ہین پچاس مرد چاہیین اور امام محمد سی روایت ہی کہ ہر طرف سی

الخبر من کل جانب والصحیح انه مفوض الی رای الحاکم لان المراد بالعلم الحاصل بخبرهم العلم الشرعی الموجب
خبر پی آنا چاہی اور صحیح مذہب یہہ ہی کہ حاکم کی رای پر حوالہ ہی اسواسطی کہ جو علم اونکی خبر سی حاصل ہوتا ہی تو اوس سی علم شرعی مراد ہی جس سی عمل

للعمل وهو غلبة الظن لا العلم بمعنی الیقین ومن رای هلال الفطر وحده وشهد عند القاضی ولم یقبل
کرنا واجب ہوجاوی یعنی ظن غالب ہوجاوی علم یقین کی درجہ کا مراد نہین ہی اور اگر کسی نی عید کا چاند اکیلی نی دیکہا اور قاضی کی روبرو جاکر گواہی دی پر اوسکی گواہی

شهادته فانه یصوم ولا یفطر وان افطر یقضی ولا کفارة علیه ولو رای الامام هلال الفطر وحده لا یفطر
نہ مقبول ہوئی تو اوسکو چاہی کہ روزہ رکہی افطار نکری اور اگر افطار کیا تو قضا کری اور اوسپر کفارہ نہین ہی اور اکیلی امام نی اگر عید کا چاند دیکہا تو افطار نکری

ولا یخرج لصلوة العید ومن رای هلال الفطر وقت العصر فظن انقضاء مدة الصوم وافطر قال فی المحیط اختلفوا
اور عید کی نماز کو بھی نجاوی اور اگر کسی نی عید کا چاند عصر کی وقت دیکھکر اس خیال سی کہ مدت روزوں کی تمام ہوئی روزہ افطار کرڈالا محیط مین کہتا ہی
فی وجوب الکفارة والاکثر علی الوجوب ولو ان اهل بلدة راوا هلال رمضان صاموا تسعة وعشرین
کہ بابت وجوب کفارہ کی اختلاف ہی اکثر فقیہ کفارہ واجب بتاتی ہین اور اگر ایک شہر والون نی رمضان کا چاند دیکھکر انتیس روزی رکھی تھی
یوما فشهد جماعة عند القاضی فی الیوم التاسع والعشرین ان اهل بلدة کذا راوا هلال رمضان فی
کہ اسمین ایک گروہ نی قاضی کی پاس انتیسوین تاریخ آکر گواہی دی کہ فلانی شہر والون نی رمضان کا چاند فلانی شب مین تمسی ایک دن پہلی
لیلة کذا قبلکم بیوم فصاموا وهذا الیوم یوم الثلثین من رمضان واهل هذه البلدة لم یروا الهلال
دیکھکر روزی رکھی ہین اور آج رمضان کی تیسوین تاریخ ہی فقط اور حال یہہ ہی کہ اس شہر والون کو اوس شب مین چاند نہین نظر آیا تھا
فی تلك اللیلة والسماء مصحیة لایباح لهم الفطر غدا ولا یترك التراویح لان هذه الجماعة لم یشهدوا بالرویة
باوجودیکہ آسمان صاف تھا تواب ان لوگون کو اگلی دن افطار کرنا مباح نہین اور نہ تراویح ترک کرین اسلئی کہ اس گروہ نی نہ چاند دیکھنی کی گواہی دی ہی
ولا علی شهادة غیرهم وانما حکوا رویة غیرهم واما لو کان شهدوا عند القاضی ان قاضی بلدة کذا
اور نہ اورونکی گواہی پر گواہی دی ہی صرف اورون کی رویت کا حال بیان کیا ہی ان اگر قاضی کی سامنی یہہ گواہی دیتی کہ فلانی شہر کی قاضی کی سامنی
شهد عنده شاهدان برویة الهلال فی لیلة کذا وقضی ذلك القاضی بشادتهما جاز لهذا القاضی ان
دو گواہون نی فلانی شب مین چاند دیکھنی کی گواہی دی تھی اور اوس قاضی نی اونکی گواہی کی موافق حکم جاری کیا تو اب اس قاضی کو بھی جایز ہوتا کہ انکی گواہی کی موافق
یقضی بشهادتهم لان قضاء القاضی الاول حجة فیجوز العمل به یسرنا الله تعالی عملا موافقا لرضائه بلطفه
حکم کردیتا اسواسطی کہ پہلی قاضی کا حکم حجت ہی اوسپر عمل کرنا جایز ہی الہی ہمپر آسان کر اعمال اپنی موافق رضا کی اپنی لطف اور
وکرمه امین یا معین

المجلس الثالث والثلثون فی بیان فضیلة صوم شوال

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
کرم سی قبول کر یا مددگار تینتیسوین مجلس مین بیان روزہ ماہ شوال کی فضیلت کا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی
من صام رمضان ثم اتبعه ستا من شوال کان کصیام الدهر هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه
جس نی رمضان کی روزہ رکھی پہر اوسکی پیچھی چھہ روزہ شوال کی رکھی تو ایسا ہی جیسی تمام سال کی روزی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ اور
ابو هریرة وابو ایوب الانصاری وانما کان ذلك کصیام الدهر لان الحسنة تضاعف بعشر امثالها
ابو ایوب انصاری کی روایت ہی اور یہہ روزی مانند روزون سال کی اسلئی ہین کہ حسنات دس گونہ زیادہ ہوتی ہین
فمن صام رمضان بصیر کانه صام عشرة اشهر ثم اذا صام بعده ستة ایام من شوال بصیر
پہر جسنی رمضان کی روزی رکھی تو گویا دس مہینی کی روزی رکھی پہر اگر بعد اوسکی شوال مین چھہ روزی رکھی تو
کانه صام شهرین فیکون المجموع کاثنی عشر شهرا فان قیل یفهم من هذا الکلام ان المراد من الدهر
گویا دو مہینی کی روزی رکھی پہر سب ملکر گویا بارہ مہینی کی روزی ہوئی اگر اعتراض کرین کہ اس کلام سی یہہ سمجھا جاتا ہی کہ دہر سی مراد
السنة لکن استعمال الدهر بمعنی السنة غیر متعارف فی کلامهم بل هو عند اهل اللغة یطلق علی الابد
ایک سال ہی پہر دہر کا استعمال سال کی معنون مین عرب کی کلام مین پایا نہین جاتا بلکہ دہر کی لفظ کو لغت والی زمانہ ابدی پر بولتی ہین
وقد اتفق ابو حنیفة وصاحباه علی ان الدهر المعرف باللام یکون للعمر فالظاهر ان یحمل علی مدة العمر
اور امام ابو حنیفہ اور صاحبین اس بات پر متفق ہین کہ دہر کا لفظ الف لام کی ساتھہ یعنی الدهر تمام عمر کی معنون مین ہی تو اب ظاہر یون معلوم ہوتا ہی کہ تمام عمر کی
ولا وجه لحمله علی السنة فالجواب ان الحمل علی السنة هو الحمل علی مدة العمر لان المکلف لا بدله ان یصوم
معنی مین ایک سال کی معنون کی کوئی وجہ نہین ہی تو جواب یہہ ہی کہ سال کی معنی لینی یہہ ہی معنی مدت عمر کی ہین اسواسطی کہ مکلف آدمی کو ضرور ہی کہ رمضان کی روزی

رمضان ثم اذا اعتاد ان يصوم بعده ستة ايام من شوال يكون كمن صام مدة عمره فان قيل
رکہی پہر جب یہہ عادت ہوئی کہ بعد اوسکی شوال مین چہہ روزی رکہا کری تو ایسا ہی کہ اپنی تمام عمر روزی رکہی اگر کوئی اعتراض کری

من صام شهرا كاملا اي شهر كان ثم صام بعده ستة ايام يكون كصيام سنة بمقتضي قوله تعالى
جب کوئی کسی ایک پوری مہینی کی روزی رکہی پہر اوسکی بعد چہہ روزی اور رکہی تو یہہ بہی برابر ایک سال کی ہونگی موافق مضمون اس آیت کی

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا فما وجه تخصيص رمضان وشوال بالذكر فالجواب ان شهر
جوکوئی لاویگی ایک نیکی اوسکو ہی اوس سی دس گونہ پہر خاص رمضان اور شوال کی ذکر کرنی کی کیا وجہ ہی تو جواب یہہ ہی کہ رمضان کا

رمضان متعين للصوم وشهر شوال لوقوعه عقيبه كان صيامه كصيامه في الفضل وملحقا به في الشرف
مہینہ روزوں کی لئی متعین چلا آتا ہی اور شوال کا مہینا چونکہ اوسکی بعد اوس سی متصل ہی تو شوال کی روزی بہی فضیلت مین رمضان کی مانند ہین اور شرافت مین

حتى قيل صيام ستة ايام من شوال يلتحق بصيام رمضان ويكون لمن صامها مع رمضان كصيام
اوسکی ساتہہ ملی ہوئی ہین یہان تک کہ کہتی ہین چہہ روزی عید کی چاند کی رمضان کی روزون مین داخل ہین اور جوکوئی شوال کی چہہ روزی ہمراہ رمضان کی ادا کری اوسکو ایسا ثواب

الدهر فرضا فلذلك خصّ ايامها بالذكر من بين سائر الشهور ثم الافضل ان يكون صومها بعد يوم الفطر
ہی گویا تمام سال کی فرض روزی ادا کئی اس لئی خاص ان دونو مہینوں کا تمام مہینوں مین سی ذکر کیا پہر افضل یہہ ہی کہ روزی شوال مین بعد عید الفطر کی

متوالية وحكي عن بعض العلماء كراهة صومها متصلا به حزرا عن التشبيه باهل الكتاب في زيادتهم
پی در پی ہوں اور بعضی علما سی مذکور ہی کہ متصل روزی مکروہ ہین تاکہ اہل کتاب کی مشابہت سی بچی اس باب مین کہ اونہوں نی فرض پر بڑہائی ہین

على الفرض لكن لا كراهة فيه في المختار لان الكراهة انما تكون فيما لا يؤمن ان يعد ذلك من رمضان
لیکن مختار مذہب مین کچہہ کراہت نہین ہی کیونکہ کراہت تب ہی کہ یہہ خوف ہو کہ یہہ روزی رمضان مین شمار کئی جائیگی

ويكون تشبيها بالنصارى في زيادتهم على الفرض وقد زال هذا المعنى لانتفاء الاتصال بفصل يوم
اور مشابہت نصاری کی فرض پر بڑہالینی مین ہوجائیگی اور یہہ بات کہان رہی جب کہ عید کا روز بیچہن آجانی سی اتصال جاتا رہا

الفطر مع ان كلامهم يشير الى ان الكراهة في حق العوام لا في حق اهل العلم وروى عن ابي حنيفة انه
باوجودیکہ فقہاء کی کلام مین یہہ اشارہ ہی کہ عوام کی حق مین مکروہ ہی اہل علم کی حق مین مکروہ نہین ہی اور روایت ہی ابو حنیفہ سی کہ

كرهه متتابعا ومتفرقا والمتاخرون من علماء مذهبه لم يروا به باسا لكنهم اختلفوا في ان الافضل
مکروہ جانتی تہی پی در پی کو اور جدا جدا کو اور متاخر علماء حنفی مذہب اسمین کچہہ باک نہین جانتی پر اسمین اختلاف کرتی ہین کہ آیا افضل پی در پی ہین

التتابع والتفرق فان فرقها واخرها عن اوائل الشهر يحصل له فضيلة الاتباع ويكون ابعد من شبهة
یا جدا جدا اگر جدا جدا رکہی یا اول ماہ سی گذر کر آخر مہینی مین رکہی تو اوسکو فضیلت اتباع کی ملجاتی ہی اور اختلاف کی شبہ سی بہی الگ رہتا ہی

الاختلاف واما ما قيل هذا شيء وضعه الجهال وكل حديث يروى فيه فهو موضوع فلا ينبغي ان يسمع هذا
اور یہہ جو کہتی ہین کہ یہہ بات جاہلوں کی گہڑت ہی اور جو جو حدیث اس باب مین مروی ہی وہ سب موضوع ہین تو یہہ طعن سننی کی لایق

الطعن لان هذا الحديث ثابت في صحيح مسلم وكل حديث ثبت في احدى الصحيحين لا يسمع طعن الوضع فيه
نہین ہی کیونکہ یہہ حدیث صحیح مسلم مین موجود ہی اور جو حدیث صحیح مسلم یا صحیح بخاری مین موجود ہو اوسمین عیب وضعی ہونیکا مسموع نہین ہی

ثم ينبغي ان يعلم ان بعض الناس كانوا لا يرون يمنا في التزوج في شوال ويتطيرون به وهذا من امر الجاهلية
پہر سمجہنی کی بات ہی کہ بعضی آدمی شوال مین نکاح کرنیکو مبارک نہین جانتی اسمین بدفالی لیتی ہین سو یہہ بات جاہلیت کی ہی

فانهم كانوا يتشاءمون بشوال من النكاح فيه وسبب ذلك على ما قيل ان طاعونا وقع في شوال في سنة
جاہلیت والی شوال مین نکاح کرنیکو نحس جانتی تہی اسکا سبب یہہ کہتی ہین کہ ایک سال مین ماہ شوال کی اندر وباء طاعون پیدا ہوئی تہی

من السنين ومات فيه كثير من العرايس فتشاءم به اهل الجاهلية وقد ورد فى الشرع بابطاله
اوسمین بہت نئی دلہنین مرگئی تہین سو اہل جاہلیت نی اسکو نحس ٹہرالیا اور شرع مین اسکا بطلان ظاہر موجود ہی
كما روى عن عائشة انها قالت تزوجنى رسول الله صلى الله عليه وسلم فى شوال وبنى بى فى شوال فاىّ
چنانچہ عائشہ سی روایت ہی کہ وہ کہتی ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی مجہسی ماہ شوال مین نکاح کیا اور ماہ شوال مین مجہسی مجامعت کی پہر کونسی
نساء رسول الله صلى الله عليه وسلم كان احظى عنده منى قال النووى انها قصدت بهذا رد ما كان عليه
بی بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجہہ سی زیادہ بہرہ مند تہی نووی کہتا ہی کہ عائشہ کا مقصود اس بیان سی رد کرنا اعتقاد
اهل الجاهلية من تطير التزوج فى شوال فانهم كانوا تتشاءمون بشهر شوال فى النكاح فيه خاصة كما كانوا يتشاءمون
اہل جاہلیت کا ہی یعنی ماہ شوال مین نکاح کرنیکی بدشگونی کیونکہ اہل جاہلیت ماہ شوال مین صرف نکاح کرنیکو نحس جانتی تہی جیسی ماہ صفر کو
بشهر صفر مطلقا ويقولون انه شهر مشئوم وكثير من الناس فى هذا الزمان يوافقونهم ويتشاءمون
مطلق سب باب مین منحوس جانتی تہی اور کہتی تہی کہ یہہ مہینہ منحوس ہی اور بہت لوگ اس زمانہ مین بہی اونکی ساتہی بنکر ماہ صفر کو منحوس سمجہتی ہین
بشهر صفر ويمتنعون فيه عن السفر والتزوج وغيرهما فان تخصيص الشوم بزمان دون زمان كشهر شوال
اور اس مہینی مین سفر اور نکاح وغیرہ نہین کرتی بیشک خصوصیت نحوست کی کہ کسی وقت ہو اور کسی وقت نہو جیسی ماہ شوال
وغيره غير صحيح فان الزمان كله من خلق الله تعالى ويقع فيه افعال العباد فكل زمان شغله العبد بطاعة
وغیرہ مین صحیح نہین ہی کیونکہ تمام زمانہ اللہ تعالی کا پیدا کیا ہوا ہی جسمین تمام عباد اللہ کار بار کرتی ہین سو جس زمانہ کو آدمی عبادت مین صرف کری
فهو زمان مبارك عليه وكل زمان شغله العبد بمعصية فهو زمان مشئوم عليه والشوم واليمن
وہ زمانہ اوسپر مبارک ہی اور جس زمانہ کو آدمی معصیت مین صرف کری وہ زمانہ اوسکی حق مین نحس ہی اور نحس اور مبارک
فى الحقيقة هو المعصية والطاعة كما قال عدى بن حاتم يمن المرء وشومه بين لحييه يعنى لسانه
حقیقت مین معصیت اور طاعت ہی چنانچہ عدی ابن حاتم کہتا ہی آدمی کی برکت اور نحوست دونو جبڑون مین ہی مراد زبان ہی
وقال ابن مسعود ان كان الشوم فى الشئ ففيما بين اللحيين يعنى اللسان وما شئ احوج الى طول السجن
اور ابن مسعود کہتی ہین اگر کسی چیز مین نحوست ہوا کرتی تو اسمین ہوتی جو دونو کلون مین ہی یعنی زبان اور کوئی چیز سوا زبان کی ایسی نہین جو قید کی زیادہ محتاج
من اللسان وروى عن عائشة انه عليه السلام قال الشوم سوء الخلق فلا شوم فى الحقيقة الا المعاصى و
ہو اور حضرت عائشہ سی روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا نحوست بدخلقی ہوتی ہی سو اب حقیقت مین نحوست سوای معاصی اور
الذنوب فانه تسخط الله تعالى فانه تعالى اذا سخط على عبد يكون ذلك شقيا فى الدنيا والاخرة واذا
گناہون کی کوئی چیز نہین ہی کیونکہ گناہ سی اللہ تعالی بیزار ہوتا ہی اور اللہ تعالی اگر کسی بندہ سی بیزار ہو تو وہ بندہ دنیا اور آخرت مین بدبخت ہی اور اگر
رضى عن عبد يكون ذلك العبد سعيدا فى الدنيا والاخرة وبعض الصالحين قد شكى اليه عن
کسی بندہ سی راضی ہو تو وہ بندہ دنیا اور آخرت مین نیکبخت ہی اور بعض صلحاء کی پاس عام مصیبت کی جسمین
بلاء وقع الناس فيه فقال ما ارى ما انتم فيه من البلاء الا بشوم الذنوب فعلى هذا يكون
تمام خلق گرفتار تہی شکایت کی جواب دیا جس بلا مین تم گرفتار ہو مجہکو سوا نحوست گناہونکی معلوم نہین ہوتی اس حکایت کی موافق
المعاصى مشئوما على نفسه وعلى غيره فانه لا يؤمن ان ينزل عليه عذاب فيعم الناس
نافرمان بندہ آپ اپنی جان پر اور سب پر منحوس ہی کیا بعید ہی کہ اوسپر عذاب نازل ہو پہر سبکو پکڑلی
خصوصا من لم ينكر عمله فالبعد عنه لازم وكذلك الاماكن التى يفعل فيها المعاصى
خاص اون لوگون کو جو اوسکی عمل سی انکار نہین کرتی سو اوس سی دور رہنا لازم ہی ایسی ہی اون مکانون سی جہان معاصی عمل مین آتی ہین

يلزم البعد عنها والهرب منها خشية نزول العذاب على من كان فيها كما قال النبي صلى الله عليه وسلم لاصحابه
دور رہنا اور بہاگنا چاہئی اس خوف کی مارا کہ مبادا جو جو اوس مکان مین ہین سب پر عذاب نازل ہو چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اپنی یارون کو
حين مر على ديار ثمود بالحجر لا تدخلوا اماكن هؤلاء المعتدين الا ان تكونوا باكين خشية ان يصيبكم ما اصابهم
منع فرمایا جب وہ حجر مین دیار قوم ثمود پہ گذری کہ ان لوگون حد سی بڑہی ہوونکی مکانون مین داخل نہونا مگر روتی ہوئی اس خوف کی ماری مبادا تمپر بہی وہ عذاب
فان هجران اهل العصيان من جملة الهجرة المامور بها التي سبب لمغفرة الذنوب والخطايا الا ترى ان الذي
جو اونپر آیا تہا آجاوی بیشک اہل عصیان سی ملاپ ترک کرنا ہجرت مین داخل ہی جسکا حکم ہی اور باعث بخشش ذنوب اور خطا کا ہی کیا تجکو معلوم نہین کہ جسنی
قتل مائة نفس من بني اسرائيل سئل عالما من علماءهم هل له توبة فقال له العالم نعم وامره ان ينتقل من
سو آدمی بنی اسرائیل کی قتل کر کر اپنی عالمون مین سی ایک سی پوچہا آیا میری کوئی توبہ ہی عالم نی اوسکو جواب دیا ہان اور اوسکو بتایا کہ مفسد
قرية الفساد الى قرية الصلاح وادركه الموت بينهما واختصم فيه ملئكة الرحمة وملئكة العذاب فاوحى
گانو مین سی صالح گانو مین چلا جا پہر وہ دونو گانون کی بیچمین جاتا ہوا مر گیا اب رحمت اور عذاب کی فرشتون مین جہگڑا ہوا کہ دونو مین سی اسکو کون لی
الله اليهم ان قيسوا بينهما والى ايهما كان اقرب الحقوه بها فوجدوه الى القرية الصالحة اقرب برمية الحجر فالحقوه
اور اللہ تعالی نی اونکو وحی بہیجی کہ پیمایش کر کر دیکہو جدہر نزدیک ہو ادہر ملا دو پہر اوسکو صالح گانو کی طرف اتنا نزدیک پایا جتنا ڈہیلا پہینکتی ہین
بها برحمة الله تعالى ومغفرته

المجلس الرابع والثلثون في بيان فضيلة العشر الاول من ذي الحجة

سو اللہ کی رحمت اور مغفرت سی ادہر ہی ملا دیا

چونتیسوین مجلس ماہ ذی الحجہ کی پہلی عشرہ کی فضیلت کی بیان مین

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من ايام العمل الصالح فيهن احب الى الله تعالى من هذه الايام
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کوئی دن ایسی نہین ہین جنمین عبادت اللہ تعالی کو محبوب تر ہو بہ نسبت ان دنون کی
هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابن عباس والمراد من هذه الايام العشر الاول من ذي الحجة بدليل قوله عم
یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابن عباس کی روایت سی اور مراد ہذہ الایام سی ذی الحجہ کا پہلا دہا ہی اسواسطی کہ اور حدیث مین ارشاد ہی
في حديث اخر ما من ايام احب الى الله تعالى ان يتعبد له فيها من عشر ذي الحجة يعدل صيام كل يوم منها
کوئی دن نہین ہین کہ اللہ تعالی کو اپنی عبادت اونمین محبوب تر ہو بہ نسبت عشرہ ذی الحجہ کی کہ اسمین سی ہر روز کا روزہ برس دن کی روزون کی برابر
بصيام سنة وقيام كل ليلة منها بقيام ليلة القدر وانما كان العمل الصالح في هذه الايام افضل لانها ايام
اور ہر شب کا قیام قیام لیلة القدر کی برابر ہوتا ہی اور ان دنون مین عمل صالح اسلئی افضل ہی کہ یہہ دن بیت اللہ
زيارة بيت الله تعالى والمسجد الحرام والبلد الحرام والوقت اذا كان افضل يكون العمل الصالح فيه افضل
اور مسجد حرام اور مکہ کی زیارت کی ہین اور وقت جب افضل ہوتا ہی تو اسمین عمل صالح بہی افضل ہوتا ہی
وروى عن ابي الدرداء انه قال عليكم بصوم ايام العشر واكثار الدعاء والاستغفار والصدقة فيها فاني
اور ابو درداء سی روایت ہی کہ کہتی تہی اپنی اوپر روزی ان دس دن کی اور بہت دعا اور استغفار اور خیرات لازم کرلو کیونکہ مینی
سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم الويل لمن حرم خير ايام العشر وعليكم بصوم اليوم التاسع خاصة فان فيه
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی سنا ہی افسوس ہی اوس شخص پر جو ان دس دن کی خوبی سی محروم رہا اور اپنی اوپر خاص کر نوین تاریخ کا روزہ لازم کرلو کیونکہ اسمین
من الخيرات اكثر من ان يحصيها العادون وروى انه عليه السلام قال يوم عرفة احتسب على الله تعالى ان يكفر السنة
اسقدر خوبی ہی کہ شمار کرنیوالون کی اندازہ سی بڑہتی ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا مین ایسا گمان کرتا ہوں کہ عرفہ کا دن ایک سال گذشتہ
التي قبلها والسنة التي بعدها يعني ان من صام يوم عرفة ارجو من الله تعالى ان يغفر ذنوبه الصغائر
اور ایک سال آیندہ کا کفارہ ہو جاوی مراد یہہ ہی کہ جسنی نوین تاریخ ذی الحجہ کو روزہ رکہا تو امید ہی اللہ تعالی سی کہ اوسکی تمام صغیرہ گناہ

الواقعة

الواقعة فی السنة الماضیة ویکون فی حفظ الله تعالی وکنفه من اقتراف الذنوب فی السنة الآتیة قال قاضیخان
جو سال گذشتہ مین ہوئی ہین معاف ہو جاوین اور سال آیندہ مین اللہ تعالی کی حفاظت مین رہی کہ گناہ اوس سی تمام سال مین نہونی پائین قاضیخان
فی فتاواہ ولا باس بصوم یوم عرفة سواء کان فی الحضر او السفر اذا کان یقوی علیه ویکره صوم عرفة بعرفات وکذا
اپنی فتاوی مین کہتا ہی عرفہ کی دن کی روزہ مین کچہ مضائقہ نہین ہی برابر ہی مقیم ہو یا مسافر ہو اگر روزہ رکہنی کی طاقت رکہتا ہی اور عرفات مین عرفہ کی دن کا روزہ مکروہ ہی اور ایسی
یوم الترویة لانه یعجز عن اداء افعال الحج فاذا اراد العبد ان ینال الثواب والفضائل التی ذکرها النبی علیه السلام
ذیحجہ کی آٹہوین تاریخ کا روزہ اسلئی کہ ارکان حج کی ادا کرنی سی تہک رہی کا اگر آدمی یہہ آرزو کری کہ وہ ثواب اور فضیلت جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی ذکر فرمائی ہی حاصل کرون
ینبغی له ان یعرف حرمة الوقت وشرفه ویحفظ فیه لسانه عن الکذب والغیبة وقبیح الکلام وجوارحه عن الخطایا
تو یون چاہئی کہ وقت کی عزت اور شرافت کا لحاظ رکہی اوسمین اپنی زبان کو جہوٹہ اور غیبت اور بیہودہ کلام سی بند رکہی اور اپنی اعضا آنکہ ہاتہ وغیرہ کو خطاسی بچاوی
والآثام وقلبه عن العجب والکبر وعداوة الانام هذا ما بینه النبی علیه السلام من العبادة فی یوم عرفة واما الاجتماع
اور اپنی دل کو غرور اور تکبر اور خلقت کی دشمنی سی نگاہ رکہی عرفہ کی دن مین یہہ عبادت ہی جو نبی علیہ السلام نی فرمائی ہی اور اوس دن مین جمع ہو کر
فی ذلک الیوم فی الجامع او فی مکان خارج المصر تشبیها بالواقفین فلیس بشیء لان الوقوف عبادة مخصوصة بعرفات
مسجد جامع مین یا جنگل مین کسی مکان کی اندر انبوہ کرنا عرفات والون کی مشابہت کی لئی صرف بی اصل ہی اسواسطی کہ وقوف بعرفات عبادت مخصوصہ عرفات پر ہی
فلا یکون عبادة فی غیرها کسائر المناسک حتی ان احدا طاف حول المسجد سوی الکعبة یخشی علیه الکفر وروی عن
سو وہ اور کسی جگہہ عبادت نہین ہوسکتی جیسی حج کی اور احکام یہان تک اگر کوئی شخص کسی مسجد کی گرد طواف کری سوای کعبہ کی تو کفر کا خوف ہی اور ام سلمہ سی
ام سلمة انه علیه السلام قال اذا دخل العشر واراد ان یضحی فلا یمس من شعره وبشرته شیئا وفی روایة من رای هلال
روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا جب عشرہ ذی الحجہ کا شروع ہوئی اور قربانی کرنیکا ارادہ ہو تو اپنی بال اور بدن کو کچہ نہ چہوئی اور ایک روایت مین یون ہی جسنی ذی الحجہ کا چاند دیکہا
ذی الحجة واراد ان یضحی فلا یاخذ من شعره واظفاره قال فی شرح السنة اختلف العلماء فی العمل بظاهر هذا الحدیث
اور قربانی کرنیکا ارادہ ہوا تو بال اور ناخن نہ تراشی شرح السنہ مین مذکور ہی علما اس حدیث کی ظاہر پر عمل کرنی مین اختلاف کرتی ہین
فذهب قوم الی ان من یرید التضحیة لا یجوز له بعد دخول العشر ان یاخذ من شعره وظفره ما لم یذبح وقالوا النهی
سو ایک گروہ کا یہہ مذہب ہی کہ جو شخص قربانیکا ارادہ کری تو اوسکو ماہ ذی الحجہ شروع ہونی کی بعد قربانی ذبح کرنی سی پہلی اپنی بال یا ناخن تراشنی جایز نہین ہین اور کہتی ہین کہ ممانعت
فیه للتحریم وکان ابو حنیفة ومالک والشافعی یرون ذلک علی الندب والاستحباب قال فی شرح المنیة یندب لمن
واسطی حرمت کی ہی اور امام ابو حنیفہ اور امام مالک اور امام شافعی اسکو مندوب اور مستحب سمجہتی تہی منیہ کی شرح مین کہتا ہی قربانیکر نیوالی کو مستحب ہی
اراد ان یضحی تاخیر تقلیم الاظفار وحلق الراس الی ان یضحی ولا یجب وان استلزم التاخیر الکراهة لا یؤخرهما
کہ قربانی ذبح کرنی تک ناخن تراشنی اور سر مونڈانی مین تاخیر کری اور واجب نہین ہی اور اتنی تاخیر کرنی مین اگر کراہت لازم آتی ہو تو تاخیر نہ کری اور کراہت یہہ
زاد علی الاربعین اذ قد ذکر فی القنیة ان الافضل للعبد ان یقلم اظفاره ویقص شاربه ویحلق عانته وینظف بدنه
کہ چالیس دن سی زیادہ ہو جاوی اسلئی کہ قنیہ مین مذکور ہی کہ آدمی کو افضل یہہ ہی کہ ہر ہفتہ مین ناخن تراشی اور لبین کترواوی اور موی بہانی مونڈی اور نہا دہو کر بدن کو
بالاغتسال فی کل اسبوع فان لم یفعل ففی کل خمسة عشر یوما ولا عذر فی ترکه وراء الاربعین فالاسبوع هو الافضل
پاک صاف کری پہر اگر ہر ہفتی مین نہو سکی تو ہر پندرہ دن کی بعد اور چالیس دن کی بعد دیر کرنی مین کوئی عذر نہین ہی پس ہفتہ تو افضل مدت ہی
والخمسة عشر الاوسط والاربعون الابعد ولا عذر له فیما وراء الاربعین ویستحق الوعید ثم ان النهی لیس للتشبه
اور پندرہ دن مدت درمیانہ ہی اور چالیس دن انتہا کی مدت ہی پہر چالیس دن کی بعد کوئی عذر نہین ہی پہر سزاوار وعید کا ہی پہر یہہ ممانعت بال مونڈانی کی اس لئی نہین ہی
بالحجاج المحرمین کما ذهب الیه بعض العلماء اذ لو کان للتشبه لشاع فی سائر محظورات الاحرام ولم یختص بأخذ من اجزاء
کہ حجاج احرام والون سی مشابہت پیدا ہو چنانچہ بعضی علما کا یہہ مذہب ہی کیونکہ اگر ممانعت مشابہت کی لئی ہوتی تو احرام کی تمام ممنوعات مین یہہ جاری ہوتی جیسی شکار قتل جوان وغیرہ

البدن بل علة النهي على ما ذكره التوربشتي ان المضحي يجعل ضحيته فدية يفتدي بها نفسه من عذاب
خاص نہوتی بلکہ نہی کی علت موافق بیان توربشتی کی یہہ ہی کہ قربانی کرنیوالا اپنی قربانی کو قیامت کی عذاب سی اپنی جان کا عوض دیتا ہی اوراس سی قربت الٰہی
يوم القيمة ويزداد بها قربة الى الله تعالى فكان بما اكتسب من السيئات وبما اتى به في حقوق الله تعالى من
زیادہ حاصل ہوتی ہی سوگویا کہ برائیاں کرکر اور حقوق الله مین کوتاہی برت کر
التقصيرات رأى نفسه مستوجبة لاعظم العقوبات وهو القتل غير انه احجم عن الاقدام عليه لانه لم يأذن
اپنی جان کو بڑی سی بڑی عذاب یعنی قتل کا سزاوار جانتا ہی پر اپنی جان کی قتل کرنی سی بازرہا کہ شرع مین اسکی اجازت نہین ہی
له فيه فيجعل قربانه فداء لنفسه فصار كل جزء من قربانه فداء لكل جزء من بدنه فعمت بركة القربان
اب قربانی کو اپنی جان کا بدلہ دیا سو ہر ہر جز قربانی کا اسکی بدن کی ہر ہر جز کا بدلہ ہی اب قربانی کی برکت تمام اجزاء بدن کو شامل ہوجاتی ہی
جميع اجزاء البدن فلم يخل منها ذرة ولم يحرم منها شعرة فلما كانت هذه الفضيلة ملحقة بالاجزاء المتصلة
کوئی ذرہ بدن کا خالی اور کوئی بال تمام بدن مین سی محروم نہین رہتا اور یہہ فضیلت جو نہین اجزا سی خاص تہی جو قربانی کرنیوالی کی بدن سی متصل ہو
بالمضحي دون المنفصلة عنه رأى النبي عليه السلام ان لا يمس شيئا من شعره وبشرته لئلا يفقد من ذلك
اجزاء منفصل سی نہین ہوتی تو پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا کہ اپنی بال اور بدن کو نہ چہوئی تاکہ کوئی فضیلت بوقت اوترنی رحمت
شئ عند نزول الرحمة وفيضان النور الالهي فيتم له الفضائل وينزع عنه النقائص فعلى هذا ينبغي
اور فیضان نور الٰہی کی کم ہو پہر فضائل تمام پوری ہون اور نقصان کچہ باقی نرہی اب لوگون کو چاہیی
للناس ان يطلبوا هلال ذي الحجة ويعدوا ايامه ليعلموا وقت ذبح الاضحية ويستعدوا لها لكن ثبوت
کہ ماہ ذی الحجہ کا چاند تلاش کیا کرین اور اسکی دن گنتی رہین تاکہ قربانی کی ذبح کا وقت ٹہیک معلوم ہو اور اسکی تیاری کرین لیکن تقرر
رؤية الهلال لما توقف على حكم القاضي لزم المراجعة اليه ثم انه اذا كان في السماء علة سواء كان غيما
چاند کا قاضی کی حکم پر موقوف ہی تو قاضی کی پاس رجوع کرنا لازم ہی پہر اگر آسمان مین کچہہ رکاوٹ ہو برابر ہی کہ ابر ہو
او دخانا او بخارا او غبارا ونحو ذلك لا يقبل الا شهادة رجلين او رجل وامرأتين في ظاهر الرواية وهو الاصح
یا دہوان یا بخار یا غبار یا ایسا ہی اور کچہہ تو ظاہر روایت مین گواہی جب قبول ہوگی کہ دو مرد ہون یا ایک مرد دو عورتین اور یہہ ہی صحیح ہی
لتعلق حق العباد به بالتوسعة بلحوم الاضاحي ويثبت بما يثبت به سائر حقوقهم وكما يشترط فيه العدد
کیونکہ اسمین حق العباد علاقہ رکہتی ہین قربانیون کی گوشت کی فراخی ہوتی ہی لہذا وہ بہی ایسا ثابت ہوگا جسطور تمام حقوق ثابت ہوتی ہین اور جیسی اسمین عدد کی شرط ہی
يشترط الحرية والعدالة ولفظ الشهادة وان لم يكن في السماء علة لا يقبل الا شهادة جمع كثير يقع العلم بخبرهم
ویسی ہی آزادگی اور عدالت اور شہادت کا لفظ بہی اور اگر آسمان مین کوئی روک نہو تو پہر ایسی انبوہ کثیر کی گواہی مقبول ہوگی جنکی خبر دینی سی یقین آجاوی
واختلفوا في مقدار ذلك فقيل لا بد من اهل محلة وقيل لا بد من خمسين رجلا وعن محمد لا بد ان يتواتر الخبر
اور اس انبوہ کی مقدار مین اختلاف ہی بعضی کہتی ہین ایک محلہ کی لوگ چاہیین اور بعضی کہتی ہین پچاس مرد چاہیین اور امام محمد سی روایت ہی کہ پی در پی ہر طرف سی
من كل جانب والصحيح انه مفوض الى رأي الحاكم لان المراد بالعلم الحاصل بخبرهم العلم الشرعي الموجب للعمل وهو غلبة
خبر کا آنا چاہیی اور صحیح یہہ بات ہی کہ حاکم کی رای پر حوالہ ہی اسلئی کہ مراد اس علم سی جو انکی خبر سی حاصل ہوتا ہی وہ علم شرعی ہی جس سی عمل واجب ہوجاوی یعنی ظن غالب
الظن لا العلم بمعنى التيقن ولو وقع الشك ان هذا اليوم كان من عاشر ذي الحجة او تاسع ذي الحجة فالاحوط
علم یقینی کی معنون مین نہین ہی اور اگر یہہ شبہہ پڑجاوی کہ آجکا دن ذی الحجہ کی دسوین تاریخ ہی یا نوین تاریخ ہی تو اب احتیاط اسمین ہی
ان يضحي في الغد بعد الزوال ولا يؤخر الذبح بعده الى يوم الثالث لاحتمال ان يقع في غير وقته وان اخر كان
کہ قربانی اگلی روز دوپہر ڈہلی ذبح کری اور اسکی بعد ذبح مین تیسری دن تک تاخیر نہ کری کیونکہ شاید کہ بی وقت ذبح ہوجاوی اور اگر تیسری دن تک تاخیر کری

المستحب

المستحب ان یتصدق بجمیع لحمه ولا یاکل منه **المجلس الخامس والثلثون فی بیان فضیلة**

تو بہتر یوں مستحب ہی کہ گوشت سارا صدقہ کرکر بانٹ دی اوسمیں سی کہاوی نہیں پینتیسویں مجلس میں بیان فضیلت قربانی ذبح کرنیکا

هراقة دم القربان فی ایام النحر ونوعه وکیفیته قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما عمل

ایام نحر میں اور اوسکی اقسام اور کیفیت رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا کوئی عمل ابن آدم کا

ابن آدم من عمل یوم النحر احب الی الله تعالی من هراقة الدم وانه لیاتی یوم القیمة بقرونها واشعارها واظلافها

یوم نحر میں ایسا نہیں ہی کہ الله تعالی کو محبوب ہو بجز ریختہ کرنی خون کی اور وہ قربانی قیامت کی روز صحیح سالم مع سینگوں اور بالوں اور سمہوں کی موجود ہوگی

وان الدم لیقع من الله تعالی بمکان قبل ان یقع علی الارض فطیبوا بها نفسا هذا الحدیث من حسان المصابیح

اور البتہ وہ خون اس سی پہلی کہ زمین پر گری الله تعالی کی ہاں قبول ہوجاتا ہی سو اوس سی بدل خوش رہو یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہی

رونه ام المؤمنین عائشة رض ومعناه ان افضل العبادات یوم النحر اراقة دم القربان وانه یاتی یوم القیمة

حضرت ام المؤمنین عائشہ کی روایت سی اسکی یہہ معنی ہیں کہ عمدہ سی عمدہ عبادت یوم نحر میں قربانی کا ذبح کرنا ہی اور وہ قربانی البتہ قیامت کی دن

کما کان فی الدنیا من غیر ان ینقص منه شیء لیکون لکل عضو منه اجر ویصیر مرکبه علی الصراط ولکل وقت یختص

جیسی دنیا میں تہی بعینہ موجود ہوگی کچہہ اسمیں سی کم نہوگا تاکہ اوسکی ہر ہر عضو کی بدلہ اجر حاصل ہو اور پلصراط پر سواری بن جاوی اور ہر ہر وقت میں ایک ایک

بعبادة وهذا الیوم اختص بعبادة فعلها ابرهیم النبی علیه السلام ولو کان شیء افضل منه لما فدی به اسمعیل النبی عم

عبادت ہوتی ہی اور اس دن میں خاص وہ عبادت ہی جسکو ابراهیم نبی علیه السلام نے کی تہی اور اگر اس سی کوئی اور عبادت افضل ہوتی تو حضرت اسماعیل نبی علیه السلام کو کیوں فدیہ دیتی

ولهذا قال صاحب الخلاصة شراء الاضحیة بعشرة وذبحها افضل من التصدق بالف لان القربة التی تحصل

اسیواسطی صاحب خلاصہ کہتا ہی قربانی دس درہم کو خرید کر ذبح کرنا ہزار درہم خیرات کرنی سی بہتر ہی کیونکہ جو ثواب خون بہانی سی حاصل ہوتا ہی

باراقة الدم لا تحصل بالصدقة لکن ینبغی ان یعلم ان اراقة الدم فی هذا الیوم وان کانت افضل العبادات

وہ صدقہ دینی سی نہیں حاصل ہوتا لیکن سمجہنا چاہئی کہ خون کا بہانا اس دن میں اگرچہ سب عبادات سی افضل ہی

الا ان قوله تعالی لَن یَّنَالَ اللّٰهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰکِن یَّنَالُهُ التَّقْوٰی مِنکُمْ یشیر الی ان المعتبر لیس مجرد اراقة

پر اس آیت میں الله کو نہیں پہنچتی اونکی گوشت نہ لہو لیکن اوسکو پہنچتا ہی تمہاری دل کا ادب یہہ اشارہ ہی کہ صرف خون کا بہانا

الدم واطعام اللحوم بل المعتبر تحصیل التقوی التی هی شرط لقبول الطاعات کلها کما قال الله تعالی اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ

اور گوشت کا کہلانا معتبر نہیں ہی بلکہ اصل معتبر تقوی کا ہی جو تمام عبادات کی مقبول ہونی کی شرط ہی چنانچہ الله تعالی فرماتا ہی الله قبول کرتا ہی

مِنَ الْمُتَّقِیْنَ والتقوی لا تحصل الا بالاجتناب عن جمیع المنهیات والاتیان بجمیع المامورات واذا لم یحصل ذلک لا یغنی

ادب والوں سی اور تقوی جبہی حاصل ہوتا ہی کہ تمام منہیات سی بچی اور تمام مامورات کو بجا لاوی اور اگر یہہ بات نہیں ہی

عنهم اراقة الدم والتصدق باللحم وان کثر منهم ذلک فعلی هذا یجب علی المکلف فی هذا العید عدة اشیاء الاول

تو خون بہانا اور گوشت کا خیرات کرنا کچہہ کام نہ آویگا کتنا ہی بہت کیا کرو سو اس بیان کی موافق اس عید میں مکلف پر کئی چیزیں واجب ہیں اول

ترک المعاصی فان المعصیة وان کانت قبیحة فی جمیع الازمنة الا انها فی بعض الازمان یکون اکثر قبحا واکثر جرما

معاصی کا ترک کرنا کیونکہ گناہ کرنا اگرچہ ہر وقت میں بد ہی پر بعضی وقت زیادہ تر بد اور سخت تر جرم ہوتا ہی

لشرف الزمان فیکون ترکها الزم واوجب لقوله تعالی اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ کِتٰبِ اللّٰهِ یَوْمَ

واسطی شرافت اوس وقت کی اوسوقت میں گناہ کا ترک کرنا بہت لازم اور واجب تر ہی اس دلیل سی مہینوں کی گنتی الله کی پاس بارہ مہینی ہیں الله کی حکم میں جس دن

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذٰلِکَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ فَلَا تَظْلِمُوْا فِیْهِنَّ اَنْفُسَکُمْ یعنی ان عدد الشهور القمریة

پیدا کئی آسمان و زمین اونمیں چار ہیں ادب کی یہی ہی سیدہا دین سو اونمیں ظلم نہ کرو اپنی اوپر یعنی قمری مہینوں کی گنتی

التي عليها يدور كثير من الاحكام الشرعية في حكمه تعالى اثنا عشر شهرا مثبتا في اللوح المحفوظ منذ خلق السموات

جن پر اکثر شرعی احکام کا مدار ہی حکم الٰہی مین بارہ مہینی ہین لوح محفوظ مین ثابت جب سی اللہ تعالی نی آسمان

والارض من تلك الشهور الاثنى عشر اربعة حرم هي ذو القعدة وذو الحجة والمحرم ورجب وكون هذه الاشهر

اور زمین پیدا کئی اون بارہ مین سی چار اداب اور عزت کی ہین ذیقعد اور ذی الحجہ اور محرم اور رجب یعنی خالی بقرعید اور رمضان روزہ اور ان چارون

الاربعة المعينة حرما هو الدين المستقيم دين ابرهيم النبي عليه السلام فلا تظلموا فيهن انفسكم بهتك

معین کا ادب عزت والا ہونا یہہ ہی دین درست دین ابراہیم علیہ السلام کا سو انمین تم اپنی جانون پر ان اوقات کی حرمت کہو کر

حرمها وارتكاب المعاصي فيها فان العمل الصالح كما انه اعظم اجرا فيهن كذلك المعصية فيهن اعظم من

اور انمین معاصے اختیار کر کر ظلم مت اوتارو کیونکہ نیک عمل کا ان مہینون مین جیسی ثواب زیادہ ہوتا ہی ایسی ہی معصیت ان مہینون مین

المعصية في غيرهن وكذلك المعصية في شهر رمضان ويوم الجمعة ويوم عرفة ولياليها وليلة القدر

اور وقت کی معصیت سی بدتر ہی اور ایسی ہی معصیت ماہ رمضان مین اور جمعہ کی دن اور عرفہ کی روز اور انکی راتون مین اور شب قدر مین

وايام العيدين ولياليها اكثر وزرا لانه تعالى فضل هذه الازمنة بما خصها من العبادات التي تفعل

اور دونو عید کی دن اور انکی راتون مین سزا مین زیادہ تر ہی اسلئی کہ اللہ تعالی نی ان اوقات کو خاص خاص عبادات سی جو ان اوقات مین عمل کی جاتی ہین فضیلت دی ہی

فيها وجعل ثواب العبادات ونزول الرحمة ووصول المغفرة فيها اكثر من غيرها رحمة لهذه الامة

اور عبادات کا ثواب اور رحمت کا نازل فرمانا اور مغفرت کرنی ان اوقات مین بہ نسبت اور اوقات کی زیادہ تر مقرر فرمایا ہی صرف واسطی رحمت کی

المرحومة فمن لم يعرف النعمة التي كانت عليه فيها بل هتك حرمتها بارتكاب انواع الذنوب فيها فقد

مرحومہ پر اب جو شخص اس نعمت کی قدر جو اسوقت مین اسپر مبذول ہوتی ہی نجانی بلکہ اسوقت کی حرمت اوٹھا رکہی طرح طرح کی گناہ عمل کر کر تو بیشک

استحق ان يكون عذابه اشد وعقابه اعظم فعلى المسلم ان يعرف النعمة التي كانت عليه ويعظم ما

یہہ شخص سزاوار ہی کہ اسکو سخت عذاب اور بڑا ہی عقاب ہو سو مسلمان کو لازم ہی کہ اس نعمت کی قدر جو اسپر مبذول ہی سمجھی اور جسکو اللہ نی

عظمه الله حتى يكون عند الله تعالى عظيما وتعظيم هذه الازمنة انما يكون بزيادة الاعمال الصالحات

عظمت دی ہی اوسکی تعظیم کری تا کہ اللہ کی نزدیک عزت پاوی اور تعظیم ان اوقات کی یہہ ہی صالح اعمال کی کثرت سی ہوتی ہی

فيها فمن عجز عن ذلك فاقل احواله في التعظيم ان يجتنب عما يحرم عليه ويكره له فيترك البدع والمنكرات

پہر جو شخص اعمال صالح سی عاجز ہو تو کم سی کم اوسکی تعظیم یہہ ہی کہ ان اوقات مین تمام محرمات اور مکروہات سی کنارہ کری پہر تمام بدعات اور منکرات

وما لا ينبغي له فيها من المنهيات وكثير من الناس في بعض هذه الازمنة قد ارتكبوا ضد هذا المعنى حيث

اور جو بیہودہ کار اور ممنوع ہین ترک کری اور بعضی لوگ کبہی کبہی ان اوقات مین اسکی خلاف کر بیٹھتی ہین چنانچہ ایام

كانوا يسارعون في ايام العيدين ولياليهما الى اللهو واللعب وغيرها من انواع السيئات بعضهم بالمباشرة وبعضهم

عیدین مین شب و روز لہو و لعب وغیرہ اقسام منہیات مین مصروف رہتی ہین بعضی خود عمل کرتی ہین اور بعضی

بالمشاهدة مع ان للسيئة الواحدة عشرة من الضرر على ما ذكره الفقيه ابو الليث في تنبيه الغافلين الاول اسخاط

تماشا دیکہتی ہین باوجودیکہ ایک گناہ مین موافق بیان فقیہ ابو اللیث کی کتاب تنبیہ الغافلین مین دس ضرر مقرر ہین اول اپنی خالق کو

خالقه عليه بمخالفة امره والثاني تفريح ابليس الذي هو عدوه وعدو الله تعالى والثالث بعده من الجنة والرابع

اپنی حال پر اوسکی حکم کی مخالفت کر کر آزردہ کرنا دوسری ابلیس کا خوش کرنا کہ وہ اسکا اور اللہ کا بہی دشمن ہی تیسری جنت سی دوری چوتہی

قربه من جهنم والخامس جفاء من هو احب اليه وهو نفسه والسادس تنجيس نفسه التي قد خلقها الله تعالى

کہ اشہر حرم مین روزی رکہی اور اشہر حرم مین کی افضل روزی ماہ الہی محرم کی ہین اور ماہ الہی محرم مین سی افضل روزی پہلی دہی کی ہین

فلما کان ہذا الشہر من بین الشہور مضافا الی اللہ تعالی ناسب ان یختص بعمل مضاف الی اللہ تعالی وہو الصوم

اور یہہ مہینا تمام مہینون مین سی جو اللہ کی طرف مضاف ہی تو مناسب یون ہی کہ اس مہینہ مین عمل ہی ایسا ہو جو اللہ کی طرف مضاف ہو سو وہ عمل روزہ ہی

فان الصوم سر بین العبد وربہ یفعلہ خالصا لوجہہ طالبا لرضائہ ولا یطلع علیہ غیرہ لکونہ نیۃ وامساکا

کیونکہ روزہ بندی کا مین اور اسکی رب مین بہید ہوتا ہی کہ صرف واسطی خدا کی اسکی رضامندی کی لئی رکہتا ہی اور سوا اللہ تعالی کی کوئی اوس سی خبر نہین ہوتا کیونکہ روزہ نیت ہی

حتی قیل ان الحفظۃ لا یطلع علیہ ولا تکتبہ بخلاف سائر العبادات فانہ انما یطلع علیہ غیرہ تعالی فلکونہ ہو العالم بہ

یہان تک کہ کہتی ہین کراما کاتبین کو خبر نہین ہوتی اور نہ وہ لکہتی ہین برخلاف اور عبادات کی کہ وہ سوا اللہ تعالی اوروں کو بہی معلوم ہوتی ہین اور اس لئی کہ روزہ کا اللہ

دون غیرہ خصہ بذاتہ وتولی جزاءہ بنفسہ ولم یکلہ الی غیرہ کما روی عن ابی ہریرۃ انہ علیہ السلام قال کل عمل ابن

اور کو نہین ہوتا تو اللہ تعالی نی اوسکو اپنی ذات سی خاص کیا اور روزہ دار کی ثواب کا خود ہوا دوسری حوالہ نکیا چنانچہ ابوہریرہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ ابن آدم کی

آدم یضاعف الحسنۃ بعشر امثالہا الی سبعمائۃ ضعف قال اللہ تعالی الا الصوم فانہ لی وانا اجزی بہ

ہر نیک عمل کا ثواب دس گونہ بڑہتا ہی سات سو گونہ تک اللہ تعالی فرماتا ہی سوا روزہ کی کہ روزہ میری لئی ہی مین ہی اوسکی جزا دونگا

يدع شهوته وطعامه وشرابه من اجلي والمعنى ان كل طاعة وخير اذا لم يكن رياء فاقل ما يعطي لصاحبه من الاجر
میری لئی اپنی شہوت کہانا پینا سب چہوڑ دیتا ہی　یعنی ہر طاعت　اور نیک عمل جسمین ریا نہو تو کم سی کم عابد کو اوسکا ثواب دس گونہ ہی

عشرة لقوله تعالى مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وقد يزداد الى سبعمائة واكثر لقوله تعالى مَثَلُ الَّذِيْنَ
واسطی فرمانی اللہ تعالی کی جو کوئی لایا نیکی　اوسکو ہی اوسکی دس برابر　اور کبہی سات سو گونہ　اور اس سی زیادہ ہوجاتا ہی واسطی قول اللہ تعالی کی مثال

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ
جو خرچ کرتی ہین اپنی مال　اللہ کی راہ مین جیسی ایک دانہ　دس سی اوگین سات بالین　ہر بال مین　سو سو دانہ　اور اللہ بڑہاتا ہی

لِمَنْ يَّشَآءُ واما الصوم فثوابه بغير حساب لانه لا يتاتى الا بالصبر وقد قال الله تعالى اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ
جسکی واسطی چاہی　اور روزہ کا ثواب تو بی حساب ہی　کیونکہ بدون صبر کی ادا نہین ہوسکتا　اور اللہ تعالی فرماتا ہی　صبر کرنیوالون ہی کو ملتا ہی　اونکا نیگ

بِغَيْرِ حِسَابٍ ثم الصبر وان كان يوجد في غير الصوم من العبادات لكن وجوده في غيره ليس كوجوده فيه لانه ثلثة
ان گنت　پہر صبر اگرچہ　سوا روزہ کی　تمام عبادات مین بہی ہوتا ہی　پر صبر اور عبادات مین اتنا نہین ہوتا جتنا روزہ مین ہوتا ہی

انواع صبر على طاعة الله تعالى وصبر عن محارم الله تعالى وصبر على الالام والشدائد وكلها يوجد في الصوم اذ
قسم پر ہوتا ہی صبر طاعت الہی پر　اور صبر اللہ تعالی کی محرمات سی　اور صبر رنج اور سختیون پر　اور یہہ تینون صبر روزہ مین موجود ہوتی ہین

فيه صبر على ما وجب على الصائم من الطاعات وصبر عما حرم عليه من الشهوات وصبر عما يصيبه من الم الجوع
کیونکہ روزہ مین طاعت پر صبر ہی جو روزہ دار پر واجب ہوتی ہی اور شہوات سی صبر ہی جو روزہ دار پر حرام ہوگئی ہین　اور بہوک کی تکلیف پر

وحرارة العطش وضعف البدن فانه يعرض بدنه النحول والنقصان الذي يفضي الى الهلاك طلبا لرضائه ثم
اور پیاس کی گرمی پر صبر ہی اور بدن کی سستی پر کیونکہ روزہ دار کی بدن مین لاغری　اور نقصان ایسا آجاتا ہی کہ جسمین ہلاک ہوجاوی یہہ سب اللہ تعالی کی رضامندی کی واسطی

اشير اليه حيث قيل يدع شهوته وطعامه وشرابه لاجلي بخلاف سائر الطاعات ثم انه بسبب منع نفسه عن
اسیطرف اشارہ ہی یہہ جو کہا ہی کہ روزہ دار اپنی شہوت کہانا پینا میری لئی چہوڑ دیتا ہی برخلاف اور طاعات کی　پہر روزہ دار اپنی نفس کو کہانی

الاكل والشرب والجماع يصير متخلقا باخلاق الله تعالى لكونه منزها عن هذه الاشياء فلما كان في الصوم
اور پینی اور جماع سی بند کرکر　گویا صفات الہی پیدا کر لیتا ہی　کیونکہ اللہ تعالی ہی ان تمام صفات سی پاک وصاف ہی یہہ ہی اوصاف جو روزی مین ہوتی

هذه المعاني خصه الله تعالى بذاته وتولى جزاءه بنفسه ولم يكله الى غيره والكريم اذا اخبر انه يتولى الجزاء
اسہی نظر سی اللہ تعالی نی روزہ دار کو اپنی ذات پاک سی خاص کیا اور ذمہ دار اوسکی ثواب کا آپ ہوا اور پر حوالہ نہین کیا اور ذات کریم جو یہہ خبر دی کہ مین آپ اوسکی عوض کا

بنفسه يقتضي ان يكون ذلك الجزاء في غاية العظمة ونهاية الكثرة بحيث لا يكون له حد ولا عد وقد روي
تو ضرور ہی کہ وہ عوض بہت ہی بڑا اور اتنی کثرت سی ہو　کہ اوسکی نہ کچہہ حد ہو　اور نہ کچہہ شمار　اور

عن ابي امامة الباهلي انه عليه السلام قال من صام يوما في سبيل الله جعل الله بينه وبين النار خندقا كما بين السماء
ابو امامہ باہلی سی روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا جسنی ایکروز روزہ واسطی اللہ کی رکہا تو اللہ تعالی درمیان اوسکی اور دوزخ کی ایک خندق اس فاصلہ پر بنا دیگا

والارض وفي حديث اخر رواه ابو سعيد الخدري انه عليه السلام قال من صام يوما في سبيل الله بعد الله وجهه
اور زمین کی ہی اور ایک اور حدیث مین ہی ابو سعید خدری کی روایت کی ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا جسنی ایکروز واسطی اللہ کی روزہ رکہا تو اللہ تعالی اوسکا منہہ

عن النار سبعين خريفا ومعنى الحديث ان من صام يوما لوجهه ورضائه ينجيه الله تعالى من النار عبر عن التنجية
دوزخ سی ستر خریف دور رکہیگا　اور معنی حدیث کی یہہ ہین کہ جسنی ایکروز صرف واسطی رضامندی الہی کی روزہ رکہا تو اللہ تعالی اوسکو دوزخ سی نجات دیگا نجات کو

بطريق التمثيل ليكون ابلغ لان من كان بعيدا عن شئ بهذا المقدار لا يصل اليه البتة والمراد بالخريف السنة
بطور تمثیل　واسطی مبالغہ کی اس عبارت مین بیان کیا　اسواسطی کہ جو شخص کسی شئی سی اتنی دور ہوجاوی تو وہ شئی اوس تک ہرگز نہ پہنچی گی　اور خریف سی مراد سال ہی

ذکر

ذکر الجزء وارید الکل وانما عبر به عنها دون غیره من الفصول لکونه وقت بلوغ الثمار وسعة العیش وروی عن

جز کا ذکر کر کی کل مراد لیا ہی اور خریف خاص کر کی بدون اور فصول کی اسواسطی ذکر کیا کہ یہہ وقت میوون کی پختگی اور عیش کی فراخی کا ہی اور ابوہریرہ

ابی هریرة انه علیه السلام قال للصائم فرحتان فرحة عند فطره وفرحة عند لقاء ربه ومعنی هذا الحدیث

سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا روزہ دار کو دو خوشیان ہوتی ہین ایک خوشی روزہ افطار کرتی ہوئی اور ایک خوشی رب کی ملاقات کی وقت اور اس حدیث کی معنی یہہ ہین

ان للصائم سرورا مرتین علی ان الفرحة مرة من الفرح وهو السرور اما سروره عند لقاء ربه فیما یجده من ثواب الصوم

کہ روزہ دار کو دوبار سرور ہوتا ہی اسواسطی کہ فرحة کا لفظ مرت کی واسطی فرح سی مشتق ہوا ہی اور فرح کی معنی سرور کی ہین اب سرور روزہ دار کا رب کی ملاقات پر تو اسلئی کہ روزہ کا

مدخرا عند الله تعالی فان من ترك لله تعالی طعامه وشرابه وشهوته یعوضه الله تعالی خیرا من ذلك کما قال الله تعالی

اللہ تعالی کی ہان یکبار ذخیرہ کیا ہوا پا دیگا کیونکہ جو شخص اللہ کی واسطی اپنا کہانا پینا شہوت بند رکہیگا تو اللہ تعالی اوسکو عوض اوس سی بہتر عطا فرماویگا چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی

وَمَا تُقَدِّمُوا لِاَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا وقال النبی علیه السلام لرجل انك

اور جو آگی بہیجو گی اپنی واسطی کوئی نیکی اوسکو پاؤگی اللہ کی پاس بہتر اور ثواب مین زیادہ اور نبی علیہ السلام نی کسی شخص سی فرمایا کہ تو ہرگز نہ چہوڑیگا کوئی چیز

لن تدع شیئا اتقاء لله تعالی الا اتاك الله خیرا منه وروی ان الصائمین یوضع لهم یوم القیمة مائدة تحت العرش

تو جب کسی منکر کو خدا کی خوف کا مارا ترک کریگا تب ہی اللہ تعالی تجہکو اوس سی بہتر عنایت کریگا اور روایت ہی کہ روزہ دارون کی واسطی قیامت کی روز عرش کی سایہ مین

یاکلون علیها والناس فی الحساب فیقول الناس ما لهؤلاء یاکلون ونحن فی الحساب فیقال لهم انهم کانوا یصومون وانتم تفطرون

اوسپر بیٹہی کہا دینگی باقی لوگ ابہی حساب مین ہونگی سو وہ لوگ کہینگی یہہ کون لوگ ہین کہ بیٹہی کہاتی ہین اور ہم حساب مین گرفتار ہین سو جواب ملیگا یہہ لوگ روزہ رکہتی تہی اور تم روزہ خور تہی

وفی الصحیحین انه علیه السلام قال ان فی الجنة بابا یقال له ریان لا یدخل منه الا الصائمون والمراد بالصائمین

اور صحیح بخاری اور مسلم مین ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا کہ جنت کا ایک دروازہ ہی اوسکو ریان کہتی ہین اوسمین سی صرف روزہ دار ہی داخل ہونگی اور مراد روزہ دارون سی

هم الذین یکثرون الصوم فانهم لما تحملوا تعب العطش خصوا بباب فیه الری والامان من العطش قبل تمکنهم من الجنة

وہ لوگ ہین جو اکثر روزہ دار رہتی ہین کیونکہ ان لوگون نی جو پیاس کی شدت اوٹہائی تو انکی لئی ایسا دروازہ خاص کیا گیا جسمین جنت مین جانی سی پہلی سیرابی اور پیاس کی چہوٹ ہی

واما سروره عند افطاره فیما یتناوله من الطعام والشراب لان النفس مجبولة علی المیل الی ما یلائمها من المطعم والمشرب

اور روزی کہولتی وقت اسواسطی خوشی ہوتی ہی کہ کہانی اور پینی کا اختیار ملتا ہی اسواسطی کہ نفس کی عادت ہی کہ اپنی لایق اشیا کہانی اور پینی

والمنکح فاذا منعت من ذلك فی وقت من الاوقات ثم اذن لها فی وقت اخر تفرح بذلك طبعا خصوصا عند اشتداد

اور نکاح کی طرف متوجہ ہوتا ہی نفس کو اگر کسی وقت ممانعت ہو دی پہر اوسکو اور وقت مین اجازت ہو جاویگا تو خود بخود خوش ہوتا ہی خاص ایسی وقت کہ اوسکو مارے بہوک

الحاجة الیه لتاثیر الجوع والعطش فیها وتقاضیها باخذ حاجتها یشعر بهذا ما روی عن ابن عمر انه علیه السلام

اور پیاس کی نہایت حاجتمند ہو اور اپنی حاجت کا تقاضا لگ رہا ہو ابن عمر کی روایت سی یہہ مضمون ثابت ہوتا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

کان اذا افطر یقول ذهب الظما وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء الله تعالی مع ان له عند افطاره دعوة

افطار کی وقت یہہ فرمایا کرتی تہی بجہگئی پیاس اور تر ہوگئیں رگین اور ثابت ہوگیا ثواب ان شاء اللہ تعالی یہہ بہی ہی کہ افطار کی وقت دعا

مستجابة کما جاء فی الحدیث ان للصائم عند افطاره دعوة مستجابة بل یکون نومه عبادة قال ابو العالیة

مقبول ہوتی ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ روزہ دار کی لئی افطار کی وقت دعا مقبول ہوتی ہی بلکہ اوسکی خواب بہی عبادت ہی ابو العالیہ کہتا ہی

الصائم فی العبادة ما لم یغتب وان کان نائما علی فراشه فعلی هذا یکون فی لیله ونهاره علی العبادة ثم فی صوم المحرم

کہ روزہ دار ہر وقت عبادت مین ہی جبتک غیبت نکری اگرچہ اپنی بستر پر سوتا رہی اس قول کی موافق روزہ دار شب و روز عبادت مین ہی پہر ماہ محرم کی روزہ مین

معنی اخر وهو ان الاشهر الحرم لما کانت افضل الشهور بعد رمضان وکان صوم کلها مندوبا لامر النبی علیه السلام

ایک اور بات ہی یعنی اشہر الحرم چونکہ بعد رمضان کی تمام مہینون مین افضل ہین اور ان سب مہینون کی روزی مستحب ہین موافق ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

به وكان بعضها ختام السنة الهلالية وبعضها مفتاحها لزم ان يكون من صام ذى الحجة سوى ايام المحرم فيها

اور دنمین سی بعضا مہینا قمری سال کی تمامی ہی اور بعضا مہینا قمری سال کا ابتداہی تو لازم ہی کہ جسنی ذی الحجہ مین سوا چار دن کی جنمین روزی حرام مین

الصيام وصام المحرم قد ختم السنة بالطاعة وافتتحها بالطاعة فيرجى ان يكتب سنة كلها طاعة وعبادة بيسر الله تعالى

روزی رکہی پہر محرم کی روزی رکہی تو اسنی سال عبادت ہی مین تمام کیا اور عبادت ہی مین شروع کیا اب امید یہہ ہی کہ سارا سال کا سال عبادت اور طاعت مین لکہا جاوی اپنی

عمره بلطفه وكرمه

اعمال ہی لطف اور کرم سی آسان کری

المجلس السابع والثلثون فی بیان فضیلة یوم عاشوراء وبیان مایفعل فیه

سینتیسوین مجلس یوم عاشورا کی فضیلت مین واس روز کیا کیا عمل مین آوی

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صيام يوم عاشوراء احتسب على الله تعالى ان يكفر السنة التى قبلها هذا الحديث من

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا یوم عاشورا کی روزی گمان غالب ہی کہ اللہ تعالی ایک سال گذشتہ کا کفارہ کردی یہہ حدیث مصابیح کی

صحاح المصابيح رواه ابو قتادة ومعناه ان من صام يوم عاشوراء ارجو من الله تعالى ان يغفر ذنوبه التى وقعت فى

صحیح حدیثون مین ہی ابو قتادہ کی روایت سی اور معنی اس حدیث کی یہہ ہین جسنی یوم عاشورا مین روزہ رکہا تو مین اللہ تعالی سی امید کرتا ہون کہ اسکی گناہ جو کہ

السنة الماضية والمراد من الذنوب الصغائر لان الكبيرة لا يكفرها الا التوبة وفى حديث اخر رواه ابو هريرة انه عم

سال گذشتہ مین ہوئی ہون معاف کردی اور گناہون سی مراد صغیرہ گناہ ہین اسواسطی کہ گناہ کبیرہ بدون توبہ کی معاف نہین ہوتی اور ایک اور حدیث مین ابو ہریرہ کی روایت سی

قال افضل الصيام بعد رمضان شهر الله المحرم يعنى ان افضل الصيام بعد رمضان صيام شهر الله المحرم وهو و

کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا افضل روزی بعد ماہ رمضان کی ماہ الہی محرم کی ہین مراد یہہ ہی کہ افضل روزی بعد رمضان کی روزی ماہ الہی محرم کی ہین اور یہہ حدیث

ان كان ظاهرا فى فضيلة صيام شهر الله المحرم بعد صيام رمضان لكن قيل المراد به صيام يوم عاشوراء وانما كان صيام

اگرچہ بظاہر تمام ماہ الہی محرم کی روزون کی فضیلت مین ہی بعد روزون ماہ رمضان کی لیکن کہتی ہین کہ مراد اس سی روزہ یوم عاشورا کا ہی اور اسدن کا روزہ

ذلك اليوم افضل لكونه فرضا فى اوائل الاسلام ثم نسخت فرضيته بوجوب صوم رمضان والعبادة التى نسخت

اسلئی افضل ہی کہ اوائل اسلام مین فرض تہا پہر جب رمضان کی روزی فرض ہوئی تو اسکی فرضیت منسوخ ہوگئی اور جس عبادت کی فرضیت منسوخ

فرضيتها افضل من العبادة التى لم تكن فرضا اصلا فان قيل قد ذكر فى الاصول ان الجواز يزول بنسخ الوجوب فكيف

ہوجاتی ہی تو وہ ایسی عبادت سی جو کبہی فرض نہوئی ہو افضل ہوتی ہی اگر کوئی کہی کہ اصول مین مذکور ہی کہ وجوب کی نسخ سی جواز ہی زائل ہوجاتا ہی پہر

يكون الصيام فيه افضل فالجواب ان ذلك اليوم لما نسخ وجوب الصيام فيه صار كسائر الايام فى جواز الصيام فيه

یہہ روزہ افضل کیونکر ہوسکتی ہی سو جواب یہہ ہی کہ اس دنکی اندر وجوب صیام جب منسوخ ہوا تو وہ اور روزی کی واسطی ایسا ہوگیا جیسی اور ساری دن ہین

فيكون افضل قال ابن عباس ما رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتحرى صيام يوم فضله على غيره الا هذا

سو افضل ہی ہوگا ابن عباس کہتی ہین مینی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہین دیکہا کہ تلاش کرتی ہون روزہ کسی روز کا جسکو اور پر فضیلت دی ہو سوا اس

اليوم يعنى عاشوراء فانه عليه الصلوة والسلام كان يبالغ فى تفضيل صومه ما لم يبالغ فى تفضيل صوم غيره وقال ابن

دن یعنی یوم عاشورا کی کیونکہ پیغمبر علیہ السلام یوم عاشورا کی فضیلت مین اتنا مبالغہ فرماتی تہی جو اور روزی کی فضیلت مین نہین فرماتی تہی اور ابن

عباس ايضا حين صام رسول الله عليه السلام يوم عاشوراء وامر بصيامه قالوا يا رسول الله انه يوم يعظمه اليهود والنصارى

عباس یہہ بہی کہتی تہی کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی یوم عاشورا کا روزہ رکہا اور صحابہ کو اس روزہ کا ارشاد کیا تو عرض کیا یا رسول اللہ یہہ دن ہی کہ اسکی یہود اور نصاری

فقال النبى عليه السلام ان بقيت الى قابل لاصومن التاسع قيل انما اراد ان يضم اليها يوما اخر ليكون هديه مخالفا

سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا اگر مین اگلی سال تک جیتا رہا تو بالضرور نوین تاریخ کا بہی روزہ رکہونگا کہتی ہین عاشورا کی ساتہہ ایک اور دن کی ملانی کا اسلئی ارادہ کیا تہا تاکہ

لهدى اهل الكتاب فلم يات العام القابل لانه توفى رسول الله عليه السلام فعلم من هذه الاخبار ان يوم عاشوراء

اہل کتاب کی طریق سی الگ رہی سو وہ سال آنی نہ پایا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوگئی اب ان حدیثون سی معلوم ہوا کہ یوم عاشورا

یوم مبارک ینبغی للمؤمن ان یصومه لکن المستحب ان یصوم معه التاسع او الحادی عشر مخالفة للیهود والنصاری
روز مبارک ہی مؤمن کو چاہیئی کہ اوس روز روزہ رکہا کری پر مستحب یہہ ہی کہ اوسکی ساتہہ یہود و نصاری کی مخالفت کی لئی نوین تاریخ یا گیارہوین تاریخ کا بہی روزہ رکہی

ویتصدق علی الفقراء بما قدر و اما الصلوة فی هذا الیوم لارضاء الخصوم علی ما وقع فی بعض الکتب فقد ذکر فی البزازیة
اور اپنی مقدور کی موافق فقرا کو خیرات دی اور اوس روز کی نماز مدعیون کی پرجانی کی لئی جو بعضی کتابون مین آئی ہی تو بزازیہ مین مذکور ہی

انها لا تفید لان خصمه ان کان عافیا فهو لا یؤاخذ بما علیه یوم القیمة فما الفائدة وان کان لم یعف یاخذ من
کہ اس نماز کا کچہہ فائدہ نہین ہی اسواسطی کہ مدعی اگر معاف کر چکا ہی تو اوس سی قیامت کی دن کچہہ مواخذہ نکریگا پہر اب کیا فائدہ ہوا اور اگر معاف نہین کیا

حسناته یوم القیمة ان کان له حسنات وان لم یکن له حسنات یوخذ من سیأت خصمه ویحمل علیه ثم یطرح
تو قیامت کی دن اوسکی حسنات لیلیگا اگر اوسکی پاس حسنات ہونگی اور اگر اوسکی پاس حسنات نہونگی تو اوس مدعی کی گناہ لیکر اوسکی سر رکہدینگی پہر آگ مین پہینک دینگی

فی النار کما جاء فی حدیث رواه ابو هریرة انه علیه السلام قال اتدرون من المفلس قالوا المفلس فینا من لا درهم معه
چنانچہ حدیث مین ابو ہریرہ کی روایت سی آیا ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی پوچہا تم جانتی ہو مفلس کون ہوتا ہی عرض کیا ہم مین مفلس وہ ہی جسکی پاس نہ درہم ہو

ولا متاع فقال المفلس من امتی من یاتی یوم القیمة بصلوة وزکوة وصیام ویاتی قد شتم هذا وقذف هذا وضرب
اور نہ کچہہ اسباب ہو آپ نی فرمایا مفلس میری امت مین وہ ہی جو قیامت کی دن معہ نماز اور زکوة اور روزون کی آویگا اور آویگا کہ اوسکو گالی دی تہی اور اسکو تہمت لگائی تہی اور اسکو مارا تہا

هذا واکل مال هذا فیعطی هذا من حسناته وهذا من حسناته فان فنیت حسناته قبل ان یقضی ما علیه
اور اسکا مال کہا لیا تہا پہر اوسکی کچہہ حسنات اسکو دی جاوینگی اور کچہہ حسنات اوسکو دی جاوینگی پہر اگر اوسکی حسنات اس سی پہلی کہ حقوق ادا ہون ہو چکی تو اونکی گناہ لیکر

اخذ من خطایاهم فطرحت علیه ثم طرح فی النار وفی حدیث اخر رواه ابو هریرة ایضا انه علیه السلام قال من
اسکی ذمہ رکہہ کر آگ مین ڈالا جاویگا اور ایک اور حدیث مین بہی ابو ہریرہ ہی کی روایت سی ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسکی

کانت عنده مظلمة لاخیه من عرض او مال فلیتحلل منه الیوم قبل ان یوخذ منه یوم لا دینار فیه ولا درهم ان
ذمہ کوئی حق کسی بندہ کا ہو آبرو کا یا مال کا تو آج اوس سی معاف کرالی اس سی پہلی کہ وہ ایسی روز مواخذہ کری کہ وہان نہ دینار ہوگا اور نہ درہم اگر

کان له عمل صالح اخذ منه بقدر مظلمته وان لم یکن له حسنات یوخذ من سیأت صاحبه وتحمل علیه قیل توخذ
اسکی پاس عمل صالح ہوگا تو اوس حق کی موافق لیلیا جاویگا اور اگر حسنات کچہہ نہون گی تو اوس مدعی کی گناہ اسکی ذمہ رکہی جاوینگی کہتی ہین

بقدر دانق وهو سدس درهم سبعمائة صلوة مقبولة ادیت بجماعة فیعطی للخصم واما خلط الحوائج فی هذا الیوم فقد
کہ ایک دانق کی بدلہ کہ چہٹا حصہ درہم کا ہوتا ہی سات سو نمازین مقبول جو جماعت سی ادا کین ہون لیکر مدعی کو دیدینگی اور کرنا سختیون کا یعنی غمگین ہونا اس دن مین

ذکر فی القنیة انه لم یرد فیه اثر قوی لکن لا باس به بل ربما یثاب علیه وکان الاکتحال فیه سنة لکن لما صار علامة
سو قنیہ مین مذکور ہی کہ اس باب مین کوئی روایت قوی وارد نہین ہی پر اسکا کچہہ مضائقہ نہین بلکہ کبہی اسپر ثواب ہوتا ہی اور سرمہ لگانا اس دن مین سنت تہا لیکن جب سی یہہ نشانی

لمبغضی اهل البیت وجب ترکه وکره فعله حتی قیل لبعض السلف اهو سنة من غیر ذلک یوم عاشوراء فقال انه
دشمنان اہل بیت کی ٹہر گئی ہی تو اسکا ترک واجب ہی اور اسکا کرنا مکروہ ہی یہان تک کہ کسینی اہل سلف سی پوچہا کیا سرمہ لگانا بغیر بغض اہل بیت کی روز عاشورا مین سنت ہی

سنة المخنثین واما اتخاذه ماتما لاجل قتل الحسین بن علی رض کما یفعله الروافض فهو من عمل الذین ضل سعیهم
یہہ سنت زنانون کی ہی اور اس دن مین ماتم کرنا واسطی شہادت امام حسین بن علی رض کی جیسی رافضی کرتی ہین سو یہہ ان لوگون کا عمل ہی جنکی جاتی رہی کمائی

فی الحیوة الدنیا وهم یحسبون انهم یحسنون صنعا اذ لم یامر الله ولا رسوله باتخاذ ایام مصائب الانبیاء وموتهم
دنیا کی زندگی مین اور وہ سمجہتی ہین کہ خوب بناتی ہین کام اسواسطی کہ نہ اللہ نی امر کیا اور نہ اوسکی رسول نی کہ انبیاء علیہم السلام کی ایام مصیبت اور ایام موت کو

ماتما فکیف بما دونهم والقاص الذی یذکر الناس قصة القتل یوم عاشوراء ویخرق ثوبه ویکشف راسه ویامرهم
ماتم کیا کرو پہر جو انبیاء سی کمتر ہین اونکا تو ماتم کہان اور قصہ خوان جو لوگون کی سامنی قصہ شہادت کا یوم عاشورا مین سناتی ہین اور اپنی کپڑی پہاڑتی ہین اور ننگی سر ہوتی ہین

بالقيام والتسبيح تأسفا على المصيبة يجب على ولاة الدين ان يمنعوهم والمستمعون لا يعذرون في الاستماع
کھڑا کر کر تاسف کی حالت میں مصیبت پر کلمات بیہودہ بکتی ہیں دین کی حاکموں پر واجب ہی کہ انکو منع کر دیں اور سننی والی بھی معذور نہیں ہیں کہ سنا کریں
قال الامام الغزالي وغيره يحرم على الواعظ وغيره رواية مقتل حسين وحكاية ما جرى بين الصحابيين
امام غزالی وغیرہ فرماتی ہیں کہ واعظوں پر حرام ہی بیان کرنا امام حسین کی شہادت کا اور بیان کرنا اون حالات کا جو صحابہ رض میں
من التشاجر والتخاصم فانه مهيج على بغض الصحابة والطعن فيهم وهم اعلام الدين تلقى ائمة الدين عنهم وتلقينا
جھگڑا اور خصومت واقع ہوئی ہیں کیونکہ ایسی کہانیاں سی صحابہ کا بغض پیدا ہوتا ہی اور اون پر طعنہ ہونی لگتا ہی اور حال یہ ہی کہ صحابہ دین کی پیشوا ہیں بندگان دین نی
من الائمة فالطاعن فيه طاعن في نفسه ودينه وقال الشافعي وغيره من السلف تلك دماء طهر الله تعالى عنها
ون بزرگون سی سیکھا سو جو اونکی عیب جوئی کری وہ اپنی آپکو اور اپنی دین کو عیب لگاتا ہی اور امام شافعی اور سوا اونکی اور بزرگ سلف کی کہتی ہیں کہ اس خون سی اللہ تعالی نی ہماری ہاتھ پاک رکھی
ايدينا فلنطهر عنها السنتنا وقد روي عن عبد الله بن مغفل انه عليه السلام قال الله الله في اصحابي لا تتخذوهم غرضا
تو چاہیی کہ ہم اپنی زبانیں بھی پاک رکھیں اور عبد اللہ بن مغفل سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا خدا سی ڈرو میری یاروں کی حق میں میری بعد انکو
من بعدي ومن احبهم فبحبي احبهم ومن ابغضهم فببغضي ابغضهم ومن اذاهم فقد اذاني ومن اذاني فقد اذى
نشانہ نہ بناؤ اور جو شخص اونکا محبوب رکھیگا سو میری محبت سی محبوب رکھیگا اور جو اونکو دشمن رکھیگا سو میری بغض کا مارا دشمن رکھیگا اور جسنی اونکو ستایا تو اوسنی مجھکو ستایا اور جسنی مجھکو
الله تعالى ومن اذى الله تعالى فيوشك ان ياخذه وفي حديث اخر رواه ابو سعيد الخدري انه عليه السلام قال لا تسبوا
ستایا اوسنی اللہ کو ستایا اور جسنی اللہ کو ستایا تو قریب ہی کہ اللہ اوسکو پکڑے اور ایک اور حدیث میں آیا ہی ابو سعید خدری کی روایت سی کہ آپ نی فرمایا میری یاروں کو برا مت کہو کہ اگر
اصحابي فلو ان احدكم لو انفق مثل احد ذهبا ما بلغ مد احدهم ولا نصيفه فعلى هذا يجب على المؤمن تعظيمهم وذكرهم
کوئی تم میں سی احد پہاڑ برابر سونا خیرات کری تو اصحاب میں سی کسیکی مد کی برابر نہ ہووی اور نہ آدھی مد کی برابر اب موافق اس حدیث کی ہر مؤمن پر اونکی تعظیم اور خوبی کی
بالخير وكف اللسان عن الطعن فيهم وبسبب قتل عثمان وقتل حسين جرت فتن كبيرة واكاذيب كثيرة وظهرت
یاد کرنا اور اونپر طعن ولعن سی زبان بند رکھنا واجب ہی اور سبب شہادت عثمان رضی کی اور شہادت امام حسین رض کی بڑی بڑی فتنہ کھڑی ہوگئی اور بہت جھوٹی باتیں مشہور ہوئیں
اهواء وبدع وقع فيها طوائف من المتقدمين والمتاخرين وصارت الاكاذيب والاهواء والبدع لا تزال تزداد حتى
اور بہت مذاہب باطل اور بدعتیں پیدا ہوگئیں جنمیں بعضی متقدم اور بعضی متاخر مبتلا ہوگئی اور حصہ جھوٹی قصی اور باطل مذہب اور بدعتیں بڑھتی چلی جاتی ہیں یہانتک
حدثت امور يطول شرحها فمن جملتها ما ابتدعه كثير من الناس يوم عاشوراء فجعلوه ماتما يظهرون فيه النياحة
کہ ایسی امور پیدا ہوگئی ہیں جنکا بیان دراز ہی چنانچہ اونہیں سی ایک یہ بدعت ہی جو بہت لوگوں نی یوم عاشوراء کو ماتم ٹھہرا رکھا ہی اوس روز نوحہ کرتی ہیں
والجزع وتعذيب النفوس وسب من مات من اولياء الله تعالى والكذب على اهل البيت وغير ذلك من المنكرات المنهي عنها
اور رونا پیٹنا اور تکلیف اوٹھانی اور اولیاء اللہ کو جو مر چکی ہیں برا کہنا اور اہل بیت پر جھوٹ بولنا اور سوا اسکی بہت منکرات جو موافق
بكتاب الله تعالى وسنة رسوله وباتفاق المسلمين فان الحسين قد اكرمه الله تعالى بالشهادة في ذلك اليوم وهو واخوه الحسن سيدا
کتاب اللہ اور سنت رسول کی ممنوع اور باتفاق مسلمانوں کی ناجائز ہیں بیشک حضرت امام حسین رض کو اوس روز اللہ تعالی نی شہادت سی مشرف فرمایا وہ اور اونکی بھائی حسن سردار
شباب اهل الجنة وقتلهما وان كانت مصيبة عظيمة لانه تعالى شرع للمسلمين عند المصيبة الاسترجاع
جوانان بہشت کی ہیں اور اونکا قتل اگرچہ بڑی مصیبت تھی پر اللہ تعالی نی مسلمانوں کی لئی مصیبت کی وقت انا للہ وانا الیہ راجعون کہنا مشروع کیا ہی
بقوله تعالى وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ
اور خوشی سنا ثابت رہنی والوں کو کہ جب اونکو پہنچی کچھ مصیبت کہیں ہم اللہ کا مال ہیں اور ہمکو اوسکی طرف پھر جانا ایسی لوگ وہ ہیں شاباشیاں ہیں اپنی رب کی
وَرَحْمَةٌ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ وروي عن سعيد بن جبير انه قال لم يعط الاسترجاع لاحد من الامم الا لهذه الامة ولو اعطي لاعطي
اور مہربانی اور وہی ہیں راہ پر اور سعید بن جبیر سی روایت ہی کہ کہتی ہیں کہ استرجاع تمام امتوں میں سی سوا اس امت کی کسیکو عطا نہیں ہوا اور اگر عطا ہوتا

یعقوب النبی الا تری انه قال فی مقام الاسترجاع یا اسفی وفی الصحیحین انه علیه السلام قال ما من مسلم یصاب مصیبة
تو حضرت یعقوب علیه السلام کو عطا ہوتا کیا تو نہیں جانتا کہ حضرت یعقوب نے مقام استرجاع میں یا اسفی یا افسوس کہا اور بخاری اور مسلم میں ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہی کوئی

فیقول انا للہ وانا الیه راجعون اللهم اجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منها الا اجره الله فی مصیبته واخلف له خیرا منها وذکری
پہر وہ کہی ہم ملک اللہ کی ہیں اور ہم طرف اوسکی جانی والی ہیں الہی مجکو میری مصیبت کا اجر دی اور اوس سی بہتر بدلا دی مگر اللہ تعالی اوسکی مصیبت کا اجر اور اوسکو اوس سی بہتر بدلا دیتا ہی اور

الامام احمد وابن ماجة عن فاطمة بنت الحسین عن ابیها الحسین انه علیه السلام قال ما من مسلم یصاب بمصیبة فیذکرها وان
امام احمد اور ابن ماجہ فاطمہ بنت حسین سی روایت کرتی ہیں وہ اپنی باپ حسین سی کہ فرمایا پیغمبر علیہ السلام نی جس مسلمان کو کچھ مصیبت پہنچی پہر وہ اوس مصیبت کو اگرچہ مدت

قدم عهدها فیحدث لها الاسترجاع الا کتب الله له من الاجر مثلها یوم اصیب وهذا الحدیث رواه عن النبی علیه السلام
دراز کی یاد کر کر انا للہ وانا الیه راجعون پڑہی تو اللہ تعالی اوسکی واسطی ویسا ہی اجر لکہتا ہی کہ جتنا مصیبت کی دن دیا تہا اور یہہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی

الحسین وعنه بنته فاطمة التی شهدت مصرعه وقد ثبت فی علم الله تعالی ان المصیبة بالحسین یذکر مع تقادم
امام حسین رضی نی روایت کی ہی اور اونسی اونکی بیٹی فاطمہ نی جو کہ اونکی مقتل میں ہمراہ موجود تہیں روایت کی ہی اور علم الہی میں ثابت ہو چکا تہا کہ مصیبت حسین کی مدت کو مدتوں تک یاد رکہی

العهد فکان من محاسن الاسلام ان یجری هذه السنة کلما ذکرت تلک المصیبة بان یسترجع لها فیکون للانسان
سو یہہ اسلام کی خوبیوں میں سی ہی کہ یہہ طریقہ جاری تہا کہ جب وہ مصیبت یاد آوی تو اوسکی لئی انا للہ وانا الیه راجعون کہا جاوی تو انسان کو اب بہی

من الاجر الذی کان لمن استرجع یوم اصیب المسلمون بها واما من یفعل من تقادم العهد بها ما نهی عنه النبی علیه السلام عن حدثان
ویسا ہی اجر ملی جتنا اوسکو ملا تہا جسنی انا للہ وانا الیه راجعون کہا تہا جب وہ مصیبت مسلمانوں پر آئی تہی اب جو شخص اسی مدت دراز کی بعد وہ منکرات کرتا ہی جو نبی علیه السلام نی نئی

العهد بها فعقوبته اشد مثل لطم الخدود وشق الجیوب والدعوی بدعوی الجاهلیة فکیف اذا انضم الی ذلک ظلم المؤمنین
عہد میں سو اوسکی لئی عقوبت بہت سخت ہی جیسی منہ پیٹنا اور گریبان پہاڑنا اور جاہلیت کی عہد کی طرح پکارنا پہر کیا حال ہوگا اگر اوسپر یہہ اور زیادہ کر دی مومنین کا ظلم

ولعنهم وسبهم واعانة اهل الشقاق والالحاد علی ما یقصدونه للدین من الفساد وغیر ذلک مما لا یحصیه الا الله تعالی
اور مومنین کو لعنت کرنی اور برا کہنا اور اہل شقاق اور ملحدوں کی جو دین میں فساد کا قصد کرتی ہیں اعانت کرنی اور سوا اسکی اور منکرات جنکو اللہ تعالی ہی خوب جانتا ہی

فالواجب علی کل مسلم ان یجتنب عن هذه المواضع التی یفعل فیها امثال هذه المعاصی والمحرمات والانکار علی مرتکبیها
سو ہر مسلمان پر واجب ہی کہ ایسی مقام میں جہاں ایسی ایسی معاصی اور محرمات عمل میں آتی ہوں جانی سی کنارہ کری اور

بقدر الاستطاعة یسر الله تعالی الاجتناب عنها

المجلس الثامن والثلثون فی بیان عدم سرایة

بقدر طاقت کی اس عمل والوں کو منع کری اللہ تعالی ہم پر ان معاصی سی بچنا آسان کری اڑتیسویں مجلس بیچ بیان اثر نکرنی ایک کی

المرض وعدم جواز الطیرة قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا عدوی ولا صفر ولا غول هذا الحدیث
بیماری کی دوسری میں اور نہ جائز ہونی شگون کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا نہ بیماری لگتی ہی اور نہ صفر کی نحوست اور نہ غول ہی یہہ حدیث

من صحاح المصابیح رواه جابر والمراد بالعدوی سرایة العلة من صاحبها الی من یقارنه من الاصحاء واختلف العلماء ان المنفی
مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی جابر کی روایت سی اور عدوی سی بیماری کا بیمار میں سی بہلی چنگی ہمنشین میں اثر کرنا مراد ہی اور علماء کو اختلاف ہی کہ منفی آیا

هل هو عین السرایة او اضافتها الی العلة فذهب بعضهم الی ان المنفی نفس السرایة فانه علیه السلام اراد نفیها وابطالها
عین سرایت ہی یا سرایت بیماری کی ہی سو بعضوں کا یہہ مذہب ہی کہ منفی عین سرایت ہی کیونکہ پیغمبر علیه السلام نی سرایت کی نفی کی اور باطل کیا

لتخلفها وجودا وعدما اما تخلفها وجودا فلان کثیرا ما یقارن الشخص من هو مجذوم واجرب ولا یتعدی الیه مرضه کما اشیر
واسطی نہونی اثر کی وجود میں اور عدم میں وجود میں اثر نکرنا تو اس سی ثابت ہی کہ اکثر اوقات کوئی شخص جذامی یا خارشتی سی نزدیک ہوتا ہی یعنی ملکر کہاتا ہی اور وہ مرض اوسمیں

الیه فیما روی عن جابر انه علیه السلام اخذ بید مجذوم فوضعها معه فی القصعة واما تخلفها عدما فلان کثیرا ما
جابر کی روایت میں یہہ اشارہ ہی کہ پیغمبر علیه السلام نی ایک مجذوم کا ہاتہہ پکڑ کر اپنی ساتہہ پیالہ میں رکہدیا اور اوسکا اثر نکرنا عدم میں اس سی ثابت ہی کہ اکثر اوقات

یعرض هذه الامراض فیما لا احتمال فیه للسرایة کما اشیر الیه فیما روی عن ابی هریرة ان اعرابیا قال للنبی علیه السلام
یہہ بیماریان ایسی جگہہ پیدا ہوجاتی ہین جہان اصلا احتمال سرایت کا نہین ہی چنانچہ ابی ہریرہ کی روایت مین یہہی اشارہ ہی کہ ایک اعرابی نی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت
ما بال الابل تکون فی الرمل کانها الظبا فیخالطها البعیر الاجرب فیجربها فقال النبی عم فمن اعدی الاول فانه عم اشار بهذا
کیا حال ہی اونٹ کا کہ دوڑتا ہی جیسی ہرن پہر اوس سی خارشتی اونٹ ملجاتا ہی اوسکو بہی خارشتی کردیتا ہی نبی علیہ السلام نی فرمایا پہلی اونٹ کو کسنی خارشتی کردیا پس نبی علیہ السلام
القول الی ان الجرب فی البعیر الاول ان حصل من بعیر اخر اجرب یلزم التسلسل الی ما لا نهایة له وهو محال وان لم
فرمایا کہ اگر پہلی اونٹ مین بہی خارش دوسری خارشتی اونٹ سی ہوئی ہی تو تسلسل لازم آویگا جو کہین جاکر نہ ٹوٹی یہہ تو محال ہی اور اگر
یحصل عنه بل بسبب اخر فالذی اوصله الی البعیر الاول هو الذی یوصل الی غیره من الاصحاء وهو الله الحاکم
دوسری خارشتی اونٹ سی نہین ہوئی بلکہ کسی اور سبب سی ہوئی تو پہر جسنی پہلی اونٹ مین پیدا کردی ہی وہ ہی پہلی چنگی اچہی بہی لونٹون مین پیدا کرسکتا ہی وہ اللہ ہر شی کا پیدا کرنیوالا
لکل شیٔ القادر علی کل شیٔ وذهب بعضهم الی ان المنفی لیس نفس السرایة لما روی انه علیه السلام قال لا یورد ممرض
اور تمام اشیا پر قدرت رکہنی والا ہی اور بعضون کا یہہ مذہب ہی کہ منفی عین سرایت نہین ہی کیونکہ روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا بیمار اونٹون والا اپنی اونٹ اچہی بہی
علی مصح والممرض صاحب الابل المریضة والمصح صاحب الابل الصحیحة والمراد النهی عن ایراد الابل المریضة علی الصحیحة
اونٹون مین نہ گہسادی اور ممرض کہتی ہین بیمار اونٹون والی کو اور مصح کہتی ہین بہلی چنگی اونٹون والی کو اور مقصود بیمار اونٹون کو اچہی بہی اونٹون مین ملانی سی منع کرنا ہی
وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال فر من المجذوم فرارك عن الاسد فعلم من هذین الحدیثین ان المنفی لیس نفس
اور ایک اور حدیث مین ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا بہاگ مجذوم سی جیسی تو شیر سی بہاگتا ہی اب ان دونو حدیثون سی معلوم ہوا کہ منفی عین سرایت نہین ہی
السرایة بل المنفی اضافتها الی العلة وهذا القول الثانی اولی لما فیه من التوفیق بین الاحادیث الواردة فیه مع ما فیه
بلکہ منفی سرایت بہ نسبت بیماری کی ہی اور یہہ دوسرا مذہب اولی ہی کیونکہ اسمین تمام حدیثین جو اسباب مین وارد ہین موافق ہوجاتی ہین
من صیانة الاصول الطبیة عن التعطیل بخلاف القول الاول فانه یفضی الی تعطیلها ولم یرد الشرع بتعطیلها بل ورد
اور طبی قاعدی بہی بیکار ہونی سی بچ جاتی ہین برخلاف پہلی مذہب کی کہ اسمین قاعدی طبی بیکار رہوئی جاتی ہین اور شرع نی طب کو بیکار نہین ٹہرایا بلکہ
باثباتها واعتبارها علی وجه لا یناقض اصول التوحید فانه علیه السلام اراد ابطال ما کان اهل الجاهلیة یعتقدونه
قواعد طبی کو ایسی طرح پر ثابت کرکر اعتبار کیا ہی کہ اصول توحید کی برخلاف نہو سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی غرض اہل جاہلیت کی عقاید کا باطل کرنا ہی وہ یون جانتی تہی
من ان العلة تسری بطبعها فقال لا عدوی وبین بقوله هذا ان الامر لیس کما زعموا بل العلة تحصل بقضاء الله تعم
کہ بیماری خود بخود اثر کرجاتی ہی سو آپ نی فرمایا کہ عدوی نہین ہی اور شرح کردی کہ یون نہین ہی جیسی اہل جاہلیت کہتی ہین بلکہ بیماری حکم الٰہی سی اور اوسکی تقدیر سی ہوتی ہی
وقدره لکن قد تکون المداناة من الاسباب المقدرة لحصول العلة بالنسبة الی بعض الاشخاص ولذلك نهی النبی
پر کبہی نزدیک ہونا یعنی مجانا ہی بیماری کا پیدا ہونی کی لئی بعضی شخصون مین سبب تقدیری ہوجاتا ہی اور اسہی لئی نبی علیہ السلام نی
عن ایراد ممرض علی مصح وامر بالفرار عن المجذوم فان ذلك من باب الاجتناب عن الاسباب التی خلقها الله تعالی و
بیمار اونٹون کو اچہی اونٹون مین ملانی سی منع کردیا اور مجذوم سی دور رہنی کو امر فرمایا کیونکہ اسمین اون اسباب سی جو کہ اللہ تعالی نی پیدا کرکر سبب بلا کا مقرر کیا ہی بچاؤ ہی اور
جعلها اسبابا للبلایا والعبد المامور بالاجتناب عن اسباب البلایا اذا کان فی عافیة منها فانه کما یؤمر بعدم
بندہ کو حکم ہی کہ بلا کی اسباب سی جبکہ وہ بندہ اوس بلا سی آرام مین ہی بچا کری جیسی کہ یہہ حکم ہی
القاء نفسه فی الماء او فی النار وبعدم دخوله تحت الهدم ونحوه مما هو من اسباب الهلاك کذلك یؤمر
کہ ڈوب کر نہ مرو یا آگ مین مت جلو یا گرتی ہوئی مکان تلی مت گہسو اور ایسی اور امر جو موت کا سبب ہوسکی ایسی ہی یہہ حکم ہی
بالاجتناب عن مقاربة الاجرب والمجذوم ونحوهما مما هو من العلل المتعدیة باذن الله تعالی فان هذه الاسباب
کہ خارشتی اور مجذوم سی اور مانند اسکی اور بیمار یون سی جو اللہ تعالی کی حکم سی دوسری مین اثر کرجاتی ہین الگ رہو کیونکہ یہہ امور

اسباب للمرض والتلف والله تعالى يخلق المسببات عندها لا بها فانه تعالى هو خالق الاسباب ومسبباتها لا خالق

اور ہلاک کی اسباب ہیں اور اللہ تعالی ایسی وقت پر مرض کو جو مسبب ہی پیدا کر دیتا ہی کچھ اسکی سبب سی نہیں ہوتا کیونکہ اللہ تعالی ہی اسباب اور مسبب دونو کا خالق ہی

سواہ لكن الاسباب نوعان النوع الاول اسباب الخير فان النعم لا تضاف الى الاسباب بل انما تضاف الى مسببها و

اوسکی سوا کوئی خالق نہیں ہی لیکن اسباب دو قسم پر ہیں پہلی قسم تو اسباب خیر کی ہیں سو نعیم کو اسباب سی کچھہ علاقہ نہیں ہی بلکہ نعیم صرف مسبب اور مقدر کی عنایت ہی

مقدرها فما ظهر منها ينبغي ان يفرح بها ويتبشر عند ظهورها ولا يسكن اليها بل الى خالقها ومسببها كما في قوله تعالى

سو جو بہتر ائی پیش آوی تو لائق ہی کہ اس سی خوش ہو اور دل بشارت حاصل کری اور اوسکی طرف متوجہ نہ ہی بلکہ خالق اور مسبب کی طرف متوجہ ہو چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی

في امداد المؤمنين بالملئكة وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ والاكثر الناس

جب فرشتوں سی مؤمنین کی امداد کی اور یہہ تو دی اللہ نی خوشخبری اور تا چین پکڑیں دل تمہاری اور مدد نہیں مگر اللہ سی اور اس زمانہ کی اکثر لوگ

في هذا الزمان يركنون بقلوبهم الى الاسباب وينسون مسببها فمن اضاف شيئا من النعم الى غير الله تعالى ان كان مع

اسباب کی طرف تو بدل متوجہ ہوتی ہیں اور اصل مسبب کو بہول جاتی ہیں سو جو شخص نعیم کو سوائی اللہ کی اور جہت سی سمجہی اگر یہہ بہی

اعتقاده انه ليس من الله تعالى فهو شرك حقيقي وان كان مع اعتقاده انه من الله تعالى فهو نوع من شرك خفي والنوع

اعتقاد ہی کہ اللہ تعالی کی طرف سی نہیں ہی تو یہہ حقیقی شرک ہی اور اگر اسباب کو لحاظ کرتا ہی مع اعتقاد یہہ ہی کہ اللہ تعالی کی طرف سی ہی تو یہہ ایک قسم شرک خفی کی ہی اور دوسری

الثاني اسباب الشر فان المصائب لا تضاف الا الى الذنوب كما قال الله تعالى وَمَا اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ

قسم اسباب شر سو مصائب تمام صرف گناہوں ہی سی علاقہ رکہتی ہیں چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور جو پڑی تم پر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتہوں نی

وما ظهر منها ينبغي ان يتقي عنها بقدر ما ورد به الشرع مثل اتقاء مقاربة الاجرب والمجذوم والقدوم على مكان الطاعون

اور جو اسباب یا مصائب ظاہر ہوں تو اوس سی اتنا پرہیز کرنا چاہیی کہ جتنا شرع کی اجازت دی ہی جیسی خارشتی اور مجذوم کی ہمنشینی سی اور وبا کی مکان میں داخل ہونی سی

واما ما خفي منها فلا ليشرع اتقاؤها واجتنابها لان ذلك من الطيرة المنهي عنها التي من اعمال الشرك والكفر كما حكاها

اور جو اسباب یا مصائب پوشیدہ ہیں تو اوس سی پرہیز کرنا شرع میں نہیں آیا کیونکہ یہہ بدشگونی میں داخل ہی جو نہایت ممنوع اور شرک اور کفر کا عمل ہی چنانچہ

الله تعالى عنهم في مواضع من كتابه فانهم كانوا يتطيرون ويتشاءمون بالرسل واتباعهم وسبب تشاؤمهم بهم

اللہ تعالی اسکو اپنی کتاب میں کئی جگہہ بیان فرماتا ہی کیونکہ وہ لوگ رسل علیہم السلام اور اونکی اصحاب سی بدشگونی کر کر نحوست سمجہا کرتی تہی اور سبب منحوس سمجہنی کا یہہ تہا

ان الرسل لما دعوهم الى دين غير مالوفهم استغربوه واستقبحوه ونفرت عنه طباعهم اذ من عادة العوام ان

کہ رسل علیہم السلام نی جب اون لوگوں کو نئی دین کی دعوت کی تو وہ لوگ عجیب سمجہہ کر قبیح سمجہنی لگی اور اونکی طبیعتیں نفرت کرنی لگیں کیونکہ عوام کی یہہ عادت ہی

يتيمنوا بكل ما يوافق هواهم وانكان جالبا لكل شر ووبال وان يتشاءموا بكل ما يخالف هواهم وان كان جازبا بكل خير

کہ اپنی ہوس کی موافق آرزو کیا کرتی ہیں اگرچہ اوسمیں سراسر بدی اور وبال ہو اور جو اونکی مرضی کی مخالف ہو اوسکو نحس جانتی ہیں اگرچہ اوسمیں سراسر خیر اور برکت ہو

ونوال وقد ثبت انه عليه السلام قال لا طيرة وفي حديث اخر انه عليه السلام قال الطيرة من الشرك والبحث عن

اور ثابت ہو چکا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بدشگونی بالکل نہیں ہی اور ایک اور حدیث میں ہی کہ آپ نی فرمایا بدشگونی شرک ہی اور گفتگو کرنی

اسباب الستر بالرمل والنظر في النجوم وضرب الحصى والشعير وغير ذلك هو الطيرة المنهي عنها والباحثون عنها لا

غیب کی باتوں میں بوسیلہ رمل کی اور ستاروں کی تاثیر دیکہہ کر اور کنکر پہینکنی اور جو کی دانہ وغیرہ سی یہہ ہی طیرہ ہی جسکی ممانعت ہوئی ہی اور اوسمیں گفتگو کرنیوالی

يشتغلون لما يدفع البلاء من الطاعات بل يشتغلون بلزوم البيت وعدم الحركة وهذا لا يمنع نزول القضاء والقدر

وہ کام نہیں کرتی جس سی بلا دفع ہو یعنی عبادات بلکہ گہر میں گہسکر بیٹہہ رہتی ہیں اور چلنا پہرنا موقوف کر دیتی ہیں اس سی قضا اور قدر بند نہیں ہوتی

ومنهم من يشتغل بالمعاصي وهذا مما يقوي وقوع البلاء ونفوذه والذي جاءت به الشريعة هو ترك البحث عن

اور بعض لوگ گناہوں میں مشغول ہو جاتی ہیں یہہ ایسا کام ہی جسمیں خواہ مخواہ بلا آوی اور اثر کری جو علاج واسطی دفع بلا کی شرع میں آیا ہی وہ یہہ ہی کہ اوسمیں کچھہ گفتگو

ذلك وَالاعراض عنه والاشتغال بما يدفع البلاء من الدعاء والذكر والصدقة والتوكل على الله تعالى والايمان
اور نہ ادہر توجہ کرے اور وہ شغل اختیار کرے جسمین بلا دفع ہو یعنی دعا اور یاد الٰہی اور خیرات اور خدا تعالی پر بہروسہ اور قضا
بقضائه وقدره فانه عليه السلام عند ظهور اسباب العقوبات السماوية المخوفة كالكسوف والخسوف كان يامر و
اور قدر کو تسلیم کرنا کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم بروقت ظاہر ہونی سامان خوفناک عذاب آسمانی کی جیسے سورج گہن اور چاند گہن اوروں کو یہہ حکم فرماتی
يشتغل باعمال البر من الصلوة والدعاء حتى ينكشف ذلك عن الناس وهذا كله مما يدل على ان اسباب العذاب اذا
اور آپ بہی نیک اعمال میں مصروف ہوتی جیسے نماز نفل اور دعا یہان تک کہ وہ سامان لوگون پر سے دور ہوجاتا ان تمام روایات سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ جب عذاب کے سامان
ظهرت فالمشروع الاشتغال بما يرجى ان يدفع به العذاب المخوف من اعمال البر والتقوى فان هذه الاشياء
ظاہر ہوں تو موافق شرع کی ایسی عبادت میں مشغول ہو جسمین امید ہے کہ عذاب خوفناک موقوف ہوجاوے یعنی اعمال نیک اور پرہیزگاری بیشک یہہ تمام اشیاء
كلها من اعظم ما يستدفع به البلاء فانه تعالى يخلق اسبابا للعذاب واسبابا للرحمة اما اسباب العذاب فيخوف
بلا کی دفع کرنی مین بڑی ہی تاثیر رکہتی ہین بیشک اللہ تعالی سامان عذاب کا اور رحمت کا دونو پیدا کرتا ہے عذاب کی سامان سے تو اللہ تعالی اپنی بندون کو ڈراتا ہے
الله تعالى بها عباده ليتوبوا اليه ويتضرعوا اليه كالرياح الشديدة فان الريح من روح الله تعالى تاتي بالرحمة
تاکہ اوسکی طرف رجوع لاویں اور خوار ہوکر روویں جیسے تند اندہیان بیشک ہوا اللہ تعالی کا فیض ہے کبہی رحمت لاتی ہے
وتاتي بالعذاب وعند اشتدادها امر النبي عليه السلام ان يسئل الله تعالى خيرها وخير ما ارسلت به ويستعيذ
اور کبہی عذاب اور تندی کی وقت نبی علیہ السلام کا حکم ہے کہ اللہ تعالی سے خیر کی دعا کریں اور جو اوس سے آوے اوسکی خیر مانگیں اور اوسکی
به تعالى من شرها وشر ما ارسلت به فانه عليه السلام قد كان اذا راى ريحا او غيما تغير وجهه واقبل وادبر فاذا
شر سے اللہ اوسکی شر سے جو وہ لاتی ہے پناہ مانگیں پس پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جب آندہی یا ابر دیکہتے تو چہرہ کی حالت بدل جاتی اور کبہی آتی اور کبہی جاتی پہر اگر
امطرت سر عنه ويقول قد عذب قوم بالريح وراى قوم السحاب فقالوا هذا عارض ممطرنا فنزل منه العذاب واما اسباب
مینہہ برس جاتا تو خوش ہوجاتی اور فرماتی کہ ایک قوم کو عذاب آندہی سے ہوا تہا اور ایک قوم ابر کو دیکہہ کر کہنی لگی یہہ ابر ہے ہمپر برسیگا سو اوسمین سے عذاب نازل ہوا اور رحمت کی
الرحمة فيرجي الله تعالى بها عباده كالريح الطيبة والمطر المعتاد عند الحاجة اليه ولهذا يقال عند نزوله اللهم
سامان سے اللہ تعالی اپنی بندون کو امیدوار کرتا ہے جیسے ہوا نرم ٹہنڈی اور مینہہ عادت کی موافق حاجت کی وقت اور اسی واسطے مینہہ برستی وقت یہہ دعا کرتی ہین الٰہی
سقي رحمة لا سقي عذاب واما من اتقى عن اسباب الضرر بعد ظهورها بالاسباب المنهي عنها فلا ينفعه بل
پلانا رحمت کا نہ پلانا عذاب کا اور جو شخص اسباب ضرر سے بعد ظاہر ہونی کی بطور ممنوع کی بچنا چاہے تو اوسکو کچہہ فائدہ نہین بلکہ
كثيرا ما يقع فيما يخاف منها واما قوله عليه السلام ولا صفر فقد اختلف في تفسيره والقول الاشبه ان المراد به شهر
اکثر اوقات خوفناک بلا میں آجاتا ہے اور یہہ ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ صفر نہین ہے سو اسکی تفصیل مین اختلاف ہے ظاہرا حق یون معلوم ہوتا ہے کہ مراد ماہ صفر کا
صفر فان اهل الجاهلية كانوا يتشاءمون ويقولون انه شهر مشؤم فابطل النبي عليه السلام ذلك وكثير من الناس
کیونکہ ایام جاہلیت مین اسکو منحوس جانتی تہی اور یون کہا کرتی تہی کہ صفر برا منحوس ہے سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو باطل کر دیا اور بہتیرے لوگ
في هذا الزمان يتشاءمون به وربما يمتنعون فيه من السفر والتزوج وغيرهما والتشاءم به من جنس الطيرة المنهي عنها ولذلك
اب بہی اوسکو منحوس بتاتی ہین اور بعضی دفعہ اس مہینہ مین سفر نہین کرتی اور نہ بیاہ کرین اور نہ اور کوئی کام اسکی نحوست ماننی بہی بدشگونی کی قسم ہے جسکی ممانعت ہوچکی ہے اور
التشاءم بيوم من الايام فان تخصيص الشوم بزمان دون زمان كشهر صفر وغيره غير صحيح لان الزمان عبارة عن مدة
نحوست کسی اور دن کی تمام ایام مین سے بدشگونی ہے کیونکہ نحوست کی خصوصیت کسی کسی وقت کی جیسے ماہ صفر وغیرہ کی جایز نہین ہے اسواسطے کہ زمانہ تو ایک مدت دراز کا نام ہے
ممتدة يعرف مقدارها بحركة الافلاك والكواكب وهو في ذاته امر واحد متشابه الاجزاء لا يحصل الا بخلق الله تعالى
جسکا اندازہ افلاک کی حرکت اور ستارون سے معلوم ہوتا ہے اور وہ اپنی ذات مین ایک متصل چیز ہے اوسکی سب اجزا ایک سے ہین صرف خدا تعالی کی پیدایش ہے

يبقى

ویقع فیه افعال العباد فلا یکون فیه یمن ولا شوم الا باعتبار افعال العباد فکل زمان شغله العبد بالطاعة فهو

اوسی کی اندر افعال عباد ہوتی ہین سواوسمین نہ برکت نہ کچھ نحوست ہان باعتبار کاربندون کی ہی سوجس زمانہ کو انسان نی عبادت مین مشغول رکھا تو وہ

زمان مبارک علیه وکل زمان شغله العبد بالمعصیة فهو زمان مشؤم علیه والیمن والشوم فی الحقیقة هو الطاعة

زمانہ اوسپر مبارک ہی اور جس زمانہ کو انسان نی گناہون مین لگادیا تو وہ زمانہ اوسپر منحوس ہی حقیقت مین مبارک اور منحوس عبادت

والمعصیة کما قال عدی بن حاتم یمن المرء وشومه بین لحییه یعنی لسانه وقال ابن مسعود ان کان الشوم فی شئ

اور معصیت ہوتی ہی چنانچہ عدی بن حاتم کہتا ہی آدمی کی برکت اور نحوست دونو جبڑون مین ہی مراد اوسکی زبان ہی اور ابن مسعود کہتی ہین اگر بالفرض کسی شئ مین نحوست ہوتی

ففیما بین اللحیین یعنی اللسان وقال ایضا ما شئ احوج الی طول السجن من اللسان وروی عن عائشة انه علیه السلام

تو دونو جبڑون مین یعنی زبان مین ہوتی اور یہ بہی کہا زبان سی زیادہ کوئی شئ نہین جو قید کی زیادہ حاجتمند ہو اور حضرت عائشہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی

قال الشوم سوء الخلق فعلی هذا لا الشوم الا المعاصی والذنوب فانها تسخط الله تعالی فانه اذا سخط علی عبد یکون ذلک

فرمایا نحوست بدخلقی ہی اس روایت کی موافق بجز معاصی اور ذنوب کی نحوست کچہہ اور نہین ہی کیونکہ اسی ہی اللہ تعالی بیزار ہوتا ہی سو جس بندی سی اللہ بیزار ہوا تو وہ ہی بندہ

العبد شقیا فی الدنیا والاخرة واذا رضی عن عبد یکون ذلک العبد سعیدا فی الدنیا والاخرة وبعض الصالحین قد شکی الیه

دنیا اور آخرت مین بدبخت ہی اور جس بندی سی اللہ تعالی راضی ہوا وہ ہی بندہ دنیا اور آخرت مین نیکبخت ہی کسی صالح مرد کی سامنی ایسی مصیبت کا شکوہ ہوا

عن بلاء وقع الناس فیه فقال ما اری ما انتم فیه من البلاء الا بشوم الذنوب فالعاصی مشوم علی نفسه وعلی غیره اذ لا

جسمین تمام خلق مبتلا تہی سو اونہون نی کہا مجکو تمہاری یہ مصیبت بجز نحوست ذنوب کی معلوم نہین ہوتی تو گنہگار آدمی اپنی حق مین ہی اور غیر کی حق مین ہی منحوس ہوتا ہی اسلئی

یؤمن ان ینزل علیه العذاب فیعم الناس خصوصا من لم ینکر عمله والبعد عنه لازم وکذلک الاماکن التی یفعل فیها المعاصی

کہ اگر اوسپر عذاب نازل ہووی پہر سب خلق پر پہیل جاوی تو کہان بچ سکتی ہین خاص کر اون لوگون پر جو اوسکی عمل کو برا نجانتی ہون اور اوس سی دور رہنا ضرور چاہئی اور ایسی ہی اون مکانات

یلزم البعد عنها والهرب منها خشیة نزول العذاب علی من یوجد فیها کما روی انه علیه السلام حین مر علی دیار ثمود بالحجر

سی کنارہ کر دور رہنا چاہئی اس خوف سی کہ مبادا جو جو وہان موجود ہون سب پر عذاب نازل ہو جاوی چنانچہ روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جب تبوک جاتی مین دیار ثمود پر پہنچی

قال لاصحابه لا تدخلوا اماکن هؤلاء المعذبین الا ان تکونوا باکین خشیة ان یصیبکم ما اصابهم فان هجران اهل

تو اپنی اصحاب سی فرمایا اس دم عذاب کی ماری ہوونکی مکانات مین نہ جانا مگر روتی ہوئی اس خوف سی مبادا کہ تمپر بہی آجاوی جو عذاب اونپر آیا تہا بیشک ترک کرنا اہل

العصیان واماکنهم من جملة الهجرة المامور بها بل العدوی عند التحقیق فی مخالطة من ترتکب المعاصی ویحسنها ویزینها

عصیان اور اونکی مکانات کا ہجرت مین داخل ہی جو کہ مامور بہ ہی بلکہ عدوی یعنی دکہہ کا لگنا حقیقت مین اوس شخص کی ملاپ مین ہی جو معاصی مین مبتلا ہی اور معاصی کو خوبی کی ساتھ زیب

ویدعو الیها من شیاطین الانس الذین هم اضر من شیاطین الجن فان شیاطین الجن یستعاذ منه بالله تعالی فینصرف

اور لوگون کو رجہاتا ہی یعنی آدمی کی صورت کا شیطان کہ وہ جنی شیطانون سی زیادہ ترضرر کرتا ہی کیونکہ جنی شیاطین تو اللہ تعالی کی پناہ لینی سی دور ہو جاتی ہین

واما شیاطین الانس فلا یبرح حتی یوقعک فی المعصیة وقد جاء فی الحدیث انه علیه السلام قال یحشر المرء علی دین خلیله

اور آدمی کی صورت کی شیاطین کبہی نہین جاتی آخر تجکو معصیت مین گرفتار کر چہوڑتی ہین اور حدیث مین آیا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہی آدمی اپنی اپنی دوستون کی دین پر اوٹہینگی

فلینظر احدکم من یخالل وفی الحدیث الاخر انه علیه السلام قال لا تصحب الا مؤمنا ولا یاکل طعامک الا تقی واما الغول بالضم

اب تمکو خیال کرنا چاہئی کس سی دوستی کرتی ہو اور ایک اور حدیث مین ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ نی فرمایا ہی مؤمن کی سوا کسیکا ہمنشین مت ہو اور سوا پرہیزگار کی کسیکو کہانا مت کہلا اور غول

فهو من زعمات الجاهلیة فانهم کانوا یقولون انه نوع من الجن یتراٰی للناس فی الفلوات باشکال مختلفة ویضلهم

جاہلیت کی اقوال مین اہل جاہلیت کہا کرتی تہی کہ غول ایک قسم جن کی ہی آدمیون کو جنگل مین طرح طرح کی شکلین بنا کر دکہایا کرتی ہین اور رستی سی بہٹکا کر

عن الطریق ویهلکهم وقوله علیه السلام لا غول یحتمل ان یکون المراد منه نفی وجوده کما هو ظاهر من لفظه لان المتبادر

ہلاک کر دیتی ہین اور یہ ارشاد نبی علیہ السلام کا کہ غول نہین ہی اسمین یہہ بہی احتمال ہی کہ اس سی مراد نفی اوسکی وجود کی ہو چنانچہ لفظون سی یہہ ہی ظاہر ہی کیونکہ

زینت دیکر

من نفی الشئ نفی وجودہ لکن قال بعض العلماء لیس المراد بہ نفی وجودہ بل المراد بہ نفی ما کان یعتقدہ اہل الجاہلیۃ
کسی شی کی نفی سی یہہ ہی معلوم ہوتا ہی کہ وہ چیز موجود نہیں ہی لیکن بعضی علما یہہ کہتی ہیں کہ نفی اوسکی وجود کی مراد نہیں ہی بلکہ اہل جاہلیت کی ان معتقدات کی نفی مراد ہی

من التشکل باشکال مختلفۃ والاضلال عن الطریق والاہلاک فیکون المعنی انہ لا یستطیع ان یضل احدا عن الطریق
کہ وہ طرح طرح کی شکل بناتی ہیں اور رستہ سی بہکاتی ہیں اور ہلاک کر دیتی ہیں اب حدیث کی یہہ معنی ہوئی کہ غول کسیکو رستی سی نہیں بہکا سکتی

ولا ان یفعل شیئا مما ذکر وہذا الوجہ اولی الوجہین لورود اخبار تدل علی وجودہ من جملتہا ما روی انہ علیہ السلام
اور نہ کچھ اور ان مذکورات میں سی کر سکتی ہیں یہہ معنی دونوں معنی میں اولی ہیں کیونکہ ایسی حدیثیں بہی آئی ہیں جو غول کی وجود پر دلالت کرتی ہیں اونہیں میں سی ایک یہہ روایت ہی کہ پیغمبر علیہ السلام

قال اذا تغولت الغیلان فبادروا بالاذان فانہ علیہ السلام بین ان شرہا یدفع بذکر اللہ تعالی فعلی المؤمن ان یشتغل
فرمایا جسوقت غول شرارت کریں تو جلدی اذان کہو سو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی بیان کر دیا کہ انکی شرارت ذکر الہی سی دفع ہو جاتی ہی سو مؤمن کو لازم ہی کہ اللہ تعالی کی عبادت میں مشغول

بطاعۃ اللہ تعالی ویتوکل علیہ ویترک کل ما شاع بین الانام مما کان مخالفا للدین الاسلام ونہی عنہ النبی علیہ السلام
اور اوسہی پہ بہروسا کری اور جو خلقت میں خلاف شرع پہیل رہا ہی سب ترک کری یعنی جو دین کی مخالف ہو اور نبی علیہ السلام نی منع فرمایا ہو

یسرنا اللہ تعالی عملا موافقا لرضائہ بلطفہ وکرمہ المجلس التاسع والثلثون فی ذم الطیرۃ والفال
الہی ہمپر آسان کر عمل اپنی رضا کی موافق اپنی لطف اور کرم سی انتالیسویں مجلس شگون بد اور فال بد کی برائی میں

المذموم ومدح فال المسنون وانواعہ
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا طیرۃ وخیرہا
اور مسنون فال کی مدح اور اوسکی اقسام میں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی طیرہ کی کچہہ اصل نہیں ہی اوسمیں سی بہتر

الفال قالوا وما الفال یا رسول اللہ قال الکلمۃ الصالحۃ یسمعہا احدکم ہذا الحدیث من صحاح المصابیح
فال ہی پوچہا یا رسول اللہ فال کیا ہوتی ہی فرمایا اچہی بات جو کوئی سن لی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی

رواہ ابو ہریرۃ ومعناہ ان الطیرۃ لا یجوز العمل بہا لعدم الخیر فیہا وانما الخیر فی الفال الذی ہو الکلمۃ الصالحۃ
ابو ہریرہ کی روایت سی اسکی یہہ معنی ہیں کہ بدشگونی پر عمل کرنا جایز نہیں ہی کیونکہ اسمیں خیر نہیں ہوتی خیر صرف فال ہی میں ہی جو کہ نیک بات ہوتی ہی جو

یسمعہا احدکم ولیس معناہ ان فی الطیرۃ خیرا والفال خیر منہا اذ لا خیر فی الطیرۃ اصلا وہی مصدر بمعنی
کوئی سن پاوی اور یہہ معنی نہیں ہیں کہ بدشگونی میں خیر ہی پر فال اوس سی بہتر ہی اسواسطی کہ بدشگونی میں اصلا خیر نہیں ہی اور طیرہ مصدر ہی

التطیر ماخوذۃ من الطیر لان العرب فی الجاہلیۃ کانوا یتبرکون بسنوحہا ای بمرورہا من میاسرک الی میامنک
تطیر کی معنوں میں طیر سی مشتق ہوا ہی اسلئی کہ عرب کی لوگ جاہلیت میں سنوح کو مبارک جانتی تہی یعنی جو کہ بائیں ہاتہ کی طرف سی داہنی طرف چلا جاوی

ویتشاءمون ببروحہا ای بمرورہا من میامنک الی میاسرک اذ کان من عادتہم اذا خرجوا لحاجۃ فان راوا الطیر
اور بروح کو منحوس سمجہتی تہی یعنی جو کہ داہنی ہاتہ کی طرف سی بائیں طرف چلا جاوی کیونکہ عرب کی یہہ عادت تہی جب کسی کار کو نکلتی پہر اگر کسی پرندہ

او الوحش یمر بیمینہ یتبرکون بہ ویذہبون فی حاجتہم وان راوا الطیر او الوحش یمر بیسرۃ یتشاءمون بہ ویرجعون
یا وحشی کو دیکہا کہ داہنی طرف کو گیا تو اسی مبارک جانکر اپنی کار کو چلی جاتی اور اگر دیکہتی کہ پرندہ یا وحشی جانور بائیں طرف کو گیا تو منحوس جانکر راہ میں سی اپنی گہر ہٹ آتی

الی بیوتہم وربما کانوا ینفرون الطیور والوحوش فینظرون انہا ان اخذت ذات الیمین یتبرکون بہ ویمضون فی سفرہم
اور بعضی دفعہ پرندہ کو اوڑا کر اور وحشی کو بہگا کر دیکہتی کہ کدہر کو جاتا ہی اگر وہ داہنی طرف کو گیا تو مبارک جان کر سفر کاربار کو چلی جاتی

وحاجتہم وان اخذت ذات الشمال یتشاءمون بہا ویرجعون عن سفرہم وحاجتہم والحاصل انہم کانوا یتبرکون
اور اگر اوسنی داہنی طرف لی تو اوسکو منحوس سمجہکر اپنی سفر سی اور کار بی کی ہٹ آتی حاصل یہہ ہی کہ سوانح کو

بالسوانح ویتشاءمون بالبوارح والسانح ما یمر من الطیر والوحش بین یدیک من جہۃ یسارک الی یمینک والعرب
نیک برکت والا جانتی اور بوارح کو منحوس سمجہتی سانح وہ پرندہ جانور یا وحشی ہوتا ہی جو سامنی سی بائیں طرف سی داہنی طرف کو چلا جاوی عرب کی لوگ

كانوا يتيمنون به لامكان رميه وصيده من غير الانحراف والبارح ما يمر من الطير والوحش من جهة يمينك

اسکو مبارک جانتی تہی کیونکہ اوسکو تیر مارنا اور شکار کرنا بدون گردش کی سہل ہوتا ہی اور بارح وہ پرندہ جانور یا وحشی ہوتا ہی کہ داہنی طرف سی

الى يسارك والعرب كانوا يتشاءمون به لعدم امكان رميه وصيده من غير الانحراف فنفى النبي عليه السلام ذلك

بائیں طرف چلا جاوی عرب کی لوگ اوسکو منحوس جانتی ہیں کیونکہ اسکا تیر مارنا اور شکار کرنا بدون گردش کی ممکن نہیں ہوتا سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اسکو منع کیا

وابطل واخبر انه ليس له تاثير بنفع ولا ضر فهذا معنى قوله لا طيرة فان الطيرة على وزن مصدر بمعنى التطير واصل

اور مٹا دیا اور خبر سنائی کہ اسمیں نہ کچھ نیک تاثیر فائدہ مندی اور نہ کچھ ضرر ہی سو معنی حدیث لا طیرة کیہی ہیں کیونکہ طیرہ چنانچہ گذر چکا ہی مصدر تطیر کی معنوں میں ہی — اور اصل میں

التطير التفاؤل بالطير ثم استعمل في كل ما يتفاءل به ويعد شوما سواء كان طيرا او غيره وقد روى انه عليه السلام

تطیر طیر سی فال لینی کو کہتی ہیں پہر اسکی استعمال ہر ایک فال میں جو منحوس سمجھی گئی برابر ہی کہ طیر سی ہو یا سوا اسکی اور کچھ ہو اور روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی

قال الطيرة من الشرك يعني انها من اعمال اهل الشرك والكفر كما حكاها الله تعالى عنهم في مواضع من كتابه فانهم كانوا

فرمایا بدشگونی شرک ہی مراد یہہ ہی کہ طیرہ مشرکین اور کفار کی اعمال میں سی ہی چنانچہ اللہ تعالی نی اونکی حال کی کئی جگہہ اپنی کتاب میں حکایت کی ہی کیونکہ وہ کفار

يتشاءمون بالرسل واتباعهم وسبب تشاؤمهم بهم ان الرسل لما دعوهم الى دين غير ما الفوهم استغربوه واستعجبوه

رسولوں اور اونکی ساتہیوں کو منحوس سمجہتی تہی اور اونکی منحوس سمجہنی کا سبب یہہ تہا کہ رسول جو اونکو نیا دین خلاف طبع سکہاتی تہی تو اوسکو عجیب و غریب جانتی تہی

ونفرت عنهم طباعهم اذ من عادة الجهلة ان يتيمنوا بكل ما يوافق هواهم وان كان جالبا لكل شر ووبال وان يتشاءموا

اور اونسی کفار کو بالطبع نفرت تہی کیونکہ جاہلوں کی یہہ عادت ہی کہ جو اونکی دل لگتی بات مرضی کی موافق ہو اوسکو مبارک سمجہیں اگرچہ اوسمیں تمام خرابیاں موجود ہوں اور جو بات

ما يخالف هواهم وان كان جاذبا بكل خير ونوال ومن عادتهم ايضا التشاءم ببعض الايام والشهر كشهر صفر فان كثير

اونکی مرضی کی خلاف ہو تو اوسکو منحوس سمجہیں اگرچہ اوسمیں ہر طرح کی خیر اور خوبی حاصل ہو اور اونکی یہہ بہی عادت ہی کہ بعضی تاریخوں اور بعضی مہینوں کو منحوس جانتی ہیں جیسی صفر کا — مہینا بہت

من الناس في هذا الزمان يتشاءمون به وربما يمتنعون فيه من السفر والتزوج ونحوهما والتشاؤم به من جنس الطيرة

لوگ اس زمانہ کی بہی اوسکو منحوس گنتی ہیں اکثر اوقات اس مہینہ میں سفر اور بیاہ وغیرہ نہیں کرتی یہہ بدشگونی بہی ایسی ہی ممنوع ہی جیسی طیرہ

المنهي عنها فان تخصيص الشوم بزمان دون زمان غير صحيح لان الزمان عبارة عن مدة ممتدة يعرف مقدارها

کیونکہ نحوست کی خصوصیت بعضی بعضی وقت سی ہرگز نہیں ہو سکتی اسلئی کہ زمانہ ایک مدت متصل دراز کو کہتی ہیں جسکی مقدار افلاک

بحركة الافلاك والنجوم وهو في ذاته امر واحد متشابه الاجزاء يحصل بخلق الله تعالى ويقع فيه افعال العباد فلا يكون

اور ستاروں کی حرکت سی معلوم ہوتی ہی اور زمانہ اصل میں ایک چیز اوسکی ایک طرح کی اجزا ہیں خدا کی پیدایش سی موجود ہی بندوں کی افعال اوسمیں واقع ہوتی ہیں

فيه يمن ولا شوم الا باعتبار افعال العباد فكل زمان شغله العبد بالعبادة فهو زمان مبارك عليه وكل زمان

سو اوسمیں نہ کچھ برکت ہی نہ کوئی نحوست مگر باعتبار کردار بندوں کی سو جس وقت کو بندہ نی عبادت میں صرف کیا وہ زمانہ اوسکی حق میں مبارک ہی اور جو وقت

شغله العبد بالمعصية فهو زمان مشوم عليه وفي الحقيقة اليمن هو الطاعة والشوم هو المعصية كما قال عدي

معصیت میں صرف ہوا وہ زمانہ اوسکی حق میں منحوس ہی اور حقیقت میں برکت عبادت میں ہی اور نحوست گناہ میں چنانچہ عدی

بن حاتم يمن المرء وشومه بين لحييه يعني لسانه وقال ابن مسعود ان كان الشوم في شيء ففيما بين اللحيين يعني

بن حاتم کہتی ہیں کہ انسان کی برکت اور نحوست دونو جبڑوں میں ہی یعنی زبان میں اور ابن مسعود کہتی ہیں اگر کسی چیز میں نحوست ہو تو اوسمیں ہی جو دونو جبڑوں میں ہی

اللسان وروى عن عائشة رض انه عليه السلام قال الشوم سوء الخلق فعلى هذا ليس الشوم الا المعاصي

یعنی زبان میں اور حضرت عائشہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا نحوست بدخلقی ہی سو اس حدیث کی موافق منحوس صرف معاصی اور ذنوب ہوتی ہیں

والذنوب فانها تسخط الله تعالى فانه تعالى اذا سخط على عبد يكون ذلك العبد

کیونکہ یہی خدا تعالی کو غصہ دلاتی ہیں کیونکہ جب اللہ تعالی کسی بندہ پر غضبناک ہوا تو وہ شخص

شقيا في الدنيا والاخرة واذا رضي عن عبد يكون ذلك العبد سعيدا في الدنيا والاخرة وبعض الصالحين
دنیا اور آخرت مین شقی بد بخت ہوا اور جس بندہ سی اللہ تعالی راضی ہوا تو وہ شخص دنیا اور آخرت مین نیک بخت ہوا کسی نیک بخت کی پاس
قد شكى اليه عن بلاء وقع فيه الناس فقال ما ارى ما انتم فيه من البلاء الا بشوم الذنوب والمعاصي فالعاصي مشوم
لوگون نی ایک بلا مین مبتلا ہو کر شکایت کی اونہون نی جواب دیا کہ مجہکو یہہ ہی معلوم ہوتا ہی کہ تمپر یہہ بلا صرف گناہ اور معاصی کی نحوست سی نازل ہوئی ہی سو گنہگار
على نفسه وعلى غيره اذ لا يؤمن ان ينزل عليه العذاب فيعم الناس خصوصا من لم ينكر عمله فالبعد عنه لازم و
اوسپر اور غیرون پر بہی ہوتی ہی اسواسطی کہ کہان پناہ ہی کہ اوس گنہگار پر عذاب نازل ہو پہر سب خلق پر پہیل جاوی خاص اون لوگون پر جو اوسکی عمل کو برا نہین جانتی
كذا الاماكن التي يفعل فيها المعاصي يلزم البعد عنها والهرب منها خشية نزول العذاب على من يوجد فيها فان
ایسی ہی اون مکانات سی الگ دور رہنا ضرور ہی جہان معاصی عمل مین آتی ہون اس ڈرسی کہ مبادا عذاب اون سب پر نازل ہو جو جو وہان موجود ہون کیونکہ
هجران اهل العصيان واماكنهم من جملة الهجرة المامور بها ومن عادتهم ايضا البحث عن اسباب الشر بالرمل وضرب
ترک کرنا نافرمانون کا اور اونکی مکانات کا ہجرت مین داخل ہی جسکا حکم ہی اور اونکی عادت مین یہہ بہی ہی کہ بوسیلہ رمل اور
الحصى والشعير والنظر في النجوم وغير ذلك وذلك كله من قبيل الطيرة المنهي عنها ومن قبيل الاستقسام بالازلام
کنکریون اور دانہ جو کی اور ستارون مین نظر کر کی اور سوا اسکی غیب کی حالات مین بحث کرتی ہین یہہ تمام بدشگونی مین داخل ہی جسکی ممانعت ہوئی ہی اور استقسام بالازلام
ومعنى الاستقسام طلب معرفة ما قسم مما لم يقسم والازلام القداح التي كان اهل الجاهلية يكتبون عليها الامر و
اور معنی استقسام کی یہہ ہین کہ طلب کرنا علم شدنی اور ناشدنی کا اور ازلام تیرون کو کہتی ہین جن پر اہل جاہلیت امر اور نہی یعنی ہان یا نہین لکہتی تہی
والنهي يكتبون على بعضها افعل او امرني ربي وعلى بعضها لا تفعل او نهاني ربي ويضعونها في وعاء فاذا اراد احدهم امرا
بعضی پر افعل یعنی کر یا امرنی ربی یعنی اسکا حکم آیا ہی لکہتی تہی اور بعضی پر لا تفعل یعنی مت کر یا نہانی ربی یعنی اللہ کا حکم نہین لکہتی پہر اونکو ایک باسن مین رکہتی پہر جب کوئی
ادخل يده في ذلك الوعاء واخرج قدحا فان خرج ما فيه الامر مضى لما قصده وان خرج ما فيه النهي كف عما قصده وقال
تو اوس برتن مین ہاتہہ ڈالکر ایک تیر نکال لیتا اگر ایسا تیر نکلا جسمین حکم تہا تو وہ اپنی کار کو چلا جاتا اور اگر ایسا تیر نکلتا کہ جسمین ممانعت تہی تو اپنا کار موقوف کرتا اور
سعيد بن جبير كان لاهل الجاهلية حصيات قدام اصنامهم اذا اراد احدهم امرا من السفر وغيره استقسم بها اي
سعید بن جبیر کہتی ہین کہ اہل جاہلیت بتون کی سامنی کنکر رکہتی تہی جب کوئی سفر و غیرہ کا ارادہ کرتا تو استقسام کرتا یعنی علم شدنی اور ناشدنی کا حاصل کرتا کہ یہہ کار کرون
طلب بها علم ما قسم له من الاقدام والاحجام وقال ابو اسحق الزجاج وغيره الاستقسام بالازلام حرام لانه دخول في
یا نہ کرون اور ابو اسحاق زجاج و غیرہ کہتی ہین استقسام الازلام حرام ہی اسلئی کہ یہہ علم الہی مین
علمه تعالى وهو غيب عنا ويدخل فيه ما يفعل في زماننا ويسمونه فال القران وفال دانيال ونحوهما فانها ليست من
مداخلت ہوتی ہی حالانکہ وہ ہمسی پوشیدہ ہی اور اسہی مین داخل ہی جو اس زمانہ مین کرتی ہین اور اوسکا نام قرآن کی فال اور دانیال کی فال اور مانند اسکی رکہہ چہوڑا ہی کیونکہ یہہ
الفال المحمود في الشرع بل هي من قبيل الاستقسام بالازلام فلا يجوز استعمالها ولا اعتقادها حقا لان فيها الخبر عن
طریقہ وہ فال نہین ہی جو شرع مین محمود ہو بلکہ یہہ بہی استقسام بالازلام کی جنس سی ہی سو اسکا عمل کرنا اور حق اعتقاد کرنا جایز نہین ہی کیونکہ اسمین غیب کی خبر
الغيب والتطير بالقران العظيم وانما الفال المحمود في الشرع التيمن والتبرك بالكلمة الموافقة للمراد كالراشد والنجيح على ما
اور قرآن کی ساتہہ تطیر ہی اور فال جو شرع مین محمود ہی وہ یہہ ہی کہ یمن اور برکت کسی کلمہ سی لینی جو مراد کی موافق ہو جیسی راشد یعنی راہ پانیدہ اور نجیح
روي عن انس انه عليه السلام كان يعجبه اذا خرج لحاجة ان يسمع يا راشد يا نجيح وفي حديث اخر انه عليه السلام
چنانچہ انس سی روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش آتا تہا کسی کار کو جاتی ہوئی کہ سن پاوین یا راشد یا یا نجیح اور ایک اور حدیث مین ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
كان يتفاول ولا يتطير وفي حديث اخر انه عليه السلام كان يحب الفال ويكره الطيرة قال العلماء انما كان النبي عليه الصلوة والسلام
فال لیا کرتی تہی اور تطیر نہین کیا کرتی تہی اور ایک حدیث مین ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فال کو محبوب رکہتی تہی اور تطیر کو مکروہ جانتی تہی علما کہتی ہین کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

بجب

یحب التفاول ویکرہ الطیرۃ لان الطیرۃ فیہا الحکم علی الغیب وسوء الظن باللہ تعالی وتوقع البلاء واما الفال فلیس فیہ الحکم
فال کو محبوب اور تطیر کو مکروہ جانتی تہی کہ تطیر مین غیب کی خبر اور اللہ تعالی کی جناب مین بدگمانی اور توقع بلا کی ہوتی ہی رہی فال سو اوسمین غیب کی

علی الغیب بل فیہ مجرد طلب الخیر وحسن الظن باللہ تعالی ورجاء حصول المراد فان الانسان عند ظہور سبب اذا رجی و
خبر نہین ہوتی بلکہ اوسمین صرف خیر کی طلب اور اللہ تعالی کی جناب مین نیک گمانی اور امیدواری حصول مراد کی ہی بیشک انسان بروقت ظاہر ہونی کسی سبب قوی یا ضعیف کی اگر اللہ سی امید

امل من اللہ تعالی خیرا ونعمۃ عند سبب قوی وضعیف فہو خیر لہ واذا قطع رجاءہ واملہ من اللہ تعالی فہو شر لہ لقولہ تعالی
خیر کی اور آرزو نعمت کی کری تو اوسکی حق مین بہتر ہی اور اگر اللہ تعالی سی اپنی امید منقطع کری تو اوسکی حق مین بد ہی کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی

اِنَّہٗ لَا یَایْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْکٰفِرُوْنَ وقد ذکر فی نصاب الاحتساب ان الرجل اذا خرج الی السفر فصاح العقعق
ناامید نہین ہوتا اللہ کی فیض سی مگر قوم منکر اور نصاب الاحتساب مین مذکور ہی کہ آدمی جب سفر کی لئی روانہ ہو اور کوا بول پڑی

ورجع من سفرہ یکفر عند بعض المشائخ وذکر فی المحیط ان الہامۃ اذا صاحت فقال رجل یموت المریض یکفر القائل
اور یہہ شخص سفر موقوف رکہی تو بعضی مشایخ کی نزدیک کافر ہوجاتا ہی اور محیط مین مذکور ہی کہ چغد کی آواز پر اگر کوئی شخص کہی بیمار مرجاویگا تو وہ شخص

عند بعض المشائخ ومثال التفاول ان یکون لہ حاجۃ فیسمع من یقول یا واجد فیقع فی قلبہ رجاء الوجدان او یکون
بعضی مشایخ کی نزدیک کافر ہوجاتا ہی اور فال کی یہہ مثال ہی کہ کسی شخصکو کچہہ مطلب پیش آوی وہ یہہ سن لی کہ کوئی کہتا ہی یا واجد یعنی ای پانیوالی پہر اسکی دلمین توقع اوس مطلب

لہ مرض فیسمع من یقول یا سالم فیقع فی قلبہ رجاء السلامۃ والفرق بین الفال والطیرۃ مع کون کل واحد منہما
شخص کچہہ بیمار ہو اور سنی کہ کوئی کہتا ہی یا سالم یعنی ای سلامت رہنی والی اب اوسکی دلمین امید سلامتی کی پیدا ہو اور فرق فال اور طیرہ مین باوجودیکہ دونو مین

استدلالا بالعلامۃ علی عاقبۃ الامر ومآلہ ان الکلمۃ الحسنۃ التی تجری علی لسان الانسان لدلالتہا علی المعنی الموافق
کار کی انجام اور مآل پر نشانیونسی استدلال کرتی ہین یہہ ہی کہ نیک کلمہ جو انسان کی زبان پر گذرتا ہی اسلئی کہ مراد کی موافق معنون پر دلالت کرتا ہی تو اوسکا مراد پر

للمراد یمکن الاستدلال بہا علی المراد بخلاف طیران الطیر وحرکات البہائم واصواتہا فانہا لعدم دلالتہا علی معنی لا یمکن
استدلال کرنا ہوسکتا ہی یہہ بات جانور کی پرواز مین اور وحشیون کی حرکات اور آوازمین نہین ہی وہ کسی معنی پر دلالت نہین کرتی تو اوس سی

الاستدلال بہا علی شیٔ وان کان اہل الجاہلیۃ جعلوا العبرۃ فیہا تارۃ بحرکاتہا وتارۃ باصواتہا وتارۃ بالوانہا وتارۃ
کسی بات پر استدلال نہین ہوسکتا اگرچہ اہل جاہلیت نی اوسمین کئی اعتبار ٹہرائی ہین کبہی اونکی حرکات سی اور کبہی آوازون سی اور کبہی رنگون سی اور کبہی

باسمائہا ویتشاؤمون ببعضہا ویتیمنون ببعضہا فانہم کانوا یتشاؤمون بالعقاب علی العقوبۃ وبالغراب علی الغربۃ ویتیمنون بالہدہد علی الہدی وکذلک کانوا یتبرکون
نامونسی اور بعضی کو منحوس لیتی ہین اور بعضی کو برکت سمجہتی ہین اہل جاہلیت عقاب سی عقوبت یعنی عذاب کی نحوست لیتی تہی اور غراب سی غربت یعنی مسافری کی اور ہدہد سی ہدایت کی برکت لیتی تہی اور

بالسانح ویتشاؤمون بالبارح والسانح مایمر من الطیر او الوحش من جہۃ یسارک الی جہۃ یمینک والعرب کانوا یتیمنون بہ لامکان رمیہ وصیدہ
اور بارح سی نحوست لیتی تہی اور سانح وہ پرندہ یا وحشی ہی کہ بائین طرف سی داہنی طرف کو چلا جاوی عرب کی لوگ ایسی جانور کو مبارک سمجہتی تہی کیونکہ اوسکی تیر مارنا اور شکار کرنا

من غیر انحراف والبارح مایمر من الطیر او الوحش من جہۃ یمینک الی جہۃ یسارک والعرب کانوا یتشاءمون لعدم
بدون گردش کی ممکن ہی اور بارح وہ پرندہ یا وحشی ہوتا ہی جو داہنی طرفسی بائین طرف چلا جاوی عرب کی لوگ اسکو نحس جانتی تہی

امکان رمیہ وصیدہ من غیر الانحراف اذ کان من عادتہم انہم اذا خرجوا للحاجۃ وراوا الطیر او الوحش یمر بیمنۃ
کیونکہ اسکو تیر مارنا یا شکار کرنا بدون گردش کی نہین ہوسکتا قدیم عرب کی یہہ عادت تہی کہ جب وہ کسی کار کیلئی باہر نکلتی اور کسی پرندہ یا وحشی کو دیکہتی کہ داہنی طرفکو

یتبرکون بہ ویذہبون فی حاجتہم وان راوا الطیر او الوحش یمر بیسرۃ یتشاؤمون بہ ویرجعون الی بیوتہم وربما کانوا
چلا گیا تو اوسکو مبارک جان کر اپنی کام کو چلی جاتی اور اگر کسی پرندہ یا وحشی کو دیکہتی کہ بائین طرف چلا گیا تو اوسکو منحوس جان کر اپنی گہر ہٹ آتی اور بعضی وقت

ینفرون الطیور والوحوش فینظرون انہا ان اخذت ذات الیمین یتبرکون بہا ویذہبون فی حاجتہم وان اخذت ذات الشمال
پرندہ کو اوڑا کر اور وحشی کو بدکا کر دیکہتی رہتی کہ اگر وہ داہنی طرف کو چلا گیا تو اوسکو مبارک سمجہکر اپنی کاروبار کو چلی جاتی اور اگر بائین طرف کو چلا گیا

يتشاءمون بها ويرجعون عن حاجتهم فنهى النبي عليه الصلوة والسلام عن ذلك بقوله اقروا الطير على وكناتها

تو منحوس جانکر کاروبار سی رکی رہتی تہی سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اس عادت سی روکدیا فرمایا جانور کو گہونسلی میں بیٹہا رہنی دو

وروی عن معاوية بن حكم انه قال قلت يا رسول الله كنا نتطير قال ذلك شئ يجده احدكم في نفسه فلا يصدنكم

اور معاویہ بن حکم سی روایت ہی کہتا ہی کہ مینی عرض کیا یا رسول اللہ ہم تطیر کیا کرتی تہی آپ نی فرمایا یہہ تمہاری دل کی وہمی اعتقاد ہین سو اسّی اپنی کاروبار بند کرو

يعني ان ذلك شئ يوجد في النفوس من قبل الظنون التي تقربكم بحكم البشرية من غير ان يكون له تاثير في شئ

مراد یہہ ہی کہ یہہ ایسی بات جو دلون مین آتی ہی تو وہمی بشریت کی جہت سی پیدا ہوتی ہی صرف بی تاثیر ہی اسمین نہ کچہہ

من النفع والضر فلا يصدنكم عما تتوجهون اليه من مقاصدكم وقد جاء في حديث اخر انه عليه السلام قال

نفع دے کوی ضرر سو یہہ وہم تمکو کار بار مقصود کی آمد رفت سی نہ روک دی اور ایک اور حدیث مین آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

من ردته الطيرة عن حاجة فقد اشرك فقيل وما كفارته يا رسول الله فقال ان يقول اللهم لا طير الا طيرك

جسکو کار بار سی بدشگونی روک رکہی وہ مشرک ہی کسی نی پوچہا یا رسول اللہ اسکا کفارہ کیا ہی آپ نی فرمایا یہہ کہنا چاہئی اللهم الی آخرہ نہین کوئی فال بجز تیری

ولا خير الا خيرك ولا اله غيرك ثم يمضي الى حاجته يعني ان كل ما يصيب الانسان من الخير والشر والنفع والضر

فال کی اور نہ کوئی خیر سوای تیری خیر کی اور نہین کوئی معبود سوا تیری پہر اپنی کام کو چلا جاوی مراد یہہ ہی کہ انسان کو جو بہلائی اور برائی اور نفع اور ضرر

واليمن والشوم لا يصيبه الا بقضائك وتقديرك وحكمك ومشيتك وفي حديث اخر رواه ابن مسعود انه عليه السلام قال

اور برکت اور نحوست پیش آتی ہی بدون تیری قضا اور تقدیر اور تیری حکم اور مرضی کی نہین ہی اور ایک اور حدیث مین ابن مسعود کی روایت سی ہی کہ نبی علیہ السلام

الطيرة شرك الطيرة شرك قال ثلثا وما منا الا ولكن الله تعالى يذهبه بالتوكل وقيل قول وما منا الا ليس من كلام النبي عم

فال بد شرک فال بد شرک ہی تین بار فرمایا اور کوئی ایسا نہین جو دل مین خیال نہ لاوی لیکن اللہ تعالی اوسکو توکل کی برکت سی دفع کردیتا ہی اور کہتی ہین کہ اتنا کلمہ وما منا الا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

بل هو من كلام ابن مسعود وفيه حذف اختصار ومعناه ليس منا الا من يقع في قلبه عند ذلك شئ من ذلك على ما جرت

بلکہ یہہ کلمہ ابن مسعود کا کلام ہی اسمین سی واسطی اختصار کی حذف ہوا ہی اسکی یہہ معنی ہین کہ ہم سی کوئی ایسا نہین جو اوسکی دلمین اوسوقت کچہہ نہ کچہہ اس قسم کا خیال آجاتا ہی

به العادة لكن لا يستقر فيه بل يحسن اعتقاده بان لا مؤثر الا الله فيساله الخير ويستعيذ به من الشر ويمضي على

چنانچہ یہی عادت جاری ہی پر وہ خیال جم نہین جاتا بلکہ وسکا اعتقاد درست ہوتا ہی کہ سوای اللہ تعالی کی کوئی موثر نہین سو اوسی بہلائی طلب کرتا ہی اور اوسی کی پناہ مانگتا ہی

مقصوده متوكلا عليه يسر الله تعالى عملا موافقا لرضائه بلطفه وفضله وكرمه المجلس الاربعون في

اور اوسپر بہروسا کرکر اپنی مقصود کی لئی چلا جاتا ہی اللہ تعالی اپنی لطف اور فضل اور کرم سی ایسا عمل آسان کردی جو اوسکی مرضی کی موافق ہی چالیسوین مجلس بیچ

بيان استحسان التاني في عمل الدنيا دون الاخرة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم التؤدة

بیان خوبی درنگ کی دنیا کی کار بار مین سوای اعمال آخرت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا درنگ

في كل شئ الا في عمل الاخرة هذا الحديث من حسان المصابيح رواه مصعب بن سعد عن ابيه ومعناه ان

ہر شی میں اچہی مگر آخرت کی عمل مین یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی مصعب بن سعد اپنی باپ سی روایت کرتا ہی اور اوسکی معنی یہہ ہین کہ

التاني مستحسن في جميع الامور الا في عمل الاخرة فان التاني فيه غير مستحسن اذ لا شك في كونه خيرا فلا خير في تاخيره

درنگ اور تامل تمام امور مین بہتر ہی سوای اعمال آخرت کی سو اسمین درنگ اور تامل خوب نہین ہی اسلئی کہ اسکی خوبی مین شک نہین ہی سو اسکی تاخیر مین خوبی نہین

بل المستحسن فيه المسارعة اليه بقوله تعالى وَسَارِعُوا إِلَى مَغْفِرَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ أُعِدَّتْ

بلکہ اسمین جلدی خوب ہوتی ہی اس آیت سی اور دوڑو بخشش پر اپنی رب کی اور جنت پر جسکا پہیلاو ہی آسمان اور زمین طیار ہوئی ہی

لِلْمُتَّقِينَ واما امور الدنيا فلا يعلم انها خير فيعمل بها او شر فيحترز عنها فلذلك شرعت المسارعة فيها فان هم بامر

واسطی پرہیزگارون کی اور رہی دنیا کی کاروبار سو یہہ معلوم نہین ہوتا کہ نیک ہی کیا چاہئی یا برا ہی اس سی بچا چاہئی سو اسلئی اوسمین جلدی مشروع ہوئی پہر اگر کسی کار

يستحب

يستحب له ان يشاور فيه لما روى انه عليه السلام كان يشاور اصحابه في جميع الامور حتى حوائج بيته وروي عن
تو مستحب ہی کہ اوسمین مشورہ کرلی باعتبار اس روایت کی کہ نبی علیہ السلام اپنی اصحاب سی تمام کاروبار مین مشورہ کیا کرتی یہان تک کہ گہر کی کام بارہ مین اور علی سی

علي انه قال ما هلك امرء عن المشاورة وقيل لو شاور ادم عليه السلام الملئكة في اكله من الشجرة المنهية لما وقع فيما
روایت ہی کہ آپ نی فرمایا مشورہ کرنی سی کوئی خراب نہین ہوا اور کہتی ہین کہ اگر آدم علیہ السلام فرشتون سی مشورہ کرلیتی گیہون کہانی مین تو اونپر یہہ مصیبت نہ آتی

وقع وقيل افراد الانسان ثلثة اقسام رجل ونصف رجل ولا شئ فالرجل من له راي صائب ويشاور ونصف الرجل
جو آئی اور کہتی ہین بنی آدم تین قسم کی ہین پورا مرد اور آدہا مرد اور نکما سو پورا مرد وہ ہی جو خود دانا ہو پہر مشورہ کری اور آدہا مرد وہ ہی

من له راي صائب لكن لا يشاور او يشاور ولكن ليس له راي صائب ولا شئ من ليس له راي صائب ولا يشاور فباجتماع
جو دانا تو ہو پر مشورہ نکری یا مشورہ تو کری پر خود دانا نہو اور نکما وہ ہی جو نہ خود دانا ہو اور نہ مشورہ کری پس دونو بات کی

الامرين الرجل تام وبانتصافهما نصف وبانتفائهما لا شئ والاحاديث الصحيحة الواردة في المشاورة كثيرة
جمع ہونی سی مرد پورا ہوتا ہی اور ایک بات سی آدہا ہوتا ہی اور جب دونو بات کم ہون تو نکما ہی اور صحیح حدیثین جو مشورہ کی باب مین آئی ہین بہت ہین اون سبکی

ويغني عن جميعها وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ فانه عليه السلام مع كونه اكمل الخلق ولم يكن احد فطن منه امر
بدلی یہہ آیت کافی ہی اور مشورہ لی اونسی سو نبی علیہ السلام کو باوجودیکہ سب سی زیادہ کامل اور اونکی برابر کوئی فہمیدہ نہین ہی جب مشورہ کرنی کا حکم ہی

بالمشاورة في هذه الاية فما الظن لغيره لكن من يريد المشاورة لامر يستحب له ان يشاور فيه جماعة من اهل
اس آیت مین پہر اورون پر تیرا کیا خیال ہی لیکن جو شخص کسی کار مین مشورہ کا ارادہ کری تو اوسکو مستحب ہی کہ مشورہ ایک جماعت اہل بصیرت داناسی کری

البصيرة يكون اقلهم عشرة ويعلم من حالهم النصيحة والشفقة ويثق بدينهم وصدقهم وورعهم وعلمهم
کم سی کم دس تو ہون اور اونکی حال عادت سی خیرخواہی اور شفقت معلوم ہوتی ہو اور اونکی دین اور راستی اور پرہیزگاری اور علم پر اعتماد ہو

ويعرفهم مقصوده من ذلك الامر ويبين لهم ما فيه من المصلحة والمفسدة ان علم شيئا من ذلك وان
اور اوس کام مین سی اپنا مقصود اونکو جتلادی اور جو جو اوسمین خوبی اور برائی ہو اگر کچہہ جانتا ہو تو سب اونکی سامنی بیان کردی اور اگر

لم يجد منهم الا واحدا يشاور ذلك الواحد عشر مرات وان لم يجد واحدا يرجع الى امراته والى امرأة اخرى يجوز
سوا ایک شخص کی کہ جس سی مشورہ کری کوئی نہ ملی تو اوس ایک شخص ہی سی دس مرتبہ مشورہ کری اور اگر ایک بہی نہ میسر ہو تو اپنی بی بی سی رجوع کری یا کسی اور عورت سی

مكالمته ويشاورها وبعد المشاورة يخالفها وفي مخالفتها خير وبركة وقد روي انه عليه السلام قال
جس سی بات چیت کرنی جایز ہو اور بعد مشورہ کی اوسکا خلاف کری اوسکی خلاف مین خیر اور برکت ہوتی ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

شاوروهن وخالفوهن وحكي ان واحدا من اهل الشام شاور امراته في ايام فتنة يزيد ان يطرح نفسه من
کہ عورتون سی مشورہ کر اور خلاف کر اور حکایت ہی کہ اہل شام مین سی کسینی اپنی بی بی سی جن دنون یزید کا فتنہ برپا تہا یہہ مشورہ کیا کہ مین چہت پرسی نیچی گر پڑون

السطح فقالت لا تطرح فخالفها وطرح نفسه من السطح فانكسر رجله فلما اصبح جاء اعوان يزيد [illegible]
سو بی بی کہا مت گرنا پر وہ شخص اوسکا خلاف کرکر چہت پرسی نیچی گر پڑا اور اوسکی ٹانگ ٹوٹ گئی جب صبح ہوئی تو یزید کی [illegible]

الى محاربة الحسين فلما راوا حاله تركوه فنجي من شقاوة الدنيا والاخرة ببركة عمله بالحديث [illegible]
حضرت حسین رض کی مقابلہ پر [illegible] جب اوسکا یہہ حال دیکہا تو معاف کیا سو وہ شخص دنیا اور دین کی بدبختی سی بچ گیا اس برکت سی کہ حدیث پر عمل کیا تہا [illegible]

بقتل او قطع عضو على قتل مسلم لا يجوز له ان يقتله بل يلزمه ان يصبر حتى يقتل وان قتله يكون اثما [illegible]
قتل کی یا قطع اعضا کی زبردستی کیجاوی واسطی قتل مسلم کی تو اوسکو جایز نہین کہ مسلم کو قتل کری [illegible] صبر کری اور اپنی جان دی اور اگر [illegible]

لا يستباح قتل مسلم بضرورة ما ثم يجب على المستشار [illegible] التفكر في النصيحة [illegible]
کسی صورت مین بہی قتل مسلم کا مباح نہین ہی پس مشورہ [illegible] اور مشورہ مین [illegible]

المشاورة لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال المستشار مؤتمن وفی حدیث اخر انه علیه السلام

کیونکہ ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مشورہ دینے والا امین ہوتا ہے　اور ایک اور حدیث میں ہے

قال لا یؤمن احدکم حتی یحب لاخیه ما یحب لنفسه وفی حدیث اخر قال من اشار الی اخیه بامر یعلم ان

کہ آپ نے فرمایا مؤمن نہیں ہوتا کوئی تم میں سے جب تک نہ بہتر سمجھے اپنے بھائی کے لئے جو بہتر جانتا ہے اپنے لئے　اور ایک اور حدیث میں ہے کہ فرمایا جسنے کسی بھائی کو ایک کار بتایا

الرشد فی غیره فقد خانه فانه علیه السلام بین فی هذا الحدیث ان من استشار اخاه المسلم فی امر فقال المستشار

یہہ جان کر کہ خوبی دوسری کار میں ہے سو اوسنے اوسکی خیانت کی پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں صاف فرمایا کہ جسنے کسی بھائی مسلمان سے کسی باب میں مشورہ کیا اور مشورہ دینے والے نے

ان المصلحة فی فعله وهو یعلم او یظن ان المصلحة فی عدم فعله فقد خانه واذا شاور وظهر کونه مصلحة

کہا کہ اسکے عمل میں بہتری ہے پر وہ یقین جانتا ہے یا گمان غالب کرتا ہے کہ خوبی اسکے نہ کرنے میں ہے تو اوسنے خیانت کی　اور جب اوسنے مشورہ کیا اور اوسکی خوبی معلوم ہوئی

یلزمه ان یقبل ذلک من المستشار لکن بعد ان یستخیر الله تعالی فی ذلک بالاستخارة التی رواه البخاری فی صحیحه

تو لازم ہے کہ مشورہ دینے والے کا مشورہ مانے　پر اول اس باب میں اللہ تعالی سے استخارہ کرے　جو کہ امام بخاری نے اپنی صحیح میں

عن جابر انه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یعلمنا الاستخارة فی الامور کلها کما یعلمنا السورة من القران فیقول

جابر سے روایت کیا ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم　ہمکو تمام امور میں استخارہ سکھاتے تھے جیسے قرآن کی سورت سکھاتے　تھے　فرماتے تھے

اذا هم احدکم بالامر فلیرکع رکعتین من غیر الفریضة ثم لیقل اللهم انی استخیرک بعلمک واستقدرک بقدرتک و

کہ جب کوئی کسی کار کا ارادہ کرے تو دو رکعت نفل پڑھے　پھر یہہ دعا پڑھے　الہی میں تجھسے خیر طلب کرتا ہوں موافق تیرے علم کے اور قدرت طلب کرتا ہوں تیری قدرت سے اور

اسالک من فضلک العظیم فانک تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغیوب اللهم ان کنت

تجھسے مانگتا ہوں تیرا فضل بڑا　کیونکہ تو قدرت والا ہے　اور میں ناتوان ہوں اور تو جانتا ہے اور میں بیخبر ہوں اور تو تمام غیب سے آگاہ ہے　الہی　اگر

تعلم ان هذا الامر خیر لی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری وعاجله واجله فاقدره لی ویسره لی ثم

تیرے علم میں یہہ کام میرے حق میں بہتر ہے میرے دین میں　اور دنیا میں　اور انجام کار میں　اب بھی اور آگے کو　تو اس کار کو میرے لئے جاری اور آسان کردے پھر

بارک لی فیه وان کنت تعلم ان هذا الامر شر لی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری وعاجله واجله فاصرفه

اوس میں مجھکو برکت دے اور اگر تو جانتا ہے کہ یہہ کار میرے حق میں بد ہے　میرے دین میں اور دنیا میں　اور انجام کار میں　اب بھی　اور آگے کو تو پھیر دے

عنی واصرفنی عنه واقدر لی الخیر حیث کان ثم ارضنی به قال العلماء یستحب الاستخارة بالصلوة

اوسکو مجھسے اور مجھکو اوس سے　اور خیر پیدا کر میرے لئے　جہاں ہو　اور اوس پر مجھکو راضی کردے　علما کہتے ہیں کہ استخارہ نماز

والدعاء المذکور فی جمیع الامور کما صرح به فی الحدیث المذکور ویکون الصلوة رکعتین من النافلة والظاهر انها

اور دعا مذکور سے تمام امور میں مستحب ہے　چنانچہ حدیث مذکور میں تصریح ہے　اور نماز نفل کی دو رکعت ہیں　اور ظاہر یوں ہے

تحصل برکعتین من السنن الرواتب وتحیة المسجد وغیرها من النوافل ولو تعذرت الصلوة یستخیر بالدعاء المذکور

کہ سنت رواتب کی دو رکعت　اور تحیة المسجد وغیرہ نوافل میں سے بھی کافی ہیں　اور اگر　نماز متعذر ہو　تو صرف دعا مذکور سے استخارہ کرے

واذا استخار یستخیر سبع مرات ثم یمضی بعدها لما ینشرح له صدره لما روی عن انس انه علیه السلام قال له

اور اگر استخارہ کرے تو سات مرتبہ کرے　پھر بعد اوسکے وہی عمل میں لاوے جو اوسکے دل کو پسند آوے　کیونکہ انس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے اونسے فرمایا

یا انس اذا هممت بامر فاستخر ربک فیه سبع مرات ثم انظر الی الذی سبق الی قلبک فانه الخیر فیه هکذا یکون فعل

اے انس جب تو کسی کار کا قصد کرے تو اوس میں اپنے رب سے سات مرتبہ استخارہ کر پھر خیال کر جو تیرے دل میں آٹھہرا ہے　اب اوسی میں خیر ہے

عباد الله المؤمنین اذا عرض لهم امر من امور الدین والدنیا فیکون الاستخارة فی امور الدین کالحج والجهاد وسائر

اللہ کے مؤمن بندوں کی عمل جب اونکو کوئی کار　دین یا دنیا کا پیش آتا ہے　تو ایسے ہوا ہوتی ہیں سو استخارہ امور دینی میں سے جیسے حج　اور جہاد　اور تمام

الخيرات على تعيين الوقت لا على نفس الفعل وفي امور الدنيا على نفس الفعل واما الجهلة والفسقة الذين

خیرات واسطی ٹہرانی وقت کی ہوتا ہی نہ فعل کی نفی نہیں ہوتا اور امور دنیاوی مین صرف فعل پر ہوتا ہی یعنی کرنا یا نکرنا اور وقت کا ٹہرانا الگ ہی اور جاہل اور فاسق

ضلوا عن طريق الحق وخرجوا عن سواء السبيل اذا عزم احدهم على امر يذهب الى صاحب الرمل والحصى والشعير

جو راہ حق سی بہکی ہین اور سیدہی راہ سی خارج ہین جب وہ کسی کاروبار کا عزم کرتی ہین تو رمال اور کنکریون والے اور جو والے

والباقلاء فيلعبون بعقله ويزداد بسؤالهم جهلا وخسارة بصدقهم فيما يقولون له ويعطيهم على ذلك اجرة

اور باقلا والے پاس جاتا ہی سو وہ لوگ اسکو باؤلا بنادیتی ہین اور اونسی پوچہکر اور بہی جہل اور خسارت زیادہ ہوجاتی ہی کیونکہ اونکی قول کی تصدیق کرتا ہی اور اوسپر اونکو مزدوری دیتا ہی

ولا يعلم ذلك المسكين انه بذلك يهدم دينه ودنياه لما ذكر في شرح العقائد ان تصديق الكاهن بما يخبره

اور بیچارہ کو یہہ خبر ہی نہین کہ اسمین دین اور دنیا سب تباہ ہوئی اسلئی کہ شرح عقاید مین مذکور ہی کہ غیب کی خبرون مین کاہن کو سچا سمجھنا کفر ہی

عن الغيب كفر لقوله عليه السلام من اتى كاهنا فصدقه بما يقول فقد كفر بما انزل على محمد والكاهن هو المخبر

کیونکہ حدیث مین آیا ہی کہ جو شخص کاہن کی پاس آکر اوسکی قول کو سچا مانی بیشک کافر ہوا اون آیات سی جو محمد پر نازل ہوئی ہین اور کاہن وہ ہی ہوتا ہی جو غیب کی

عن الغيب سواء كان بالرمل او الحصى او الشعير او غير ذلك وذلك كله حرام لكونه من قبيل الطيرة المنهي عنها ومن قبيل

خبر بتاتا ہی برابر ہی کہ رمل سی ہو یا کنکریون سی یا جو سی یا سوا اسکی اور سی اور یہہ سب حرام ہی کیونکہ یہہ طیرہ کی طرح کا ہی جسکی نہی ہوگئی ہی اور

الاستقسام بالازلام والطيرة مصدر يعني التطير واصل التطير التفاؤل بالطير ثم استعمل في كل ما يتفاءل به ولعله

استقسام بالازلام کی مانند ہی اور طیرہ مصدر ہی تطیر کی معنون مین اصل مین تطیر کی معنی ہین طیر سی فال لینی پہر ہر ایک فال مین جو منحوس ہوتی ہو مستعمل ہوگیا

شوما سواء كان طيرا او غيره وقد روي انه عليه السلام قال الطيرة شرك يعني انها من اعمال الشرك كما حكاها

برابر ہی کہ طیر ہو یا کچہہ اور ہو اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا طیرہ شرک ہی مراد یہہ ہی کہ طیرہ شرک کی اعمال مین داخل ہی چنانچہ اللہ تعالی

الله تعالى عنهم في مواضع من كتابه فانهم كانوا يتشاءمون بالانبياء واتباعهم وسبب تشاءمهم بهم ان الانبياء

اونکی طرف سی اپنی کتاب مین کئی جگہہ حکایت کرتا ہی وہ لوگ انبیاء علیہم السلام اور اونکی اتباع کو منحوس سمجہتی تہی اور سبب منحوس سمجہنی کا یہہ تہا کہ انبیا جو اونکو

لما دعوا الى دين غير مالوفهم استغربوه واستقبحوه ونفرت عنه طباعهم اذ من عادة الجهلة والفسقة

نیا دین سکہاتی تہی تو اوسکو غریب دیکہکر قبیح جانتی تہی اور اونکی طبیعت اوس سی نفرت کرتی تہی کیونکہ جاہلون اور فاسقون کی یہہ عادت ہوتی ہی کہ جو اونکی خواہش کی

ان يتيمنوا بكل ما يوافق هواهم وان كان جالبا لكل شر ووبال وان يتشاءموا بكل ما يخالف هواهم وان كان

موافق ہو اوسکو مبارک جانتی ہین اگرچہ سراسر بد اور وبال ہو اور جو اونکی خواہش کی خلاف ہو اوسکو منحوس سمجہتی ہین اگرچہ

جاذبا لكل خير ونوال والاستقسام طلب معرفة ما قسم مما لم يقسم والازلام القداح التي كان اهل الجاهلية

سراسر خیر برکت ہو اور استقسام کی معنی طلب گاری معلوم کرنی مقسوم کی غیر مقسوم مین سی اور ازلام قمار کی تیر ہوتی ہین جن پر جاہلیت کی لوگ

يكتبون عليها الامر والنهي ويكتبون على بعضها افعل وامرني ربي وعلى بعضها لا تفعل ونهاني ربي ويضعونها في وعاء

امر اور نہی لکہہ دیتی تہی یا امرنی ربی یعنی یہہ حکم رب کا ہی اور کسی پر افعل یعنی کر اور کسی پر لا تفعل یعنی مت کر یا نہانی ربی یعنی حکم رب کا نہین لکہدیتی تہی

فاذا اراد احدهم امرا ادخل يده في ذلك الوعاء واخرج قدحا فان خرج ما فيه الامر مضى لما قصد وان خرج ما فيه

اور لکہکے اونکو ایک برتن مین رکہدیتی تہی پہر جب کوئی کچہہ کام کرنیکو ہوتا تو اوس برتن مین ہاتہہ ڈالکر ایک تیر نکالتا اگر ایسا تیر نکلا جسپر اجازت تہی تو اپنا کار شروع کرتا اور اگر ایسا نکلا

النهي كف عما قصده وقال سعيد بن جبير كان لاهل الجاهلية حصيات قدام اصنامهم اذا اراد احدهم امر السفر

جسمین ممانعت تہی تو اپنی کار سی بند رہتا اور سعید بن جبیر کہتی ہین اہل جاہلیت بتون کی سامنی کنکرین رکہا کرتی تہی جب کوئی شخص سفر وغیرہ کسی کار کا ارادہ کرتا

وغيره استقسم بها اي طلب بها علم ما قسم له من الاقدام والاحجام وقال ابو اسحق الزجاج وغيره الاستقسام

تو استقسام کرتا یعنی اوس سی اپنی قسمت کا لکہا خیر اور شر اوس کار کی کرنی اور نکرنی مین دریافت کرتا اور ابو اسحاق زجاج وغیرہ کہتی ہین کہ ازلام سی

بالازلام حرام لانه دخول في علمه تعالى وهو غيب عنا ويدخل فيه ما يفعل في زماننا ويسمونه فال دانيال ونحوها
خیر اور شر دریافت کرنا حرام ہی کیونکہ علم الٰہی مین مداخلت ہوتی ہی اور وہ ہمسی پوشیدہ ہی اور اسہی مین داخل ہی جواب ہماری زمانہ مین کرتی ہین اور اوسکا نام فال دانیال رکہہ چہوڑا ہی

فانها ليست من الفال المحمود في الشرع بل هي من قبيل الاستقسام بالازلام فلا يجوز استعمالها ولا اعتقادها
اور اوسکی مانند تو ایسی فال شرع مین محمود نہین ہی بلکہ یہہ ایسی ہی ہی جیسی تیر طن سی قسمت کا دریافت کرنا سو نہ اسکا استعمال جایز ہی اور نہ اسکی حقیقت کا اعتقاد

حقا لان فيها الخبر عن الغيب والتطير بالقران العظيم وانما الفال المحمود في الشرع التيمن والتبرك بالكلمة
کیونکہ اسمین غیب کی خبر بتاتی ہین اور قرآن عظیم سی تطیر کرتی ہین شرع مین فال محمود وہ ہی ہی جو خیر اور برکت کسی کلمہ سی لیوی کہ مراد کی موافق ہو

الموافقة للمراد كالراشد والنجيح على ما روى عن انس انه عليه السلام كان يعجبه اذا خرج لحاجة ان يسمع يا راشد
جیسی راشد اور نجیح موافق روایت انسؓ کی کہ نبی علیہ السلام کو پسند آتا تہا جب کسی کار کو تشریف لیجاتی سننا یا راشد یا نجیح کا

يا نجيح وفي حديث اخر انه عليه السلام كان يتفاءل ولا يتطير وفي حديث اخر انه عليه السلام كان يحب الفال
اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام فال لیا کرتی تہی اور تطیر نہین کرتی تہی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام فال کو محبوب رکہتی تہی

ويكره الطيرة قال العلماء انما كان النبي عليه السلام يحب التفاؤل ويكره الطيرة لان الطيرة فيها الحكم على الغيب
اور تطیر کو مکروہ علماء کہتی ہین کہ نبی علیہ السلام اسلئی فال کو محبوب اور طیرہ کو مکروہ جانتی تہی کہ طیرہ مین غیب پر حکم ہوتا ہی

وسوء الظن بالله وتوقع البلاء واما الفال فليس فيه الحكم على الغيب بل فيه مجرد طلب الخير وحسن الظن بالله تعالى
اور اللہ کی نسبت بد گمانی اور مصیبت کی توقع ہوتی ہی اور فال مین غیب پر حکم نہین ہوتا بلکہ فال مین صرف خیر کی طلب اور اللہ تعالی کی نسبت گمان نیک

ورجاء حصول المراد فان الانسان عند ظهور سبب اذا رجي وامل من الله تعالى خيرا ونعمة فهو خير له واذا
اور مراد حاصل ہونی کی آرزو ہوتی ہی پس انسان کسی سبب سی اگر اللہ تعالی سی خیر اور نعمت کی آرزو کری اور امیدوار ہو تو یہہ اسکی حق مین بہتر ہی اور اگر

قطع رجاءه وامله من الله تعالى فهو شر له لقوله تعالى ﴿وَلَا يَايْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ﴾ وقد
اللہ تعالی سی اپنی امید قطع کی اور نا امید ہوا تو یہہ برا ہی بدلیل اس آیت کی نا امید نہین ہوتا اللہ کی فیض سی مگر قوم منکر اور

ذكر في نصاب الاحتساب ان الرجل اذا خرج الى سفر فصاح العقعق ورجع من سفره يكفر عند بعض المشائخ وذكر
نصاب الاحتساب مین مذکور ہی کہ کوئی شخص اگر سفر کی لئی روانہ ہو اسمین ناگاہ کوا بول پڑا اور اوسنی سفر موقوف کیا تو بعض مشایخ کی نزدیک کافر ہوجاتا ہی اور

في المحيط ان الهامة اذا صاحت فقال رجل يموت المريض يكفر القائل عند بعض المشائخ ومثال التفاؤل ان
محیط مین مذکور ہی کہ چغد یا بوم کی بولنی پر اگر کوئی کہی بیمار مرجاویگا تو یہہ کہنی والا بعض مشایخ کی نزدیک کافر ہوجاتا ہی اور فال کی یہہ مثال ہی

يكون له حاجة فيسمع من يقول يا واجد فيقع في قلبه رجاء الوجدان او يكون له مرض فيسمع من يقول
کسیکو کچہہ کار درپیش ہو تو وہ اتفاقاً یہہ سنی کہ کوئی کہتا ہی یا واجد تو اوسکی دلمین توقع اسلوبی کار کی پیدا ہوجاوی یا کوئی بیمار ہو وہ یہہ سنی کوئی کہتا ہی

يا سالم فيقع في قلبه رجاء السلامة والفرق بين الفال والطيرة مع كون كل واحد منهما استدلالا بالعلامة
یا سالم اب اوسکی دلمین توقع صحت سلامتی کی پیدا ہوجاوی اور فرق فال اور طیرہ مین باوجودیکہ دونو مین علامت اور نشانی سی

على عاقبة الامر ومآله ان الكلمة الحسنة التي تجري على لسان الانسان لدلالتها على المعنى الموافق للمراد يمكن
انجام اور مآل کار پر استدلال کرتی ہین یہہ ہی کہ نیک کلمہ جو انسان کی زبان پر آجاتا ہی چونکہ وہ مراد کی موافق معنون پر دلالت کرتا ہی تو اوس سی مراد پر

الاستدلال بها على المراد بخلاف طيران الطير وحركات البهائم واصواتها فانها لعدم دلالتها على معنى لا يمكن
استدلال ہوسکتا ہی برخلاف جانور کی پرواز اور چارپایون کی حرکات اور آوازون کی کیونکہ اسمین کسیطرح کی دلالت نہین ہی تو اس سی کسی شی پر

الاستدلال بها على شيء وان كان اهل الجاهلية جعلوا العبرة فيها تارة بحركاتها وتارة باصواتها وتارة بالوانها
استدلال نہین ہوسکتا اگرچہ اہل جاہلیت نے اسمین سی معنی مقرر کر رکہی ہین کبہی حرکات سی کبہی آوازونسی کبہی رنگون سی

ونارة

وتارة باسمائها ویتشاءمون ببعضها ویتیمنون ببعضها فانهم کانوا یتشاءمون بالغراب علی الغربة وبالعقاب
کبھی ناموں سی اور بعضوں کو منحوس جانتی ہیں اور بعضوں کو مبارک سمجھتی ہیں جاہلیت والی غراب سی غربت کی نحوست مانتی تھی اور عقاب سی

علی العقوبة ویتیمنون بالهدهد علی الهدی وکذلك کانوا یتبرکون بالسانح ویتشاءمون بالبارح والسانح
عقوبت کی نحوست سمجھتی تھی اور ہدہد سی ہدایت کی برکت کی قائل تھی اور ایسی ہی سانح کو مبارک اور بارح کو منحوس جانتی تھی اور سانح

مایمر من الطیر والوحش من جهة یسارك الی جهة یمینك والعرب کانوا یتیمنون به لامکان رمیه
وہ پرندہ جانور یا وحشی ہوتا ہی جو تیری بائیں طرف سی داہنی طرف کو چلا جاوی اور عرب اسکو بہت مبارک مانتی تھی کیونکہ اسکا شکار

وصیده من غیر انحراف والبارح مایمر من الطیر والوحش من جهة یمینك الی جهة یسارك والعرب کانوا یتشاءمون
تیر سی بغیر گردش کی ہو سکتا ہی اور بارح وہ جانور اور وحشی ہوتا ہی جو تیری داہنی طرف سی بائیں طرف کو چلا جاوی اور عرب ایسی کو منحوس شمار کرتی تھی

به لعدم امکان رمیه وصیده من غیر الانحراف اذ کان من عادتهم انهم کانوا اذا خرجوا لحاجة ورأوا الطیر
کیونکہ اسکا شکار تیر سی بدون گردش کی ممکن نہیں ہی کیونکہ اونکی یہہ عادت تھی کہ جب وہ کسی کام کو نکلتی اور دیکھتی کہ پرندہ

اوالوحش یمر بیمینه یتبرکون به ویذهبون فی حاجتهم وان رأوا الطیر والوحش یمر بیسره یتشاءمون به ویرجعون
یا چوپایہ داہنی طرف کو جاتا ہی تو اوسکو مبارک جانتی اور اپنی کام کو چلی جاتی اور اگر دیکھتی کہ پرندہ یا وحشی بائیں طرف کو جاتا ہی اوسکو منحوس مانتی اور الٹی اپنی

الی بیوتهم وربما کانوا ینفرون الطیور والوحوش فینظرون انها ان اخذت ذات الیمین فیتبرکون بها ویذهبون فی
گہر چلی آتی اور بعضی وقت جانوروں کو اڑا کر اور چارپایوں کو بدکا کر دیکھتی کہ وہ اگر داہنی طرف کو چلا تو اوسکو مبارک سمجھہ کر اپنی کار روانہ کو گئی

حاجتهم وان اخذت ذات الشمال یتشاءمون بها ویرجعون عن حاجتهم فنهی النبی علیه السلام عن ذلك بقوله
اور اگر وہ بائیں طرف کو روانہ ہوا تو منحوس مانکر اپنی کام سی پہر چلی آتی سو نبی علیہ السلام نی اس سی منع فرمایا

اقروا الطیر علی وکناتها وروی عن معاویة بن حکم انه قال قلت یارسول الله کنا نتطیر قال ذلك شیٔ یجده احدکم
کہ جانوروں کو کہونسلہ میں بیٹھا رہنی دو اور معاویہ بن حکم سی روایت ہی کہتی ہیں کہ میںنی عرض کیا یارسول اللہ ہم تطیر کیا کرتی تہی آپ نی فرمایا یہہ ایک بات ہی جو تمہاری

فی نفسه فلا یصدنکم یعنی ان ذلك شیٔ یوجد فی النفوس من قبل الظنون التی تقربکم بحکم البشریة من غیر
دل میں پیدا ہوتی ہی سو یہہ تمکو کار سی ابند نکری مراد یہہ ہی کہ یہہ وہمی بات ہی دلمیں پیدا ہوتی ہی جیسی خیالات بشریت کی جہت سی آجاتی ہیں کسی باب میں

ان یکون له تاثیر فی شیٔ من النفع والضرر فلا یصدنکم عما تتوجهون الیه من مقاصدکم وقد جاء فی حدیث
نفع ضرر کی اسمیں اصلا تاثیر نہیں ہی سو اس خیال کی ماری اپنی مقصود کی توجہ سی بند نہونا چاہیی اور ایک اور حدیث میں آیا ہی

اخر انه علیه السلام قال من ردته الطیرة عن حاجته فقد اشرك فقیل وما کفارته یارسول الله قال ان یقول اللهم
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص طیرہ کو مانکر اپنی کار بار سی باز رہی سو وہ مشرک ہی کسی نی عرض کیا یارسول اللہ اسکا کفارہ کیا ہی فرمایا یہہ دعا الہی

لا طیر الا طیرك ولا خیر الا خیرك ولا اله غیرك ثم یمضی الی حاجته یعنی ان کل ما یصیب الانسان من الخیر و
نہیں کوئی طیر بجز تیری طیر کی اور نہیں کچہہ خیر سوای تیری خیر کی اور نہیں کوئی معبود سوای تیری یہہ پڑہ کر اپنی کام چلا جاوی مراد یہہ ہی کہ انسان کو جو پیش آتا ہی خیر اور

الشر والنفع والضرر والیمن والشوم لا یصیبه الا بقضائك وتقدیرك وحکمك ومشیتك وفی حدیث
شر اور نفع اور نقصان اور برکت اور نحوست وہ بدون تیری قضا اور تیری تقدیر اور تیری حکم اور تیری مرضی کی نہیں اور ایک اور حدیث

اخر رواه ابن مسعود انه علیه السلام قال الطیرة شرك الطیرة شرك قاله ثلثا وما منا الا ولکن الله
میں ابن مسعود کی روایت سی ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا طیرہ شرک ہی طیرہ شرک ہی اسکو تین بار فرمایا اور ہم میں کوئی ایسا نہیں جو خیال نکری پر اللہ تعالی

یذهبه بالتوکل وقیل قوله وما منا الا لیس من کلام النبی صلی الله علیه وسلم بل هو من کلام ابن مسعود وفیه
اوسکو توکل سی دفع کرتا ہی کہتی ہیں کہ یہہ لفظ وما منا الا حدیث میں کا نہیں ہی بلکہ یہہ کلام ابن مسعود کا ہی اسمیں سی

حذف واختصار ومعناه ليس منا الا من يقع في قلبه عند ذلك شئ من ذلك على ما جرت به العادة
کچہہ محذوف اور مختصر ہی اسکی یہہ معنی ہین کہ ہم مین ایسا کوئی نہین کہ اوسوقت اوسکی دلمین کچہہ وہم وخطرہ نہ آوی کیونکہ یہہ ہی عادت پڑی ہوئی ہی

لکن لا یستقر فیه بل یحسن اعتقاده بان لا موثر الا الله فیسال منه الخیر ویستعیذ به من الشر ویمضی
پہر وہ دلمین نہین ٹہرتا بلکہ اعتقاد درست ہوجاتا ہی کہ سوای اللہ تعالی کی کوئی کچہہ اثر نہین کرتا پہر وہ بندہ خدا سی خیر مانگتا ہی اور برائی سی پناہ

علی مقصوده متوکلا علیه یسرنا الله تعالی عملا موافقا لرضائه بلطفه وکرمه وفضله المجلس
اور خدا پر بہروسا کرکر اپنی کار لگتا ہی الہی عمل اپنی مرضی کی موافق اپنی لطف وکرم اور فضل سی ہمپر آسان کردی

الحادی والاربعون فی سبب نزول البلیات وسبب دفعها من التوبة والدعوات

اکتالیسوین مجلس مین نزول بلا کی اسباب کا اور اوسکی دفع کی اسباب کا بیان جو توبہ اور استغفار ہی اور دعا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا فعلت امتی خمس عشرة خصلة حل بها البلاء هذا الحدیث
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جب میری امت پندرہ عادتین اختیار کرلیگی تو اونپر بلا نازل ہوگی یہہ حدیث

من صحاح المصابیح رواه علی بن ابی طالب وعد هذه الخصال وقال اذا اتخذ الفیء دولا والامانة مغنما
مصابیح کی صحیح حدیثون مین سی ہی علی بن ابی طالب کی روایت سی اور وہ عادتین گن دین اور فرمایا جب فی یعنی غنیمت کو دولت سمجہین اور امانت کو لوٹ

والزکوة مغرما واطاع الرجل امراته وعق امه وبر صدیقه وجفا اباه وظهر الاصوات فی المسجد وساد
اور زکوٰۃ کو ڈنڈہ اور مرد جورو کا فرمان بردار ہوجاوی اور ماسی سرکشی کری اور دوست سی احسان کری اور باپ پر جفا کری اور مسجد مین پکارا کرین اور قوم کا سردار

القبیلة فاسقهم وکان زعیم القوم ارذلهم واکرم الرجل مخافة شره وظهرت المغنیات والمعازف و
وہ نہین سی بدکار ہو اور رئیس قوم کا اونمین کا ذلیل تر ہو اور مرد کی عزت اوسکی بدی کی خوف سی کرین اور گانی والیان اور ناتی تنبورہ وغیرہ ظاہر ہوجاوین

شرب الخمر ولبس الحریر ولعن اخر هذه الامة اولها فعند ذلک یکون الناس مستحقین لنزول البلاء علیهم فعلی
اور شراب پینی لگین اور حریر پہننا شروع کرین اور پچہلی امت پہلی امت پر لعنت کرنی لگی تو اب یہہ لوگ سزاوار ہونگی کہ اونپر بلا نازل ہووی

هذا ما توجه علی قوم من البلاء فلیس ذلک البلاء الا بسبب ذنوبهم کما قال الله تعالی وما اصابکم من مصیبة
اس حدیث کی موافق جو جو بلا ومصیبت کسی قوم پر آتی ہی سو وہ صرف وبال اونکی گناہون کا ہی چنانچہ اللہ تعالی فرمایا ہی اور جب پڑی تمپر کوئی سختی

فبما کسبت ایدیکم وفی ایة اخری انه تعالی قال وما کنا مهلکی القری الا واهلها ظالمون فیلزمهم ان یترکوا ما
سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتہون نی اور ایک آیت مین ہی کہ اللہ تعالی نی فرمایا اور ہم نہین کہپانیوالی بستیون کو مگر جبکہ وہان کی لوگ گنہگار ہون اب اونکو لازم ہی کہ جو گناہ اختیار کرکی

ارتکبوه من الاوزار ویشتغلوا بالتوبة والاستغفار لیرفع عنهم ما توجه علیهم من البلاء لما روی عن عبد الله
ہین وہ سب ترک کرین اور توبہ اور استغفار مین مشغول ہون تاکہ اونکی سر سی وہ بلا جو اونپر متوجہ ہوئی ہی رفع ہوجاوی اسلئی کہ عبد اللہ

بن عمر انه علیه السلام قال من لزم الاستغفار جعل الله له من کل ضیق مخرجا ومن کل هم فرجا ورزقه من حیث لا
بن عمر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ جو شخص استغفار کو اپنا خاصہ بنالی تو اللہ اوسکی واسطی ہر تنگی سی چہٹکارہ اور ہر غم سی کشائش پیدا کردیگا اور اوسکو رزق دیگا

یحتسب بل یلزمهم ان یقوموا الی الصلوة فی الاوقات الاسحار التی هی اوقات استجابة الدعاء لما روی انه علیه السلام
جہاں سی گمان نہو بلکہ اونکو یہہ لازم ہی کہ ہر صبح اوٹہہ کر نماز پڑہا کرین کہ وہ وقت دعا کی قبولیت کا ہی اس لئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام کو

کان اذا احزنه امر فزع الی الصلوة ثم اشتغل بالدعاء لما روی عن عبد الله بن عمر انه علیه السلام قال الدعاء ینفع
اگر کسی کار سی غم پیش آتا تو نماز شروع کردیتی پہر دعا مین مشغول ہوتی اسلئی کہ عبد اللہ بن عمر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ دعا بچا دیتی ہی

مما نزل ومما لم ینزل فعلیکم عباد الله تعالی بالدعاء فانه علیه السلام بین فی هذا الحدیث ان الدعاء یرفع
اوس بلا سی جو نازل ہوچکی اور جو ابہی نازل نہین ہوئی سو تم اللہ کی بندو اپنی اوپر دعا لازم کرلو کیونکہ اس حدیث مین بیان ہوچکا کہ دعا اوس بلا کو رفع کرتی ہی

البلاء

للبلاء النازل ویدفع البلاء الذی فی صدد النزول فداوموا یا عباد الله بالدعاء فلا تترکوه فان البلاء ینزل فیلقاه
جو نازل ہو چکی اور اوس بلا کو دفع کرتی ہی جو نازل ہونی کو ہی سو ای بندو اللہ کی ہمیشہ دعا کرتی رہو دعا کو ہرگز نچھوڑو کیونکہ بلا جب نازل ہوتی ہی تو اوسکو
الدعاء فیعتلجان الی یوم القیمة کما جاء فی الحدیث ان الدعاء والبلاء یلتقیان بین السماء والارض فیعتلجان الی یوم
دعا ملتی ہی پھر قیامت تک دونو لڑتی جاتی ہیں چنانچہ حدیث میں آیا ہی کہ دعا اور بلا زمین اور آسمان کی وسط میں ملجاتی ہیں پھر قیامت تک دونو لڑتی جاتی ہیں
القیمة وفی حدیث اخر رواه سلمان الفارسی انه صلعم قال لا یرد القضاء الا الدعاء فان القضاء وان کان لا مرد له ولکن
اور ایک اور حدیث میں سلمان فارسی کی روایت سی آیا ہی کہ قضا کو سوا دعا کی کوئی نہیں رد کر سکتا بیشک قضا کا اگرچہ کوئی ہٹانیوالا نہیں ہی پر یہہ بھی
من جملة القضاء رد البلاء بالدعاء فکل بلاء قدر لان یندفع بالدعاء یکون الدعاء سببا لرد ذلک البلاء کالترس الذی
حکم قضا کا ہی کہ دعا سی بلا رد ہو جاتی ہی پھر جو بلا بالفرض دعا سی دفع ہو سکتی ہی تو وہ دعا اوس بلا کی رد ہونیکا سبب ہی جیسی ڈہال کہ
یکون سببا لرد السهم فکما ان الترس یدفع السهم کذلک الدعاء یدفع البلاء وکذا الصدقة تدفع البلاء لما روی عن
واسطی رک جانی تیر کی سبب ہوتی ہی پھر جیسی ڈہال تیر کو روک دیتی ہی اسیطرح دعا بلا کو دفع کر دیتی ہی اور ایسی ہی خیرات کرنا بلا کو دفع کرتا ہی اسواسطی کہ
علی انه علیه السلام قال باکروا بالصدقة فان البلاء لا یتخطاها وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال لکل یوم نحس
علی رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا صبح ہوتی ہی صدقہ دو پس بلا اوس سی آگی قدم نہیں بڑہاتی اور ایک اور حدیث میں ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہر دن میں نحوست ہوتی ہی
فادفعوا نحس ذلک الیوم بالصدقة فان الصدقة تمنع وقوع البلاء بعد انعقاد اسبابه وکذا التسبیح یمنع وقوع البلاء
سو نحوست اوس دن کی صدقہ سی دور کردو بیشک صدقہ آتی بلا کو بعد تیار ہوجانی اسباب کی روک دیتا ہی اور ایسی ہی تسبیح بلا کو بند کر دیتی ہی
لما روی عن کعب انه قال سبحان الله یمنع العذاب ویدل علیه قوله تعالی فی حق یونس النبی علیه السلام فلولا
اسلئی کہ کعب سی روایت ہی کہ فرمایا سبحان اللہ عذاب کو روک دیتا ہی اور قول اللہ تعالی کا یونس نبی علیہ السلام کی حق میں یہہ ہی دلالت کرتا ہی پھر اگر نہ
انه کان من المسبحین للبث فی بطنه الی یوم یبعثون وکان تسبیحه ما حکاه الله تعالی بقوله فنادی فی الظلمت ان لا اله الا
ہوتا کہ وہ تھا یاد کرتا پاک ذاتکو تو رہتا اوسکی پیٹ میں جسدن تک مردی جیوین اور تسبیح یونس کی یہہ ہی جسکو اللہ تعالی بیان فرماتا ہی اس آیت میں پھر پکارا اون اندھیروں میں کہ کوئی حاکم نہیں
انت سبحنک انی کنت من الظلمین ثم انه تعالی عقیب ذلک قال فاستجبنا له ونجینه من الغم وکذلک
سوا تیری تو بی عیب ہی میں تھا گنہگاروں میں سی پھر اللہ تعالی نی اوسکی بعد یہہ فرمایا پھر سن لی ہمنی اوسکی پکار اور بچا دیا اوسکو گھٹنی سی اور یوں ہی ہم
ننجی المؤمنین وروی انه علیه السلام قال ما من مکروب یدعو بهذا الدعاء الا استجیب له وفی روایة اخری انه
بچا دیتی ہیں ایمان والوں کو اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو مصیبت زدہ یہہ پڑھکر دعا مانگی تو قبول ہی ہوتی ہی اور ایک اور روایت میں ہی کہ نبی علیہ السلام نی
قال الا اخبرکم بشیء اذا نزل باحدکم کرب او بلاء فدعا به فرج الله عنه قیل بلی یا رسول الله قال دعاء ذی النون
فرمایا کہ تمکو ایک دعا بتا دوں اگر کسی پر تم میں کچھ سختی یا بلا نازل ہووی پھر اوسکی وسیلہ سی دعا مانگی تو اوسکو اللہ دفع کرےگا عرض کیا ہاں یا رسول اللہ آپ نی فرمایا وہ دعا ذی النون
لا اله الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین وذکر عن بعض الصالحین ان من اعظم الاشیاء الدافعة للبلاء کثرة
کی ہی نہیں کوئی حاکم سوا تیری تو بی عیب ہی میں تھا گنہگاروں میں سی اور بعضی صلحا ذکر کرتی ہیں کہ تمام اشیا میں سی بلا کی بڑی دفع کرنیوالی درود کی کثرت ہی
الصلوة علی النبی علیه السلام فان کثرة الصلوة علی النبی علیه السلام من الوسائل للامن من المخوفات والفوز باعلی الدرجات یدل علی ذلک حدیث ابی
نبی علیہ الصلوة والسلام پر بیشک درود کی کثرت نبی علیہ السلام پر واسطی امن کی خوفناک چیزوں سی اور واسطی ترقی بلند درجوں کی ایک بڑا وسیلہ ہی اس مطلب پر حدیث ابی
بن کعب ان رجلا التزم ان یجعل صلوته کلها للنبی علیه السلام فقال له النبی علیه السلام اذا تکفی همک ویغفر ذنوبک وانما حصل ان البلاء
بن کعب کی دلالت کرتی ہی کہ ایک شخص نی عہد کیا تہا کہ اپنی تمام وظیفی صرف نبی علیہ السلام پر درود مقرر کرےگا سو نبی علیہ السلام نی اوسکو فرمایا اب تیری اندوہ کو کافی ہی اور تیری گناہ معاف ہونگی حاصل یہہ
اذا توجه فالمشروع الاشتغال بالتوبة والاستغفار وبما یرجی ان یدفع به البلاء من اعمال البر والتقوی لقوله تعالی
کہ جب کوئی بلا سامنی آوی تو مشروع یہہ ہی کہ توبہ اور استغفار میں مشغول ہو اور اون اعمال میں جن سی توقع ہی کہ بلا دفع ہو جاوی گی یعنی اعمال نیک اور پرہیزگاری واسطی ارشاد الہی کہ

وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ فانه تعالى بين في هذه الاية ان من يتق الله تع
اور جو کوئی ڈرتا ہی اللہ سی وہ کر دیگا اوسکا گذارا اور روزی دیگا اوسکو جہاں سی اوسکو نہ خیال ہو اب اللہ تعالی نی اس آیت میں بیان فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالی سی ڈرتا رہیگا
في كل ما ياتي ويذر يجعل الله تعالى له مخرجا ومخلصا من غموم الدنيا والاخرة وروي انه عليه السلام قال
ہر کام کی کرنی اور نہ کرنی میں تو اللہ تعالی اوسکو گذر کی راہ اور رستگاری دنیا اور آخرت کی غموں سی دیگا اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا
اني لاعلم اية لو اخذ الناس بها لكفتهم ومن يتق الله فما زال يقرأها ويعيدها وروي ان عوف بن مالك الاشجعي اسر
مجکو البتہ ایسی آیت معلوم ہی اگر خلقت اوسکو اپنا وسیلہ کر لیتی تو اونکو کافی ہی ومن یتق اللہ پھر دیر تک اوسکو بار بار پڑہتی رہی اور روایت ہی کہ عوف بن مالک اشجعی کا بیٹا
المشركون ابنا له يقال له سالم فاتى النبي عم فقال اسر ابني يا رسول الله وشكى اليه الفاقة فقال له النبي عليه السلام
سالم نام مشرکوں نی گرفتار کر لیا سو آپ نبی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ میرا بیٹا پکڑا گیا اور فاقہ کی شکایت کی سو نبی علیہ السلام نی اوسکو فرمایا
اتق الله واكثر لا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم ففعل فبينا هو في بيته اذ قرع ابنه الباب ومعه مائة من الابل
خدا سی ڈرتا رہ اور لا حول ولا قوة آخر تک کثرت سی پڑہا کر سو اوس نی یہی کیا ایک دن وہ اپنی گھر میں تھا کہ ناگاہ اوسکی بیٹی نی دروازہ کھٹکھٹایا اور اوسکی ساتھ سو اونٹ تھی
غفل عنها العدو فاستاقها وعلم من هذا كله ان اكثر خير وطاعة من اعظم ما يستدفع به البلاء واما الاشتغال
کہ دشمن اونسی غافل ہوگیا تھا سو اونکو ہانک لایا اور ان تمام حکایتوں سی معلوم ہوا کہ تمام خیر اور طاعت بلا کی بڑی دفع کرنیوالی ہیں اور گناہوں
بالمعاصي والمناهي فلا يمنع نزول البلاء بل يقوي وقوعه لما روي انه عليه السلام قال لا يصيب العبد نكبة فما فوقها
اور منہیات میں مصروف ہونی سی آنی بلا ہرگز نہیں ٹلتی بلکہ بلا کا آنا زور پکڑ جاتا ہی اسواسطی نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ جو درد انسان کو حاصل ہوتا ہی بہت یا
وما دونها الا بذنب وما يعفو الله عنه اكثر ثم قرأ قوله تعالى وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن
تھوڑا بدوں گناہ کی نہیں ہوتا اور جو اللہ تعالی معاف کر دیتا ہی وہ بہت ہی پھر آپ نی یہ آیت پڑہی اور جو پڑی تمپر کوئی سختی سو بدلہ اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتھوں نی اور معاف کر دیتا
كَثِيرٍ فانه عليه السلام بين في هذا الحديث ان العبد لا يصيبه مشقة في الدنيا الا بسبب ذنب صدر عنه وتكون تلك المصيبة
بہت نبی علیہ السلام نی اس حدیث میں بیان فرمایا کہ انسان کو دنیا میں کوئی مشقت بدوں گناہ کی پیش نہیں آتی جو وہ انسان کر بیٹھا ہی اور وہ مصیبت
التي لحقته في الدنيا كفارة لذنبه والذي يعفو الله تعالى عنه من الذنوب من غير ان يجازيه في الدنيا ولا في الاخرة اكثر
جو اوسکو دنیا میں پیش آئی ہی اوسکی گناہ کا عوض ہو جاتا ہی اور وہ گناہ جو اللہ تعالی اونسی درگذر فرماتا ہی بدوں سزا کی نہ دنیا میں اور نہ آخرت میں اوس سی زیادہ
من ذلك وقال علي كرم الله وجهه للمؤمن عند الله خمس نقمات فاولها المرض ثم المصائب فان كانت ذنوبه اكثر من ذلك يعذب في قبره فان كا
ہیں اور علی کرم اللہ وجہہ کہتی ہیں مومن کی واسطی اللہ کی ہان پانچ قسم کی عقوبت ہی پہلی تو بیماری پھر مصیبتیں پھر اگر اوسکی گناہ اوس سی بہی زیادہ ہیں تو گور میں عذاب دیا جاتا ہی پھر
اكثر من ذلك يحبس على الصراط فان كانت اكثر من ذلك يعذب في جهنم على قدر ذنوبه ثم يخرج منها بالتوحيد ان كا
زیادہ ہیں تو صراط پر روکا جاویگا پھر اگر اس سی بہی زیادہ ہیں تو بقدر گناہوں کی دوزخ میں عذاب دیا جاویگا پھر اوسمیں سی توحید کی برکت سی نکلیگا اگر
توحيده صحيحا وان لم يكن توحيده صحيحا لا يخرج منها بل يبقى فيها ابدا لابدا لان الناس في الاخرة ينقسم الى عدة
اوسکی توحید صحیح اور درست ہوگی اور اگر اوسکی توحید صحیح نہیں ہی تو دوزخ سی نہیں نکلیگا بلکہ ہمیشہ کو اوسی میں رہیگا اسواسطی کہ آدمیوں کی آخرت میں کئی قسمیں ہونگی
اقسام القسم الاول قسم الفائزين وهم الذين قال الله تعالى فيهم فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ
پہلی قسم تو قسم کامیاب ہونگی وی وہ لوگ ہیں جنکی حق میں اللہ تعالی فرماتا ہی سو کسی جیکو معلوم نہیں جو چھپا دہرا ہی اونکی واسطی جو ٹھنڈک ہی آنکھوں کی
جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ وقال النبي عليه السلام اخبارا عن الله تعالى اني اعددت لعبادي الصالحين ما لا عين رات
بدلا اوسکا جو کرتی تھی اور نبی علیہ السلام اللہ تعالی کی طرف سی خبر دیتی ہیں میں اپنی نیک کاربندوں کی واسطی تیار کی ہی وہ راحت کہ نہ کسی آنکھ نی دیکھی
ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر والقسم الثاني قسم الهالكين وهم الذين كذبوا بالحق ولم يصدقوا به فان
اور نہ کسی کان نی سنی اور نہ گذری کسی بشر کی دل پر اور دوسری قسم تباہ کاروں کی قسم ہی وی وہ لوگ ہیں جنہوں نی حق کی تکذیب کیا اور اوسکو سچ نہ مانا بیشک

سعادة الآخرة لا تکون الا فی القرب من الله تعالی والنظر الی وجهه الکریم وذلك لا یحصل الا بالمعرفة التی یعبر عنها
آخرت کی سعادت بدون قرب الٰہی اور مشاہدہ وجہ کریم کی کبھی نہین ہوتی اور یہہ قرب اور مشاہدہ بدون معرفت کی حاصل نہین ہوتا
بالایمان والتصدیق وهم لما کذبوا بالحق ولم یصدقوا به کانوا بعیدا عنه وهم عن ربهم یومئذ لمحجوبون وکل محجوب
جسکا نام ایمان اور تصدیق ہی اور ان لوگون نی جو حق کی تکذیب کی اور اسکو کچھہ نہ مانا تو اوسسی دور ہوگئی وہ اپنی رب سی اوسدن روکی جاوینگی اور جو شخص اپنی
عن ربه یکون هالکا محترقا بنار الفراق ونار جهنم ابد الاباد والقسم الثالث قسم المعذبین وهم الذین تخلوا بأصل
رب سی محجوب ہوا وہ ہلاک ہوا فراق اور دوزخ کی آگ مین قدیم کو جلتا رہیگا اور تیسری قسم عذاب کی لوگ ہین یہی لوگ ہین جنہین اصل ایمان تو موجود رہی
الایمان لکنهم قصروا فی العمل بمقتضاه فان رأس الایمان هو التوحید والتوحید نفی الشرك باعتقاد العبد ان الله تعالی
پر اونہون نی مطابق ایمان کی اعمال مین قصور کیا کیونکہ اصل ایمان تو توحید ہی اور توحید دور کرنا شرک کا ہی جب آدمی یہہ اعتقاد کری کہ الله تعالی
واحد فی ذاته وصفاته وافعاله فما یظهر شیء فی العالم الا بعلمه وارادته وخلقه ولا یستحق العبادة الا هو
ایک ہی اپنی ذات اور صفات اور افعال مین اور کوئی شی عالم کی اندر بدون اوسکی علم اور ارادہ اور پیدائیش کی پیدا نہین ہوسکتی اور نہ کوئی سزاوار عبادت کا ہی
فعلی هذا کل من یقول لا اله الا الله یصیر کانه یقول انی اعتقد ان الله تعالی واحد فی ذاته وصفاته وافعاله
سو اوسکی اس اعتقاد کی موافق جو شخص یہہ اقرار کرتا ہی کہ نہین کوئی معبود سوا الله کی تو ایسا ہی کہ بولنا کہتا ہی مجکو یقین ہی کہ الله تعالی ایک ہی اپنی ذات اور صفات اور افعال
ولا یظهر فی العالم شیء الا بعلمه وارادته وخلقه ولا یستحق العبادة الا هو فانی التزمت عبادته ولا اعبد الا ایاه
اور عالم مین کوئی شی بدون اوسکی علم اور ارادہ اور پیدائیش کی پیدا نہین ہوسکتی اور سوا اوسکی کوئی سزاوار پرستش کا نہین سو مین اوسکی عبادت اپنی ذمہ لیتا ہون اور سوا اوسکی
وبعد هذا الاعتراف کل من اتبع هواه فقد اتخذ الٰهه هواه فهو موحد بلسانه فقط والتوحید لا یکمل الا بالاستقا
کسیکی عبادت نکرونگا اور بعد اس اقرار کی جو شخص اپنی ہوا ہوس کا تابع ہوا تو اوسنی اپنی ہوا ہوس کو معبود بنالیا پس وہ شخص صرف زبانی موحد ہی اور توحید بغیر ثابت قایم رہنی کامل نہین ہوتی
علیه ومن لم یستقم علیه ولو فی امر یسیر بل اتبع هواه ولو فی فعل قلیل یکون خارجا عن سواء السبیل وذلك قادح
اور جو شخص توحید پر قایم نرہا اگرچہ ادنی بات مین بلکہ اپنی ہوس کا تابع ہوا اگرچہ چھوٹی سی کام مین تو وہ سیدہی راہ سی الگ ہی اور اس سی کمال توحید مین
فی کمال التوحید ولعدم خلو البشر عن ذلك قال الله تعالی وان منکم الا واردها فیکون الورود علی النار لکل احد
نقصان آتا ہی اور چونکہ اس سی کوئی بشر خالی نہین ہی تو اسیلئی الله تعالی فرماتا ہی اور کوئی نہین تم مین جو نہ پہنچیگا اوسپر پس ہر ایک کا گذر یقینا آگ پر ہوگا
متیقنا وانما الشك فیمن ینجو منها وفی ای وقت یخرج منها وقد جاء فی بعض الاخبار ما یدل علی ان اخر من یخرج بعد
شک اونہی مین ہی جو اوس سی نجات پاوینگی اور کس وقت اوسمین سی باہر آوینگی اور بیشک بعض احادیث کی مضمون سی معلوم ہوتا ہی کہ سب سی پیچھی بعد سات ہزار برس کی
سبعة الاف سنة وبعضهم یجوز عنها کبرق خاطف ولا یوجد له فیها لبث نرجو الله تعالی ان یجعلنا منهم بلطفه
نکلیگا اور بعضی اوسپرسی چمکنی بجلی کی طرح جھپٹ جاوینگی دنکی لئی اوسمین ذرا درنگ نہوگی ہمکو امید ہی کہ الله تعالی اپنی لطف اور فضل
وفضله وکرمه

المجلس الثانی والاربعون فی بیان دفع الدعاء البلاء حین نزول البلاء

اور کرم سی ہمکو اونہی گروہ مین داخل کری بیالیسوین مجلس اس بیان مین کہ دعا اوترتی بلا کو اور اوتری ہوئی بلا کو دفع کرتی ہی
وبعد النزول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الدعاء ینفع مما نزل ومما لم ینزل فعلیکم عباد الله بالدعاء
رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا بیشک دعا نفع کرتی ہی اوس بلا کو جو اوترچکی اور جو نہین اوتری سو اپنی او خدا کی بندو الله کی دعا کو لازم کرلو
هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه عبد الله بن عمر ومعناه ان الدعاء یدفع البلاء النازل ویدفع البلاء الذی
یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی عبد الله بن عمر کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہین کہ دعا آئی ہوئی بلا کو دفع کرتی ہی اور اوس بلا کو بھی
کان فی صدد النزول فداوموا یا عباد الله بالدعاء فلا تترکوه فان البلاء ینزل فیلقاه الدعاء فیعتلجان الی یوم القیمة
جو آنی پر تیار ہو دفع کردیتی ہی سو تم ای بندو الله کی ہمیشہ دعا کرتی رہا کرو اور اسکو چھوڑا مت کرو بیشک بلا آتی ہی اور دعا اوس سی ملتی ہی پھر قیامت تک دونو لڑتی رہتی ہین

کما جاء فی الحدیث ان الدعاء والبلاء یلتقیان بین السماء والارض فیعتلجان الی یوم القیمة وقد روی عن سلمان الفارسی
چنانچہ حدیث میں آیا ہی کہ دعا اور بلا آسمان اور زمین کی بیچ میں ملتی ہین پہر قیامت تک لڑی جاتی ہین اور سلمان فارسی سی روایت ہی
انه علیه السلام قال لا یرد القضاء الا الدعاء فان القضاء وان کان مما لا مرد له لکن من جملة القضاء رد البلاء
اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نی فرمایا بیشک سورج اور چاند اللہ تعالی کی نشانیون مین سی دو نشانیان ہین

لا يخسفان لموت احد ولا لحيوته فاذا رايتم ذلك فادعوا الله وكبروا وصلوا وتصدقوا فان كل خير

کسیکی موت اور کسیکی حیات سی نہین گہتی جب تم یہہ حال دیکہو تو اللہ سی دعا مانگو اور بڑائی ہی یاد کرو اور نماز پڑہو اور خیرات کرو کیونکہ ہر طرح کی خیر خیرات

في مثل هذه الاهوال والافزاع مامور به لكون الخيرات دافعة للبليات وروى عن ابن عمر انه عليه السلام

ایسی خوف اور ہول کی وقت موافق حکم کی ہی اسلئی کہ خیرات بلیات کو دفع کرتی ہی اور ابن عمر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام

كان اذا سمع صوت الرعد والصواعق يقول اللهم لا تقتلنا بغضبك ولا تهلكنا بعذابك وعافنا قبل ذلك

جب گرج اور بجلی کی آواز سنتی تو کہتی الہی ہمکو اپنی غضب سی مت قتل کر اور اپنی عذاب سی مت ہلاک کر اور ہمکو اس سی پہلی معاف کر

وروى عن عائشة انه عليه السلام كان اذا بصر سحابا ترك عمله واستقبله وقال اللهم اني اعوذ بك من

اور عائشہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام جب ابر دیکہتی تو کام چہوڑ کر اوسکی طرف متوجہ ہوتی اور یہہ کہتی الہی مین تیری پناہ لیتا ہون

شر ما فيه فان كشفه الله تعالى حمد الله تعالى وان مطر قال اللهم سقيا نافعا وروى عن عائشة ايضا

برائی سی جو اس ابر مین ہی پہر اگر اللہ تعالی اوسکو کہول دیتا تو اللہ کی حمد کرتی اور اگر برستا تو یہہ کہتی الہی بارش فائدہ مند اور حضرت عائشہ سی یہہ بہی روایت ہی

انه عليه السلام كان اذا عصفت الريح قال اللهم اني اسئلك خيرها وخير ما فيها وخير ما ارسلت به واعوذ

کہ جب تند ہوا چلتی تو نبی علیہ السلام کہتی الہی مین تجہسی اسکی بہلائی مانگتا ہون اور اوسکی بہلائی جو اوسکی اندر ہی اور اوسکی بہلائی جو اسکی ساتہ بہیجا

بك

بك من شرها وشر ما فيها وشر ما ارسلت به وروی عن ابن عباس ان رجلا لعن الريح عند النبی علیہ السلام

اور اوسکی برائی سی تیری پناہ لیتا ہوں اور اوسکی برائی سی جو اسکی اندر ہی اور اوسکی برائی سی جو اوسکی ساتھ تو نی بھیجا ہی اور ابن عباس سی روایت ہی کہ ایک شخص نی نبی علیہ السلام کی

فقال له النبی علیہ السلام لا تلعن الريح فانها مامورة وانه من لعن شيئا ليس له باهل رجعت اللعنة عليه

سامنی ہوا پر لعنت کی تب نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ لعنت مت کر یہہ تو ماموری اور حال یہہ ہی کہ جو شخص کسی شی پر لعنت کری کہ وہ قابل لعنت کی نہو تو وہ لعنت اوسی پر پڑتی ہی

وروی عن ابی هريرة انه علیہ السلام قال الريح من روح الله تاتی بالرحمة والعذاب فلا تسبوها واسئلوا الله خيرها

اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہوا ایک حکم الہی ہی کبھی رحمت لاتی ہی اور کبھی عذاب سو اسکو برا نکہو اور خدا تعالی سی اسکی بہلائی مانگو

وعوذوا من شرها يعنی ان الريح من الاشياء التی تجیء من عند الله تعالی كالمطر والبرودة والحرارة وغير

اور اسکی شر سی خدا کی پناہ لو مراد یہہ ہی کہ ہوا وہ شی ہی جو خدا کی طرف سی آتی ہی جیسی مینہہ اور سردی اور گرمی اور سوای

ذلك تجیء تارة للرحمة وتارة للعذاب فاذا كان مجيئها بامر الله تعالی فلا يجوز سبها بحصول ضرر منها

اسکی کبھی رحمت کی واسطی اور کبھی عذاب کی واسطی جب اسکا آنا خدا تعالی کی حکم سی ہوا تو اسکو برا کہنا جائز نہیں اگرچہ اوسی ضرر حاصل ہو

بل سبيل العباد فيما يتوهم منها الالتجاء الی الله والاعتصام بحبله والاستعاذة به من شرها ومن شر

بلکہ بندہ کو جب اسمین کچھ وہم پیدا ہو تو لازم ہی اللہ تعالی کی طرف التجا کرنا اور اوسکی رسی کو مضبوط پکڑنا اور اوسکی شر سی اور جو اوسکی اندر ہی اوسکی شر سی

ما فيها كما روی عن ابی بن كعب انه علیہ السلام قال لا تسبوا الريح فاذا رايتم ما تكرهون فقولوا اللهم

پناہ لینی چنانچہ ابی بن کعب سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہوا کو برا مت کہو جب تمکو کچھ مکروہ معلوم ہو تو یہہ کہا کرو الہی

انا نسالك خير هذه الريح وخير ما فيها وخير ما امرت به ونعوذ بك من هذه الريح وشر ما فيها وشر

ہم تجہسی اس ہوا کی بہلائی مانگتی ہیں اور خوبی اوسکی جو اوسکی اندر ہی اور خوبی اوسکی جو تو نی اوسکو حکم دیا اور اس ہوا سی تیری پناہ لیتی ہیں اور برائی سی جو اسکی اندر ہی اور برائی

ما امرت به وكذا من نزل منزلا يستعيذ بالله تعالی لما روی انه علیہ السلام قال من نزل منزلا فقال

جو تو نی اوسکو حکم دیا اور ایسا ہی جو کوئی کسی مکان میں داخل ہو اللہ سی پناہ لی اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص مکان کی اندر جا کر یہہ پڑہی

اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق لم يضره شیء حتی يرتحل منه منزلا وروی عن ابن عباس انه علیہ السلام

کہ پناہ لیتا ہوں بوسیلہ اللہ تعالی کی کلمات پوری کی مخلوق کی برائی سی تو اوسکو کوئی ضرر نہیں ہوتا جبتک کہ وہانسی دوسرا مکان بدلی اور ابن عباس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام

كان يقول عند الكرب لا اله الا الله العظيم الحليم لا اله الا الله رب العرش العظيم لا اله الا الله رب

سختی کی وقت فرمایا کرتی تہی نہیں کوئی معبود سوا اللہ عظیم بردبار کی نہیں کوئی معبود سوای اللہ رب عرش بزرگ کی نہیں کوئی معبود سوای اللہ پروردگار

السموت السبع ورب الارض ورب العرش الكريم وفهم من هذا الحديث ان ذكر الله تعالی واوصافه العظام

ساتوں آسمان کی اور پروردگار زمین اور پروردگار عرش بزرگ کی اس حدیث سی معلوم ہوا کہ اللہ تعالی کا اور اوسکی بزرگ اوصاف کا یاد کرنا

سبب لزوال النقم وقد روی انه علیہ السلام قال الا اخبركم بشیء اذا نزل بكم كرب او بلاء فدعا به فرج الله عنه

عقوبت کو دور کرتا ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا سنو میں تمکو ایسی دعا بتاؤں کہ جب تمپر کوئی سختی یا بلا آوی پہر وہ دعا پڑہو تو اللہ تعالی دور

قيل بلی يا رسول الله قال دعاء ذی النون لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ

کرنا لیکن لوگوں نی عرض کیا ہاں یا رسول اللہ فرمایا دعا یونس ذی النون کی کوئی حاکم نہیں سوای تیری تو پاک عیب سی میں تہا گنہگار ونسی پہر سن لی ہمنی اوسکی پکار اور

نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ وروی انه علیہ السلام قال ما من مكروب يدعو بهذا الدعاء

بچا دیا اوسکو گہٹنی سی اور یوں ہی ہم بچا دیتی ہیں ایمان والوں کو اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا نہیں کوئی مصیبت والا کہ یہہ دعا پڑہی

الا استجيب له يسر نا الله تعالی دعوة مستجابة بلطفه وكرمه المجلس الخامس والاربعون

مگر قبول ہی ہوگی الہی ہمپر دعا مستجاب اپنی لطف اور کرم سی سہل کیجو پینتالیسویں مجلس میں

فی بیان مسنونیۃ صلوٰۃ الاستسقاء عند امساک المطر قال رسول اللہ صلی اللہ
بیان مسنون ہونی نماز استسقا کا بوقت خشکی بارش کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی
علیہ وسلم لیست السنۃ بان لا یمطروا ولکن السنۃ ان تمطروا ولا تنبت الارض شیئا ھذا الحدیث من صحاح
فرمایا کال اس سی نہیں پڑتا کہ مینہہ نہ برسی بلکہ کال اس سی پڑتا ہی کہ مینہہ تو برسی پر زمین سی کچھ پیدا نہ ہو یہہ حدیث مصابیح کی
المصابیح رواہ ابو ھریرۃ ومعناہ ان القحط لیس بان لا ینزل علیکم المطر بل القحط ان ینزل علیکم المطر
صحیح حدیثوں مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور اسکی معنی یہہ ہین کہ کال یون نہین ہوتا کہ تمپر مینہہ نہ برسی بلکہ کال یون پڑتا ہی کہ تمپر مینہہ تو برسی
لکن لا ینبت من الارض شیء او ینبت ولکن یھلک ولا یدخل فی اید یکم شیء فان وقوع الشدۃ بعد توقع
پر زمین مین سی کچھ نہ پیدا ہو یا اوگی تو سہی پر ایسا تباہ ہو جاوی کہ تمہاری ہاتہہ کچھ نہ آوی بیشک سختی کا آنا بعد امید فراخی
السعۃ وحصول اسبابھا اقطع مما کان الیاس حاصلا من اول الامر ولیس ھذا نھی عن الاستمطار و
اور حاصل ہونی اسباب فراخی کی بہت ناگوار ہوتا ہی بہ نسبت نا امیدی کی جو پہلی ہی سی حاصل ہو اور یہہ ممانعت نہین ہی کہ مینہہ نہ مانگو - اور
الاستسقاء بل ھو نھی عن اعتقاد حصول الرزق بالمطر وعدم حصولہ بعدم المطر فاللازم علی العبد ان
استسقا کی دعا نکرو بلکہ اس اعتقاد کی ممانعت ہی کہ رزق کا ملنا مینہہ پر موقوف ہی اور رزق نہ ملنا مینہہ نہ برسنی پر ہی اب بندہ کو لازم یہہ ہی
یسلم نفسہ الی مولاہ ویعتقد ان الخیر لہ فی جمیع ما یجیٔ الیہ من مولاہ وان کان مخالف المرادہ وھواہ فعلی
کہ اپنی جان اپنی صاحب کی سوالہ کردی اور یہہ جانی کہ جو جو کچھ برگذرتا ہی مولا کی طرف سی ہی سو سب بہتر اور خیر ہی اگرچہ مراد اور خواہش کی موافق نہو اب اس مضمون کی
ھذا ینبغی للعبد ان یستمطر ویستسقی ویعلم ان الرزق من اللہ تعالی فان الاستمطار والاستسقاء سنۃ
موافق آدمی کو چاہی کہ مینہہ کی دعا مانگی اور استسقا کی دعا کری اور یہہ سمجھی کہ رزق اللہ کا دیا ملتا ہی اسلئی کہ مینہہ مانگنا اور استسقا کی دعا کرنی مسنون ہی
لورود الاخبار والآثار الکثیرۃ فیہ فیستحب للحاکم ان یامر الناس اولا بصیام ثلثۃ ایام ثم یخرج بھم فی الیوم
کیونکہ اس باب مین خبرین اور آثار بہت وارد ہین سو حاکم کو مستحب ہی کہ پہلی تمام لوگون سی تین دن کی روزی رکہوادی پہر چوتہی روز سبکو جنگل مین لیجاوی
الرابع الی الصحراء فبین بعضھم ان یخرجوا ثلثۃ ایام متوالیات لانھا مدۃ ضربت لارباب الاعذار ولم ینقل
کہتی ہین کہ بہتر یون ہی کہ تین روز برابر پی درپی استسقا کی لئی جاوین اسواسطی کہ عذر والون کی لئی یہہ ہی مدت مقرر ہی اس سی زیادہ
اکثر من ذلک ویخرجون مشاۃ فی ثیاب البذلۃ التی تلبس کل یوم لا بثیاب الزینۃ کالعید بل یخرجون
مدت منقول نہین ہی اور پیادہ پا پہنی پرانی میلی کچیلی کپڑی جو روزمرہ پہنتی ہون پہن کر جاوین عزت کی کپڑی عید کی دن کی سی پہن کر نہ جاوین
متذللین متواضعین خاشعین للہ تعالی ناکسین رؤسھم ویقدمون الصدقۃ فی کل یوم قبل خروجھم
بلکہ بری حالت انکسار کرتی ہوی خدا کا خوف مانتی ہوی سر جہکائی ہوی جاوین اور ہر روز عیدگاہ کی طرف چلنی سی پہلی خیرات کیا کرین
الی المصلی فان کل خیر فی مثل ھذہ الاوقات مامور بہ لکون الخیرات دافعۃ للعقوبات ویردون المظالم
کیونکہ ایسی ایسی وقتون مین خیرات کرنیکا حکم ہی اسواسطی کہ خیرات کرنا عقوبات کو دفع کرتا ہی اور حق حقوق لوگون کی ادا کردین
ویجددون التوبۃ فان ذلک ھو السبب القریب فی الاجابۃ اذ روی عن کعب الاحبار انہ قال اصاب
اور از سر نو خطا سی توبہ کرین کیونکہ بڑا سبب دعا کی جلد قبولیت کا یہہ ہی اسلئی کہ کعب احبار سی روایت ہی وہ کہتی ہین کہ حضرت موسی نبی
الناس قحط شدید علی عھد موسی النبی علیہ السلام فخرج موسی النبی علیہ السلام ببنی اسرائیل الی الاستسقاء
علیہ السلام کی عہد مین لوگون پر بڑا ہی سخت کال پڑا پس موسی علیہ السلام استسقا کی واسطی بنی اسرائیل کو لیکر
ثلثۃ ایام فلم یسقوا فاوحی اللہ تعالی الی موسی النبی علیہ السلام انی لا استجیب لکم وفیکم نمام فقال موسی
تین دن تک برابر گئی پر مینہہ نہ برسا پہر اللہ تعالی نی موسی نبی کو وحی بہیجی کہ مین تمہاری دعا اسلئی قبول نہین کرتا کہ تم مین ایک چغل خور ہی پہر موسی

النبی

النبی علیه السلام یا رب من هو حتی نخرجه من بیننا فاوحی الله تعالی یموسی انی انهٰکم عن النمیمة فاکون
یا الٰہی وہ کون ہی تاکہ ہم اوسکو اپنی مین سی نکال دین پہر اللہ تعالی نی یہہ وحی بہیجی ای موسی مین تمکو چغل خوری سی منع کرتا ہون پہر مین خود
نماما فقال موسی النبی علیه السلام لبنی اسرائیل توبوا باجمعکم من النمیمة فتابوا فارسل الله تعالی علیهم
چغل خوری کرنی لگون پہر موسی علیہ السلام نی بنی اسرائیل سی فرمایا تم سب نمیمہ سی توبہ کرو سو لوگون نی توبہ کی پہر اللہ تعالی نی اونپر
الغیث وروی عن سفیان انه قال بلغنی ان بنی اسرائیل قحطوا سبع سنین حتی اکلوا الجیف والاطفال
مینہہ برسایا اور سفیان سی روایت ہی کہ وہ کہتی ہین مین نی سنا ہی کہ بنی اسرائیل پر سات برس کا قحط پڑا یہان تک کہ مردار اور بچون کو کہا گئی
وکانوا یخرجون الی الجبال ویتضرعون الی الله تعالی فاوحی الله الی انبیائهم انی لا اجیب لکم دعاء ولا ارحم
اور وہ پہاڑون مین جاکر نہایت انکسار سی دعا کیا کرتی پہر اللہ تعالی نی اونکی نبیون پر وحی بہیجی مین نہ تمہاری دعا قبول کرون اور نہ
لکم باکیا حتی تردوا المظالم الی اهلها ففعلوا فمطروا وروی ان عیسی النبی علیه السلام خرج مع قومه
تمہاری رونی پر رحم کرون جبتک کہ تم حق دارون کی حقوق نہ ادا کرو سو انہون نی حق ادا کئی تو پہر مینہہ برسا اور روایت ہی کہ عیسی نبی علیہ السلام اپنی قوم کو لیکر
لیستسقی فلما ضجروا قال لهم عیسی النبی علیه السلام من اصاب منکم ذنب فلیرجع فرجعوا کلهم
دعاء استسقا کی لئی باہر گئی جب مینہہ نہ برسا تو اونسی عیسی علیہ السلام نی کہا تم مین سی جو گنہگار ہو وہ ہٹ جاوی تب سب کی سب ہٹ گئی
ولم یبق معه الا رجل واحد فقال له عیسی النبی علیه السلام اما لك ذنب فقال والله لا اعلم لی من ذنب
اونکی ساتہہ سوای ایک شخص کی کوئی باقی نرہا پہر عیسی علیہ السلام نی اوس سی پوچہا تونی کوئی گناہ نہین کیا کہا اللہ کی قسم مجہکو اپنا کوئی گناہ معلوم نہین
غیر انی کنت ذات یوم اصلی فمرت بی امراة فنظرت الیها بعینی هذه فلما جاوزت ادخلت اصبعی
سوای اسکی کہ مین ایکدن نماز پڑہتا تہا میری پاس کو ایک عورت آگئی سو مینی اوسکی طرف اس آنکہہ سی دیکہا جب وہ چلی گئی تو مین نی اپنی اونگلی آنکہہ
فی عینی فانتزعتها فاتبعت المراة بها فقال له عیسی علیه السلام فادع حتی اؤمن علی دعائك فدعا
مین ڈال کر آنکہہ نکال لی اور اوس عورت کی پیچہی پہینک دی پہر اوس سی عیسی علیہ السلام نی کہا تو دعا مانگ اور مین تیری دعا پر آمین کہون پہر اوسنی دعا کی
فتجللت السماء سحابا فسقوا وروی عن عطاء السلمی انه قال منعنا الغیث فخرجنا نستسقی
پہر تو آسمان مین گہٹا گہر گئی اور مینہہ برسا اور عطاء سلمی سی روایت ہی کہتا ہی کہ ہمپر مینہہ برسنا بند ہوگیا سو ہم استسقا کی دعا کو نکلی
فاذا نحن بسعدون المجنون فی المقابر فنظر الی فقال یا عطاء هذا یوم النشور او بعثر من فی القبور
ناگاہ گورستان مین سعدون دیوانہ مل گیا میری طرف دیکہہ کر کہنی لگا ای عطا یہہ دن نشر کا ہی یا قبرون سی مردون کی اوٹہنی کا
فقلت لا لکنا منعنا الغیث فخرجنا نستسقی فقال یا عطاء بقلوب سماویة او بقلوب
مین نی کہا نہین تو پر ہم پر سی مینہہ برسنا بند ہوگیا اسلئی استسقا کی واسطی باہر آئی ہین پہر کہا ای عطا آسمانی دل لیکر آئی ہو یا زمینی دل
ارضیة فقلت بل بقلوب سماویة فقال هیهات یا عطاء قل للمبهرجین لا یبهرجوا فان الناقد
مینی کہا نہین بلکہ آسمانی دل لیکر آئی ہین پہر کہا افسوس ہی ای عطا کہوٹی شخصون سی کہدی کہوٹی نہ بنین کیونکہ پرکہنی والا
بصیر ثم نظر الی السماء فقال الٰهی وسیدی لا تهلك بلادك بذنوب عبادك ولکن بالمکنون
بینا ہی پہر آسمان کی طرف دیکہہ کر کہا الٰہی وسیدی اپنی شہرون کو گنہگار بندون کی بدلی مین ہلاک مت کر لیکن اپنی پوشیدہ
من اسمائك وما وارت الحجب من الائك اسقنا ماء غدقا تحیی به البلاد وتروی به العباد یا من هو علی
نامون کی برکت سی اور جو کہ تیری نعمتین پس پردہ ہین ہمکو پانی بہت سا پلا جسمین تمام شہر زندہ اور بندی سیراب ہوجاوین ای وہ
کل شیٔ قدیر قال لعطاء فما استتم الکلام حتی ارعدت السماء وابرقت وجاءت بمطر کافواه القرب
جو ہر شی پر قدرت رکہتا ہی عطا بیان کرتا ہی کہ اوسنی ابہی دعا پوری نکی تہی کہ آسمان گرجا اور بجلی چمکی اور مینہہ برسنی لگا جیسی مشک منہہ کہل جاتا ہی

وروی عن ابن المبارك انه قال قدمت المدینة فی عام شدید القحط فخرج الناس یستسقون وخرجت
اور ابن مبارک سی روایت ہی وہ کہتا ہی کہ مین مدینہ مین ایسی سال مین آیا کہ بڑا سخت کال پڑہ رہا تہا سو تمام لوگ واسطی دعاء استسقا کی نکلی اور مین بہی
معهم اذ اقبل غلام اسود علیه قطعتی الحلس قد اتزر باحدهما والقی الاخری علی عاتقه فجلس الی جنبی فسمعته
انکی ساتہہ چلا ناگاہ ایک حبشی لڑکا موٹی کملی کی چیتہڑی لگی ہوئی کہ ایک کا اوسنی سی تہبند کر رکہا تہا اور دوسرا اپنی مونڈہی پر ڈال رکہا تہا آ کر میری برابر بیٹہہ گیا پس مینی سنا
یقول الهی اخلقت الوجوه عند کثرة الذنوب ومساوی الاعمال وقد احتبس عنا غیث السماء
کہ وہ کہتا تہا الٰہی گناہوں کی کثرت اور اعمال کی برائی سی چہری بگڑ گئی اور ہمپر آسمان سی مینہہ برسنا موقوف ہوا
لتودب بذلك عبادك فاسئلك یا حلیما ذا اناة یا من لا یعرف عباده عنه الا الجمیل ان یسقیهم
تاکہ تیری بندی ادب پذیر ہوں سو مین تجہسی سوال کرتا ہوں ای حلیم سخاوت والی ای وہ ذات جسکی بندہ سوائی رحمت کی کچہ نہین جانتی تو اونکو ابہی سیراب
الساعة فلم یزل یقول الساعة الساعة حتی اکتسب السماء بالغمام واقبل المطر من کل مکان
کر دی پہر وہ یہہ ہی کہی جاتا تہا ابہی ابہی یہان تک کہ آسمان مین گہٹا گہر گئی اور ہر طرف سی مینہہ برسنا شروع ہوا
فعلی هذا ینبغی للحاکم ان یستسقی بصلحاء الناس وضعفائهم وفقرائهم لاجل الدواب الهائمة
اس بیان کی موافق حاکم کو لازم ہی کہ استسقا کی دعا صلحاء اور ضعیفوں اور فقیروں سی واسطی پیاسی چوپاؤں
والانعام السائمة والاطفال المعجلة لما روی انه علیه السلام قال لولا صبیان رضع وبهائم رتع
اور چرندہ مویشی اور بہوک جلد پانی مانگنی والوں کی واسطی کرای اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا اگر دودہ پیتی بچی اور چرتی ہوئی جانور
وعباد رکع لصب علیکم العذاب صبا ویقول فی دعائه کما قال النبی علیه السلام اللهم اسق عبادك
اور عابد بندی نہوتی تو تم پر عذاب ٹوٹ پڑتا اور دعا اوسی طرح کری جیسی نبی علیه السلام نی کی ہی الٰہی پانی دی اپنی بندوں کو
وبهائمك وانشر رحمتك واحی بلدك المیت ویستقبل القبلة بالدعاء قائما والناس قاعدون
اور اپنی بہایم کو پانی پلا اور اپنی رحمت پہنچا اور اپنی مردہ شہر زندہ کر اور رو بقبلہ کہڑا ہو کر دعا مانگی اور باقی لوگ رو بقبلہ بیٹہی رہین
مستقبلین القبلة لما روی انه علیه السلام استقبل القبلة ودعا فاذا دعی یوقن بالاجابة
اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی رو بقبلہ ہو کر دعا کی تہی اور جب دعا مانگی تو قبولیت کا یقین کری
ویصدق رجاءه لما روی انه علیه السلام قال ادعوا الله وانتم موقنون بالاجابة وقد قال الله تعالی
اور اپنی امید کو ہوئی جانی اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا اللہ سی قبولیت کا یقین کر کی دعا مانگو اور اللہ تعالی بہی فرماتا ہی
اُدْعُونِی اَسْتَجِبْ لَكُمْ وقال فی اٰیة اخری وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِی عَنِّی فَاِنِّی قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ
مجہکو پکارو کہ پہنچوں تمہاری پکار کو اور ایک اور ایت مین فرمایا ہی اور جب تجہسی پوچہین بندی میری مجہکو تو مین نزدیک ہوں پہنچتا ہوں پکارتی کی پکار کو
الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ویجتهد فی الدعاء سرا ویقول اللهم انك امرتنا بدعائك ووعدتنا اجابتك
جسوقت مجہکو پکارتا ہی اور دعا مین خوب مبالغہ کری پوشیدہ یوں کہی الٰہی تو نی ہمکو اپنی سی دعا کرنیکا حکم کیا اور قبولیت کا وعدہ کیا
فقد دعوناك کما امرتنا فاجبنا کما وعدتنا اللهم فامنن علینا بمغفرة ما قرفنا واجابتك فی سقیانا
سو ہمنی تو نی تیری حکم کی موافق دعا مانگی اب تو اپنی وعدہ کی موافق قبول کر الٰہی ہماری زیادتیاں بخشش کر اور اپنی قبولیت سی پانی برسا کر
وسعة رزقنا ویستحب للناس اذا کان فیهم رجل مشهود بالصلاح ان یستسقوا به ویقولوا
اور فراخی رزق کی دی کر ہمپر منت کر اور لوگوں کو مستحب ہی کہ اگر کوئی شخص اونمین نیکبخت مشہور ہو تو وس سی استسقا کی دعا کرائین اور یوں کہین
اللهم انا نستسقی ونستشفع الیك بعبدك فلان اذ روی فی صحیح البخاری ان عمر بن الخطاب کان
الٰہی ہم تجہسی مینہہ مانگتی ہیں اور تیری سامنی تیری فلانی بندہ سی شفاعت کراتی ہیں اسلئی کہ صحیح بخاری میں روایت ہی کہ عمر بن الخطاب

اذا قحطوا يستسقي بالعباس ويقول اللهم انا كنا نتوسل اليك بنبينا محمد عليه السلام فتسقينا وانا
جب قحط پڑتا تو حضرت عباس کی وسیلہ سی دعا استسقا کرتی یون کہتی الٰہی ہم تیری سامنی اپنی نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ کیا کرتی تہی سو تو مینہہ برساتا تہا اب ہم
نتوسل اليك بعم نبينا محمد عليه السلام فاسقنا فيسقون وليس في الاستسقاء عند ابي حنيفة رح
تیری سامنی اپنی نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی چچا کو وسیلہ کرتی ہین سو ہمکو پانی دی پس مینہ برستا تہا اور استسقا مین امام ابو حنیفہ کی نزدیک کوئی
صلوٰة مسنونة بالجماعة فان صلى الناس وحدانا جاز وانما الاستسقاء عنده دعاء واستغفار
نماز مسنون جماعت سی ثابت نہین ہی اگر لوگ جدا جدا نماز پڑہ لین تو جایز ہی امام کی نزدیک استسقا صرف دعا اور استغفار ہی
لقوله تعالى فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ
اس دلیل سی تو مینی کہا گناہ بخشواؤ اپنی رب سی بیشک وہ ہی بخشنی والا چہوڑدی آسمان کی تمپر دہارین اور بڑہتی دی تمکو مال اور
وَبَنِينَ وَيَجْعَلْ لَكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَلْ لَكُمْ أَنْهَارًا فهذه الاية وان كانت حكاية لما قال نوح النبي عليه السلام لقومه
بیٹون سی اور بنا دی تمکو باغ اور بنا دی تمکو نہرین پس یہہ آیت اگرچہ نوح نبی علیہ السلام کی قول کی حکایت ہی جو اپنی قوم کو فرمایا تہا
لكن يصح الاستدلال بها لان شريعة من قبلنا شريعة لنا اذا قصها الله تعالى في كتابه ولم ينكرها ولم يرد
پر اس آیت سی استدلال صحیح ہی اس لئی کہ ہم سی پہلی شریعتین ہی ہماری لئی شریعتہ ہین جب اوسکو اللہ تعالی اپنی کتاب مین بیان فرماوی اور اوسکا انکار نکری اور نہ
فيها النسخ كما في هذه الاية فانه تعالى بين فيها ان الاستغفار سبب لارسال السماء وهو المطر اذ روي ان
اوسکا نسخ وارد ہو جیسی اس آیت مین ہی پس اللہ تعالی اس آیت مین یہہ بیان فرمایا کہ استغفار کی سبب سی مینہہ برستا ہی سو اسطی کہ روایت ہی
نوح النبي عليه السلام كذبه قومه بعد تكرير الدعوة دهرا طويلا فحبس الله تعالى عنهم المطر واعقم
کہ نوح نبی علیہ السلام کو اوسکی قوم نی بعد تکرار دعوت کی مدت دراز تک تکذیب کی سو اللہ تعالی نی چالیس برس تک اور بعضی کہتی ہین
ارحام نسائهم اربعين سنة وقيل سبعين سنة فوعدهم نوح النبي عليه السلام انهم ان استغفروا من
ستر برس تک اونپر مینہہ برسانا بند کیا اور عورتون کو بانج کر دیا پہر نوح نبی علیہ السلام نی اونسی یہہ وعدہ کیا کہ اگر وہ اپنی گناہون سی توبہ کرین تو آخر بکو
ذنوبهم يرزقهم الله تعالى الخصب ويرفع عنهم ما كانوا فيه فعلم منه ان المسنون في الاستسقاء الدعاء والاستغفار
اللہ تعالی تازگی اور رزق کی فراخی دیگا اور جس مصیبت مین مبتلا ہین وہ دور کردیگا اس سی معلوم ہوا کہ استسقا مین دعا اور استغفار ہی مسنون ہی
وروي عن انس ان رجلا دخل المسجد يوم الجمعة ورسول الله صلى الله عليه وسلم يخطب فقال يا رسول
اور انس سی روایت ہی کہ ایک شخص جمعہ کی دن مسجد مین آیا اوسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ فرماتی تہی اوسنی عرض کیا یا رسول اللہ
الله صلى الله عليه وسلم هلك المواشي وخشينا الهلاك على انفسنا فادع الله تعالى ان يسقينا ورفع رسول
صلی اللہ علیہ وسلم مواشی تو مرگئی اب ہمکو اپنی جانون کا خوف ہی سو تم اللہ تعالی سی دعا کرو کہ ہمکو پانی عنایت کری پہر رسول
الله صلى الله عليه وسلم يديه قال اللهم اسقنا غيثا مغيثا مريئا غدقا مغدقا عاجلا غير اجل قال الراوي
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی دونو ہاتہہ اوٹہا کر دعا کی الٰہی ہمپر مینہہ برسا اچہا مینہہ تازہ کرنیوالا بہت فائدہ مند ابہی دیر نہو راوی کہتا ہی
فما كان في السماء قزعة فارتفع السحاب من ههنا وههنا حتى صار ركاما ثم مطرت سبعا من الجمعة الى الجمعة
کہ آسمان مین کچہہ ابر نہ تہا پہر ادہر اودہر سی ابر نمودار ہونی لگا یہان تک کہ گہٹا گہر گئی پہر سات دن تک اوس جمعہ سی اگلی جمعہ تک برس گیا
ودخل ذلك الرجل المسجد في الجمعة القابلة ورسول الله عليه السلام يخطب والسماء تسكب فقال يا رسول
پہر وہی شخص اگلی جمعہ کو مسجد مین آیا اوسوقت بہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ فرماتی تہی اور مینہہ برستا تہا عرض کیا یا رسول
الله تهدم البنيان وانقطعت السبل فادع الله تعالى ان يمسكه فتبسم رسول الله صلى الله عليه وسلم
اللہ گہر گر پڑی اور رستی بند ہوگئی سو دعا کرو کہ اللہ تعالی مینہہ کہول دی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی

بملالۃ بنی ادم ثم رفع یدیہ فقال اللہم حوالینا لا علینا اللہم علی الاکام والظراب وبطون الاودیۃ ومنابت
بنی آدم کی ملالت سی تبسم کیا پہر دونو ہاتہہ اوٹہا کر یہہ دعا کی الٰہی ہماری گردنواح پر برسا ہم پر نہیں الٰہی ٹیلون اور زمین کی پشتون پر اور پہاڑون پر اور نالون کی اندر اور جہان
الشجر قال الراوی فما کان فی السماء خرق فانجابت السحاب عن المدینۃ حتی صارت حولہا کالاکلیل فالراوی
درخت پیدا ہوتی ہون راوی کہتا ہی آسمان مین کہین ذرہ کہلا ہوا نہ تہا سو مدینہ کی اوپر سی ابر کہل گیا یہان تک کہ اوسکی گرد تاج کی مثال ہوگیا پس راوی نی اس خبر مین
لم یذکر فی ہذا الخبر غیر الدعاء فعلم منہ ان الصلوۃ فی الاستسقاء غیر مسنونۃ وقد ثبت ان عمر
سوا دعا کی اور کچہہ بیان نہیں کیا اس سی معلوم ہوا کہ استسقاء مین نماز مسنون نہین ہی اور بیشک ثابت ہوا ہی کہ عمر رضی اللہ عنہ نی
استسقی ولم یصل ولو کانت الصلوۃ سنۃ لما ترکہا لانہ کان اشد الناس اتباعا لسنۃ رسول اللہ علیہ السلام
استسقاء کی دعا کی اور نماز نہیں پڑہی اور اگر نماز مسنون ہوتی تو عمر رضی اللہ عنہ ہرگز نہ چہوڑتی اسلئی کہ عمر کی برابر سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا تابع کوئی نہین تہا
صلی فیہ رکعتین کصلوۃ العید فذلک انما یدل علی الجواز ولیس الکلام فیہ بل الکلام فی کونہا سنۃ والسنۃ
استسقاء مین دو رکعت عید کی سی نماز پڑہی سو اس سی جواز معلوم ہوتا ہی اور اسمین کلام نہین ہی بلکہ کلام مسنون ہونی مین ہی اور سنت ہونا ایسی حکایات سی
لا تثبت بمثلہ بل انما تثبت بالمواظبۃ ولم یوجد المواظبۃ لانہ علیہ السلام فعلہا مرۃ وترکہا اخری ولم یکن
ثابت نہین ہوتا سنت ہونا مواظبت سی ثابت ہوتا ہی اور مواظبت نہین پائی جاتی اسلئی کہ نبی علیہ السلام نی کبہی اسکو کیا اور کبہی ترک کیا اور عمل کرنا
فعلہ اکثر من ترکہ حتی یکون مواظبۃ وقالا یصلی الامام بالناس رکعتین کصلوۃ العید بلا اذان ولا اقامۃ
ترک کرنی سی زیادہ نہین تہا جسکو مواظبت کہہ سکین اور صاحبین کہتی ہین کہ امام لوگون کو ہمراہ لیکر عید کی طرح دو رکعت بدون اذان اور تکبیر کی پڑہی
مع التکبیرات الزوائد والجہر بالقراءۃ ثم یخطب خطبتین یفصل بینہما بجلسۃ خفیفۃ ویکون الاستغفار
اور تکبیرات زوائد ادا کری اور قرارت پکار کر پڑہی پہر دو خطبہ پڑہی دونو کی بیچمین ہلکا سا جلسہ کری اور استغفار دونو خطبون کا عمدہ مضمون ہو
معظم الخطبتین فاذا فرغ من الخطبۃ یستقبل القبلۃ ویحول رداءہ فی ہذہ الساعۃ تفاؤلا بتحویل الحال
جب خطبہ پڑہ چکی تو رو بقبلہ ہوکر اب چادر کو واسطی تفاول بدل جانی حالت کی اولٹی
فیجعل ما علی الیمین علی الشمال وما علی الشمال علی الیمین ثم یدعو ویقول فی دعائہ اللہم اسق عبادک وبہائمک
پس داہنی طرف کا پلہ بائین طرف کرلی اور بائین طرف کا پلہ داہنی طرف کرلی پہر دعا مانگی اور دعا کی اندر یہہ مضمون ادا کری الٰہی اپنی بندون اور اپنی حیوانات کو پانی دی
وانشر رحمتک واحی بلادک المیت اللہم انک امرتنا بدعائک ووعدتنا اجابتک فقد دعوناک کما امرتنا
اور اپنی رحمت کو وسیع کر اور اپنی مردہ شہر زندہ کر الٰہی تو نی ہمکو دعا کرنیکا حکم دیا اور قبول کرنیکا وعدہ فرمایا سو ہم تو بیشک تیری حکم کی موافق دعا مانگ چکی
فاجبنا کما وعدتنا اللہم فامنن علینا بمغفرۃ ما قرفنا واجابتک فی سقیانا وسعۃ رزقنا اللہم لا تہلک بلادک بذنوب
اب تو اپنی وعدہ کی موافق قبول کر الٰہی ہماری زیادتیان بخش کر اور اپنی قبولیت سی ہمکو پانی دیکر اور رزق کی فراخی کرکر ہم پر منت کر الٰہی گنہگار بندون کی بدلہ اپنی شہرون کو
عبادک ولکن برحمتک الشاملۃ ونعمتک الکاملۃ اسقنا ماء غدقا یحیی بہ البلاد وتروی بہ العباد انک
ولیکن اپنی رحمت شامل اور نعمت کامل سی ہمکو اتنا بہت پانی دی جس سی شہر زندہ اور تمام بندی سیراب ہوجاوین تو بیشک
علی کل شیء قدیر ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار المجلس السادس
ہر شی پر قادر ہی ای رب ہماری ہمکو دنیا مین خوبی اور آخرت مین خوبی دی اور ہمکو دوزخ کی عذاب سی بچا چہیالیسوین

والاربعون فی بیان وجوب تعلیم الفرائض والقران ولحن الخفی والجلی

مجلس مین بیان وجوب تعلیم فرایض کا اور قرآن کا اور لحن پوشیدہ اور ظاہر کا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعلموا الفرائض والقران فانی مقبوض ہذا الحدیث من حسان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا سیکہو فرایض اور قرآن کو کیونکہ مین قبض ہونیوالا ہون یہہ حدیث مصابیح کی

المصابیح

المصابیح رواہ ابو هریرة وفیه تحریض للامة علی تعلم النوعین من العلم لانهما لاینلقفان التلقف بمعنی

حسن حدیثوں میں ہی ابوہریرہ کی روایت سی اور اسمیں امت کی تئیں دونوں قسم علم کی ترغیب ہی کیونکہ یہہ دونوں سوای نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور سی

الاخذ الا منه علیه السلام فانه علیه السلام اذا قبض لایحصل للناس منهما شیٔ بعده الا ما تعلموا منه

نہیں حاصل ہوتی تلقف کا معنی لینی کی ہیں کیونکہ نبی علیہ السلام نی جب وفات کی تو پیچھی اونکی لوگوں کو دونوں میں سی کوئی علم نہیں حاصل ہوسکتا مگر وتنا ہی جو سیکھہ چکی

وهما الفرائض والقرآن اما الفرائض فقد ذهب بعض الناس الی ان المراد بها قسمة المواریث ولا دلیل له

اور وہ دونو علم فرائض اور قرآن ہی جسمیں فرائض سی مراد تو بعضی لوگ وراثت کا تقسیم کرنا بتاتی ہیں اور موافق ذکر توریشتی کی اس خصوصیت کی دلیل نہیں معلوم ہوتی

فی هذا التخصیص علی ما ذکره التورپشتی بل الصحیح ان المراد بها الفرائض التی فرضها الله تعالی علی عباده

بلکہ صحیح یہہ ہی کہ مراد اس سی وہ امور ضروری ہیں جو اللہ تعالی نی اپنی بندوں پہ فرض کردی ہیں

واما القرآن علی ما ذکر فی الاصول فهو ما کان منقولا بالتواتر کالقراءة السبع المعروفة التی اختارها الائمة

اور رہا قرآن علم اصول کی مضمون کی موافق وہ ہی جو تواتر سی منقول ہی جیسی ساتوں قرائتیں مشہور جسکو قراءت کی ساتوں اماموں نی اختیار کرلیا ہی

السبعة من القراء لا ما کان منقولا بلا تواتر فانه لیس بقرآن بل هو من القراءة الشاذة سواء نقلت بطریق الشهرة

وہ نہیں ہی جو بلا تواتر منقول ہی سو یہہ قرآن کی احکام میں داخل نہیں ہی بلکہ وہ قرارت شاذہ ہی برابر ہی کہ بطریق شہرت منقول ہو

او بطریق الاحاد والنقل بالتواتر شرط فی کون المنقول قرآنا سواء کان فی جوهر اللفظ او فی هیئته والمراد من

یا بطریق آحاد اور نقل بالتواتر منقول کی لئی قرآن ہونیمیں شرط ہی برابر ہی کہ جوہر لفظ میں ہو یا اوسکی صورت میں اور جوہر لفظ سی یہہ مراد ہی

جوهر اللفظ ان یختلف خطوط المصاحف فی القرأت السبع نحو مالک یوم الدین وملک یوم الدین والمراد من

کہ خطوط مصاحف کی قرارت سبعہ میں بدل جاوین جیسی مالک یوم الدین اور ملک یوم الدین اور مراد لفظ کی

هیئة اللفظ ان لا یختلف خطوط المصاحف فی القراءة السبع کالتفخیم والامالة ونحوها فاذا کان

ہیئت سی یہہ ہی کہ مصاحف کی خطوط قرارت سبعہ میں نہ بدلیں جیسی امالہ نہ کرنا اور امالہ کرنا اور مانند اسکی اور جب

النقل بالتواتر شرطا فی کون المنقول قرآنا ظهر ان الشاذ سواء نقل بطریق الشهرة او بطریق الاحاد لا یکون له

نقل بالتواتر منقول کی قرآن ہونی میں شرط ہوئی تو ظاہر ہوا کہ قرارت شاذ برابر ہی کہ نقل بطریق مشہور ہو یا بطریق احاد ہو اسکو

حکم القرآن حتی لا یجوز قراءته فی الصلوة والحاصل ان المشهورین من ائمة القراء هم السبعة المذکورون فی

حکم قرآن کا نہیں ہوگا یہاں تک کہ اوسکو نماز کی اندر پڑھنا جایز نہیں خلاصہ یہہ ہی کہ قرارت کی مشہور امام وہ ہی ساتوں ہیں جو

التیسیر والشاطبی وهم عاصم وحمزة والکسائی هذه الثلثة من الکوفة وابن کثیر من مکة ونافع من المدینة

تیسیر اور شاطبی میں مذکور ہیں اور وہ یہہ ہیں عاصم اور حمزہ اور کسائی یہہ تینوں تو کوفہ کی ہیں اور ابن کثیر مکہ کا اور نافع مدینہ کا

وابو عمرو من البصرة وابن عامر من الشام وقد ثبت شیوخ ثلثة آخرون وهم یعقوب بن اسحق ویزید بن

اور ابو عمرو بصرہ کا اور ابن عامر شام کا اور تین شیخ اور بھی ثابت ہیں وہ یہہ ہیں یعقوب بن اسحاق اور یزید بن

القعقاع وخلف بن هشام والصحیح ان احکام القرآن من جواز الصلوة وغیره جاریة فی هذه الثلثة ایضا

قعقاع اور خلف بن ہشام اور صحیح یہہ ہی کہ احکام قرآن کی یعنی نماز کا جایز ہونا اور سوا اسکی ان تینوں میں ہی

کالسبعة واما ما وراءها من القراءة الشاذة مشهورا کان او غیر مشهور فلا خلاف فی عدم جواز قراءته فی

اون ساتوں کی مانند جاری ہیں اور ان کی سوا اونکی اور شاذ قرارتیں مشہور ہوں یا غیر مشہور اسمیں خلاف نہیں ہی کہ وہ نماز میں پڑھنی جایز نہیں

الصلوة وانما الخلاف فی فسادها قال الاصفهانی ما لم یتواتر من القرأت الشاذة فحکمها فی الصلوة حکم کلام البشر

اور خلاف اسی ہی تو نماز کی فاسد کرنی میں ہی اصفہانی کہتا ہی کہ قرارت شاذہ جبتک متواتر نہو تو اوسکا حکم نماز کی اندر حکم آدمی کی کلام کا سا ہی

واذا لم یکن للشاذ فیه حکم القرآن ولم یجز قراءته فی الصلوٰة فما ظنک بالقراءة التی لیست من القراءات المتواترة
اور جب قرارت شاذ میں حکم قرآن کا نہیں ہی اور نہ اوسکا نماز میں پڑہنا جایز ہی تو پہر تیرا کیا خیال ہی اوس قرائت میں جو نہ قرارت متواترہ سی ہی
ولا من القراءات الشاذة بل ہی لحن محض ہل یکون له حکم القرآن وہل یجوز قراءته فی الصلوٰة التی ہی فرض علی الناس
اور نہ قرارت شاذہ سی بلکہ وہ صرف ترنم ہی تو کیا اوسکو حکم قرآن کا ہو سکتا ہی اور کیا اوسکا پڑہنا نماز میں جایز ہو سکتا ہی جو کہ لوگوں کی ذمہ پر
بعد الایمان واحد ارکانہا قراءة القرآن الذی انزل بافصح اللغات فلا بد ان یقرأ بافصح اللغات ولا یتحقق ذلک
بعد ایمان کی فرض ہی اور اوسکی ارکان میں سی قرارت قرآن کی ہی جو بڑی فصیح زبان میں نازل ہوا ہی اب ضرور ہی کہ اوسکو فصیح زبان سی پڑہیں اور فصاحت
الا بالتجوید فعلی ہذا یکون العمل بالتجوید فرضا لازما لانه تعالی انزل القرآن بالتجوید حیث قال ورتلناه ترتیلا
بدون تجوید کی نہیں ہو سکتی اس بیان کی موافق تجوید فرض لازم ہوئی اس لئی کہ اللہ تعالی نی قرآن کو تجوید کی ساتہہ اوتارا ہی اسلئی کہ کہتا ہی اور پڑہ سنایا ہمنی اوسکو ٹہر کر
فقال الترتیل تجوید الحروف ومعرفة الوقوف ولیس المراد بالتجوید قراءة تمضیغ اللسان وتقصیر الفم وتعویج الفک
سو علی نی فرمایا ترتیل حروف کی تجوید ہی اور وقفوں کا معلوم کرنا اور تجوید سی مراد ایسی قرارت نہیں ہی کہ زبان کو چباوی اور منہہ کو دباوی اور جبڑی کو خم دی
وتردید الصوت اذ ہی قراءة تنفر عنہا الطباع ولا یقبلہا القلوب والاسماع بل ہو قراءة سہلة لطیفة لامضغ
اور آواز کو گردش دی اسواسطی کہ ایسی قرارت سی طبیعتوں کو نفرت آتی ہی اور نہ دل اور کان پسند کرتی ہیں بلکہ تجوید ایسی قرارت سہل لطیف ہی نہ اوسمیں زبان کا
فیہا ولا تعسف ولا تکلف فاذا کان التجوید فرضا یکون ما ینافیه حراما لان القرآن انما کان معجزا بفصاحة
چبانا ہی اور نہ بیجا آواز کی ہی اور نہ بیجا تکلف ہی جب تجوید فرض ہوئی تو اوسکی برخلاف حرام ہوا اسلئی کہ قرآن تو اپنی فصاحت الفاظ اور بلاغت معنی سی معجز ہی
لفظه وبلاغة معناه فقراءته بالتجوید قراءة له بالفصاحة واذا لم یقرأ بالفصاحة یکون لحنا واللحن
اوسکا تجوید ہی کی ساتہہ پڑہنا فصیح ہی اور جب فصاحت کی ساتہہ نہ پڑہا تو پہر لحن ہو جاتا ہی اور لحن
فی لغة العرب یجیٔ علی معان والمراد به ہہنا الخطاء والمیل عن الصواب وہو جلی وخفی اما الجلی فہو خطاء یطرأ
لغت عرب میں کئی معنوں میں آتا ہی اور لحن سی مراد یہاں خطا اور راہ صواب سی الگ ہو جانا ہی اور لحن ایک جلی ہی اور ایک خفی لحن جلی جو الفاظ پر آتا ہی
الالفاظ ویخل بالمعنی فی بعض المواضع فیفسد الصلوٰة وہذا اللحن یشترک فی معرفته علماء القراءة وغیرہم
تو صرف خطا ہی اور بعضی جگہ معنی بگاڑ دیتا ہی پہر نماز بہی فاسد ہو جاتی ہی یہہ لحن سب علما کو معلوم ہوتا ہی یعنی علماء قرارت اور اور علما سب پہچانتی ہیں
اذ ہو قد یکون بتغییر الحرکات والسکنات الاعرابیة والبنائیة وقد یکون بنقص حرف وزیادته وابداله الی حرف
اسواسطی کہ یہہ لحن کبہی تو حرکات اور سکنات اعرابی اور بنائی کی بدلنی سی ہوتا ہی اور کبہی حرف کی کم وبیشی اور ایک حرف سی دوسرا حرف بدلنی سی ہوتا ہی
اخر واما الخفی فہو خلل یطرأ الالفاظ لکن لا یخل بالمعنی ولا یفسد الصلوٰة بل یخل بالفصاحة ویورث القباحة
اور لحن خفی سو وہ الفاظ کو بگاڑتا ہی پر معنی نہیں بگاڑتا اور نماز بہی نہیں جاتی بلکہ فصاحت میں خلل اور قباحت پیدا کرتا ہی
ولذا حرم فی القرآن کما ذکر فی البزازیة ان اللحن فیه حرام بلا خلاف اذ قال اللہ تعالی قرأنا عربیا غیر ذی عوج
اسہی لئی قرآن کی اندر حرام ہی چنانچہ بزازیہ میں مذکور ہی کہ قرآن میں لحن بلا خلاف حرام ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی قرآن ہی عربی زبان کا جسمیں کجی نہیں
وہذا اللحن یختص بمعرفة علماء القراءة اذ ہو انما یکون بتکریر الراءات وتطنین النونات وتغلیظ اللامات وتشقیق
اس لحن کو صرف علمار قرارت ہی پہچانتی ہیں اسلئی کہ یہہ لحن یہہ ہی حرف را کی بڑہانی سی اور نون کی گنگناٹ سی اور لام کی پر کرنی سی اور غنہ کو ناک میں
الغنة وغیر ذلک من ترک الادغام فی محل الادغام وترک الاخفاء فی محل الاخفاء وترک الاظہار فی محل الاظہار وترک الاقلاب
لیجانی سی ہوتا ہی اور سوا اسکی جیسی ادغام کی جگہہ فک ادغام اور اخفا کی جگہ ترک اخفا اور اظہار کی مقام پر ترک اظہار اور ترک کرنا بدلنی کا
فی محل الاقلاب وترک التفخیم فی محل التفخیم وترک الترقیق فی محل الترقیق فان ذلک کله وان لم یخل بالمعنی
جگہ بدلنی کی اور ترک کرنا پر کرنیکو جگہ پر کرنیکی اور ترک کرنا باریک کرنیکا جگہ باریک کرنیکی بیشک یہ تمام باتیں اگرچہ معنی نہیں بگاڑتی

٧ والمراد بالترتیل التجوید لما روی عن علی رضی اللہ عنه فی قوله تعالی ورتل القرآن ترتیلا ١٢ م

بل انما یخل باللفظ لفساد رونقه وذهاب حسنه لکن یخل بالفصاحة ولا قائل من اهل الایمان

مگر لفظ بگڑ جاتا ہی کیونکہ لفظ کی رونق اور حسن جاتا رہتا ہی پر فصاحت میں خلل پڑتا ہی اور اہل ایمان میں سی کسیکو ئی قایل نہیں ہی

بعدم فصاحة القرآن ولذلک حرمت هذه التغییرات کلها فی الصلوة وغیرها بیان ذلک ان القرآن

کہ قرآن فصیح نہیں ہی اور اسیلئی ایسی ایسی تمام تغیرات نماز کی اندر اور سوا نماز کی حرام ہیں اسکا بیان یہ ہی

انما انزل بافصح اللغات التی هی لغة العرب العرباء وهی لغة قریش وهذیل وهوازن وطی وثقیف والیمن وبنو تمیم

کہ قرآن افصح لغات میں نازل ہوا ہی جو خالص عربوں کی بولی ہی اور وہ بولی قریش اور ہذیل اور ہوازن اور طی اور ثقیف اور یمن اور بنو تمیم کی

فلابد ان یراعی فیه قواعد لغتهم من اخراج الحروف من مخارجها ومحافظة صفاتها من ترقیق المرقق وتفخیم

اب ضرور ہی کہ انکی بولی کی قاعدہ کا رعایت کیجاوین یعنی حرفون کو اونکی مخرج سی نکالنا اور نگہبانی اونکی صفات کی نرمی کی جگہ نرمی پر کی جگہ

المفخم ومد الممدود وقصر المقصور وادغام المدغم واظهار المظهر واخفاء المخفی وغیر ذلک مما هو لازم فی کلامهم

پر مد کی جگہ مد قصر کی جگہ قصر ادغام کی جگہ ادغام اور اظہار کی جگہ اظہار اور اخفا کی جگہ اخفا اور سوا اسکی جو جو اونکی کلام میں ضروری ہی

الذی هو سلیقة لهم لا یحسنون غیره فالقاری اذا لم یراع ذلک بصیر کانه قرء القرآن بغیر لغة العرب وهو

اور جو اونکا طریقہ ہی کہ سوائی اوسکی پسند نہیں کرتی پس قاری اگر ان تمام امور کی رعایت نکری تو اوسنی قرآن کو گویا سوا عربی کی اور زبان میں پڑھا اب وہ

ان کان قاریا صورة لکنه لیس بقاری حقیقة بل هو هازیٔ وعدم قراءته اولی من قراءته لانه بهذه القراءة

اگرچہ ظاہر میں قاری ہی پر وہ حقیقت میں قاری نہیں ہی بلکہ وہ جہل باز ہی ایسی قرات سکا نہ پڑھنا ہی بہتر ہی اسلئی کہ ایسی قرات سی

یصیر من الذین ضل سعیهم فی الحیوة الدنیا وهم یحسبون انهم یحسنون صنعا ولهذا قال الامام ابن الجوزی

اون لوگون میں داخل ہونگا جنکی دوڑ دھوپ ہی دنیا کی زندگی میں اور وہ سمجھتی ہیں کہ خوب بناتی ہیں کام اسیلئی امام ابن الجوزی

فی کتابه المسمی بالنشر لاشک ان الامة کما هم متعبدون بتصحیح الفاظه واقامة حروفه علی الصفة المتلقیة

اپنی کتاب میں جسکا نام نشر ہی کہتی ہیں بیشک امت کو جیسی کہ قرآن کی فہم معانی کا حکم اور صحت اور حروف کی قایم رکھنی کا حکم ہی اسطرح پر جو قرات کی

من ائمة القراءة المتصلة بالحضرة النبویة الافصحیة العربیة التی لا تجوز مخالفتها ولا العدول عنها الی

اماموں سی منقول اور حضرت نبوی سی فصیح عربیہ کی وضع پر متصل ہوا ہی جسکی مخالفت جایز نہیں اور نہ اوسکو چھوڑ کر اور وضع اختیار کرنی

غیرها والناس فی ذلک بین محسن ماجور ومسیٔ اثم ومعذور فمن قدر علی تصحیح کلام الله تعالی باللفظ

اور اس باب میں لوگ کئی وضع کی ہیں بعضی محسن قابل ثواب کی اور بعضی ناکارہ گنہکار اور بعضی معذور لاچار اب جس سی یہ ہو سکتا ہی کہ کلام اللہ کو صحت الفاظ

الصحیح العربی الفصیح وعدل عنه الی اللفظ الفاسد العجمی القبیح فانه مقصر بلاشک واثم بلاریب و

اور فصاحت عربی کی وضع پر درست کرسکتا ہو پھر اوس وضع کو چھوڑ کر لفظ فاسد عجمی قبیح اختیار کری تو بیشک قصوروار اور بی شبہ گنہگار ہی اور

امامن کان لا یطاوعه لسانه او لا یجد من یرشده الی الصواب فان الله تعالی قال لا یکلف الله نفسا الا

جس شخصکی زبان قابو میں نہیں ہی یا کوئی تجوید سکھانیوالا نہیں ملتا تو اللہ تعالی خود فرماتا ہی اللہ تکلیف نہیں دیتا کسی شخص کو مگر

وسعها لکن یجب علیه ان یجتهد جهده لعل الله یحدث بعد ذلک امرا وقد ذکر فی فتاوی قاضیخان ان

جو اوسکی گنجایش ہی لیکن ایسی شخصکو واجب ہی کہ خوب محنت کئی جای شاید کہ اللہ تعالی بعد اسکی قدرت عنایت کری اور فتاوی قاضیخان میں مذکور ہی

الرجل اذا کان لا یحسن بعض الحروف ینبغی له ان یجتهد ولا یعذر فی ذلک وان کان لا ینطلق لسانه فی

کہ ایسا شخص کہ بعضی حرفون کو ٹھیک طور نہیں پڑھسکتا ہی تو اوسکو لازم ہی کہ خوب محنت کری اسمیں وہ معذور نہیں ہی اور اگر اوسکی زبان بعضی حروف نہیں بول سکتی

تلک الحروف ان وجد آیة لیس فیها تلک الحروف وقراها فی صلوته یجوز عند الکل وان قرا الآیة التی فیها

تو اگر ایسی آیت پاوی جسمیں وہ حروف نہیں ہیں اور وہ ہی آیت اپنی نماز میں پڑھی تو بالاتفاق جایز ہی اور اگر ایسی آیت پڑھی جسمیں وہ حروف

بفهم معانی القرآن واقامة حدوده کذلک هم متعبدون

تلك الحروف تجوز صلوته لکن لا یؤم غیره وکذا اذا کان الرجل لا یقف موضع الوقف وکان یتنحنح عند القراءة
سو حروف میں جو ... نماز اوسکی جائز ہی مگر دوسرونکی امامت نکری اور ایسی ہی جو شخص وقف کی جگہ وقف نکری یا قرأت میں کھنکھارا کری

لا یؤم غیره

المجلس السابع والاربعون فی جواز التغنی فی القرآن ومالایجوز فیه

وہ بھی امامت نکری سینتالیسوین مجلس قرآن میں تغنی وغیرہ جائز ہونی اور نہ جائز ہونی میں

وغیره قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس منا من لم یتغن بالقرآن هذا الحدیث من صحاح
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہم میں سی نہین ہی جو قرآن مین تغنی نکری یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون

المصابیح رواه سعد بن ابی وقاص والمراد بالتغنی المذکور فیه لیس هو المشهور المعروف بوجوه الاول
مین سی ہی سعد بن ابی وقاص کی روایت سی اور تغنی سی مراد جو اس حدیث مین مذکور ہی وہ تغنی مشہور و معروف نہین ہی کئی وجہ سی پہلی وجہ یہہ ہی

ان اول الحدیث وهو قوله علیه السلام لیس منا یمنع عنه لکون معناه لیس من اهل ملتنا ومن یتبعنا
کہ اول حدیث قول علیہ السلام کا لیس منا اس مرادسی روکتا ہی اسواسطی کہ اسکی معنی یہہ ہین کہ ہماری دین مین اور ہماری فرمان بردارون مین نہین ہی

فی امرنا وهو من قبیل الوعید ولا خلاف بین الامة ان قارئ القرآن من غیر التغنی یثاب وماجور فکیف یستحق
اور ایک وعید ہی اور تمام امت مین کسیکو خلاف نہین ہی کہ بغیر تغنی قرآن پڑہنی والا ثواب دیا جاتا ہی اور ماجور ہی پہر وہ کیونکر سزاوار

الوعید والثانی ان الفقهاء صرحوا بکون قراءة القرآن بالتغنی معصیة ویکون التالی والسامع اثمان
وعید کا ہوا دوسری وجہ یہہ ہی کہ فقہانی صاف کہدیا ہی کہ تغنی کی ساتھ قرآن کا پڑہنا گناہ کا اور پڑہنی والا اور سننی والا دونو گنہگار ہوتی ہین

بل یکون المستحل کافرا وذلك لان التغنی حرام فی جمیع الادیان وکذا اللحن حرام بالاجماع قال البزازی
بلکہ اوسکو حلال سمجھنی والا کافر ہوتا ہی اور یہہ اسلئی کہ تغنی تمام دینون مین حرام ہی اور ایسی ہی لحن بالاتفاق حرام ہی بزازی کہتا ہی

اللحن حرام بلا خلاف وذکر ابو البرکات فی شرح النافع ان التغنی حرام فی جمیع الادیان وحکی عن ظهیر الدین
لحن بالاتفاق بلا خلاف حرام ہی اور ابو البرکات نی نافع کی شرح مین یہہ ذکر کیا ہی کہ تغنی تمام دینون مین حرام ہی اور ظہیر الدین مرغینانی سی

المرغینانی ان من قال لمقرئ زماننا عند قراءته حسنت یکفر ووجه کون التحسین کفرا ان قراء هذا
حکایت کرتی ہین کہ جسنی ہماری وقت کی قاری کو قرأت پڑہتی ہوئی کہا احسنت واہ کیا خوب کافر ہوجاتا ہی اور اچھا کہنا کفر اسلئی ہی کہ قرأت اس

الزمان فلما یخلو قراءتهم فی المجالس والمحافل عن التغنی والتغنی للناس لما کان حراما بالاجماع کان قطعیا
زمانی کی قاریون کی مجلسون اور محفلون مین تغنی سی خالی نہین ہی اور تغنی لوگون کی حق مین جو بالاتفاق حرام ہی تو قطعی ہوئی

ولذلك سماه صاحب الذخیرة کبیرة وکذا صاحب الهدایة حیث قال فیها ولا یقبل شهادة من یغنی للناس
اور اسہیلئی صاحب ذخیرہ اسکو کبیرہ نام لیتا ہی اور ایسی ہی صاحب ہدایہ جس جگہ تغنی کی باب مین کہا ہی کہ اوسکی گواہی مقبول نہین جو لوگون کی لئی تغنی کری

لانه یجمعهم علی ارتکاب کبیرة فدل کلامه هذا علی ان استماع التغنی کبیرة فاذا کان استماع التغنی کبیرة
اسواسطی کہ اونکو گناہ کبیرہ پر جمع کرتا ہی اس تقریر سی معلوم ہوا کہ تغنی کا سننا گناہ کبیرہ ہی پس جب تغنی کا سننا گناہ کبیرہ ہوا

فکون التغنی کبیرة اولی فالمغنی مرتکب هذه الکبیرة فتحسینه تحلیل للحرام القطعی وهو کفر فظهر من هذا
تو تغنی بطریق اولی کبیرہ ہوگی پس مغنی اس کبیرہ کو اختیار کرتا ہی اب اوسکا اچھا کہنا حرام قطعی کو حلال کرنا ہی یہہ کفر ہی اب اس سی معلوم ہوا

ان من یحضر الجمعة والجماعة فی هذا الزمان قلما ینجو عن ارتکاب کبیرة لان کثیرا من الخطباء والقراء
کہ جو شخص جمعہ اور جماعت مین آتی ہین اس زمانہ مین ارتکاب کبیرہ سی بہت کم خالی ہوتی ہین اسلئی کہ اکثر خطیب اور قاریون کی خطبی

قلما یخلو خطبتهم وقراءتهم عن التغنی بل هم یاخذون فی الخطبة والقرآن ماخذهم فی الشعر والغزل
اور قرأت تغنی سی بہت کم خالی ہین بلکہ وہ خطبہ اور قرآن مین شعر اور غزل کا روپہ برتتی ہین

حتی

حتی لا یکاد یفهم ما یقولون وما یقرؤن من کثرة النغمات والتقطیعات وکذا حال المؤذنین فی التصلیة والترضیة
یہاں تک کہ بسبب افراط کثرة نغمات اور تقطیعات سے سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کہتے ہیں اور کیا پڑھتے ہیں اور ایسے ہی صلی اللہ علیہ وسلم اور رضی اللہ عنہ

والتامین وتکبیرات الانتقالات والسامعون الحاضرون مرتکبون لهذه الکبیرة وربما یستحسنه بعضهم
اور آمین کہنے میں اور تکبیرات انتقالات میں موذنوں کا حال ہے اور سننے والے جو موجود ہوتے ہیں یہہ کبیرہ اختیار کرتے ہیں اور بعضے وقت کوئی کوئی اچھا بھی کہنے لگتا ہے

بل هو الاکثر فی اکثرهم لغلبة الهوی وعدم مبالاتهم فی امر الدین فیلزم ان یکفروا علی ما حکی عن ظهیر الدین المرغینانی
بلکہ اکثر اشخاص میں اکثر یہہ ہی ہوتا ہے کیونکہ ہوای نفسانی کا غلبہ دین کے امر میں بے پروائی بہت ہوگئی ہے سو لازم یہہ آتا ہے کہ موافق حکایت ظہیر الدین مرغینانی کی

وکذا من یحضر التراویح فی لیالی رمضان لاستماع تسبیحات المؤذنین فی الجوامع والمساجد فان اسماء الله
کافر ہو جاویں اور ایسے ہی جو تراویح میں ماہ رمضان کی راتوں کو جوامع اور مساجد میں موذنوں کی تسبیحات سننے کی واسطے جمع ہوتے ہیں کیونکہ خدا کی

الواقعة فیها مثل یا حنان یا منان یا ذا الجود والاحسان ونحو سبحان ذی الملک والملکوت سبحان ذی
ناموں میں جو تسبیحات کی اندر آتی ہیں جیسے یا حنان یا منان یا ذا الجود والاحسان اور جیسے سبحان ذی الملک والملکوت سبحان ذی

العزة والجبروت وغیر ذلک من الاسماء الحسنی والصفات العلیا بکثرة الابتغاء والالحان یغیرونها ویحرفونها و
العزت والجبروت اور اور سوا اسکی اسماء حسنی اور صفات علیا میں کثرت سے نغمے اور الحان کر کر اسقدر تبدیل اور تغیر اور تحریف اور اخفا کر دیتے ہیں

یخفونها الی مرتبة لا یمکن تمییزها وتشخیصها مثل قولهم سوبحان المالیکی الحانان سوبحان المالوکی المانان
کہ ممکن نہیں کہ ذرہ تمیز اور تعیین ہو سکی چنانچہ سبحان الملک الحنان کو یوں پڑھتے ہیں سوبحان المالیکی الحانان سوبحان المالیکی المانان

بافراط المد فی ضمة السین وفتحة النون والمیم وفی کسرة اللام والکاف وغیر ذلک وکذا الحان الصوفیة مثل
سین کی ضمہ میں اور نون اور میم کی فتحہ میں اور لام اور کاف کی کسرہ میں خوب مد کھینچ کر اور سوا اسکی اور ایسا ہی صوفیوں کا الحان ہے جیسے

قولهم عقب الطعام بزعم الشکر الحمد لله والشکر لله بمد الدال والراء واللام ونحوها فینبغی للمسلم ان یحترز
کھانا کھا کر شکر کی خیال پر کہا کرتے ہیں الحمد لله والشکر لله دال اور رار اور لام کو خوب کھینچکر اور مانند اسکی سو مسلم کو لایق ہے کہ ایسی مجالس میں

عن حضورها وسماعها ویطلب مسجدا خالیا عنها اذ صورتها عبادة وحقیقتها معصیة وکبیرة فلعله
نہ جاوی اور ایسی کلمات نہ سنے اور مسجد جو ان مفاسد سی خالی ہو تلاش کرلے سو شاید کہ یہہ ظاہر میں تو عبادت ہے اور حقیقت میں معصیت کبیرہ ہے ایسا نہو

یستحسنها وینهدم دینه وهو لا یشعر والحال ان الجهل لا یکون عذرا ولا یظن احد ان المراد بالتغنی للناس قراءة
کہ اسکو اچھا کہنے لگے اور دین اسکا بے خبری میں برباد ہو جاوی اور حال یوں ہے کہ نادانی کوئی عذر نہیں ہے اور کوئی یہہ خیال نہ کری کہ تغنی لوگوں کی سامنے یہہ ہے

الابیات والاشعار بالاصوات الموزونة دون قراءة القرآن والاذکار فانه ظن فاسد بل هو یعم التغنی بالقرآن
کہ بیتیں اور شعر آواز موزون بنا کر سناوی قرآن اور ذکر میں تغنی نہیں ہوتی یہہ خیال فاسد ہے بلکہ تغنی قرآن وغیرہ سب میں ہوتی ہے

وغیره کان الفقهاء صرحوا بکون قراءة القرآن بالالحان معصیة وبکون التالی والسامع آثمین قال البزازی
اسلئے کہ فقہاء نے صاف کہا ہے کہ قرآن کو الحان سے پڑھنا گناہ ہے اور پڑھنے والا اور سننے والا دونوں گنہگار ہوتے ہیں بزازی کہتا ہے

القرآن بالالحان معصیة والتالی والسامع آثمان والوجه الثالث من تلک الوجوه المذکورة ان الحدیث المذکور
قرآن الحان سے پڑھنا گناہ ہے اور پڑھنے والا اور سننے والا دونوں گنہگار ہوتے ہیں اور تیسری وجہ وجوہات مذکورہ میں سے یہہ ہے کہ یہہ حدیث مذکور

یکون معارضا لما اخرجه الترمذی عن حذیفة انه علیه السلام قال اقرؤا القرآن بلحون العرب واصواتها وایاکم
اس حدیث سے معارض ہے جو ترمذی نے حذیفہ سے روایت کی ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ قرآن کو عرب کی لہجہ اور آواز پہ پڑھا کرو اور فاسقوں کی

ولحون اهل الفسق ولحون اهل الکتابین فانه سیجیء بعدی قوم یرجعون القرآن فی ترجیع الغناء والرهبانیة والنوح
لحن سے اور یہود اور نصاری کی لحن سے بچو البتہ قریب ہے میرے بعد ایک قوم ہوگی کہ قرآن میں مانند ترجیع غنا اور راہبوں اور نوحہ گروں کی ترجیع کریں گے

ولا یجاوز حناجرھم مفتونة قلوبھم وقلوب من یعجبھم شانھم ذکر ھذا الحدیث الامام الجعبری
اور قرآن اونکی گلوں سی نیچی نہ اتریگا اونکی دل اور اونکی دل جو اونکی وضع پسند کرتی ہین فتنہ مین ہین اس حدیث کو امام جعبری نی
فی شرح الشاطبی وھو اصل عظیم فی ھذا الباب الذی ھو جواز التغنی بالقران وعدم جوازہ وعلیه
شاطبیہ کی شرح مین ذکر کیا ہی اس باب مین یہہ بڑی اصل ہی یعنی قرآن مین تغنی جایز ہونی کی اور نہ جایز ہونی کی اور
یتفرع مسائل ھذا الباب ومن لم یقف علی ھذا الاصل یغلط کثیرا اذ جعل بعضھم التغنی حراما
اس باب کی مسائل اسی پر مبنی ہین اور جو شخص اس اصل سی واقف نہین ہی بہت غلطی کرتا ہی اسواسطی کہ بعضی تغنی کو جمیع
فی جمیع الادیان فیلزم اکفار مستحله وبعضھم اجازہ فی الشریعة المحمدیة وکذا اللحن فتحیر
ادیان مین حرام کہتی ہین اب لازم آتا ہی کہ حلال سمجھنی والا کافر ہووی اور بعضون نی شریعت محمدیہ مین جایز رکہا ہی اور ایسی ہی لحن کا حال ہی
الناظر الی ھذہ الاقوال فلابد من معرفة معنی التغنی واللحن وما ھو المراد منھما عند القائلین
سو جو کہ ان اقوال کو دیکہتا ہی حیران ہوتا ہی اب تغنی اور لحن کی معنون کا سمجہنا ضرور ہی اور جو ان دونون سی مراد ہی اونکی جو جواز کی قائل ہین
بالجواز والقائلین بعدم الجواز حتی یتخلص من ورطة التحیر والھلاک اما التغنی فھو اما من الغنی بالکسر
اور اونکی جو ناجایز بتاتی ہین تاکہ وہ حیرانی اور ہلاکت کی بہنور سی خلاص ہووی اب تغنی یا تو مشتق ہی غنی سی جو غین کی زیر سی ہی
والقصر او من الغناء بالکسر والمد فان کان من الاول فھو بمعنی الاستغناء وان کان من الثانی فھو
بدون مد کی اور یا غنا سی مشتق ہی غین کی زیر اور مد سی پہر اگر تغنی اول سی مشتق ہی تو اوسکی معنی استغنا، بی نیازی کی ہین اور اگر دوسری سی مشتق ہی تو
بمعنی الترنم والترجیع والتطریب اذ الغناء ھو الصوت الموزون الرقیق الحزین والتغنی والترنم والترجیع
اوسکی معنی سرود اور آواز کا بلند اور پست کرنا اور رجہانا اسواسطی کہ غنا یہہ ہی آواز موزون بنی ہووی نرم دلمین چبہتی ہوئی کو کہتی ہین اور تغنی اور ترنم اور ترجیع
والتطریب استعمال ذلک الصوت الموزون وتردیدہ فی الحلق بادخاله داخل الحلق مرة واخراجه
اور تطریب اوس آواز موزون کا برتنا اور استعمال کرنا اور اوسکا حلق مین پہرانا کہ ایک بار حلق کی اندر لیجانا اور پہر اوسکا باہر لانا
اخری علی الطریقة المستفادة من الموسیقی وھذا ھو المشھور المعروف المراد بالتغنی المحرم فی جمیع
اوس طرز پر جو گوئی کرتی ہین اور یہہ ہی مشہور معروف تغنی سی مراد ہی جو کہ تمام دینون مین حرام ہی
الادیان سواء اقترن بالقران او بالاذان او بالخطبة او بالاذکار او بالاشعار او لم یقترن بشئ منھا
برابر ہی کہ قرآن مین جاری ہو یا اذان مین یا خطبہ مین یا ذکرون مین یا شعرون مین یا انمین سی کسی مین بہی نہو
ولذلک لما بین صاحب مجمع الفتاوی ان استماع صوت الملاھی کالضرب بالقصب وغیر ذلک
اوراسہی لئی چونکہ صاحب مجمع الفتاوی نی بیان کیا کہ بیشک ملاہی کی آواز کا سننا جیسی ڈنکی وغیرہ سی بجانا
ھی حرام ومعصیة لقوله استماع الملاھی معصیة والجلوس علیھا فسق والتلذذ بھا من الکفر ومن سمع
یہہ سب حرام اور معصیت ہی واسطی ارشاد نبی علیہ السلام کی کہ سننا ملاہی کا معصیت ہی اور اوسکو پیشہ کرنا فسق ہی اور اوسی مزہ اوٹہانا کفر ہی اور جسکی کان مین
بغتة فلا اثم علیه لکن یجب ان یجتھد کل الجھد حتی لا یسمع لما روی انه علیه السلام ادخل اصبعیه
ناگاہ آواز آگئی تو اوسپر گناہ نہین لیکن واجب ہی کہ تمام تر کوشش کری کہ وہ آواز کان مین نہ آوی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی آواز سنکر اپنی کانون مین
فی اذنیه عند سماعه قال دلت المسئلة علی ان مجرد الغناء والاستماع الیه معصیة وان لم یقترن
اونگلیان دی لین تہین کہا ہی کہ اس مسئلہ سی معلوم ہوتا ہی کہ مطلق غنا اور اوسکا سننا معصیت ہی اگرچہ کسی شئی مین
بشئ من القران وغیرہ ووجه الدلالة ان الحاصل من الملاھی مجرد الصوت الموزون لا غیر فیکون مجرد
قرآن وغیرہ سی جاری نہو اور وجہ دلالت کی یہہ ہی کہ حاصل ملاہی سی نری آواز موزون ہوتی ہی اور کچہہ نہین ہوتا تو اب صرف

رفع الصوت الموزون وخفضه وترديده في الحلق من غير اقتران بشئ من القرآن وغيره كما يفعله الخنثيون معصية

آواز موزون کا بلند کرنا اور پست کرنا اور حلق کی اندر پھیرنا بدون اسکی کہ قرآن وغیرہ میں جاری ہو جیسی کہ خوشخوان پڑھتی ہیں سب گناہ ہی

وكذا اذا اقترن بالقرآن او الاذان او الخطبة او غيرها من الاذكار بل هو اسوء واشنع لانه خلط المعصية بالعبادة

اور ایسی ہی جب قرآن اور اذان اور خطبہ اور اوراذکار میں جاری ہو بلکہ یہہ بدتر اور شنیع تر ہی اسلئی کہ معصیت کو عبادت میں ملا دیا

وتلعب بالدين وان اعتقد هذا الصنيع الشنيع عبادة فهو معصية اخرى اشد استقباحا من الاولى واما اللحن

اور دین میں کھیل شروع کیا اور اگر اعتقاد کرتا ہی کہ یہہ عمل بد عبادت ہی تو یہہ الگ بڑا گناہ پہلی گناہ سی سخت تر ہی اور رہا لحن

فهو على ما فهم من كلام صدر الشريعة في باب الاذان انه قد يكون بتحريف الكلمات بان ينقص حرفا من

سو وہ موافق اوس مضمون کی جو صدر الشریعۃ کی کلام سی باب اذان میں معلوم ہوتا ہی یہہ ہی کہ لحن کبھی کلمات کی تغیر سی ہوتا ہی اسطور کہ کوئی حرف اسکی حرفون

حروفها سواء كان حرف مد او غيره او بان يزيد فيها حرفا من حروف المد او غيرها وقد يكون بتغيير صفات

میں سی کم کردی برابر ہی کہ حرف مد ہو یا کوئی اور ہو یا اسطور ہوتا ہی کہ اوسمین کوئی حرف حروف مد وغیرہ میں سی بڑہا دی اور کبھی حرفون کی صفات کی بدلنی سی

حروفها بان ينقص شيئا من كيفيات الحروف او يزيد كالحركات والسكنات والمدات وغير ذلك من الادغام والاخفاء

ہوتا ہی اسطور کہ کچھہ کیفیات حروف کی کم کردی یا زیادہ کردی جیسی حرکات اور سکنات اور مدات اور سوا اسکی ادغام اور مخفی کرنا

واشباع الحركات وتوفير الغنات ونحوها مما يطول تعدادها على ما ذكر في كتب التجويد وقد يستعمل اللحن بمعنى التغني

اور حرکت کا بڑہانا اور غنہ کا پورا کرنا اور مانند اسکی جنکی گنتی بہت ہی چنانچہ کتب تجوید میں مذکور ہی اور کبھی لحن کو تغنی کی معنون میں لیتی ہیں

وقد يطلق كل من هذه الالفاظ ويراد به مجرد حسن الصوت من غير تغيير لفظ فعلى هذا متى قيل يجوز قراءة القرآن

اور کبھی ان تمام لفظون سی نری خوش آوازی بدون تغیر لفظ کی مراد ہوتی ہی پس اس اختلاف کی موافق جب کوئی یون کہی کہ قرآن کا

بالالحان يراد به حسن الصوت ولحون العرب كما في قوله عم اقرؤا القرآن بلحون العرب والمراد بلحون العرب صوتهم الطبيعية التي

پڑہنا الحان سی جایز ہی تو خوش آوازی اور عرب کا لہجہ مراد ہوگا چنانچہ اس حدیث میں ہی قرآن کو عرب کی لہجہ پر پڑھو اور مراد عرب کی لہجہ سی عربون کی اصلی طبعی

هي مد الممدود وقصر المقصور وترقيق المرقق وتفخيم المفخم وادغام المدغم واظهار المظهر واخفاء المخفي وغير ذلك مما هو لازم في

آوازیں ہیں یعنی دراز کرنا ممدود کا اور قصر کرنا مقصور کا اور ملکا کرنا ملکی کا اور پر کرنا پر کا اور ادغام کرنا قابل ادغام کا اور ظاہر کرنا قابل اظہار کا اور مخفی کرنا قابل اخفا کرنا اور سوا اسکی جو عربون

كلامهم الذي هو سليقة لهم لا يحسنون غيره ومتى قيل قراءة القرآن بالالحان حرام يراد به لحون اهل الفسق كما في قوله عم اياكم ولحون

کی کلام میں ہوا کرتا ہیں جو اونکا اصل طریقہ ہی کہ اوسکی خلاف کو اچھا نہیں سمجھتی اور جب کوئی یہہ کہی کہ قرآن کا پڑہنا الحان سی حرام ہی تو اسی لحن فاسقون کی مراد ہین جیسی اس حدیث میں ہی

اهل الفسق والمراد بلحون اهل الفسق الانغام المستفادة من الموسيقي اذ من يفعلها يكون من اهل الفسق لارتكابه كبيرة

فاسقون کی لحن سی بچتی رہو اور فاسقون کی لحن سی وہ نغمات مراد ہیں جو گویون کی طرز پر ہوتی ہیں اسلئی کہ جو شخص یہہ نغمی کرتا ہی وہ فاسق ہی کیونکہ کبیرہ اختیار کرتا ہی

الا ترى ان ابا حنيفة وغيره من المشائخ يبيحون قراءة القرآن بالالحان على ما ذكر في بعض الفتاوى على تقدير كون المراد بها الانغام

دیکھتا نہیں کہ امام ابو حنیفہ وغیرہ مشایخ الحان سی قرآن کا پڑہنا مباح کہتی ہین چنانچہ بعضی فتاوون میں مذکور ہی اور حسن صورت میں کہ مراد اس سی وہ نغمات ہون

المستفادة من الموسيقي كيف يبيحونها مع صريح النهي عنها بقوله عليه السلام اياكم ولحون اهل الفسق وعلى تقدير كون المراد بها حسن

جو علم موسیقی کی طرز پر ہوتی ہین تو کیونکر مباح کہہ سکتی باوجودیکہ اس حدیث میں صاف منع فرمایا ہی فاسقون کی لحن سی بچتی رہو اور اگر مراد اوس سی خوش آوازی

الصوت ولحون العرب كيف لا يبيحونها وقد امر بها النبي بقوله اقرؤا القرآن بلحون العرب وقد يقع الغلط على افهام بعض الناس فيظنون المراد بحسن الصوت المطلق

اور لہجہ عرب کا ہو تو کیونکر منع کر سکتی باوجودیکہ نبی علیہ السلام نی اس حدیث میں ارشاد کیا ہی قرآن کو عرب کی لہجہ پر پڑھا کرو اور بیشک بعضی لوگون کی سمجھہ پر غلطی پڑتی ہی وہ یہہ

في قراءة القرآن والخطبة والاذان هي التغني المعروف المشهور بها كما يزعمون كلا انهم عن هذا المعنى لمعزولون ثم انهم لا يكتفون بما ارتكبوا

جو قرآن کی پڑہنی اور خطبہ اور اذان میں درکار ہی وہ یہی تغنی مشہور و معروف ہی افسوس افسوس اونکی سمجھہ پر حق تو یہہ ہی کہ وہ ان معنون سی بہت دور ہیں پھر یہہ بھی تو نہیں کہ جو اختیار کر رکھا ہی

بل یقعون فی طعن السلف الصالحین وینسبون الیهم الفعل المحرم فی جمیع الادیان حیث یعتقدون ان الغناء

بلکہ علماء سلف کو طعنہ دیتے ہیں اور وہ ایسی فعل کی جو تمام مذہبوں میں حرام ہی تہمت لیتے ہیں اسواسطے کہ یہہ اعتقاد کرتے ہیں کہ بیشک یہہ غنا

الذی یفعلونه الیوم هذا الذی کان السلف یفعلونه ومعاذ الله ان یظن بهم هذا ومن وقع له ذلک یتعین

کہ جو اب عمل میں آتی ہی یہہ وہی غنا ہی جو سلف بزرگ استعمال کرتے تھی خدا کی پناہ اونکی طرف ایسی گمان سی اور جسکی خیال میں یہہ وسوسہ گذرتا ہی

علیه ان یتوب عنه ویرجع الی الله تعالی والا فهو من الهالکین الا تری ان حسن الصوت فی الاذان مندوب

تو اوسکو یہہ ہی چاہی کہ اس عقیدہ سی توبہ کری اور خدا کی طرف رجوع کری نہیں تو وہ ہلاک ہوا دیکھتے نہیں کہ حسن صوت اذان میں مستحب

ومطلوب مع ان التغنی فیه حرام ومکروه منصوص کراهته فی عامة الکتب من المتون والشروح والفتاوی

اور مقصود ہی باوجودیکہ تغنی اذان میں حرام اور مکروہ ہی اوسکی کراہت صاف صاف تمام متونوں اور شرحوں اور فتاووں میں

مع ضرب من التاکید والتهدید وقد صدر الانکار علی فاعله عن النبی علیه السلام وعن الصحابة والتابعین وغیرهم

بتاکید اور تہدید مذکور ہی اور بیشک برائی تغنی کرنیوالی کی نبی علیہ السلام سی اور صحابہ اور تابعین وغیرہ

من السلف والخلف اذ روی عن ابن عباس رض انه علیه السلام کان له مؤذن یطرب ونهاه عن ذلک وروی ان

اگلی اور پچھلوں سی ثابت ہوتی ہی اسواسطی کہ ابن عباس رض سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام کی ہاں ایک موذن مطرب تہا اوس موذن کو اس سی باز رکہا اور روایت ہی

رجلا قال لابن عمر انی احبک فی الله فقال له ابن عمر انی ابغضک فی الله لانک تغنی فی اذانک فظهر من

کہ ایک شخص نے ابن عمر سی کہا میں تمکو اللہ کی واسطی محبوب رکہتا ہوں پس ابن عمر نی جواب دیا میں تجہکو اللہ کی واسطی برا جانتا ہوں اسلئی کہ تو اذان میں تغنی کرتا ہی

هذه الوجوه کلها ان المراد بالتغنی فی الحدیث المذکور سابقا لیس ما هو المعروف والمشهور بل المراد به الاعلان

اب ان تمام وجوہات سی ظاہر ہوتا ہی کہ تغنی سی جو پہلی حدیث میں آیا ہی وہ ہی تغنی معروف و مشہور مراد نہیں ہی بلکہ تغنی سی قرآن کا ظاہر پڑہنا

بالقرآن والافصاح به کانه علیه السلام جعل الجهر به تبعا للاقرار بتوحید الله تعالی ونبوة انبیاءه فی کونه

اور فصیح زبان سی پڑہنا مراد ہی گویا نبی علیہ السلام نی قرآن بلند آواز سی پڑہنی کو منزلہ اقرار کی ٹہرایا ہی واسطی توحید اللہ تعالی کی اور انبیاء کی نبوت کی اس سبب میں

من شعائر الاسلام کالاعلام بالشهادتین فی صحة الایمان او المراد به الاستغناء بالقرآن عن الاشعار و

کہ نشان اسلام کا ہو جیسی دو کلمے شہادت کا ظاہر کرنا واسطی درستی ایمان کی نشان ہی یا تغنی سی مراد بسبب قرآن کی شعروں سی اور

احادیث الناس فقد ورد التغنی بهذا المعنی وان مات یجیء تفعل بمعنی استفعل قلیلا لکن قلة الاستعمال لا یمنع

لوگوں کی قصی کہانیوں سی بی نیاز ہونا بیشک تغنی کی یہہ بہی معنی میں گرچہ وزن تفعل کا استفعل کی معنوں میں کمتر آتا ہی لیکن قلت استعمال سی احتمال

الاثم الارادة والمراد به التجوید والترتیل فانه زین للقرآن لاسیما مع حسن الصوت فان التغنی بمعنی حسن

ارادہ کا نہیں موقوف ہوتا اور مراد اس سی تجوید یا ترتیل ہی کیونکہ اس سی قرآن کو زینت ہوتی ہی خاص کر خوش آوازی سی تو بیشک تغنی بمعنی خوش آوازی

الصوت مندوب علی ما ذکر فی التاتارخانیة ان التغنی بالقرآن ان لم یغیر الکلمة عن وضعها بل یحسنه تحسین

مستحب ہی چنانچہ تاتارخانیہ میں یہہ مذکور ہی کہ تغنی قرآن میں اگر کلمات کو اپنی وضع سی نہ بدل دی بلکہ اوسکو آراستہ کردی

الصوت وتزیین القراءة فذلک مستحب عندنا فی الصلوة وخارجها وان کان یغیر الکلمة عن وضعها یوجب

اور قرارت کو زینت دی تو یہہ تغنی ہماری نزدیک نماز میں اور نماز سی باہر بہی مستحب ہی اور اگر تغنی کلمات کو اپنی وضع سی بدل ڈالی تو نماز کو

فساد الصلوة لان ذلک منهی عنه وقال التوربشتی القراءة علی الوجه الذی یهیج الوجد فی قلوب السامعین

بگاڑتی ہی اس لئی کہ یہہ تغنی ممنوع ہی اور توربشتی کہتا ہی کہ اس وضع کی قرارت جو سننی والوں کی دلوں میں شور محبت بہڑکا دی

ویورث الحزن ویجلب الدموع مستحبة ما لم یخرجه التغنی عن التجوید ولم یصرفه عن مراعات النظم فی الکلمات

اور اندوہ پیدا کری اور آنسو بہاوی مستحب ہی جبتک کہ تغنی تجوید سی نہ نکالدی اور اوس نظم سی جو کلمات اور حروف میں رعایت کی جاتی ہی دور نہ کردی

والحروف

والحرف فاذا انتهى الى ذلك عاد الاستحباب بكراهة اذا تقرر هذا ينبغي ان نعلم ان الفقهاء لما صرحوا بكون التغني
پہر اگر اس نوبت کو پہنچی تو مستحب نہین مکروہ ہی جب یہہ معلوم ہوچکا تو یہہ بات بہی لایق سمجہنی ہی کہ فقہا جب تغنی کو

في القران حراما وشددوا فيه مع ظواهر بعض الاحاديث الذي توهم جوازه فيه فكونه حراما في غير القران من الاذان
قرآن مین تو حرام کہہ چکی اور اسباب مین تشدد کرچکی باوجود یکہ بعض احادیث کی ظاہر معنون سی جواز کا وہم پڑتا ہی پہر ایسی تغنی سوا قرآن کی اذان

والخطبة والاذكار وغيرها مع عدم ورود شئ مما يوهم جوازه فيها اصلا من ظواهر الاحاديث واقوال العلماء اولی
اور خطبہ اور اذکار وغیرہ مین باوجودیکہ ہرگز کوئی ایسی روایت بہی نہین جس سی جواز تغنی کا اذان وغیرہ مین وہم پڑتا ہی نہ کوئی ظاہر حدیث نہ قول کسی عالم کا بطریق اولی حرام ہی

لانه بقي على الحظر الاصلي المستفاد من قولهم التغني حرام في جميع الاديان المجلس الثامن والاربعون
اسواسطی کہ وہ خطر اصلی پر باقی ہی جواونکی اس قول سی مفہوم ہوتا ہی کہ تغنی تمام دینون مین حرام ہی اٹہتالیسوین مجلس مین

في بيان فضيلة المؤذن وبيان سبب وضع الاذان

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسمع
بیان مؤذن کی فضیلت کا اور بیان سبب اذان کی مقرر ہونیکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا نہین سنیگا

مدى صوت المؤذن جن ولا انس ولا شئ الا شهد له يوم القيمة هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو سعيد
انتہا آواز مؤذن کی جن اور نہ انسان اور نہ کوئی اور شئی مگر واسطی مؤذن کی قیامت کی روز گواہی دیگا یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو سعید خدری کی روایت

الخدري وفيه حث على استفراغ الجهد في رفع الصوت بالاذان ليكثر شهوده من الجن والانس وغيرهما من
سی اور اسمین یہہ ترغیب ہی کہ جہان تک ہوسکی بتمام قوت اذان مین آواز بلند کری تا کہ گواہ جن و انس و غیرہ حیوانات

الحيوانات والجمادات يوم القيمة فان المؤذن كلما جعل صوته اجهر يكون شهوده يوم القيمة اكثر وانما
اور جمادات قیامت کی روز زیادہ ہوجاوین کیونکہ مؤذن جتنی آواز بلند کریگا وتنی ہی اوسکی گواہ قیامت کی دن زیادہ ہونگی اور نہین سنیگا

قال لا يسمع صوته لان مدى الصوت غايته وغاية الصوت تكون اخفى لا محالة فاذا شهد له من بعد عنه
آواز اوسکی اس لئی فرمایا کہ مدی صوت انتہا آواز کا ہوتا ہی اور انتہا آواز کا بالضرور بہت خفی ہوجاتا ہی پہر جب اوسکی گواہی وہ چیزین دیوین جو اوس سی دور ہو

ووصل اليه همس صوته فاولى ان يشهد له من قرب منه وسمع مبادي صوته والمراد من شهادة الشهود له
اور اوسکی کسمساہٹ ہی سنی ہو تو جو پاس کی چیزین ہین اور اول آواز سنتی ہین بطریق اولی گواہی دینگی اور اوسکی حق مین قیامت کی دن گواہون کی گواہی سی مراد یہہ ہی کہ اوس روز اہل محشر کی سامنی

يوم القيمة اشهاده في ذلك اليوم فيما بين اهل المحشر بالفضل وعلو الدرجة فانه تعالى كما يهين قوما
بزرگی اور بلند مرتبہ کی گواہی ہوگی بیشک اللہ تعالی جیسی کسی قوم کو قیامت کی دن اوسکی حق مین گواہ ہون کی بری گواہی سنکر ذلیل کرتا ہی تا کہ سب کی سامنی خوار و ذلیل

يوم القيمة بشهادة الشهود عليهم تحقيقا لفضوحهم على رءوس الاشهاد وتسويدا لوجوههم فكذلك يكرم
اور کالا منہہ ہووی سو ایساہی بعضی قوم کو

قوما في ذلك اليوم بشهادة الشهود لهم تكميلا لسرورهم تطييبا لقلوبهم ثم انهم بكثرة شهادة الشهود لهم يزداد
اوس روز گواہون کی اچہی گواہی اونکی خوشی پوری اور دل خوش کرینگی لئی عزت کرتا ہی پہر اوس قوم کی فرح اور سرور بسبب بہت اچہی گواہون کی بڑہتی جاتی ہی

سرورهم وفرحهم فان قيل الاذان ذكر والاصل في الاذكار الاخفاء لقوله تعالى وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا
پہر اگر کوئی یہہ کہی کہ اذان تو ذکر ہی اور تمام ذکرون مین اصل اخفا ہی یعنی چپکی سی بدلیل اس آیت کی اور یاد کرتا رہ اپنی رب کو دلمین گڑگڑاتا

وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ ولقوله عليه السلام للذي رفع صوته بالذكر لن تدعوا اصم ولا غائبا
اور ڈرتا اور پکارسی کم آواز بولنی مین اور اس لئی کہ نبی علیہ السلام نی اوس شخص کو جو پکارکر ذکر کرتا تہا فرمایا تو ہرگز نہین پکارتا بہری کو اور غائب کو

فما وجه الجهر فيه فالجواب ان الاذان وان كان ذكرا وكان الاصل في الاذكار الاخفاء الا ان فيه معنى زايد
پہر اذان مین پکارنی کی کیا وجہ ہی تو جواب یہہ ہی کہ اذان اگرچہ ذکر ہی اور اصل ہی ذکرون مین اخفا ہی پر اذان مین ایک اور بات بڑہتی ہی

یوجب الجهر علی خلاف الاصل وهو کونه اعلاما لاوقات الصلوٰة وهذا المعنی الزائد اوجب فیه حکما عارضا علی
جس سی پکارکر کہنا اصل کی برخلاف ہوگیا اور وہ بات ہی کہ نماز کی وقتون کی خبر دیتی ہین اس ہی بڑھتی بات نی اوسمین ایک حکم عارضی اصل سی الگ واجب کردیا ہی
الاصل وهو الجهر لانه لایصلح ان یکون اعلاما الا بصفة الجهر بیان ان الاذان وان کان ذکرا یوجب الاخفاء
یعنی پکارکر کہنا اسواسطی کہ اذان سی بدون پکارکر کہنی کی اعلام نہین ہوسکتا اسکا بیان یہہ ہی کہ اذان اگرچہ ذکر ہی جسمین اخفا واجب ہی
الا ان الاخفاء امتنع فیه لمانع قوی هو کونه اعلاما لان الاعلام لایمکن حصوله الا بصفة الجهر ووجود
پر بیشک اسمین اخفا ایک قوی مانع کی سبب سی ممنوع ہی وہ مانع یہہ ہی کہ وہ اعلام ہی اسواسطی کہ اعلام بدون پکارکر کہنی کی حاصل ہونا ممکن نہین ہی اور ایک
علة توجب حکما علی وجه لایمنع وجود علة اخری توجب حکما اخر مخالفا للاول بل اسمه ایضا یدل علی
علت سی اوسکا حکم اس طور پر واجب ہوتا ہی کہ اوس سی دوسری ایسی علت کا پیدا ہونا ممنوع نہین ہوتا جس سی دوسرا حکم اول کی برخلاف واجب ہوجاوی بلکہ اوسکا نام ہی یعنی اذان دلالت
وجوب الجهر فیه لانه فی اللغة الاعلام مطلقا وفی الشریعة اعلام مخصوص علی وجه مخصوص بالفاظ
کرتا ہی کہ اسمین جہر واجب ہی اسلئی کہ اذان کی معنی مطلق اعلام کی ہین اور شریعت مین خاص اعلام کو کہتی ہین بطور خاص الفاظ مخصوصہ سی
مخصوصة وقد سبق ان الاعلام یمتنع حصوله بدون الجهر بل سببه ایضا یدل علی لزوم الجهر فیه وهو انه
اور اوپر گذر چکا ہی کہ اعلام بدون جہر کی ہرگز نہین ہوسکتا بلکہ اذان کی ایجاد کا سبب بہی دلالت کرتا ہی کہ اوسمین جہر لازم ہی وہ سبب یہہ ہی
علیه السلام لما قدم المدینة وبنی المسجد شاور اصحابه فیما یجعل علامة لمعرفة وقت الصلوٰة وحضور الجماعة
کہ نبی علیہ السلام جب مدینہ مین تشریف لای اور مسجد تیار کی تو صحابہ سی مشورہ کیا کہ اوقات نماز کی پہچان اور جماعت مین آنی کی لئی کیا علامت مقرر کرین
فذکر له ضرب الناقوس فقال هو من شعائر النصاری فذکر له النفخ فی القرن فقال هو من شعائر الیهود فذکر
کسی نی ناقوس کا بجانا ذکر کیا تو آپ نی فرمایا وہ طریقہ نصاری کا ہی پہر صور پہونکنی کا ذکر کیا پہر آپ نی فرمایا یہہ یہود کا طریق ہی پہر کسی نی
له ایقاد النار فقال هو من شعائر المجوس فتفرقوا من غیر ان یتفقوا علی شئ وکان فیهم عبد الله بن زید الانصاری
آگ جلانی کا ذکر کیا پہر آپ نی فرمایا یہہ طریقہ مجوسیون کا ہی پہر یہہ ہی اختلاف رہا کسی ایک بات پر متفق نہوئی اور اوس مجمع مین عبد اللہ بن زید انصاری بہی تہی
فاهتم هما شدیدا لهم رسول الله علیه السلام فلم یاکل الطعام تلك اللیلة فبات مهتما فلما اصبح اتی رسول
سو اونکو بسبب فکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑا سخت فکر لگا کہ اوسنی اوس رات کو کہانا نہ کہایا اسی فکر مین سوگیا جب صبح ہوئی تو رسول اللہ
الله صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله انی کنت بین النوم والیقظة اذ رایت نازلا من السماء علیه
صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس حاضر ہوکر عرض کیا یارسول اللہ مین کچہہ سوتا کچہہ جاگتا تہا ناگاہ مجہکو ایک شخص آسمان سی اوترتا نظر آیا
بردان اخضران فقام علی جرم حائط واستقبل القبلة وقال الله اکبر الله اکبر الی تمام کلمات الاذان فقال
دو چادر سبز اوڑہی ہوئی پہر وہ گہر کی دیوار پر روبقبلہ کہڑا ہوکر کہنی لگا اللہ اکبر اللہ اکبر اذان کی آخر عبارت تک پس رسول
رسول الله صلی الله علیه وسلم هذا الرؤیا حق فالق ما رایته علی بلال فانه امد منك صوتا فالقینه
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا یہہ خواب حق ہی سو جو تو نی دیکہا ہی بلال کو سکہادی کیونکہ بلال تجہسی بلند آواز ہی سو مینی اوسکو سکہادی
علیه فقام علی ارفع سطح فاذن فسمعه عمر بن الخطاب وکان فی بیته فخرج یجر رداءه حتی اتی رسول الله
پہر بلال نی ایک اونچی جگہہ پر کہڑی ہوکر اذان پڑہی پس وہ اذان عمر بن الخطاب نی اپنی گہر مین سنی سو چادر کہینچتی ہوئی گہر سی نکل کر رسول اللہ
صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله والذی بعثك بالحق لقد رایت مثل ما قال فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم
صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس آکر عرض کیا یارسول اللہ قسم ہی اوس اللہ کی جسنی تمکو برحق بہیجا ہی مین نی بہی یہی دیکہا ہی جیسی بلال کہتا ہی تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی
فلله الحمد وروی انه رای فی المنام تلك اللیلة احد عشر رجلا من الصحابة ما رواه عبد الله بن زید فلما
فرمایا للہ الحمد اور روایت ہی کہ اوس رات کو گیارہ مرد صحابیون نی خواب مین یہہ ہی دیکہا تہا جو عبد اللہ بن زید نی روایت کی پہر جب

بلغ

ثبت شرعية الاذان بهذه الرؤية التي شهد بحقيتها النبي عليه السلام كان من شعائر الاسلام حتى لو
اذان کا مشروع ہونا اوس خواب سے ثابت ہوچکا جسکی حقیت میں نبی علیہ السلام نے گواہی دی تو اذان نشان اسلام کا مقرر ہوئی یہانتک کہ اگر

اصر على تركه اهل مصر او اهل قرية او اهل محلة اجبرهم الامام على الاتيان به وان لم
کسی شہر یا گانو والے یا اہل محلہ والے اذان سراسر چھوڑ دیں تو امام وقت اون پر زور دیکر پڑھوا دے اور اگر نہ

يفعلوا قاتلهم لانه لما كان من اعلام الدين كان الاصرار على تركه استخفافا بالدين فيلزم القتال وقد
مانیں تو اون پر جہاد کرے اسواسطے کہ جب اذان اعلام دین سے ہوئی تو اوسکا سراسر ترک کردینا دین کا استخفاف ہے سلئے جہاد کرنا لازم ہو اور

روى عن انس انه عليه السلام كان اذا طلع الفجر وكان يسمع الاذان فان سمع الاذان امسك والا اغار
انس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام کا سفر جہاد میں یہہ رویہ تہا جب صبح ہوتی تو اذان کی طرف کان لگاتے اگر اذان کی آواز سنتے تو رک جاتے اور نہیں تو غارت کرتے

يعني انه عليه السلام اذا اراد ان يغير الكفار كان من عادته ان يسير بالليل فاذا وصل الى بلدة لا يعرف
مراد یہہ ہے کہ نبی علیہ السلام کفار پر غارت گری کا ارادہ کرتے تو یہہ عادت تہی کہ رات کو روانہ ہوتے جب کسی ایسے شہر پہنچتے کہ اوسکا حال معلوم نہوتا

حالها ينتظر الصبح ويستمع الاذان ليعلم ان تلك البلدة بلدة المسلمين او بلدة الكفار فان سمع الاذان امسك
تو صبح تک منتظر رہتے اور اذان کی طرف کان لگاتے تاکہ یہہ امر معلوم ہوجاوے کہ یہہ شہر مسلمانوں کا ہے یا شہر کفار کا ہے پہر اگر اذان سن پاتے تو غارت گری سے

عن الاغارة وتركها وان لم يسمع الاذان اغار فهذا الحديث دل على كون الاذان من اعلام الدين ومع هذا
باز رہتے اور اوس شہر کو چہوڑ دیتے اور اگر اذان نہ سنتے تو غارت کرتے پس یہہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ اذان اعلام دین سے ہے اور باوجود اسکے

يفهم منه كونه واجبا لكن عند عامة المشائخ وهو الصحيح انه سنة مؤكدة وكذا الاقامة سنة مؤكدة للصلاة
اسہی سے معلوم ہوتا ہے کہ اذان واجب ہے پر عام مشایخ کے نزدیک اذان سنت مؤکدہ ہے اور یہہ ہی صحیح ہے اور ایسے ہی تکبیر پانچوں نماز کے واسطے سنت مؤکدہ ہے

الخمس اذا صليت بالجماعة اداء وقضاء وللجمعة لانها فرض لا للواجبات كصلوة الوتر والعيدين ولا للسنن
بشرطیکہ باجماعت ہوں وقت پر ادا ہوں یا قضا اور جمعہ کے لئے بہی اسواسطے کہ جمعہ فرض ہے اور نماز واجب کے واسطے نہیں ہے جیسے نماز وتر اور دونو عید اور نہ سنتوں کے واسطے

كالتراويح ولا للنوافل كصلوة الكسوف والاستسقاء اذا صليت بالجماعة كل واحد من تلك الصلوات ويزيد المؤذن
جیسے تراویح اور نہ نفلوں کے واسطے جیسے نماز سورج گہن اور استسقا کی اگرچہ یہہ سب نمازیں باجماعت پڑہیں اور مؤذن فجر کی اذان میں

بعد فلاح الاذان في الفجر قوله الصلوة خير من النوم مرتين لما روى ان بلالا جاء الى النبي صلى الله عليه وسلم
بعد حی علی الفلاح کے الصلوة خیر من النوم دوبار زیادہ کہے اسواسطے کہ روایت ہے کہ بلال نبی علیہ السلام کے پاس آیا

فوجده نائما فقال الصلوة خير من النوم فقال النبي عليه السلام ما احسن هذا جعله في اذانك وانما خص
تو آپکو سوتے پایا پس بلال نے کہا الصلوة خیر من النوم پس نبی علیہ السلام نے فرمایا کیا خوب بات ہے اسکو تو اپنی اذان میں داخل کرلے اور خصوصیت

الفجر به لانه وقت نوم وغفلة فاحتيج الى زيادة الاعلام والاقامة مثل الاذان الا انه يزيد بعد فلاحها قوله
فجر کی اسلئے ہے کہ نیند اور غفلت کا وقت ہوتا ہے سو اوسہی وقت تنبیہ کی حاجت زیادہ تہی اور تکبیر مانند اذان کی ہے پر اتنا فرق ہے کہ تکبیر میں بعد حی علی الفلاح کے اتنا لفظ

قد قامت الصلوة مرتين ويترسل في الاذان ويحدر في الاقامة لما روى انه عليه السلام قال لبلال اذا اذنت
قد قامت الصلوة یعنی قایم ہوئی نماز دو بار کہے اور اذان میں ٹہر ٹہر کر کہے اور تکبیر میں شتابی کہے کیونکہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے بلال سے فرمایا جب تو اذان پڑہے

فترسل واذا اقمت فاحدر والترسيل ان يفصل بين كلمات الاذان بسكتة والحدر ان يوصل بين كلمات
تو ٹہر ٹہر کر اور جب تو تکبیر کہے تو جلدی کر اور ترسیل یہہ ہے کہ اذان کی کلمات میں ایک ایک سکتہ کا فرق کرتا جاوے اور حدر یہہ ہے کہ تکبیر کی کلمات کو جلد جلد ملاتا جاوے

الاقامة بسرعة ويترك الاعراب فيهما لما روي عن ابراهيم النخعي انه قال شيئان مجزومان كانوا لا يعربونهما الاذان
اور اعراب یعنی حرکات کو دونو میں ترک کرے اسواسطے کہ ابراہیم نخعی سے روایت ہے کہ کہتا تہا دو چیزیں جزم سے ہیں پہلے لوگ اونکو اعراب نہیں دیتے تہے اذان

والاقامة قال الزيلعي يعني على الوقف لكن في الاذان حقيقة وفي الاقامة ينوي الوقف قاله الهروي وعوام الناس
اور تکبیر زیلعی کہتا ہی یعنی وقف پر لیکن اذان میں وقف حقیقی ہی اور تکبیر میں وقف کی نیت کری یہہ قول ہروی کا ہی اور عوام لوگ یوں

يقولون الله اكبر الله اكبر بضم الراء الاولى وكان ابو العباس المبرد يفتحها بنقل فتحة همزة اسم الله تعالى اليها
کہتی ہیں الله اکبر الله اکبر پہلی را کی ضمہ سی اور ابو العباس مبرد اوس پر زبر پڑھتا ہی الله کی الف کا زبر نقل کر کر اوس راکو دیتا ہی

لالتقاء الساكنين كما يفتح الميم في قوله تعالى الم الله لا اله الا هو مع ان الاصل في الحروف المقطعة الاسكان ويترتب بين
واسطی جمع ہونی دو ساکن کی جیسی میم اس آیت میں مفتوح ہوجاتا ہی باوجودیکہ اصل حروف مقطعات میں سکون ہی اور اوسکی کلمات کو ویسی ہی مرتب کہی

كلماتها كما شرع حتى لو قدم بعضا واخر بعضا فالافضل الاعادة مراعاة للترتيب ولا يتكلم فيهما ويستقبل بهما
جیسی مشروع ہوئی ہیں یہان تک کہ اگر کسیکو آگی اور کسیکو پیچہی کردی تو واسطی رعایت ترتیب کی دوہرانا بہتر ہی اور دونوکو پڑہتی ہوئی بیچ میں نہ بولی اور دونوکو روبقبلہ ہوکر

القبلة ويلتفت في الاذان مع ثبات قدميه في مكانه يمينا عند قوله حي على الصلوة وشمالا عند قوله حي
پڑہی اور اذان میں دونو پانوں جمائی ہوئی اپنی جگہ میں حی علی الصلاح کہتی ہوئی دہنی طرف منہہ پہیری اور حی علی الفلاح کہتی ہوئی بائیں طرف

على الفلاح لان طرفي الاذان مناجاة ووسطه مناداة ففي المناجات يستقبل القبلة لان احسن احوال
اسواسطی کہ اذان کی اول اور آخر میں مناجات ہی اور اوسکی بیچ میں منادات یعنی لوگوں کو پکارنا ہی سو مناجات میں روبقبلہ رہی اسواسطی کہ بہتر حال

الذاكرين استقبال القبلة وفي المنادات يلتفت الى من يناديهم لانه خطابهم فيتوجه اليهم واذا كان في
یاد الہی کرنیوالوں کا روبقبلہ رہنا ہی اور پکارنی کی وقت اوس طرف منہہ پہیری جنکو پکارتا ہی اسلئی کہ اوہنی کو خطاب ہی سو اودہری کو منہہ پہیری اور اگر مؤذن

المنارة ولم يحصل تمام الفائدة بتحويل وجهه مع ثبات قدميه في مكانه يستدير فيها ويجعل اصبعيه في اذنيه
منارہ کی اندر ہووی اور منہہ پہیرانی سی دونو پانو اپنی جگہہ پر جمی ہوئی میں پورا فائدہ نہو تو اوسکی اندر گردش کری اور اپنی دونو اونگلیاں اپنی کانوں میں کرلی

لما روى انه عليه السلام قال لبلال اجعل اصبعيك في اذنيك فانه ارفع لصوتك وان لم يجعل اصبعيه
اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی بلال کو فرمایا اپنی دونو کانوں میں اونگلیاں دی لی اس سی تیری آواز بلند ہووی گی اور اگر وہ اونگلیاں کانوں میں نہ دی

في اذنيه بل جعل يديه على اذنيه فحسن لما روي ان ابا محذورة ضم اصابعه
بلکہ دونو ہاتہہ کانوں پر رکہہ لی تو بہی بہتر ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ ابو محذورہ نی اپنی چاروں اونگلیاں ملاکر

الاربع ووضعها على اذنيه وعن ابي حنيفة انه قال ان جعل احدى يديه على اذنه فحسن ولا يؤذن لصلوة
کانوں پر رکہہ لیں تہیں اور ابو حنیفہ سی روایت ہی کہ فرمایا اگر کوئی سا ایک ہاتہہ اپنی کان پر رکہہ لی تو بہی اچہا ہی اور کسی نماز کی واسطی

قبل دخول وقتها ويعيد في الوقت ان اذن قبله لان الاذان للاعلام بدخول الوقت فالاذان قبله يكون تجهيلا
وقت آنی سی پہلی اذان نکہی اور وقت ہونی کی بعد دہرائی جاوی اگر اذان پہلی کہدی ہو اسواسطی کہ اذان وقت کی آنی کی خبر دینی کی واسطی ہی پس اذان وقت سی پہلی بہلاوا دینا ہی

لا اعلاما وعند ابي يوسف وهو قول الشافعي يجوز للفجر في النصف الاخير من الليل لتوارث اهل الحرمين اهل مكة و
اعلام نہیں ہی اور ابو یوسف کی نزدیک اور یہی قول شافعی کا ہی فجر کی لئی آدہی رات گذرنی کی بعد اذان جایز ہی بسبب عمل درآمد اہل حرمین اہل مکہ اور

اهل المدينة والحجة على الكل قوله عليه السلام لبلال لا تؤذن حتى يستبين لك الفجر هكذا ومد يده عرضا و
اہل مدینہ کی اور سب کی دلیل یہہ حدیث ہی جو آپ نی بلال سی فرمایا اذان مت دینا جبتک تجہکو فجر اسطور پر ظاہر نہوجاوی پہر اپنا ہاتہہ عرض میں کہینچا اور

لظهور التواني في الامور الدينية استحسن المتاخرون التثويب بين الاذان والاقامة في الصلوات كلها سوى المغرب
امور دینی میں سستی جو ظاہر ہونی لگی ہی تو متاخرین علماء نی تثویب کو درمیان اذان اور تکبیر کی بجز مغرب کی تمام نمازوں میں پسند کیا ہی

وهو العود الى الاعلام بعد الاعلام بحسب ما تعارفه كل قوم لانه مبالغة في الاعلام فلا يحصل ذلك الا بما تعارفونه
اور تثویب دوبارہ آگاہ کرنا ایک دفعہ آگاہ کرکی موافق تعارف ہریک قوم کی اسواسطی کہ تثویب اعلام میں مبالغہ ہوتا ہی بغیر تعارف قوم کی نہیں ہوسکتا

وابو یوسف خص به من له زیادة اشتغال بامور المسلمین کالامیر والقاضی والمفتی لانهم لا یعرفون وقت
اور امام ابو یوسف تثویب کو خاص کرتی ہین اوس شخص کی واسطے جسکو مشغولی کار بار مسلمانون کا لگا رہتا ہو جیسی امیر حاکم اور قاضی اور مفتی اسلئی کہ ان حضرات کو وقت

الحضور ولو حضروا کما سمعوا الاذان ولم یحضر الجماعة یحتاجون الی انتظار فیتعطل مصالح المسلمین وینبغی
حضور کا دہیان نہین ہوتا اور اگر یہ لوگ اذان سنتی ہی چلی آیا کرین اور جماعت جمع نہو تو انتظار کرنا پڑیگا پہر مسلمانون کی کار بار معطل ملتوی رہینگی اور مؤذن کو یون چاہئی

للمؤذن ان یفصل بین الاذان والاقامة ویکره وصلهما لان المقصود من الاذان اعلام الناس بدخول
کہ اذان اور اقامت کی بیچمین کچہہ دیر تک کیا کری دونون کا متصل بدون فاصلہ کی کہنا مکروہ ہی اسلئی کہ غرض تو اذان سی لوگون کا آگاہ کرنا ہی کہ وقت نماز کا آگیا ہی

وقت الصلوة لیتهیؤا لها بالطهارة فیحضروا المسجد لاقامتها وبالوصل ینتفی هذا المقصود وطریق الفصل
تاکہ وہ نماز کی تیاری کرین وضوء غسل کرکر مسجد مین نماز کی لئی آئین اور دونو کی ملادینی مین یہ غرض فوت ہوتی ہی اور طریق فاصلہ کا یہ ہی

ان الصلوة ان کانت مما یتطوع قبلها یفصل بینهما بصلوة سنة کانت اوغیرها لما روی عن عبد الله
کہ اگر نماز ایسی ہی کہ اوس سی پہلی نفلین پڑہی جاتی ہین تو اونکی بیچ مین نماز پڑہینگی خواہ سنت ہو خواہ اور کچہہ اسواسطی کہ روایت ہی عبد الله

بن مغفل انه علیه السلام قال بین کل اذانین صلوة بین کل اذانین صلوة ثم قال فی الثالثة لمن شاء والمراد
بن مغفل سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہر وقت درمیان دونو اذان کی نماز ہی ہر وقت درمیان دو اذان کی نماز ہی پہر تیسری دفعہ مین فرمایا جو شخص پڑہنا چاہی اور مراد

بالاذانین الاذان والاقامة علی طریق التغلیب والمراد بالصلوة التطوع سواء کان سنة اوغیرها من النوافل
دو اذان سی اذان اور تکبیر ہی بطور تغلیب کی اور نماز سی مراد نماز نفل ہی برابر ہی خواہ سنت ہو یا اور کوئی نفل

لا الفرض بدلیل تخییره علیه السلام فی المرة الثالثة بقوله لمن شاء وهو حث علی التنفل بین الاذان
فرض مراد نہین ہی اس دلیل سی کہ نبی علیہ السلام نی تیسری بارمین اختیار دیدیا اس لفظ سی لمن شاء اور اسمین اذان اور تکبیر کی بیچمین نفل پڑہنی کی ترغیب ہی

والاقامة لان الدعاء لا یرد بینهما علی ما روی عن انس انه علیه السلام قال لا یرد الدعاء بین الاذان والاقامة
اسواسطی کہ دعا اذان اور تکبیر کی بیچ کی رد نہین ہوتی موافق روایت انس کی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ دعا درمیان اذان اور تکبیر کی رد نہین ہی

فاذا کان الدعاء غیر مردود بینهما یکون العبادة بینهما افضل وان لم یفصل بینهما بصلوة یفصل
جب اذان اور تکبیر کی بیچمین دعا مردود نہین ہوتی تو عبادت اونکی بیچ مین افضل ہی اور اگر انکی بیچ مین نماز پڑہکر دیر نکری تو اتنی دیر تک

بینهما بجلسة مقدارها ما یتمکن فیه قراءة عشرین آیة اومقدار ما یصلی اربع رکعات لحصول المقصود
بیٹہا ہی رہی جتنی دیر مین بیس آیتین پڑہ سکی یا اتنی دیر تک جسمین چار رکعت نماز پڑہ سکی کیونکہ اسمین مقصود پورا ہوتا ہی

وان کانت الصلوة مما لا یتطوع قبلها کصلوة المغرب فعند ابی حنیفة یفصل بینهما قائما بسکتة
اور اگر وہ نماز ایسی ہی جسمین اوس سی پہلی نفلین نہین مین جیسی مغرب کی نماز سو امام ابو حنیفہ کی نزدیک اذان اور تکبیر مین اتنی دیر چپکا کہڑا رہی

مقدار ما یتمکن فیه من قراءة ثلث آیات قصار او آیة طویلة وفی روایة عنه مقدار ما یخطو ثلث
جسمین تین آیتین چہوٹی یا ایک آیت طویل پڑہ سکی اور ایک روایت مین امام سی اتنی دیر جسمین تین قدم بہر لی

خطوات ثم یقیم لان التعجیل مامور به والتاخیر مکروه فیکتفی بادنی الفصل لیکون اقرب الی التعجیل
پہر تکبیر کہی اسواسطی کہ تعجیل کا حکم ہی اور دیر لگانی مکروہ ہی سو ادنی فاصلہ کفایت کرتا ہی تاکہ تعجیل سی قریب رہی

وعندهما یفصل بینهما بجلسة خفیفة لان الفصل مکروه ولا یحصل الفصل بالسکتة لوجودها
اور صاحبین کی نزدیک اذان و تکبیر مین تہوڑی سی نشست کا فاصلہ کری اسلئی کہ ملادینا مکروہ ہی اور سکتہ کا کچہہ فاصلہ نہین ہی کیونکہ سکتہ تو

بین کلمات الاذان فیجلس مقدار ما یجلس الخطیب فی الخطبتین وتقضی الفائتة باذان واقامة لانها
اذان کی کلمات مین بہی موجود ہی سو اتنی دیر بیٹہ جاوی جتنی دیر خطیب دونو خطبون مین بیٹہتا ہی اور نماز فائتہ کی قضا کی لئی اذان اور اقامت دونو چاہئین اسلئی

من سنن الصلوة لا من سنن الوقت فان کانت الفائتة واحدة تقضی بهما لیکون القضاء علی
کہ یہ دونو نماز کی سنتین ہین کچہ وقت کی سنتین نہین ہین پہر اگر نماز فائتہ ایک ہی ہو تو اذان اور تکبیر دونو چاہیین تاکہ قضا ادا کی وضع پر
سنن الاداء وقد روی انه علیه السلام قضی صلوة الفجر غداة لیلة التعریس مع الجماعة باذان واقامة
ہوجاوی اور روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی لیلة التعریس کی صبح کو فجر کی نماز جماعت کی ساتہہ اذان اور تکبیر سی قضا کی
وان کانت متعددة وارید قضاءها متوالیة یؤذن ویقیم للاولی منها ویکون مخیرا فی الباقی ان شاء
اور اگر وہ نمازین کئی ہون اور ایک دفعہ ہی پی درپی قضا کیا چاہی تو پہلی نماز کی لئی اذان اور تکبیر دونو کہی اور باقی نمازون مین مختار ہی چاہی
اذن واقام لیکون القضاء علی حسب الاداء وان شاء اقتصر علی الاقامة لما روی انه علیه السلام شغله
اذان اور تکبیر دونو کہی تاکہ قضا ادا کی صورت پر ہو جاوی اور اگر چاہی اقامت ہی پر اکتفا کری اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیه السلام کو مشرکون نی
المشرکون یوم الخندق عن اربع صلوات سوی الفجر فقضی الاولی مع الجماعة باذان واقامة وماسواها باقامة
جنگ خندق مین سوا نماز فجر کی چار نمازون کی فرصت نہ دی سو آپ نی پہلی نماز مع الجماعت اذان اور تکبیر سی قضا کی اور باقی نری تکبیر ہی سی
فقط واهل السفر فی المفازة یصلون بهما ویکره لهم ترکهما لانهما من سنن الجماعة والسفر لا یسقط الجماعة ولا یسقط
اور مسافر جنگل مین اذان اور تکبیر دونو سی نماز پڑہا کرین اور انکو دونو کا ترک کرنا مکروہ ہی اسلئی کہ اذان اور تکبیر متعلق جماعت سی ہین اور سفر سی جماعت
ما هو من سننها ولو اکتفوا بالاقامة وترکوا الاذان لا یکره لان الاذان للاعلام بدخول الوقت لیحضر الغائبون
نہین ساقط ہوتی اور نہ وہ جو جماعت سی متعلق ہی اور اگر مسافر نری تکبیر ہی پر اکتفا کرین اور اذان نہ پڑہا کرین تو مکروہ نہین ہی اسلئی کہ اذان وقت کی آجانی کی خبر دینی کی واسطی ہی تاکہ جو لوگ
والذین هم فی اشغالهم متفرقون والرفقة حاضرون وفی محل نزولهم مجتمعون ولا حاجة الی جمعهم واحضارهم
غائب ہین اور اپنی کاروبار مین جابجا لگی ہوئی ہین وہ سب آجاوین اور رفیق سفر کی حاضر رہتی ہین اور اپنی فرودگاہ مین جمع ہوتی ہین تو انکی جمع کرنی کی حاجت اور بلانی کی ضرورت نہین
واما الاقامة فهی للاعلام بالشروع فی الصلوة وهم الیه محتاجون ویکره اداء المکتوبة مع الجماعة فی
رہی تکبیر سو وہ اس خبر کی واسطی ہی کہ نماز شروع ہوگئی اور انکو اسکی حاجت ہوتی ہی اور فرضون کا جماعت سی مسجد مین ادا کرنا
المسجد بغیر اذان واقامة ولا یکره فی البیوت والکروم وضیاع القریة لان ما کان فی المصر والقریة من الاذان
بدون اذان اور تکبیر کی مکروہ ہی اور گہرون کی اندر اور باغون مین اور باہر متصل قریہ سی مکروہ نہین ہی اسلئی کہ شہر اور قریہ کی اذان اور تکبیر انکو کافی ہی
والاقامة یکفیهم والمقیم فی المصر اذا صلی فی بیته وحده ینبغی له ان یصلی باذان واقامة لیکون الاداء
اور مقیم شہر کی اندر اگر تنہا اپنی گہر مین نماز پڑہی تو بہتر اوسکو یہ ہی کہ اذان اور تکبیر کہہ لی تاکہ نماز جماعت کی وضع پر ادا ہو جاوی
علی هیئة الجماعة وان ترکهما معا لا یکره ان وجدا فی مسجد محلته لانه وان کان مصلیا بغیر اذان واقامة
اور اگر اوسنی دونو کو ترک کیا تو مکروہ نہین ہی جس صورت مین کہ محلہ کی مسجد مین ہوتی ہون اسواسطی کہ یہ مصلی اگرچہ حقیقت مین بدون اذان اور تکبیر
حقیقة لکنه مصل بهما حکما لان المؤذن فی المحلة نائب عن اهل المحلة فی الاذان والاقامة لنصبهم ایاه
کی نماز پڑہتا ہی پر وہ حکما اذان اور تکبیر سی پڑہتا ہی کیونکہ محلہ کا مؤذن اذان اور تکبیر مین اہل محلہ کا نائب ہوتا ہی کیونکہ اہل محلہ نی اوسکو اسی لئی مقرر کیا ہی
لذلک فیکون اذانه واقامته کاذان الکل واقامتهم ولهذا حین اراد ابن مسعود ان یصلی فی بیته بعلقمة
تو اب اوسکی اذان اور تکبیر ایسی ہی جیسی سب کی اذان اور تکبیر اسی واسطی جب ابن مسعود نی اپنی گہر مین نماز پڑہنی کا ارادہ کیا تہا ہمراہ علقمہ
والاسود فقیل له الا تؤذن وتقیم قال اذان الحی یکفینا واما المسافر اذا صلی فی المفازة وحده بغیر اذان و
اور اسود کی تو کسی نی اونسی کہا اذان اور تکبیر کیون نہین کہتی تو ابن مسعود نی جواب دیا محلہ کی اذان ہماری لئی کافی ہی اور مسافر اگر جنگل مین اکیلا بدون اذان اور
اقامة یکره له ذلک لکونه مصلیا بغیر اذان واقامة حقیقة وحکما لان المکان الذی هو فیه لیس فیه
تکبیر کی نماز پڑہی تو اوسکو مکروہ ہی اسواسطی کہ وہ حقیقة اور حکما بدون اذان اور تکبیر کی نماز پڑہتا ہی اسلئی کہ اوس جگہ جہان وہ ہی ہرگز کوئی اور نہین ہی

احد يؤذن ويقيم لتلك الصلوة اصلا والمصلي في المسجد ان صلى جماعة يصلي باذان واقامة ويكره له
جس نی ساس نماز کی لئی اذان اور اقامت کہی ہو اور مصلی مسجد مین اگر جماعت سی نماز پڑہتا ہی تو اذان اور تکبیر کہہ کر نماز پڑہی اور اوسکو
ترك كل منهما وان صلى منفردا فحكمه حكم المصلي في بيته واما القرى فان كان فيها مسجد وكان في ذلك
دونو کا ترک کرنا مکروہ ہی اور اگر تنہا نماز پڑہتا ہی تو اوسکا حال ایسا ہی جیسی اپنی گہر مین نماز پڑہتا ہی اور گانوؤن اگر اونمین مسجد ہی اور اوس مسجد مین
المسجد اذان واقامة فحكم من يصلي فيه او في بيته كما مر وان لم يكن فيها مسجد كذلك فحكم المصلي فيها
اذان اور تکبیر بہی ہوتی ہی تو اوسکا حال ویسا ہی ہی جو مسجد مین نماز پڑہی یا اپنی گہر مین چنانچہ گذر چکا اور اگر اوسمین ایسی مسجد نہین ہی تو اوسکا حال ایسا ہی
حكم المسافر ثم ينبغي ان يعلم ان السنة في الاذان ان يكون بلا لحن ولا تغن لان المقصود منه دعوة الخلق
جیسی حال مسافر کا پہر سمجہنا چاہئی کہ طریق مسنون اذان مین یون ہی کہ بدون لحن اور تغنی کی ہوا کری اسلئی کہ غرض اذان سی نماز کی لئی خلقت کا بلانا ہی
الى الصلوة باعلام دخول وقتها فلابد ان يكون على وجه يفهم السامع الفاظه حتى يظهر فائدة معنى قوله
یہہ خبر جتلا کر کہ وقت ہوگیا ہی اب ضرور ہی کہ اس وضع پر ہو وی کہ الفاظ کا سننی والا سمجہ لی تاکہ اس قول کی معنون کا فائدہ ظاہر ہووی کہ
حي على الصلوة حي على الفلاح فان معناهما اسرعوا الى الصلوة اسرعوا الى ما فيه نجاتكم من النار وبقاؤكم في الجنة
حی علی الصلوة حی علی الفلاح کیونکہ معنی انکی یہہ ہین جلد آؤ واسطی نماز کی جلد اودہر آؤ جسمین آگ سی تمہاری نجات ہی اور جنت مین ہمیشہ کو رہنا ہی
لكن قد غيرت هذه السنة في هذا الزمان في اكثر البلدان لان اهلها يؤذنون بانواع النغمات والالحان حيث
لیکن اس طریق مسنون کو اس زمانہ مین اکثر شہرون مین بدل ڈالا ہی کیونکہ اکثر شہری اذان ایسی ایسی نغمات اور الحان سی پڑہتی ہین کہ
لا يفهم ما يقولون من الفاظ الاذان ولا يسمع منهم الا اصوات ترفع وتخفض كصوت المزمار وهي على ما ذكر في المدخل
یہہ نہین سمجہہ مین آتا کہ الفاظ اذان مین سی کیا کہتی ہین اور کچہہ سننی مین نہین آتا سوای آواز کی کہ کبہی بلند ہوتی ہی اور کبہو پست جیسی آواز مزمار کی اور یہہ طرز موافق بیان مدخل کی
بدعة قبيحة احدثها بعض الامراء في مدرسته بناها ثم سرى ذلك منها الى غيرها ثم انهم لحرصهم على التغني لم يكتفوا
بدعت قبیحہ ہی اسکو بعضی امیرون نی اپنی مدرسہ مین جاری کی تہی پہر یہہ وہانسی ساری مین پہیل گئی پہر اونہون نی تغنی کی حرص کی مارے اذان کی الفاظ پر بس نکیا
بكلمات الاذان بل زادوا عليها بعض الكلمات من الصلوة والتسليم على النبي عليه السلام فان الصلوة والتسليم
بلکہ اذان پر اونہون نی بعضی اور کلمات درود اور تسلیم نبی علیہ السلام کی بڑہا لئی بیشک درود اور تسلیم کا
وان كان مشروعا بنص الكتاب والسنة وكان من اكبر العبادات واجلها لكن اتخاذها عادة في الاذان على المنارة
مشروع ہونا اگرچہ صاف کتاب اور حدیث سی ثابت ہی اور بڑی اور بہتر عبادت مین سی ہی پر اسکا اذان کی اندر منارہ کی اوپر عادت کرنا
لم يكن مشروعا اذ لم يفعلها احد من الصحابة والتابعين ولا غيرهم من ائمة الدين وليس لاحد ان يضع العبادات
مشروع نہین ہی اسواسطی کہ یہہ کسینی نہین کیا نہ صحابہ نی اور نہ تابعین نی اور نہ کسی اور پیشوایان دین نی اور کسیکو یہہ اختیار نہین ہی کہ عبادات کو اور جگہہ رکہی
الا في مواضعها التي وضعها فيها الشرع ومضى عليها السلف الا ترى ان قراءة القران مع كونها من اعظم العبادات
سوا اوس مواضع کی جہان اوسکو شرع نی وضع کیا ہی اور بزرگ متقدم اوسکو کرتی چلی آئی ہین کیا نظر نہین آتا کہ تلاوت قرآن کی باوجودیکہ عمدہ ترین عبادات ہی
لا يجوز للمكلف ان يقرأها في الركوع ولا في السجود ولا في القعدة لان كلا منها ليس محلا للتلاوة ثم انظر الى هذه
مکلف کو جایز نہین کہ رکوع مین قرآن پڑہا کری اور نہ سجدہ مین اور نہ قاعدہ مین اسواسطی کہ یہہ تینون مقام تلاوت کی محل نہین ہین پہر اس بدعت کو دیکہہ تو
البدعة التي احدثوها في الاذان من النغمات والالحان كيف تعدت الى محرم اخر وهو انهم جعلوها في الصلوة
جو ان لوگون نی اذان کی اندر نغمات اور الحان پیدا کئی ہین ایک اور حرام کی طرف کیسی بڑہ گئی ہی وہ یہہ ہی کہ ان لوگون نی نغمات کو نماز کی اندر تکبیرات انتقالات مین
حال التبليغ في الانتقالات وذلك كلام في الصلوة على طريق العمد فيبطل صلوتهم فاذا بطلت صلوتهم يسرى
داخل کیا ہی اور یہہ طرز نماز کی اندر گویا عمدہ کلام ہی سو اونکی نماز باطل ہوجاتی ہی اور جب اونکی نماز باطل ہوئی تو اب یہہ فساد

ذلك الفساد الى من يقتدي الامام بتسميعهم التكبير في الافتتاح والانتقالات لان المأموم لا يجوز له الاقتداء
اونسے اور مقتديون مين آيا جو انکی تکبير تحريمه اور تکبير انتقالات سنکر اقتدا کرتی ہين اسواسطی که مقتدی کا اقتدا بدون کسی ايک کی
الا باحد اربعة اشياء فان لم يوجد لا يوجد الاقتداء في تلك الصلوة اولها وهو اعلاها ان يرى افعال
چار چيزون مين سی صحيح نہين ہی سو اگر اونمين سی کوئی نہو گی تو اوس نماز مين اقتدا ہی نہو گا اول سب سی افضل يہہ ہی که مقتدی امام کی افعال کو ديکھتا ہو
الامام فان تعذر فسماع اقواله فان تعذر فروية افعال المأموم فان تعذر فسماع اقواله فهؤلاء لبطلان
پھر اگر يہہ ميسر نہو تو اوسکی آواز سنتا ہو پھر اگر يہہ بھی دشوار ہو تو افعال اور مقتديون کی ديکھتا ہو پھر اگر يہہ بھی نہو تو مقتدی کی آواز سنتا ہو سو يہہ لوگ جو انکی
صلاتهم بالنغمات والالحان لا يكونوا من المأمومين وانتقال المأموم من ركن الى ركن بسماع اصواتهم من غير
نماز بسبب نغمات اور الحان کی باطل ہو گئی ہی تو مقتدی نہين ہين اور انتقال کرنا مقتدی کا ايک رکن سی دوسری رکن پر انکی آواز سنکر بدون
روية افعال الامام وسماع اقواله لا يصح صلوته وههنا مفسدة اخرى وهي ان الامام اذا كبر للصلوة ودخل
ديکھنی افعال اور سنی اقوال امام کی اوسکی نماز کو فاسد کرتا ہی اور يہان ايک اور مفسدہ ہی وہ يہہ ہی که امام جب تکبير کہکر نماز مين داخل ہو جاتا ہی
فيها يكبرون خلفه قبل ان يدخلوا في الصلوة ليسمع الناس تكبيرهم ويدخلوا في الصلوة فمن احرم من الناس بتكبيرهم
تو امام کی پيچھی تکبير کہديتی ہين اس سی پہلی که آپ نماز مين داخل ہون تاکه اور لوگ اونکی تکبير سنکر نماز مين داخل ہو جاوين پھر جو کوئی انکی تکبير سنکر بدون
من غير سماع تكبير الامام يدخل في صلوته خلل من هذه الوجه ايضا لما تقدم ان الاقتداء لا يصح الا باحد
سنی امام کی تکبير تحريمه کہيگا اوسکی نماز مين يہہ بھی خلل داخل ہيگا اسواسطی که اوپر گذر چکا ہی که اقتدا بدون ايک کی
اربعة اشياء وهذا ليس بواحدة منها يسرنا الله تعالى العمل بالسنة والاجتناب عن البدعة المجلس
چار چيزون مين سی صحيح نہين ہوتا اور يہہ اون چارون مين سی کچھه بھی نہين ہی الٰہی ہمپر آسان کر سنت پر عمل کرنا اور بدعت سی اجتناب کرنا انچاسون مجلس

التاسع والاربعون في بيان فضيلة الجمعة وفي تفضيل يومها على سائر الايام
مين بيان جمعه کی فضيلت کا اور جمعه کی روز کی تفضيل تمام ايام پر

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير يوم طلعت عليه الشمس يوم الجمعة فيه خلق آدم وفيه ادخل
رسول الله صلی الله عليه وسلم نی فرمايا بہت اچھا دن جسپر آفتاب چمکا ہی جمعه کا دن ہی اسی مين آدم پيدا ہوا اور اسی دن مين
الجنة وفيه اخرج منها ولا تقوم الساعة الا في يوم الجمعة هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة
جنت مين داخل ہوا اور اوسی روز مين جنت سی نکلا اور قيامت نہو گی سوا دن جمعه کی يہہ حديث مصابيح کی صحيح حديثون مين ہی ابو ہريره کی روايت سی
وقد بين فيه ان يوم الجمعة خير الايام اذ فيه خلق آدم النبي عليه السلام وفيه ادخل الجنة وفيه اخرج
بيشک اسمين يہہ بيان فرمايا که جمعه کا دن سب دنونسی بہتر ہی اسواسطی که اسی مين آدم نبی عليه السلام پيدا ہوئی اور اسی مين جنت مين داخل ہوئی اور اسی مين جنت سی نکلی
منها فان قيل دخول آدم النبي عليه السلام الجنة خير وحسن لكن خروجه منها كيف يكون خيرا وحسنا
پھر اگر کوئی کہی آدم نبی عليه السلام کا جنت مين داخل ہونا تو بہتر ہی اور نيک بھی ہی پر اونکا جنت مين سی نکلنا کيا اچھا اور خوب ہی
فالجواب ان خروجه منها المتضمنة للفوائد الكثيرة والمصالح يكون خيرا وحسنا لانه بواسطة خروجه
تو جواب يہہ ہی که اونکا جنت مين سی نکلنا جسمين بہت سی فائدی اور خوبيان ہونی کو تہين بہت خوب اور بہتر ہی اسواسطی که وہ جنت مين سی نکلی
منها حصل منه عليه السلام اولاد كثيرة وتناسلوا وبعث الله تعالى من نسله على ذريته الانبياء وانزل فيهم
تو اونسی بہت سی اولاد پيدا ہوئی اور آگی کو نسل چلی اور الله تعالیٰ اونکی نسل مين سی اونکی اولاد پر نبی بھيجی اور کتابين اوتارين
الكتب وجعل منهم الاخيار والابرار وظهر منهم عبادات مرضية وطاعات مرعية وهذا كله خير كثير
اور اونمين سی صلحاء اور ابرار پيدا کئی اور اونسی عبادات پسنديده اور طاعات مرغوب عمل مين آئين يہہ تمام خير ہی خير ہی

بالنسبة

بالنسبة الى خروجه من الجنة فعلى هذا يكون يوم الجمعة خير الايام وقد عظم الله تعالى به دين الاسلام
جو بہشت کی نکلنی سی ہوئین اس بنا پر اس کی موافق جمعہ کا دن سب دنون مین بہتر ہی اور بیشک اللہ تعالی نی اس دن سی دین اسلام کو عظمت دی

وخصه بالمسلمين من بين الانام لما روى عن ابي هريرة انه عليه الصلوة والسلام قال هذا يومهم الذي
اور تمام خلق مین سی مسلمانون کی لئی خاص کیا کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نی فرمایا یہہ وہ دن ہی

فرض عليهم واختلفوا فيه فهدانا الله له والناس لنا تبع اليهود غدا والنصرى بعد غد يعني انه تعالى
جو اللہ تعالی نی اونپر فرض کیا تھا اور انہون نی اسمین اختلاف کیا سو اللہ تعالی نی اسکی ہمکو ہدایت کی اور اور لوگ ہمارے پیرو ہین یہود تو کل اور نصاری اوس سی اگلی دن مراد یہہ ہی

امر عباده ان يجتمعوا في يوم الجمعة ويعظموه بالطاعة ولم يعينه لهم بل امرهم ان يعينوه باجتهادهم
کہ اللہ تعالی نی اپنی بندون کو یہہ امر فرمایا کہ جمعہ کے دن جمع ہوا کرین اور طاعت سی اوسکی تعظیم کرین اور دن نہین مقرر کر دیا تھا بلکہ یون حکم تھا کہ آپ اپنی اٹکل سی معین کر لین

فاختلفوا فيه فقالت اليهود هو يوم السبت لانه تعالى فرغ في هذا اليوم من خلق المخلوقات ونحن نفرغ
سو انہون نی اسمین اختلاف کیا یہود تو کہنی لگی وہ شنبہ کا روز ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی شنبہ کی روز تمام مخلوقات کو پیدا کر چکا ہم بھی

فيه من الاشغال الدنيوية ونشتغل بالعبادة وقالت النصرى هو يوم الاحد لانه تعالى ابتدا في
اس روز مین دنیا کی کاروبار چھوڑ کر عبادت مین مشغول رہین اور نصاری کہنی لگی وہ یکشنبہ کا دن ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی نی اس دن مین

هذا اليوم بخلق المخلوقات فهو اولى بالتعظيم فهدى الله تعالى هذه الامة ووفقهم باصابة حتى
مخلوقات کا پیدا کرنا شروع کیا تھا تو اسی دن کی تعظیم اولی ہی آخر اللہ تعالی نی اس امت کو ہدایت کیا اور توفیق صواب کی دی یہان تک

عينوه وقالوا ان الله تعالى اوجد في سائر الايام ما ينتفع به الانسان وفي يوم الجمعة اوجد نفس الانسان
کہ جمعہ مقرر کر لیا اس دلیل سی کہ اللہ تعالی نی تمام ایام مین تو وہ چیزین پیدا کین جسمین انسان کی منفعت ہی اور جمعہ کی دن مین انسان کی ذات کو پیدا کیا

والشكر على نعمة الوجود اهم واقدم وقد بين الله تعالى كيفية الشكر في هذا اليوم فقال اذا نودي للصلوة
اور شکر گذاری نعمت وجود کی بہت ضرور اور بہت مقدم ہی اور اللہ تعالی نی اس دن مین شکر کی کیفیت یون بیان کی فرمایا جب اذان ہو

من يوم الجمعة فاسعوا الى ذكر الله وذروا البيع فانه تعالى امر اولا بالسعي الى الجمعة ثم امر بترك الاشتغال
دن جمعہ کی تو دوڑو اللہ کی یاد کو اور چھوڑ دو بیچنا سو اللہ تعالی نی اول دوڑنے سعی کی طرف جمعہ کی امر فرمایا پھر اسواسطی ترک شغل کاروبار

بالامور الدنيوية الصارفة عن السعي الى الجمعة وقد روى عن عبد الله بن عمر انه عليه السلام
دنیا کی جو جمعہ کی طرف جانی سی روکتی ہون امر کیا اور عبد اللہ بن عمر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

قال لينتهين اقوام عن تركهم الجمعة او ليختمن الله على قلوبهم ثم ليكونن من الغفلين فانه عليه السلام
البتہ باز آوین لوگ جمعہ ترک کرنی سی یا بیشک اللہ تعالی اونکی دلون پر مہر لگا دیگا پھر وہ سراسر غافل ہو جاوینگی سو نبی علیہ السلام نی

بين في هذا الحديث ان احد الامرين كائن لا محالة اما الانتهاء عن تركهم الجمعة او ختم الله على قلوبهم
اس حدیث مین بیان فرمایا کہ دو نوبات مین سی ایک بالضرور ہونیوالی ہی یا باز آنا جمعہ ترک کرنی سی یا اونکی دلون پر اللہ کا مہر لگانا

ثم ليكونن من الغفلين لان العبد اذا ترك امرا من اوامر الله تعالى مرة يحصل في قلبه نكتة سوداء
پھر ہو جاوینگی وہ غفلت والی اسواسطی کہ آدمی جب کوئی حکم اللہ کے حکمون مین سی ایک بار ترک کرتا ہی تو اوسکی دل مین ایک داغ سیاہ پیدا ہو جاتا ہی

واذا ترك مرة اخرى يحصل في قلبه نكتة سوداء اخرى ثم كذلك حتى يسود قلبه فاذا اسود قلبه يغلب
اور جب اوسنی دوبارہ ترک کیا تو اوسمین دوسرا داغ سیاہ پڑ جاتا ہی پھر اسی طور آخر سارا دل سیاہ ہو جاتا ہی پھر جب دل تمام سیاہ ہو گیا

عليه الغفلة وينسى الموت وكونه من اهل القبور وينهمك في الفسوق والفجور فان تاب وانتهى عن ترك
تو اوسپر غفلت چھا جاتی ہی اور موت کو بھول جاتا ہی اور گور مین جانا یاد نہین رہتا اور فسق و فجور مین کھپ رہتا ہی پھر اگر توبہ کی اور فرمان ترک کرنی سی باز آیا

ما امر به تزول تلك النكتة عن قلبه نكتة نكتة فيعرض عن ارتكاب المنهيات ويشتغل باداء المامورات

تو وہ داغ اوسکی دل پرسی ایک ایک دور ہوتی گئتا ہی پہر گناہ کرنی سی پرہیز کرتا ہی اور ادار ماموارت مین مشغول ہوتا ہی

التي من جملتها صلوة الجمعة فانها فرض ثبت فرضيتها بالكتاب والسنة واجماع الامة اما الكتاب

جنمین جمعہ کی نماز بہی داخل ہی بیشک یہہ فرض ہی اسکی فرضیت قرآن اور حدیث اور اجماع امت سی ثابت ہی قرآن تو

فقوله تعالى يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَوٰةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ فانه تعالى

یہہ آیت ہی ای ایمان والو جب اذان ہو نماز کی دن جمعہ کی تو دوڑو اللہ کی یاد کو بیشک اللہ تعالی نی

امر في هذه الاية بالسعي الى ذكر الله تعالى والامر للوجوب والمراد بذكر الله تعالى الخطبة وهي شرط لجواز

اس آیت مین یہہ امر کیا کہ طرف ذکر الہی کا جلد جاؤ اور امر واسطی وجوب کی ہوتا ہی اور ذکر الہی کا مراد خطبہ ہی اور خطبہ نماز جمعہ کی لئی

صلوة الجمعة فاذا كان السعي الى الخطبة التي هي شرط لجواز صلوة الجمعة واجبا فيكون السعي الى ما هو

صحت کی شرط ہی پہر جب سعی خطبہ کی لئی جو نماز جمعہ کی صحت کی واسطی شرط ہی واجب ہوئی تو سعی واسطی مقصود اصلی کی

المقصود الاصلي وهو صلوة اولى واحرى ثم انه تعالى لتاكيد هذا الجواز امر بترك البيع المباح فقال

کہ وہ نماز جمعہ ہی بطریق اولی واجب اور سزاوار ہو گی پہر اللہ تعالی نی واسطی تاکید اس جواز کی واسطی ترک بیع مباح کی امر کیا فرمایا

وذروا البيع لان ذلك لا يكون الا لامر واجب واما السنة فقوله عليه الصلوة والسلام اعلموا ان الله تعالى

اور ترک کرو بیع کو اسواسطی کہ ایسا حکم بدون امر واجب کی نہین ہوسکتا اور حدیث یہہ ہی قول علیہ الصلوة والسلام کا جان لو کہ اللہ تعالی نی

كتب عليكم الجمعة في يومي هذا في شهري هذا في مقامي هذا فمن تركها تهاونا بها واستخفافا

تمپر جمعہ فرض کیا ہی آج اس مہینہ مین اس مقام مین پہر جسنی اسکو ترک کیا حقیر جان کر اور اوسکا حق ہلکا سمجہ کر

بحقها وله امام جائر او عادل الا فلا جمع الله شمله الا فلا صلوة له الا فلا زكوة له الا فلا صوم له الا

اور حال یہہ ہی کہ اوسکا امام ہی جائر یا عادل ہو خبردار جمع نہ کریو اللہ اوسکی پریشانی خبردار نہین ہی اوسکی نماز خبردار نہین ہی اوسکی زکوة خبردار نہین ہی اوسکا روزہ ان

ان يتوب فمن تاب تاب الله عليه واما الاجماع فلان الامة قد اجتمعت من لدن رسول الله صلى الله عليه وسلم

اگر توبہ کرلی پہر جسنی توبہ کی اللہ تعالی اوسکی توبہ قبول کرتا ہی اور اجماع امت یہہ ہی کہ تمام امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد سی

الى يومنا هذا على فرضيتها ولم يختلفوا فيها وانما اختلفوا في اصل الفرض هل هو الظهر ام الجمعة وايا ما

آج تک جمعہ کی فرضیت پر متفق ہی کسیکو اسمین اختلاف نہین ہی اور اختلاف ہی تو اصل فرض مین ہی کہ آیا ظہر ہی یا جمعہ ہی اور بہر صورت

كان يسقط الفرض باداء احدهما ولها شروط زائدة على شروط سائر الصلوت وهي اثنا عشر شرطا ستة منها

دونوں مین سی ہر ایک کی ادا کرنی سی فرض ذمہ سی ساقط ہوجاتا ہی اور اوسکی لئی شرطین تمام نمازوں کی شرطوں سی زیادہ ہین اور وہ بارہ شرطین ہین چہہ اونمین سی

في المصلي وهي شروط لوجوب صلوة الجمعة لا لادائها ولا لصحتها الاول الذكورة فلا تجب على المراة والثاني

مصلی مین ہین یہہ شرطین تو نماز جمعہ کی وجوب کی ہین یہہ شرطین ادا اور صحت کی نہین ہین پہلی مصلی کا مرد ہونا سو عورت پر واجب نہین ہی دوسری

الاقامة فلا تجب على المسافر وكل من وجد يوم الجمعة خارج المصر فهو في حكم المسافر والثالث الحرية

مقیم ہونا پس مسافر پر واجب نہین ہی اور جسکو جمعہ کا دن مصر سی باہر ہو جاوی پس وہ مسافر کی حکم مین ہی تیسری ازادی

فلا تجب على العبد اتفاقا واختلف في المكاتب والماذون والعبد الذي حضر باب الجامع ليحفظ دابة مولاه

سو غلام پر کسیکی نزدیک واجب نہین ہی اور مکاتب اور ماذون کی باب مین اور اوس غلام کی حق مین جو جامع مسجد کی دروازہ پہ میاں کا گہوڑا پکڑی کہڑا ہوا ختلاف ہی

والرابع الصحة فلا تجب على المريض اذا خاف زيادة المرض او بطوء البرء بالذهاب اليها ومثله الشيخ الكبير

چوتہی صحیح وسالم ہونا پس بیمار پر واجب نہین اگر جمعہ مین جانی سی بیماری کی بڑہنیکا یا دیر مین اچہا ہونیکا خوف ہو اور ایسی ہی پیر فرتوت

الضعيف

الضعيف عن السعي والخامس سلامة العينين فلا تجب على الاعمى عند ابي حنيفة وعندهما تجب ان وجد
چلنی مین ناتوان پانچوین آنکھون والا ہونا پس اندھی پر امام ابوحنیفہ کی نزدیک واجب نہین اورصاحبین کی نزدیک واجب ہی اگر
قائدا والسادس سلامة الرجلين فلا تجب على المقعد وان وجد من يحمله الى الجمعة والممرض كالمريض على الاصح
اتہہ پکڑنیوالا میسر آوی چہٹی دونو پانو کی سلامتی پس لنگڑی پر واجب نہین اگرچہ ایسا شخص میسر آوی کہ جو اٹہا کر جمعہ مین لیجاوی اور بیماردار اصح قول پر مانند بیمار کی ہی
ان بقي المريض ضايعا والتمريض من جملة الاعذار المبيحة للتخلف عن الجمعة وكذا الخوف من ظالم ونحوه و
اگر مریض حیران رہجاوی اور بیمارداری اون عذرات مین ہی جس سی جمعہ مین نجانا مباح ہوجاتا ہی ایسی ہی ظالم وغیرہ کا خوف اور
المطر والثلج والوحل ونحوها فهؤلاء الذين لم يستكملوا الشرائط لا تجب عليهم الجمعة لكنهم لو حضروها
بارش اور اولی اور کیچڑ وغیرہ پس یہہ لوگ جنمین یہہ شرطین پوری نہین ہین ان پر جمعہ واجب نہین ہی لیکن یہہ لوگ اگر جمعہ مین چلی جاوین
وصلوها يجزيهم عن فرض الوقت وستة منها في غير المصلي وهي شروط لادائها وصحتها الاول
اور پڑہ لین تو وقتی فرض نماز سی بدلا ہو جاتا ہی اور چہہ شرطین سوای مصلی کی ہین اور یہہ شرطین ادا کی اور صحت کی ہین پہلی
المصر فلا يجوز ادائها في المفازة والقرى لكن ان صليت في القرية وكنت فيها يلزمك ان تحضرها وتعمل بقول
شہر کا ہونا پس جمعہ کا ادا کرنا جنگل اور گانوؤن مین جایز نہین ہی لیکن اگر گانو کی اندر جمعہ پڑہی گئین اور تو وہان موجود ہو تو تجہکو جمعہ مین جانا اور علی رض کی
علي اياك وما يسبق الى القلوب انكاره وان كان عندك اعتذار فليس كل سامع نكرا تطيق ان تسمعه عذرا و
قول پر عمل کرنا لازم ہی بچیارہ ایسی بات سی جسمین لوگون کی دلون مین شبہ انکار کا پیدا ہو اگرچہ تجہکو عذر حاصل ہو کیونکہ ہر ایک سامع منکر ایسا نہین ہی کہ تو اوسکو اپنا عذر سنا سکی
قد جاء في الحديث انه عليه السلام قال من كان يؤمن بالله واليوم الاخر فلا يقعد موقع التهم واختلفوا
اور ضرور حدیث مین آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص اللہ پر اور قیامت کی دن پر ایمان لایا ہی وہ تہمت کی جگہہ نہ بیٹہا کری اور مصر کی
في تفسير المصر والصحيح انه الموضع الذي يكون فيه بيوت وسكك واسواق وامير وقاض ينفذ الاحكام
تعریف مین اختلاف ہی اور صحیح یہہ ہی کہ مصر ایسا موضع ہی جسمین گہر ہون اور کوچی اور بازار ہین اور حاکم اور قاضی جو احکام جاری
ويقيم الحدود وليس من شرط ادائها المسجد الجامع لجواز ادائها في فناء المصر وهو ما اتصل به معدا لمصلحة
اور حدود قایم کری اور شروط ادا مین مسجد جامع کا ہونا داخل نہین ہی اسواسطی کہ فناء مصر مین بہی جمعہ جایز ہی اور فناء وہ ہی جو میدان مصر کی قریب مصالح کی لئی
كركض الخيل وجمع العسكر ودفن الموتى وصلوة الجنازة ونحوها ويجوز للخليفة وامير الحجاج اقامتها بمنى
رکہہ چہوڑا ہو جیسی گہوڑونکا باندہنا اور لشکر کا جمع کرنا اور مردون کا دابنا اور جنازہ کی نماز پڑہنی اور مانند اسکی اور خلیفہ اور امیر حاج کو جمعہ قایم کرنا منی مین موسم کی
في الموسم لانها تكون مصرا في ايام الموسم لاجتماع شرائط المصر فيها من الامير والقاضي والابنية والاسواق
دنون مین جایز ہی اسلئی کہ منی موسم کی دنون مین بمنزلہ مصر کی ہو جاتی ہی اسواسطی کہ تمام شرطین مصر کی اوسمین جمع ہو جاتی ہین امیر قاضی اور مکانات اور بازارین
الا انها لا تبقى مصرا بعد انقضاء الموسم وبقاءها مصرا ليس بشرط ولا يجوز اقامتها بعرفات لانها ليست
ان اتنا ہی کہ موسم کی گذرنی کی بعد مصر باقی نہین رہتی اور باقی رہنا مصر کا کچہہ شرط نہین ہی اور عرفات مین جمعہ قایم کرنا جایز نہین اسواسطی کہ عرفات نہ تو
بمصر ولا من فنائه بل هو فضاء ومفازة وفي ظاهر الرواية عن ابي حنيفة لا يجوز اقامتها في المصر الا في موضع
مصر ہی اور نہ فناء مصر بلکہ وہ ایک میدان اور جنگل ہی اور ظاہر روایت مین امام ابوحنیفہ سی ہی کہ جمعہ قایم کرنا مصر مین سوا ایک مسجد کی
واحد فان اديت في موضعين او اكثر فالجمعة للاولين تحريمة وقيل فراغا وقيل فيهما جميعا وان لم يعلم
جایز نہین ہی پہر اگر دو جگہہ یا دو جگہہ سی زیادہ مین پڑہا جاوی تو جمعہ اونکا ہی جنہون نی پہلی نیت باندہی اور بعضی کہتی ہین جو پہلی پڑہ چکی اور بعضی کہتی ہین دونون مین اور اگر یہہ
ايهما الاول تبطل صلوة الكل وفي رواية عنه وهو قول محمد يجوز اقامته في مواضع متعددة وفي رواية
معلوم ہو اول کون ہین تو سب کی نماز باطل ہی اور ایک روایت مین ابوحنیفہ سی اور یہہ ہی قول امام محمد کا ہی کہ قایم کرنا جمعہ کا کئی جگہہ جایز ہی اور ابو یوسف کی روایت

ابی یوسف لا یجوز اقامتها فی موضعین الا اذا کان بینهما نهر عظیم کدجلة فی بغداد وفی روایة عنه لا یجوز
مین قایم کرنا جمعہ کا دو جگہ جایز نہین مگر ایسی دو جگہہ کہ اونکی بیچ مین بڑی نہر حائل ہو جیسی بغداد مین دجلہ اور ایک روایت مین ابو یوسف سی

اقامتها اذا کان علیه جسر حتی روی عنه انه کان یأمر یوم الجمعة برفع الجسر وقت الصلوة لیکون
قایم کرنا جمعہ کا یعنی دو جگہہ جایز نہین اگر اوس نہر پر پل ہو یہان تک کہ روایت ہی کہ امام ابو یوسف جمعہ کی دن نماز کی وقت پل اوٹھوا دیتی تھی تاکہ وہ جگہہ

کمصرین وفی کل موضع وقع الاشتباه فی صحة الجمعة لتعددها او لوقوع الشك فی المصر اذا اقامها اهله ینبغی لهم
مانند دو شہرون کی ہو جاوی اور جس جگہہ صحت جمعہ مین بسبب تعدد کی یا بسبب مصر کی مشکوک ہونی کی یہہ شبہہ پڑی کہ ادا ہوا یا نہین تو جب وہان کی لوگ جمعہ پڑہ چکین

ان یصلوا بعدها فرادی اربع رکعات قائلا کل واحد منهم نویت ان اصلی اخر ظهر ادرکت وقته ولم اصله
تو اونکو سزاوار ہی کہ بعد اوسکی چار رکعت اور الگ الگ پڑہ لین ہر یک نیت کی وقت یہہ کہی نیت کرتا ہون کہ ادا کرون پچہلی ظہر جسکا مین نی وقت تو پایا پہر اب تک پڑہی

بعد واصل هذا علی ما ذکر فی القنیة ان اهل مرو لما ابتلوا باقامة الجمعتین فیها مع اختلاف العلماء فی
نہین اور اسکی اصل موافق بیان قنیہ کی یہہ ہی کہ مرو کی لوگ جب مرو مین دو جگہہ جمعہ پڑہنی لگی باوجودیکہ علماء مین دو جمعہ کی جواز مین اختلاف تہا

جوازهما امرهم ائمتهم باداء کل واحد منهم اربع رکعات بهذه النیة حتما احتیاطا لان الجمعة التی صلاها
تو اونکو اونکی پیشواؤن نی فتوی دیا کہ ہر یک احتیاط کی واسطی چار چار رکعت اس نیت سی ضرور پڑہا کری کیونکہ یہہ جمعہ جو اوسنی ادا کیا

ان لم تجز یخرج عن عهدة فرض الوقت بیقین وان جازت فان کان علیها ظهر فائتة یسقط عنه ذلك
اگر جایز نہین ہوا تو فرض وقتی کی ذمہ سی یقینا پاک ہو جاویگا اور اگر جمعہ جایز ہو گیا تو پہر اگر اوسکی ذمہ کوئی ظہر فائتہ ہو گی تو اب وہ فائتہ ادا ہو جاویگی

الفائتة وان لم یکن علیه ظهر فائتة تکون تلك الاربع نفلا فلاحتمال کونها نفلا لابد ان یقرأ فی الاخریین
اور اگر اوسکی ذمہ ظہر فائتہ نہین ہی تو یہہ چارون رکعت نفل ہو جاوینگی سو اس احتمال کی لئی کہ شاید نفل ہون ضرور ہی کہ پچہلی دونون رکعت مین

بعد الفاتحة سورة لانها ان وقعت فرضا فقراءة السورة لا تضر وان وقعت نفلا فقراءة السورة واجبة والثانی
بعد سورۂ فاتحہ کی کوئی سورۃ پڑہی اسواسطی کہ اگر وہ فرض ہوئین تو سورۃ کی پڑہنی مین کچہہ نقصان نہین ہی اور اگر وہ رکعتین نفل ہوئین تو سورۃ کا پڑہنا واجب ہی اور دوسری

من الشروط التی فی غیر المصلی السلطان او نائبه والمتغلب الذی لا منشور له من السلطان یجوز له اقامة
شرط جو غیر مصلی مین ہو سلطان کا یا اوسکی نائب کا ہونا اور جو متغلب کہ سند سلطانی نہین رکہتا اوسکو قایم کرنا جمعہ کا جایز ہی

الجمعة اذا کان سیرته فی رعیته سیرة الامراء وکان یحکم بینهم بحکم الولایة اذ بذلك یثبت السلطنة
اگر اوسکا معاملہ رعیت سی بطور امراء کی ہو اور رعیت پر حکومت حاکمون کی طور پر کرتا ہو اسواسطی کہ اس سی سلطنت ثابت ہو جاتی ہی

فیتحقق الشرط وللمأمور بالجمعة ان یستخلف وان لم یؤذن له فی الاستخلاف ولا فرق فی ذلك بین وجود
پہر شرط موجود ہو جاتی ہی اور جو شخص جمعہ کی لئی مامور ہین جیسی قاضی وغیرہ اختیار رکہتی ہین کہ اپنا خلیفہ کر دین اگرچہ اونکو خلیفہ کرنی کی اجازت نہو اور اس بات مین کچہہ فرق

العذر وعدم وجوده ولا بین الخطبة والصلوة والاذن فی الخطبة اذن فی الصلوة وبالعکس ولیس
نہین خواہ کچہہ عذر ہو یا عذر نہو اور نہ کچہہ فرق خطبہ کا ہی اور نہ نماز کا اور خطبہ کی اذان بعینہ نماز کی اذان ہی اور بالعکس اور

للقاضی ان یصلی الجمعة بالناس اذا لم یؤمر بها وکذا صاحب الشرطة لیس له ان یصلیها بهم فان مات
قاضی کو اختیار نہین کہ لوگون کو جمعہ پڑہا دی اگر اوسکو سلطان کا حکم نہین ہی اور ایسا ہی محتسب کو جایز نہین کہ لوگون کو جمعہ پڑہا دی اور اگر حاکم شہر کا مر جاوی

والی المصر فقبل اتیان وال اخر لو صلی بهم خلیفة او القاضی او صاحب الشرط یجوز لان امر العامة فوض
تو دوسری حاکم کی مقرر ہونی سی پہلی اگر لوگون کو خلیفہ یعنی نائب یا قاضی یا محتسب جمعہ پڑہا دی تو جایز ہی اسلئی کہ انتظام عوام کا اونکو سپرد ہی

الیهم وان لم یکن احد من هؤلاء فاجتمع الناس علی احد فصلی بهم یجوز ومع وجود احد منهم لا یجوز
اور اگر انہین سی کوئی موجود نہو اور لوگون نی جمع ہو کر ایک کو امام کر لیا اور اوسنی جمعہ پڑہا دیا تو بہی جایز ہی اور اگر انہین سی کوئی موجود ہو تو بدون اوسکی

یداوم علیها فی اوقاتها باتمام جمیع فرائضها وهو ست الاولی تکبیرة الافتتاح ولا دخول فی الصلوٰة الا بها وهی ان
چاہئی کہ نماز کو ہمیشہ وقت پر تمام فرائض پوری کرکر ادا کرتا رہی اور فرائض چہہ ہین اول تکبیر تحریمہ جسکو تکبیر افتتاح بہی کہتی ہین اور بدون اسکی نماز شروع نہین ہوتی اور وہ
یقول من یرید الدخول فی الصلوٰة الله اکبر بلا ادخال مد فی همزة الله وهمزة اکبر وبائه اذ لو حصل المد فی
اس طور پر ہی کہ جو شخص نماز شروع کری تو کہی اللہ اکبر اللہ کی ہمزہ پر اور اکبر کی ہمزہ پر اور با پر مد نکری اسواسطی کہ اگر دو نو ہمزہ مین سی
احدی الهمزتین لا یصیر داخلا فی الصلوٰة بل تفسد لو وقع فی اثنائها ولو تعمده یکفر لانه یصیر استفهاما ومقتضاه
کسی پر مد واقع ہوگا تو نماز مین داخل نہوگا بلکہ نماز فاسد ہوجاویگی اگر مد نماز مین بیچ کی تکبیرون مین آجاویگا اور اگر قصداً مد کہیگا تو کافر ہوگا اسواسطی کہ ایسی معنی
الشك فی کبریاء الله وقال محمد بن مقاتل ان کان لا یمیز بین المد وعدمه یکون داخلا فی الصلوٰة ولا تفسد لو وقع
شک ہی ہوتا ہی اللہ کی بڑائی مین اور محمد بن مقاتل کہتا ہی اگر وہ شخص مد اور بی مد مین کچہہ تمیز نہین کرتا تو نماز مین داخل ہوجاتا ہی اور نماز بہی فاسد نہین ہوتی اگر مد
فی اثنائها والاستفهام یحتمل ان یکون للتقریر والاول اصح لان مثل هذا الجهل لا یصلح ان یکون عذرا والتقریر المستفاد
نماز مین بیچ کی تکبیرون مین آجاوی اور استفہام مین یہہ احتمال ہی کہ واسطی تقریر کی ہو اور روایت اول صحیح تر ہی اسلئی کہ ایسی جہالت قابل عذر کی نہین ہی اور استفہام جو تقریر کی

استفہام ... اوسی معنی ...

من الاستفهام معناه حمل المخاطب على الاقرار بما يعرف والانسان لا يصلح ان يحمل نفسه على الاقرار بان الله تعالى

تو اوس سی یہہ مراد ہی کہ مخاطب کو اپنی معلومات کا مقر کردی • اور انسان اس کام کا نہیں ہی کہ اپنی آپ کو اس اقرار پر برانگیختہ کری کہ اللہ

اکبر ولو وقع المد في باء اكبر بان يقول اكبار بزيادة الالف الممال بين الباء والراء لا يصير داخلا في الصلوة وتفسد

بڑا ہی اور اگر مد اکبر کی بار پر واقع ہو یعنی لفظ اکبار باء اور راء کی بیچ میں الف بڑہا کر کہی تو نماز میں داخل نہیں ہوتا اور نماز فاسد ہو جاتی ہی

لو وقع في اثنائها اذ قيل انه اسم من اسماء الشيطان وقيل لانه جمع كبر بفتحتين وهو الطبل وقيل يصير داخلا في

اگر مد نماز میں بیچ تکبیروں کی آجاوی اسواسطی کہ کہتی ہیں کہ یہہ نام شیطان کی ناموں میں سی ہی اور کوئی کہتا ہی اسلئی کہ اکبار جمع کبر کی ہی دو زبر سی طبل کو کہتی ہیں اور بعضی کہتی ہیں

الصلوة ولا تفسد لو وقع في اثنائها لانه اشباع والاول اصح لان الاشباع انما يكون في الاخر لا الوسط ومحل التكبير

نماز میں داخل ہو جاتا ہی اور نماز فاسد نہیں ہوتی اگر مد نماز کی بیچ میں آجاوی اسواسطی کہ یہہ اشباع ہی اور روایت اول صحیح تر ہی اسواسطی کہ اشباع آخر میں ہوتا ہی بیچمیں نہیں ہوتا اور موقع تکبیر کا

القيام المحض حتى لو ادرك الامام في الركوع وكبر حال الانحطاط لا يصير داخلا في الصلوة لان شرط الدخول فيها وقوع

صرف قیام ہی یہاں تک کہ اگر امام کو رکوع میں پایا اور جھکتی ہوئی تکبیر کہتا ہوا رکوع میں شامل ہوگیا تو نماز میں داخل نہیں ہوتا اسواسطی کہ نماز میں داخل ہونی کی شرط یہہ ہی

التكبير في محض القيام ولو قال في القيام الله وفي الركوع اكبر لا يصير داخلا فيها ايضا والثانية من فرائض الصلوة القيام

کہ تکبیر خالص قیام میں واقع ہو اور اگر قیام میں اللہ کہا اور رکوع میں اکبر تو بہی نماز میں داخل نہیں ہوتا اور دوسرا فرض نماز کا قیام ہی

وهو ركن في الفرض والواجب دون النفل ومطلق عن التقدير نظرا الى الدليل وهو قوله تعالى وقوموا لله قانتين حتى لو كبر

اور قیام فرض اور واجب میں رکن ہی نفل میں نہیں اور اسکی مقدار باعتبار دلیل کی کچہہ معین نہیں ہی دلیل یہہ ہی اور کہڑی رہو اللہ کی آگی ادب سی یہاں تک کہ اگر تکبیر کہڑی

قائما ولم يقف يصير مؤديا فرضي التكبير والقيام جميعا ولا يلزمه التوقف بعده قائما لان قدر ما وجد من القيام يكفيه

ہوئی کہی اور پہر توقف نکیا تو فرض تکبیر اور قیام دونو ادا کر چکا اوسپر بعد اسکی توقف کرنا قیام میں کچہہ ضرور نہیں ہی اسلئی کہ جسقدر اس سی قیام عمل میں آیا سو کافی ہی

ويظهر نفعه في الامي والاخرس ومدرك الامام في الركوع الا ان المتعارف في حق القاري تقديره في الاوليين بالقراءة

اور اسکا فائدہ ناخواندہ اور گونگی میں اور جو شخص کہ امام کو رکوع میں پاوی ظاہر ہوتا ہی اتنا ہی کہ قاری کی حق میں مقدار قیام کی پہلی دو رکعت میں برابر قرأت کی ٹہری ہی اور

وفي الاخريين قول المتقدمين ان شاء قرأ وان شاء سبح وان شاء سكت يشير الى عدم التقدير فيهما

پچہلی دو رکعت میں متقدمین کا جو یہہ قول ہی چاہی کچہہ قرآن پڑہی چاہی سبحان اللہ کہی اور چاہی چپکا رہی اشارہ ہی کہ ان دونوں میں بہی اندازہ قیام کا

ايضا لكن ذكر في القنية انه مقدر بمقدار ثلث تسبيحات سواء سبح او سكت هذا كله عند القدرة على القيام فان

مقرر نہیں ہی لیکن قنیہ میں یوں مذکور ہی کہ قیام کم سی کم برابر تین تسبیحات کی ہی برابر ہی کہ تسبیح کہی یا چپ رہی یہہ تمام جب ہی کہ قیام پر قادر ہو کیونکہ

المريض اذا قدر على القيام لو صلى قاعدا لا يجوز ولو قدر على بعض قيامه دون كله يلزمه ذلك حتى لو قدر على التكبير

بیمار اگر باوجود طاقت قیام کی بیٹہہ کر نماز پڑہ لی تو جایز نہیں ہی اور اگر کچہہ تہوڑا کہڑی ہونی کی طاقت ہو پوری قیام کی نہو تو اوتنا ہی اوسپر لازم ہی یہاں تک کہ اگر کہڑی

يكبر قائما ثم يقعد واما المريض الذي عجز عن القيام حقيقة بحيث لو قام لسقط او خاف زيادة مرضه او بطوء برئه

رہکر تکبیر کہنی کی طاقت ہو تو تکبیر کہڑا ہو کر کہی پہر بیٹہہ جاوی اور وہ بیمار جو حقیقت میں قیام سی عاجز ہو ایسا کہ اگر کہڑا ہووی تو گر پڑی یا خوف مرض کی بڑہنی کا یا دیر تک رہنی کا ہو

او كان يجد الما شديدا فان استطاع القعود يقعد كما يقعد في التشهد وهو قول زفر وعليه الفتوى بانه المعهود في

یا سخت تکلیف ہوتی ہو پہر اگر بیٹہنی کی طاقت ہو تو بیٹہہ جاوی جیسی تشہد میں بیٹہتی ہیں یہہ ہی قول زفر کا ہی اور اسیپر فتوی ہی کہ نماز میں یہہ طور ٹہرا ہوا ہی

الصلوة وفي رواية محمد عن ابي حنيفة يقعد كما يشاء من التربع وغيره وقيل يقعد فيما عدا التشهد كما يشاء وفي التشهد

اور امام محمد کی روایت میں ابو حنیفہ سی یہہ ہی کہ بیٹہہ جاوی جیسی چاہی مربع وغیرہ سی اور بعضی کہتی ہیں کہ سوا تشہد کی تو جسطرح چاہی بیٹہا رہی اور تشہد میں

كسائر الصلوات والظاهر هو الاول عند الاستطاعة وعند عدم الاستطاعة يقعد بحسب قدرته ويصلي قاعدا

موافق تمام نمازوں کی بیٹہی اور طاقت ہوتی ہوئی ظاہر اول روایت ہی اور جب طاقت نہو تو پہر جیسی بن آوی اور نماز بیٹہہ کر پڑہتا ہوا

برکوع وسجود لان الطاعة بحسب الطاقة لقوله تعالی لا یکلف الله نفسا الا وسعها وان لم یستطع الرکوع والسجود
رکوع کری اور سجدہ کری اسوسطی کہ طاعت طاقت کی موافق ہی اس دلیل سی اللہ تکلیف نہین دیتا کسی شخصکو مگر جو اوسکی گنجایش ہی اور اگر رکوع اور سجدہ کی طاقت نہین
یومی براسه قاعدا ویجعل سجوده اخفض من رکوعه لیتحقق الفرق بینهما ولا یرفع الیه شیء لیسجد علیه اذ لو رفع الیه
تو بیٹھا ہوا سر سی اشارہ کری اور سجدہ کو رکوع کی بہ نسبت زیادہ پست کری تاکہ دونو مین فرق ہوجاوی اور یہہ نہین چاہئی کہ کوئی چیز اوچی کردین تاکہ اوسپر سجدہ کری اسوسطی کہ اگر
فسجد علیه ان کان خفض راسه یصح ویکون صلاته بالایماء والا فلا وان لم یستطع القعود یستلقی علی ظهره و
اوراوسپر سجدہ کیا پہر اگر اوسنی سر کو نیچا کیا ہی تو درست ہی اوسکی نماز اشارہ سی ہوگئی اور نہین تو نہین ہوئی اور اگر طاقت بیٹھنی کی نہین تو چت لٹ جاوی اور
یجعل رجلیه نحو القبلة ویومی براسه للرکوع والسجود لکن ینبغی ان یوضع تحت راسه وسادة لیمکنه الایماء بالراس
اوسکی پانو قبلہ کی طرف کردین اور وہ رکوع اور سجود کی لئی سر سی اشارہ کری پر یہہ چاہئی کہ اوسکی سر تلی تکیہ رکہہ دین تاکہ اوس سی سر کا اشارہ ہوسکی
لان حقیقة الاستلقاء یمنع الایماء للصحیح فکیف للمریض وان لم یستطع الایماء بالراس لا یومی بعینه ولا بحاجبه
اسلئی کہ حقیقت مین چت پڑی ہوئی اچہی بچہی سی بہی اشارہ نہین ہوسکتا پہر بیمار سی تو کہان اور اگر سر سی اشارہ کرنی کی بہی طاقت نہین تو انکہہ کا اشارہ یا ابرو کا
ولا بقلبه بل ان کان یعقل الصلوٰة فی تلك الحالة توخر عنه الی زمان القدرة ولا تسقط هو الصحیح علی ما ذکر فی الهدایة لانه
یا دل کا اشارہ نکری بلکہ اگر نماز کی سمجہہ باقی ہی اوس حالت مین تو قدرت کی وقت تک ملتوی رہی جاوی گی اور ذمہ سی ساقط نہین ہی موافق بیان ہدایہ کی یہہ ہی صحیح ہی
یفهم مضمون الخطاب وان کان لا یعقلها اکثر من یوم ولیلة تسقط ان لم یفق فی المدة وان افاق وکان للافاقة وقت
کہ مضمون حکم کا سمجہتا ہی اور اگر ایک رات دن سی زیادہ غفلت مین رہی تو نماز ساقط ہوجاتی ہی اگر اس مدت کی اندر افاقہ نہوا اور اگر افاقہ ہوا اور کسی ایک وقت
معلوم مثل ان یفیق عند الصبح قلیلا ثم یعود الاغماء فهو افاقة معتبرة فی بطلان حکم ما قبلها من الاغماء وان لم یکن
معین پر جیسی مثلا صبح کی وقت کچہہ افاقہ ہوکر پہر بیہوش ہوجاتا ہی تو اتنا افاقہ بہی واسطی باطل کرنی حکم پہلی بیہوشی کی معتبر ہی اور اگر افاقہ کسی وقت معین پر
للافاقة وقت معلوم بل یفیق بغتة ثم یعود الاغماء فلا اعتبار لهذه الافاقة ومن کان فی السفینة الجاریة اذا
نہین ہوتا بلکہ ناگاہ کبہی افاقہ ہوکر پہر بیہوش ہوجاتا ہی تو ایسی افاقہ کا اعتبار نہین ہی اور جو شخص چلتی کشتی مین ہو اگر
صلی الفرض قاعدا برکوع وسجود مع القدرة علی القیام لا یجوز عندهما لان القیام رکن فلا یسقط الا بعذر محقق وعند
فرض نماز بیٹہہ کر رکوع اور سجود کی ساتہہ باوجود طاقت قیام کی پڑہلی تو صاحبین کی نزدیک جایز نہین ہی اسلئی کہ قیام نماز کا رکن ہی سو یہہ بدون عذر واقعی کی ساقط
ابی حنیفة یجوز لان دوران الراس فیها غالب والغالب کالمحقق لکن الافضل القیام واما فی المربوطة فی الشط فلا یجوز
اور امام ابو حنیفہ کی نزدیک جایز ہی اسلئی کہ اسمین دوران سر اکثر ہوتا ہی اور اکثری بات بہی مانند ثابت کی ہی لیکن افضل قیام ہی ہی اور جو کشتی کنارہ پر بندہی ہوئی ہو اوسمین
بالاجماع والثالثة من فرائض الصلوٰة القراءة وهی فرض فی جمیع رکعات النفل والوتر والفرض من ذوات الرکعتین ولیست
بالاجماع جایز نہین اور تیسرا فرض نماز کی فرایض مین سی قرارت ہی اور قرارت تمام رکعات نفل اور وتر مین اور فرض دوگانہ مین فرض ہی اور اون
بفرض فی جمیع رکعات الفرض من ذوات الاربع والثلث بل فی الرکعتین من غیر تعیین وانما عینت فی الاولیین لقوله علیه الصلوٰة
فرضون کی تمام رکعات مین فرض نہین ہی جو چار رکعت یا تین رکعت کی ہین بلکہ دو دو رکعت مین بلا تعیین فرض ہی اور پہلی دو رکعت مین اسلئی معین ہوگئی کہ نبی علیہ الصلوٰة
والسلام القراءة فی الاولیین قراءة فی الاخریین وادنی ما یجزی منها عند ابی حنیفة آیة وان کانت من الفاتحة او کانت
والسلام نی فرمایا پہلی دو رکعت مین قرارت بعینہ پچہلی دو رکعت مین ہی اور کم سی کم قرارت جو کافی ہی تو ابو حنیفہ کی نزدیک ایک آیت ہی اگرچہ سورہ فاتحہ کی ہو یا
قصیرة مرکبة من کلمتین کقوله تعالی ثم نظر او من کلمات کقوله تعالی فقتل کیف قدر والمکتفی بها مسیء لان قراءة
چہوٹی دو کلمون سی مرکب ہو جیسی یہہ آیت ثم نظر یا کئی کلمات سی جیسی یہہ آیت فقتل کیف قدر لیکن اسیقدر ہو اکتفا کرنا اچہا نہین ہو اسطی کہ
الفاتحة وضم سورة او ثلث آیات الیها واجب وفی الاکتفاء بها ترك الواجب واما لو کانت کلمة واحدة کمدهامتان او حرفا وا
الحمد کا پڑہنا اور کسی اور سورة کا یا تین آیت کا اوسکی ساتہہ ملانا واجب ہی اور اوسپر اکتفا کرنی مین ترک واجب ہوتا ہی اور جو آیت ایک کلمہ کی ہی جیسی مدهامتان یا ایک حرف کی

کص ورق ون نفقد اختلف فیه والاصح انه لا یجوز عنده ولو قرأ نصف آیة طویلة کآیة الکرسی وآیة المداینة

جیسی ص اور ق اور ن سو اسمین اختلاف ہی اصح یہہ ہی کہ ابو حنیفہ کی نزدیک جایز نہین اور اگر بڑی آیت مین سی جیسی آیت الکرسی اور آیۃ مداینہ

فی رکعة ونصفها فی رکعة اخری اختلفوا فیه قال بعضهم لا تجوز لانه لم یقرأ آیة تامة فی کل رکعة وقال عامتهم

آدہی ایک رکعت مین پڑہی اور آدہی دوسری رکعت مین تو اسمین اختلاف ہی بعضی کہتی ہین جایز نہین اسواسطی کہ اسنی ہر رکعت مین پوری آیت نہین پڑہی اور عام فقہا

تجوز لان بعض هذه الآیات یزید علی ثلث آیات قصار او تعدلها فلا تکون ادنی من آیة وعندهما ادنی ما یجزی

کہتی ہین جایز ہی اسواسطی کہ ٹکڑا ان آیتون کا چہوٹی چہوٹی تین آیت سی بڑہتا ہی یا برابر ہی بہر صورت ایک سی کم نہین ہی اور صاحبین کی نزدیک کم سکم قرارت جو کافی ہو

منها ثلث آیات قصار او آیة طویلة تقوم مقامها لان القرآن معجز وادنی ما یقع به الاعجاز سورة لقوله تعالی

تین آیتین چہوٹی یا ایک آیت بڑی جو اونکی برابر ہو اسواسطی کہ قرآن معجز ہی اور کم سی کم جسمین اعجاز واقع ہو وہ سورۃ ہی واسطی قول اللہ تعالی کی

فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ واقل السورة سورة الکوثر وهی ثلث آیات ومن کان امیا ولم یطاوعه لسانه علی تعلم

لاؤ کوئی سورۃ ایسی اور سورتون مین سب سی چہوٹی سورۃ کوثر ہی سوئی اسکی تین آیتین ہین اور جو شخص امی ہو کہ اوسکی زبان قرآن سیکہنی مین قابو مین نہو

القرآن ان کان یجتهد آناء اللیل واطراف النهار تجوز صلوته وفی او ان ترک الاجتهاد لا تجوز صلوته فعلی هذا

اگر وہ رات دن قرآن پر محنت کرتا ہی تو اوسکی نماز جایز ہی اور جو وہ محنت چہوڑدیگا نماز جایز نہو گی اس روایت کی موافق

کل من کان فی دار الاسلام وترک التعلم وبقی امیا واعتاد ان یصلی صلوة امی لا تجوز صلوته لان الامی انما تجوز

جو شخص دار الاسلام مین ہو کر قرآن نہ سیکہی اور امی رہجاوی اور امیون کیسی نماز کی عادت کرلی تو اوسکی نماز جایز نہین ہی اسواسطی کہ امی کی نماز جب ہی جایز ہی

صلوته اذا بلغ او زال جنونه او اسلم وهجم الوقت ولم یتمکن من التعلم واما اذا تمکن من التعلم ولم یتقید به

کہ جب وہ بالغ ہو یا جنون سی ہوش مین آوی یا مسلمان ہو اور ترت وقت نماز کا آجاوی اور فرصت قرآن سیکہنی کی نہ ملی اور جس صورت مین سیکہنی کی فرصت ہو اور محنت ہین لگی

فلا تجوز صلوته والرابع من فرائض الصلوة الرکوع وهو طأطأة الراس مع انحناء الظهر فمن طأطأ راسه مع

تو اوسکی نماز جایز نہین اور چوتہا فرض نماز کی فرضون مین سی رکوع ہی اور وہ سر جہکانا کمر ٹیڑہی کرکر پہر جسنی سر کو جہکایا

انحناء الظهر قلیلا ان کان الی الرکوع اقرب تجوز وان کان الی القیام اقرب بان یوجد طأطأة راسه مع

اور کچہہ تہوڑی کمر ٹیڑہی کی اور وہ رکوع کی طرف قریب ہی تو جایز ہی اور اگر قیام سی قریب ہی اسطور کہ سر جہکایا کچہہ مونڈہون کی میلان سی

المیلان فی منکبیه ولا یوجد انحناء ظهره لا تجوز لانه یعد قائما لا راکعا ومن کان احدب وبلغت حدوبته

پر کمر کبہڑی نہین ہوئی تو جایز نہین ہی اسلئی کہ اسکو قایم کہتی ہین راکع نہین کہلاتا اور جو شخص کبڑا ہووی اور اوسکا کوب رکوع کی

حد الرکوع یخفض راسه فی الرکوع تحقیقا للانتقال من القیام الی الرکوع والخامسة من فرائض الصلوة

نوبت کو جا پہنچی تو وہ رکوع مین سر کو جہکادی تاکہ قیام سی رکوع کی طرف انتقال پایا جاوی پانچوان نماز کی فرایض مین سی

السجدة وهی وضع الجبهة علی الارض او ما یتصل بها والکمال فیها وضع الجبهة والانف والیدین والرکبتین

سجدہ ہی اور وہ رکہنا پیشانی کا زمین پر یا جو زمین کی قایم مقام ہو اور کامل سجدہ مین رکہنا پیشانی کا اور ناک کا اور دونو ہاتہون کا اور دونو گہٹنون کا

واطراف القدمین لقوله علیه السلام امرت ان اسجد علی سبعة عظام علی الجبهة والیدین والرکبتین واطراف

اور دونو پانو کی انگلیون کا واسطی قول علیہ السلام کی مجہکو حکم ہی کہ سات ہڈیون پر سجدہ کرون پیشانی پر اور دونو ہاتہون پر اور دونو گہٹنون پر اور دونو

القدمین والانف داخل فی الجبهة لکون عظمها واحدا ولو وضع جبهته دون انفه یجوز لکن یکره ان کان من

پانو کی انگلیون پر اور ناک پیشانی مین آگئی اسلئی کہ ہڈی دونو کی ایک ہی اور اگر پیشانی تو رکہدی اور ناک نہ رکہی تو جایز ہی پر مکروہ اگر بیعذر ہی

غیر عذر وکذلک لو وضع انفه دون جبهته یجوز عند ابی حنیفة لکن یکره ان کان من غیر عذر وعندهما

اور ایسی ہی اگر ناک رکہدی اور پیشانی نہ رکہی تو ابو حنیفہ کی نزدیک جایز ہی پر مکروہ اگر بیعذر ہی اور صاحبین کی نزدیک

لا یجوز الا ان یکون فی جبهته عذر یمنع السجود بها ووضع الیدین والرکبتین لیس بفرض بل هو سنة واما وضع
جایز نہین مگر اوس صورت مین کہ اوسکی پیشانی مین ایسا عذر ہو کہ سجدہ نکر سکی اور دونو ہاتھ اور دونو گھٹنون کا رکھنا فرض نہین ہی بلکہ سنت ہی اور رہا دونو
القدمین فقد ذکر القدوری والکرخی والخصاف انه فرض حتی لو سجد ولم یضع قدمیه او احدهما علی الارض بل
قدم کا رکھنا سو قدوری اور کرخی اور خصاف کہتی ہین کہ فرض ہی یہان تک کہ اگر سجدہ کیا اور دونو پانو یا ایک پانو زمین پر نہ رکھا بلکہ
رفعهما عن الارض لا یجوز سجوده ولو وضع احدهما یجوز ولکن یکره وذکر التمرتاشی ان وضع الیدین والقدمین
دونو زمین سی اوٹھالئی تو اوسکا سجدہ جایز نہین ہی اور اگر ایک پانو ہی لگا دیا تو جایز ہی پر مکروہ اور تمرتاشی کہتا ہی کہ لگانا دونو ہاتھون اور دونو پانو کا
سواء فی عدم الفرضیة وقال اکمل الدین فی شرح الهدایة انه الحق وذکر فی شرح المنیة انه بعید عن الحق والمراد بوضع
عدم فرضیت مین برابر ہی اور اکمل الدین شرح ہدایہ مین کہتا ہی کہ حق یہہ ہی ہی اور شرح منیہ مین یون مذکور ہی کہ یہہ حق سی بعید ہی اور مراد دونو پانو کی
القدمین علی ما ذکر فی الخلاصة وضع اصابعهما والمراد بوضع الاصابع توجیهها نحو القبلة لیکون الاعتماد علیها
رکہنی سی موافق اوس بیان کی جو خلاصہ مین ہی دونو پانو کی اونگلیون کا رکہنا ہی اور اونگلیون کی لگانی سی اونکا قبلہ کی طرف متوجہ کرنا مراد ہی تاکہ اونہی پر زور پڑی
حتی لو وضع ظهر القدمین ولم یوجه اصابعهما او اصابع احدهما نحو القبلة لا یصح سجوده وهذا مما یجب حفظه
یہان تک کہ اگر دونو پانو کی پشت رکہدی اور دونو پانو کی یا ایک پانو کی ہی اونگلیان قبلہ کی طرف متوجہ نکری تو سجدہ درست نہین ہی اور اسکا لحاظ واجب ہی
واکثر الناس عنه غافلون ولو کان موضع السجود ارفع من موضع القدمین مقدار نصف ذراع یجوز وان کان اکثر منه
اور اکثر لوگ اس سی غافل ہین اور اگر سجدہ کی جگہ پانو کی جگہہ سی آدہہ ہاتہہ اونچی ہو تو سجدہ جایز ہی اور اگر اس سی زیادہ بلند ہو
لا یجوز ولو سجد علی کور عمامة ان کان کورها متصلا بالجبهة ولم یکن غلیظا بحیث یوجد حجم الارض یجوز لکن یکره
تو جایز نہین ہی اور اگر پگڑی کی پیچ پر سجدہ کیا تو اگر وہ پیچ پیشانی سی متصل ہی اور موٹا نہین ہی ایسا کہ زمین کی سختی معلوم ہوتی ہی تو جایز ہی پر مکروہ
ولو لم یکن متصلا بالجبهة بل کان فوق الجبهة او کان غلیظا لا یوجد حجم الارض لا یجوز وکذلک لا یجوز السجدة علی
اور اگر پیشانی سی متصل نہین ہی بلکہ پیشانی سی اوپر ہو یا ایسا موٹا ہو کہ سختی زمین کی معلوم نہین ہوتی تو جایز نہین ہی اور ایسی ہی سجدہ
کل شیء لا یوجد فیه حجم الارض کالقطن المحلوج والثلج والدخن ونحو ذلک لعدم استقرار الجبهة علی الارض او ما
ایسی شئ پر جایز نہین ہی جسمین سختی زمین کی معلوم نہو دی جیسی دہنی ہوئی روئی اور برف اور چینا وغیرہ اسواسطی کہ پیشانی زمین پر یا جو
یتصل بها ولو سجد علی فاضل ثوبه او بسط خرقة علی الارض وسجد علیها فلا کلام فی الجواز وانما الکلام فی الکراهة
قایم مقام زمین کی ہی نہین ٹہرتی اور اگر لٹکتی کپڑی پہ سجدہ کیا یا زمین پر کپڑی بچھا کر اوسپر سجدہ کیا تو اوسکی جواز مین کوئی تکرار نہین ہی اور اگر تکرار ہی تو کراہت مین
والصحیح عدم الکراهة لما روی عن ابی حنیفة انه صلی فی المسجد الحرام وسجد علی خرقة فقال له رجل لا یجوز هذا
اور صحیح یہہ ہی کہ مکروہ نہین ہی اسلئی کہ ابو حنیفہ سی روایت ہی کہ اونہون نی کعبہ مین نماز پڑہی اور سجدہ خرقہ پر کیا کسی شخص نی کہا یہہ جایز نہین ہی
فقال له الامام من این انت فقال من خوارزم فقال جاء التکبیر من وراء یعنی انکم تتعلمون منا ثم تعلموننا اهل
امام نی پوچھا تو کہان کا رہنی والا ہی اوسنی کہا خوارزم کا پہر امام نی کہا پیچھی تکبیر ہوئی یعنی مقتدی تکبیر کہنی لگی مراد یہہ ہی کہ تم ہم سی سیکہہ کر پہر ہمکو سکہاتی ہو کیا تم
تصلون علی البردی فی دیارکم قال نعم فقال تجوزون الصلوة علی الحشیش ولا تجوزونها علی الخرقة والسادس من
اپنی ملک مین بردی گہاس پر نماز پڑہتی ہو کہا ہان پہر امام نی کہا تم گہاس پر نماز جایز رکہتی ہو اور خرقہ پر جایز نہین رکہتی اور چہٹا فرض
فرائض الصلوة القعدة الاخیرة سواء تقدمها قعدة اخری او لم تتقدم کما فی الثنائیة وقدر الفرض فیها مقدار
نماز کی فرایض مین سی قعدہ اخیرہ ہی برابر ہی کہ اوس سی پہلی ہی قعدہ ہو جیسی رباعی نماز مین یا نہو جیسی ثنائی نماز مین اور اسمین مقدار فرض کی اتنی ہی
ما یتمکن فیه من قراءة التشهد الی قوله عبده ورسوله لقوله علیه الصلوة والسلام لابن مسعود حین علمه
جسمین عبدہ ورسولہ تک تشہد پڑہ لی اسواسطی کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نی ابن مسعود سی

التشہد اذا قلت ھذا او فعلت ھذا فقد تمت صلوتک فانہ علیہ الصلوۃ والسلام علق التمام بالفعل قرأ او لم
تشہد سکہاتی ہوئی یہہ فرمایا جب تو یہہ پڑہ چکا یا یہہ کر چکا تو نماز تیری بیشک پوری ہوگئی کیونکہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نی تمامی نماز کو فعل پر موقوف کیا تشہد پڑہی یا نہ

یقرأ لان معنی قولہ اذا قلت ھذا ای قرأت التشہد وانت قاعد اذ لم یشرع قراءۃ التشہد الا فی القعود ومعنی قولہ
پڑہی اسواسطی کہ معنی اذا قلت ہذا کی یہہ ہین پڑہا تو نی تشہد کو بیٹھ کر اسلئی کہ تشہد کا پڑہنا بجز قعود کی مشروع نہین ہی اور معنی

او فعلت ھذا ای قعدت ولم تقرأ شیئا فصار التخییر فی القول لا الفعل لان الفعل ثابت فی الحالین والمعلق بالشرط
او فعلت ہذا کی یہہ ہین کہ تو بیٹھ گیا اور پڑہا کچہہ نہین پس اب اختیار قول مین ہی فعل مین نہین ہی اسواسطی کہ فعل دونو حالتون مین ثابت ہی اور جو امر شرط پر موقوف

لا یوجد قبل وجود الشرط ووجہ آخر ان الصلوۃ متناھیۃ والتناھی لا یکون الا بالتمام والتمام لا یکون الا بالاتمام
وہ شرط سی پہلی موجود نہین ہوتا اور ایک اور وجہ ہی کہ نماز متناہی ہی اور تناہی بدون تمامی کی نہین ہوتی اور تمامی تمام کئی بدون نہین ہوتی

والاتمام لا یعلم مالم ینبہ الشارع فقد نبہ بہ فیکون فرضا فان قیل الفرضیۃ لا تثبت بخبر الواحد فما وجہ ثبوتہا
اور تمام کرنا بدون تبانی شارع کی معلوم نہین ہوتا سو شارع نی قعدہ بتادیا سو فرض ہوگیا اگر کوئی کہی فرضیت خبر واحد سی ثابت نہین ہوتی پہر یہان خبر واحد سی ثبوت

به ھھنا فالجواب عدم ثبوتہا بہ لیس علی اطلاقہ بل اذا ثبت بہ ابتداء واما اذا لم یثبت بہ ابتداء بل بین بہ المجمل فتثبت
کی کیا وجہ ہی سو جواب یہہ ہی کہ عدم ثبوت فرضیت کا خبر واحد سی یون نہین ہی کہ فرضیت کبہی نہین ثابت ہوتی بلکہ جب خبر واحد سی ابتدا ثابت کرین اور وہ صورت جو ابتدا ثابت نکرین

بیانہ ان نفس الصلوۃ ثابتۃ بالکتاب وتمامہا منہا فیلزم کون تمامہا ثابتا بہ ایضا وھذا الخبر بین کیفیتہ
اسکی تفصیل یہہ ہی کہ عین نماز تو قرآن سی ثابت ہی اور تمامی نماز کی اسمین داخل ہی پس اتمام کا بہی ثبوت قرآن سی لازم آیا اور اس خبر نی کیفیت اتمام کی بیان کردی

فیکون فرضا ویظھر ثمرۃ کونہا فرضا فی مسائل الاولی من تلک المسائل ان من صلی الظھر او نحوھا خمسا بان قید
سوئی فرض ہوا اور قعدہ کی فرضیت کا فائدہ کئی مسائل مین ظاہر ہوتا ہی اول اون مسائل مین سی یہہ ہی کہ جسنی ظہر کی نماز مین پانچ رکعت پڑہین اور پانچوین رکعت کا سجدہ

الخامسۃ بالسجدۃ ولم یقعد علی راس الرابعۃ تبطل فرضیۃ صلوتہ وتتحول نفلا عند ابی حنیفۃ وابی یوسف و
کرلیا اور چوتہی رکعت پر قعدہ نکیا تو اوسکی نماز فرضیت باطل ہوکر امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کی نزدیک نفل ہوجاتی ہی

عند محمد تبطل فرضیتہا وتخرج من کونہا صلوۃ وکذا لو لم یقعد علی ثالثۃ المغرب او ثانیۃ الفجر والثانیۃ من
امام محمد کی نزدیک فرضیت باطل ہوکر نماز ہی نرہی اور ایسی ہی اگر نماز مغرب مین تیسری رکعت پر یا فجر کی دوسری رکعت پر قعدہ نکری اور دوسرا اون مسائل

تلک المسائل ان المسافر اذا اقتدی بمقیم فی فائتۃ غیر ثنائیۃ لا یصح اقتداؤہ لان القعدۃ الاولی فرض فی حق المسافر
مین سی یہہ ہی کہ مسافر اگر مقیم کا مقتدی بنی قضا نماز مین تو اوسکا اقتدا صحیح نہین ہی اسواسطی کہ بیچکا قعدہ مسافر کی حق مین تو فرض ہی اور

دون المقیم فیکون اقتداؤہ بہ من قبیل اقتداء المفترض بالمتنفل وھو غیر جائز عندنا وانما یجوز اقتداؤہ بہ فی الوقتیۃ
مقیم کی حق مین فرض نہین اب اوسکا اقتدا ایسا ہوگیا جیسی فرض پڑہنی والا نفل پڑہنی والیکا مقتدی ہوجاوی اور یہہ اقتدا ہماری مذہب مین جایز نہین ہی مسافر کو

لان صلوتہ یصیر اربعا باقتدائہ بہ فی الوقت لا بعدہ والثالثۃ من تلک المسائل ان المصلی بعد القعود قدر التشہد
اسلئی کہ مسافر کی نماز ہی بسبب اقتدا کی وقت مین رباعی ہوجاتی ہی وقت کی بعد نہین ہوتی تیسرا اون مسائل مین سی یہہ ہی کہ مصلی کو بعد قعدہ بقدر تشہد کی

فی آخر الصلوۃ لو تذکر سجدۃ التلاوۃ وسجدھا ترتفع القعدۃ حتی لو لم یقعد قدر التشہد بعدما سجد سجدۃ التلاوۃ
آخر نماز مین اگر سجدہ تلاوت کا یاد آیا اور اوسنی وہ سجدہ کیا تو وہ قعدہ باطل ہوگیا یہان تک کہ اگر بعد سجدہ تلاوت کی بقدر تشہد قعدہ نکریگا

تفسد صلوتہ لفوات ما ھو فرض منہا وھو القعدۃ الاخیرۃ والرابعۃ من تلک المسائل ان المصلی اذا نام فی القعدۃ
تو اوسکی نماز بسبب فوت ہونی ایک رکن نماز یعنی قعدہ اخیرہ کی فاسد ہوجاویگی اور چوتہا اون مسائل مین سی یہہ ہی کہ اگر مصلی تمام قعدۂ اخیر مین سوتا رہا

الاخیرۃ کلہا فحین انتباھہ یفرض علیہ ان یقعد قدر التشہد وان لم یقعد تفسد صلوتہ لان ما حصل من
تو جب وہ جاگی اوسپر فرض ہی کہ بقدر تشہد کی قعدہ کری اگر نہین کریگا تو نماز فاسد ہوجاویگی اسواسطی کہ جو

لتناہی

فرضیت

یعنی خبر واحد سی بیان اجمال کا کریں تو فرضیت ثابت ہوجاتی ہی

یعنی فوت شدہ نمازین جو دو رکعت کی نہون

الافعال

الافعال في الصلوة حالة النوم لا تعتبر لصدورها من غير اختيار فيكون وجودها كعدمها وهذه المسئلة يكثر

افعال نماز مین سوتی ہوئی اوسہو ہین اونکا اعتبار نہین ہی کیونکہ وہ بلا اختیار ہوئی ہین اونکا ہونا نہونا برابر ہی اور یہہ مسئلہ اکثر واقع ہوتا ہی خاص کر

وقوعها لاسيما في التراويح وخصوصا في ليالي الصيف لكن الناس عنها غافلون يسرنا الله تعالى عملا موافقا لرضائه

تراویح مین اور وہ بہی علی الخصوص جو گرمیوں کی شب مین ہوتی ہین لیکن لوگ اس سی غافل ہین آئہی ہمپر آسان کر عمل اپنی رضا مندی کی موافق

بلطفه وكرمه

المجلس الثالث والخمسون في بيان فضيلة الصلوة الخمس وكونها كفارة للذنوب

اپنی لطف اور کرم سی ترپن مجلس پنجگانہ نماز کی فضیلت مین اور نمازکا

کفارہ ہونا واسطی گناہون کی

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارايتم لو ان نهرا بباب احدكم يغتسل فيه كل يوم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بتاؤ تو اگر تم مین سی کسیکی دروازہ آگی نہر بہتی ہو وہ ہر روز اوسمین

خمسا هل يبقى من درنه شئ قالوا لا قال فذلك مثل الصلوات الخمس يمحو الله بهذه الخطايا هذا الحديث من

پانچ دفعہ نہایا کری کیا اوسپر کچہہ میل باقی رہیگا عرض کیا نہین آپ نی فرمایا پس یہہ مثل پنجگانہ نمازون کی ہی اللہ تعالی ان نمازون سی خطایا کو مٹا دیتا ہی یہہ حدیث

صحاح المصابيح رواه ابو هريرة وقد بين فيه ان من صلى الصلوات الخمس يغفر الله تعالى ذنوبه ببركات تلك الصلوات

مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اوسمین یہہ بیان ہی جسنی پنجگانہ نمازین پڑہین تو اللہ تعالی اوسکی تمام گناہ ان نمازون کی برکت سی بخشدیتا ہی

فلابد للمؤمن ان يداوم عليها في اوقاتها باتمام ركوعها وسجودها وسائر ما يفعل فيها فانه تعالى وان امر

سو مؤمن کو لازم ہی کہ نمازون کو وقتون پر رکوع اور سجود کو اور تمام ارکان کو جو نماز کی اندر ہین پورا پورا اداکر کر مداومت رکہی کیونکہ اللہ تعالی نی اپنی کتاب مین اگرچہ نماز کا

بها في مواضع من كتابه لكن ذكر اركانها فيها متفرقة حيث بين فرضية تكبيرة الافتتاح بقوله تعالى في سورة المدثر

کئی جگہ امر فرمایا پر اوسکی ارکان کو متفرق ذکر کیا ہی چنانچہ تکبیر تحریمہ کی فرضیت سورہ مدثر کی اس آیت مین

وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وفرضية القيام بقوله تعالى في سورة البقرة وَقُومُوا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ وفرضية القراءة بقوله تعالى في

اور اپنی رب کی بڑائی بول اور قیام کی فرضیت سورہ بقرہ کی اس آیت مین اور کہڑی رہو اللہ کی آگی ادب سی اور قرارت کی فرضیت سورہ

سورة المزمل فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ وفرضية الركوع والسجود بقوله تعالى في سورة الحج يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

مزمل کی اس آیت مین پس پڑہو جتنا آسان ہو قرآن سی اور رکوع اور سجود کی فرضیت سورہ حج کی اس آیت مین ہی اے ایمان والو

ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وانما عرف الترتيب بتعليم النبي عليه السلام تارة بفعله وتارة بقوله على ما بينه العلماء

رکوع کرو اور سجدہ کرو اور ترتیب صرف نبی علیہ السلام کی تعلیم سی معلوم ہوئی ہی کبہی تو آپ کی کرنی سی اور کبہی آپ کی بتانی سی چنانچہ علماء نی

في كتبهم وقالوا من يريد الدخول في الصلوة يكبر ويقول الله اكبر من غير ادخال المد في همزة الله وهمزة اكبر

اپنی اپنی کتابون مین بیان کیا ہی اور علماء کہتی ہین جو شخص نماز شروع کیا چاہی تکبیر اس طور کہی اللہ اکبر اللہ کی ہمزہ پر اور اکبر کی ہمزہ اور با پر مد نہ کہینچی

وباءه اذ لو حصل المد في احدى الهمزتين لا يصير شارعا في الصلوة بل لو وقع في اثنائها تفسد صلوته ولو تعمده

اسواسطی کہ اگر دونو ہمزون مین سی کسی پر مد پیدا ہوگا تو نماز شروع نہوگی بلکہ اگر مد نماز کی بیچ کسی تکبیر پر آجاویگا تو نماز فاسد ہو جاوی گی اور اگر جان

يكفر لانه يصير استفهاما ومقتضاه الشك في كبرياء الله تعالى وقيل ان كان لا يميز بين المد وغيره يكون شارعا

تو کافر ہو جاویگا اسواسطی کہ کلام استفہامی ہو جاوی گی اور اسکا مضمون اللہ تعالی کی بڑائیمین شک پیدا کریگا اور کوئی کہتا ہی اگر اوسکو مد اور بی مد مین تمیز نہین ہی تو نماز شروع ہو جاتی ہی

في الصلوة ولا تفسد ولو وقع في اثنائها والاستفهام يحتمل ان يكون للتقرير لكن الاول اصح لان مثل هذا الجهل لا يصح

اور فاسد نہین ہوتی اگرچہ بیچ مین آجاوی اور استفہام مین احتمال ہی کہ تقریر کی واسطی ہو لیکن روایت اول اصح ہی اسواسطی کہ ایسی جہالت کا عذر ہونا صحیح نہین

ان يكون عذرا والتقرير المستفاد من الاستفهام معناه حمل المخاطب على الاقرار بما يعرفه والانسان لا يصلح ان يحمل

ہی اور تقریر جو استفہام سی حاصل ہوتی ہی اوس سی یہہ مراد ہی کہ مخاطب کو اپنی معلوم کی اقرار پر برانگیختہ کری اور انسان مین یہہ صلاحیت نہین کہ

نفسه علی الاقرار بان الله تعالی اکبر ولو وقع المد فی باء اکبر بان یقول اکبار بزیادة الالف الممال بین الباء والراء
اپنی ذات کو اس اقرار پر برانگیختہ کرے کہ اللہ بڑا ہے اور اگر مد اکبر کی بار پر پیدا ہوگا کہ وہ اکبار کہدے الف کو امالہ کر کر درمیان بار اور راء کی بڑھا کر
لا یصیر شارعا فی الصلوٰة ایضا ولو وقع فی اثنائها تفسد اذ قیل انه اسم من اسماء الشیطن وقیل انه جمع کبر
تو بھی نماز شروع نہوگی اور اگر بیچمیں آجاویگا تو نماز فاسد ہو جائیگی اسلئے کہ بعض کہتے ہیں کہ یہہ نام شیطان کی ناموں میں سے ہے اور کوئی کہتا ہے کہ یہہ جمع کبر کی ہے
بفتحتین وهو الطبل وقیل یصیر شارعا فی الصلوٰة ولا تفسد لو وقع فی اثنائها لانه اشباع والاول اصح لان
دو زبر سے نقارہ کو کہتے ہیں اور بعضے کہتے ہیں نماز شروع ہو جاتی ہے اور فاسد نہیں ہوتی اگرچہ مد بیچ میں آجاوے اسواسطے کہ یہہ اشباع ہے اور روایت اول اصح ہے
الاشباع انما یکون فی الاخر لا فی الوسط ومحل التکبیر القیام المحض حتی لو ادرک الامام فی الرکوع وکبر حال الانحطاط
اسواسطے کہ اشباع آخر کلمہ میں ہوتا ہے بیچمیں نہیں ہوتا اور تکبیر کہنے کا محل خالص قیام ہے یہاں تک کہ اگر امام کو رکوع میں پایا اور جھکتے ہوئے اللہ اکبر کہتا ہوا رکوع میں چلا گیا
لا یصیر شارعا فی الصلوٰة لان شرط الشروع فیها وقوع التکبیر فی محض القیام ولو قال فی القیام الله وفی الرکوع
تو نماز شروع نہوگی اسواسطے کہ شرط نماز شروع ہونے کی یہہ ہے کہ تکبیر خالص قیام میں واقع ہو اور اگر کھڑے ہوئے اللہ کہا اور رکوع میں اکبر کہا
اکبر لا یصیر شارعا ایضا ورفع الیدین عند التکبیر سنة حتی لو ترک رفعهما دائما من غیر عذر یاثم ولا یاثم
تو بھی نماز شروع نہوگی اور تکبیر کے وقت دونوں ہاتھ اوٹھانی سنت ہیں یہاں تک کہ اگر ہاتھ اوٹھانی بلا عذر ہمیشہ کو چھوڑدے تو گنہگار ہوگا اور گاہے گاہے
ان ترکه احیانا فعلی هذا ینبغی لمن یرید الشروع فی الصلوٰة ان یرفع یدیه حتی یحاذی بابهامیه شحمتی
ترک کرے تو گنہگار نہیں ہوتا اس بیان کی موافق لایق ہے کہ جو نماز شروع کرے اپنی دونوں ہاتھ اتنے اوٹھاوے کہ دونوں انگوٹھے کانوں کی لو کی برابر ہو جاویں
اذنیه بلا ضم اصابعه ولا تفریجها بل ترکها علی حالها قال قاضیخان ویمس بطرفی ابهامیه شحمتی اذنیه
اور انگلیاں کو آپسمیں نہ ملادے اور نہ کشادہ کرے بلکہ اپنی حال پر چھوڑدے قاضیخان کہتا ہے کہ سرے انگوٹھوں کی کانوں کی لو سے لگادے
ویجعل بطن کفیه نحو القبلة اکمالا للاقبال علیها وقال بعضهم یجعل بطن کل کف الی الکف الاخری ثم یکبر وهو
اور ہتھیلیاں دونوں ہاتھ کی قبلہ کی طرف رکھے تا مواجہہ قبلہ کا خوب پورا ہو اور بعضے کہتے ہیں کہ ہتھیلی ہر ایک ہاتھ کی دوسری ہتھیلی کی طرف رکھے پھر اللہ اکبر کہے اور یہہ
الاصح لان فی فعله معنی النفی وفی قوله الله اکبر معنی الاثبات وهو بفعله الذی هو رفع الیدین ینفی الکبریاء
اصح ہے اسواسطے کہ اسکے عمل میں معنی نفی کی ہیں اور اس قول میں اللہ اکبر معنی اثبات کی ہیں سو مصلی اپنی عمل سے یعنی ہاتھ اوٹھانی سے غیر اللہ سے بڑائی کی نفی کرتا ہے
عن غیره تعالی ویقوله اکبر یثبتها له تعالی والنفی مقدم علی الاثبات کما فی کلمة التوحید ولو کبر ولم یرفع یدیه
اور اللہ اکبر کہہ کر اللہ کی واسطے بڑائی ثابت کرتا ہے اور نفی اثبات پر مقدم ہوتی ہے چنانچہ کلمہ توحید میں اور اگر اللہ اکبر کہا اور ہاتھ نہ اوٹھائے
حتی فرغ من التکبیر لا یرفعهما لفوات محله وان ذکره فی اثناء التکبیر یرفعهما لعدم فوات محله وان لم یمکنه رفعهما
حتی کہ تکبیر کہہ چکا تو پھر نہ اوٹھاوے اسواسطے کہ اوسکا محل ہو چکا اور اگر اثناء میں تکبیر کہتے ہوئے یاد آگیا تو اوٹھاوے اسواسطے کہ محل باقی ہے اور اگر موضع مسنون تک نہ اوٹھا سکے
الی الموضع المسنون یرفعهما قدر ما یمکنه وان امکنه رفع احدهما دون الاخری یرفعها وحدها لما روی انه علیه السلام
تو جہاں تک ہو سکے اوٹھاوے اور اگر ایک ہاتھ اوٹھا سکتا ہے دوسرا نہیں اوٹھا سکتا تو ایک ہی کو اوٹھاوے اسلئے کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا
قال اذا امرتکم بامر فأتوا منه ما استطعتم وان لم یمکنه رفعهما الا بالزیادة علی المسنون یرفعهما لانه یاتی بالمسنون
جب میں تمکو کوئی کام کہوں تو اوسکو اپنی مقدور بھر بجالاؤ اور اگر اوس سے دونوں ہاتھ نہیں اوٹھ سکتے بدون زیادت کی مقدار مسنون پر تو بھی اوٹھاوے اسواسطے کہ سنت پر عمل
ولا یستطیع ان یمتنع عن الزیادة والمرأة ترفعهما الی منکبیها هو الصحیح لکونه استر لها واذا فرغ من التکبیر یضع
کرتا ہے اور یہہ طاقت نہیں کہ زیادت سے رک رہے اور عورت اپنی دونوں ہاتھ مونڈھوں تک اوٹھاوے یہہ ہی صحیح ہے اسواسطے کہ عورت کے واسطے یہہ ہی حال زیادہ پردہ پوش ہے
بطن کفه الیمنی علی ظاهر کفه الیسری ویحلق بالخنصر والابهام علی الرسغ تحت سرته وهذا الوضع سنة فی کل
تو پھر دہنی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھ کر چھنگلی اور انگوٹھے سے پہنچے پر ناف سے نیچے حلقہ باندھ لے اور یہہ ہی وضع مسنون ہے ہر

قیام فیه ذکر مسنون وامّا الذی لیس کذلك فالسنة فیه الارسال کما فی قومة الرکوع وتکبیرات العیدین و
قیام میں کہ ذکر مسنون ہوتا ہی اور جو قیام ایسا نہیں ہی سو اوسمیں ہاتھ چھوڑ دینا مسنون ہی جیسی کہ رکوع کی بعد قومہ میں اور عیدین کی تکبیرات میں اور
المرأة تضعهما علی صدرها لانه استر لها ثم یقول سبحٰنك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالٰی جدك ولا اله
عورت دونوں ہاتھ اپنی سینہ پر رکھی کیونکہ یہہ ہی پردہ پوش ہی پھر یہہ پڑھی پاکی یاد کرتا ہوں تیری یا الٰہی اور تیری حمد کہتا ہوں بابرکت ہی تیرا نام اور برتر ہی تیری بڑائی اور نہیں کوئی معبود
غیرك ولا یقول وجل ثناءك لانه لم یذکر فی الاحادیث المشهورة وذکر فی الکافی انه لو سکت عنه لا یؤمر به
سوا تیری اور نہ کہی جل ثناءک اسواسطی کہ احادیث مشہورہ میں وارد نہیں ہوا اور کافی میں یہہ مذکور ہی کہ اس کلمہ کو کوئی نہ کہی تو امر نہ کریں
ولو اتی به لا یمنع عنه ثم یقول اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وهو تبع للقراءة دون الثناء عند ابی حنیفة ومحمد
اور اگر کہی تو منع بھی نہ کریں پھر یہہ پڑھی پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان راندہ سی اور یہہ عبارت ہمراہ قرأت کی ہی ثنا کی ساتھ نہیں ہی نزدیک ابو حنیفہ اور محمد
حتی یاتی به المسبوق دون الموتم ثم یقول بسم الله الرحمٰن الرحیم وهو سنة فی اول کل رکعة فی روایة ابی یوسف عن ابی حنیفة
یہاں تک کہ مسبوق تو پڑھی موتم نہ پڑھی پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھی اور بسم اللہ ہر ایک رکعت کی اول میں مسنون ہی ابو یوسف کی روایت میں
ثم یقرء الفاتحة ویقول فی اخرها امین ثم یضم الیها سورة او ثلث ایات من ای سورة شاء فان قرأ معها اية قصیرة
ابو حنیفہ سی اور اوسکو مقتدی نہ پڑھی پھر سورۂ فاتحہ پڑھی اور اوسکی آخر میں آمین کہی پھر اوسکی ساتھ کوئی سورہ ضم کری یا تین آیتیں جس سورت میں سی چاہی پس اگر سورۂ فاتحہ کی ساتھ
او ایتین قصیرتین لا یخرج عن الکراهة التحریمیة لترکه الواجب لان الواجب فی الرکعتین الاولیین بعد قراءة
ایک آیت چھوٹی یا دو آیتیں چھوٹی پڑھی تو کراہت تحریمی ہی خالی نہیں ہی اسلئی کہ واجب ترک کیا اسواسطی کہ واجب دونو پہلی رکعت میں بعد پڑھنی
الفاتحة ان یضم الیها سورة او ثلث ایات قصارا او اية طویلة تعدل ثلث ایات قصار فهذا یخرج عن الکراهة
سورۂ فاتحہ کی یہہ ہی کہ اوسکی ساتھ کوئی سورہ یا تین آیتیں چھوٹی یا ایک آیت اتنی بڑی جو چھوٹی تین آیت کی برابر ہو ملادی سو اتنی مقدار میں کراہت تحریمی سی تو
التحریمیة لکن لا یدخل فی حد السنة بل یدخل فی الکراهة التنزیهیة لانه لا یخلو اما ان یکون فی السفر او الحضر
بچ جاتا ہی پر حد مسنون پر نہیں پہنچتا بلکہ کراہت تنزیہی میں آجاتا ہی اسلئی کہ اس حال سی باہر نہیں کہ وہ مسافر ہوگا یا مقیم
فان کان فی السفر ففی حال الضرورة من خوف او عجلة یقرء بفاتحة الکتاب وای سورة شاء او مقدار سورة
اگر مسافر ہی تو ضرورت کی وقت خوف سی یا شتابی سی سورۂ فاتحہ پڑھی اور ایک اور سورۃ جونسی چاہی یا برابر کسی سورۃ کی
من ای محل تیسر وفی حال الاختیار وعدم الضرورة یقرأ فی صلوٰة الفجر مع الفاتحة سورة البروج ونحوها وفی الظهر
جس جگہہ سی آسان ہو اور اختیار کی وقت جب ضرورت نہو تو فجر کی نماز میں بعد سورۂ فاتحہ کی سورۂ بروج اور اسکی مانند اور ظہر میں بھی
کذلك وفی العصر والعشاء دون ذلك وفی المغرب یقرأ بالقصار جدا کالعصر والکوثر وان کان فی الحضر وخاف
ایسی ہی اور عصر اور عشاء میں اس سی کچھہ کم اور مغرب میں بہت چھوٹی سورتیں جیسی سورۂ عصر اور کوثر پڑھی اور اگر مقیم ہی اور وقت کی
فوت الوقت یقرأ قدر ما لا یفوته الصلوٰة وان لم یخف فوت الوقت یقرأ فی صلوٰة الفجر فی الرکعتین اربعین اية
گذر جانی کا خوف ہو تو اتنا پڑھی کہ اوسکی نماز فوت نہو جاوی اور اگر وقت کی جانی کا خوف نہیں تو فجر کی نماز کی دونو رکعت میں چالیس آیتیں پڑھی
وهو ادنی السنة او ستین اية وهو اوسطها او مائة وهو اعلاها لما روی انه علیه الصلوٰة والسلام کان یقرأ
اور یہہ ادنی درجہ سنت کا ہی یا ساٹھہ آیتیں اور یہہ بیچکا درجہ سنت کا ہی یا سو آیتیں اور یہہ اعلی درجہ سنت کا ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیه الصلوٰة والسلام
فی صلوٰة الفجر اربعین اية او ستین اية او مائة اية واحیانا کان یقرأ والصّٰفّٰت واحیانا کان یقرء سورة
فجر کی نماز میں چالیس آیتیں یا ساٹھہ آیتیں یا سو آیتیں پڑھا کرتی تھی اور بعضی دفعہ سورۂ والصافات اور بعضی دفعہ سورۂ ق پڑھتی
قٓ وقد کان ابن عمر قال کان النبی صلی الله علیه وسلم یامرنا بالتخفیف ویؤمنا بالصافات فعلم من هذا ان
اور ثابت ہو چکا ہی کہ ابن عمر کہتی ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمکو قرأت میں تخفیف کی لئی فرماتی اور امامت کی وقت والصافات پڑھتی تو اس سی معلوم ہوا

قراءۃ الصافات من باب التخفیف فاذا فرغ من القراءۃ یکبر للرکوع مع الانحطاط فلو لم یکبر حال الانحطاط
کہ والصافات کا پڑھنا تخفیف مین داخل ہی پہر جب مصلی قرارت سی فارغ ہوچکا تو رکوع کی لئی جہکتی ہوئی تکبیر کہی اگر جہکتی ہوئی تکبیر رہ گئی
لا یکبر فی الرکوع لفوات محلہ وقد ذکر فی المنیۃ ان فی اتیان اذکار المشروعۃ فی الانتقالات بعد تمام الانتقال
تو رکوع مین جاکر تکبیر نہ کہی اسواسطی کہ اوسکا محل فوت ہوگیا اور منیہ مین مذکور ہی کہ جواذکار انتقالات کی اندر مشروع ہین اونکو بعد انتقالات کی ادا کرنی مین
کراہتین ترکہا عن موضعہا وتحصیلہا فی غیر موضعہا وبعد التکبیر یضع یدیہ علی رکبتیہ مع تفریج اصابعہ
دو کراہت ہین ایک تو اونکو اپنی جگہ سی ٹلا دینا اور دوسری بی جگہ ادا کرنا اور تکبیر کی بعد دونو ہاتہ دونو گہٹنون پر اونگلیان کشادہ کرکی رکہی
ولا یندب تفریج الاصابع الا فی ہذہ الحالۃ ویبسط ظہرہ بحیث لو وضع علی ظہرہ قدح مملو بالماء لاستقر
اور اونگلیون کا کشادہ کرنا سوا اس جگہ کی کہین مستحب نہین ہی اور کمر کو ایسی ہموار کردی کہ اگر اوسکی پیٹہہ پر پیالہ پانی کا بہرا ہوا رکہدین تو ٹہرا رکہا رہی
ویستوی راسہ بظہرہ ولا یرفعہ کالحیۃ ولا ینکسہ کالخنزیر ویقول فی رکوعہ سبحان ربی العظیم ثلث
اور سر کو کمر کی برابر کردی نہ اونچا کری سانپ کی مانند اور نہ تلی جہکادی سور کی مثال اور رکوع کی اندر سبحان ربی العظیم تین بار کہی
مرات وذلک ادنی کمال السنۃ ویکرہ ان ینقص منہا وان زاد علیہا فہو افضل ان کان منفردا وکان
اور یہہ کمال سنت کا ادنی درجہ ہی اس سی کم کرنا مکروہ ہی اور اگر تین بار سی زیادہ کہی تو افضل ہی اگر منفرد یعنی تنہا پڑہتا ہو اور
اتمامہ علی وتر ثم یرفع راسہ قائلا سمع اللہ لمن حمدہ واذا استوی قائما یقول فی القیام ربنا لک الحمد
عدد طاق پر پورا کری پہر سمع اللہ لمن حمدہ کہتا ہوا سر اوٹہاوی اور جب سیدہا کہڑا ہوجاوی تو قیام مین ربنا لک الحمد کہی
ان کان منفردا ثم یکبر للسجود مع الانحطاط وان لم یکبر حال الانحطاط لا یکبر فی السجدۃ لفوات محلہ ثم
اگر مصلی منفرد ہو پہر سجدہ کی لئی جہکتا ہوا تکبیر کہی اور اگر اتفاقا جہکتی وقت تکبیر رہ گئی تو سجدہ مین جاکر نہ کہی اسواسطی کہ اوسکا محل ہولیا پہر
یضع یدیہ علی الارض مع ضم اصابعہ ولا یندب ضم الاصابع الا فی ہذہ الحالۃ ثم یضع وجہہ بین کفیہ
اپنی دونو ہاتہہ اونگلیان ملاکر زمین پر رکہی اور اونگلیون کا ملانا سوا اس محل کی کہین مستحب نہین ہی پہر اپنی پیشانی دونو ہاتہون کی بیچ مین
بحیث یکون ابہاماہ حذاء اذنیہ ویبدی ضبعیہ الا فی الازدحام ویجافی بطنہ عن فخذیہ ویوجہ اصابع
اسطور پر رکہی کہ اوسکی دونو انگوٹہی کانون کی برابر رہین اور دونو بہلو کو ظاہر کردی اگر انبوہ نہو اور اپنی پیٹ کو دونو ران سی الگ رکہی اور پانو کی اونگلیان
رجلیہ نحو القبلۃ ویقول فی سجودہ سبحان ربی الاعلی ثلث مرات وذلک ادنی کمال السنۃ حتی یکرہ
قبلہ کی طرف رکہی اور سجدہ کی اندر سبحان ربی الاعلی تین مرتبہ کہی اور یہہ کمال سنت کا ادنی درجہ ہی یہان تک کہ اس سی کم کرنا مکروہ ہی
ان ینقص منہا وان زاد علیہا فہو افضل ان کان منفردا وکان اتمامہ علی وتر والمرأۃ فی السجود کالرجل الا انہا
اور اگر اس سی زیادہ کہی تو افضل ہی اگر مصلی منفرد ہو اور اتمام اسکا عدد طاق پر ہو اور عورت سجدہ کرنی مین مثل مرد کی ہی پر اتنا فرق ہی
لا تبدی ضبعیہا ولا تجافی بطنہا عن فخذیہا بل تلزق بطنہا بفخذیہا لکونہ استر لہا وتمام السجدۃ یکون
کہ عورت اپنی بہلو کو ظاہر نکری اور نہ پیٹ کو ران سی جدا رکہی بلکہ اپنی پیٹ کو ران سی ملا رکہی کیونکہ یہہ زیادہ پردہ پوش ہی اور پورا ہونا سجدہ کا
بوضع الجبہۃ والانف ویکرہ باحدہما وکذا یکرہ السجود علی کور عمامتہ ان کان کورہا متصلا بالجبہۃ
پیشانی اور ناک دونو کی ٹکانی پر ہی ایک پر مکروہ ہی اور ایسا ہی سجدہ پگڑی کی پیچ پر مکروہ ہی اگر پیچ پگڑی کا پیشانی پر آیا ہوا ہو
ولم یکن غلیظا بحیث یوجد حجم الارض ولو لم یکن متصلا بجبہتہ بل کان فوق الجبہۃ او کان غلیظا لا یوجد
اور موٹا نہو ایسا کہ زمین کی سختی محسوس ہوتی ہو اور اگر وہ پیچ پیشانی پر نہو بلکہ پیشانی سی اوپر ہو یا اتنا موٹا ہو کہ زمین کی
فیہ حجم الارض لا یجوز وکذا لا یجوز السجود علی کل شئ لا یوجد فیہ حجم الارض کالقطن المحلوج والثلج والدخن
سختی اسمین معلوم نہوتی ہو تو سجدہ جایز نہین ہی اور ایسی ہی سجدہ ایسی ہر شئ پر جایز نہین ہی جسمین سختی زمین کی محسوس نہو جیسی دہنی ہوئی روئی اور برف اور چینا

ونحو

ونحو ذلك لعدم استقرار الجبهة على الارض او ما يتصل بها ووضع اليدين والركبتين على الارض في السجدة ليس
اور مانند اسکی کیونکہ پیشانی زمین پر یا جو زمین کی مثل ہے نہیں پہنچتی اور دونوں ہاتھ اور دونوں گھٹنوں کا زمین پر رکھنا سجدہ میں فرض نہیں
بفرض بل هو سنة واما وضع القدمين فقد ذكر القدوري والكرخي والخصاف انه فرض حتى لو سجد ولم يضع قدميه
ہی بلکہ سنت ہی اور رہا دونوں پانوں کا رکھنا سو قدوری اور کرخی اور خصاف کہتے ہیں کہ فرض ہی یہان تک کہ اگر سجدہ تو کیا اور دونوں پانو
او احدهما على الارض بل رفعهما عن الارض لا يجوز ولو وضع احدهما يجوز لكن يكره وذكر التمرتاشي ان وضع اليدين
یا ایک پانو زمین پر نہ لگایا یا بلکہ دونوں کو زمین سی اوٹھائی رہا تو جایز نہیں ہی اور اگر ایک پانو بھی لگائی رکھا تو جایز ہی پر مکروہ اور تمرتاشی کہتا ہی رکھنا دونوں ہاتھ کا
والقدمين سواء في عدم الفرضية وقال اكمل الدين في شرح الهداية هو الحق وذكر في شرح المنية انه بعيد عن الحق
اور دونوں پانو کا فرض نہونے میں برابر ہیں اور اکمل الدین شرح ہدایہ میں کہتا ہی یہہ ہی حق ہی اور شرح منیہ میں یوں مذکور ہی کہ یہہ حق سی بعید ہی
والمراد بوضع القدمين على ما ذكر في الخلاصة وضع اصابعهما والمراد بوضع الاصابع توجيههما نحو القبلة ليكون الاعتماد
اور دونوں پانو رکھنی سی موافق بیان خلاصہ کی پانوں کی انگلیوں کا لگانا مراد ہی اور مراد انگلیوں کی رکھنی سی انگلیوں کا متوجہ رکھنا قبلہ کی طرف تاکہ اونپر زور رہی
عليها حتى لو وضع ظهر القدمين ولم يوجه اصابعهما او احدهما نحو القبلة لا يصح سجوده وهذا مما يجب حفظه
یہان تک کہ اگر پشت دونوں پانوں کی زمین پر رکھی اور انگلیاں دونوں پانو کی یا ایک پانو کی قبلہ کی طرف نہ رکھی تو اوسکا سجدہ صحیح نہیں ہی اسکا لحاظ واجب ہی
واكثر الناس عنه غافلون ثم يرفع راسه مكبرا ويقعد ويضع يديه على فخذيه فاذا اطمأن جالسا وسكن
اور اکثر لوگ اس امر سی غفلت کرتی ہیں پھر تکبیر کہتی ہوئی سر اوٹھا کر بیٹھ جاوی اور دونوں ہاتھ رانوں پر رکھی جب بیٹھی ہوئی اطمینان ہو جاوی اور حرکت اعضا کی
اضطراب اعضاءه بان يمكث مقدار تسبيحة يكبر ويسجد سجدة ثانية كالسجدة الاولى واختلفوا في مقدار
باقی نہ رہی اس طور کہ باندازہ ایک تسبیح کی زمانہ گذر جاوی تو تکبیر کہہ کر دوسرا سجدہ پہلی سجدہ کی طرح پر کری اور اسمیں اختلاف ہی
الرفع من السجدة الاولى للسجدة الثانية والاصح على ما ذكر في الهداية ان كان الى السجدة اقرب لا يجوز لانه لا يعد
کہ پہلی سجدہ سی دوسری سجدہ کی واسطی کتنا اوٹھی اور اصح روایت موافق بیان ہدایہ کی یہہ ہی کہ اگر سجدہ سی قریب ہی تو سجدہ ثانی جایز نہیں ہی اسلئی کہ جالس و
جالسا فلا يتحقق السجدة الثانية بل يصير كانه سجد سجدة واحدة وان كان الى الجلوس اقرب يجوز لانه يعد
نہیں شمار کیا جاتا سو سجدہ دوسرا ثابت نہیں ہوتا بلکہ ایسا ہی گویا ایک ہی سجدہ کیا ہی اور اگر جلوس سی قریب ہی تو جایز ہی اسلئی کہ اب بیٹھا ہوا
جالسا فيتحقق السجدة الثانية وقيل اذا رفع راسه مقدار ما يمر الريح بين جبهته والارض يجوز لكن الاقتصار عليه
شمار کیا جاتا ہی سو دوسرا سجدہ ثابت ہوجاتا ہی اور کوئی کہتا ہی اگر مصلی نی اتنا سر اوبھارا کہ ہوا اوسکی پیشانی اور زمین کی بیچ میں کو گذر جاوی تو جایز ہی پر اسی پر کفایت کرلینا
يكره اشد الكراهة لمخالفته ما واظب النبي عليه الصلوة والسلام مدة حيوته واذا فرغ من السجدة الثانية يكبر
سخت مکروہ ہی اسواسطی کہ ایسی امر کی مخالفت ہی جسکو نبی علیہ الصلوة والسلام زندگی بھر کرتی رہی اور جب دوسری سجدہ سی فارغ ہو چکی تو تکبیر کہی
ويقوم مستويا ولا يعتمد بيديه على الارض من غير عذر بل يعتمد على ركبتيه ويفعل في الركعة الثانية كما فعل في
اور سیدھا کھڑا ہو جاوی اور بدون عذر کی اپنی ہاتھوں کا زمین پر سہارا نہ دی بلکہ اپنی گھٹنوں پر سہارا کر کر کھڑا ہو جاوی اور دوسری رکعت میں وہ ہی عمل کری جو اول
الركعة الاولى الا انه لا يفتتح ولا يتعوذ ولا يرفع يديه فاذا اتمها ورفع راسه من سجدتها الثانية يفترش رجله اليسرى
رکعت میں کر چکا ہی اتنا فرق ہی کہ تکبیر تحریمہ نہ کہی اور اعوذ بالله نہ پڑھی اور نہ ہاتھ اوٹھاوی جب دوسری رکعت پوری کر چکی اور اوسکی دوسری سجدہ سی اوٹھی تو بایان پانو بچھا کر
ويجلس عليها وينصب رجله اليمنى ويوجه اصابعه نحو القبلة ويضع يديه على فخذيه ويبسط اصابعه ويوجهها
اوسپر بیٹھ جاوی اور داہنا پانو کھڑا رکھی اور اسکی انگلیاں قبلہ کی طرف رکھی اور دونوں ہاتھ رانوں پر رکھدی اور ہاتھوں کی انگلیوں کو پھیلا کر قبلہ کی طرف کردی
نحو القبلة لان السنة توجيه الاعضاء الى القبلة ما استطاع والمرأة تتورك بان تخرج رجليها من جانب الايمن
اسلئی کہ تمام اعضا کا قبلہ کی طرف جہان تک ہوسکی متوجہ کرنا طریق مسنون ہی اور عورت سرین پر اسطرح بیٹھی کہ دونوں پانو داہنی طرف کو نکال کر

ويجلس على اليتها اليسرى لانه استر لها ثم يتشهد ويقول التحيات لله والصلوت والطيبت السلام عليك ايها
بائیں سرین پر بیٹھ جاوی کیونکہ اوسکی لئی اسمین خوب پردہ ہی پہر تشہد پڑہی یہہ کہی سلام ہی واسطی اللہ کی اور رحمت اور پاکیزگی اور سلام تجہپر ای
النبي ورحمة الله وبركته السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان
نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتین اوسکی اور سلام ہمپر اور صلحاء بندگان الٰہی پر مین گواہی دیتا ہون کہ نہین کوئی معبود سواء اللہ کی اور گواہی دیتا ہون
محمدا عبده ورسوله ثم ان كان ما يصلي فرضا زائدا على الركعتين لا يزيد على هذا القدر من التشهد
کہ محمد بندہ اوسکا ہی اور رسول اوسکا پہر اگر وہ نماز فرض دو رکعت سی بڑہتی ہی تو اتنی تشہد سی زیادہ قعدۂ اولی مین کچہہ نہ پڑہی
في القعدة الاولى بل يكبر ويقوم الى الركعة الثالثة بلا اعتماد بيديه على الارض ان لم يكن له عذر ثم
بلکہ تکبیر کہہ کر تیسری رکعت کی لئی کہڑا ہو جاوی بی عذر ہاتہہ کا سہارا زمین پر نہ کری پہر
انه في ما بعد الاوليين متخير ان شاء قرء الفاتحة فقط وهو افضل لكون قراءتها فيما بعد الاوليين
اسکو پچہلی رکعتون مین اختیار ہی اگر چاہی فقط سورۂ فاتحہ پڑہی یہہ تو افضل ہی اسواسطی کہ سورۂ فاتحہ کا پڑہنا پچہلی رکعتون مین
سنة في ظاهر الرواية حتى لو تركها او ضم اليها سورة سهوا لا يلزمه سجود السهو وان شاء سبح ثلث
سنت ہی ظاہر الروایت مین یہان تک اگر سورۂ فاتحہ کو ترک کری یا اوسکی ساتہہ سہو سی کوئی سورت ملادی تو سجدہ سہو کا نہین آتا اور اگر چاہی تین بار تسبیح کہی
مرات وان شاء سكت مقدارها الا انه ان سكت عمدا يكون مسيئا لترك السنة وان لم يكن ما يصلي
اور اگر چاہی اتنی دیر چپکا کہڑا رہی پر اتنا ہی کہ اگر عمداً چپکا کہڑا رہی گا تو اچہا نہین اسلئی کہ ترک سنت ہوتا ہی اور اگر وہ نماز فرض نہین ہی
فرضا بل كان نفلا او سنة مؤكدة مثل سنة الظهر والجمعة لا يكون مخيرا بين هذه الثلثة بل يتعين عليه
بلکہ نفل ہو یا سنت مؤکدہ ہو جیسی ظہر کی اور جمعہ کی سنتین تو اب ان تینون امر مین اختیار نہین ہی بلکہ اوسپر پڑہنا
قراءة الفاتحة مع ضم سورة اليها لكون القراءة فرضا في جميع ركعات النفل والسنة ثم انه في النفل يزيد على
سورۂ فاتحہ کا مع ملانی کسی سورت کی مقرر ہی اسلئی کہ نفل اور سنتون کی تمام رکعتون مین قرارت فرض ہی پہر مصلی نفلون کی قعدۂ اولی مین تشہد پر
التشهد ان يصلي على النبي صلى الله عليه وسلم في القعدة الاولى ويأتي بالثناء والتعوذ اذا قام الى الثالثة لكون
درود زیادہ کردی اور سبحانک اللہم اور اعوذ باللہ بہی پڑہی جب تیسری رکعت پر کہڑا ہو اسواسطی
كل شفع صلوة على حدة واما سنة الظهر والجمعة فلكون كل منهما صلوة على حدة لا يأتي فيها بالثناء والتعوذ
کہ ہر دو دو رکعت الگ الگ نماز ہی اور ظہر اور جمعہ کی سنتین اسلئی کہ دو نو نماز علیحدہ مستقل ہین نو سبحانک اللہم اور اعوذ باللہ
اذا قام الى الثالثة ولا يزيد على التشهد في القعدة الاولى حتى ذكر في القنية انه لو صلى على النبي صلى الله عليه وسلم
جب تیسری رکعت پر کہڑا ہو تو نہ پڑہی اور پہلی قعدہ مین تشہد پر کچہہ زیادہ نہ کری یہان تک کہ قنیہ مین مذکور ہی کہ مصلی ظہر کی سنتون کی پہلی
في القعدة الاولى من سنة الظهر ففي وجوب سجود السهو قولان ثم انه يقعد في القعدة الاخيرة كما يقعد في القعدة
قعدہ مین اگر درود پڑہ دی تو سجدہ سہو کی واجب ہونی مین دو قول ہین پہر مصلی قعدۂ اخیرہ مین اسطور بیٹہہ جاوی جیسی پہلی قعدہ مین
الاولى ويتشهد وبعد التشهد يصلي على النبي عليه الصلوة والسلام يقول اللهم صل على محمد وعلى ال محمد كما صليت
بیٹہا تہا اور تشہد پڑہی اور بعد تشہد کی درود پڑہتی اسطور اللہم صل آخر تک الٰہی رحمت نازل کر اوپر محمد اور آل محمد کی جیسی رحمت نازل کی تو نی
على ابرهيم وعلى ال ابرهيم انك حميد مجيد ثم يستغفر لنفسه ولوالديه ان كانا مؤمنين ولجميع المؤمنين والمؤمنت
اوپر ابراہیم اور آل ابراہیم کی بیشک تو صاحب حمد اور بزرگی ہی پہر استغفار کری اپنی اور اپنی ماں باپ کی واسطی اگر وہ دونو مؤمن ہون اور تمام مؤمن مرد اور مؤمن عورتون کی
ويقول اللهم اغفر لي ولوالدي ولجميع المؤمنين والمؤمنت يوم يقوم الحساب ويدعو بالدعوات المأثورة عن
واسطی اور یون کہی الٰہی بخشدی مجکو اور میری ماں باپ کو اور تمام مؤمن مردوں اور مؤمن عورتون کو جس روز حساب قایم ہو اور وہ دعائین پڑہی جو نبی علیہ السلام سی

النبي

النبي عليه الصلوة والسلام ومايشبه الفاظ القران مثل ان يقول رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ
مروی ہین اور جو کہ قرآن کی الفاظ سی ملتی ہون جیسی یہہ دعا ای رب ہمارے دی ہمکو دنیا مین خوبی اور آخرت مین
حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ
خوبی اور بچا ہمکو دوزخ کی عذاب سی ای رب ہمارے دل نہ پھیر جب ہمکو ہدایت دے چکا اور دے ہمکو اپنی ان سی مہربانی تو ہی سب دینی والا
الْوَهَّابُ ونحو ذلك فانه اذا قصد بها الدعاء لا القراءة تكون الفاظا مشبهة بالفاظ القران ولا يكون
اور مانند اسکی کیونکہ مصلی اگر ان آیات کو دعا کی نیت سی پڑہیگا اور قرات کا ارادہ نہو تو یہہ الفاظ مشابہ قرآن کی ہونگی قرآن نہونگی
قرانا حتى يجوز الدعاء بها مع الجنابة والحيض ولا يدعو بما يشبه كلام الناس وهو ما لا يستحيل طلبه منهم
یہان تک کہ ان الفاظ سی جنابت اور حیض مین دعا مانگنی درست ہی اور ایسی دعا نہ مانگی جو آدمیون کی گفتگو سی ملتی ہو یعنی جسکا طلب کرنا ادمیون سی محال نہو
مثل ان يقول اللهم اعطني مالا اللهم ارزقني جارية اللهم زوجني امراة فانه اذا دعى بها تكون صلوته ناقصة
جیسی یہہ کہنی لگی الٰہی مجکو مال دے الٰہی مجکو لونڈی دے الٰہی عورت سی میرا بیاہ کردے پس مصلی اگر ایسی دعا مانگیگا تو اوسکی نماز ناقص ہوگی
لخروجه منها بدون السلام الذي هو واجب فاذا فرغ من الادعية التي بعد التشهد يسلم اولا عن يمينه وثانيا عن
اسلئی کہ نماز سی بدون سلام کی جو کہ واجب تہا باہر آیا پہر جب اون دعاؤنسی جو تشہد کی بعد ہین فارغ ہوا تو سلام پھیری پہلی داہنی طرف اور دوسری بار
يساره ويقول في كل واحد منهما السلام عليكم ورحمة الله ولا يقول في واحد منهما وبركاته فانه من عادة الجهال
بائین طرف اور ہر ایک مین یہہ کہی السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور برکاتہ دونون مین سی کسی مین نہ کہی کیونکہ یہہ جاہلون کی عادت ہی
ولو سلم عن يساره اولا يسلم عن يمينه ما لم يتكلم ولا يعيد السلام عن يساره ولو سلم تلقاء وجهه يسلم عن يساره
اور اگر بائین طرف پہلی سلام پھیر دیا تو داہنی طرف بولنی سی پہلی سلام پھیری اور بائین طرف دوبارہ نہ پھیری اور اگر سلام سامنی چہرہ کی کیا تو فقط بائین طرف پھیری
وهو مروي عن علي كذا ذكره الزيلعي في شرح الكنز وينوي المنفرد في خطاب عليكم جميع من معه من الملئكة ولا
یہہ روایت حضرت علی سی ہی زیلعی نی شرح کنز مین مذکور کیا ہی اور منفرد مصلی علیکم کی خطاب مین اپنی ساتھ کی تمام فرشتون کی نیت کرلی اور
ينوي عددا محصورا فيهم لاختلاف الاخبار في عددهم فقيل مع كل مؤمن خمسة من الملئكة وقيل ستون
کسی عدد معین کی نیت نہ کری اسلئی کہ فرشتون کی عدد مین مختلف خبرین آئی ہین کوئی کہتا ہی ہر مؤمن کی ساتھ پانچ فرشتی ہین کوئی کہتا ہی ساٹھ ہین
وقيل مائة وستون وقيل اثنان وقيل غير ذلك واصح الاقاويل انهم خمسة واحد عن يمينه يكتب الحسنات
اور کوئی کہتا ہی ایک سو ساٹھ ہین کوئی کہتا ہی دو ہین کوئی کچھہ اور کہتا ہی سب مین صحیح قول یہہ ہی کہ پانچ ہین ایک داہنی طرف جو حسنات لکھتا ہی
وواحد عن يساره يكتب السيئات وواحد امامه يلقنه الخيرات وواحد وراءه يرفع عنه المكاره وواحد عند
اور ایک بائین طرف جو برائیان لکھتا ہی ایک سامنی جو خیرات کی تلقین کرتا ہی اور ایک پیچھی جو ایذا کو دور کرتا ہی اور ایک
ناصيته يكتب ما يصلي على النبي صلى الله عليه وسلم ويبلغه ومما ينبغي للمصلي بطريق الادب ان يكون نظره في حال
پیشانی کی پاس جو درود کو لکھتا ہی اور نبی علیہ السلام کی روبرو پہنچاتا ہی اور مصلی کو بطریق آداب کی لایق یہہ ہی کہ قیام کی حالت مین اپنی نگاہ
قيامه الى موضع سجوده وفي ركوعه الى ظهر قدميه وفي حال سجوده الى ارنبة انفه وفي حالة قعوده الى حجره دهر
سجدہ کی جگہہ پر رکہی اور رکوع کی حالت مین پاؤن کی پشت پر اور سجدہ کی اندر ناک کی نتہنے پر اور حالت قعود مین اپنی گود پر جیسا
ما يكون على مجمع فخذيه من ثوبه وعند التسليمة الاولى الى منكبه الايمن وعند التسليمة الثانية الى منكبه
دونون زانو کی جوڑ پر کپڑا رہتا ہی اور پہلا سلام پہرتی ہوئی داہنی مونڈہی پر اور دوسرا سلام پہیرتی ہوی بائین مونڈہی پر
الايسر لان المقصود الخشوع وترك التكلف وذلك كله مقتضى الخشوع لان المصلي اذا ترك التكلف يقع بصره في هذه
اسلئی کہ غرض انکسار ہی اور تکلف کا ترک کرنا اور یہہ تمام باتین انکسار کی ہین اور اسواسطی کہ مصلی جب تکلف نہ کرتا ہی تو اوسکی نگاہ ایسی ہی جگہہ

المواضع سواء قصد اولم یقصد ومما ینبغی له ایضا ان یکون ما بین قدمیه فی حال القیام قدر اربع اصابع مضمومة

پڑتی ہی برابر ہی قصد کری یا نہ کری اور مصلی کو یہہ بہی چاہئی کہ دونو پانو کی بیچہین قیام کی وقت برابر چار ملی ہوئی اونگلیون کی فرق رکہی

ویکره له التمایل علی یمناه مرة وعلی یسراه اخری لانه من العبث المنافی للخشوع یسرنا الله عمل الخاشعین

اور مکروہ ہی کہ کبہی داہنی پانو پر جہکجاوی اور کبہی بائین پر اسواسطی کہ یہہ سبب عبث انکسار کی خلاف ہی الٰہی ہمپر آسان کر عمل خاشعین کا

المجلس الرابع والخمسون فی بیان فضیلة الجماعة وذکر الوعید فی ترکها

قال رسول الله

مجلس چونّن جماعت کی فضیلت مین اور جماعت ترک کرنی کی وعید مین رسول الله

صلی الله علیه وسلم صلوة الجماعة تفضل صلوة الفذ بسبع وعشرین درجة هذا الحدیث من صحاح

صلی الله علیه وسلم نی فرمایا جماعت کی نماز منفرد کی نماز پر ستائیس درجہ بڑہتی ہی یہہ حدیث مصابیح کی

المصابیح رواه ابن عمر ومعناه ان الصلوة مع الجماعة تزید فی الثواب علی صلوة المنفرد بسبع وعشرین درجة

صحیح حدیثون مین ہی ابن عمر کی روایت سی اسکی یہہ معنی ہین کہ جماعت کی نماز ثواب مین منفرد کی نماز پر ستائیس درجہ زیادہ ہوتی ہی

فعلی هذا ینبغی للمؤمن ان یداوم علی اداء الصلوات الخمس بالجماعة لینال الثواب الموعود فان الجماعة فیها

اس روایت کی موافق مؤمن کو لازم ہی کہ ہمیشہ پانچون نمازین جماعت کی ساتہہ ادا کیا کری تاکہ ثواب وعدہ کیا ہوا پاوی کیونکہ نماز مین جماعت

سنة مؤکدة غایة التاکید فی قوة الواجب حتی لو ترکها اهل بلدة یجب قتالهم بالسلاح لکونها من شعایر

سنت مؤکدہ بہت تاکید سی قریب واجب کی ہی یہان تک کہ اگر کسی شہر والی جماعت چہوڑ دین تو اونکو ہتیارسی قتل کرنا واجب ہی اسواسطی کہ جماعت اسلام کی

الاسلام وخصائصه التی لم تکن فی سائر الادیان وان ترکها بعض منهم بغیر عذر یجب تعزیره ولا یقبل

نشانی اور ایسی خاص عبادت ہی کہ تمام دینون مین نہین ہی اور اگر جماعت کو کوئی شخص بلا عذر ترک کردی تو اوسکو تعزیر دینی واجب ہی اور اوسکی گواہی

شهادته ویأثم الجیران بالسکوت عنه والمطر والطین والبرد الشدید والظلمة الشدیدة عذر وتکرار الفقه

معتبر نہین اور اوسکی ہمسایہ گنہگار ہوتی ہین اگر چپ کر رہین اور مینہہ اور کیچڑ کی کثرت اور جاڑی کی شدت اور اندہیری کی زیادت عذر ہی اور فقہ کی بحث

ومطالعة کتبه لیس بعذر وقیل عذر اذا لم یکن عن تکاسل وقلة مبالاة بها ولم یواظب علی ترکها واختلف العلماء

اور فقہ کی کتابون کا مطالعہ عذر نہین ہی اور کوئی کہتا ہی عذر ہی اگر سستی کی ماری اور جماعت کی بی پروائی سی نہو اور ترک جماعت کی عادت نکرلی اور علماء گہر کی

فی اقامتها فی البیت والاصح انها کاقامتها فی المسجد الا فی الفضیلة ومن فاتته فی مسجده لا یجب علیه الطلب

اندر جماعت کرنی مین اختلاف کرتی ہین اصح مذہب یہہ ہی کہ گہر کی اندر جماعت تو ایسی ہی جیسی مسجد مین پر وتنی فضیلت نہین ہی اور جسکو جماعت اوسکی مسجد مین ہاتہہ نلگی تو اوسپر واجب نہین

فی مسجد اخر بل ان جاء الی مسجد اخر وصلی مع الجماعة فهو حسن وان صلی فی مسجده فهو حسن وان دخل منزله

اور مسجد مین تلاش کری بلکہ اگر اور مسجد مین گیا اور جماعت کی نماز پڑہی تو بہتر ہی اور اگر اپنی مسجد مین پڑہ لی تو بہی بہتر ہی اور اگر اپنی گہر مین جاکر اپنی

وصلی فیه باهله جماعة فهو حسن واولی الناس بالامامة اعلمهم باحکام الصلوة وان تساووا فی العلم فاقرءهم

اہل کی ساتہہ جماعت سی پڑہی تو بہتر ہی اور امامت کی واسطی وہ شخص اولیٰ جو مسایل نماز کی زیادہ جانتا ہو اور اگر علم مسائل مین سب برابر ہون تو اچہا قاری

وان تساووا فی العلم والقراءة فاورعهم وان تساووا فی هذه الاوصاف الثلثة فاکبرهم سنا وان تساووا فی هذه الاربعة

اور اگر علم اور قرارت مین برابر ہون تو بڑا پرہیزگار اور اگر ان تینون اوصاف مین برابر ہون تو جو عمر مین بڑا ہو اور اگر ان چارون اوصاف مین برابر ہون

فاحسنهم خلقا وان تساووا فی هذه الخمسة فاحسنهم وجها وان تساووا فی هذه الستة فاشرفهم نسبا وان

تو جسکا خلق نیک ہو اور اگر ان پانچون مین برابر ہون تو جو خوب صورت ہو اور اگر ان چہون وصف مین برابر ہون تو جو نسب مین شریف ہو اور اگر

تساووا فی هذه السبعة فانظفهم ثوبا وان تساووا فی هذه الصفات کلها یقرع او یکون الخیار الی الجماعة ویکره تقدیم

ان ساتون وصف مین برابر ہون تو جسکی پوشاک اچہی ہو اور اگر ان تمام اوصاف مین برابر ہون تو قرعہ ڈالین یا جماعت والون کو اختیار ہی اور فاسق کو امام کرنا

الفاسق

الفاسق کراهة تحریم لانه لایهتم لامر دینه مع ان تقدیمه للامامة تعظیم له وقد وجب اهانته شرعا وکذا
مکروہ تحریمی ہی کیونکہ وہ اپنی دین کا اہتمام نہیں کرتا باوجودیکہ اوسکا آگی بڑہانا امامت کی لئی اسمین اوسکی تعظیم ہوتی ہی اور شرع مین اوسکی اہانت واجب ہی ایسی ہی
یکرہ تقدیم المبتدع وهذا اذا لم یؤد بدعته الی حد الکفر واما اذا ادت الیه فلا کلام فی عدم جواز تقدیمه
بدعتی کا امام کرنا مکروہ ہی یہہ جبہتک ہی کہ اوسکی بدعت حد کفر تک نہ پہنچی ہو اور اگر کفر تک پہنچی تو پہر اوسکی امامت کی ناجایز ہونی مین کچہہ کلام نہین
ومن دخل المسجد ورای ان الجماعة قد قامت فانه یقوم بانقص الجانبین من الصف حتی یصیر الامام بحذاء وسط
اور جو شخص مسجد مین آیا دیکہا کہ جماعت کہڑی ہوگئی تو پہر یہہ شخص صف مین اودہر جا کہڑا ہو جدہر آدمی کم ہون تاکہ امام صف کی بیچمین ہو جاوی
الصف فان استویا یقوم فی الجانب الایمن والقیام فی الصف الاول افضل من الثانی وفی الثانی افضل من الثالث
اور اگر دونو جانب برابر ہون تو دہنی طرف جا کہڑا ہو اور پہلی صف مین کہڑا ہونا دوسری صف سی افضل ہی اور دوسری مین تیسری صف سی
هکذا الی اخر الصفوف لما روی فی الاخبار ان الله تعالی اذا انزل الرحمة علی الجماعة ینزلها اولا علی الامام ثم یتجاوز عنه
ایسی ہی آخر صفوف تک اسواسطی کہ حدیثون مین روایت ہی کہ اللہ تعالی جب جماعت پر رحمت نازل کرتا ہی تو پہلی امام پر پہر اوسی بڑہ کر اوسپر
الی من بحذائه فی الصف الاول ثم الی الیامن ثم الی المیاسر ثم الی الصف الثانی وروی انه علیه الصلوة والسلام قال یکتب
جو اوسکی سیدہ پر پہلی صف مین ہی پہر اوسکی دہنی طرف پہر بائین طرف پہر دوسری صف پر اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اوسکی واسطی
للذی خلف الامام بحذائه مائة صلوة وللذی فی الجانب الایمن خمس وسبعون وللذی فی الجانب الایسر خمسون وللذی
جو امام کی پیچہی سیدہ پر ہوتا ہی سو نمازین لکہی جاتی ہین اور اوسکی لئی جو دہنی طرف ہوتا ہی پچہتر نمازین اور اوسکی لئی جو بائین طرف ہی پچاس نمازین اور اوسکی لئی
فی سائر الصفوف خمس وعشرون ومن دخل المسجد ورای ان الصف الاول قد تکامل فانه لا یزاحم فیه لانه ایذاء والقیام
جو اور تمام صفون مین ہی پچیس نمازین اور جو شخص مسجد مین آیا دیکہا کہ پہلی صف پوری ہوچکی تو یہہ شخص اوسمین نہ دہسی کیونکہ ایذا رسانی ہی اور
فی الصف الثانی خیر من الایذاء وان وجد فی الصف الاول فرجة دون الثانی یخرق الثانی اذ لا حرمة لهم لتقصیرهم وارتکابهم
دوسری صف مین کہڑا ہونا ایذا دینی سی بہتر ہی اور اگر پہلی صف مین جگہ باقی پاوی اور دوسری مین نہین تو دوسری کو چیر کر چلا جاوی اسواسطی کہ اب اونکی کچہہ عزت نہین
الاثم حیث لم یسدوا الصف الاول فان السنة انما م الصف الاول ثم الذی یلیه فما کان من نقص فلیکن فی الصف
اختیار کیا کہ صف اول کو پوری نکی کیونکہ طریق مسنون یہہ ہی کہ پہلی صف اول کو پوری بہرلین پہر اوسکی پاس کیکو پہر اگر کچہہ نقصان رہی تو سب سی پچہلی
الاخیر لما روی انه علیه السلام قال اتموا الصف المقدم ثم الذی یلیه فما کان من نقص فلیکن فی الصف المؤخر وروی
صف مین ہو اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا پوری کرو اگلی صف کو پہر اوسکی پاس کیکو پہر اگر نقصان باقی رہی تو چاہی پچہلی صف مین ہو اور
عن عائشة انه علیه الصلوة والسلام قال لا یزال قوم یتاخرون عن الصف الاول حتی یؤخرهم الله فی النار یعنی ان
عایشہ رض سی روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نی فرمایا ہمیشہ آدمی صف اول سی پیچہی ہٹتی جاتی ہین یہان تک کہ اونکو ہٹا کر اللہ آگ مین ڈالدیتا ہی مراد یہہ ہی
التاخر عن الصف الاول تاخر عن الخیر والثواب فمن تاخر عن الخیر والثواب یتاخر عن رحمة الله تعالی وعن دخول
کہ صف اول سی ہٹ رہنا خیر اور ثواب سی ہٹ رہنا ہی پہر جو شخص خیر اور ثواب سی ہٹ رہا وہ رحمت الہی اور دخول جنت سی
الجنة فیلزم دخوله فی النار الا ان یغفر الله تعالی له والسنة ایضا تسویة الصفوف والتراص فیها والمقاربة بینها
ہٹ رہا اب اوسکا دوزخ مین داخل ہونا لازم آیا یا اللہ اوسکو بخشدی اور صفون کا سیدہا کرنا اور استوار کرنا اور خوب ملکر کہڑا ہونا بہی مسنون ہی
لما روی عن انس انه علیه الصلوة والسلام قال سووا صفوفکم فان تسویة الصفوف من تمام الصلوة وفی روایة
اسواسطی کہ انس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا برابر کرو اپنی صفون کو بیشک صفون کا سیدہا کرنا تمامی نماز سی ہی اور ایک روایت مین
من اقامة الصلوة وعن النعمان بن بشیر انه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یسوی صفوفنا حتی کانما یسوی
ہی نماز کی درستی مین سی ہی اور نعمان بن بشیر سی روایت ہی کہ کہتا تہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری صفون کو سیدہا کیا کرتی تہی یہان تک کہ جیسی

القداح فرای رجلا بادیا صدرہ من الصف فقال عباد الله لتسون صفوفکم اولیخالفن الله بین وجوھکم قیل المراد
تیر سیدھا کرتی ہیں پہر ایک شخص کو دیکہا کہ سینہ صف سی باہر نکالی ہوئی تہا فرمایا ای بندگان الٰہی اپنی صفیں سیدہی کرو نہیں تو اللہ تعالی تمہاری چہری بگاڑ دیگا بعضی کہتی ہیں
بالوجوہ القلوب بدلیل قوله علیه السلام فی حدیث اخر لا تختلفوا فتختلف قلوبکم فان اختلاف القلوب یفضی
چہروں سی مراد دل ہیں اس دلیل سی کہ ایک اور حدیث میں آیا ہی آگی پیچھی نہونا پہر تمہاری دل مختلف ہوجاوینگی بیشک دلوں کی اختلاف سی
الی اختلاف الوجوہ باعراض بعضهم عن بعض لان تقدم الخارج عن الصف تفوق علی الداخل فیه وتاخر الخارج عنه
چہری مختلف ہوجاتی ہیں کیونکہ ہر ایک دوسری سی منہہ پہیرتا ہی اسواسطی کہ صف سی آگی بڑہنی والا صف کی برابر والی سی باہر ہوجاتا ہی اور پیچھی کو ہٹنی والا
ایذاء لمن خلفه وکلاهما سبب للبغض والعداوة فکانه علیه الصلوة والسلام قال ان لم تتفقوا فی الظاهر عند اقامة
اپنی سی پچہلی کو ایذا دیتا ہی اور یہہ دونو باتیں باعث بغض اور عداوت کی ہیں پس گویا نبی علیه الصلوة والسلام نی یہہ ارشاد کیا اگر تم ظاہر میں بروقت قایم ہونی
الصلوة بالجماعة ولم تطیعوا امر الله تعالی ورسوله فیها یقع بینکم العداوة والبغضاء وروی عن انس انه علیه الصلوة
جماعت نماز کی اتفاق نہ کروگی اور اسمیں اللہ اور رسول کی حکم کی اطاعت نہ کروگی تو تمہاری بیچمیں عداوت اور دشمنی پیدا ہوجائیگی اور انس سی روایت ہی کہ نبی علیه الصلوة والسلام
والسلام قال رصوا صفوفکم وقاربوا بینها وحاذوا بالاعناق فوالذی نفسی بیدہ انی لاری الشیطان یدخل فی خلل الصف
فرمایا اپنی صفیں استوار کرو اور مل کر کہڑا ہوا کرو اور گردنیں برابر رکہا کرو قسم ہی اوسکی جسکی قبضہ میں میری جان ہی بیشک شیطان کو میں دیکہتا ہوں کہ وہ صف کی چہدا ومیں گہستا ہی
کانها الحذف والحذف بفتحة الحاء المهملة والذال المعجمة غنم سود صغار من غنم الحجاز فکان الشیطان تبصر لیدخل
گویا سیاہ بکری کا بچہ ہی اور حذف حا بی نقطہ اور ذال بانقطہ کی زبر سی سیاہ بکریاں چہوٹی چہوٹی حجاز کی بکریوں میں سی گویا شیطان یہہ تاکتا رہتا ہی کہ صف کی
فی خلل الصف ویشوش علی المصلین ویقطع علیهم صلوتهم ومن اتی الجماعة یکرہ له القیام خلف الصف وحدہ متی وجد
چہداومیں گہسکر نمازیوں کی دل پریشان اور اونکی نماز خراب کردی اور جو شخص جماعت میں ملی تو اوسکو صف کی پیچھی اکیلا کہڑا ہونا مکروہ ہی جبتک صف میں
فی الصف فرجة وان لم یوجد فی الصف فرجة ینتظر الی الرکوع فان جاء واحد یقوم احدهما فی جنب الاخر بحذاء الامام
جگہہ ملی اور اگر صف میں جگہ نہ ملی تو رکوع تک منتظر کہڑا رہی اگر کوئی اور آگیا تو دونو برابر برابر امام کی سیدہ پہ کہڑی ہوجاویں
والا یجذب واحدا من الصف الی نفسه فیقف فی جنبه لکن الاولی فی زماننا القیام وحدہ بحذاء الامام لغلبة الجهل
اور نہیں تو صف میں سی ایک کو اپنی پاس کہینچکر اوسکی برابر کہڑا ہوجاوی پر اس زمانہ میں اولی یہہ ہی کہ تنہا امام کی سیدہ پہ کہڑا ہوجاوی کیونکہ لوگوں پر جہالت غالب ہی
علی الناس فلو جر احدا یفسد الصلوة ومن یصلی مع واحد یقیمه عن یمینه ولا یجوز للمقتدی ان یتقدم علی امامه
اگر کسیکو پیچھی کہینچیگا تو وہ نماز فاسد کردیگا اور جو شخص ایک کی ساتہہ نماز پڑہی تو اوسکو اپنی داہنی طرف کہڑا کرلی اور مقتدی کو جایز نہیں ہی کہ امام سی آگی بڑہ کر کہڑا ہو
والمعتبر موضع القدم حتی لو کان المقتدی اطول من امامه بحیث یقع سجودہ قدام الامام لکن قدمه غیر متقدمة
اور اسمیں اعتبار قدم کی جگہ کا ہی یہاں تک کہ اگر مقتدی امام سی اتنا لنبا ہووی کہ اوسکا سجدہ امام سی آگی واقع ہوتا ہو پر اوسکا قدم امام کی قدم سی آگی بڑہا ہوا نہیں ہی
علی قدم الامام یجوز والمعتبر فی القدم العقب حتی لو کان عقب المقتدی غیر متقدم علی عقب الامام لکن قدمه
تو جایز ہی اور قدم میں ایڑی کا اعتبار ہی یہاں تک کہ اگر مقتدی کی ایڑی امام کی ایڑی سی آگی بڑہی ہوئی نہووی پہ قدم مقتدی کا
اطول من قدم الامام بحیث یقع اصابعه قدام اصابع الامام یجوز وعن محمد یجعل المقتدی الواحد اصابعه
امام کی قدم سی اتنا دراز ہو کہ اوسکی اونگلیاں امام کی اونگلیوں سی بڑہ جاتی ہیں تو جایز ہی اور امام محمد سی روایت ہی کہ اکیلا مقتدی اپنی اونگلیاں
عند عقب الامام ومن یصلی مع الاثنین یتقدم علیهما وعن ابی یوسف انه یتوسطهما فلو اقام الواحد خلفه او عن
امام کی ایڑی کی پاس رکہی اور جو شخص دو مقتدیوں کی ساتہہ نماز پڑہی تو اونسی آگی بڑہ کر کہڑا ہو اور ابو یوسف سی روایت ہی کہ دونوں کی بیچ میں کہڑا ہو پس اگر ایک مقتدی کو پیچھی
یساره یکرہ ولو توسط الاثنین لا یکرہ ولو توسط الاکثر یکرہ ومن دخل المسجد ووجد الامام فی الجهر بالقراءة یقتدی
یا بائیں طرف تو مکروہ ہی اور امام دو کی بیچمیں کہڑا ہو جاوی تو مکروہ نہیں ہی اور اگر دو سی زیادہ کی بیچمیں کہڑا ہو تو مکروہ ہی اور جو شخص مسجد میں آکر امام کو قراءت جہری پڑہتا پاوی تو جماعت

به ولا یاتی بالثناء بل یستمع وینصت وان وجده فی الرکوع یکبر للافتتاح قائما ثم یرکع لکن ان وقع رکوعه مع رفع الامام
اور سبحانک اللهم نہ پڑہی بلکہ چپ رہ کر سنا کری اور اگر امام کو رکوع میں پاوی تو تکبیر تحریمہ کہڑی ہوئی کہہ کر پہر رکوع میں جہکی پر رکوع اگر امام کی سر اوٹہاتی ہوئی واقع ہوگا
راسه لا یکون مدرکا لتلک الرکعة بل یکون مسبوقا لان ادراک الرکعة انما یتحقق اذا وجد المشارکة مع الامام
تو اوسکو وہ رکعت حاصل نہوگی بلکہ باعتبار اس رکعت کی مسبوق ہوگا اسوسطی کہ رکعت کا حاصل ہونا جب ہی ہوتا ہی کہ امام کی ساتہہ حاضری رکوع میں
فی الرکوع کله او فی مقدار تسبیحة ولم توجد وان کبر حال کونه الی الرکوع اقرب لا یصیر شارعا فی الصلوة لان الشرط وقوع
یا برابر ایک بار سبحان ربی العظیم کی شرکت پائی جاوی اور شرکت پائی نہیں گئی اور اگر اسنی تکبیر تحریمہ ایسی حال میں کہی کہ رکوع کا نزدیک تہا تو اس صورت میں نماز ہی میں شامل
تکبیرة الافتتاح فی محض القیام ولم یوجد ومن اتی المسجد ووجد الامام فی السجدة او القعدة یلزم ان یکبر للافتتاح
یہہ ہی کہ تکبیر تحریمہ خالص قیام میں موسوئی ہوئی نہیں اور جو شخص مسجد میں آیا دیکہا کہ امام سجدہ میں ہی یا قعدہ میں ہی تو لازم ہی کہ تکبیر تحریمہ قیام خالص میں کہہ کر
قائما ثم یبادر الی متابعة الامام فی السجدة او القعدة وان لم یکن تلک السجدة وتلک القعدة محسوبة من صلاته
پہر جلدی کی واسطی متابعت امام کی سجدہ میں یا قعدہ میں شریک ہوجاوی اگرچہ وہ سجدہ اور وہ قعدہ اسکی نماز میں مجرا نہوگا
لکن یلزمه ان یکبر للافتتاح قائما ثم بادر الی متابعة الامام فی السجدة والقعدة وکثیر من الناس لا یفعلون کذلک
پر اسکو لازم یہہ ہی کہ تکبیر تحریمہ قیام میں کہہ کر جلدی سی سجدہ میں اور قعدہ میں امام کی متابعت کری اور اکثر لوگ ایسا نہیں کرتی
بل یجئ احدهم المسجد ویجد الامام فی السجدة او فی القعدة فیقف منتظرا اباه حتی یفرغ من السجدة او القعدة ویعود
بلکہ بعضا شخص مسجد میں آکر امام کو سجدہ یا قعدہ میں پاتا ہی تو اتنی دیر امام کا منتظر کہڑا رہتا ہی کہ سجدہ یا قعدہ سی فارغ ہوکر کہڑا ہو
الی القیام ثم یقتدی به فمن یفعل کذلک فانه یضیع علی نفسه اجرا کبیرا وثوابا کثیرا فاللازم له ان یکبر للافتتاح
پہر اوسکا اقتدا کرتا ہی سو جو شخص ایسا کرتا ہی تو اپنا بڑا ہی ثواب اور اجر عظیم کہوتا ہی اوسکو لازم یہہ ہی کہ کہڑی ہوئی تکبیر تحریمہ کہہ کر
قائما ثم یسارع الی متابعة الامام فی ای حال کان لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال اذا جئتم الی الصلوة
جلدی سی امام کی متابعت کری امام کسی ہی حال میں ہو اسوسطی کہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا کہ جب تم نماز کی لئی آؤ
ونحن سجود فاسجدوا ولا تعدوها شیئا وروی عن ابن مسعود انه قال فی المسبوق المذکور لعله لا یرفع راسه حتی یغفر
اور ہم سجدہ میں ہوں تم ہی سجدہ کرو اور اوسکو کچہہ مجرا نہ سمجہو اور ابن مسعود سی روایت ہی کہ ایسی مسبوق کی حق میں کہتی تہی شاید کہ ابہی سر نہ اوٹہاویگا جو اللہ اسکو بخشدیگا
له ویکره للمقتدی ان یسارع الی الرکوع والسجود قبل الامام وان یرفع راسه من الرکوع والسجود قبل الامام لما روی عن
اور مقتدی کو مکروہ ہی کہ امام سی پہلی رکوع اور سجدہ میں جلدی سی چلا جاوی اور امام سی پہلی رکوع اور سجدہ میں سی سر اوٹہالی اسلئی کہ ابو ہریرہ سی
ابی هریرة انه علیه الصلوة والسلام قال انما جعل الامام لیؤتم به فلا تختلفوا علیه فاذا رکع فارکعوا واذا قال سمع الله لمن حمده
روایت ہی کہ نبی علیه الصلوة والسلام نی فرمایا امام اسی واسطی مقرر ہوا ہی کہ اوسکی اطاعت کریں سو اوسکی خلاف نہ کرو جب وہ رکوع کری تو تم رکوع کرو اور جب وہ سمع الله لمن حمده کہی
فقولوا ربنا لک الحمد واذا سجد فاسجدوا وفی حدیث اخر انه علیه الصلوة والسلام قال ما یومن احدکم اذا رفع راسه
تو تم ربنا لک الحمد کہو اور جب وہ سجدہ کری تو تم سجدہ کرو اور ایک اور حدیث میں ہی کہ نبی علیه الصلوة والسلام نی فرمایا اگر کوئی تم میں سی امام سی پہلی رکوع اور سجدہ میں سی
من الرکوع والسجود قبل الامام ان یجعل الله راسه راس حمار ویجعل صورته صورة حمار وفی هذین الحدیثین وعید شدید
سر اوٹہالی تو اس عذاب سی اوسکو کیا بچاؤ ہی کہ اللہ تعالی اوسکا سر گدہی کا سا بنا دی اور اوسکی صورت گدہی کیسی پلٹ دی اور ان دونو حدیثوں میں موافق بیان کرمانی کی
علی ما ذکره الکرمانی لان المسخ عقوبة لا تشبه سائر العقوبات فلذلک ضرب بها المثل لیتقی هذا الصنع ویحذر ومن
بڑا سخت وعید ہی اسلئی کہ صورت کا بدل دینا تمام عقوبات سی بڑہ کر ہی سو اسہیلئی اسکو ضرب المثل کیا تا کہ اس کردار سی بچیں اور باز رہیں اور جو شخص
دخل المسجد ووجد القوم قد شرعوا فی الصلوة یکره له ان یدخل فی خلال الصف ویصلی السنة مخالطا للصف فیخالفهم
مسجد میں آکر دیکہی کہ جماعت قوم کی شروع ہوگئی ہی اب اسکو مکروہ ہی کہ صف کی اندر کہسکر صف میں ملی ہوئی سنتیں پڑہنی لگی

في القيام والقعود والركوع والسجود بل السنة ان يصلي السنة في بيته وهو افضل او في خارج المسجد او خلف اسطوانة

بہ قیام اور قعود اور رکوع اور سجود میں اونکی مخالفت کیجاۓ بلکہ طریق مسنون یہی ہی کہ سنتین اپنی گہر میں پڑہی یہہ تو سب سی بہتر ہی یا مسجد سی باہر پڑہی یا ستون کی اوٹ میں

او ما اشبه ذلك في كونه حائلا لان الاتيان بها خلف الصف من غير حائل مكروه وفي خلال الصف اشد كراهة ويكره

یا اسکی مانند کسی اور چیز کی اوٹ میں پڑہی اسلئی کہ سنتون کا پڑہنا صف کی پیچہی بدون حایل ہونی کسی چیز کی مکروہ ہی اور صف کی اندر ملکر تو بہت ہی مکروہ ہی اور امام کو مکروہ ہی

للامام ان يثقل على القوم بالطويل الزائد عن حد اقل السنة في القراءة والاذكار على وجه يحصل الملل للقوم لان

کہ قوم پر قرارت اور اذکار میں کم درجہ مسنون سی زیادہ بڑہا کر اتنا بوجہ ڈالی کہ قوم کو ملالت آنی لگی اسواسطی کہ اس صورت میں جماعت سی نفرت کرنی لگینگی

ذلك يسبب التنفير عن الجماعة والتنفير عن الجماعة يؤدي الى حرمان الثواب الزائد على صلوة الفرد بسبع وعشرين درجة و

اور جماعت کی نفرت کرنی میں اوس ثواب سی محروم ہو جاوینگی جو اکیلی کی نماز پر ستائیس درجہ زیادہ ہوتا ہی اور

يكون مكروها لكن لا ينبغي ان ينقص عن قدر اقل السنة في القراءة والتسبيحات اللهم لانهم غير معذورين فيه وسنة القراءة

مکروہ ہوویگا لیکن یہہ نہین چاہی کہ قرارت اور تسبیحات مین کم درجہ مسنون سی گہٹا دی یا الٰہی شاید اسواسطی کہ اونکو اسمین کوئی عذر نہین ہی اور فجر کی

في صلوة الفجر في الركعتين ادناها بعد الفاتحة اربعون اية واوسطها ستون اية واعلاها مائة اية لما روي انه عليه السلام

نماز میں دونو رکعت کی اندر قرارت مسنون ادنی درجہ بعد سورۂ فاتحہ کی چالیس آیتین اور بیچکا درجہ ساٹہہ آیتین اور اعلی درجہ سو آیتین ہین اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام

كان يقرأ في صلوة الصبح بعد الفاتحة مقدار اربعين اية او ستين اية او مائة اية واحيانا كان يقرأ سورة ق واحيانا

صبح کی نماز مین بعد سورہ فاتحہ کی تخمینا چالیس آیتین یا ساٹہہ آیتین یا سو آیتین پڑہا کرتی تہی اور بعضی دفعہ سورۂ ق پڑہتی تہی اور کبہی

كان يقرأ سورة الروم وقد ثبت على ما ذكر في سفر السعادة ان ابن عمر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامرنا بالتخفيف

سورۂ روم پڑہتی تہی اور ثابت ہو چکا ہی چنانچہ سفر السعادت مین مذکور ہی کہ ابن عمر کہتا ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمکو تخفیف کی لئی فرمایا کرتی تہی

ويؤمنا بالصّٰفّٰت ويعلم من هذا ان قراءة والصّٰفّٰت من باب التخفيف الذي امر به النبي صلى الله عليه وسلم وادنى ما

اور آپ امامت مین والصافات پڑہتی اس سی معلوم ہوتا ہی کہ والصافات کا پڑہنا تخفیف مین داخل ہی جسکی لئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتی تہی اور رکوع

يحصل به السنة في تسبيحات الركوع والسجود ثلث لما روي انه عليه الصلوة والسلام قال اذا ركع احدكم فليقل

اور سجود کی تسبیحات مین ادنی درجہ سنت کا تین بار ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام فرماتی تہی جب کوئی رکوع کری

ثلث مرات سبحان ربي العظيم وذلك ادناه واذا سجد فليقل سبحان ربي الاعلى ثلث مرات وذلك ادناه والمراد ادنى ما

تو تین بار سبحان ربی العظیم کہی اور یہہ ادنی مرتبہ ہی اور جب سجدہ کری تو تین بار سبحان ربی الاعلی کہی اور یہہ ادنی مرتبہ ہی اور مراد یہہ ہی کہ ادنی درجہ

يحصل به السنة ولذلك يكره النقص عن الثلث وان زاد على الثلث فهو افضل لان الثلث اذا كان الادنى فلا شك

جسمین سنت ادا ہو جاوی اور اسی لئی تین بار سی کم کہنا مکروہ ہی اور اگر تین بار سی زیادہ کہی تو افضل ہی اسلئی کہ تین مرتبہ جب ادنی درجہ ٹہرا تو بیشک

ان الزيادة على الادنى تكون افضل لكن الامام لا يزيد على الثلث الا برضى الجماعة فاذا زاد برضاهم فالسنة ان يختم

ادنی مرتبہ پر زیادہ کہنا افضل ہوویگا پر امام تین بار سی زیادہ بدون مرضی جماعت کی نہ بڑہاوی پہر جب اونکی مرضی سی زیادہ بڑہاوی تو پہر مسنون یہہ ہی کہ طاق پر

على وتر وهو اما خمس او سبع لان الثلث لما كان الادنى وكان المستحب الايتار ناسب ان يكون الاوسط خمسا والاكمل

ختم کری اور وہ یا تو پانچ ہی یا سات اسلئی کہ تین مرتبہ جب ادنی ٹہرا اور ایتار بہرحال مستحب ہی تو مناسب ہوا کہ بیچکا درجہ پانچ دفعہ ہو اور کامل مرتبہ

سبعا ويكره للامام ان يعجلهم عن اكمال اقل السنة في تسبيحات الركوع والسجود وقراءة التشهد لكن لو رفع الامام راسه

سات دفعہ اور امام کو مکروہ ہی کہ جلدی کرکر قوم کو ادنی مرتبہ سنت کا رکوع اور سجود کی تسبیحات مین اور تشہد کی پڑہنی مین پورا نکرنی دی لیکن اگر امام رکوع اور سجود مین سی

من الركوع والسجود قبل ان يسبح المقتدي ثلثا فانه يتابع واما لو قام الامام من القعدة الاولى الى الركعة الثالثة قبل ان

اس سی پہلی سر اوٹہا لی کہ مقتدی تین بار تسبیح کہی تو مقتدی متابعت ہی کری ہان اگر امام قعدۂ اولی سی تیسری رکعت کی لئی اس سی پہلی کہڑا ہو جاوی

يتم المقتدي التشهد فانه يتمه ثم يقوم وان قام قبل ان يتمه يجوز وكذا لو سلم الامام في القعدة الاخيرة قبل ان
کہ مقتدی تشہد پورا کرلی تو اب مقتدی تشہد پورا کری پہر کہڑا ہو اور اگر پورا کرنی سی پہلی کہڑا ہوجاوی تو بہی جایز ہی اور ایسی ہی اگر امام قعدۂ اخیرہ مین اس سی پہلی
يتم المقتدي التشهد فانه يتمه ثم يسلم وان سلم قبل ان يتمه يجوز ولو سلم الامام قبل اتيان المقتدي بالصلوة
سلام پہیر دی کہ مقتدی تشہد پورا کری تو اب مقتدی تشہد پورا کری پہر سلام پہیری اور اگر تشہد پورا کرنی سی پہلی سلام پہیر دی تو بہی جایز ہی اور اگر امام نی سلام اس سی پہلی پہیرا
والدعاء يتابعه لانها سنة بخلاف التشهد فانه واجب المجلس الخامس والخمسون في بيان صلوة
اور دعا پڑہی تو اب امام کی متابعت ہی کری اسواسطی کہ یہہ سنت ہی بخلاف تشہد کی کہ یہہ واجب ہی مجلس پچپن نماز جنازہ

المجلس الخامس والخمسون في بيان صلوة الجنازة وكيفيتها

الجنازة وكيفيتها قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صليتم على الميت فاخلصوا له الدعاء هذا الحديث من حسان
اور اوسکی کیفیت کی بیان مین رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا جب تم مردی پر نماز پڑہو تو اوسکی لئی خالص دعا کرو یہہ حدیث مصابیح کی حسن
المصابيح رواه ابو هريرة وقد ذكر فيه الصلوة على الميت مع اخلاص الدعاء له فيها فلا بد من معرفتها وهي فرض كفاية لقوله تعالى
حدیثون مین سی ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور بیشک اسمین نماز جنازہ کا ذکر ہی کہ اوسمین مردہ کی واسطی خالص دعا ہو سو اوسکی معرفت ضرور ہی اور وہ بدلیل اس آیت کی فرض الکفایہ
وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ فانه تعالى امر بها في هذه الاية فتكون فرضا وانما كانت فرضيتها على الكفاية
اور نماز پڑہ اون پر بیشک تیری نماز اونکی لئی آسودگی ہی کیونکہ الله تعالی نی اوس نماز کا اس آیت مین امر فرمایا تو فرض ہوگئی اور اوسکی فرضیت علی الکفایہ اس لئی ہی
لان في ايجابها على الجميع استحالة او حرجا فاكتفى بالبعض ولو كان واحدا لكن الافضل ان تكون بالجماعة ويقصد
کہ تمام خلق پر واجب کرنی مین تو بہت دشواری اور حرج ہی لاچار بعض پر اکتفا کیا گیا اگرچہ ایک ہی شخص ہو پر افضل یہہ ہی کہ نماز جنازہ جماعت سی ہو اور جتنی
كثرتهم لما روي عن ابن عباس انه عليه الصلوة والسلام قال ما من رجل يموت فيقوم على جنازته اربعون رجلا
زیادہ ہو سو بہتر اسواسطی کہ ابن عباس کی روایت ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا جو شخص مر جاوی پہر اوسکی جنازہ پر چالیس مرد مؤمن جو
لا يشركون بالله شيئا الا شفعهم الله فيه وفي حديث اخر رواية ام المؤمنين عائشة انه عليه الصلوة والسلام
کچہہ شرک نہین کرتی مین کہڑی ہوں پہر الله اونکی شفاعت اوسکی حق مین مان ہی لیتا ہی اور ایک اور حدیث مین ام المؤمنین عائشہ کی روایت سی ہی کہ نبی علیه الصلوة والسلام نی
قال ما من ميت يصلي عليه امة من المسلمين يبلغون مائة كلهم يشفعون له الا شفعهم الله فيه وسبب
فرمایا جو مردہ کہ اوسپر ایک جماعت مسلمانون کی جو سو تک پہنچ جاوی نماز پڑہی وہ سب اوسکی شفاعت کرین تو اونکی شفاعت اوسکی حق مین الله قبول کرتا ہی اور وجوب
وجوبها للميت لاضافتها اليه اذ يقال صلوة الجنازة وشرط صحتها شرائط الصلوة واسلام الميت وطهارته
اس نماز کا میت کی لئی اسواسطی ہی کہ میت کی طرف منسوب ہی کیونکہ صلوة الجنازہ کہلاتی ہی اور اسکی صحت کی لئی نماز کی سی شرطین ہین اور مردہ کا مسلمان اور پاک
وكونه امام المصلي وركنها القيام عند عدم العذر واربع تكبيرات والدعاء الا ان الامام يتحمله عن المسبوق
اور نمازیون کی سامنی ہونا اور اس نماز کا رکن قیام ہی اگر کوئی عذر نہو اور چار تکبیرین اور دعا پر اتنا ہی کہ امام مسبوق کی طرف سی کافی ہوجاتا ہی
فانه اذا اخشى ان ترفع الجنازة يترك الدعاء ويكتفي بالتكبيرات ولو ترك واحدة من هذه التكبيرات لا يجوز
پہر جب یہہ خوف ہو کہ جنازہ اوٹہالینگی تو دعا موقوف رکہی اور تکبیرات ہی پر اکتفا کری اور اگر کوئی ان چارون تکبیرات میں سی ایک کو بہی ترک کر دیگا تو اوسکی نماز
صلوته لكون كل تكبيرة منها قائمة مقام ركعة ولهذا قيل اربع كاربع الظهر ومحل الدعاء ينبغي ان يكون بعد
جایز نہو گی اسواسطی کہ اسمین ہر ایک تکبیر قایم مقام ایک ایک رکعت کی ہی اور اسیلئی کہا کرتی ہین یہہ چارون جیسی ظہر کی چارون اور دعا کا محل مناسب یہہ ہی کہ تین تکبیرون
ثلث تكبيرات لكون البداية بالثناء على الله تعالى ثم بالصلوة على النبي صلى الله عليه وسلم سنة الدعاء وارجى
کی بعد ہو اسواسطی کہ اول الله تعالی کی ثنا پہر نبی صلی الله علیه وسلم پر درود دعا کا طریقہ اور بڑا امیدوار سا
للقبول فيلزم ان يكون بعد التكبيرة الاولى الثناء على الله تعالى كما في سائر الصلوات وبعد التكبيرة الثانية الصلوة
قبولیت کا ہی اس لئی لازم یہہ ہی کہ پہلی تکبیر کی بعد الله کی ثنا ہووی چنانچہ تمام نمازون مین ہوتی ہی اور دوسری تکبیر کی بعد نبی صلی الله علیه

على النبي صلى الله عليه وسلم كما في ما بعد التشهد وبعد التكبيرة الثالثة الدعاء لنفسه وللميت ولسائر المؤمنين
درود ہووی جیسی تشہد کی بعد پڑہتی ہین اور تیسری تکبیر کی بعد دعا اپنی حق مین اور مردہ کی لئی اور تمام مؤمنین کی واسطی
وبعد التكبيرة الرابعة التسليم وليس بعدها دعاء سوى السلام لانه اوان التحلل وذلك بالسلام لا غير وينوى
اور چوتہی تکبیر کی بعد سلام اور اسکی بعد سواء سلام کی کوئی دعا نہین ہی اسلئی کہ اب وقت نمازسی فارغ ہونیکا ہی سوئی فقط سلام سی فارغ ہوتی ہین اور
به الميت مع القوم وصفة الدعاء ان يقول اللهم اغفر لحينا وميتنا وشاهدنا وغائبنا وصغيرنا وكبيرنا
سلام مین قوم سمیت مردہ کی نیت کری اور دعا یہہ پڑہی الٰہی بخشدی ہماری جیتی کو اور مردہ کو اور ہماری حاضر اور غائب کو اور چہوٹی اور بڑی کو
وذكرنا وانثانا اللهم من احييته منا فاحيه على الاسلام ومن توفيته منا فتوفه على الايمان وخص هذا
اور مرد اور عورت کو الٰہی ہم مین سی جسکو تو زندہ رکہی تو اوسکو اسلام پر زندہ رکہہ اور ہم مین سی جسکو تو موت دیوی تو اوسکو ایمان پر موت دی اور اس مردہ کو
الميت بالروح والراحة والرضوان اللهم ان كان محسنا فزد في احسانه وان كان مسيئا فتجاوز عنه
ساتہہ آرام اور راحت اور پسندیدگی کی خاص کر الٰہی اگر یہہ نیکوکار ہی تو اسکی بہلائی زیادہ کردی اور اگر گنہگار ہی تو اسکو معاف کر
ولقنه الامن والبشرى والكرامة والزلفى برحمتك يا ارحم الراحمين ويجوز غيره من الادعية اذ ليس له دعاء
اور اسکو امن اور بشارت اور بزرگی اور قربت اپنی رحمت سی عنایت کر ای سب سی زیادہ مہربان اور سواء اس دعا کی اور بہی دعائین جایز ہین اسلئی کہ اسمین کوئی دعا
معين وان كان الميت صبيا او مجنونا لا يستغفر لهما اذ لا ذنب لهما بل يقول بعد قوله ومن توفيته منا
معین نہین ہی اور اگر وہ میت بچہ ہو یا دیوانہ ہو تو انکی لئی آمرزش کی دعا نہین چاہئی اسوسطی کہ انکی حق مین کوئی گناہ نہین ہی بلکہ اس قول کی بعد من توفیتہ منا
فتوفه على الايمان اللهم اجعله لنا فرطا اللهم اجعله لنا اجرا وذخرا اللهم اجعله لنا شافعا ومشفعا برحمتك
فتوفہ علی الایمان یہہ دعا پڑہی الٰہی اسکو ہماری لئی میر منزل بنادی الٰہی ہماری لئی محنت کا پہل اور سامان بنادی الٰہی اسکو ہماری لئی سفارشی اور سفارش قبول کیا ہوا بنادی اپنی
يا ارحم الراحمين ومن جاء بعد ما كبر الامام للافتتاح لا يكبر بل يمكث حتى يكبر الامام الثانية فيكبر معه ويكون
رحمت سی ای سب سی زیادہ مہربان اور جو شخص ایسی وقت آوی کہ امام تکبیر تحریمہ کہہ چکا ہو تو یہہ ابہی تکبیر نہ شروع کری بلکہ اتنی ٹہرا رہی کہ امام دوسری تکبیر کہی پس امام کی ساتہہ تکبیر کہی
هذا التكبير في حقه تكبيرة الافتتاح فيصير مسبوقا بتكبيرة فاذا سلم الامام يقضيها قبل ان ترفع الجنازة و
یہہ تکبیر اسکی حق مین بجای تکبیر تحریمہ کی ہوگی سو یہہ شخص بلحاظ اس تکبیر کی مسبوق ہوگا جب امام سلام پہیری تو اوسکو جنازہ کی اوٹہنی سی پہلی قضا کرلی اور
ان جاء بعد ما كبر الامام تكبيرتين لا يكبر حتى يكبر الامام الثالثة فيكبر معه فيصير مسبوقا بتكبيرتين فاذا سلم
اگر ایسی وقت آیا کہ امام دو تکبیر کہہ چکا ہی تو بہی اتنی تکبیر نہ کہی کہ امام تیسری تکبیر کہی اب اوسکی ساتہہ تکبیر کہی اب دو تکبیروں کا مسبوق ہودیگا پہر جب امام سلام پہیری
الامام يقضيهما قبل ان ترفع الجنازة وان جاء بعد ما كبر الامام ثلثا لا يكبر حتى كبر الامام الرابعة فيكبر معه فيصير
تو دونو تکبیرین جنازہ کی اوٹہنی سی پہلی قضا کرلی اور اگر ایسی وقت آیا کہ امام تین تکبیر سی فارغ ہو چکا تو بہی تکبیر نہ کہی اتنی کہ امام چوتہی تکبیر کہی اب اوسکی ساتہہ تکبیر کہی سو یہہ شخص
مسبوقا بثلث تكبيرات فاذا سلم الامام يقضيهن متوالية بلا دعاء قبل ان ترفع الجنازة اذ لو رفعت قبل
تین تکبیروں کا مسبوق ہوگا پہر جب امام سلام پہیری تو تکبیرین پی در پی بغیر دعا کی جنازہ کی اوٹہنی سی پہلی قضا کرلی اسوسطی کہ اگر جنازہ تکبیرین پوری ہونی سی پہلی
اتمامهن تبطل صلاته وان جاء بعد كبر الامام الرابعة فقد فاته صلوة الجنازة بخلاف من كان حاضر
اوٹہالین گی تو اوسکی نماز باطل ہوجاوی گی اور اگر ایسی وقت آیا کہ امام چوتہی تکبیر کہہ چکا تو اوسکی لئی جنازہ کی نماز فوت ہوئی برخلاف اوسکی جو حاضر صف مین
قائما بالصف ولم يكبر مع الامام لغفلته او لكونه مشغولا بالنية فانه يكبر ولا ينتظر تكبير الامام لانه
کہڑا ہو پر امام کی ساتہہ بسبب غفلت کی یا نیت کی مشغلہ سی تکبیر نہ کہنی پایا سو یہہ شخص تکبیر کہی امام کی تکبیر کہنی کا منتظر نہ رہی کیونکہ یہہ شخص
بمنزلة المدرك لتلك التكبيرة اذ لا يمكنه ان يكبر معه الا بحرج وان لم يكبر الاولى حتى يكبر الامام الثانية
گویا اس تکبیر کا مدرک ہی اسوسطی کہ یہہ امام کی ساتہہ بدون حرج کی تکبیر نہین کہہ سکتا اور اگر اسنی تکبیر اولی نہ کہی اتنی کہ امام نی دوسری تکبیر کہدی

يكبر مع الامام ولا يكبر للاولى حتى يسلم الامام لانه لو كبر للاولى يكون قضاء والمسبوق لا يشتغل بقضاء ما قد سبق
تو اب امام کی شامل تکبیر کہی اور تکبیر اولی نہ کہی جبتک کہ امام سلام پہیری اسلئی کہ اگر اب تکبیر اولی کہیگا تو قضا ہو دی گی اور مسبوق کو گذشتہ کی قضا مین امام کی فراغت سی
قبل فراغ الامام وان لم يكبر حتى يكبر الامام اربعا يكبر هو للافتتاح قبل ان يسلم الامام واذا سلم الامام يكبر ثلاثا
پہلی نہ لگنا چاہئی اور اگر تکبیر اولی نہ کہی اتنی کہ امام نی چارون پوری کر دین تو اب ئیہ شخص امام کی سلام سی پہلی تکبیر افتتاح کہی اور جب امام سلام پہیری تو تینون تکبیرین
متتابعا بلا دعاء قبل ان ترفع الجنازة وان كبر مع الامام التكبيرة الاولى ولم يكبر الثانية والثالثة يكبرهما ثم يكبر
پی در پی بدون دعا کی جنازہ کی اوٹہنی سی پہلی کہوی اور اگر امام کی ساتہ تکبیر اولی تو کہی دوسری اور تیسری تکبیر نہ کہی تو پہلی یہہ دونو تکبیرین کہی پہر امام کی ساتہ
مع الامام الرابعة وقال ابو يوسف من جاء بعد ما كبر الامام تكبيرة الافتتاح يكبر كما جاء ولا ينتظر التكبيرة الثانية
چوتہی تکبیر کہی اور امام ابو یوسف کہتی ہین جو شخص ایسی وقت آیا کہ امام تکبیر اولی کہہ چکا تو آتی ہی تکبیر کہہ کر شامل ہو جاوی دوسری تکبیر کا منتظر نہ رہی
قال ابراهيم الحلبي فی شرح المنية وبقوله ناخذ وان جاء بعد ما كبر الامام الرابعة يكبر للافتتاح قبل ان يسلم
ابراہیم حلبی منیہ کی شرح میں کہتا ہی اور ہمنی انکاہی قول لیا ہی اور اگر ایسی وقت آیا کہ امام چوتہی تکبیر کہہ چکا تو امام کی سلام سی پہلی تکبیر افتتاح کہی
الامام واذا سلم يقضي ثلث تكبيرات عنده قال ابرهيم الحلبي وعليه الفتوى ومن دفن قبل ان يصلى عليه يصلى
اور جب امام سلام پہیری تو تینوں تکبیرین قضا کری امام ابو یوسف کی نزدیک ابراہیم حلبی کہتا ہی اور اسیہی پر فتوی ہی اور جو مردہ نماز جنازہ سی پہلی دفن ہو گیا ہو تو اوس کی
على قبره ما لم يتفسخ اقامة للواجب بقدر الامكان والمعتبر فی معرفة عدم تفسخه اكبر الرای على الصحيح لانه
قبر پر نماز پڑہین جبتک پکسا نہو تا بقدر امکان واجب ادا ہو جاوی اور پکسنی اور نہ پکسنی کی باب میں صحیح مذہب پر غالب رای معتبر ہی اسلئی کہ یہہ حالت
يختلف باختلاف الازمان من الحر والبرد وباختلاف حال الميت من السمن والهزال واولى الناس بالامامة فی الصلوة
باعتبار اختلاف زمانہ گرمی اور جاڑی کی اور باعتبار اختلاف حال مردہ کی موٹاپی اور دُبلی پن مین یکسان نہین ہوتی اور نماز جنازہ کی امامت کی
عليه السلطان ان حضر ثم القاضي ثم امام الحي ثم الولي على ترتيب العصبات فی الارث فان سبب العصوبة فيه
سلطان ہی اگر بروقت موجود ہو پہر قاضی پہر امام قوم کا پہر ولی ترتیب عصبات وراثت کی اعتبار سی بیشک سبب عصوبت کا ارث مین
اولا البنوة ثم الابوة ثم الاخوة ثم العمومة واذا انتهى الحق اليه يجوز له ان ياذن لغيره ان يصلي عليه وليس لغيره
اول بنوت ہی پہر ابوت پہر اخوت پہر عمومت اور جب امامت کسیکا حق ٹہر چکی تو اوسکو اختیار ہی کہ امامت کی لئی اور کسیکو اجازت دیدی اور اور کسیکو
ان يصلي بغير اذنه وان صلى غيره بغير اذنه فله ان يعيد ان شاء وبعد ما صلى عليه هو او من كان مقدما عليه من
یہہ اختیار نہین ہی کہ اوسکی بی اجازت نماز پڑہا دی اور اگر غیر شخص نی بی اجازت نماز پڑہا دی تو ولی کو اختیار ہی اگر چاہی تو آپ پہر پڑہ لی اور اگر ولی یا جو ولی سی
السلطان او غيره لا يصلي عليه غيره اذ بصلوة من هو اولى يتادى حق الميت ويسقط فرض صلوة الجنازة فلو صلى عليه غيره
سلطان وغیرہ نماز پڑہ چکا ہو تو اب کسیکو اختیار اعادہ کا باقی نہین ہی اسوسطی کہ بسبب نماز پڑہنی ایسی کی جو واسطی ادا حق میت کی اولی ہی فرضیت نماز جنازہ کی ادا ہو چکی اب جو
بعده يكون نفلا والتنفل بها غير مشروع ولهذا من صلى عليه مرة قبل اذن الولي لا يصلي عليه مرة اخرى مع الولي ولو
بعد اسکی اور کوئی نماز پڑہیگا تو نفل ہو گی اور نفل نماز جنازہ کی شرع سی ثابت نہین ہی اور اسیہی لئی جو شخص ایک بار بدون اجازت ولی کی نماز جنازہ پڑہ چکا ہو تو دوسری دفعہ ولی کی
اوصى بان يصلي عليه فلان فالوصية باطلة وليس له ان يصلي عليه الا برضى وليه وان لم يكن له ولي فالجيران اولى
اور اگر مردہ نی وصیت کی ہو کہ میری نماز جنازہ فلانا شخص پڑہا دی تو یہہ وصیت باطل ہی اوس فلانی کو بدون رضامندی ولی کی اختیار نہین ہی اور اگر میت کا کوئی ولی نہین ہی تو ہمسایہ اولی ہی
ويقوم الامام بحذاء صدر الميت ذكرا كان الميت او انثى لان الصدر اشرف الاعضاء فی البدن لكونه مع القلب الذی
اور امام میت کی سینہ کی مقابل کہڑا ہو مردہ مرد ہو یا عورت ہو اسلئی کہ سینہ بدن مین سب اعضا سی اشرف ہی اسواسطی کہ سینہ مین دل ہی
فيه نور الايمان فيكون القيام بإذائه اشارة الى ان الشفاعة له انما يكون لاجل ايمانه ليعفو ربه عن عصيانه
جسمین ایمان کا نور ہوتا ہی اب اوسکی مقابل کہڑی ہونی مین یہہ اشارہ ہی کہ شفاعت اس مردہ کی اس ایمان کی واسطی ہی تا کہ اوسکی خطاؤن سی پروردگار درگذر کری

ولو وضعوا راس المیت ممّا یلی یسار الامام یجوز لکن لو تعمدوه یکونون مسیئین ویستحب ان یصفوا ثلثة صفوف

اور اگر قوم نے میت کا سر امام کی بائین ہاتہہ کی متصل کر دیا تو جایز ہے پر اگر سب نے قصدا ایسا کیا تو سب خطاوار ہین اور مستحب ہی کہ تین صفین بنا وین

حتی لو کانوا سبعة یتقدم احدهم للامامة ویقف ثلثة وراءه واثنان وراءهم وواحد وراءهما وافضل

یہانتک کہ اگر ہمراہی لوگ سات ہون تو ایک شخص امامت کے لئی آگی بڑہی اور تین آدمی اوسکی پیچہے کہڑی ہون اور دو اونکی پیچہے اور ایک اون دو کی پیچہے اور

الصفوف فی صلوة الجنازة اخرها وفی سائر الصلوات اولها واذا حضر المیت صبیحة یوم الجمعة یکره تاخیره الی

نماز جنازہ کی تمام صفون مین افضل پچہلی صف ہوتی ہی اور اور تمام نمازون مین اول صف افضل ہی اور اگر جنازہ جمعہ کی دن صبح کی وقت تیار ہو گیا تو پہر جمعہ کی وقت تک تاخیر کرنی

وقت الجمعة لیصلی علیه جمع عظیم بعد الجمعة ولا یجوز الصلوة علیه عند طلوع الشمس وعند استوائها

تاکہ اوسپر جمعہ کی بعد انبوہ کثیر نماز پڑہی مکروہ ہے اور نماز جنازہ طلوع افتاب کے وقت اور زوال کے وقت

وعند غروبها ان حضر قبل هذه الاوقات وان حضر فیها یجوز من غیر کراهة لانها تودی کما وجبت لان

اور غروب کی وقت جایز نہین ہی اگر جنازہ اون اوقات سی پہلی موجود ہو چکا ہو اور اگر ان ہی اوقات مین آیا ہو تو بلا کراہت جایز ہی اسلئی کہ جیسی واجب ہوئی ویسی ہی ادا ہوئی اسواسطے

الوجوب بالحضور وهو افضل والتاخیر مکروه لقوله علیه السلام لا تؤخرن وذکر منها الجنازة ولو حضر بعد

کہ جنازہ کی موجود ہونی سی نماز واجب ہوتی ہی یہہ افضل ہی اور تاخیر مکروہ ہی واسطی ارشاد نبی علیہ السلام کی دیر کر نکرنا اور اوسمین جنازہ کو ذکر فرمایا اور اگر جنازہ بعد

غروب الشمس بدأ بالمغرب ثم بصلوة الجنازة ثم بسنة المغرب وقیل یقدم سنة المغرب ایضا ویکره الصلوة علی

غروب آفتاب کی موجود ہو تو پہلی مغرب کے فرض پڑہین پہر جنازہ کی نماز پڑہین پہر مغرب کی سنتین پڑہین اور کوئی کہتا ہی مغرب کی سنتین بہی پہلی پڑہین اور جنازہ کی نماز مسجد مین

الجنازة فی المسجد ان کانت الجنازة فیه وان کانت الجنازة والامام وبعض القوم خارج المسجد والباقی فیه

مکروہ ہے اگر جنازہ مسجد کے اندر ہو اور اگر جنازہ اور امام اور کچہہ لوگ مسجد سے باہر ہون اور باقی مسجد مین ہون

لا یکره ولو کان الامام علی غیر طهارة والقوم علی طهارة تعاد الصلوة لعدم صحتها واما لو کان الامام علی طهارة

تو مکروہ نہین ہے اور اگر امام بے وضو ہو اور تمام قوم باوضو ہو تو نماز دوبارہ پہر پڑہین اسلئی کہ وہ نماز صحیح نہین ہوئی اور اگر امام باوضو ہو

والقوم علی غیر طهارة فلا تعاد لان صلوة الامام صحیحة وبها یتم حق المیت ویسقط فرض صلوة الجنازة لعدم

اور قوم تمام بی وضو ہون تو اعادہ نہین ہے اسلئی کہ امام کی نماز صحیح ہو گئی ہی اور اسمین میت کا حق ادا ہو گیا اور فرضیت نماز جنازہ کی ذمہ سی ساقط ہو گئی

کون الجماعة شرطا فیها وان لم یوجد من یصلی علیه من الرجال وصلت علیه النساء وحدهن جماعة یجوز

کیونکہ اس نماز مین جماعت شرط نہین ہی اور اگر مردون مین سی کوئی نماز پڑہنے والا میسر نہوا اور نری عورتون نی جماعت کر کر نماز پڑہی تو جایز ہے

وان امت المرأة الرجال فیها لا تعاد لان صلوة الرجال وان کانت فاسدة لکن صلوتها صحیحة وبها یتم حق المیت

اور اگر عورت نی نماز جنازہ مین مردون کی امامت کی تو اعادہ نہین ہی اسواسطی کہ مردون کی نماز اگرچہ فاسد ہوی پر اوس عورت کی نماز تو صحیح ہوئی اور اسمین میت کا حق پورا ہو گیا

ویتادی فرض صلوة الجنازة فلا تعاد لان تکرارها غیر مشروع عندنا ومن ولد وظهر منه عند ولادته

اور نماز جنازہ کی فرضیت ادا ہو گئے پہر اعادہ نہوگا اسلئی کہ اسکا تکرار شرع مین ہماری نزدیک ثابت نہین ہے اور جو بچہ پیدا ہووی اور پیدا ہوتے ہوے

ما یدل علی حیوته من رفع صوت او تحریک عضو یسمی ویغسل ویصلی علیه وان لم یظهر منه عند ولادته

کوئی نشان زندگی کا معلوم ہووے جیسے رونیکی آواز یا کسی عضو کا ہلانا تو اوسکا نام مقرر کرینگے اور نہلا دینگے اور نماز جنازہ پڑہینگے اور اگر پیدا ہوتے ہوئے

ما یدل علی حیوته لا یصلی علیه واختلف فی تسمیته وغسله والمختار انه یسمی ویغسل ویدرج فی خرقة

کوئی نشان زندگی کا ظاہر نہوا تو اوسپر نماز جنازہ نہ پڑہینگے اور اوسکی نام معین کرنیمین اور نہلانی مین اختلاف ہے اور مختار یہہ ہی کہ نام رکہین اور نہلا دین اور کپڑی مین لپیٹ کر

ویدفن تکریما لبنی ادم ولو سبی صبی ومات ان لم یسب معه احد ابویه یصلی علیه لکونه تبعا للسابی

واسطی تعظیم بنی آدم کی دفن کر دین اور اگر لوٹ مین بچہ پکڑا آوی اور مر جاوے تو اگر اوسکی ساتہہ اوسکا ماباپ کوئی پکڑا نہین آیا تو اوسپر نماز پڑہین کیونکہ وہ گرفتار کرنیوالے کا

والدار وان سبی مع احد ابویہ لا یصلی علیہ لکونہ کافرا تبعا لمن سبی معہ من احد ابویہ الا ان یقر ھو بالاسلام وھو
یا ملک کا تابع ہے اور اگر وہ کسی ماں یا باپ کے ساتھ گرفتار ہوا ہی تو نماز نہ پڑھیں کیونکہ وہ ماں باپ میں سے جس کی ساتھ گرفتار ہوا ہے اوسکی تبعیت میں کافر ہے ہان اگر وہ بچہ اسلام کا اقرار کرتا ہو اور
یعقل صفتہ المذکورۃ فی قولہ علیہ الصلوۃ والسلام لجبریل علیہ السلام حین سالہ عن الایمان ان تؤمن باللہ وملئکتہ وکتبہ و
اسلام کی صفت جو اس حدیث میں مذکور ہی جانتا ہو کہ نبی علیہ السلام نے جبریل علیہ السلام سے جب اونسے نبی علیہ السلام سے صفت ایمان کی پوچھی تو فرمایا کہ یقین کرے تو اللہ کا اور اوسکی
رسلہ والیوم الاخر وبالقدر خیرہ وشرہ او یسلم من سبی معہ من احد ابویہ فحینئذ یصلی علیہ اذ قد جاء فیہ الخبر ان الولد
رسولونکا اور قیامت کے دن کا اور نیک و بد کی اندازہ کرنیکا یا اوسکا ماں یا باپ جسکی ساتھ وہ گرفتار ہوا ہی مسلمان ہو جاوے تو اب وسپر نماز پڑھیں اسلئے کہ اس باب میں حدیث ہی کہ بچہ
یتبع خیر الابوین دینا وان مات فی دار الاسلام بعد موت ابیہ فیھا لا یصلی علیہ لتقرب التبعیۃ بموت ابیہ ومن مات فی السفینۃ
ماں باپ میں سے باعتبار دین کے اچھے کا تابع ہوتا ہی اور اگر وہ بچہ دار الاسلام میں بعد مرنے اپنی باپ کے دار الاسلام میں مر جاوے تو اوسپر نماز نہ پڑھیں کیونکہ باپ کی موت سے اوسکی تبعیت قریب ہے اور جو شخص جہاز میں مر جاوے
ولم یکن فی قربھا ارض یغسل ویکفن ویصلی علیہ ویلقی فی البحر ومن قتل فی حد او قصاص یغسل ویصلی علیہ لما روی ان ماعزا
اور کہیں قریب جوار میں زمین نہ ملی تو غسل دیکر اور کفنا کر اور نماز پڑھ کر دریا میں ڈالدیں اور جو شخص حد یا قصاص میں مارا جاوے تو اوسکو نہلاوین اور اوسپر نماز پڑھیں کیونکہ روایت ہی کہ ماعز کو
لما رجم جاء عمہ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ قتل ماعز کما یقتل الکلاب فما تامرنی اصنع بہ فقال النبی علیہ الصلوۃ
جب رجم کیا تو اوسکے چچا نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر پوچھا کہا یا رسول اللہ ماعز کتی کی موت مارا گیا اب جو حکم ہو سو کرون پس نبی علیہ الصلوۃ
والسلام لا تقل ھذا لانہ تاب توبۃ لو قسمت علی اھل الارض لوسعتھم اذھب واغسلہ وکفنہ وصل علیہ ومن یقتل من
والسلام نے فرمایا یہ مت کہہ کیونکہ اونسے تو ایسی توبہ کی ہی اگر تمام روی زمین کی باشندون پر تقسیم کرین تو سبکو کافی ہو جا اوسکو نہلا اور کفن دی اور نماز پڑھ اور جو شخص
البغاۃ وقطاع الطریق لا یغسل ولا یصلی علیہ لما روی ان علیا رضی اللہ عنہ لم یغسل البغاۃ ولم یصل علیھم فقیل لہ ھم
باغیون میں سے یا رہزنون میں سے مارا جاوے تو نہ غسل دین اور نہ اوسپر نماز پڑھین کیونکہ روایت ہی کہ علی رضی عنہ نے نہ باغیون کو غسل دیا اور نہ نماز پڑھے پھر کسینے اونسے پوچھا کیا
کفار فقال لا بل ھم بغوا علینا اشار الی انہ انما ترک غسلھم والصلوۃ علیھم لبغیھم لیکون عقوبۃ لھم وزجرا لغیرھم قیل ھذا
یہہ لوگ کافر ہیں جواب دیا نہیں بلکہ یہہ ہمسے باغی ہیں یہہ اشارہ ہی کہ انکا غسل اور نماز بغاوت کے لیے ترک ہوئی ہی تاکہ انکو سزا در اور ونکو خوف ہو کوئی کہتا ہے
فی حق من یقتل فی حال المحاربۃ قبل ان تضع الحرب اوزارھا لا لمن یقتل بعد ثبوت ید الامام علیہ فانہ یغسل ویصلی علیہ قال
یہہ سزا اون باغی کی حق میں ہی جو عین جنگ میں لڑائی موقوف ہونیسے پہلے مارا جاوے اوسکی سزا نہیں ہی جو بعد قابض ہونے امام کے مارا جاوے ایسی کو غسل بھی دین اور نماز بھی پڑھین زیلعی
الزیلعی ھذا تفصیل حسن اخذ بہ الکبار من المشائخ ومشائخنا جعلوا حکم المقتولین بالمعصیۃ حکم اھل البغی وکذلک حکم
کہتا ہی یہہ فرق خوب ہی اسکو بڑی بڑی مشایخ نے اختیار کیا ہے اور ہماری مشایخ نے معصیت کے مقتولون کو ف باغیون میں داخل کیا ہی اور ایسے جو شخص
الواقفین الناظرین الیھم اذا اصابھم حجر او سھم وماتوا فی تلک الحالۃ لا یصلی علیھم وان ماتوا بعد تفرقھم یصلی علیھم ومن یقتل
کھڑی رہکر باغیون کا تماشا دیکھی اگر اوسکی پتھر یا تیر جا لگی اور اسی حالت میں مر جاوے تو اوسپر بھی نماز نہ پڑھین اور اگر بعد چلی جانیکے مری تو اوسپر نماز پڑھین اور جو شخص اپنے
نفسہ عمدا یصلی علیہ عند ابی حنیفۃ ومحمد وھو الاصح لانہ وان کان باغیا علی نفسہ الا انہ غیر ساع فی الارض بالفساد
تئین عمدا آپ قتل کرے طرفین کی نزدیک اوسپر نماز پڑھین اور یہی اصح ہی اسواسطے کہ اگرچہ یہہ شخص اپنی جان پر باغی ہے پر اسنے ملک میں کچھہ فساد نہیں پھیلایا
بل ھو فاسق کسائر فساق المسلمین ومن یقتلہ السبع او یحترق بالنار او یتردی من الجبل او یموت تحت ھدم یغسل ویصلی علیہ
بلکہ فاسق ہی جیسی اور مسلمان فاسق ہوتی ہین اور جسکو درندہ پھاڑ ڈالی یا آگ میں جل جاوے یا پہاڑ پر سے گر کر ہلاک ہووے یا مکان تلی دب مرے تو اوسکو نہلاوین اور نماز پڑھین
ومن یقتلہ اھل الحرب او اھل البغی او قطاع الطریق ولم یکن جنبا لا یغسل لکونہ شھیدا بل یصلی علیہ ویدفن بدمہ وثیابہ التی
اور جسکو حربی لوگ یا باغی یا رہزن مار ڈالین اور وہ جنب نہو تو اوسکو غسل نہ دین اسلئے کہ وہ شہید ہے بلکہ اوسکو نماز پڑھکر خون آلودہ انہین کپڑون میں دفن کر دین
قتل فیھا الا ما لیس من جنس الکفن کالفرو والحشو والخف والقلنسوۃ فان کان ما علیہ من الثیاب ناقصا عن کفن السنۃ یزاد علیہ
جنمین قتل ہوا ہے بجز اوسکی جو کفن کی قسم کا نہو جیسے پوستین یا روئی دار کپڑا اور موزہ اور ٹوپی اور اگر اوسکے بدن کی کپڑی مقدار کفن مسنون سے کمتر ہون تو زیادہ کردین

وان کان زائدا ینقص منه مراعاة للسنة ولا یصلی علی عضو الا اذا کان فی حکم الکل بان یوجد اکثر المیت او

اور اگر بڑہتی ہون تو واسطی رعایت سنت کی کم کردین اور مقتول کی عضو پر نماز نہین ہی مگر جب ہی کہ وہ عضو کل کی حکم مین ہو اسطور کہ آدہی سی زیادہ ہو یا

نصفه مع راسه بخلاف ما لو وجد راسه او نصفه مشقوقا بالطول فانه لا یغسل ولا یصلی علیه والمصلوب

سر سمیت آدہا ہو برخلاف اوس مقتول کی جسکا فقط سر ہی ہاتہہ آوی یا آدہا طول کی جانب سی چراہوا ایسیکی لئی نہ غسل ہی اور نہ نماز اور سولی دیا ہوا

یترک علی خشبته ثلثة ایام عقوبة له وزجرا لغیره ثم لما تم له ثلثة ایام یخلی بینه وبین اهله لیدفنوه ولو

تین دن تک سولی پر لٹکا رہی اوسکی یہی سزا ہی اور اوروں کی لئی خوف پہر جب تین دن پوری ہوجاوین تو اوسکی وارثوں کو اجازت دین تاکہ اوسکو دفن کرین اور اگر

مات کافر ولم یکن له ولی من الکفار وله قریب مسلم یغسله القریب المسلم ویدفنه لما روی ان علیا لما مات ابوه

کوئی کافر مرجاوی اور اوسکا کوئی کافر وارث نہو اور اوسکا سگا مسلمان ہو تو وہی مسلمان اوسکو غسل دی کر داب دی کیونکہ روایت ہی کہ علی جب اونکا باپ مرگیا

جاء الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله ان عمك الضال قد مات فقال له النبی صلی الله علیه وسلم

تو نبی صلی الله علیه وسلم کی پاس آئی عرض کیا یا رسول الله آپکا چچا گمراہ مرگیا آپ نی فرمایا

اذهب فاغسله وکفنه وواره لکن لا یغسل کغسل المسلم بل یصب علیه الماء ویغسل غسل الثوب النجس من

جا اوسکو نہلا اور کفنا کر داب دی پر اوسکو مسلمانون کی طرح نہ نہلاوین بلکہ اوسپر پانی بہادین جیسی گندہ کپڑی کو دہوتی ہین

غیر وضوء ولا بدایة من التیامن ویلف فی خرقة من غیر مراعاة سنة الکفن ویحفر حفرة من غیر لحد ویلقی فیها

نہ تو وضو کرائین اور نہ دہنی طرف سی شروع کرین پہر کپڑی مین لپیٹین کفن مین کچہہ رعایت سنت کی نہ کرین اور گڑہا بدون لحد کی کہود کر ڈالین

ولا یوضع ویجوز دفعه الی اهل دینه وان کان له ولی من الکفار لا ینبغی للمسلم ان یتولی امره بل یخلی بینه وبینهم

اور مردہ کی طرح نہ اوتارین اور جایز ہی کہ اوسکا لاشہ اوسکی ملت والون کو حوالہ کردین اور اگر کفار مین سی کوئی اوسکا وارث ہو تو اب مسلمان کو نہین چاہئی کہ اوسکی کاروبار کا ذمہ دار ہو

لیصنعوا به ما یصنعون بموتاهم هذا اذا لم یکن کفره بالارتداد واما اذا کان کفره بالارتداد فلا یدفع الی اهل

وہ جیسا اپنی مردون کو کرتی ہون ویسا اوسکو کرین یہہ جب ہی کہ اوسکا کفر ارتداد کا نہو اور اگر وہ مرتد ہوکر کافر ہوا ہی تو اوسکی ملت والون کو جنکی دین مین

الدین الذی انتقل الیه بل یلقی فی حفرة کالکلب بلا غسل ولا کفن یسر الله تعالی النجاة من زوال الایمان بلطفه وکرمه

ملگیا ہی نہ دیوین بلکہ کتی کی مثال بی غسل اور بی کفن گڑہی مین ڈالدین الٰہی ہمکو زوال ایمان سی بچا اپنی لطف وکرم سی آسان کر

المجلس السادس والخمسون فی بیان قوله علیه السلام من کان اخر کلامه

مجلس چہپن اس حدیث کی بیان مین جسکی آخر کلام

لا اله الا الله دخل الجنة قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من کان اخر کلامه لا اله الا الله

لا اله الا الله ہی وہ جنتی ہی رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا جسکا پچہلا بول لا اله الا الله ہو

دخل الجنة هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه معاذ بن جبل ومعناه ان کل من کان اخر کلامه عند الموت

وہ جنتی ہی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی معاذ بن جبل کی روایت سی اور معنی یہہ ہین کہ جسکا آخر کلام مرتی وقت کلمہ توحید ہو

کلمة التوحید یدخل الجنة اما قبل ان یعذب بعفو ذنوبه او بعد ان یعذب بقدر ذنوبه فعلی هذا کل من

وہ جنت مین داخل ہوگا یا تو بی عذاب اگر خطائین معاف ہوئین یا گناہون کی برابر عذاب بہگت کر اس بیان کی موافق

یئس من حیاته ینبغی له ان یکثر الاستغفار ویتوب عن ذنوبه ویستحضر فی ذهنه ان هذا اخر اوقاته

جسکو توقع زیست کی نرہی تو اوسکو چاہئی کہ استغفار بہت کیا کری اور اپنی گناہونسی توبہ کری اور اپنی دلمین یہی خیال رکہی کہ دنیا مین سی میرا یہہ ہی وقت آخر ہی

من الدنیا ویجتهد ان یختمها بخیر ویسارع فی قضاء دینه لئلا یبقی فی قبره مرتهنا بدینه کما اخبر به النبی علیه الصلوة والسلام

اور یہہ ہمت کری کہ اوس وقت کو خیر پر تمام کری اور جلدی سی اپنا قرض اوتار دی تاکہ قبر کی اندر قرض مین الجہا نہ پڑا رہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی

وقال نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يرضى عنه ويبادر في اداء سائر الحقوق الى اهلها من رد المظالم والودايع والعواري
فرمایا مؤمن کی جان قرض میں الجھی رہتی ہی جبتک قرض خواہ راضی ہووی اور جلدی سی تمام حقداروں کی حق ادا کردی ناحق لیا ہوا پھیردی اور امانتیں اور مانگی ہوئی چیزیں

واستحلال اهله من زوجته ووالديه واولاده وغلمانه وجيرانه واصدقائه وكل من كان معه معاملة او مصاحبة
اور اپنی اہل سی یعنی اپنی بیوی . اور ماں باپ اور اولاد اور غلاموں اور ہمسایوں اور دوستوں سی اور جسکی ساتھ کچھ معاملہ ہوتا ہو یا ہمنشینی ہو معاف کرالی

ويوصي بما لا يتمكن من ادائه في الحال حتى لو كان عليه حق من حقوق الله تعالى كالصلوة والزكوة والصوم والحج
اور جو حق کہ بالفعل ادا نہیں ہو سکتا اوسکی وصیت کردی یہانتک کہ اگر اوسکی ذمہ حقوق اللہ ہوں جیسی نماز اور زکوۃ اور روزہ اور حج وغیرہ

وغيرها يجب عليه ان يوصي لهذه الحقوق بثلث ماله ان احتيج اليه وان لم يكن عليه حق من هذه الحقوق لا
تو اسپر واجب ہی کہ واسطی ادا ان حقوق کی تہائی مال میں سی وصیت کردی اگر مال کی حاجت ہووی اور اگر اوسکی ذمہ ایسی حقوق نہیں ہیں تو اوسپر اور کوئی

يجب عليه الوصية بل ينبغي له ان ينظر الى حال الورثة فانهم ان كانوا صغارا فالافضل له ترك الوصية وكذلك
کوئی وصیت واجب نہیں ہی بلکہ اوسکو یہہ چاہئی کہ ورثہ کی حال کو لحاظ کری کیونکہ اگر ورثہ بچی ہیں تو افضل یہہ ہی کہ وصیت نکری اور ایسی ہی

لو كانوا كبارا وهم فقراء ولا يستغنون بحصتهم من التركة كان ترك الوصية افضل له وان كانوا اغنياء او يستغنون
اگر بالغ ہوں لیکن ایسی محتاج کہ ترکہ میں سی اپنا اپنا حصہ لیکر بھی غنی نہوویں تو بھی وصیت نکرنی افضل ہی اور اگر غنی ہوں یا ترکہ میں سی

بحصتهم من التركة فالافضل له ان يوصي باقل من الثلث فيما هو طاعة لا معصية فيه فيبدأ بمن ليس بوارث من اهل قرابته
اپنا اپنا حصہ لیکر غنی ہو جاویں تو ثواب افضل یہہ ہی کہ تہائی مال سی کم کی ایسی وصیت کری جو طاعت ہو اور جسمیں کوئی معصیت نہو پہر اپنی قرابتیوں میں سی ایسی سی شروع کری

ان كانوا فقراء وان لم يكونوا فقراء بل كانوا اغنياء فبالجيران وقدر الاستغناء عند ابي حنيفة على ما ذكر في وصايا الخلاصة والبزازية ان يبقى
اگر وہ محتاج ہوں اور اگر محتاج نہوں بلکہ غنی ہوں تو ہمسایوں سی شروع کری اور مقدار استغنا کی امام ابو حنیفہ کی نزدیک موافق اوسکی جو خلاصہ اور بزازیہ کی وصایا میں مذکور ہی

لكل وارث بعد الوصية اربعة الاف وعن الفضلي عشرة الاف وبعد الوصية ينبغي له ان يحسن
کہ وصیت ادا کرکر چار ہزار ہر یک وارث کی لئی بچ رہیں اور فضلی سی یہہ روایت ہی کہ دس ہزار بچی رہیں اور وصیت کرنی کی بعد چاہئی کہ اپنا گمان

ظنه بالله تعالى بانه يرحمه ويغفر ذنوبه ويستحضر في ذهنه انه حقير في مخلوقاته تعالى
جناب الہی میں درست کری کہ مجہہ پر اللہ رحمت ہی کریگا اور میری گناہ معاف ہی کریگا اور اپنی دلمیں یہہ خیال کری کہ اوسکی مخلوقات میں سب سی کمینہ ہوں

وانه تعالى غني عن عذابه وطاعته وينبغي له ان يكون مشغولا بقراءة ايات من القران العظيم في الرجاء
اور اللہ تعالی کو میری عذاب اور طاعت کی کچہہ پرواہ نہیں ہی اور چاہئی کہ قرآن شریف کی وہ آیات جنمیں رجا اور امیدواری ہی پڑہی

او يقرأها غيره عنده وهو يسمع وكذلك يستقرئ احاديث الرجاء او يقرأ غيرها عنده و
یا اسکی پاس اور لوگ پڑہیں یہہ سنتا رہی اور ایسی ہی رجا کی حدیثیں پڑہی یا اور لوگ اسکی پاس پڑہیں اور

هو يسمع وحكايات الصالحين واثارهم عند الموت وينبغي له ان يحافظ على الصلوات الخمس و
یہہ سنتا رہی اور صلحاء کی قصی اور اونکی مرتی دم کی حالات سنی اور اوسکو چاہئی کہ پنجگانہ نماز کی اور

غيرها من وظائف الدين بقدر طاقته فانه اذا عجز عن القيام في الصلوة يصلي
سوائی اوسکی اور وظائف دین کی طاقت کی موافق محافظت کئی جاوی بیشک اگر وہ نماز میں قیام سی تنگ رہی

قاعدا بركوع وسجود وان لم يقدر على الركوع والسجود يصلي بالايماء قاعدا ويجعل سجوده
تو بیٹھکر رکوع اور سجود کی ساتہہ پڑہی اور اگر رکوع اور سجود کی قدرت نہو تو بیٹھکر اشارہ سی پڑہی اب سجدہ کو بہ نسبت رکوع کی

اخفض من ركوعه ليحصل الفرق بينهما وان لم يقدر على القعود يصلي بالايماء
پست کری تاکہ دونوں میں فرق رہی اور اگر بیٹھنی کی قدرت نہو تو کروٹ پر پڑا ہوا اشارہ سی پڑہی

مضطجعا او مستلقیا لان الطاعة بحسب الطاقة لقوله تعالی لا یکلف الله نفسا الا وسعها ویجتنب النجاسات ما استطاع
یا چت لیٹکر اسلیے کہ طاعت بقدر طاقت ہوتی ہی اس آیت سی تکلیف نہین دیتا اللہ کسی کو مگر جو اوسکی گنجایش ہے اور گندگی سی جہانتک ہو سکی بچی
حتی اذا عجز عن استعمال الماء یصلی بالتیمم واذا کان علی بدنه او ثوبه او موضع صلوته نجاسة وعجز عن ازالتها یصلی معها
یہان تک کہ اگر پانی استعمال نکر سکے تو تیمم سی نماز پڑہی اور اگر اوسکی بدن پر یا کپڑی پر یا نماز کی جگہہ پر گندگے ہو اور پاک نکر سکے تو ویسی ہی نماز پڑہ لے
ولا یترك الصلوة ولا یؤخرها عن وقتها ما دام عقله ثابتا خوفا من حضور اجل بغتة وقد حصل منه التقصیر فی اتیان
نہ تو نماز کو بالکل قضا کری اور نہ وقت سی تاخیر کری جب تک کہ اوسکی عقل قایم ہو کیونکہ یہہ خوف ہی کہ ناگاہ موت ایسی وقت نہ آجاوی کہ بقدر طاقت
ما وجب علیه بقدر استطاعته ولیحذر من التساهل فی ذلك اذ من اقبح القبائح ان یکون اخر عهده من الدنیا التی
واجبات کی ادا کرنی سی قاصر ہو اور اسوقت مین سستی سی حذر کری کیونکہ یہہ بڑی قباحت ہی کہ دنیا مین جو
هی مزرعة الاخرة التفریط فیما وجب علیه او ندب الیه ولیجتهد فی ختم عمره باکمل الحالات ویوصی اهله واصحابه
آخرت کا کہیت ہی اسکی اخری وقت مین واجبات یا مستحبات کی ادا کی کوتاہی پائی جاوے اور چاہیئے کہ اپنی عمر کو اچھی سی اچھی حالت پر تمام کری اور اپنی اہل اور اصحاب کو
بالصبر والاحتمال علی ما یصدر منه فی مرضه ویوصیهم بالصبر وترك البكاء علیه ویقول لهم قد صح انه علیه الصلوة
اون چیزکا صبر جو اوس سی بیماری مین واقع ہون صبر اور تحمل کی وصیت کری اور وصیت کری کہ صبر کرنا رونا پیٹنا نہین اور اسطور پند کری کہ صحیح روایت ہی کہ نبی علیه السلام
والسلام قال المیت یعذب ببكاء اهله علیه فایاکم یا احبائی والسعی فی اسباب عذابی ویوصیهم ایضا باجتناب
نی فرمایا ہی میت کو اوسکی اہل کی رونی سی عذاب ہوتا ہی سو یارو میری عذاب مین سعی کرنی سی بچیو اور یہہ وصیت کری کہ ماتم مین
ما جرت به العادة من البدع فی الجنائز ویؤکد علیهم ذلك وینبغی له ان یقول فی وقت بعد وقت متی رایتم منی تقصیرا
جو جو بدعات رسم ہو رہی ہین ہرگز نکرنی چاہیین اور خوب تاکید کردی اور چاہیئے کہ دم بہ دم یہہ سمجھاتا رہی جب تمکو میرا کوئی قصور
فی شئ فنبهونی علیه برفق فانی معرض للغفلة والكسل والاهمال واذا قصرت فنشطونی وعاونونی علی اهبة سفری
معلوم ہو تو مجھکو نرمی سی جتا دیا کرو کیونکہ مین اب غفلت اور کاہلی اور سستی مین مبتلا ہون اور جب مجھسی کوئی قصور ہو تو مجکو بچاؤ اور اس سفر کی سامان پر مدد کرو
هذا فاذا حضر الموت یوجه نحو القبلة علی شقه الایمن قال الزیلعی والمختار فی زماننا ان یلقی علی قفاه وقدماه
زمانہ معلوم اور نہ کوئی مرض مقرر اور یہہ اسلئے ہی تا کہ آدمی ہر دم اوس سے ڈرتا اور سامان کرتا رہی لیکن جسپر دنیا کی محبت غالب ہو گئی اور اوسکی لذتونمین
فی لذاتها لا محالة یغفل عن ذکره ولا یذکره بل اذا ذکر عنده یکرهه وینفر عنه طبعه لان غلبة حب الدنیا فی قلبه
کہپ گیا ہی بیشک اوسکی یاد سی غافل ہے کبہی یاد نہین کرتا بلکہ اوسکی پاس اگر موت کا ذکر آتی تو برا سنتا ہی اور اوسکی طبیعت کو نفرت ہوتی ہی اسلئی کہ اوسکی دل مین دنیا کی
ورسوخ علائقها فیه یمنع عن التفکر فی الموت الذی هو سبب مفارقتها ولا یحب ذکره وان ذکره یذکره للتاسف علی الدنیا
محبت کا غلبہ اور دنیا کی مضبوط علاقی موت کی فکر سے روک دیتی ہین جو کہ سبب دنیا کی مفارقت کا ہی اور اوسکا ذکر اچہا نہین لگتا اور اگر موت کو یاد بہی کرتا ہی تو دنیا کی تاسف پر
ویشتغل بذمه ویزیده ذکره بعدا من الله تعالی اذ قد ورد فی الحدیث ان من کره لقاء الله تعالی کره الله لقاءه ومع هذا
موت کی برائیان کرتا ہی اور موت کا ایسا ذکر الله تعالی سی اوسے بہی دور کر دیتا ہی سو اسطے کہ حدیث مین آیا ہی کہ جو کوئی الله تعالی کی ملاقات کو مکروہ جانتا الله تعالی اوسکی صورت دیکہنی

فتذکره

فتذکرہ للموت خیر له لان تذکر الموت ینقص علیه نعیمه ویکدر علیه صفوة لذته فکل ما یکدر علی الانسان لذته وینقص
مگروہ کہتا ہی تسیر ہی موت کا یاد کرنا بہتر ہی اسلئے کہ موت کو یاد رکھنی سی دنیا کا عیش ناقص اور صاف لذت مکدر ہوجاتی ہی پہر جو چیز انسان کی لذت کو مکدر اور شہوت کو ناقص
علیه شهوته فهو من اسباب سعادته ولذا قال النبی علیه الصلوة والسلام اکثروا ذکر هاذم اللذات لان الانسان لا ینفك
کردے وہ ہی اسباب سعادت مین سی ہی اسیلئے نبی علیه السلام نی فرمایا ہی بہت یاد کرو توڑنی والی لذت کو اسلئے کہ انسان دو حالت سے خالی
عن حالتین اما فی ضیق ومحنة او فی سعة ونعمة فان کان فی ضیق ومحنة فذکر الموت یسهل علیه ما هو فیه بانه
نہین ہوتا یا تنگی اور محنت مین یا فراخی اور نعمت مین پس اگر شخص تنگی اور محنت مین ہی تو موت کا یاد کرنا اسپر تنگی اور محنت کو آسان کرتا ہی
یزول ولا یدوم والموت اصعب منه وان کان فی سعة ونعمة فذکر الموت یمنعه عن الاغترار بها والسکون الیها کما
کہ یہہ سب فنا ہونیوالا ہی ہمیشہ کو نہین ہے اور موت اوس سے سخت ہی اور اگر فراخی اور نعمت مین ہے تو موت کا یاد کرنا اوسکو دنیا کی فریفتگی سی اور دلکی لگاؤ سی باز رکہتا ہی جیسا کہ
روی انه علیه الصلوة والسلام قال کفی بالموت واعظا وقال اللفاف من اکثر ذکر الموت اکرم بثلثة اشیاء تعجیل
روایت ہے کہ نبی علیه السلام نے فرمایا موت نصیحت کرنیکو کفایت کرتی ہی لفاف کہتا ہی جو شخص موت کو بہت یاد رکہیگا تو اوسکو تین باتین حاصل ہونگی جلدی
التوبة وقناعة القلب ونشاط العبادة ومن نسی الموت عوقب بثلثة اشیاء تسویف التوبة والحرص علی الدنیا
توبہ اور دل مین قناعت اور عبادت مین سرور اور جو موت کو بہولا رہیگا تو وہ تین باتوں مین مبتلا رہیگا توبہ کی تاخیر دنیا کا لالچ
والتکاسل فی العبادة وقالت ام المؤمنین عائشة رض یا رسول الله هل یحشر مع الشهداء احد قال نعم من یذکر الموت
عبادت مین سستی ام المومنین عائشہ رض نے پوچہا یا رسول اللہ کوئی شہداء کے ساتھ بہی اوٹہیگا فرمایا ہان جو ہر روز
فی الیوم واللیلة عشرین مرة وسبب النیل الی هذه الفضیلة ان ذکر الموت یوجب التجافی عن الدنیا والاستعداد
رات دنمین موت کو بیس دفعہ یاد کرلی اور سبب حصول اس درجہ کا یہہ ہے کہ موت کی یادگاری دنیا سی الگ کردیتی ہی اور آخرت کے سامان مین لگاتی ہے
للاخرة والغفلة عنه تدعو الی الانهماك فی شهوات الدنیا ولذاتها ونسیان الاخرة وقد قال النبی علیه الصلوة و
اور موت کی غفلت دنیا کی شہوات اور لذات مین ڈبوتی ہے اور آخرت کو بہلا دیتی ہے اور بیشک نبی علیه السلام نے
السلام لابن عمر کن فی الدنیا کانك غریب او عابر سبیل فکانه علیه الصلوة والسلام قال له انك مسافر ستسافر الی
ابن عمر کو فرمایا دنیا مین ایسا رہ جیسی مسافر یا رستہ چلتا پس گویا نبی علیه السلام نے اوس سے یہہ کہا تو مسافر ہی اور تو جلد آخرت کا
الاخرة فلا تتخذ الدنیا وطنا ولا تمیل الی حظوظها وحطامها واغتنم صحتك واصرفها فی طاعة الله تعالی و
سفر کرتا ہی سو دنیا کو وطن مت بنا اور دنیا کی لذت اور مال اسباب پر رغبت مت کر اور اپنی صحت کو غنیمت سمجہکر اللہ تعالی کی طاعت مین صرف کر
اجتهد ان تقدم فی حیاتك ما تقربه عینك یوم الجزاء وذلك انما یحصل بذکر الموت فلذلك کان ذکر الموت
اور کوشش کر کہ اپنی زندگی مین پہلے ایسی اعمال کرلی جسمین قیامت کی دن تیری آنکہہ ٹہنڈی رہے اور یہہ حالت بدون یادگاری موت کی حاصل نہین ہوتی اسلئے موت کا یاد کرنا
افضل وانفع وغفلة الناس عنه لقلة فکرهم فیه وعدم ذکرهم له ومن یذکره لا یذکره بقلب فارغ بل بقلب
بہت افضل اور نافع ہی اور لوگون کی غفلت صرف کوتاہی فکر اور موت کو یاد نکرنی سی ہے اور جو یاد کرتا ہی تو صفائی دلسی یاد نہین کرتا بلکہ دل مین
مشغول باشغال الدنیا فلا ینفع ذکره فی قلبه مع ان الواجب علی العبد ان یفرغ قلبه عن کل شیٔ الا عن ذکر الموت
دنیا کی خیالات بہری ہوتی ہین سوئے دلمین موت کا ایسا یاد کرنا فائدہ نہین کرتا باوجودیکہ انسان پر واجب ہے کہ اپنی دلکو سب خیالات سی سوائی ذکر موت کے
الذی هو بین یدیه فانه اذا ذکره بقلب فارغ یوشك ان یؤثر فیه وعند ذلك یقل فرحه وسروره بالدنیا وینکسر قلبه
جو سامنی کہڑی ہی خالی کردی بیشک انسان اگر فارغ دل ہوکر موت کو یاد کریگا تو اوسمین تاثیر جلد معلوم ہوگی اور اب دنیا کی فرحت اور سرور کمتی ہوتا جاویگا اور دل ٹوٹ جاویگا
فان من کان اسیر النفس مصرا علی الذنوب یجب علیه ان یجتهد فی اصلاح نفسه بمداواة قلبه فان مداوات
پس جو شخص نفس کا مقید گناہون پر ڈٹا ہوا ہی اوسکو واجب ہے کہ اپنی دل کی علاج کی واسطی اصلاح نفس کے مشقت اختیار کری کیونکہ دلون کی دوا کرنے واجب ہے

القلوب واجبة لاسيما اذا كان قاسية فعلاجها باربعة اشياء اذ قد قال العلماء اذا كانت القلوب قاسية

کیونکہ دلون کی دوا کرنی واجب ہے خاص ایسی وقت مین کہ وہ سخت ہو جاوین پہر اوسکا علاج چار چیز سی ہی اسلئی کہ علما کہتی ہین کہ جب دل سخت ہو جاوین تو ایسی

فعلى اصحابها ان يلتزموا باربعة الاول حضور مجالس العلم التي يكثر فيها دعوة الخلق من الدنيا الى الاخرة ومن

لوگون کو چاہئی کہ چار چیزونکو لازم کرلین اول علم کی ایسی مجلسونمین حاضر ہونا جسمین خلق کی رہنمائی دنیا سی آخرت کے طرف اور

المعصية الى الطاعة فان ذلك مما تلين القلوب وينجع فيها والثاني ذكر الموت الذي هو هازم اللذات ومفرق

معصیت سی طاعت کی طرف بہت ہوتی ہو کیونکہ اس سی دلون مین نرمی اور درد پیدا ہوتا ہی اور دوسرے موت کا یاد رکہنا جو کہ لذتون کو توڑتے ہی اور

للجماعات وموتم للبنين والبنات والثالث مشاهدة المحتضرين فان النظر الى المحتضر ومشاهدة سكراته ونزعاته

جماعات کو پراگندہ کرتی ہی اور بیٹا بیٹے کو چہوڑا دیتی ہی اور تیسری مرتی ہو ونکا حالت نزع مین دیکہنا کیونکہ مشاہدہ سسکنے کا اور دیکہنا اوسکے ہچکیون اور نزع کا

وتامل صورته بعد موته يقطع عن النفوس لذاتها وعن القلوب مسراتها ويمنع الاجفان من النوم والابدان

اور غور کرنا اوسکی صورت کا بعد موت کے نفوس کو لذات سی اور قلوب کو مسرات سی اور پلکون کو نیند سے اور بدن کو

من الراحة ويبعث على الطاعات فهذه ثلثة امور ينبغي لمن كان قاسي القلب واسير النفس مصرا على الذنوب

ارام سی الگ کر دیتاہی اور طاعات پر اوبہارتا ہی سو یہ تین طریقہ ہین چاہئے کہ سخت دل آدمی نفس کا مغلوب گناہون پر لگا ہوا ان سی

ان يستعين بها على دوائه فان انتفع بها فذاك وان عظم عليه ذين القلوب واستحكمت دواعي الذنوب

اپنے دل کا علاج کرے پہر اگر نفع ہوا تو بس اور کیا چاہئی اور اگر دل کے عیب جم گئی اور اسباب گناہونکی جڑ پکڑ گئے

فزيارة القبور يؤثر في ذلك ما لم يؤثر الاول والثاني ولذلك قال النبي عليه الصلوة والسلام زوروا القبور

توپہر اسمین قبور کی زیارت ایسا اثر کرتی ہی جو کہ اول اور ثانی اثر نہین کرتا اور اسیہی لئی نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا قبرونکی زیارت کیا کرو

فانها تذكر الموت والاخرة وتزهد في الدنيا فان الاول سماع بالاذن والثاني اخبار بالقلب بما اليه المصير و

کیونکہ اس سے موت اور آخرت یاد آتے ہی اور دنیا چہوٹتی ہے کیونکہ اول طریقہ کانونسی سننی کا ہی اور دوسرا طریقہ دل سی انجام کی سمجہہ کا ہی اور

في مشاهدة من احتضر وزيارة من قبر معائنة ولذلك كانا ابلغ من الاول والثاني وقد قال النبي صلى الله عليه وسلم

سسکتی کو دیکہنی مین اور قبر کے زیارت مین انجام کا معائنہ ہوتا ہی اور اسیہی لئی یہہ دونو اول اور ثانی سی بہت نافع ہین چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا

ليس الخبر كالمعائنة لكن الاعتبار والاتعاظ بحال المحتضر غير ممكن في كل وقت من الاوقات ولا يتفق لمن يريد علاج

سنا ہوا دیکہی ہوئی کی برابر نہین ہوتا پر عبرت اور پند پذیری سسکتے کی حال سی ہر وقت میسر ہونا ممکن نہین ہے اور جو اپنی دل کا علاج

قلبه في ساعة من الساعات واما زيارة القبور فوجودها اسرع والانتفاع بها اوسع لكن ينبغي لمن يقصد زيارة

کیا چاہی تو گہری گہری اوسکو نہین ملتا ہی زیارت قبور کی تو اسکا ہاتہہ آنا جلد ہوسکتا ہی او منفعت اسکی بہت ہے پر لایق یون ہی کہ قبور کی زیارت کری

القبور ان يحترز من الزيارة البدعية التي يقصدها اكثر الناس في هذا الزمان وهي زيارة قبور بعض المتبركين

تو زیارت بدعے سی پرہیز رکہی جو کہ اس زمانہ مین اکثر لوگون کو مقصود ہی یعنے متبرک لوگون کی قبر پر جاکر

لاجل الصلوة عندها والطواف بها وتقبيلها واستلامها وتعفير الخدود عليها واخذ ترابها ودعاء اصحابها

نماز پڑہنا اور قبرون پر طواف کرنا اور چومنا اور بوسہ دینا اور اوسپر گال ملنے اور وہان کی مٹی لینی اور مردونسی دعا مانگنی

والاستغاثة بهم وسوالهم النصر والرزق والولد والعافية وقضاء الديون وتفريج الكربات واغاثة اللهفان وغير

اور اونپر بہروسہ کرنا اور اون سی امداد اور رزق اور اولاد اور آرام اور قرضونکا ادا اور سختیونکی کشایش اور ناتوانون کی مدد مانگنے اور

ذلك من الحاجات التي كان عباد الاوثان يسئلونها من اوثانهم اذ ليس شئ منها مشروعا باتفاق علماء المسلمين

سوا اسکی اور حاجتین جو بت پرست لوگ اپنے بتونسی مانگا کرتے ہین اسواسطی کہ اسمین سے کوئی بات بہی تمام علماء اہل اسلام کی نزدیک جائز نہین ہے

اذ لم یفعله رسول رب العلمین ولا احد من الصحابة والتابعین وسائر ائمة الدین بل یتادب بادابها ویکون حاضر
کیونکہ اوسکو نہ رسول رب العالمین نے کیا اور نہ کسی صحابہ اور تابعین نے اور نہ کسی ایمہ دین سے بلکہ طریقے زیارت قبور کی سیکہہ کر بحضور دل کے
القلب فی اتیانها ولا یکون حظه منها الطواف علیها فقط لانه حالة تشارکه فیها البهائم بل یقصد بزیارته وجه الله تعالی
ادا کرے ایسا ہو کہ زیارت قبور سے اسکا حصہ صرف طواف ہی ہو کیونکہ یہہ بات تو چوپاؤں سے بھی ہو سکتی ہے بلکہ زیارت سے صرف مقصود رضا خدا تعالی کا ہو
واصلاح نفسه ودواء قلبه ویجتنب المشی علی المقابر والجلوس علیها ویخلع نعلیه ان دخلها کما جاء فی الحدیث
اور درستی اپنی حال کی اور علاج اپنی دل کا اور قبروں کے اوپر پھرا نکرے اور نہ اونپر بیٹھے اور قبروں میں جانے ہوئے جوتی اوتار لے چنانچہ حدیث میں آیا ہے
ویسلم علی اهلها ویخاطبهم خطاب الحاضرین ویقول السلام علیکم دار قوم مؤمنین فانه علیه الصلوة والسلام
اور مردوں پر سلام بھیجے اور اون سے مخاطب ہو کر کلام کرے یہہ کہے سلام تمپر اے دار قوم مومنین کے کیونکہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام
کان یقول کذلك واذا وصل الی میت ینبغی له ان یاتیه من تلقاء وجهه ویسلم علیه ایضا لکن اذا اراد ان یدعو
یہہ ہی کہا کرتے تھے اور جب کسی مردہ کے پاس جاوے تو چاہئے کہ اوسکے منہہ کے سامنے سے جاوے اور اوسپر بھی سلام علیک کرے لیکن اگر دعا مانگنی کا قصد کرے
یدعو قائما مستقبل القبلة وکذلك الکلام فی زیارة النبی علیه الصلوة والسلام ثم یعتبر بمن کان تحت التراب
تو رو بقبلہ کہڑا ہو کر مانگے اور ایسی ہی گفتگو ہے نبی علیہ السلام کے زیارت میں ہے پہر اوسکے حال سے جو مٹی تلے دب گیا
وانقطع عن الاهل والاحباب بعد ان نافس الاصحاب والعشائر وجمع الاموال والذخائر وجاءه الموت فی وقت لم یحتسبه
اور اہل عیال اور یاروں سے جدا ہو گیا عبرت پذیر ہو ایکدن تہا کہ یاروں اور کنبے میں ملا جلا تہا اور مال اور ذخیرہ جمع کرتا تہا اور اوسکو ایسے وقت موت آگئی جو کہ گمان نہ تہا
وفی حال لم یرتقبه فانه حین دخل القبر وابتلی بالسؤال هل اصاب فی الجواب وکان قبره روضة من ریاض الجنة
اور ایسی حال میں جو توقع نکرتا تہا پہر جب قبر میں گیا اور سوال میں مبتلا ہوا تو خدا جانے جواب میں پورا اترا کہ اوسکی قبر بہشت کا چمن ہو گئی ہو
او اخطأ فی الجواب وکان قبره حفرة من حفر النیران ثم یجعل نفسه کانه مات ودخل القبر وذهب عنه اهله وولده
یا جواب میں پورا نہ اترا کہ اوسکی قبر ایک گڑہا دوزخ کا ہو گیا ہو پہر اپنی آپ کو تصور کرے گویا مرگیا اور گور میں داخل ہوا اور اہل اور اولاد
ومعارفه وبقی وحیدا فریدا وهو الان یسأل فماذا یجیب وماذا یکون حاله ثم یتامل حال من مضی من اخوانه واقرانه
اور جان پہچان جدا ہو گئی اکیلا تن تنہا رہ گیا اب مجہسے سوال ہو رہا ہے اب کیا جواب دوں اور میرا کیا انجام ہوگا پہر اپنی گذشتہ بہائی بندوں اور ہمسروں کی حالمیں تامل کرے
الذین املوا الامال وجمعوا الاموال کیف انقطعت امالهم ولم تغن عنهم اموالهم وغیر التراب محاسن وجوههم وافترقت فی
جو کہ بڑی بڑی امیدیں رکہتے تہے اور خوب مال جمع کیا تہا کیونکر اونکی امیدیں ٹوٹ گئیں اور مال متاع نے کچہہ فائدہ نہ دیا اور مٹی نے اونکی اچہی اچہی چہرے بگاڑ دئے اور
القبور اجزاؤهم وارملت بعدهم نساؤهم وشمل الیتیم اولادهم واقتسم غیرهم اموالهم ولیعلم ان میله الی الدنیا کمیلهم
گور میں اونکی اجزا بکہر گئے اور اونکی جوروئیں رانڈ ہو گئیں اور اونکی اولاد میں یتیمی پہیل گئی اور اونکا مال اوروں نے بانٹ لیا اور یوں یقین کرے کہ میرے رغبت دنیا میں ویسی ہی ہے
وغفلته کغفلتهم وانه لا شك صائر الی مصیرهم ولیتحقق ان حاله کحالهم وان الموت لفظیع والهلاك السریع بین یدیه
اور میری غفلت اون کیسی غفلت میں بیشک اوسی جگہ جاونگا جہاں وہ گئے ہیں اور میرا حال ہے اونکا سا حال ہونے والا ہے اور موت ناگوار اور ہلاک سریع سامنے موجود ہے
وعند هذه التذکر والاعتبار یلین قلبه ویخشع جوارحه ویزول عنه جمیع الاعتبارات الدنیویة ویقبل علی الاعمال الاخرویة
اس طرح کی یاد اور اعتبار سے البتہ دل نرم ہو جاویگا اور ہاتہہ پاؤں کانپ جاوینگے اور دنیا کی تمام رابطے جاتی رہینگے اور اعمال آخرت پر متوجہ ہووے گا
ویترك هواه ویتوجه الی طاعة مولاه ثم ینبغی له فی کل حین وزمان ان یکثر ذکر اقرانه وامثاله الذین مضوا قبله فیتذکر
اور ہوا ہوس ترک کر کر مولی کی طاعت اختیار کریگا پہر اسکو چاہئے کہ دم بدم سے اقران اور امثال کا جو کہ اس سے پہلی مر گئے ہیں ذکر کیا کرے
سرورهم ونشاطهم وعیشهم وعشرتهم وطول املهم واعتمادهم الی القوة والشباب ومیلهم الی الضحك والتلعاب
اور اونکی سرور اور نشاط اور اونکی عیش اور عشرت اور بڑی بڑی امیدیں اور اونکا بہروسہ قوت اور جوانی کا اور رغبت ہنسی اور کہیل کی یاد کیا کرے

ثم يتأمل كيف كانت حالهم وخلت منهم مجالستهم وديارهم وانقطعت آثارهم وضاعت اموالهم ثم ينظر في نفسه فانه
پھر یہہ سوچے کیسا اونکا حال تھا اور اونکی مجلس اور گھر بار اونسے خالی رہ گئی اور اون کا نشان مٹ گیا اور اونکے مال تباہ ہو گئے پھر اپنی طرف خیال کرے کہ میرا بھی
سيكون عاقبة امره كعاقبة امرهم فيسعى في اصلاح نفسه باسقاط ما في ذمته من الفرائض والواجبات والاجتناب
انجام یہہ ہی ہونے والا ہی جو اونکا ہوا پھر اپنے حال کو درست کرے جو جو اسکے ذمہ پر فرائض اور واجبات باقی نکلیں ادا کرے
عن المحرمات والمكروهات والتوبة عن الذنوب والسيئات يسرنا الله التوبة والاستغفار آناء الليل واطراف النهار
اور حرام اور مکروہات سے بچے اور گناہوں اور بری کار سے توبہ کرے اللہ ہمکو رات کو اور صبح شام توبہ اور استغفار کی توفیق دے

المجلس التاسع والخمسون في بيان ماهية الطاعون وعدم التقدم عليه وعدم الفرار منه

اونسٹھویں مجلس وبا کی حقیقت میں اور نہ اوسکے اندر جانا اور نہ وہان سے بھاگنا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الطاعون رجز ارسل على طائفة من بني اسرائيل فاذا سمعتم به بارض فلا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طاعون یعنے وبا عذاب ہی جو بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر نازل ہوا تھا جب تم کسی سرزمین میں وبا سنو تو
تقدموا عليه واذا وقع وانتم فيه فلا تخرجوا منها فرارا منه هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه اسامة بن زيد
اوسمیں نجاؤ اور جب وبا آجاوے اور تم وہان ہو تو وہانسے وبا کی ڈر کی ماری مت نکلو یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں سے ہی اسامہ بن زید کی روایت سے
والمراد بالطائفة المذكورة هم الذين امرهم الله تعالى ان يدخلوا الباب سجدا ويقولوا حطة فدخلوا الباب قائلين
اور مراد گروہ مذکورہ سے وہ قوم ہے جسکو اللہ تعالی کا حکم ہوا تھا کہ دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے اور حطہ یعنی معاف کہتے ہوئے چلے جاؤ سو وہ لوگ دروازہ میں
حنطة فخالفوا امر الله تعالى فارسل الله تعالى عليهم الطاعون فمات منهم في ساعة واحدة اربعة وعشرون الفا من
حنطہ کہتے ہوئے داخل ہوئے اونہوں نے امر الہی کی جو خلاف کیا تو اللہ تعالی نے اون پر وبا بھیجے سو اون میں سے گھڑے بھر کی عرصہ میں چوبیس ہزار
شيوخهم وكبرائهم فدل الحديث على ان سبب ظهور الطاعون هو المخالفة لامر الله تعالى وقد وقع فيه النهي عن
بڑے بڑے آدمی مر گئے اب اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سبب طاعون وبا پڑنیکا وہ امر الہی کی مخالفت ہے اور اس حدیث میں وہان یعنی وبا کی جگہہ میں جانے کی ممانعت سے
القدوم عليه وعن الفرار عنه فالنهي الاول لبيان لزوم الحذر عن التعرض للتلف اذ لا يجوز للعبد ان يلقي نفسه الى
اور وہان سے بھاگنے کی پہلی ممانعت ہی تو اس بیان کیلئے ہی کہ تلف میں پڑنے سے بچو اسلئے کہ بندہ کو جایز نہیں ہے کہ اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے
التهلكة لقوله تعالى وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ والنهي الثاني لبيان لزوم التوكل والرضاء بقضاء الله تعالى وقدره
اس آیت سے اور نہ ڈالو اپنی جان کو ہلاکت میں اور دوسری ممانعت واسطے بیان لزوم توکل کی ہی اور تقدیر الہی پر رضا
ولبيان ان العذاب الواقع بسبب المعصية لا يدفعه الفرار وانما يدفعه التوبة والاستغفار واختلف في هذا النهي
اور اس بیان کی واسطے کہ جو عذاب بسبب گناہوں کی نازل ہوتا ہی وہ بھاگنے سے نہیں دفع ہوتا اوسکو تو فقط توبہ اور استغفار ہی دفع کرتی ہی اور اس نہی میں اختلاف ہے
فقال القاضي تاج الدين السبكي مذهبنا هو الذي عليه الاكثرون ان النهي عن الفرار منه للتحريم وقال بعض العلماء
سو قاضی تاج الدین سبکی کہتا ہی ہمارا مذہب وہ ہی ہی جسپر اکثر علماء ہیں کہ وہان سے بھاگنے کی نہی تحریمی ہی اور بعض علماء کہتے ہین
هو للتنزيه واتفقوا على جواز الخروج لشغل غرض غير الفرار لقوله عليه السلام في آخر الحديث ولا تخرجوا منها فرارا منه
کہ نہی تنزیہی ہی اور بالاتفاق کہتے ہین کہ وہانسے چلا جانا واسطے کسی کار کی سوائے بھاگنے کے جایز ہی اس دلیل سے کہ نبی علیہ السلام آخر حدیث میں فرماتے ہین او مت نکلو وہانسے بھاگنے
ويدل على التحريم ما روى عن ام المؤمنين عائشة رض انه عليه السلام قال الفار من الطاعون كالفار من الزحف واخرج
اور حضرت ام المؤمنین عائشہ کی روایت سے ثابت ہوتی ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ وبا سے بھاگنے والا ایسا ہی جیسے لڑائی سے بھاگنے والا اور
ابن خزيمة في صحيحه ان الفرار منه من الكبائر والله تعالى يعاقب عليه ان لم يعف واختلف العلماء في حكمة ذلك النهي
ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہی کہ وبا سے بھاگنا گناہ کبیرہ ہی اور اللہ تعالی اسپر عذاب کریگا اگر نہ معاف کیا اور علماء کو اس ممانعت کی حکمت میں اختلاف ہے

فقيل

فقیل هو تعبّدی لا یعقل معناه لان الفرار من المهالك مامور به وقد وقع النهی عنه وفیه سر لا یعلمه الا الله تعالی
کوئی کہتا ہی اسمین بندگی ہی کچھہ معنی سمجھہ مین نہین آتی اسلئی کہ ہلاکت کے مقام سی بہاگ جانیکا حکم ہی اور اسمین ممانعت آئی ہی تو اسمین کوئی ایسی پوشیدہ بات ہے کہ اللہ سوا
وقیل هو معلل بان الطاعون اذا وقع فی بلاد یعم من کان فیه بمداخلة سببه فلا یفید الفرار منه بل ان کان اجله حضر
اور کوئی کہتا ہی اوسکی یہہ علت ہے کہ وبا جب کسی ملک مین پڑتی ہی تو جو وہان ہوتا ہی سب پر پہیل جاتی ہی کیونکہ سبب کو دخل ہوتا ہی پہر وہانسی بہاگنی مین کچھہ فائدہ نہین ہی بلکہ اگر
فالطاعون سبب موته سواء اقام او رحل فلما تعین المفسدة ولا انفکاك عنها تعین الاقامة لما فی الخروج من العبث
اوسکی موت آلگی ہی تو وبا ہی اوسکی موتکا سبب ہے برابر کہ وہ شخص وہان رہے یا چلا جاوے پہر جب فساد معین ہے کہ چہٹنا اوسی ممکن نہین ہے تو پہر اقامت ہی معین ہی اسلئی کہ چلجانے مین ایسی بیفائدہ حرکت
الذی لا یلیق بالعقلاء مع ان فیه الفرار من حکم قدر الله تعالی وامر بالصبر علیه وجعل لمن یموت به اجر الشهید بل
جو عقلا کی حال سی مناسب نہین ہے باوجودیکہ اسمین تقدیر الٰہی سی بہاگنا ہی حال یہہ ہے کہ اسپر صبر کرنے کا حکم ہی اور اوسمین مرنی والی کی واسطے اجر شہید کا مقرر ہے بلکہ
جعل للمقیم فیه صابرا اجر الشهید ولو لم یمت بالطاعون والفرار من مثل هذا الاجر خسارة عظیمة مع انه لا یعلم
اسمین صبر سی قائم رہنی والی کی واسطے اجر شہید کا ہی اگرچہ وبا مین جیتا ہی رہی اور بہاگنا ایسے اجر سے بڑی ہی ٹوٹی کی بات ہی باوجودیکہ یہہ خبر نہین
ان الموت الذی فرّ منه هل یسلم منه ام لا ونقل ابو الحسن المدائنی عن ابیه قال قلما فرّ احد من الطاعون فسلم قال
کہ جس موت سی بہاگتا ہون اسی سلامت بچونگا یا نہین اور ابو الحسن مدائنی اپنی باپ سے نقل کرتا ہی کہ وبا سے بہاگنے والا کم بچتا ہے
تاج الدین السبکی والذی حکاه مجرب ولیس ببعید ان یجعل الله الفرار منه سببا لقصر العمر وقد جاء فی الکتاب الکریم
تاج الدین سبکی کہتا ہی یہہ بات آزمودہ ہی اور کیا بعید ہے کہ اللہ تعالی اس بہاگنی کی باعث سی اوسکی عمر کوتاہ کردی چنانچہ کتاب کریم سے یہہ مضمون حاصل ہوتا ہی
ما یوخذ منه ان الفرار من الجهاد سبب لقصر العمر وهو قوله تعالی قُل لَّن یَنفَعَکُمُ الْفِرَارُ اِن فَرَرْتُم مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ
کہ جہاد مین سی بہاگنا عمر کوتاہ کردیتا ہے اور وہ یہہ آیت ہی تو کہہ ہرگز نہ فائدہ دیویگا تمکو بہاگنا اگر بہاگوگی تم مرنے سے یا مارے جانے سے
وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا وحکی ان والده استنبط ذلك من هذه الایة وقال اهل التفسیر فی قوله تعالی اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا
اور اب نہ پہل پاؤگے مگر تہوڑے دنون اور نقل کرتا ہی کہ میرے باپنے یہہ مضمون اسہی آیت سے نکالا ہی اور مفسرین اس آیت مین تو نے نہ دیکھی وہ لوگ جو نکلے
مِنْ دِیَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ان اهل قریة وقع فیهم فخرجوا منها هاربین فاماتهم الله تعالی ثم احیاهم لیعتبروا ویعلموا
اپنے گہرون سی اور وہ ہزارون تہی موت کی ڈرسی یہہ کہتی ہین کہ ایک قریہ مین وبا پڑی سو وہ لوگ وہانسے بہاگی پہر اللہ تعالی نی اونکو مار دیا پہر زندہ کیا تاکہ عبرت پذیر ہون اور جانین
ان لا ینفر من قضاء الله تعالی وقدره وقد ورد فی الحدیث انه وخز اعدائنا من الجن علی ما روی عن ابی موسی الاشعری
کہ تقدیر الٰہی سی نہین بہاگا جاتا اور حدیث مین آیا ہی کہ وبا ہماری دشمنون جنات کی نیزہ زنی ہی موافق روایت ابو موسے اشعری کے
انه علیه السلام قال فناء امتی بالطعن والطاعون قیل یا رسول الله هذا الطعن قد عرفناه فما الطاعون قال وخز اعدائکم
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا میری امت کی موت طعن اور طاعون سی ہی کسی نی عرض کیا یا رسول اللہ اس طعن کو تو ہم جانتی ہین پر طاعون کیا ہی فرمایا نیزہ زنی تمہاری دشمنون
یعنی الجن وفی کل منهما شهادة قال ابن القیم فی کون الطاعون وخز اعدائنا من الجن حکمة بالغة وهی ان اعدائنا منهم
یعنے جن کی اور ان دونون مین شہادت ہی ابن القیم کہتا ہی کہ طاعون جو ہمارے دشمنون جنات کی نیزہ زنی ہی اسمین بڑے حکمت ہی وہ یہہ ہے کہ انمین سے شیاطین ہمارے دشمن ہین
شیاطینهم واما اهل الطاعة منهم فهم اخواننا فی الدین وقد امرنا الله تعالی معاداة اعدائنا من الجن والانس وان
اور جو اونمین اہل طاعت ہین سو وہ ہمارے دینی بہائی ہین اور ہمکو حکم الٰہی ہے کہ اپنے دشمنونکی انسان ہون یا جن دشمنی کرین اور
نحاربهم طلبا لمرضاته وابی اکثر الناس الا مسالمتهم وموالاتهم فسلطهم الله تعالی علیهم عقوبة لهم لانهم لما استجابوا حین اخذوهم
واسطے طلب رضامندی اللہ کے لڑین اور اکثر لوگ اس حکم سی پہر کر اونکی محبت کے طلبگار رہو گئے سو ئی اونکو اللہ تعالی نی اونپر عقوبت کی لئی غالب کر دیا کیونکہ اونہون نے جب اونکو
وامروهم بالفسق والفجور واطاعوهم فی الفساد والشرور اقتضت الحکمة الالهیة ان یسلطوا علیهم بالطعن فیهم
فسق و فجور کیطرف بلایا تو مان گئے اور فساد اور شرارتون مین مطیع ہو گئی تو حکمت الٰہی نی چاہا کہ یہہ اونپر غالب آکر اون مین طعن قایم کرین

کما یسلط علیهم اعداءهم من الانس حین افسدوا فی الارض ونبذوا کتاب الله تعالی وراءهم فهذه المحاربة ملحمة من
جیسے کہ اونپر اونکی دشمن انسان غالب ہوجاتی ہین جب وہ ملک مین فساد برپا کرتے ہین اور کتاب اللہ کو پس پشت ڈالتے ہین پس یہہ محاربت صف جنگ
الانس والطاعون ملحمة من الجن وکل منهما یسلط علیهم بتقدیر العزیز الحکیم عقوبة لهم لمن یستحق العقوبة وشهادة
انسانکی ہی اور طاعون صف جنگ جنات کی ہی اور یہہ دونوں اونپر اللہ عزیز حکمت والی کی تقدیر سے واسطی عذاب مستحق عذاب کے اور واسطی شہادت مستحق
لمن هو اهل لها فهذه سنة الله تعالی فی العقوبات التی یقع عامة فیکون طهر اللمتقین وعذابا للفاجرین وقد ثبت
شہادت کے مسلط ہوجاتے ہین پس اس عقوبات مین جو عام نازل ہوتی ہین عادت الہی یہہ ہی جاری ہی سو متقیون کی واسطی طہارت اور بدکارونکی لئی عذاب ہی اور حدیث
فی الحدیث ان سبب وقوع الطاعون ظهور الفاحشة واعلان المنکرات علی ما روی عن ابن عمر انه علیه السلام قال لم تظهر
مین ثابت ہو چکا ہی کہ وبا پڑنیکا سبب ہے فاحشہ کا ظاہر ہونا اور منکرات کا برملا عمل مین آنا موافق روایت ابن عمر کے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا یہہ کبھی نہین ظاہر
الفاحشة فی قوم قط حتی یعلنوها الا فشی فیهم الطاعون واخرج مالک عن ابن عباس موقوفا والطبرانی مرفوعا ما فشا
کہ کسی قوم مین فاحشہ تو ایسا ظاہر ہو کہ برملا ہونی لگی اور وبا نہ پڑی اور مالک نے ابن عباس سے موقوفا اور طبرانی نی مرفوعا نقل کیا ہی نہین ظاہر ہوا
الزنا فی قوم قط الا کثر فیهم الموت قال ابن حجر الحکمة فی ذلک ان حد الزنا فی المحصن ازهاق الروح بصفة مخصوصة وهی
زنا کبھی کسی قوم مین مگر اونمین موت کے کثرت ہوئی ہے ابن حجر کہتا ہی حکمت اسمین یہہ ہے کہ زنا کی حد محصن کے حق مین جان کا نکالنا ہی بطور خاص یعنی
الرجم فاذا لم یقم فیه الحد یسلط علیهم الجن لیقتلوهم قال السیوطی ومن تتمة ذلک ان الزنا لما کان فی غالب الاحوال
سنگسار کرکر پھر جب اوسمین یہہ حد قایم نہ ہوئی تو جن اونپر تعینات ہوتے تاکہ اونکو قتل کرین سیوطی کہتا ہی اسکا بقیہ یہہ ہے کہ زنا چونکہ اکثر اوقات
یقع سرا یسلط الله علیهم عدوا یقتلهم سرا من حیث لا یرونه وقاعدة العذاب انه اذا نزل بقوم یعم المستحق وغیره
پوشیدہ واقع ہوتا ہی تو اللہ تعالی بہی اونپر ایسا دشمن تعینات کرتا ہی کہ پوشیدہ مار ڈالی ایسا کہ کسیکو معلوم ہو اور عذاب کا قاعدہ یہہ ہے کہ جب کسی قوم پر نازل ہوتی ہی سب پر
ثم یبعثون علی نیاتهم کما روی عن عبد الله بن عمر انه علیه السلام قال اذا انزل الله بقوم عذابا اصاب العذاب من کان فیهم
پہر وہ اپنی اپنی نیتون کی موافق مبعوث ہوتی ہین چنانچہ عبد اللہ بن عمر سی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ جب اللہ تعالی کسی قوم پر عذاب اوتارتا ہی تو جو وہان ہوتا ہی سب پہ پہنچتا ہی
ثم یبعثون علی نیاتهم قال العلماء انما یصیب العذاب جمیع الناس لظهور المنکرات والاعلان بها لان انکارها وتغیرها
پہر وہ اپنی نیت پر مبعوث ہوتی ہین علماء کہتی ہین کہ تمام لوگونکو عذاب اسلئے پہنچتا ہی کہ منکرات ظاہر اور برملا عمل مین آتی ہین اور منکرات کا بند کرنا اور بدلنا
یصیر واجبا علیهم فمن رای ولم ینکر صار کمن فعل فی استحقاق العقوبة کما روی عن ابن عباس انه قیل یا رسول الله
اونپر واجب ہو جاتا ہی پہر جو دیکھی آنکھون ممانعت نکری تو وہ استحقاق عقوبت مین ایسا ہے گویا کہ عمل کرتا ہی چنانچہ روایت ہے ابن عباس سے کہ کسی نی عرض کیا یا رسول اللہ
اتهلک القریة وفیها الصالحون قال نعم قیل بم یا رسول الله قال بتهاونهم وسکوتهم عن معاصی الله تعالی ثم ان
کیا تمام گانو ہلاک ہو جاتا ہی اور اوسمین صلحا ہوتی ہین فرمایا ہان عرض کیا کس خطا پر یا رسول اللہ فرمایا خدا کی نافرمانی پر اونکی سستی اور چپ رہنی سے پہر بیشک وہ
الطاعون وان کان یقع عذابا لهم بسبب سکوتهم عن المنکرات عند ظهورها لکن لما جعل لهم کفارة وطهرة کان لهم
وبا اگرچہ اونکی لئے منکرات کی ظہور پر چپ رہنی کی سزا مین عذاب آتا ہی پر چونکہ اونکی لئی کفارہ اور طہارت ہے تو اونکی حق مین
رحمة کما روی عن ام المؤمنین عائشة رض انه علیه الصلوة والسلام قال اذا کثر ذنوب العبد ولم یکن له ما یکفرها ابتلاه
رحمت ہے چنانچہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا جب بندہ کی گناہ بہت ہو جاتی ہین اور کفارہ اوسکا کچھ نہین ہوتا
الله تعالی بالحزن لیکفرها ویجوز ان یکون فی حق من لم یقصر فیما وجب علیه من الامر بالمعروف والنهی عن المنکر لزیادة
تو اللہ تعالی کفارہ کیواسطی اوسکو غم مین مبتلا کردیتا ہی اور احتمال ہی کہ اوسکی حق مین جو تمام واجبات یعنی امر بالمعروف و نہی عن المنکر مین قصور نکری واسطے افزایش
حسناته کما جاء فی الحدیث ان الرجل لتکون له عند الله تعالی منزلة فما یبلغها بعمله فما یزال الله یبتلیه بما یکرهه
حسنات کے ہو چنانچہ حدیث مین آیا ہی کوئی شخص تقدیر الہی مین ایک مرتبہ کی لایق ہوتا ہی کہ اوسکو عمل کی برکت سی نہین حاصل کرسکتا تو اللہ تعالی اوسکو ہمیشہ مکروہات مین مبتلا کرتا

حتی

حتی یبلغه ایاه وقد ورد فی الحدیث ان الطاعون شهادة للمؤمنین ورحمة لهم وزجر علی الکفرین وهو صریح فی ان

آخرۃ اوس مرتبہ پر پہنچادیتا ہی اور بیشک حدیث میں آیا ہی کہ وبا مومنین کی حق میں شہادت اور رحمت ہی اور کفار کی لئی عذاب ہے اسسے صاف معلوم ہوتا ہی کہ

کونه شهادة ورحمة خاصة بالمؤمنین واذا وقع فی الکافر فانما هو عذاب عجل علیه فی الدنیا وله فی الاخرة اشد

وبا صرف مومنین کی لئی شہادت اور رحمت ہے اور جب کافر پر پڑتے ہے تو وہ عذاب ہے کہ اوسپر جلدی سے دنیا میں آگیا اور آخرت میں اوسکے لئے

العذاب واما العاصی المرتکب الکبیرة من هذه الامة اذا کان مصرا علیها ولم یتب عنها فکون الطاعون شهادة

اور بہی سخت عذاب ہی اور رہا گنہگار کبیرہ کرنیوالا اس امت میں سے اگر وہ کبائر پر اڑا ہوا ہی اور تائب نہیں ہوا تو وبا اوسکی حق میں شہادت ہی یا نہین

له محل نظر اذ یحتمل ان یقال انه لا ینال درجة الشهادة لشوم ما کان متلوثا به من الذنوب وقد قال الله تعالی

اسمین تامل ہی اسواسطے کہ ہو سکتا ہی کہ کوئی کہے یہہ شخص ان گناہون کی وبال سی جسمین مبتلا تہا شہادت کا درجہ نہین پاسکتا اور بیشک اللہ تعالی فرماتا ہی

اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وایضا قد سبق ان الطاعون

کیا خیال رکہتے ہین جنہوں نے کمائی ہین برائیان کہ ہم کر دینگے اونکو برابر اونکی جو یقین لائے ہین اور کئی بہلے کام اور یہہ بہی گذر چکا ہے کہ وبا

ینشا عن ظهور الفاحشة ویقع عقوبة بسبب المعصیة فکیف یکون شهادة ویحتمل ان یقال انه ینال درجة الشهادة لعموم الاخبار الواردة

فاحشہ کی ظاہر ہونے سی پڑتی ہی اور گناہ کے سبب سی عقوبت ہوتی ہی پہر شہادت کیونکر ہو سکتی ہی اور یہہ بہی احتمال ہی کہ کہئے کہ شہادت کا درجہ پاویگا

فیها لا سیما الحدیث الوارد عن انس انه علیه الصلوة والسلام قال الطاعون شهادة لکل مسلم فانه صریح فی العموم وبالقیاس

اسواسطے کہ حدیثون مین حکم عام ہے خاص اوس حدیث مین جو انس روایت کرتا ہی کہ نبی علیہ السلام فرمایا وبا ہر مسلم کی لئی شہادت ہے اب یہہ مضمون صاف علی العموم ہے

علی شهید المعرکة ان یحکم له بالشهادة ولو کان له ذنوب کثیرة لم یتب عنها الا التبعات الادمیین للحدیث الوارد

اور معرکہ جنگ کے شہید پر قیاس کر کر حکم شہادت کا کر سکتی ہین اگرچہ سوا حق العباد کی اوسکی ذمہ پر کتنی ہی گناہ کی توبہ باقی رہی ہون بدلیل اس حدیث کی کہ

ان الشهید یغفر له کل ذنب الا الدین وسائر التبعات فی معنی الدین ولا یلزم من حصول درجة الشهادة لمن اکتسب السیئات

شہید کی تمام گناہ بجز قرض کے معاف ہو جاتی ہین اور تمام حقوق بمنزلہ قرض کے ہین اور یہہ لازم نہین آتا کہ ایک شخص جو گناہ کرتا شہادت کا درجہ پاکر

ان ساوی المؤمن الکامل فی المنزلة لان درجات الشهداء متفاوتة نعم یستفاد من الحدیث ان الشهادة لا تکفر

مومن کامل سے درجہ مین برابر ہو جاوے اسیواسطے کہ شہیدونکی مرتبے کمتی بڑہتی ہوتے ہین البتہ اس حدیث سی یہہ معلوم ہوتا ہے کہ شہادت سی حقوق

التبعات لکن التبعات لا تمنع الشهادة اذ لیس للشهادة معنی الا انها اذا حصلت لشخص یثیبه الله تعالی ثوابا مخصوصا

نہین معاف ہوتی ہین لیکن حقوق باقی رہنی سے کچہہ شہادت مین فرق نہین آتا اسواسطے کہ شہادت کی یہہ ہی معنی ہین کہ جب خدا کسیکے نصیب کرتا ہی تو اوسکو اللہ تعالی ایک ایسا

ویغفر له ذنوبه غیر التبعات ثم ان کان له اعمال صالحة فهی تنفعه فی موازنة ما علیه من التبعات وتبقی له درجة الشهادة

ایک خاص ثواب دیتا ہی اور اوسکی تمام گناہ سوائی حقوق کی معاف ہو جاتی ہین پہر اگر اوسکی آگے اعمال صالحہ ہین تو وہ اون حقوقکی مقابلہ مین فائدہ کرینگی اور درجہ شہادت کا اوسکے لئی بچا رہیگا

وان لم یکن له اعمال صالحة فالشهادة تکفر اعماله السیئة غیر التبعات وهو فی حق التبعات یبقی فی مشیة الله تعالی

اور اگر کچہہ اعمال صالحہ نہین تو شہادت اوسکی گناہون کو سوائی حقوق کی تو محو کر دیگی اور بابت حقوق کے اللہ تعالی کی مشیت مین رہے گا

فانه تعالی اذا اراد ان لا یعذبه یرضی علیه خصمه کما روی انه علیه الصلوة والسلام بینما هو جالس اذ ضحك حتی

بیشک اللہ تعالی اگر چاہے کہ اوسپر عذاب نہو تو مدعیونکو راضی کر دیگا چنانچہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام ایک وقت بیٹہی ہوئی ایسے ہنسی

بدت ثنایاه فقیل له لم تضحك یا رسول الله قال رجلان من امتی جثیا بین یدی رب العزة فیقول احدهما یا رب خذ

کہ دندان مبارک بیشین نظر آنے لگے پہر کسے نے پوچہا یا رسول اللہ آپ کیوں ہنستی ہین فرمایا میری امت کے دو شخص رب العزت کی سامنی آئی ایک کہتا ہی ای رب میری میرا حق

لی مظلمتی من هذا الاخ فیقول الله تعالی اعط اخاك مظلمته فیقول یا رب لم یبق من حسناتی شیء فیقول الله تعالی

اس بہائی سی دلادی پہر اللہ تعالی فرماتا ہے اپنے بہائی کا حق ادا کر دی وہ جواب دیتا ہے الہی میری پاس تو کوئی بہلائی باقی نہین رہی پہر اللہ تعالی ہی کہتا ہے

للطالب ما تصنع باخیك لم یبق من حسناته شیٔ فیقول یا رب فلیحمل عنی اوزاری ففاضت عینا رسول الله
طالب مدعی سی کہیگا اب تو اپنی بہائی سی کیا معاملہ کریگا اوسکی پاس تو کوئی حسنہ باقی نہین رہا پہر وہ کہیگا یارب پہر وہ میرا بوجہہ یعنی گناہ اوٹہالی بس دونو آنکہین رسول الله
صلی الله علیه وسلم قال ان ذلك الیوم لیوم عظیم یحتاج الناس فیه ان یحمل عنهم اوزارهم ثم قال فیقول الله تعالی
صلی الله علیه وسلم کی ٹپک پڑین اور فرمایا بیشک وہ دن بڑا سخت ان ہی لوگوں کو اوس روز یہہ حاجت ہوگی کہ اونکی گناہ اوروں پر پڑجاوین پہر آپنے فرمایا پہر الله تعالی
للطالب حقه ارفع بصرك فانظر الی الجنان فیرفع بصره فیری مدائن من فضة وقصورا من ذهب مکللة باللؤلؤ فیقول
مدعی سی فرماویگا نگہہ اوٹہاکر جنت کی طرف تو دیکہہ پہر وہ آنکہہ اوٹہاکر کیا دیکہتا ہی شہر کی شہر چاندیکی اور محل کے محل سونیکی تمام موتی جڑی ہوئے پہر عرض کریگا
لمن هذا یا رب فیقول الله تعالی هذا لمن یعطی ثمنه فیقول فمن یملك ثمنه یا رب فیقول الله تعالی انت تملکه فیقول
آلہی یہہ کسکی ہین پہر الله تعالی فرماویگا جو کوئی انکی قیمت اداکری پہر عرض کریگا اسکی قیمت کسکی پاس ہے پہر الله تعالی فرماویگا اسکی قیمت تیری پاس ہے پہر عرض کریگا
بماذا یا رب فیقول الله تعالی بعفوك عن اخیك فیقول یا رب قد عفوت عنه فیقول الله تعالی خذ بید اخیك وادخله
کس چیز کی بدلہ پہر الله تعالی فرماویگا تیری اس بہائی کی معافی کی بدلہ پہر عرض کریگا آلہی مین نے بیشک اوسکو معاف کیا پہر الله تعالی فرماویگا اپنی بہائی کا ہاتہہ پکڑ اور جنت مین لیجا
الجنة ثم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فاتقوا الله واصلحوا ذات بینکم فان الله تعالی یصلح بین المؤمنین
پہر رسول الله صلی الله علیه وسلم نے فرمایا الله سی ڈرو اور آپسمین ملاپ رکہو کیونکہ الله تعالی قیامت کے روز مومنون مین
یوم القیمة قال القرطبی نقلا عن شیخه هذا لبعض الناس ممن اراد الله تعالی ان لا یعذبه وکذا ما روی عنه علیه الصلوة
ملاپ کرویگا قرطبی اپنی اوستاد سی نقل کرتا ہی یہہ حال کسی کسی کا ہی جسکو الله تعالی عذاب سی بچانا چاہے اور ایسی ہی وہ جو نبی علیه الصلوة والسلام
والسلام ان منادیا ینادی یوم القیمة من تحت العرش یا امة محمد اما ما کان لی قبلکم فقد وهبته لکم فبقیت التبعات
سے روایت ہی کہ ایک منادی قیامت کی دن عرش کے تلی سی آواز دیگا ای امت محمد کی جو میرا حق تمہاری ذمہ تہا مین نے تمکو بخشدیا اب حقوق عباد باقی ہین
فتواهبوا فادخلوا الجنة برحمتی فهذا ایضا لبعض الناس اذ لو کان فی جمیعهم لما دخل احد النار وقد ورد اخبار صحیحة
سو ہر ایک دوسرے کو معاف کرکی میری رحمت سے جنت مین چلی جاو یہہ بہی کسی کسی کی واسطی ہی کیونکہ اگر سب کے لئی یہہ ہے ہو تو کوئی بہی دوزخ مین نہ جاوی اور بیشک صحیح حدیثین
نقلها ثقات ولا بد من الایمان بها ان من کان من اهل الایمان لا یبقی فی النار بسبب العصیان بل یخرج منها ولو بعد حین
جو ثقات کی روایت سے آئی ہین اونپر بہی ایمان لانا ضرور ہی کہ کوئی ایماندار گناہون کے سبب سے دوزخ مین نہین پڑا رہیگا بلکہ دوزخ سی نکلیگا اگرچہ بعد زمانہ قلیل
وزمان والخروج منها لا یکون الا بعد الدخول فیها عصمنا الله تعالی عن الدخول فیها المجلس الستون فی بیان فضیلة الصبر فی
یا زمانہ درازکی اور دوزخ سے باہر آنا بدون داخل ہوئی نہین ہو سکتا آلہی ہمکو دوزخ مین جانے سی بچائی ساٹہوین مجلس مین صبر کی فضیلت کا بیان
موضع الطاعون وعدم جواز الدعاء لرفعه قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس من احد یقع الطاعون فیمکث
موضع طاعون مین اور اوسکی دفع کے لئے دعا کا نہ جائز ہونا رسول الله صلی الله علیه وسلم نے فرمایا ایسا کوئی نہین کہ طاعون واقع ہو پہر بہی
فی بلده صابرا محتسبا یعلم انه لا یصیبه الا ما کتب الله له الا کان له مثل اجر الشهید هذا الحدیث من صحاح المصابیح
اوس شہر مین صبر کرکر ثواب کے لئے یہہ سمجہکر ٹہرا رہی کہ مجہکو وہ ہی پہنچیگا جو الله تعالی لکہہ چکا ہی مگر اوسکی واسطی برابر اجر شہید کے ہوگا یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہے
رواه ام المؤمنین عائشة رض قال ابن الحجر مقتضی هذا الحدیث ان اجر الشهید یکون لمن لا یخرج من البلد الذی
ام المومنین عائشہ کی روایت سی ابن حجر کہتا ہی مقتضی اس حدیث کا یہہ ہی کہ شہید کا اجر اوسکو ہوتا ہی جو اوس شہر مین سی جہان
وقع فیه الطاعون ویکون فی حال اقامته قاصدا ثواب الله تعالی راجیا موعده عارفا بان ما یقع له فهو بتقدیر الله تعالی
طاعون واقع ہوا ہی چلا نجاوی اور وہان ٹہرا ہو الله سی ثواب کا ارادہ کرے اور اوسکے وعدہ کا امیدوار رہی یہہ سمجہکر کہ مجہپر جو گذریگا سو تقدیر آلہی سی ہے
وما یصرف عنه فهو بتقدیر الله تعالی غیر متضجر بوقوعه معتمدا علی ربه فی کل حال فمن اتصف بهذه الصفات فمات
اور جو ٹل جاویگا سو تقدیر آلہی سی ہے اور اوسکی واقع ہونی سے دل تنگ نہو اپنی رب پر ہر حال مین بہروسہ رکہی جس شخص مین یہہ صفات موجود ہون پہر وہ

بغیر الطاعون فظاهر الحدیث ان اجر الشهید یحصل له ویؤیده روایة من مات فی الطاعون فهو شهید الحدیث حیث لم یقل بالطاعون
طاعون مین مری تو بہی موافق ظاہر حدیث کی اوسکو شہید کا ثواب ملتا ہی اور اوسکی تائید یہہ روایت کرتی ہی جو شخص طاعون مین مرے تو وہ شہید ہے آخر حدیث تک اسلئے کہ یہہ نہین فرمایا کہ طاعون کے سبب

ثم قال لو وجدت فی شخص هذه الصفات ثم مات بعد انقضاء زمن الطاعون فظاهر الحدیث انه یکون شهیدا و
پہر کہا جس شخص مین یہہ صفتین موجود ہون پہروہ بعد گذرنے موسم طاعون کی مری تو ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ شہید ہے اور

نیة المؤمن خیر من عمله ثم قال ومما یستفاد من هذا الحدیث ان الصابر فی الطاعون المتصف بالصفات المذکورة
مومن کی نیت عمل سے بہتر ہوتی ہی پہر کہا اور اس حدیث سی نکلتا ہے کہ طاعون مین صبر کرنے والا جو ان صفات مذکورہ سے موصوف ہو

یامن فتنة القبر لانه نظیر المرابط فی سبیل الله تعالی وقد صح ذلك فی المرابط کما فی حدیث مسلم وغیره ثم
قبر کے فتنہ سے محفوظ رہیگا اسلئے کہ گویا گہوڑا الگئی ہوئی جہاد مین تیار ہی اور یہہ ثواب مرابط کے حق مین ثابت ہوچکا ہی چنانچہ حدیث مسلم وغیرہ مین موجود ہے

قال واما من لم یتصف بالصفات المذکورة تراه یشتد تضجره ویشتغل بوجوه من الحیل فی دفعه بانواع الاشیاء
اور جس شخص مین صفات مذکورہ موجود نہون تو دیکہو کتنا دل تنگ ہوتا ہی اور دفع کرنیکو قسم قسم کی حیلے طرح طرح کی باتین جو وبا کی دور کرنیوالے

التی یقال انها تدفعه کالرقی والخواتم والتعویذات التی تعلق فی الرؤس وتکتب علی الابواب ویتشام بانواع الطیرة
مشہور ہین کئے جاتے ہے جیسے منتر اور نقوش اور تعویذ جو گلے مین ڈالتے ہین اور دروازون پر لکہتے ہین اور شگون لینا قسم قسم کی فال سے

التی نهی الشارع عنها ویحیل امره علی الهوی والماء من غیر نظر الی سببه الحقیقی الذی هو ظهور الفاحشة واعلان المنکرات
جو شرع مین ممنوع ہین اور حوالہ کرنا اسکے حال کا آب وہوا پر اور حقیقی سبب کا کچہہ لحاظ نہین جو ظاہر ہونا فوحش کا اور برملا ہونا منکرات کا ہے

ویجتنب عن عیادة المرضی وحضور الجنائز التی ترقق القلوب وتستجلب الدموع وتورث الخشیة والخشوع واکثرهم
اور بیمارون کی عیادت اور جنازہ پر جانا سب چہوڑ دیتا ہی جسسے دل نرم ہوتی ہین اور آنسو ٹپکتے ہین اور خوف اور انکسار پیدا ہوتا ہی اور ایسی لوگ اکثر

یموتون فی زمن الطاعون بالطاعون وغیره فتفوتهم درجة الشهادة بسبب عدم امتثالهم بالامر بالصبر علیه
طاعون کی موسم مین طاعون وغیرہ سی مرجاتے ہین سو اونکو درجہ شہادت کا نہین ملیگا کیونکہ موافق حکم کے طاعون پر صبر نکیا

عند وقوعه وقد یموت بعض منهم فیزعمون انه یقوم بعد موته ویخرج من قبره لیلا ویدور بیوت الناس و
اور ان مین کوئی مرجاتا ہی تو یہہ کہتے ہین کہ موت کی بعد یہہ اوٹہتا ہی اور رات کو قبر مین سے نکل کر لوگون کے گہر مین پہرتا ہو

یدعو بعض اصحابها ویموت من دعاه وبهذا الزعم ینبشون قبره وینبحونه بل ربما یخرجونه ویحرقونه کما یفعله
اپنی یارون مین سی کسی کسی کو پکارتا ہی پہر جسکو وہ پکارتا ہی وہ ہی مرجاتا ہی اسہی گمان پر اوسکی قبر اوہیڑ کر اوسکو ذبح کر ڈالتے ہین بلکہ بعضے دفعہ اوسکو نکال کر پہونک دیتی ہین جیسا ہند کے

کفار الهند مع کون هذه الافعال کلها مما ورد النهی عنها فی الشرع المحمدی وانما یرتکبونها لنفرتهم عن الطاعون وکراهتهم
کفار یہہ ہی کرتے ہین باوجودیکہ یہہ تمام حرکات دین محمدی مین سراسر ممنوع ہین اور یہہ حرکات اسہی لئی کرتے ہین کہ طاعون سے گہبراتے ہین اور اوسکو برا سمجہتے ہین

له وقد ثبت انه علیه السلام دعا به لامته وقال اللهم اجعل فناء امتی بالطعن والطاعون وبعضهم وان استشکل
اور بیشک ثابت ہوچکا ہے کہ نبی علیہ السلام نی اپنی امت کی لئی اسکی دعا کی ہی فرمایا ہی الٰہی میری امت کے موت طعن اور طاعون سے دیجیو اور بعضون نے اگرچہ اس حدیث پر

هذا الحدیث بان اکثر الامة یموتون بغیرهما لکن اجیب بانهما الغالب علی فناء الامة وهو صحیح بلاشك اذ لو استقری
یہہ اعتراض کیا ہی کہ موت اکثر امت کی تو بغیر طعن اور طاعون کی ہوتی ہی لیکن جواب یہہ ہے کہ اکثر یہہ ہی دونو امت کے موت کے لئی ہوتی ہین اور یہہ بات بیشک صحیح ہی کیونکہ اگر تحقیق

الامر لوجد العدد الذی مات فی الطاعون اکثر من العدد الذی مات فیما بینه وبین الطاعون الذی قبله فکیف اذا انضم
تلاش کرو تو البتہ گنتی طاعون کے مردون کی اون مردون سی زیادہ ہوگی جو درمیان مین اس طاعون کے اور پہلی طاعون کے مرے ہین پہر اگر مقتولین کو شامل

الیه القتل الحاصل فی الجهاد وفی الفتن فان قیل کیف دعا علی امته بالهلاك فالجواب ان المقصود من هذا الدعاء لیس
کرین جو جہاد یا فتنہ مین قتل ہوئی ہین تو کیونکر نہ زیادہ ہونگی پہر اگر کوئی یہہ کہی کہ اپنی امت کی ہلاک کی کیون دعا کی تو جواب یہہ ہے کہ اس دعا سی ہلاک کا کوسنا مقصود نہین ہے

دعاء علیہم بالهلاك وان كان من لوازمه الهلاك بل المراد منه حصول الشهادة لهم بكل من الامرين لان الموت
اگرچہ ہلاکت اوسکی لوازم سے ہی بلکہ اس دعا سے بوسیلہ ان دونو اسباب کے اونکے لئے شہادت مطلوب ہی کیونکہ موت تو ایسے سبیے گے ہوئی ہے
امر لازم لاخلاص منه فكان محط الدعاء على جعل كل منهما سبباً للموت الذى قدره الله تعالى ولا مفر منه حتى
کہ اوس سے اصلا مخلصی نہیں ہے پس مطلب دعا کا یہہ ہی کہ طعن اور طاعون ہی سے موت آیا کری جو اللہ تعالیٰ نے مقرر کے ہی اور اوس سے کوئی بچاؤ نہیں ہے
يحصل بكل منهما الشهادة اما حصولها بالطعن الذى هو القتل الحاصل فى الجهاد والفتن فظاهر واما حصولها
تاکہ ان دو وجہ سے شہادت ہوا کری پھر حصول شہادت طعن سے جو میں جہاد میں یا فتنہ میں مارے جاتے ہیں ظاہر ہے رہا حصول شہادت کا
بالطاعون فلما ثبت بالحديث انه وخز اعدائنا من الجن فيكون شهادة بلاريب ولهذا كان الدعاء برفعه غير
طاعون سے سو اسلئے کہ حدیث سے ثابت ہوا ہی کہ طاعون کو جا ہماری دشمنوں جنات کا ہے پس بیشک شہادت ہے اور اسی لئے اوسکے رفع کی دعا جایز نہیں ہے
مشروع قال المنبجى يكره لان معاذا امتنع منه واعتل بان الطاعون شهادة ورحمة ودعوة نبينا محمد عليه السلام
منبجی کہتا ہی کہ مکروہ ہی اسلئے کہ معاذ رضہ نے دعا نکی اور یہہ حجت کی کہ طاعون شہادت اور رحمت ہے اور ہمارے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی دعا ہے
على ما روى عن عبد الله بن رافع ان ابا عبيدة بن الجراح لما اصيب فى طاعون عمواس استخلف معاذا واشتد الامر
موافق روایت عبد اللہ بن رافع کے کہ ابو عبیدہ ابن جراح جب طاعون عمواس میں مبتلا ہوکر فوت ہوئے تو معاذ رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب کیا اور ایسی شدت ہوئی
فقال الناس لمعاذ ادع الله برفع هذا الرجز فقال انه ليس برجز ولكنه دعوة نبيكم وموت صالحين قبلكم وشهادة
معاذ سے کہا کہ اللہ سے دعا مانگو کہ یہہ عذاب دور ہو جاوے معاذ نے کہا یہہ عذاب نہیں ہے بلکہ یہہ تمہارے نبی کی دعا ہی اور اگلے صلحا کی موت اور شہادت ہی
يخص الله تعالى بها من شاء منكم اللهم ات آل معاذ نصيبهم الاوفر من هذه الرحمة فهذا القول من معاذ صريح بان
تم میں سے جسکو چاہے اللہ عطا فرماوے الٰہی معاذ کی اہل کو بڑا حصہ اس رحمت میں سے عطا کر اور معاذ کی یہہ تقریر صریح ہے کہ
الدعاء برفعه غير مشروع وقد صح ان معاذا اعلم الامة بالحلال والحرام وانه امام الفقهاء يوم القيمة فلو كان مشروعا
اسکے دور ہونیکے دعا جایز نہیں ہی اور تحقیق ہو چکا ہے کہ معاذ تمام امت میں حلال اور حرام کو خوب جانتا تہا اور قیامت کی روز تمام فقہا کا پیشوا ہوگا اگر یہہ دعا
لما احوجهم ان يسئلوه بل كان يفعل من تلقاء نفسه بل لو كان مباحا لبادر بفعله عند سؤال الرعية عنه ما ظنوا
جایز ہوتی تو لوگون کی کہنے کی کیا حاجت تہی بلکہ وہ خود بخود دعا کرتا بلکہ اگر دعا مباح ہوتی تو فورا کرتا جب لوگون نی اوس سے عرض کیا تہا اس خیال سے کہ ہمارے حق میں
انه مصلحة لهم وقد صرح الحنابلة المسئلة وقال صاحب الفروع منهم لا يقنت له لانه لم يثبت القنوت فى طاعون
بہتر ہے اور حنبلون نے اس مسئلہ کو صراحت سے بیان کیا ہی اور صاحب فروع اونمیں سے کہتا ہی اسکی دعا نکرین اسلئے کہ طاعون عمواس وغیرہ میں دعا ثابت نہیں ہوئی ہی
عمواس وغيره وابن الحجر وان مال الى مشروعيته فرادى الا انه منع الاجتماع له وقال واما الاجتماع للدعاء برفعه كما فى
اور ابن حجر اگرچہ پسند کرتا ہی کہ الگ الگ جایز ہی پر اجتماع کو وہ ہے منع کرتا ہے اور کہتا ہی کہ جماعت کرنی دفع کی دعا کی لئے جیسے
الاستسقاء فبدعة حدثت بدمشق فى الطاعون الكبير سنة تسع واربعين وسبعمائة ولم يفد شيئا بل ازداد الامر
نماز استسقا میں ہوتی ہی سو بدعت ہی دمشق میں جاری ہوئی تہی بڑے طاعون ۷۴۹ سات سو انچاس میں اور کچھ فائدہ بھی نہوا ہوا بلکہ حال اور بھی
شدة ثم قال ولو انه كان مشروعا لم يخف على السلف ولا على فقهاء الامصار واتباعهم فى الاعصار الماضية فلم يبلغنا
تباہ ہوگیا پھر کہا اور اگر دعا جایز ہوتی تو سلف پر یہہ بات پوشیدہ نرہتے اور نہ ملک کی فقہا پر اور نہ اونکی تلامذہ پر زمانہ گذشتہ میں سو اس باب میں ہمکو نہ کوئی روایت ملی ہے
فى ذلك خبر ولا اثر عن المحدثين ولا فرع مسطور عن احد من الفقهاء وائمة الدين وقد تمسك قوم على مشروعيته بقول
اور نہ محدثین سے کوئی اثر اور نہ کوئے جزئی کسی فقیہ اور دین کی امام کی لکہی ہوئی ہے اور ایک قوم نی جواز دعا پر بعضے فقہا کے
بعض الفقهاء ان القنوت فى الصلوات كلها مشروع عند النوازل وان الاجتماع والدعاء لعموم الامراض جائز وقالوا ان تصريحهم
اس قول سے تمسک کیا ہی کہ دعا قنوت تمام نمازون میں بر وقت نزول حوادث کی مشروع ہے اور جماعت کرنی اور دعا مانگنی عموم امراض کی واسطے جایز ہے اور وہ قوم یہہ کہتے ہیں

بالمرض

بالمرض العام بمنزلة التصريح بالوباء الذی يشمل الطاعون وهو ايضا من اشد النوازل والجواب ان كلا من الوباء والنوازل

عموم امراض کا نام لینا بمنزلہ نام لینے وبا کی ہی جسمین طاعون بھی داخل ہے اور یہہ بھی بڑا حادثہ ہے اور جواب یہہ ہے کہ تمام وبا اور حوادث

وان كان عاما يشمل الطاعون وغيره الا ان الطاعون اختص بكونه شهادة ورحمة ودعوة نبينا محمد عليه الصلوة والسلام بخلاف

اگرچہ عام ہین کہ طاعون وغیرہ بھی اونمین داخل ہین پر طاعون مین خاص کر شہادت ہوتی ہی اور رحمت ہی اور ہمارے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کی دعا ہے برخلاف

الوباء والنوازل ولهذا شرع الدعاء برفعها ولم يشرع برفع الطاعون ويؤيد ذلك ورود النهی عن الفرار منه دون الوباء و

وبا اور حوادث کی اور اسیہی لئی وبا اور نوازل کی رفع کی دعا جایز ہی اور طاعون کے رفع کی دعا جائز نہین اوسیہی کی تائید کرتی ہی طاعون سی بہاگنی کی ممانعت سوا وبا اور

سائر النوازل فانه قد وقع فی القرن الاول مرات متعددة والصحابة يومئذ متوافرون واكابرهم موجودون ولم ينقل عن

اور تمام حوادث کے کیونکہ طاعون قرن اولی مین کئی بار نازل ہوا ہی اور صحابہ اوسوقت بہت اور بڑی بڑے موجود تہے اور کسی سی یہہ ثابت نہین

واحد منهم انه فعل شيئا من ذلك او امر به والمراد من قول معاذ دعوة نبيكم حديث اللهم اجعل فناء امتی بالطعن و

کہ کسی نے انمین سے کچہہ بہی آپ کیا ہو یا کسیکو بتایا ہو اور معاذ کا قول دعوۃ نبیکم اس سے مراد یہہ حدیث ہی الٰہی کر دی نیستی میری امت کے طعن اور

الطاعون والمراد بالصالحين قبلكم قد تكلم عليه الكلاباذی فقال يجوز ان يكون المراد بهم بنی اسرائيل فان الطاعون

طاعون سے اور صالحین سے جو قبل تمہارے مراد ہین اونپر کلاباذی گفتگو کرتا ہی اوسکی رای یہہ ہی کہ اون لوگون سی بنی اسرائیل مراد ہو سکتی ہین کیونکہ طاعون

وان كان قد وقع عذابا لهم بسبب سكوتهم عن المنكرات عند ظهورها الا انه قد جعل كفارة لهم وطهرة لما كان منهم

اگرچہ اونپر عذاب آیا تہا وقت ظہور اور برملا ہونے منکرات کے جو دم کہا رہے منع نکیا پر اونکی حق مین اونکی دم کہا رہنی کی گناہ کا کفارہ اور طہارت تہے

من السكوت كما كان قتل بعضهم بعضا كفارة لمن كان منهم عبد العجل فانهم تائبون صالحون مستسلمون وقد علم من

جیسی آپسمین ایک دوسرے کے ہاتہہ سے واسطے کفارہ گوسالہ پرستی کی سب قتل ہوئے کیونکہ یہہ سب تائب اور صلحا اور مطیع تہے اور اس سے معلوم ہوا

هذا ان الواجب على كل مسلم ان يسعى فی اصلاح نفسه باسقاط ما فی ذمته من الفرائض والواجبات والاجتناب عن

کہ مسلم پر واجب یہہ ہی کہ اپنی ذات کی صفائی اور اصلاح مین کوشش کری اسطور کہ جو اوسکے ذمہ فرایض اور واجبات ہین ادا کری

المحرمات والمكروهات والتوبة عن الذنوب والسيئات والمبادرة الى رد المظالم والتخلص من التبعات وهو مطلوب فی كل

اور محرمات اور مکروہات سی بچے اور گناہون اور برائیون سی توبہ کری اور جور اور جفا کی معافی اور حقوق سی رستگاری مین جلدی کری اور اتنی سعی تو ہر وقت

وقت ويتاكد ذلك عند وقوع الوباء عموما ولمن وقع به الطاعون خصوصا لا سيما الوصية من غير ان يقع فيها حيف لقوله عم

درکار ہی اور اسمین وبا کی موسم مین عموما تاکید ہے اور جو طاعون مین مبتلا ہو اوسکو زیادہ تر علی الخصوص وصیت مین کہ بلا قصور بلی کم و کاست ہو واسطے ارشاد نبی علیہ السلام کے

ما حق امرأ مسلم له شئ يوصی فيه يبيت ليلتين الا ووصيته مكتوبة عنده فان معناه اذا كان لامرء مسلم شئ يريد ان يوصی فيه

نہین اچہا کرتا شخص مسلمان مالک کسی چیز کا قابل وصیت کی کہ دو شب بسر کری مگر وصیت اوسکی لکہی ہوئے اوسکی پاس اوسکی یہہ معنی ہین جب کسی مرد مسلمان پاس ایسی چیز ہو کہ اوسمین وصیت کیا چاہے

فحقه ليس الا ان يكون وصيته مكتوبة عنده لانه لا يدری متى يوافيه منية ويحول بينه وبين ما يريده وقيد ليلتين

تو اوسکا حق اور نہین ہے مگر اوسکی وصیت لکہی ہوئی اوسکی پاس ہو کیونکہ کیا جانتا ہی اوسکی موت کب بیچ مین آکر اوسکی ارادہ کو روک لے اور دو شب کی قید

غير مقصود بل هو تنبيه على انه لا ينبغی ان يمضی عليه زمان وان كان قليلا الا ووصيته مكتوبة عنده لا سيما اذا كان عليه

کچہہ مقصود نہین ہی بلکہ یہہ تاکید ہے کہ ایسا نہین چاہی کہ اوسپر کچہہ زمانہ گذری اگرچہ قلیل ہو مگر اوسکی وصیت لکہی ہوئے اوسکی پاس ہو خاص اوسوقت کہ اوسکی ذمہ

دين او وديعة او غير ذلك من الحقوق فح يلزمه الوصية ويستحب تعجيلها لانه لا يامن ان يشتد مرضه فيعتقل لسانه

قرض ہو یا امانت یا کوئی اور حق ہو بس اب اوسپر وصیت ضروری ہی اور اسمین جلدی اسلئے مستحب ہے کیا خبر ہی کہ مرض بڑہ کر زبان بند ہو جاوی

فيموت بغير وصية فيكون اثما بترك ما وجب عليه ان كانت الوصية واجبة عليه بان كان عليه حق من حقوق الله تع

پہر بے وصیت مر جاوے اب اپنی ذمہ کا واجب ترک کرنی سی گنہگار رہویگا اگر اوسپر وصیت باین لحاظ واجب تہی کہ اوسکی ذمہ کوئی حق الله

وحقوق الناس وان لم یکن علیه من هذین الحقین بشیٔ لا یجب علیه الوصیة بل یستحب ومحلها لمن کان له مال ولم یکن له
یا کوئی حق العباد باقی ہو اور اگر اوسکی ذمہ ان میں سی کچھہ نہیں ہی تو وصیت واجب نہیں ہوتی بلکہ مستحب ہے اور محل وصیت کا اسکی حق مین جسکی پاس مال تو ہی
وارث جمیع المال وان کان له وارث فثلث المال ویستوفیه فی الوصیة الواجبة ان احتیج الیه وینقص منه فی الوصیة
پر وارث نہین تمام مال ہی اور اگر وارث ہی تو پھر تہائی مال وصیت واجبہ مین اگر حاجت پڑی تو پورا کردی اور وصیت مستحب مین تہائی سی کم
المستحبة وطریقها ان یذکرها بلسانه عند عدلین ویبین قدرها وجنسها وصفتها وان کتبها وقراها علیهما واشهدهما
اور طریقہ وصیت کا یہہ ہی کہ اپنی زبان سی دو عادل کی سامنی ذکر کری بعد اوسکی مقدار اور جنس اور صفت بیان کردی اگر وصیت لکہہ کر دونوکو پڑہ سناوے اور اونکو
علیها کان اولی لکن ینبغی له ان یحترز غایة الحذر ان یخص وارثا من ورثته بشیٔ علی وجه التملیك والاقرار فیکون خاتمة
گواہ کردی تو بہت بہتر ہی لیکن چاہئی کہ ایسا ہرگز نکری کہ خاص ایک وارث کیلئی کوئی چیز معین کرکی مالک یا اوسکی لئی اقرار کردی پھر اوسکی خاتمہ کا
شرًا لا خاتمة خیرا لان الله تعالی تولی قسمة المواریث بنفسه واعطی کل ذی حق حقه وعینه له فی کتابه الذی انزل علی
برا انجام ہی اچھا نہین اسلئی کہ اللہ تعالی نبذات خود قسمت مواریث کا ذمہ دار ہوا ہی اور ہر ایک حقدار کی لئی اپنی کتاب مین جو اپنی رسول پر نازل کی ہی
رسوله وتوعد من عصاه وبدّل حکمه بدخول النار والخلود فیها فقال فی اخر ایات المواریث ومن یعص الله ورسوله ویتعد
حصہ معین کرچکا ہی اور نافرمان کی حق مین جو اوسکی حکم کو تبدیل کرے دوزخ مین جانی کا ہمیشہ کی واسطے وعید فرمایا ہی چنانچہ مواریث کی اخیر ایات مین ہی اور جو کوئی بی حکمی کری اللہ کی اور رسول کی
حدوده یدخله نارا خالدا فیها وله عذاب مهین وروی عن ابی هریرة رضی الله عنه انه علیه الصلوة والسلام قال ان الرجل والمرأة
اور بڑہ جاوے اوسکی حدون سے اوسکو داخل کری آگ مین پڑا رہی سدا اوسمین اور اوسکو ذلت کی مار ہی اور ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا بیشک بعضی مرد اور عورت
لیعمل بطاعة الله ستین سنة ثم یحضرهما الموت فیضاران فی الوصیة فتجب لهما النار ثم قرء ابو هریرة قوله تعالی من بعد وصیة
ساٹھ برس تک اللہ کی عبادت کرتی رہتی ہین پھر جب اونکی موت آتی ہی تو وصیت مین بی اعتدالی کرتے ہین آخر اونکی لئی دوزخ واجب ہوجاتا ہی پھر ابو ہریرہ نی یہ آیت پڑہی بعد وصیت کے
یُوْصٰی بِهَآ اَوْ دَیْنٍ غَیْرَ مُضَآرٍّ الی اخر الایة یسرنا الله تعالی من الاعمال ما یوافق رضاه

المجلس الحادی والستون فی بیان فضیلة الصبر عند البلاء والمصائب وفضیلة الاسترجاع عندها

جو ہو چکے ہے یا قرض کی جب اوروں کا نقصان نکیا ہو آخر تک آیت ہمی اعمال موافق اپنی رضا کی آسان کر
اکسٹھوین مجلس صبر کی بزرگی مین بلیات اور مصائب پر اور اوسوقت انا للہ وانا الیہ راجعون کی پڑہنی کی فضیلت مین

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یزال البلاء بالمؤمن
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ بلا مومن مرد
والمؤمنة فی نفسه وماله وولده حتی یلقی الله تعالی وما علیه من خطیئة هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه ابو
اور عورت کی جان اور مال اور اولاد پر اوترتی رہتی ہی آخر ایسا صاف ہو کر مرتا ہی کہ اوسپر کوئی گناہ نہین ہوتا یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سے
هریرة ومعناه ان البلاء لا یزال یلحق بالمؤمن فی نفسه وماله وولده حتی یموت ولا یبقی له ذنب بل یکون ذنوبه
اسکے معنی یہہ ہین کہ بلا ہمیشہ مومن کی جان اور مال اور اولاد پر آتی رہتی ہی آخر وہ مرجاتا ہی اور اوسکی ذمہ کوئی گناہ نہین رہتا بلکہ اوسکی تمام گناہ
کلها زائلة عنه بسبب ما اصابه من البلایا والمحن وقد روی عن ام المؤمنین عائشة انه علیه الصلوة والسلام
اسلئے محو ہوجاتی ہین کہ بلا اور محنتین اوٹھاتا ہے اور ام المومنین عائشہ رض سے روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے
قال اذا کثر ذنوب العبد ولم یکن له ما یکفرها ابتلاه الله تعالی بالحزن لیکفرها وروی عن ابی موسی الاشعری انه علیه
فرمایا جب کسی بندہ کی گناہ بہت ہوجاتی ہین اور اونکا کچھہ کفارہ نہین ہوتا تو اللہ تعالی اوسکو غم مین مبتلا کردیتا ہی تاکہ کفارہ ہوجاوے اور ابو موسی اشعری سی روایت ہے
الصلوة والسلام قال لا یصیب العبد نکبة فما فوقها او دونها الا بذنب وما یعفو الله تعالی عنه اکثر وقرأ قوله تعالی
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا بندہ پر کوئی گزند بہت یا تہوڑا بدون گناہ کی نہین آتا الا اللہ جو معاف کردیتا ہے سو بہت ہین اور یہہ آیت پڑہی
وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَیْدِیْكُمْ وَیَعْفُوْ عَنْ كَثِیْرٍ یعنی ان ما اصابکم من مصیبة ای مصیبة کانت
جو پڑی تمپر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتھون نے اور معاف کرتا ہی بہت یعنی تمپر جو مصیبت آتی ہی کیسی ہی ہووے

فهی بسبب معاصیکم التی اکتسبتموها والله تعالی یعفو عن کثیر من الذنوب فلا یعاقب علیها فی الدنیا وقال علی للمؤمن
سو وہ تمہاری نافرمانی کی شامت سی ہے جو تم کر چکی ہو اور اللہ تعالیٰ بہتری گناہ معاف کر دیتا ہی اونکی سزا دنیا مین نہین دیتا اور علی رض کہتی ہین مومن کیلئے
عند الله تعالی خمس نقمات فاولها المرض ثم المصائب فان کان ذنوبه اکثر یعذب فی قبره فان کانت اکثر من ذلك
مسلمانوں پر بالفعل فرض واجب ہی وجوب تو سبکی اوپر اس آیت سی ثابت ہی اور توبہ کرو اللہ کی طرف سب ملکر ای ایمان والو اور اس آیت سی ای ایمان والو

امنوا توبوا الى الله توبة نصوحا وظاهر هاتين الايتين يدل على ان التوبة واجبة على كل احد من المؤمنين

توبہ کرو اللہ کی آگی صاف دل کی توبہ اور ظاہر معنی ان دونون آیتون کی یہہ ہی دلالت کرتی ہین کہ توبہ ہر ہر شخص مؤمن پر واجب ہی

لورود الامر فيهما على العموم ونور البصيرة ايضا يرشد الى ذلك لان معنى التوبة الرجوع عما لا يرضاه الله تعالى

کیونکہ امر ان دونو آیتون مین سبکو عام ہی اور دل کی روشنی بہی یہہ ہی گواہی دیتی ہی اسواسطی کہ توبہ کی معنی اللہ تعالی کی نارضامندی سی

الى ما يرضاه وذلك لا يتصور الا من العاقل والعقل لا يكمل الا بعد كمال الشهوة والغضب وسائر الصفات المذمومة
رضامندی کی طرف رجوع کرنا اور یہہ امر صرف عاقل ہی سی ہوسکتا ہی اور عقل کامل نہین ہوتی بدون کامل ہونی قوی شہوانی اور غضبی اور تمام اوصاف بد کی

التي هي وسائل الشيطان الى اغواء الانسان فان الشهوة من جنود الشيطان والعقل من جنود الملئكة وليس
جو جو واسطی بہکانی انسان کی شیطان کی وسیلی ہین کیونکہ شہوت شیطان کا لشکر ہی اور عقل فرشتون کا لشکر ہی اور ایسا

في الوجود انسان الا وشهوته التي هي عدة الشيطان متقدمة على عقله الذي هو عدة الملئكة فيكون الرجوع
انسان کوئی نہین ہی جسکی شہوت جو شیطانی سامان ہی عقل پر کہ فرشتون کا سامان ہی مقدم نہو سو اب امور سابقہ سی جو شہوات کی

عما سبق من مساعدة الشهوات ضروريا في كل انسان بعد البلوغ لان من بلغ كافرا جاهلا لدين الاسلام يجب
مددگار ہین باز رہنا ہر ہر انسان کو بلاغت کی دنو مین ضروری ہی اسلئی کہ جو شخص حالت کفر مین اسلام سی ناواقف بالغ ہوگیا تو اوسپیر

عليه التوبة عن كفره وجهله بتعلم ما يحصل به الاسلام ومن بلغ مسلما تبعا لابويه غافلا عن حقيقة الاسلام
توبہ اپنی کفر اور جہالت سی واجب ہی کہ وہ باتین سیکہی جن سی اسلام حاصل ہووی اور جو شخص ماباپ کی ساتہہ حالت اسلام مین بالغ ہوا بی خبر اسلام کی حقیقت سی

يجب عليه التوبة عن غفلته بفهم معنى الاسلام اذ بعد البلوغ لا يفيده اسلام ابويه شيئا ما لم يسلم بنفسه
تو اوسپیر توبہ اس غفلت سی واجب ہی کہ اسلام کی معنی خوب سمجہی اسلئی کہ بالغ ہوکر ماباپ کا اسلام اسکی حق مین کچہہ مفید نہین ہی جبتک خود مسلمان نہووی

فاذا فهم معنى الاسلام بعد البلوغ يجب عليه الرجوع عن عادته والفه بالاسترسال في الشهوات والعادات وهو اشق
پہر جب بالغ ہوکر معنی اسلام کی سمجہہ چکا تو اوسپیر باز آنا اپنی عادات اور الفت سی کہ شہوات وغیرہ عادات مین بی مہار ہو رہا ہی واجب ہی اور اس قسم کی توبہ

ابواب التوبة وفيه هلاك اكثر الخلق لعجزهم عنه لان الشهوة تكمل في الصبى قبل البلوغ وكمال العقل فيكون
سب قسمون کی نسبت دشوار ہی اور اسمین اکثر خلقت عاجز ہوکر ہلاک ہوگئی ہی اسلئی کہ شہوت لڑکپن مین بلاغت اور کمال عقل سی پہلی مستحکم ہوجاتی ہی سو

جند الشيطان في الابتداء مستوليا على مملكة القلب ويقع للقلب انس والف بمقتضيات الشهوات والعادات
شیطانی لشکر پہلی ہی دلکی ولایت کو مغلوب کرلیتا ہی اور دل کی اندر شہوات اور عادات کی محبت اور الفت پیدا ہوکر غالب آجاتی ہی

ويغلب فيه ذلك ويعسر عليه النزوع عنه ثم يلوح العقل الذي هو من حزب الله تعالى وجنده فان كان كاملا
اور اوس حالت سی اوسکو نکلنا دشوار ہوتا ہی پہر عقل کہ اللہ تعالی کا جتہا اور لشکر ہی ظاہر ہوتی ہی پہر اگر وہ کامل

قويا ينتهض لانقاذ عباد الله تعالى من يدي اعدائه شيئا فشيئا على التدريج فيكون اول شغله قمع جنود
اور قوی ہی تو واسطی چہوڑانی عباد الہی کی دشمنون کی ہاتہون سی آہستہ آہستہ بتدریج تیار ہوتی ہی پہر شیطانی لشکر کا اوکہاڑنا شہوتون کو توڑکر

الشيطان بكسر الشهوات ومفارقة العادات ورد الطبع على سبيل القهر الى العبادات ولا معنى للتوبة الا هذا وان لم يكن
اور عادات کو چہوڑانا اور طبیعت کو بزور ہٹا کر عبادات پر لگانا اوسکا اول شغل ہی اور توبہ کی معنی سوا اسکی اور کچہہ نہین ہین اور اگر وہ عقل کامل

كاملا قويا تسلم مملكة القلب للشيطان وينجز اللعين وعده حيث قال لئن اخرتن الى يوم القيمة لاحتنكن ذريته
اور قوی نہووی تو دلکی مملکت شیطان کی حوالہ کردیتی ہی اور وہ ملعون اپنا وعدہ پورا کرتا ہی چنانچہ کہتا ہی اگر تو مجکو ڈہیل دی قیامت کی دن تک تو اوسکی اولاد کو ڈہانٹی دون

الا قليلا والمعنى انك ان اخرتني حيا الى يوم القيمة لاقودنهم حيث ماشئت
مگر تہوڑی سی اور مراد یہہ ہی کہ اگر تو مجکو جیتا چہوڑیگا قیامت تک تو بیشک اونکو جدہر چاہونگا کہینچ لیجاؤنگا

ولاستولين عليهم استيلاء قويا الا قليلا منهم وهم المخلصون من عباد الله الصالحين
اور بیشک اونپر غالب رہونگا مگر اونمین سی بعضون پر کہ وہ مخلص بندی اللہ کی اور صلحاء ہین

وهذا كقول اللعين لازينن لهم في الارض ولاغوينهم اجمعين وانما عرف اللعين حصول ذلك المطلب له مع انه لا
اور یہہ چنانچہ وہ ملعون کہتا ہی البتہ مین انکو بہاری دکہاؤنگا زمین مین اور راہ سی کہو دونگا انکو سبکو اور وہ لعین حصول اس مطلب کا باوجودیکہ غیب دان نہین ہی

يعلم الغيب ابتداءً لا بما رأى فيهم من كون مبدء الشر متعددا ومبدء الخير واحدا اذ في نفس الانسان قوة بهيمية
اس دلیل سی سمجھ گیا کہ اوسنی دیکھا کہ آدمیون کی اندر بدی کی اسباب تو بہت ہین اور بہلائی کا سبب ایک ہی ہی کیونکہ انسان کی ذات مین قوت بہیمیہ
شهوانية وقوة سبعية غضبية وقوة وهمية شيطانية وهذه الثلثة مستولية عليه من اول الخلقة داعية
شہوانی اور قوت سبعی غضبی اور قوت وہمیہ شیطانی ہی اور تینون قوتین ابتداء پیدائش سی اسپر غالب ہیں آتی ہین شر کی طرف
له الى الشر وبعد هذه الثلثة فيه قوة عقلية ملكية وهي وان كانت داعية الى الخير لكنها انما تكمل بعد استيلاء
متوجہ رکہتی ہین اور ان تین قوتون کی بعد اوسمین قوت عقلی ملکی ہوتی ہی اور یہہ اگرچہ آدمیکو خیر کی طرف بلاتی ہی پر یہہ قوت جب کامل ہوتی ہی کہ
الثلثة الاول على القلب فلما راى اللعين فيه ذلك علم ان ما يريده يمكن حصوله فلو هذا لم يكون التوبة فرض عين
وہ پہلی تینون قوتین دل پر غالب ہو جاوین جب شیطان ملعون نی انسان مین یہہ قوتین دیکہین تو جان گیا کہ میرا ارادہ ہو سکتا ہی اب اس بیان کی موافق ہر ہر شخص پر توبہ
على كل شخص ولا يتصور ان يستغنى عنها احد من افراد البشر واما وجوبها على الفور فلما في تاخيرها من الاصرار
فرض عین ہی اور معلوم نہین ہوتا کہ افراد انسان مین سی کوئی ہی اسکا حاجتمند نہو اور رہا توبہ کا ترت فی الحال واجب ہونا سو اسلئی کہ تاخیر کرنی مین اصرار
المحرم الذي يتضاعف الذنوب به اذ يلزم بتاخيرها لحظة ذنب اخر واجب التوبة حتى قالوا يلزم بتاخير التوبة
حرام لازم آتا ہی یعنی ہٹ کرنا کہ جس سی گناہ در گناہ بڑہتی چلی جاتی ہین کیونکہ توبہ سی ایک دم بہر تاخیر کرنی مین ایک اور گناہ واجب التوبہ پیدا ہو جاتا ہی
عن كبيرة زمانا واحدا كبيرتان الاولى وترك التوبة عنها وزمانين اربع كبائر الاوليان وترك التوبة عن كل منهما
اسا کہ کہتی ہین کہ گناہ کبیرہ کی توبہ سی ایک دم بہر تاخیر کرنی سی دو کبیرہ ہو جاتی ہین ایک وہی پہلا اور دوسرا توبہ نکرنی اور دو دم مین چار کبیرہ ہو جاتی ہین دو وہ پہلی اور دونوں سی توبہ نکرنی
وثلثة ازمنة ثماني كبائر واربعة ازمنة ستة عشر كبيرة وخمسة ازمنة اثنان وثلثون كبيرة وهكذا
اور تین دم مین آٹھ کبیرہ ہوتی ہین اور چار دم مین سولہ کبیرہ ہوتی ہین اور پانچ دم مین بتیس کبیرہ ہوتی ہین اسطرح گناہ بڑہتی جاوینگی
يتضاعف الذنوب مهما زاد التاخير وقد ذكر فيما سبق ان العلم بكون الذنوب سموما مهلكة من نفس الايمان فاذا ثبت
بقدر تاخیر ہوتی جاویگی اور اوپر مذکور ہو چکا ہی کہ گناہ کو زہر قاتل سمجھنا عین ایمان ہی جب یہہ ثابت ہوا
ان هذا العلم من نفس الايمان يلزم ان يكون الايمان باعثا على ترك الذنوب فمن لم يتركها فهو فاقد لهذا الجزء من الايمان
کہ یہہ علم عین ایمان ہی تو لازم آتا ہی کہ ایمان واسطی ترک ذنوب کی باعث ہوا کری پہر جو شخص گناہکو ترک نہین کرتا تو اوسمین ایمان کا یہہ جزء نہین ہی
ولهذا قال النبي عليه السلام لا يزني الزاني حين يزني وهو مؤمن فانه عليه السلام ما اراد به نفي الايمان الذي هو العلم
اور اسیلئی نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ زانی زنا نہین کرتا کہ زنا کرتا ہو اور وہ مسلمان ہی ہو بیشک نبی علیہ السلام کی یہہ مراد نہین ہی کہ وہ ایمان جو خدا کا جاننا
بالله وملئكته وكتبه ورسله فان ذلك الايمان لا ينافيه الزنى وسائر الذنوب بل اراد به نفي الايمان الذي هو العلم
اور اوسکی فرشتون کا اور کتابون اور انبیا کا ہی جاتا رہا کیونکہ زنا اس ایمان کا منافی نہین ہی اور نہ اور تمام گناہ بلکہ اس سی یہہ مراد ہی کہ وہ ایمان جسمین یہہ سمجہتا تہا
بكون الزنى مبعدا من الله تعالى وموجبا للمقت فعلى هذا لا يكون المصر على المعاصي كاملا في ايمانه بل يكون ناقصا فيه
کہ زنا خدا سی دور کر دیتا ہی اور ہلاک کر ڈالتا ہی باقی نہین رہتا اس بیان کی موافق جو شخص معاصی پر جما ہوا ہی ایمان کامل نہین رکہتا بلکہ ایمان کی باب مین ناقص ہوتا ہی
وذلك لان ترك الذنوب لا يتصور الا بالصبر والصبر لا يتيسر الا بالخوف والخوف لا يتحقق الا بالعلم بعظم ضرر الذنوب
اسلئی کہ ترک ذنوب بدون صبر کی خیال مین نہین آتا اور صبر بدون خوف کی میسر نہین ہوتا اور خوف پیدا نہین ہوتا جبتک گناہون کا بڑا ہی ضرر یقین نکری
والعلم بعظم ضرر الذنوب لا يحصل الا بتصديق الله تعالى ورسوله فمن لم يترك الذنوب واصر عليها يصير كانه لم يصدق
اور گناہون کی ضرر کا یقین بدون تصدیق خدا اور رسول کی نہین ہوتا پہر جو شخص گناہون سی باز نہ آوی گناہون پر جما ہی رہی تو گویا اوسنی خدا اور رسول کی تصدیق
الله تعالى ورسوله فيخاف عليه امر عظيم عند الموت اذ ربما يكون موته على الاصرار سببا لزوال ايمانه فيختم له بسوء
نہین کی تو اوسپر مرتی دم بڑا ہی خوف ہی اسلئی کہ ہو سکتا ہی کہ اوسکی موت اسی بیچ پر ایمان کو ڈگا دی پہر اوسکا انجام

الخاتمة ویبقی فی جهنم ابد الاباد وان لم یختم له بسوء الخاتمة بل مات علی الایمان یکون فی مشیئة الله تعالی ان
خاتمہ بد پر ہووی اور ہمیشہ کو دوزخ مین پڑا رہی اور اگر انجام خاتمہ بد پر نہوا بلکہ ایمان پر مرا تو اب تابع مرضی الٰہی کا ہی چاہی اوسکو دوزخ مین ڈالکر
شاء یدخله جهنم ویعذبه فیها بقدر ذنوبه ثم یخرجه منها ویدخله الجنة ولو بعد حین وان شاء یعفو عنه
بمقدار معاصی کی عذاب دیکر پہر اوس مین سی نکال کر جنت مین داخل کری اگرچہ بعد عرصہ کی ہو اور چاہی اوسکو معاف کری
ویدخله الجنة بلا عذاب اذ لا یستحیل ان یشمله عموم العفو بسبب خفی حتی لا یطلع علیه احد غیر الله تعالی
اور بلا عذاب جنت مین داخل کر دی اسلئی کہ کیا محال ہی کہ اوسکی عنایت عام اوسپر بہی ہو جاوی کسی پوشیدہ سبب سی جسکو بجز الله تعالی کی کوئی نہ جانتا ہو
کما لا یستحیل ان یدخل احد خربا لطلب کنز فاتفق ان یجده لکن من خرب بیته وضیّع ماله وترك نفسه وعیاله
جیسی ممکن ہی کہ کوئی اجاڑ کی اندر خزانہ کی تلاش مین جاوی پہر اتفاقا خزانہ پالیوی لیکن جسنی اپنا گہر خراب کر دیا اور مال تلف کر کر اپنی جان کو اور اولاد کو
جیاعا یزعم انه ینتظر من فضل الله تعالی ان یرزقه کنزا تحت الارض فی بیته فانه کما یعدُّ من الحمقی المغرورین وان
بہوکا مارا کہی کہ مین الله کی اس فضل کا منتظر ہون کہ میری گہر کی اندر زمین مین سی خزانہ عنایت کری سو یہہ شخص جیسی احمق بیوقوف سمجہا جاویگا اگرچہ اوسکی خواہش
کان ما ینتظره غیر مستحیل فی قدرة الله تعالی وفضله کذلك من ینتظر المغفرة من فضل الله تعالی مع کونه مصرا
بلحاظ قدرت اور فضل الٰہی کی کچہہ محال نہین ہی ہو سکتی ہی ایسی ہی جو شخص بخشش کا امیدوار ہی الله تعالی کی فضل سی باوجودیکہ
علی الذنوب غیر سالك طریق المغفرة یعدُّ من المعتوهین فبعض من هؤلاء الحمقی المغرورین یروّج حماقته بکلام حسن
گناہون پر جم رہا ہی اور بخشش کی راہ نہین چلتا بیوقوف کہلاویگا پہر بعضی انہین سی احمق بہولی اپنی حماقت کی ساتہہ اس خوبی سی کلام کرتی ہین
ویقول ان الله کریم لا تضیق جنته عن مثلی ولا تضره معصیتی ثم تری ذلك الاحمق یرکب البحار ویختار مشاق الاسفار
الله تعالی بیشک کریم ہی اوسکی جنت مجہہ سوال سی تنگ نہین ہو جاویگی اور میری معصیت سی اوسکا کیا ضرر ہی پہر تم اوس احمق کو دیکہتی ہو کہ دریا کا سفر کرتا ہی اور
فی طلب الدرهم والدینار واذا قیل له ان الله تعالی کریم وخزائن دراهمه ودنانیره لا یقصر عن سؤالك ولا یضره کسلك
واسطی طلب روپیہ اشرفی کی سفر کی مشقت کہینچتا ہی اور اگر یہہ کہئی کہ الله تعالی بیشک کریم ہی اور اوسکی خزانی مین روپیہ اشرفی کی تجہہ سوال کی لئی کچہہ کمی نہین ہی اور تجارت مین تیری
بترك التجارة فاجلس فی بیتك عساه ان یرزقك من حیث لا تحتسب فانه یستحمق من یقول هکذا ویستهزء
سستی سی اوسکا کیا نقصان سو تو اپنی گہر بیٹہہ ابہی تجہکو روزی دیویگا جہانسی تیرا گمان نہو اب اس تقریر والی کو احمق بتاتا ہی اور ٹہٹہا کی راہ سی کہتا ہی
به ویقول ما هذا الهوس فان السماء لا تمطر ذهبا ولا فضة وانما یحصل ذلك بالکسب هکذا جرت عادة
یہہ کیا واہیات ہی آسمان سی اشرفی روپیہ کبہی نہین برستا یہہ تو بدون محنت کسی کو حاصل نہین ہوتا اسیطرح الله کی عادت
الله تعالی وسنته ولا تبدیل لسنة الله ولا یعلم هذا الاحمق ان رب الدنیا والاخرة واحد ولا تبدیل
اور قاعدہ جاری ہی الله کی ہان قاعدی نہین بدلتی اب یہہ احمق نہین سمجہتا کہ پروردگار دین دنیا کا تو ایک ہی سو اوسکی قاعدی دونو
لسنته فیهما جمیعا وقد اخبرنا ان لیس للانسان الا ما سعی فکیف یعتقد بکونه کریما فی الاخرة ولا یعتقد بکونه
جہا مین نہین بدلتی اور بیشک یہہ فرمایا ہی اور نہین ہی واسطی انسان کی مگر جو کمایا اب کیونکر اوسکو آخرت کی لئی تو کریم جانتا ہی اور دنیا کی باب مین
کریما فی الدنیا فان من یخاف من الهلاك فی هذه الدنیا الفانیة اذا کان یجب علیه الاحتراز عن السموم وما
کریم نہین سمجہتا بیشک جو شخص اس دار فانی مین ہلاکت سی ڈرتا ہو جب اوسپر یہہ واجب ہی کہ زہر وغیرہ مضر اور مہلک اشیا ر سی
یضره من المهلکات فی کل حال فالخائف من الهلاك الابدی اولی ان یجب علیه الاحتراز عن المعاصی التی هی سموم
ہر وقت احتراز کیا کری پس جو شخص ہلاک ابدی کا اندیشہ کرتا ہو اوسپر اولی تر واجب ہی کہ جملہ معاصی سی جو دین کی حق مین زہر ہین احتراز کرتا رہی
الدین فان المخوف من هذه السموم فوات الاخرة الباقیة التی لیست اضعاف اعمار الدنیا عشر عشیر لها اذ
کیونکہ اس زہر سی خوف آخرت باقیہ کی فوت کا ہی جسکی برابر دنیا کی چند در چند عمرین سوین حصہ کو نہین پہنچتی کیونکہ

لیس

ليس لمدتها غاية ولا نهاية وفيها النعيم المقيم والملك العظيم وفي فوتها نار الجحيم والعذاب الاليم المجلس السادس
آخرت کی مدت کا نہ کچھ حد ہی اور نہ کچھ انتہا اور اوسمین عیش دائمی اور سلطنت بڑی اور اوسکی فوت مین دوزخ کی آگ ہی اور عذاب دردناک چہیاسٹہوین مجلس

والستون في بيان قوله عم ان الله يقبل توبة العبد ما لم يغرغر قال رسول الله صلعم ان الله تعالى يقبل توبة العبد
اس حدیث کی بیان مین بیشک اللہ تعالی بندہ کی توبہ قبول کرتا ہی جبتک سانس گلیمین نہ اٹکی یعنی نزع تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بیشک اللہ تعالی بندہ کی توبہ قبول کرتا ہی

ما لم يغرغر هذا الحديث من حسان المصابيح رواه ابن عمر والغرغرة تردد الشئ في الحلق وتستعمل في تردد الروح
جبتک جان گلیمین آوی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابن عمر کی روایت سی اور اصل مین غرغرہ کسی چیز کا حلق مین اندر آنا جانا اور حلق مین روح کی آمد رفت مجازا

وهو المراد ههنا والمعنى ان توبة المذنب مقبولة ما لم يبلغ الروح الحلقوم اذ عند الغرغرة وبلوغ الروح الحلقوم
مین استعمال کیا جاتا ہی اور یہان یہی مراد ہی اور معنی یہہ ہین کہ گنہگار کی توبہ مقبول ہوتی ہی جبتک روح گلیمین نہ آجاوی اسلئی کہ غرغرہ کی وقت جب روح حلقمین آتی ہی

يعاين ما يصير اليه من رحمة او هوان ولا ينفعه حينئذ توبة ولا ايمان كما قال الله تعالى فيما انزله من القرآن
تو اپنی انجام کو ظاہر دیکہتا ہی رحمت یا خواری اب اوسکو نہ توبہ کچھ فائدہ کری اور نہ ایمان چنانچہ اللہ تعالی قرآن منزل مین فرماتا ہی

فلم يك ينفعهم ايمانهم لما راوا باسنا وقال في آية اخرى وليست التوبة للذين يعملون السيئات حتى اذا حضر
پہر نہ ہوا کہ کام آوی اونکو یقین لانا اونکا جب دیکہہ چکی ہمارا عذاب اور ایک اور آیت مین فرمایا اور اونکی توبہ نہین جو کرتی جاتی ہین بری کام اور جب سامنی آوی

احدهم الموت قال اني تبت الآن لان من شرط التوبة العزم على ترك الذنب الذي تيب عنه وعدم المعاودة
ایسی کسیکو موت کہنی لگا مین نی اب توبہ کی اسواسطی کہ توبہ مین عزم کرنا ترک گناہ کا جس سی توبہ کی ہی اور اوسکو کبہی عمل مین نہ لانا شرط ہی اور یہہ عزم

عليه وذلك انما يتحقق اذا تمكن التائب منه وبقي اوان الاختيار فما لم يبلغ الروح الحلقوم لا ينقطع الرجاء فيصح
جبہی ہوسکتا ہی کہ تائب کو قدرت ہو اور اختیار کا وقت باقی ہو سو جبتک روح حلق مین نہین آتی تو امید منقطع نہین ہوتی پس تائب سی

منه الندم والعزم على ترك الذنب فعلم من هذا ان التوبة مبسوطة للعبد حتى يعاين قابض الارواح وذلك
ندامت اور عزم ترک گناہ کا سب صحیح ہی اس سی معلوم ہوتا ہی کہ بندہ کی لئی توبہ کا وقت فراخ ہی جبتک کہ قابض الارواح کو دیکہی اور یہہ جب ہی

عند الغرغرة وبلوغ الروح الحلقوم فعلى هذا يجب على العبد ان يتوب عما كان عليه من المعاصي قبل المعاينة
کہ دم اٹکنی لگی اور روح حلق مین آجاوی پس اس بیان کی موافق بندہ پر واجب ہی کہ اپنی تمام معاصی سی معاینہ اور غرغرہ سی پہلی توبہ کری

والغرغرة ولا ييأس من رحمة الله تعالى لانه تعالى قال لا ييأس من روح الله الا القوم الكافرون وقال في آية اخرى
اور اللہ تعالی کی رحمت سی نا امید نہو اسلئی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی نا امید نہین اللہ کی فیض سی مگر وہی لوگ جو منکر ہین اور ایک اور آیت مین فرمایا

وهو الذي يقبل التوبة عن عباده ويعفوا عن السيئات فينبغي للعاقل ان يتوب في كل وقت ولا يكون مصرا على
اور وہی ہی جو قبول کرتا ہی توبہ اپنی بندونسی اور معاف کرتا ہی برائیان سو عاقل کو لازم ہی کہ ہر وقت توبہ کیا کری اور گناہ پر نہ اڑجاوی

الذنب فان التائب من الذنب لا يكون مصرا وان عاد في اليوم سبعين مرة وقد جاء في الحديث انه عليه السلام
کیونکہ گناہ سی توبہ کرنیوالا گناہ کا مصر نہین ہوتا اگرچہ دن بہر مین پہر پہر کر ستر مرتبہ کری اور بیشک حدیث مین آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

قال من لزم من الاستغفار جعل الله له من كل ضيق مخرجا ومن كل هم فرجا ورزقه من حيث لا يحتسب و
ہی جو شخص استغفار کو لازم کرلی تو اللہ تعالی اوسکو ہر تنگی سی رستگاری دیتا ہی اور ہر غم سی کشادگی اور رزق دیتا ہی جہانسی گمان نہو اور

في حديث اخر انه عليه السلام قال كل بني آدم خطاء وخير الخطائين التوابون وروى انه عليه السلام قال والله
ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا تمام بنی آدم خطاوار ہین اور اچہی خطاوار وہ ہین جو توبہ کرتی ہین اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا قسم ہی اللہ کی

اني لاستغفر الله واتوب اليه في اليوم اكثر من سبعين مرة وفي حديث اخر انه عليه السلام قال يا ايها الناس
کہ مین ہر روز استغفار اور توبہ ستر مرتبہ سی زیادہ کرتا ہون اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ای لوگو

توبوا الی الله فانی اتوب الیه فی الیوم مائة مرة فانظروا یا اهل الانصاف اذا کان النبی علیه السلام یستغفر و
الله کی آگی توبه کرو بیشک مین اوسکی آگی هر روز سو بار توبه کرتا هون اب خیال توکرو ای انصاف والو جب نبی علیه السلام استغفار اور

یتوب وقد غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تاخر فالذی لم یظهر حاله اغفر له ام لا کیف لا یتوب الی الله تعالی
توبه کرتی هون باوجودیکه الله تعالی اونکی تمام گناه بالفرض اگلی اور پچهلی سب معاف کرچکا هی پهر جسکا حال کچهه معلوم نهین که معاف هوا هی یا نهین وه الله کی سامنی

فی کل وقت وکیف لا یجعل لسانه ابدا مشغولا بالاستغفار وقد روی عن ابن عباس انه علیه السلام قال هلک
هر وقت کیونکر توبه نه کی جاوی اور کیونکر همیشه اپنی زبان کو استغفار مین مشغول نه رکهی اور بیشک روایت هی ابن عباس سی که نبی علیه السلام نی فرمایا ماری گئی

المسوفون والمسوف من یقول سوف اتوب وهو هالک لانه یبنی الامر علی البقاء الذی لیس مفوضا الیه فلعله لا یبقی
درنگ کرنیوالی اور مسوف وه هوتا هی جو کهی اب توبه کرلونگا اور وه هلاک هوجاتا هی اسلئی که بقا پر بهروسه رکهتا هی جو که اسکی حواله نهین هی پهر شاید که جیتا نه بچی

فان بقی فانه کما لا یقدر علی ترک الذنب الیوم لا یقدر علی ترکه غدا لان عجزه عن الترک فی الحال لیس الا
اور اگر بچا بهی تو جیسی اب گناه نهین چهوڑ سکتا آگی کو بهی نه چهوڑ سکی کیونکه بالفعل اسکا مانع ترک معصیت سی بجز غلبهٔ شهوت کی کوئی نهین

لغلبة الشهوة علیه والشهوة لا تفارقه غدا بل تتضاعف وتتاکد بالاعتیاد فلیست الشهوة التی اکدها
اور شهوت تو اگلی روز بهی ساتهه هی بلکه باعتبار عادت کی پهلی سی زیاده اور مضبوط سو جس شهوت کو آدمی نی عادت کرکر

الانسان بالاعتیاد کالتی لم یؤکدها وعن هذا هلک المسوفون فانهم یظنون ان بین المتماثلین فرقا ولا یدرون
قوت بخشی هی وه ایسی ضعیف نهین هوتی جسکی عادت نهین کی اسهی مین درنگ کرنیوالی مارگئی کیونکه وه یهه خیال کرتی هین که دو متماثل مین فرق هوتا هی یهه نهین جانتی

ان الایام متشابهة فی کون ترک الشهوة شاقا فیها ولیس مثال المسوف الا مثال من یحتاج الی قلع شجرة فیراها
که دن سب ایکسی هین ترک شهوت همیشه دشوار هی اور مسوف یعنی توبه مین دیر لگانیوالی کی مثال ایسی هی که کسیکو ضرورت درخت اوکهاڑنی کی لگی سو اوسکو دیکها

قویة لا تنقطع الا بمشقة شدیدة فیقول اؤخرها سنة ثم اعود الیها فاقلعها ومن المعلوم قطعا ان الشجر
تو مضبوط پایا که بی مشقت شدید کی نهین اوکهڑ سکتا اب وه کهی که ایک برس بهر اور کهڑا رهنی دون پهر آکر اسکو اکهاڑون گا اور یهه بات یقینی معلوم هی که درخت

کلما بقیت فی الارض ازداد رسوخها فلا حماقة فی الدنیا اعظم من حماقته لانه عجز عن قلعها قبل ازدیاد
جتنا زمین مین کهڑا رهیگا مضبوط اور تندرست هوتا جاویگا اب دنیا مین اس سی بڑا احمق کوئی نهین هی کیونکه اس سی ابتو اکهڑ نهین سکتا که ابهی خوب جڑ نهین هوا

رسوخها ثم اخذ ینتظر القدرة علی قلعها بعد ازدیاد رسوخها اذا تحقق هذا فلا بد للمؤمن ان لا یفرغ من التوبة
پهر یهه ایسی قوت کا منتظر هی که بعد خوب مضبوط هونیکی اکهاڑ ڈالی جب یهه بات ثابت هوچکی تو مؤمن کو ضرور هی که توبه سی کبهی کسیوقت فارغ نه رهی

فی وقت من الاوقات حتی یاتیه الموت وهو تائب فان التوبة فرض علی جمیع المؤمنین باتفاق المسلمین لقوله تعالی
اتنا که اگر موت آوی تو یهه شخص تائب هی هو بیشک توبه تمام مؤمنون پر فرض هی سب مسلمانون کی اتفاق سی بدلیل اس آیت کی

وتوبوا الی الله جمیعا ایها المؤمنون وقوله تعالی یا ایها الذین امنوا توبوا الی الله توبة نصوحا فانظر الی رحمة الله تعالی
اور توبه کرو الله کی آگی سب ملکر ای ایمان والو اور بدلیل اس آیت کی ای ایمان والو توبه کرو آگی الله کی صاف دلکی توبه اب تو الله تعالی کی رحمت

ورافته علی عباده کیف دعاهم الی التوبة وامرهم بها وسماهم مؤمنین بعد ما اذنبوا ثم بین ما لهم من الکرامة فی التوبة فقال
اور مهر بندون کی حال پر دیکهه تو کسطور اونکو توبه تعلیم کی اور توبه کا ارشاد کیا اور اونکا نام گناه کرنیکی بعد بهی مومن رکها پهر توبه سی جو اونکو عزت هوگی بیان کیا فرمایا

عسی ربکم ان یکفر عنکم سیاتکم ویدخلکم جنت تجری من تحتها الانهر واخبر انه غفار لذنوبهم وقال و
شاید تمهارا رب اوتاری تمسی تمهاری برائیان اور داخل کری تمکو باغون مین جنکی نیچی بهتی هین نهرین اور جتادیا که مین گناه کا بڑا بخشنی والا هون اور فرمایا اور

الذین اذا فعلوا فاحشة او ظلموا انفسهم ذکروا الله فاستغفروا لذنوبهم ومن یغفر الذنوب الا الله ولم یصروا
وه لوگ جب کر بیٹهین کهلا گناه یا برا کرین اپنی حق مین تو یاد کرین الله کو اور بخشش مانگین اپنی گناهون کی اور کون هی گناه بخشتا سوا الله کی اور نه اڑین

على ما فعلوا وهم يعلمون اولئك جزاؤهم مغفرة من ربهم وجنت تجرے من تحتها الانهر خلدين فيها ونعم اجر
اپنی کئی پر جانتے ہوئے اونکی جزا ہی بخشش اونکی رب کی اور باغ جنکی نیچی بہتی نہرین رہ پڑی اونمین اور خوب مزدوری ہی
العملين ونص على انه يحبهم بعد التوبة فقال ان الله يحب التوابين ويحب المتطهرين واشار الى ان التوبة طهارة
کام کرنیوالون کی اور کہول کر فرمادیا کہ بعد توبہ کی اونکو محبوب رکہتا ہوں سو فرمایا اسکو خوش آتی ہین توبہ کرنیوالی اور خوش آتی ہین ستہرائی والی اور یہہ اشارہ کیا کہ توبہ اونکو
لهم عن نجاسة الاوزار فلابد للمؤمن من التوبة لكن لها اربعة شروط ان اختل شرط منها لا يتحقق التوبة الاول الندم
پاک کرتی ہی گناہوں کی نجاست سی اب مؤمن کو توبہ کرنی ضرور چاہیی لیکن توبہ کی واسطی چار شرطین ہین اگر اونمین سی ایک ہی کم ہو دیگی تو توبہ ٹہیک نہوگی اول ندامت گذشتہ کی
بالقلب على ما فعل من الذنوب فی الماضی ومعنی الندم تحزن وتوجع على ما فعل وتمنى كونه لم يفعل والثانی ترك
گناہ پر دل سی نادم ہونا اور ندامت سی مراد ہی اپنی کئی ہوئی پر غمگین اور دردمند ہونا اور آرزو کرنا کا شکی یہہ نکرتا اور دوسری شرط معصیت کا
المعصية فی الحال والثالث العزم على ان لا يعود الى مثلها فی الاستقبال والرابع ان يكون ذلك خوفا من الله تعالى
فی الفور ترک کرنا تیسری شرط نیت کرنی کہ ایسا کار آئیندہ کو پہر کبہی نکرونگا اور چوتہی شرط یہہ امور اللہ تعالی خوف سی ہون کوئی
لا لامر اخر فان من ندم على شرب الخمر وتركه لما فيه من الصداع وزوال العقل والخلل بالمال والعرض لا يكون تائبا
اور وجہ نہو بیشک جو شخص شراب پینی پر نادم ہو کر اسکی چہوڑدیوی کہ اوسمین درد سر ہوتا ہی اور بہکتا ہی اور مال خرچ ہوتا ہی اور آبرو بگڑتی ہی تو ایسا شخص موافق شرع کی
شرعا وكذلك من قال بلسانه استغفر الله وقلبه مصر على المعصية فاستغفاره ذلك يحتاج الى استغفار
تائب نہین ہی اور ایسی ہی جو شخص زبان سی تو استغفر اللہ کہا کری اور اوسکا دل معصیت پر جا ہوا ہو تو ایسی توبہ سی بہی توبہ کرنی چاہیی جو ندامت کی ساتہہ ہو
مقارن بالندم لما روى عن على انه راى رجلا قد فرغ من صلاته وقال انی استغفرك واتوب اليك سريعا فقال
کیونکہ حضرت علی سی روایت ہی کہ اونہون نی ایک شخص کو دیکہا کہ نماز سی سلام پہیرتی ہی جلدی سی کہنی لگا الہی مین تجہسی مغفرت مانگتا ہون تیری آگی توبہ کرتا ہون حضرت
على يا هذا ان سرعة اللسان بالاستغفار توبة الكذابين فتوبتك تحتاج الى توبة وعن الحسن البصری انه قال
علی نی کہا ای شخص زبانی جلدی سی استغفار کرنی جہوٹہونکی توبہ ہوتی ہی تیری یہہ توبہ قابل توبہ کی ہی اور حسن بصری سی روایت ہی کہ وہ کہتی تہی
استغفارنا يحتاج الى استغفار قال القرطبی هذا قوله فی زمانه فكيف فی زماننا هذا الذی يرى فيه الانسان مكبا
ہماری توبہ قابل توبہ کی ہی قرطبی کہتی ہین حسن بصری کا یہہ قول اونکی زمانہ مین ہی ہماری زمانہ کا تو کیا حال ہی جسمین تمام انسان ظلم پر اوندہی پڑی ہوئی ہین
على الظلم حريصا عليه لا ينقلع عنه والسبحة فی يده يزعم انه يستغفر منه وذلك استهزاء منه واستخفاف لما روى
ایسی حریص کہ ذرہ نہین بچتی اور ہاتہوں سی تسبیح بہاتی ہین یا ین خیال کہ ہم توبہ کرتی ہین اور یہہ اسکی چہل بازی اور استخفاف ہی کیونکہ روایت ہی
انه عليه السلام قال المستغفر باللسان المصر على الذنب كالمستهزئ بربه وانما التوبة ان يستغفر بلسانه وينوى
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا زبانی توبہ کرنیوالا دل سی گناہ پر اڑا ہوا گویا اپنی رب سی چہل کرتا ہی توبہ وہ ہی جو زبان سی استغفار کر کر دل سی یہہ نیت کری
بقلبه ان لا يعود الى الذنب اصلا فاذا فعل ذلك يغفر الله له ذنبه وان كان عظيما اذ ليس ذنب اعظم من الكفر
کہ پہر ہرگز گناہ نکرونگا جب ایسا کرتا ہی تو اللہ اوسکی گناہ معاف کر دیتا ہی کتنا ہی بڑا ہو کیونکہ کفر سی بڑا کوئی گناہ نہین ہی
وقد قال الله تعالى لنبيه فی حق اهل الكفر قل للذين كفروا ان ينتهوا يغفر لهم ما قد سلف فما ظنك فيما دونه من المعاصی
اور اللہ تعالی اپنی نبی سی کفار کی حق مین فرماتا ہی تو کہدی کافرونکو اگر باز آوین تو معاف ہو اونکو جو ہو چکا پہر تجہکو معاصی کی نسبت کفر سی کمتر مین کیا خیال ہی
وقد روى انه عليه السلام قال لو اخطا احدكم حتى ملا ما بين السماء والارض ثم تاب تاب الله عليه وفی حديث
اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اگر کوئی تم مین سی اتنی خطائین کری کہ آسمان اور زمین کہ بیچ بہر جاوی پہر وہ توبہ کری تو اللہ اوسکی توبہ قبول کرتا ہی اور ایک اور حدیث مین
اخر انه عليه السلام قال ان العبد اذا اعترف ثم تاب تاب الله عليه يعنی انه اذا اقر بكونه مذنبا ثم تاب وندم
ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ آدمی جب اپنی گناہ کا اقرار کر کر توبہ کرتا ہی تو اللہ بہی اوسکی توبہ قبول کرتا ہی مطلب یہہ ہی کہ جب وہ اپنی خطاوار ہونیکا اقرار کر کہ پہر توبہ کر کر

على ما فعل من الذنوب واكتسب من السيئات وعزم ان لا يعود الى مثله يقبل الله تعالى توبته ويتجاوز عن
کی ہوئی گناہ اور کمائی ہوئی برائیوں سی نادم ہو اور نیت کری کہ ایسا کام پہر نکرونگا تو اللہ تعالی اوسکی توبہ قبول کرتا ہی اور اوسکی گناہوں سی درگذر فرماتا ہی

سیاته لكن ينبغي ان يعلم ان الذنوب على نوعين ذنب فيما بينك وبين الله تعالى وذنب فيما بينك وبين العباد
لیکن سمجہنی کی بات ہی کہ گناہ بہی دو نو قسم کی ہین ایک گناہ تیری اور خدا کی بیچمین یعنی حق اللہ ہی اور ایک گناہ تیری اور بندی کی درمیان ہین یعنی حق العباد ہی

فالذنب الذي بينك وبين الله تعالى يكفي فيه الاستغفار باللسان والندم بالقلب والعزم على ان لا يعود
پہر جو گناہ صرف حق اللہ ہی تو اسمین صرف زبانسی استغفار اور دل سی ندامت اور پہر نکرنی کی نیت کافی ہی

فاذا فعل ذلك لا يبرح من مكانه حتى يغفر له ذنبه الا ان يكون شيئا من الفرائض فان الشرع لا يكتفي فيه
جب یہہ حال بنایا تو ابہی اپنی جگہہ سی نہین ٹلنی پاتا کہ اوسکی گناہ معاف ہوجاتی ہین ان اگر کوئی فریضہ ترک ہوا ہو کیونکہ شرع نی اسباب مین صرف توبہ پر اکتفا نہین کیا

بمجرد التوبة بل اضاف الى ذلك في البعض قضاء كالصلوة والصوم وغيرهما وفي البعض كفارة ايضا واما حقوق
بلکہ اوس توبہ کی ساتہہ بعضی جگہہ قضا لگا رکہی ہی جیسی نماز اور روزہ وغیرہ اور بعضی جگہہ کفارہ بہی لگا رکہا ہی اور رہی حقوق

الادميين فلا بد من ايصالها الى مستحقيها فان لم يوجدوا يلزم تصدقها عنهم بنية ان تكون وديعة
العباد سپس پہنچانا حقوق کا مالکون کی پاس ضروری ہی پہر اگر وہ لوگ نہ ملین تو دینا اونکی طرف سی اس نیت سی خیرات کردی کہ اللہ تعالی کی یہان ودیعت

عند الله تعالى يوصلها الى اصحابها يوم القيمة فمن لم يجد السبيل لخروجه عما عليه من التبعات لاعساره
رہی قیامت کی روز مالکون کی حوالہ کری پہر جسکو ماری مفلسی کی حقوق اداکرنیکی کوئی راہ نہ ملی تو اوسکو

فعليه ان يكثر من الاعمال الصالحات ويستغفر لمن ظلمه من المؤمنين والمؤمنات في اكثر الاوقات فانه اذا فعل
یہہ لازم ہی کہ اعمال صالحہ بہت کیا کری اور اپنی مؤمن مظلوموں کی حق مین اکثر اوقات استغفار کیا کری بیشک جب یہہ عمل کریگا

كذلك يرجى من فضل الله تعالى ان يرضي خصماؤه يوم القيمة قيل لبعض العلماء هل للتائب من علامة يعرف بها
تو اللہ تعالی کی فضل سی امید ہی کہ قیامت کی دن اسکی مدعیوں کو راضی کردی کسی نی ایک عالم سی پوچہا آیا تائب کی واسطی کوئی ایسی علامت ہی جس سی معلوم ہو

قبول توبته قال نعم علامته اربعة اشياء الاول ان ينقطع عن اصحاب السوء والثاني ان يكون معرضا عن
کہ توبہ قبول ہوئی کہا ہان اسکی چار علامتین ہین اول یہہ کہ بدکاروں سی بیزار ہوجائی اور دوسری یہہ کہ ہر گناہ سی نفرت کری

كل ذنب مقبلا على الطاعات والثالث ان يذهب من قلبه فرح الدنيا ويرى حزن الاخرة دائما في قلبه والرابع
اور طاعات کی طرف متوجہ ہووی اور تیسری یہہ کہ اوسکی دلمین دنیا کی فرحت نرہی اور آخرت کا فکر دلمین ہمیشہ لگا رہی اور چوتہی یہہ

ان يرى نفسه فارغا عما ضمن الله له من امر الرزق ويكون مشغولا بما امر به فاذا وجد فيه هذه العلامات
کہ اپنی جان کو ایسی چیزون کی فکر سی جسکا اللہ تعالی ذمہ دار ہوچکا ہی فارغ پاوی جیسی رزق اور احکام الہی کی بجاآوری مین مشغول رہی جب اوسمین یہہ علامتین موجود ہوتی ہین

يكرمه الله تعالى باربع كرامات احدها ان يخرجه من الذنوب كانه لم يذنب قط والثاني ان يحبه والثالث ان
تو اوسکو اللہ تعالی چار کرامتین عنایت کرتا ہی ایک یہہ کہ گناہوں سی ایسا صاف کردیتا ہی گویا کبہی بہی گناہ نہین کیا اور دوسری یہہ کہ اوسکو دوست رکہتا ہی تیسری یہہ

يحفظه من الشيطان ولا يسلطه عليه والرابع ان يؤمنه من الخوف قبل ان يخرج من الدنيا لانه تعالى قال
کہ اوسکو شیطانسی محفوظ رکہتا ہی شیطان کو اوسپر تسلط نہین دیتا چوتہی یہہ کہ خوف سی مامون رہتا ہی اس سی پہلی کہ دنیامین سی روانہ ہو کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی

تتنزل عليهم الملئكة الا تخافوا ولا تحزنوا وابشروا بالجنة التي كنتم توعدون ويجب له على الناس اربعة اشياء
اون پر اوترتی ہین فرشتی کہ تم نہ ڈرو اور نہ غم کہاؤ اور خوشی سنو اوس بہشت کی جسکا تمکو وعدہ تہا اور اور لوگون پر اوسکی چار حق واجب ہوجاتی ہین

اولها ان يحبوه لانه تعالى قد احبه والثاني ان يدعوا له بالثبات على التوبة لان الثبات على التوبة اشد من
اول یہہ کہ اوس سی محبت کیا کرین کیونکہ اللہ تعالی اوس سی محبت کرتا ہی دوسری یہہ کہ اوسکی حق مین توبہ پر قایم رہنی کی دعا کیا کرین اسلئی کہ توبہ پر قایم رہنا توبہ کرنیسی

التوبة والثالث ان یجالسوه ویذاکروه ویعاونوه والرابع ان لا یعیّروه بما سلف عن ذنوبه لانه تعالی قال حکایة

دشوار تر ہی تیسری یہہ کہ اوسکی پاس بیٹھکر یاد الٰہی اور امداد کیا کرین چوتہی یہہ کہ باعتبار پہلی گناہون کی طعنہ زنی نکیا کرین اسلئی کہ اللہ تعالی حضرت یوسف

عن یوسف علیه السلام لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ قال الفقیه ابو اللیث وذلك ان المؤمن لیس من شانه ان یقع فی الذنب

علیہ السلام کی طرفسی حکایت کرتا ہی کچھہ الزام نہین تمپر آج فقیہ ابو اللیث کہتی ہین یہہ اسلئی ہی کہ مؤمن کی شان سی نہین ہی کہ گناہ مین مبتلا ہو دی

ولا یتعمده کما یدل علیه قوله تعالی وَكَرَّهَ إِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ فانه تعالی قد اخبر انه ابغض علی المؤمنین

اور عمدا کیا کری چنانچہ اس آیت سی معلوم ہوتا ہی اور برا لگایا تمکو کفر اور گناہ اور بیحکمی کیونکہ اللہ تعالی نی خبر دی ہی کہ ہمنی مؤمنون پر معصیت کو ناپسند

المعصیة فلا یقع المؤمن فیها اذا کان ایمانه حقیقیا الا ساهیا الا فی حال الغفلة فاذا تاب عنها لا یجوز ان یعیّر بها قال

کردیا ہی سو مؤمن گناہ مین نہین پڑتا اگر اوسکا ایمان حقیقی ہو صرف زبانی ہی نہو مگر غفلت مین پہر جب اوسنی گناہ سی توبہ کی تو جائز نہین ہی کہ طعنہ زنی کرین

رسول الله صلی الله علیه وسلم الکیّس من دان نفسه وعمل لما بعد الموت والعاجز من اتبع نفسه هواها وتمنی علی الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہوشیار وہ ہی کہ اپنی جان کو ذلیل رکہی اور آخرت کی واسطی عمل کیا کری اور احمق وہ ہی کہ اپنی جان کو ہوا ہوس کی پیچھی لگادی اور اللہ سی آرزوئین

هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه شداد بن اوس ومعناه ان العاقل من غلب علی نفسه وقهرها وحاسبها

طلب کری یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی شداد ابن اوس کی روایت سی اسکی یہہ معنی ہین کہ عاقل وہ ہی جو نفس پر غالب اگر اوسکو دبالی اور محاسبہ لیکر

ونظر ما عملت لاخرتها فان وجدها عملت خیرا یحمد الله تعالی ویسعی فی الازدیاد فیه وان وجدها عملت شرا یشتغل

دیکہی کہ آخرت کی لئی کیا عمل کیا ہی اگر جانی کہ نیک عمل کیا ہی تو خدا کا شکر کرکر اسمین اور زیادہ کوشش کری اور اگر جانی کہ برا کام کیا ہی تو توبہ اور استغفار کرکر

التوبة والاستغفار واصلاح الحال بالتوجه الی الطاعات المنجیة عن العقبات فی العرصات والموصلة الی الدرجات

حال کو درست بناوی طاعات کی طرف متوجہ ہو جو قیامت کی عذاب سی نجات دی اور موت کی بعد بلند درجون پر پہنچاوی

بعد الممات والعاجز من غلبت علیه نفسه وصار تابعا لها واعطاها ما ارادت من المحرمات والمنهیات

اور بیوقوف وہ ہی جسپر نفس غالب اگر اوسکو اپنا تابع کرلی اور جو چاہی سو محرمات اور منہیات مین سی اوسکو دیوی

وتمنی علی الله ان یغفر له ویدخل الجنة من غیر التوبة والاستغفار واصلاح الحال وهذا هو الغرور والغرور علی

اور اللہ سی یہہ تمنا کری کہ خدا بخشدی اور بی توبہ اور بی استغفار اور بلا درستی حال جنت مین داخل کردی اور یہہ ہی غرور کہلاتا ہی اور غرور جیسی دھوکا

ما ذکره الامام الغزالی فی الاحیاء هو سکون النفس الی ما یوافق الهوی ویمیل الیه الطبع عن شبهة وخدعة من

امام غزالی نی احیاء العلوم مین ذکر کیا ہی نفس کا اطمینان اور موافق ہوا ہوس کی طبع کا میلان بسبب شبہہ اور شیطانی مکر کی ہی

الشیطن فمن اعتقد انه علی خیر اما فی العاجل او فی الاجل عن شبهة فاسدة فهو مغرور واکثر الناس یظنون فی

سو جو شخص اپنی حالت کو بالفعل یا آخر کو شبہہ فاسد کی راہ سی بہتر سمجھتا ہی پس وہ دہوکہ مین گرفتار ہی اور اکثر لوگ اپنی دلمین اپنی حال کو

انفسهم خیرا مع کونهم مخطئین اثمین فهؤلاء مغرورون وان اختلفت اصناف غرورهم وتفاوتت درجاتهم حتی

بہتر سمجھتی ہین باوجودیکہ خطاوار اور گنہگار ہوتی ہین اب وہ دہوکہ مین ہین اگرچہ جہات اور طریقی دہوکی کی مختلف اور اوسکی درجی کم و زیادہ ہون یہان تک

کان غرور بعضهم اظهر واکثر من بعض فمنهم من غرتهم الحیوة الدنیا ومنهم من غرهم بالله الغرور اما الذین غرتهم

کہ ہر ایک کا دہوکہ ایک سی فاحش اور بہت بڑہتی ہو پہر بعضی کو دنیا کی دہوکہ مین ہین اور بعضی اللہ کی ساتہہ دہوکہ مین ہین پہر جو شخص دنیا کی

الحیوة الدنیا فهم الذین قالوا النقد خیر من النسیئة والدنیا نقد والاخرة نسیئة فاذن الدنیا خیر فلا بد من ایثارها

زندگی کی دہوکہ مین ہین سو وہی شخص ہین جو کہتی ہین نقد ادہار سی بہتر ہی اور دنیا تو نقد ہی اور آخرت ادہار ہی سو اب دنیا بہتر ہی پس دنیا کا اختیار کرنا ضرور ہی

وهذا القیاس فاسد یشبه قیاس ابلیس حیث قال فی حق ادم النبی علیه السلام انا خیر منه خلقتنی من نار

اور یہہ استدلال فاسد ابلیس کا سا قیاس ہی کہ اوسنی آدم علیہ السلام کی حق مین کہا تہا مین اوس سی بہتر ہون مجکو تو نی بنایا آگ سی

وخلقته من طين والى هؤلاء الاشارة بقوله تعالى الذين اشتروا الحيوة الدنيا بالاخرة فلا يخفف عنهم العذاب

اور اوسکو بنایا خاک سی اور انہی طرف اشارہ ہی اس آیت مین جنہون نی خرید کی دنیا کی زندگی آخرت دیکر سو نہ ہلکا ہوگا اونپر عذاب

ولا هم ينصرون وعلاج هذا الغرور اما التصديق بمجرد الايمان والتصديق بالبرهان اما التصديق بمجرد الايمان

اور نہ اونکو مدد پہنچی کی اور اس دہوکہ کا علاج یا تصدیق نری ایمانی سی ہی یا تصدیق برہانی سی پہر نری تصدیق ایمان کی

فهو ان يصدق الايات الواقعة في القران من جملتها قوله تعالى ما عندكم ينفد وما عند الله باق وقوله تعالى

تو یہہ ہی کہ آیات کی جو کہ قرآن مین آئی ہین تصدیق کری جنمین سی ایک یہہ آیت ہی جو تم پاس ہی نبڑ جاویگا اور جو اللہ پاس ہی سو رہتا ہی اور ایک یہہ آیت

والاخرة خير وابقى وقوله تعالى وما الحيوة الدنيا الا متاع الغرور فانه عليه السلام قد اخبر بذلك طوائف

اور پچھلا گہر بہتر ہی اور رہنی والا اور یہہ آیت اور دنیا کا جینا یہی ہی جنس دغا کی بیشک نبی علیہ السلام نی بہت کفار کو اسکی خبر سنائی

من الكفار فصدقوه وامنوا به ولم يطالبوه بالبرهان وهذا ايمان يخرج العامة من الغرور واما التصديق

پس اونہون نی سچ مانا اور اوسپر ایمان لائی اور کوئی برہان آپ سی طلب نکی یہہ ایسا ایمان ہی کہ عوام لوگ دہوکہ سی بچ جاتی ہین اور تصدیق برہانی

بالبرهان فهو ان يعرف وجه فساد هذا القياس الذي نظمه ابليس في قلبه فان كل مغرور فلغروره سبب و

یہہ ہی کہ اس قیاس کی فساد کو معلوم کری جو کہ ابلیس نی اپنی دلمین مرتب کیا تہا کیونکہ جو شخص دہوکہ مین آتا ہی تو اوسکا کوئی سبب ہوتا ہی اور

ذلك السبب هو دليله وكل دليل نوع قياس يقع في القلب ويورث السكون اليه وان كان صاحبه لا يشعر به

وہ ہی سبب اوسکی دلیل ہوتی ہی اور ہر دلیل ایک طرحکا قیاس ہوتا ہی جو دلمین پیدا ہوکر دلکو تسکین دیتا ہی اگرچہ قیاس والی کو اسکی خبر نہو

ولا يقدر على نظمه بالفاظ العلماء فالقياس الذي نظمه الشيطان في قلب المغرور مركب من اصلين احدهما

اور نہ اتنی استعداد ہو کہ علماء کی طور پر عبارت مرتب کر لی پس وہ قیاس جو شیطان نی بہکی ہوئی کی دلمین مرتب کیا تہا دو اصل سی مرکب ہی ایک تو یہہ

الدنيا نقد والاخرة نسيئة وهذا صحيح والثاني النقد خير من النسيئة وهذا محل التلبيس اذ ليس الامر كذلك مطلقا

کہ دنیا نقد ہی اور آخرت اودہار ہی یہہ تو صحیح ہی اور دوسرا یہہ کہ نقد بہتر ہوتا ہی اودہار سی یہہ جگہ دہوکہکی کیونکہ کلیہ یون نہین ہی

بل اذا كان النقد مثل النسيئة في المقدار والمقصود فهو خير منها واما اذا كان اقل من النسيئة فالنسيئة خير منه

بلکہ نقد اور اودہار دونو اگر مقدار اور مقصود مین برابر ہون تو جب تو نقد بہتر ہی اور اگر نقد مقدار مین اودہار سی کمتر ہو تو پہر نقد سی اودہار بہتر ہوتا ہی

فان هذا المغرور يبذل في تجارته درهما نقدا لياخذ عشرة نسيئة ولا يقول النقد خير من النسيئة وكذا اذا

کیونکہ یہہ مغرور ہی اپنی تجارت مین ایک روپیہ نقد خرچ کرتا ہی تاکہ دس روپیہ اودہار یعنی انجام کو حاصل کری اب نہین کہتا کہ نقد بہتر ہی اودہار سی اور ایسی ہی اگر

حذره الطبيب من الفواكه ولذائذ الاطعمة يترك ذلك في الحال خوفا من الم المرض في الاستقبال والتجار كلهم

طبیب میوی اور لذیذ کہانونسی منع کردی تو آیندہ کو مرض کی خوف کا مارا فورًا چہوڑ دیتا ہی اور تمام تجارت پیشہ

يركبون البحار ويختارون مشاق الاسفار في الحال لاجل الربح والراحة واللذة في الاستقبال فاذا كانت العشرة في

دریا کا سفر اور سفر کی مشقتین بالفعل گوارا کر لیتی ہین آیندہ کی منفعت اور آرام اور لذت کی واسطی پہر جب آیندہ کی دس

الاستقبال خيرا من الواحد في الحال وكذا اذا كان الربح والراحة واللذة في الاستقبال خيرا من الالم والمشقة في

حال کی ایک سی اور ایسی ہی آیندہ کی منفعت اور راحت اور لذت حال کی الم اور مشقت سی بہتر ہوئی تو

الحال فقس لذة الدنيا وراحتها من حيث مدتها بالنسبة الى مدة الاخرة فان اقصى عمر الانسان مائة سنة

پس دنیا کی لذت اور راحت کو باعتبار دنیا کی مدت کی آخرت کی مدت کی بنسبت قیاس کر لی کیونکہ انسان کی بڑی سی بڑی عمر سو برس کی ہوتی ہی

قلما يتجاوزها وهو ليس عشر عشير من جزء من الف جزء من مدة الاخرة فكانه ترك واحدا لياخذ الف الف

اس سی بہت کم بڑہنی پاتا ہی سو یہہ سوان حصہ بہی نہین ہی ہزارویں حصہ مین کا آخرت کی مدت مین سی گویا اسنی ایک کو دس لاکہ لینی کی واسطی ترک کیا

بل لیاخذ مالانہایۃ لہ ہذا من حیث المدۃ واما من حیث النوع فلذات الدنیا مکدرۃ مشوبۃ بانواع الالام
بلکہ بے نہایت کی واسطے یہہ افزایش تو باعتبار مدت کی ہی اور باعتبار خوبی قسم کی سو دنیا کی لذتین طرح طرح کی المسی مکدر اور سختیوں سی آلودہ ہین

والشدائد ولذات الاخرۃ صافیۃ غیر مکدرۃ فاذن یظہر غلطہ فی قولہ النقد خیر من النسیئۃ وعند ذلک
اور آخرت کی لذتین صاف اور مصفا اب اوسکی غلطی صاف ظاہر ہوتی ہی کہ نقد بہتر ہوتا ہی اودہار سی اور اسوقت

یرجع الشیطان الی قیاس اخر وھو ان الیقین خیر من الشک والدنیا یقین والاخرۃ شک فلا یترک الیقین وھذا
شیطان ایک اور قیاس منتظم کرتا ہی اور وہ یہہ ہی یقین بہتر ہوتا ہی شک سی اور دنیا تو یقینی ہی اور آخرت مین شک ہی سو یقین کو ترک نہین کرسکتی اور یہہ

القیاس اکثر فسادا من الاول لکون کل من اصلیہ باطلا لان الیقین خیر الیسر الا اذا کان مثلہ لا مطلقا
قیاس پہلی قیاس سی خراب تر ہی کیونکہ اسکی دونوا اصل غلط ہین اسلئی کہ یقین جب ہی بہتر ہوتاہی کہ شک کی مثل ہو دی کچہہ کلیہ نہین ہی

الا تری ان التاجر فی تعبہ علی یقین وفی حصول ربحہ علی شک وکذا المریض یشرب الدواء البشیع الکریہ وھو فی
کیا تو نہین دیکہتا کہ سوداگر اپنی مشقت کو یقینی جانتاہی اور فائدہ ہونی مین شک پر ہی اور ایسی ہی بیمار کڑوی بدمزہ دوا پیتاہی تلخی دوا کی تو یقینی ہی

مرارۃ الدواء علی یقین وفی حصول الشفاء علی شک لکن یقول الم مرارۃ الدواء قلیل بالنسبۃ الی الم امتداد المرض المؤدی
اور صحت ہونی مین شک ہی پر وہ یہہ کہتاہی کہ الم کڑوی دوا کا بنسبت الم زیادتی مرض کی کمتر ہی جس سی

الی الھلاک فمن کان علی شک فی امر الاخرۃ یجب علیہ ان یقول الصبر فی ایام قلائل وھو منتھی الامر قلیل بالنسبۃ
مر بہی جاتی ہین پہر جسکو آخرت کی باب مین شک ہو تو اوسپر یہہ تصور واجب ہی کہ صبر کرنا چند روز کا یعنی آخر حیات تک بہ نسبت

الی ما یقابلہ من امر الاخرۃ فان کان ما یقال فیہ کذبا فما یفوتنی الا التنعم ایام حیاتی وقد کنت فی العدم من الازل
اپنی مقابل یعنی آخرت کی کمتر ہی کیونکہ آخرت کا حال جو مشہور ہی اگر جہوٹ نکلا تو میرا اسوا عیش زندگانی کی کیا جاتا رہیگا اور ہمیشہ مین ازل سی

الی الان واحسب انی بقیت فی العدم ولم اتنعم وان کان ما یقال فیہ صدقا ابقی فی النار دھرا طویلا وھذا مما
اب تک نابود ہی تہا سو مین سمجہونگا معدوم ہی رہا عیش حاصل نہوا اور اگر یہہ مشہور سچ ہوا تو مین زمانہ دراز تک آگ مین جلونگا اس مصیبت کی طاقت

لا یطاق بہ وکذلک قال علی لبعض الملحدین المنکرین للاخرۃ ان کان ما قلتم حقا تخلصتم وتخلصنا وان کان
ہرگز نہین ہی ایسا ہی علی رضی اللہ عنہ نی ایک ملحد سی جو آخرت کا منکر تہا جواب مین یہہ فرمایا جو تو کہتا ہی اگر سچ ہوا تو تم بہی بچی اور ہم بہی بچی اور اگر

ما قلنا حقا تخلصنا وھلکتم ولیس ھذا القول منہ علی شک فی الاخرۃ بل کلم الملحد علی قدر عقلہ وبین لہ
ہمارا قول حق ہوا تو ہم بچی اور تم ماری گئی اور یہہ قول علی کا آخرت مین کچہہ شک کی راہ سی نہ تہا بلکہ ملحد سی اوسکی عقل کی موافق کلام کیا اور اوسکو ظاہر کردیا

انہ وان لم یکن متیقنا فھو مغرور واما الاصل الثانی الذی ھو ان الاخرۃ شک فھو باطل ایضا لان ذلک یقین
کہ بلاشبہ اگر وہ نہین یقین رکہتا تو وہ دہوکہ مین ہی اور اس قیاس کی دوسری اصل یعنی آخرت مشکوک ہی یہہ بہی باطل ہی اس لئی کہ مؤمن کی نزدیک

عند المؤمن وایمانہ یدفع غرور الشیطن الا انہ اذا ترک اوامر اللہ تعالی وضیع الاعمال الصالحۃ ولابس المعاصی
یقینی بات ہی اور اوسکا ایمان شیطان کی فریب کو دفع کردیتا ہی پر اتنا ہی کہ اسنی جب احکام الہی کو ترک اور اعمال صالحہ کو ضایع کیا اور معاصی

والمنکرات یکون مشارکا للکفار فی ھذا الغرور لانہ وان کان معترفا بکون الاخرۃ خیرا من الدنیا لکنہ مال
اور منکرات مین مبتلا ہوا تو اس دہوکہ مین کفار کا شریک ہوگیا اسوسطی کہ اگرچہ آخرت کو دنیا سی بہتر جانتاہی اور اقرار کرتاہی پر دنیا کی طرف راغب ہوکر

الی الدنیا واثرھا علی الاخرۃ واستحق ان یکون من اھل النار کالکفار الا ان امرہ یکون اخف لان اصل الایمان
دنیا کو آخرت پر پسند کرلیا ہی اور سزاوار ہی کہ کفار کی طرح ناری ہووی لیکن سکا حال بہ نسبت کفار کی خفیف تر ہی کیونکہ اصل ایمان

ینجیہ من العذاب الابدی ویخرجہ من النار ولو بعد حین وھذا ھو فائدۃ مجرد الایمان وحدہ واما
ابدی عذاب سی بچاکر دوزخ مین سی نکال دیگا اگرچہ کچہہ مدت کی بعد اتنا تو فائدہ نری ایمان کا ہی اور رہا

الفوز بالمقصود فلا یکفی له مجرد الایمان وحده بل لابد من ضم العمل الصالح الیه کما یدل علیه آیات القرآن
بمقصود حاصل کرنا چاہی تو اسکی مراد ایمان کافی نہین ہی بلکہ اوسکی ساتھہ عمل صالح بھی چاہیی چنانچہ قرآن کی آیات سی معلوم ہوتا ہی

من جملتها قوله تعالی وانی لغفار لمن تاب وآمن وعمل صالحا ثم اهتدی وقوله تعالی ان رحمت الله قریب
اونہین سی ایک یہہ آیت ہی اور میری بخشش ہی اوسپر جو توبہ کری اور یقین لاوی اور کری بہلا کام پہر راہ پر رہی اور یہہ آیت بیشک مہر الله کی نزدیک ہی نیکی والونسی

وقوله تعالی والعصر ان الانسان لفی خسر الا الذین آمنوا وعملوا الصالحات فوعد المغفرة فی کتاب الله تعالی منوط
اور یہہ آیت قسم اوتری دن کی مقرر انسان ہر ٹوٹہ ہی مگر جو یقین لائی اور کری بہلی کام پس کتاب الله مین بخشش کا وعدہ ایمان

بالایمان والعمل الصالح جمیعا لا بالایمان وحده فمن اقر بلسانه ان الآخرة خیر وابقی ثم ترک العمل واشتغل بالمعاصی
اور عمل صالح دونو پر موقوف ہی نری ایمان پر نہین پہر جسنی زبان سی یہہ اقرار کیا کہ آخرت بہتر اور رہنی والی ہی پہر عمل خیر ترک کرکر معاصی مین مشغول ہوا

فهو من المغرورین بالدنیا والمسرورین بها والمحبین لها والکارهین للموت خیفة فوات لذاتها لا خیفة فوات لذات
تو وہ دنیا کی دہوکہ مین آیا ہوا ہی دنیا پر خوش ہوتا ہی اور اوسکی محبت مین موت سی ڈرتا ہی مبادا دنیا کی لذت فوت ہوجاوی یہہ خوف نہین ہی کہ آخرت کی لذت

الآخرة وحصول عقابها فهؤلاء هم الذین غرتهم الحیوة الدنیا وهم عن الآخرة هم غافلون والذین غرهم بالله الغرور
فوت ہوکر عقاب ہونی لگی سو یہہ وہ لوگ ہین جنکو دہوکہ دیا دنیا کی زندگی نی اور وہ آخرت سی بی خبر ہین اور جنکو دہوکہ مین ڈالا الله کی نام سی غرور نی

فهم الذین یهملون الاعمال ویشتغلون بالمنکرات ویقولون ان الله کریم رحیم نرجو رحمته ومغفرته وهذا
وہ وہی لوگ ہین جو اعمال مین سستی کرتی ہین اور منکرات مین مشغول رہتی ہین پہر کہتی ہین کہ الله کریم اور رحیم ہی اوسکی رحمت اور مغفرت کی امید ہی یہہ

الکلام وان کان صحیحا فی نفسه مقبولا فی القلوب الا ان الشیطان لا یغوی الانسان الا بکلام مقبول الظاهر
بات اگرچہ حقیقت مین راست ہی دل مانتی ہین پر انسان کو شیطان ایسی ہی بات سی بہکاتا ہی جو ظاہر مین مقبول ہو

مردود الباطن ولولا حسن ظاهره لما انخدعت به القلوب لکن النبی علیه السلام کشف عن ذلک بقوله الکیس
اور باطن مین مردود اور اگر ظاہر مین پسندیدہ نہووی تو اوسکی بات پر دل ہرگز فریب نکہا دین لیکن نبی علیہ السلام نی اسکو ظاہر کردیا یہہ فرمایا کہ ہوشیار

من دان نفسه وعمل لما بعد الموت والعاجز من اتبع نفسه هواها وتمنی علی الله وهذا التمنی هو الغرور الذی غیر
وہ ہی کہ اپنی آپ کو حقیر سمجہی اور آخرت کی لئی عمل کری اور احمق وہ ہی کہ ہوا وہوس کی پیچہی لگا ہی اور اللہ پر آرزوئین کری یہہ آرزو پکانی ہی دہوکا ہی جسکا شیطان نی بدلکر

الشیطان اسمه وسماه رجاء حتی خدع به کثیرا من الناس وقد شرح الله الرجاء بقوله الذین آمنوا وهاجروا
رجا نام رکہا ہی یہان تک کہ بہت لوگون کو اس فریب مین لی لیا ہی اور رجا کی شرح الله تعالی نی اس آیت مین آپ کردی ہی جو لوگ ایمان لائی اور ہجرت کی

وجاهدوا فی سبیل الله اولئک یرجون رحمت الله وقیل للحسن قوم یقولون نرجو الله ویضیعون العمل فقال
اور لڑی اللہ کی راہ مین وہ امیدوار ہین اللہ کی مہر کی کسینی حسن سی کہا ایک لوگ یہہ کہتی ہین اللہ سی ہمکو امید ہی اور عمل خیر ضایع کرتی ہین حسن نی کہا

هیهات هیهات تلک امانیهم یترددون فیها من رجا شیئا طلبه ومن خاف شیئا هرب منه وکما لا ینبت فی الدنیا
افسوس افسوس یہہ آرزوئین ہین انکی فکر مین پڑی ہین جو شخص کسیکی آرزو کرتا ہی تو اوسکو طلب کرتا ہی اور جو کسی بات سی ڈرتا ہی تو اوس سی بہاگتا ہی اور جیسی دنیا مین

زرع الا بالحراثة کذلک لا یحصل فی الآخرة اجر وثواب الا بالایمان والعمل وکما کان معتوها من رجا ولدا ولم ینکح
کہیتی بدون بوئی نہین اگتی ایسی ہی آخرت مین اجر اور ثواب بدون ایمان اور عمل کی نہین ملتا اور جیسی نادان کہلاتا ہی جو شخص اولاد کی آرزو کری اور نکاح نکری

او نکح ولم یجامع او جامع ولم ینزل کذلک یکون معتوها من رجا رحمة الله تعالی ولم یؤمن او آمن ولم یعمل
یا نکاح تو کری پر صحبت نکری یا جماع بہی کری پر منزل نہو ایسی ہی نادان کہلاتا ہی جو شخص رحمت الہی کی امید رکہی اور ایمان نہ لاوی یا ایمان لاوی پر عمل صالح

الصالحات او عمل الصالحات ولم یترک السیئات وکما ان من نکح وجامع وانزل ینبغی له ان یرجو حصول الولد
نکری یا اعمال صالح بہی کری پر برائیان نچہوڑی اور جیسی جو شخص نکاح کری پہر جماع کری اور منزل ہووی تو اوسکو لایق ہی کہ اولاد کی آرزو کری

وان یخاف عدم حصوله کذلک ان من امن وعمل الصلحت وترک السیات ینبغی له ان یرجو حصول الاجر

اور اولاد نہونیکا بہی خوف کری ایسی ہی جو شخص ایمان لایا اور اعمال نیک کئی اور برائیان چہوڑ دین تو اوسکو لایق ہی کہ اجر اور ثواب کا متوقع ہووی

والثواب وان یخاف عدم حصوله فالواجب علی مؤمن ان یتوب عن السیات ویداوم علی الطاعات

اور محرومی سی ڈرتا رہی پس مؤمن پر یہہ واجب ہی کہ برائیون سی توبہ کری اور ہمیشہ طاعات کرتا رہی

ثم یکون بین الخوف والرجاء ولا یقنط من رحمة الله ولا یامن من عذاب الله فان المنهمک فی المعاصی

پہر خوف اور رجا دونو رکہی اور اللہ کی رحمت سی نا امید اور عذاب الٰہی سی بیخوف نہو بیشک جو شخص گناہون مین مبتلا ہی

قد یخطر له التوبة فیقول له الشیطن انی یقبل توبتک مع ارتکابک امثال تلک الذنوب فیجب عند

اوسکی دل پر یہہ کبہی توبہ کا خیال آتا ہی پر اوسکو شیطان یون بہکا دیتا ہی تیری توبہ کب قبول ہوتی ہی تو ایسی ایسی گناہون مین گرفتار ہی پس ایسی حالت جب ہی

ذلک قمع القنوط بالرجا ویقول ان الله کریم رحیم یغفر ذنوب التائبین لانه تعالی قال وانی لغفار لمن

کہ نا امیدی کو دفع کرکر امیدوار ہو جانا چاہئی اور کہی کہ بیشک اللہ کریم اور رحیم ہی توبہ کرنیوالون کی گناہ معاف کرتا ہی اسلئی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور مین البتہ

تاب ووعد قبول التوبة وقال وهو الذی یقبل التوبة عن عباده فان التوبة طاعة تکفر الذنوب کلها صغیرها

بخشنیوالا ہون جو توبہ کری اور توبہ قبول کرنیکا وعدہ کیا فرمایا اور وہ ہی ہی جو قبول کرتا ہی توبہ اپنی بندون کا بیشک توبہ ایسی عبادت ہی کہ گناہ صغیرہ ہون یا کبیرہ سب اوتار دیتی ہی

وکبیرها حتی الکفر بخلاف سائر الطاعات فانها لا تکفر الا الصغائر فمن توقع المغفرة مع التوبة فهو راج

یہان تک کہ کفر کو بخلاف تمام اور عبادات کی سوا اور عبادات صرف گناہ صغیرہ کو اوتار دیتی ہین پہر جو شخص توبہ کرکر بخشش کا امیدوار ہو تو وہ راجی ہی

ومن توقع المغفرة مع الاصرار فهو مغرور وکل توقع یورث التوبة والتشمر علی العبادة فهو رجاء وکل توقع

اور گناہ پر اڑا ہوا بخشش کی توقع کری تو وہ مغرور ہی جس توقع مین توبہ اور عبادت کا عزم حاصل ہووی وہ ہی رجا ہی اور جس توقع مین

یوجب الفتور فی العبادة والرکون الی البطالة فهو غرور فان من خطر له ان یترک الذنوب ویشتغل بالعبادة

عبادت مین قصور اور بیہودگی کی طرف رغبت آوی وہ ہی غرور ہی کیونکہ جسکی دلمین یہہ خیال آوی کہ گناہ سی بچون اور عبادت کرون

یقول الشیطان لم تؤذی نفسک وتعذبها ولک رب کریم غفور رحیم فیفتر بذلک عن التوبة والعبادة

تو شیطان اوسکو یہہ وسوسہ دیتا ہی تجہکو کیا ہوا اپنی جان کو تکلیف در عذاب دیتا ہی تیرا پروردگار تو کریم اور غفور اور رحیم ہی سو اس فریب مین آکر توبہ اور عبادت سی

فهذا غرور وعند ذلک یجب علی العبد ان یستعمل الخوف ویخوف نفسه بغضب الله تعالی وعظیم عقابه

باز رہتا ہی سو یہہ ہی غرور ہی ایسی حالت مین ضرور ہی کہ آدمی خوف کری اور اپنی نفس کو غضب الٰہی اور اوسکی بڑی عذاب سی ڈراوی

ویقول لها ان الله تعالی کما کان غافر الذنوب وقابل التوبة فهو شدید العقاب ایضا وانه مع کونه کریما

اوسکو یہہ سمجہاوی کہ اللہ تعالی جیسی گناہ معاف اور توبہ قبول کرتا ہی پس وہ عذاب بہی بہت بڑا کرتا ہی اور کریم اور رحیم ہوکر

رحیما خلد الکفار فی النار ابد الاباد مع ان کفرهم لا یضره بل یسلط العذاب والمحن والامراض والعلل والفقر

کفار کو دوزخ مین قدیم کی لئی ڈال رکہا ہی باوجودیکہ اونکی کفر سی اوسکا کیا ضرر تہا بلکہ دنیا کی اندر اپنی بندون پر عذاب اور محنت اور دکہہ اور بیماری اور فقیری

والجوع علی عباده فی الدنیا مع کونه کریما رحیما قادرا علی ازالتها فمن کان سنته فی عباده کذلک کیف یغتر به

اور بہوک تعینات کر دیتا ہی حال یہہ کہ کریم اور رحیم ہی قدرت والا سب تکلیفین دور کرسکتا ہی پہر جسکا بندون کی حق میں یہہ طرز ہو تو آدمی کب فریفتہ

العبد ولا یخافه وقد خوفه عقابه ورجاء اکثر الخلق فی هذا الزمان هو سبب فتورهم عن العمل واقبالهم علی الدنیا

ہوسکتا ہی کہ اوسکا خوف اوٹہا رکہی اور وہ بیشک اپنی عقاب سی ڈرا چکا ہی اور اس زمانہ مین اکثر خلق کو ایسی رجا ہی کہ عمل میں سست دنیا پر متوجہ

واعراضهم عن طاعة الله تعالی واهمالهم للسعی للاخرة وهم لا یعلمون انه غرور ولیس برجاء وقد اخبر النبی علیه السلام

طاعت الٰہی سی بی پرواہ آخرت کی سعی مین سست کر ضعیف کر دیتی ہی اور وہ یہہ نہین سمجہتی کہ یہہ شیطانی دہوکہ ہی رجا نہین ہی اور بیشک نبی علیہ السلام خبر دی

ان الغرور سیغلب علی اٰخر ھذہ الامة قال الامام الغزالی قد کان ما اخبر بہ النبی علیہ السلام فان الناس فی الزمان
کہتی ہین کہ غرور آخر اس امت پہ جلد زور پکڑ جاویگا امام غزالی کہتی ہین کہ نبی علیہ السلام نی جو خبر دی تہی وہ ہو گئی کیونکہ اول زمانہ مین لوگ ہمیشہ

الاول کانوا یواظبون علی الطاعات والعبادات ویبالغون فی الاحتراز عن الشبہات والشہوات ومع ذلک کانوا
طاعت اور عبادت مین مشغول رہتی تہی اور شبہات اور شہوات سی خوب بچتی تہی اور پہر بہی ایسحال پہ

یخافون علی انفسہم ویبکون فی الخلوات واما الاٰن فتری الخلق اٰمنین فرحین غیر خائفین مع اصرارہم علی
ڈرتی رہتی تہی اور تنہائی مین رویا کرتی تہی اور اب اس زمانہ مین دیکہتی ہو کہ خلقت امن کی اندر خوش وخرم بی خوف وہراس معاصی پر اڑ رہی

المعاصی وانہماکہم فی الدنیا واعراضہم عن طاعة اللہ تعالی ویزعمون انہم واثقون بکرم اللہ تعالی وفضلہ و
اور دنیا مین کہبی ہوئی طاعت الٰہی سی بی پرواہی اور کہتی ہین ہمکو اللہ کی کرم اور فضل پہ بڑا بہروسہ ہی اور اوسکی

راجون لعفوہ ومغفرتہ ویقولون ان نعمتہ واسعة ورحمتہ شاملة واین معاصی العباد فی بحار مغفرتہ ویسمون
درگذر اور بخشش کی امید ہی اور کہتی ہین کہ اوسکی نعمت فراخ ہی اور رحمت عام اور بندون کی معاصی کی اوسکی دریای مغفرت مین کیا اصل ہی اور اس تمنی

تمنیہم واغترارہم رجاء ویقولون ان الرجاء مقام محمود فی الدین فکانہم یزعمون انہم عرفوا من کرم اللہ تعالی و
اور اغترار کا نام رجا رکہہ چہوڑا ہی اور کہتی ہین کہ رجا دین مین پسندیدہ مقام ہی سو گویا یہہ کہتی ہین کہ ہم اللہ کا کرم اور فضل

فضلہ ما لم یعرفہ الانبیاء والصحابة والسلف الصالح المجلس الثامن والستون فی بیان فضیلة التقوی
ایسا جانتی ہین کہ انبیا اور صحابہ اور صلحاء پیشین نہین جانتی تہی اڑسٹہوین مجلس تقوی اور حسن خلق کی فضیلت مین اور بیان دونو کی حقیقت کا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتدرون ما اکثر ما یدخل الناس الجنة تقوی اللہ وحسن الخلق ھذا الحدیث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا تم جانتی ہو کیا چیز ہی جو جنت مین لوگون کو زیادہ لیجاویگی پرہیزگاری اور عادت نیک یہہ حدیث

من حسان المصابیح رواہ ابو ہریرة ومعناہ ان اکثر اسباب السعادة الابدیة انما یحصل بالجمع بین ھاتین الخصلتین
مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہین کہ اکثر سبب سعادت ابدی کا بدون جمع کرنی ان دونو خصلتون کی حاصل نہین ہو سکتا

فان التقوی اشارة الی حسن المعاملة مع الخالق وحسن الخلق اشارة الی حسن المعاملة مع الخلق فعلی ھذا ینبغی
کیونکہ تقوی سی اشارہ طرف نیک معاملہ کی ہی ساتہہ خالق کی اور حسن خلق اشارہ طرف نیک معاملہ کی خلقت سی اسکی موافق لایق ہی

لمن علم ان سعادة الدنیا فانیة وان سعادة الاٰخرة باقیة ان یختار سعادة الاٰخرة علی سعادة الدنیا وسعادة
اوسکو جو یہہ جانتا ہی کہ سعادت دنیوی فنا ہونیوالی ہی اور سعادت اخروی رہنی والی کہ سعادت اخروی کو سعادت دنیوی پر پسند کری اور سعادت

الاٰخرة لا تحصل الا بتقوی اللہ تعالی لان حسن الخلق وان ذکر معہا اھتماما بشانہ الا انہ داخل فیہا لانہا عبارة عن
اخروی بدون تقوی الٰہی کی حاصل نہین ہوتی کیونکہ حسن خلق اگرچہ اوسکی ساتہہ عظمت شان کی لئی مذکور ہی پر وہ تقوی ہی مین داخل ہی اسلئی کہ تقوی یہہ ہی

اکثر لوگوں پر دشوار گذرتی ہی پہر جس سی یہہ بات نہو سکی تو اوسکو لازم ہی کہ تجارت موقوف کری یا اپنی جان کی واسطی دوزخ میں ٹہکانا بناوی اور چوتہا امر جس سی احتراز کرنا

عنه الخيانة فان من يخون لا يخلو اما ان يكون خيانته في المقدار او في السعر او في المرابحة والتولية فاما
واجب ہی خیانت کرنی بیشک جو شخص خیانت کرتا ہی تو اسی خالی نہیں کہ یا تو مقدار میں خیانت کرتا ہی یا بہاؤ میں یا نفع لینی میں یا ان کی از بیچنی میں پہر

من يكون خيانته في المقدار فهو يدخل تحت قوله تعالى وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ
جو شخص مقدار میں خیانت کرتا ہی تو وہ اس آیت کی مضمون میں داخل ہی خرابی ہی کہٹانیوالوں کی وہ کہ جب ماپ لیں لوگوں سی پورا بہر لیں

وَإِذَا كَالُوهُمْ أَوْ وَزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ولا ينجو من هذا الا من يزيد اذا اعطى وينقص اذا اخذ لان العدل الحقيقي
اور جب دیں اونکو یا تول دیں تو کہٹا کر دیں اور اس وبال سی وہ ہی بچتا ہی جو دینی میں کچہہ زیادہ دیدی اور لینی میں کچہہ کم لیلی اسلئی کہ حقیقی عدل تو

قلما يتصور فان من يستقصي في اخذ حقه بكماله يوشك ان يتجاوزه ولذلك كان النبي عليه السلام اذا
بہت کم خیال میں آتا ہی بیشک جو کوئی اپنا حق پورا پورا لیا چاہی تو کیا بعید ہی کہ حد سی بڑہ جاوی اور اسی واسطی نبی علیہ السلام جب

اشترى شيئا يقول للذي يزن الثمن زن وارجح وكان بعض السلف يقول لا اشتري الويل بحبة وكان اذا اخذ
کوئی شی مول لیتی تو ثمن دینی والی سی فرماتی کہ ثمن تول دی اور کچہہ زیادہ دی اور بعضی متقدمین کا قول ہی ہم بعوض ایک دانہ کی دوزخ نہیں خریدتی اور اونکا یہہ حال تہا

نقص حبة واذا اعطى زاد حبة وكان يقول ويل لمن يبيع بحبة جنة عرضها السموات والارض واما من يكون
کہ جب لیتی تو کچہہ کم لیتی اور جب دیتی تو کچہہ بڑہا دیتی اور یہہ کہتی افسوس اوسکی حق میں جو دانہ کی بدلہ ایسا جنت بیچ ڈالی جسکا پہیلاؤ آسمان اور زمین ہی اور جو شخص

خيانته في السعر فهو من الظلمين التاركين للنصح الواجب اذ ليس لاحد ان يلبس على البايع او المشتري سعر الوقت
بہاؤ میں خیانت کرتا ہی سو وہ ایسا ظالم ہی کہ نصیحت جو اوسپر واجب تہی ترک کی کیونکہ کسیکو جایز نہیں ہی کہ بایع یا مشتری پر بہاؤ اوس وقت کا ملا دیوی

وينتهض الفرصة ويخفي من البايع غلاء السعر ومن المشتري انحطاطه فان من يفعل ذلك يكون من الذين لا يحب
اور فرصت کو غنیمت سمجہی بایع سی تو گرانی بہاؤ کی چہپالی اور مشتری سی ارزانی بیشک جو ایسا کام کرتا ہی وہ اون لوگوں میں داخل ہی کہ نہیں پسند کرتا

احدهم لاخيه المسلم ما يحب لنفسه وقد روي انه عليه السلام قال لا يؤمن احدكم حتى يحب لاخيه ما يحب
اپنی بہائی مسلم کی واسطی جو اپنی واسطی پسند کرتا ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا مؤمن نہیں ہوتا کوئی تم میں سی جبتک نہ پسند کری اپنی بہائی کی

لنفسه

لنفسه واما من یکون خیانته فی المرابحة والتولیة فلابد له من معرفتهما حتی یمکن له الاحتراز عنهما

حق مین جو اپنی حق مین پسند کرتا ہی اور جو شخص نفع پر دیتی ہین اور دام کی دام دینی مین خیانت کرتا ہی تو اوسکو بہی اون دونونکا سمجھنا چاہئی تاکہ ان سی بچ سکی

اما المرابحة فهی بیع ما ملکه بمثل ما قام علیه بزیادة ربح واما التولیة فهو بیع ما ملکه بمثل ما قام علیه

مرابحت تو بیچنا مال کا جتنی کو اسکو پڑا ہو او سپر کچہہ نفع لیکر اور تولیہ بیچنا مال کا جتنی کو اسکو پڑا ہو

بدون زیادة ربح وکل منهما انما یصح اذا کان راس المال مثلیا لان مبناهما علی الامانة والاحتراز

بدون نفع لیئی یعنی دام کی دام کو اور یہہ دونو بیع جب صحیح ہوتی ہین کہ راس المال مثلی یعنی ذوات الامثال سی ہو کیونکہ ان دونون کی بنیاد امانت اور خیانت سی

عن الخیانة وشبهتها فان الغبی الذی لا یهتدی فی التجارة یعتمد علی الفعل الذکر الذی یهتدی فیها و

اور خیانت کی شبہہ سی احتراز پر ہی بیشک بہولا بچارہ جو تجارت کی ڈہنگ نہین جانتا وہ بہروسہ کیا کرتا ہی ایسی شخص کی ذکر کرنی پر جو تجارت کا مشتاق ہو اور

یطیب نفسه بمثل ما اشتراه بزیادة ربح فی المرابحة وبدونها فی التولیة وان لم یکن راس المال مثلیا

اپنی جی میں خوش ہوتا ہی خرید کی خرید سی فائدہ بڑہتی دیکر مرابحہ مین اور بدون فائدہکی تولیہ مین اور اگر راس المال ذوات الامثال سی نہو

بل کان قیمیا یکون قدره مجهولا لا یعلم الا بالظن والتخمین فیتمکن شبهة الخیانة فلا یتحقق المرابحة

بلکہ ذوات القیم سی ہو تو اوسکی مقدار مجہول ہوویگی اگر معلوم ہو تو گمان اور اٹکل سی ہو پہر اسمین خیانت کا شبہہ قایم ہو جاتا ہی پہر مرابحہ اور تولیہ دونو ثابت

والتولیة الا ان یکون المشتری مرابحة وتولیة ممن ملک ذلک البدل بوجه من الوجوه فح یمکن للبایع ان

نہین ہوتی از راہ بیع مرابحہ اور تولیہ کی ادسمین سی کہ مالک ہو گیا ہو اسی بدل یعنی ثمن کا کسیطرح پر پس اسوقت روا ہی بایع کو یعنی پہلی جو مشتری

یبیع منه ما اشتراه بذلک البدل وبربح معلوم فی المرابحة او بدونه فی التولیة ومن اشتری متاعا

بیچنا مالک بدل کی ہاتہہ او چیز کو کہ خریدہ تہا مشتری اول نی عوض اس بدل کی مع نفع معلوم کی بیع مرابحہ مین یا بدون نفع کی بیع تولیہ مین اور جس شخصنی کچہہ مال

بالنقود یجوز له ان یضم الی الثمن اجرة القصار والصباغ والحمال وغیر ذلک مما یزید فی عین المبیع او

نقدون خریدا تو اوسکو جایز ہی کہ ثمن مین مزدوری دہوبی اور رنگریز اور بلہ دار وغیرہ کی جس سی کہ عین مبیع یا

قیمته کسوق الغنم فانه یزید فی قیمتها کما یزید الحمل فی قیمة المتاع لان القیمة تختلف باختلاف المکان ویقول

قیمت مبیع بڑہ جاوی جیسی بکریان ہنکالیجانا اس سی ہی بکری کی قیمت بڑہتی ہی جیسی بلہ داری سی قیمت مال کی بڑہتی ہی اسواسطی کہ مکان بدلنی سی قیمت بدل جاتی ہی اور یون بیان کری

قام علی بکذا ولا یقول اشتریت بکذا تحرزا عن الکذب وان فعل شیئا من هذه المذکورات بنفسه لا یضمه

کہ مجھکو اتنی مین پڑی ہی یہہ نہکہی مینی اتنی کو خریدی ہی تاکہ جھوٹ سی بچ جاوی اور اگر کوئی کام ان مذکورہ سابقہ سی بذات خود سرانجام کر لیا ہو تو اوسکی مزدوری ثمن مین زبرادی

ولذا لا یضم نفقة نفسه ولا جعل الابق ولا کراء بیت الحفظ ولا اجر الطبیب والمعلم والراعی والدلال لان

اور ایسی ہی اپنی ذات کا خرچ اور نہ انعام بہاگی ہوئی غلام کا اور نہ کرایہ حفاظت کی مکان کا اور نہ نذرانہ طبیب اور اوستاد کا اور نہ اجرت چرواہی اور دلال کی کیونکہ

هذه المذکورات لا تزید فی المبیع شیئا ومن اشتری ثوبا بعشرین وقبضه ثم باعه مرابحة بثلثین وتقابضا

ان اخراجات سی مبیع مین کچہہ نہین بڑہتا اور اگر کسینی ایک تہان پارچہ کا بیس روپیہ کو لیکر قبضہ کر لیا پہر اوسکو بطور مرابحہ تیس روپیہ کو بیچکر دونونی اپنی اپنی مال پر قبضہ کرلیا

ثم اشتراه من مشتریه بعشرین واراد ان یبیعه مرابحة یطرح الربح ویبیعه علی عشرة ویقول قام علی

پہر اسنی دوبارہ وہ ہی تہان اپنی خریدار سی بیس روپیہ کو خرید لیا اب اگر اوس تہان کو بطور مرابحہ بیچی تو اول کا نفع کم کر کی دس روپیہ پر نفع لی اور یون بیان کری کہ یہہ تہان مجھکو

بعشرة ولو کان اشتراه بعشرین وباع باربعین ثم اشتراه بعشرین لا یبیعه مرابحة اصلا لانه قبل شرائه

دس روپیہ کو پڑا ہی اور اگر اول دفعہ مین بیس روپیہ کو لیکر چالیس کو بیچا ہو پہر اوسکو دوبارہ بیس کو لیا ہو تو اس صورت مین ہرگز مرابحہ سی نہ بیچی اسلئی کہ دوبارہ خریدنی سی پہلی

ثانیا یحتمل ان یرد علیه بعیب ویسقط الربح الذی ربحه فلما اشتراه ثانیا تاکد ذلک الربح الذی کا

شاید کہ وہ تہان بواسطہ عیب کی پہر جاتا تو جسقدر اس نی نفع لیا ہی یعنی بیس روپیہ وہ جاتا رہتا جب اسنی دوبارہ خرید لیا تو وہ نفع جو ساقط ہو سکتا تہا قایم

على شرف السقوط فيصير الشراء الثاني شبهة حصول الربح به وللتاكيد حكم الايجاب ففي المسئلة الاولى يصير

اور ثابت ہوگیا اب دوبارہ خریدنے میں یہہ شبہ ہوتا ہی کہ اس خرید کی سبب سی نفع ملا اور تاکید کی لئی حکم ایجاب کا ہوتا ہی سو پہلی صورت کا انجام یہہ ہی

كانه اشترى ثوبا وعشرة دراهم بعشرين فيتقابل العشرة بالعشرة فيبقى الثوب بعشرة فلا يبيعه مرابحة

گویا اس نے ایک تہان اور دس روپیہ بیس روپیہ کو لئی پہر دس روپیہ تو دس روپیہ کی برابر ہوگئی اور تہان دس میں پڑ گیا سو اسکو بطور مرابحہ

وتولية الا على عشرة وفي المسئلة الثانية يصير كانه اشترى ثوبا وعشرين درهما بعشرين فيتقابل العشرون

اور تولیہ کی بیچی تو دس روپیہ ہی پر بیچی اور دوسری صورت کا انجام یوں ہی کہ گویا ایک تہان اور بیس روپیہ بیس روپیہ کو لئی پہر بیس روپیہ تو بیس روپیہ کی برابر ہوئی

بالعشرين فيبقى الثوب مجانا فلا يبيعه مرابحة ولا تولية احترازا عن شبهة الخيانة لانها كحقيقتها فيهما

اور وہ تہان مفت پڑ گیا سو مرابحہ اور تولیہ سی نہ بیچی تاکہ شبہ خیانت کا نرہی کیونکہ مرابحہ اور تولیہ میں خیانت کا شبہ بہی

احتياطا وهذا لو كان لرجل على اخر عشرة دراهم فصالحه منها على ثوب لا يبيع ذلك الثوب مرابحة ولا تولية

بیاظا مثل عین خیانت کی ہوتا ہی ایسی ہی اگر کسیکی دوسری پر دس روپیہ قرض آتی ہوں قرضدار نی اوس سی ایک تہان پر صلح کرلی تو اوس تہان کو بطور مرابحہ اور تولیہ کی

على عشرة لان مبنى الصلح على الحط والاسقاط بخلاف ما اذا تخلل ثالث لان التاكيد يحصل بغيره ومن اشترى

دس روپیہ پر نہ بیچی اسواسطی کہ بنیاد صلح کی کمی اور معافی پر ہوتی ہی برخلاف اوس صورت کی کہ تیسرا شخص بیچمیں آجاوی اس لئی کہ اب تقرر غیر سی حاصل ہوا ہی اور جس شخص نی

اشياء صفقة واحدة بثمن واحد ليس له ان يبيع بعضها مرابحة على حصتها من الثمن لان ذلك لا يكون

کئی چیزیں مجمعہ ایک عقد میں سبکا ایک ثمن ٹہراکر مول لین تو اوسکو جایز نہیں ہی کہ اون میں سی بعض کو بطور مرابحہ کی ثمن میں کا حصہ ٹہراکر بیچی کیونکہ حصہ ثمن میں سی

الا باعتبار القيمة وتقسيمها لا يخلو عن شبهة الغلط ومن اشترى جارية سليمة فاعورت بافة سماوية او وطيها

ٹہرانا بدون اعتبار قیمت کی نہیں ہوسکتا اور تقسیم کرنیمیں غلطی کا شبہ باقی رہتا ہی اور اگر کسینی ایک لونڈی اچھی بھلی خریدی پہر آفت سماوی یعنی بی اختیار اوسکی کانی ہوگئی یا اوس نی

وهي ثيبة ولم ينقصها الوطي يجوز له ان يبيعها مرابحة او تولية لكن يجب عليه بيان عيبها ولا يجب عليه بيان

بیوہ یعنی شوہر دیدہ تہی صحبت کی اور صحبت سی کچھ نقصان نہ آیا تو اسکو جایز ہی لونڈی کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی بیچ ڈالی لیکن اوسپر اتنا واجب ہی کہ عیب بیان کردی اور یہہ واجب نہیں ہی

حدوث العيب عنده فالم يسئله المشتري ولا بيان وطيها اذ لم يحتبس عنده شيء يقابل الثمن لان الاوصاف

کہ یہہ عیب میری پاس پیدا ہوا ہی جبتک خریدار نہ پوچہی اور نہ صحبت کا بیان کرنا واجب ہی اس لئی کہ اسنی کوئی ایسی شی نہیں رکہہ لی جو ثمن کی مقابلہ ہو کیونکہ اوصاف کی

لا يقابلها شيء من الثمن وكذا منافع البضع اذ لم ينقصها الوطي لا يقابلها شيء من الثمن واما اذا فقا المشتري

مقابلہ میں ثمن کچھ نہیں ہوتا اور ایسی ہی شرمگاہ کی منافع اگر اونکو وطی سی کچھ نقصان نہ آیا ہو تو ثمن اونکی مقابلہ میں کچھ نہیں ہوتا اور اگر خود مشتری ہی نی

عينها او فقا عينها اجنبي فاخذ المشتري ارشها او وطيها المشتري وهي بكر فلا يبيعها الا بالبيان لانه حبس بعض المبيع

اوسکی آنکہ پہوڑدی یا کوئی غیر اوسکی آنکہ پہوڑدی اور مشتری نی تاوان لیلیا یا مشتری نی اوس سی صحبت کی اور وہ باکرہ تہی تو اسکو بدون بیان کی نہ بیچی کیونکہ اب مبیع میں سی گویا کچہہ حق

لكونه صار مقصودا كالسالمة معنى باخذ بدله اذا جنى غيره وكذا اذا جنى بنفسه اذ لو لم يكن ملكه لكان

روک رکہا ہی اسلئی کہ وہ آنکہ مقصود ہوگئی تو گویا اوس نی عوض لیلیا جبکہ غیر نی خطا کی ہو اور ایسی ہی اگر آپ بذات خود خیانت کی ہو اسواسطی کہ اگر لونڈی اسکی ملک نہ ہوتی

مضمونا عليه فصار بسقوط الضمان عنه كاخذ البدل فلا يمكنه بيع الباقي مرابحة وتولية بكل الثمن بلا

تو بیشک تاوان اسکی ذمہ پڑتا اس لئی اب تاوان کا ذمہ پر نہ آنا بمنزلہ عوض لینی کی ہی سو اسکو بطور مرابحہ یا تولیہ کی پوری اصلی ثمن سی باقی کا بیچنا بدون بیان کی روا

بيان لان الاوصاف اذا صارت مقصودة بالاتلاف يصير لها حصة من الثمن وكذا العذرة يصير لها

نہیں ہی کیونکہ جب اوصاف تلف کرنی سی مقصود ہوجاتی ہیں تو اونکی مقابلہ میں حصہ ثمن ہوا کرتا ہی اور ایسی ہی بکارت کی مقابلہ حصہ ثمن کا

حصة من الثمن وقد حبسها فلابد من البيان ومن اشترى ثوبا فاصاب قرض فار

ہوتا ہی کیونکہ بکارت اصلی کا جزو ہوتا ہی سو اوسکو اوس نی روک رکہا تو اب بیان کرنا ضرور چاہی اور جس نی تہان خریدا پہر اوسکو چوہی نی کتر دیا

او حرق نار یجوز له ان یبیعه مرابحة او تولیة بلا بیان حدوث العیب عنده اذ قدر ذکران الاوصاف تابعة
یا کچهه جل گیا تو اوسکا بیچنا بطور مرابحه یا تولیه کی بغیر جتلائی جایز ہی اسواسطی کہ آگی کہہ چکی ہین کہ اوصاف تابع ہوتی

لا یقابلها شیء من الثمن وان تکسر بنشره وطیّه لا یجوز له ان یبیعه مرابحة او تولیة بلا بیان لانه صار
ہین اونکی مقابلہ مین ثمن کچہہ نہین ہوتا اگر پہیلاتی اور تہہ کرتی پہٹگیا تو اب جایز نہین کہ بطور مرابحہ یا تولیہ کی بلا اظہار بیچڈالی اسلیئی کہ وصف تلف کرلی

مقصودا بالاتلاف ومن اشتری دارا او دابة واصاب من غلتهما شیئا یجوز له ان یبیعهما مرابحة او تولیة بلا
سی مقصود ہو گیا اور جس نی کوئی گہر یا جانور چوپایہ خریدا اور اونکی کرایہ سی کچہہ نفع پیدا کیا تو اوسکو جایز ہی کہ دونو کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی بلا

بیان لان الغلة لیست متولدة من العین بل هی استیفاء منفعة واستیفاء المنفعة لا یمنع بیع المرابحة او التولیة
اظہار بیچڈالی اسلیئی کہ کرایہ اصل مین سی نہین پیدا ہوتا بلکہ کرایہ منفعت کا پورا کرنا ہی اور منفعت کا پورا کرنا بیع مرابحہ یا تولیہ سی منع نہین کرتا

بخلاف ما لو اشتری شاة واصاب من لبنها وصوفها فانه اذا باعها مرابحة او تولیة یطرح من راس المال قدر
برخلاف اوس صورت کی کہ اگر بکری مول لیوی اور اسکا دودہ پیوی اور اون کترلی تو یہہ شخص اگر بکری کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی بیچی تو اصل قیمت میں سی جتنا

ما اصاب منها ولو اشتری جاریة او شاة او نخیلا فولدت الجاریة والشاة او اثمر النخیل یبیع الاصل مع الزیادة
فائدہ لیا ہی کم کردی اور اگر لونڈی مول لی یا بکری یا میوہ دار درخت پہر لونڈی جنی یا بکری بیاہی یا درخت پہل لایا تو اب اصل کو مع افزایش یعنی بچہ و پہل کی

مرابحة او تولیة ولو استهلک الزیادة لا یبیع الاصل مرابحة او تولیة حتی یبین ما استهلک منها ولو اشتری شیئا
بطور مرابحہ یا تولیہ کی بیچی اور اگر وہ افزایش یعنی بچہ اور پہل تلف ہو جاوی تو اصل کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی نہ بیچی جبتک بیان نکری جسقدر اوسمین سی تلف ہوئی اور اگر کوئی شی

بثمن ثم زاد فی الثمن او حط البایع عنه او زاد فی المبیع یلتحق کل من الزیادة والحط باصل العقد ویظهر حکم الالتحاق
ثمن معین کرکر مول لی پہر ثمن پر مشتری نی کچہہ بڑہا دیا تو یہہ تمام کہٹی بڑہی اصل عقد مین ملجاوی کی اور حکم اس کمی زیادتی کا مرابحہ اور تولیہ مین جاکر ظاہر ہوگا

فی المرابحة والتولیة حتی اذا اراد ان یبیع ذلک الشیء مرابحة او تولیة لا یبیعه الا بما بقی من الثمن بعد الحط فی صورة
یہان تک کہ اگر اوس شی کو بطور مرابحہ یا تولیہ کی بیچا چاہی تو کمی کی صورت مین اوس ثمن پر بیچی جو کم کرنی کی بعد باقی رہا تہا

الحط او بما زاد علی اصل الثمن او علی اصل المبیع فی صورة الزیادة ومن اشتری متاعا بالف درهم نسیئة وباعه بربح
اور بڑہتی کی صورت اوس ثمن پر جو اصل ثمن پر یا اصل مبیع پر بعد بڑہائی کی ہوگیا ہی اور جس شخص نی کچہہ مال ہزار روپیہ کو ادہار مول لیا اور اوسکو سو روپیہ نفع

مائة ولم یبین للمشتری ذلک فعلمه المشتری فهو مخیر ان شاء رده وان شاء قبله بالف ومائة لان للاجل شبها بالمبیع
گیارہ سو کو بیچا اور مشتری سی حال اودہار کا بیان نکیا پہر مشتری کو وہ معلوم ہوگیا تو مشتری کو اختیار ہی چاہی وہ مال ہٹادی اور چاہی گیارہ سو کو لی لی اسلیئی کہ مدت ہی

ان یزاد فی الثمن لاجل الاجل والشبهة فی هذا الباب ملحقة بالحقیقة فصار کانه اشتری شیئین وباع احدهما
مدت کی سبب سی ثمن بڑہ جایا کرتا ہی اور شبہہ خیانت کا اس باب یعنی مرابحہ مین بعینہ خیانت ہوا ہی تو انجام یہہ ہوا کہ گویا اس نی دو چیزین مول لیوین اور ایک چیز

بثمنیهما مرابحة والمرابحة توجب الاحتراز عن مثل هذه الخیانة بسر الله تعالی الاحتراز عن جمیع الشبه والخیانات
کل ثمن کو بطور مرابحہ کی بیچدی اور مرابحہ مین ایسی ایسی خیانت سی احتراز واجب ہی انہی تمام شبہات و خیانات سی احتراز کرنا ہمیشہ

المجلس الثانی والسبعون فی تحریض التاجر علی لازمة الصدق والامانة فی جمیع اقواله

بہتروین مجلس تاجر کو رغبت دلانی مین اوپر اختیار کرنی صدق اور امانت کی تمام اقوال اور افعال مین

وافعاله قال رسول الله صلی الله علیه وسلم التاجر الصدوق الامین مع النبیین والصدیقین والشهداء هذا
رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا بڑا سچا اور امانتدار تاجر نبیون اور صدیقون اور شہیدون کی ہمراہ ہی یہہ

الحدیث من حسان المصابیح رواه ابو سعید وفیه تحریض للتاجر علی ملازمة الصدق والامانة فی جمیع اقواله
حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابو سعید کی روایت ہی اور اسمین تاجر کو رغبت دلانی ہی سچ اور امانت اختیار کرنی پر تمام اقوال

وافعاله لاسيما في بيعه وشرائه كما هو مقتضى صيغة المبالغة في الصدوق والامين فان رب الارباب ومسبب
اور افعال مین خاص کر بیع اور شرا مین جیسی کہ مطلب مبالغہ کی صیغہ کا ہی لفظ صدوق اور امین مین بیشک پروردگار عالم اور سبب
الاسباب جعل الاخرة دار الثواب والعقاب وجعل الدنيا دار التشمر والاكتساب لكن ليس التشمر في الدنيا مقصودا
الاسباب نی آخرت کو ثواب اور عذاب کا گہر بنایا ہی اور دنیا کو محنت کشی اور تحصیل کا گہر مقرر کیا لیکن دنیا مین صرف آخرت کی لئی محنت کشی
على الاخرة بدون المعيشة بل المعيشة ذريعة الى الاخرة ولا يكون المعيشة ذريعة الى الاخرة ما لم يتادب المتشمر في
بدون معیشت کی نہین ہی بلکہ معیشت آخرت کا وسیلہ ہی اور معیشت آخرت کا وسیلہ نہین ہو سکتی جب تک دنیا کا طالب طریقہ شرعی
طلبها باداب الشرع فان الشرع اعتبر في طلبها اركانا وشروطا يجب عليه رعايتها عند مباشرته في طلبها حتى يكون
اختیار نکری کیونکہ شرع نی دنیا کی طلب کیواسطی ارکان اور شرطین ٹہرائی ہین جب دنیا کی طلب کری تو اونکی رعایت واجب ہوتی ہی تاکہ
كسبه صحيحا خاليا عن البطلان والفساد خالصا عن شائبة الحرمة والكراهة اذ لو ترك رعايتها لا يكون كسبه
اوسکی کمائی درست بطلان اور فساد سی خالی اور حرمت اور کراہت کی ملونی سی صاف ہو کیونکہ اگر اون قواعد شرعی کی رعایت نکریگا تو اوسکی کمائی
صحيحا بل تارة يكون باطلا وتارة يكون فاسدا فلا يكون خاليا عن الحرمة والكراهة فعلى هذا لا بد له من معرفة
درست نہوگی بلکہ بعضی دفعہ باطل اور بعضی دفعہ فاسد ہوگی پہر حرمت اور کراہت سی کبہی پاک نہوگی اس بیان کی موافق اوسکو بیع اور شرا
البيع والشراء وكيفية انعقادهما حتى يتميز عنده الباطل من الفاسد والفاسد من الصحيح ويتخلص من الحرمة والكراهة
اور کیفیت انعقاد کی معرفت پیدا کرنی ضرور چاہی تاکہ باطل کو فاسد سی اور فاسد کو صحیح سی الگ کر سکی اور حرمت اور کراہت سی بچ جاوی
ويتيسر له الصدق والامانة فيهما فالبيع مبادلة المال بالمال وينعقد بالايجاب والقبول والمراد بالايجاب الكلام الصادر
اور بیع و شرا مین صدق اور امانت میسر ہوسکی تو اب بیع بدلنا ملکی کا مال سی ہی اور ایجاب اور قبول سی پوری ہوتی ہی اور مراد ایجاب سی کلام اول کی ہی
من احد العاقدين اولا بايعا كان او مشتريا والمراد بالقبول الكلام الصادر من الاخر ثانيا بايعا كان او مشتريا
جو دونو مین کسی ایک سی صادر ہو بایع ہو یا مشتری اور قبول سی مراد کلام دوسری کی ہی جو دوسری سی صادر ہو بایع ہو یا مشتری
وانما ينعقد بهما اذا كانا بلفظي الماضي مثل ان يقول البايع للمشتري بعت منك هذا بكذا فيقول المشتري اشتريت
اور بیع ایجاب اور قبول سی جب گٹہتی ہی کہ وہ دونو ماضی کی لفظ ہون جیسی بایع مشتری سی کہی یہہ مال مین تیری ہاتہہ اتنی کو بیچ چکا پہر مشتری کہی مین لی چکا
او يقول المشتري للبايع اشتريت منك هذا بكذا فيقول البايع بعت لان البيع انشاء تصرف شرعي والانشاء اثبات ما
یا پہلی مشتری بایع سی کہی مین تجہسی یہہ چیز اتنی کو مول لی چکا پہر بایع کہی مین بیچ چکا اس لئی کہ بیع انشا یعنی نیا تصرف شرعی ہوتا ہی اور انشا مین قایم کرنا
لم يكن ثابتا وهو لا يعرف الا بالشرع لان واضع اللغة لم يضع له لفظا خاصا والشرع قد استعمل فيه اللفظ الموضوع
معدوم کا ہوتا ہی اوسکا علم بدون شرع کی نہین ہوتا اسواسطی کہ لغت بنانیوالی نی اسکی لئی کوئی خاص لفظ نہین وضع کیا اور شرع نی اسمین ایسا لفظ
للاخبار المستعمل في الماضي الذي يدل على الوجود حتى يدل على ان هذا التصرف مما يراد وجوده فينعقد به البيع و
جو ماضی مین خبر کی واسطی مستعمل ہوتا ہی استعمال کیا ہی جسمین وجود پر دلالت ہوتی ہی تاکہ یہہ معلوم ہو کہ یہہ ہی تصرف مقصود ہی پہر اوس سی بیع منعقد ہوجاتی ہی
لا ينعقد بلفظين احدهما امر بل لا بد فيه من ثلثة الفاظ كما اذا قال المشتري للبايع بع مني هذا بكذا وقال البايع
اور ایسی لفظون سی منعقد نہین ہوتی جو ایک امر ہو بلکہ اسمین تین لفظون کی ضرورت پڑتی ہی جیسی اگر مشتری بایع سی کہی یہہ مال میری ہاتہہ اتنی کو بیچدی اور بایع کہی
بعت فما لم يقل المشتري ثانيا اشتريت لا ينعقد البيع وكذا اذا قال البايع للمشتري اشتر مني هذا بكذا وقال المشتري
مینی بیچا پہر جبتک مشتری دوبارہ یون نکہیگا کہ مینی خریدا تو بیع منعقد نہوگی اور ایسی ہی اگر بایع مشتری سی کہی مجہسی یہہ اتنی کو خرید لی اور مشتری کہی
اشتريت فما لم يقل البايع ثانيا بعت لا ينعقد البيع واما اذا كان احد اللفظين او كلاهما مضارعا فينعقد البيع اذا ان
مین نی خریدا پہر جبتک بایع دوبارہ یون نکہیگا کہ مین نی بیچا تو بیع منعقد نہوگی اور اگر دونو مین سی ایک کلام یا دونو کلام مضارع ہون تو بہی بیع منعقد ہوجاتی ہی

البيع

النیة ویحمل لفظ المضارع علی الحال وکذا ینعقد البیع بکل ما یدل علی معنی بعت واشتریت کما اذا قال البایع
نیت ہو اور اوس لفظ مضارع سے حال کی معنی لیلینگی اور ایسی ہی بیع ہر لفظ سے جسمین بعت اور اشتریت کی سی معنی ہون منعقد ہو جاتی ہی جیسی بایع مشتری سے کہی

للمشتری بعت منک ھذا بکذا وقال المشتری قبلت او قال المشتری للبایع اشتریت منک ھذا بکذا وقال البایع
مینی یہہ شی تیری ہاتہہ اتنی کو بیچی اور مشتری کہی مین نی قبول کی یا مشتری بایع سی کہی مین نی تجہسی فلانی چیز اتنی کو مول لی اور بایع کہی

خذہ ینعقد البیع فی کلتا الصورتین اما فی الصورة الاولی فظاھر واما فی الصورة الثانیة فلانہ لما امرہ ان
لیلی تو بیع دونو صورتون مین منعقد ہو جاوی گی پہلی صورت مین تو ظاہر ہی اور رہی دوسری صورت سو اسلئی کہ جب بایع نی اوسکو

یاخذہ بالبدل وھو لا یکون الا بالبیع صار کانہ قال بعتہ منک بہ فخذہ فیقدر البیع اقتضاء فیثبت العقد
بعوض بدل کی لیلینی کی اجازت دی تو یہہ بدلہ بدون بیع کی نہین ہوتا تو انجام اسکا یہہ ہوا گویا بایع نی کہا مین نی تیری ہاتہ اتنی کو بیچی سو تو لیلی پس بیع

باعتبارہ لا بلفظین احدھما امر حتی ینافی ما سبق لان المعنی ھو المعتبر فی ھذہ العقود وھذا ینعقد البیع بالتعاطی
باعتبار اقتضاء کی مقدر ہو گی پس انعقاد بیع کا اس اعتبار سی ہوگا اور بیع منعقد نہین ہوتی ایسی دو لفظ سی کہ اونمین سی ایک امر ہو کہ منافی بیان سابق کی ہو اسلئی کہ ان عقود

فی الخسیس والنفیس ھو الصحیح لتحقق المرضیات لکن لا بد فیہ من الاعطاء من الجانبین عند البعض وعند البعض
مبیع کم بہا ہو یا بیش بہا یہی مذہب صحیح ہی کیونکہ رضامندی ہو جاتی ہی لیکن اس صورت مین بعضون کی نزدیک ضرور ہی کہ دونو طرف سی ثمن اور مبیع بیکا دین اور بعضون کی نزدیک

یکفی الاعطاء من جانب واحد فان محمدا اشار فی الجامع الصغیر الی ان تسلیم المبیع یکفی فی تحقق البیع ھذا
ایک طرف سی ادا کرنا ہی کفایت کرتا ہی کیونکہ امام محمد رح نی جامع صغیر مین یہہ اشارہ کیا ہی کہ مبیع کا حوالہ کر دینا واسطی ثبوت بیع کی کافی ہی یہہ اس صورت مین

اذا بین الثمن او کان معلوما کما اذا قال رجل لبایع الحنطة بکم تبیع الحنطة فقال قفیز بدرھم فقال کل لی
ہی کہ ثمن بیان کر دین یا کسیطرح سی معلوم ہو جیسی کوئی گیہون بیچنی والی سی پوچہی گیہون کیا بہاو بیچتا ہی اوسنی کہا فی روپیہ ایک پیمانہ پہر اوسنی کہا مجکو پانچ

خمسة اقفزة فکالہ فذھب بھا فھذا بیع فعلیہ خمسة دراھم وکذا لو اشتری وقرا من الحطب بثمانیة ثم
تفیز ناپ دی پہر اوسنی ناپ دئی پہر وہ لیکر چلا گیا یہہ بیع پوری ہی اور اوسکی ذمہ پانچ روپیہ ہین اور ایسی ہی اگر ایک بہار لکڑی کا آٹہہ پیسی کو خریدا پہر

قال ائت بوقر آخر والقہ ھھنا ففعل فھذا بیع ولہ ان یطلب الثمانیة ولو قال لبایع الحطب بکم تبیع ھذا الوقر
کہا ایک بہار اور لا کر یہان ڈالدی اوسنی لا ڈالا تو یہہ بیع پوری ہی اور اوسکو مطالبہ آٹہہ پیسی کا پہنچتا ہی اور اگر لکڑہارسی کہا یہہ گٹہا لکڑی کا کتنی کو

من الحطب فقال بثمانیة فقال سق الحمار فساقہ اختلفوا فیہ قال بعضھم لا یکون بیعا ما لم یتسلم الحطب ولم ینقد
بیچتا ہی اوسنی کہا آٹہہ پیسی کو پہر اوسنی کہا گدہا ہانک لا پہر وہ ہانک لیگیا اسمین اختلاف کرتی ہین بعضی کہتی ہین بیع پوری نہین ہوتی جبتک لکڑیان حوالہ نکردی

الثمن وقال بعضھم یکون بیعا لانھما تراضیا علی التملیک والتملک والتراضی ھو المعتبر فی الباب الا انہ لما کان
اور پیسی نہ لیلی اور بعضی کہتی ہین بیع ہو گئی کیونکہ دونو لینی دینی پر راضی ہین اور تملیک اور دونو کی رضامندی ہی بیوع مین معتبر ہی اتنا ہی کہ دلکی رضامندی

باطنا اقیم الایجاب والقبول مقامہ لدلالتھما علیہ فاذا اوجب احد العاقدین بایعا کان او مشتریا کما اذا قال البایع
امر مخفی ہی ایجاب قبول کو اوسکی جگہ ٹہرا دیا ہی اس سی رضا معلوم ہو جاتی ہی پہر جب ایک نی ایجاب کیا بایع ہو یا مشتری جیسی کہ بایع مشتری سی کہی

للمشتری بعت منک ھذا بکذا او قال المشتری للبایع اشتریت منک ھذا بکذا فالآخر بالخیار ان شاء قبل
مین نی تیری ہاتہہ فلانی شی اتنی کو بیچی یا مشتری بایع سی کہی مین نی تجہسی اتنی کو مول لی اب دوسری کو اختیار ہی چاہی اوس مجلس مین قبول کری

العقد فی المجلس وان شاء ردہ وھذا الخیار یسمی خیار القبول ویمتد الی آخر المجلس ولا یبطل بالتاخیر الیہ و
عقد کو اور چاہی رد کری اور اس اختیار کو خیار قبول کہتی ہین اور یہہ اختیار آخر مجلس تک باقی رہتا ہی مجلس تک تاخیر سی باطل نہین ہوتا

ان طال ما لم یظھر ما یبطلہ اذ یحتاج الیہ المرء للتردید ولیس لہ ان یقبل العقد فی البعض دون البعض اذ فیہ
اگرچہ مجلس دراز ہو جاوی جبتک ایسی حرکت ظاہر نہو جس سی خیار باطل ہو جاوی کیونکہ آدمی کو مہلت کی حاجت رد کرنیکی لئی ہوتی ہی اور اوسکو یہہ اختیار نہین ہی کہ مبیع کو

تفریق الصفقة فیتضرر به احد العاقدین لان المبیعان کان واحدا یلزمه ضرر الشرکة وان کان متعددا فالعادة
صفقہ یعنی عقد پورا نہین رہتا پہر دونون مین سی کسی ایک کا نقصان ہوگا کیونکہ مبیع اگر ایک ہی شی ہی تو نقصان شرکت کا لازم آتا ہی اور اگر کئی ہین تو عادت یون پڑی ہوئی ہی

ضم الجید الی الردی ونقص ثمن الجید لترویج الردی فلو ثبت له خیار القبول فی البعض یقبل الجید ویترک
کہ عمدہ کو ناقص کی ساتہہ ملا کر ناقص کی نکاسی کی لئی عمدہ کی قیمت کچہہ کم کر دیتی ہین اب اگر اوسکو یہہ اختیار رہو وی کہ جو نسی چاہی چہانٹ لی تو وہ عمدہ کو لیلیویگا اور

الردی فیزول الجید عن ید البایع باقل من ثمنه وفیه ضرر له الا اذا کرر العقد وبین ثمن کل واحد بان
ناقص کو نہ لیگا تو بایع کی ہاتہہ سی عمدہ مبیع کم قیمت کو جاتی رہی کی اوراسمین بایع کا بڑا ضرر ہی ہان اگر دوبارہ عقد کری اور ہر ایک کا ثمن جدا جدا بیان کردی

قال بعت هذا بکذا وهذا بکذا فحینئذ ینتفی الضرر عنه فما لم یحصل القبول یبطل الایجاب بقیام واحد منهما
اسطور کہ مینی یہہ اتنی کو اور یہہ اتنی کو بیچا اب اوسکا کچہہ ضرر نہین ہی پہر جبتک قبول نہو دی تو ایجاب دونون مین سی ایک کی کہڑی ہونی

ایهما کان ولا یبقی لواحد منهما ولایة القبول بعده لان القیام دلیل الرجوع وکذا لو قال البایع للمشتری بعت
کوئی ہی کہڑا ہو جاوی بعد اوسکی پہر دونون مین سی کسیکو اختیار قبول کا باقی نہین رہتا کیونکہ کہڑا ہو جانا رجوع کی دلیل ہی اور ایسی ہی اگر بایع نی مشتری سی کہا مین نی تیری ہاتہہ مبیع

منك هذا بکذا ولم یقل المشتری شیئا حتی کلم البایع انسانا فی حاجة لم یبطل الایجاب واذا حصل الایجاب
اتنی کو بیچا ابہی مشتری نی کچہہ جواب نہین دیا کہ بایع اور شخص سی کچہہ بات چیت کرنی لگا تو ایجاب باطل نہین ہوگا اور جب ایجاب قبول دونو ہو چکتی

والقبول یتم العقد ولا یکون لواحد منهما خیار اصلا لا فی المجلس ولا بعده الا من عیب او عدم رؤیة
ہین تو عقد پورا ہو جاتا ہی اب دونون مین سی ہرگز کسیکو کچہہ اختیار پہیر نی پہیر نیکا نہین ہی نہ مجلس مین نہ بعد مجلس کی مگر بسبب عیب کی یا نہ دیکہنی کی

وفی العوض المشار الیه مبیعا کان او ثمنا یکفی الاشارة فی صحة البیع بلا علم بقدره ووصفه وفی غیر
اور عوض مین جو سامنی موجود ہو مبیع ہو یا ثمن واسطی صحت بیع کی بدون دریافت مقدار اور وصف کی اشارہ کفایت کرتا ہی اور جو سامنی نہو

المشار الیه لا بد من علم بقدره ووصفه لان التسلیم واجب بالعقد ویمتنع حصوله بالجهالة المفضیة
تو اوسکی مقدار اور وصف کا علم ضرور چاہئی اسلئی کہ بعد عقد کی تسلیم واجب ہو ویگی اور بسبب جہالت کی جس سی جہگڑا پیدا ہوتا ہی ہرگز نہین ہو سکتی

الی النزاع ویصح البیع بثمن حال وثمن مؤجل لاطلاق قوله تعالی واحل الله البیع ولما روی انه علیه السلام
اور بیع ثمن حالی یعنی نقد اور ثمن مؤجل یعنی اودہار دونو سی صحیح ہو جاتی ہی کیونکہ آیت مین کوئی قید نہین ہی اور حلال کی اللہ نی بیع کو اور اسلئی کہ روایت کی

اشتری من یهودی طعاما الی اجل ورهن درعه لکن لا بد ان یکون الاجل معلوما اذ لو لم یکن معلوما بل
ایک یہودی سی ایک مدت پر اودہار غلہ مول لیا اور زرہ گروی رکہہ دی لیکن مدت کا معلوم ہونا ضرور چاہئی اسواسطی کہ اگر مدت معلوم نہو گی بلکہ

کان مجهولا کالبیع الی قدوم الحاج او الی الحصاد او الی الدیاس او الی القطاف او الی الجزاز لکانت جهالته مانعة من
مجہول ہو گی جیسی بیچنا بشرط اودہار ثمن حاجیون کی آنی پر یا کہیتی کٹنی پر یا بیہر اوٹہنی پر یا انکور ٹوٹنی پر یا اون کترنی پر تو یہہ جہالت بیشک تسلیم ثمن سی

التسلیم الواجب بالعقد لان هذه الاوقات تتقدم تارة وتتاخر اخری فربما یطالبه البایع فی قریب المدة و
مانع ہو گی جو عقد سی واجب ہو گئی ہی اسلئی کہ یہہ اوقات کہین آگیتی ہوتی ہین اور کہین پچہیتی سو کبہی بایع اول وقت مین مطالبہ کریگا اور

المشتری یؤخره الی بعیدها ویقع بینهما التنازع الموجب لفساد العقد ولو انهما تبایعا الی هذه الاجال ثم تراضیا
مشتری پچہیتی وقت تک ٹلا دیگا پہر اون دونو مین جہگڑا پڑیگا جس سی عقد فاسد ہو جاتا ہی اور اگر دونو نی بیع انہی اوقات مذکورہ پر کی پہر دونو نی راضی ہو کر

باسقاط الاجل قبل قدوم الحاج وشروع الناس فی الحصاد والدیاس وغیرهما ینقلب البیع صحیحا لارتفاع المفسد
حاجیون کی آنی سی اور کہیتی کی کاٹنی سی اور بیہر کی اوٹہانی وغیرہ سی پہلی مدت موقوف کی تو وہ ہی بیع صحیح ہو جاویگی کیونکہ مفسد سی پہلی

قبل تقرره ولو وقع بینهما البیع مطلقا ثم اجل الثمن الی هذه الاوقات یجوز لان هذا تاجیل الدین والجهالة
جاتا رہا اور اگر دونو مین بیع بلا شرط واقع ہوئی پہر بعد اسکی ثمن کی یہہ ہی اوقات مقرر کر دی تو جایز ہی اسلئی کہ یہہ دین کی مدت ہی اور تہوڑی سی

اليسيرة متحملة فيه لان كل دين اذا اجله صاحبه الى اجل معلوم او الى اجل مجهول جهالة يسيرة كالتاجيل

جہالت کی اسمین گنجایش ہوسکتی ہی کیونکہ کوئی دین ہو جب قرض خواہ اوسکی مدت معین معلوم یا مدت کچھ مجہول مقرر کردیتا ہی جیسی مدت

الى هذه الاوقات يصير ذلك الدين مؤجلا ويكون تاجيله لازما الا القرض فان تاجيله لا يكون لازما

ان اوقات مذکورہ کی تو وہ دین مؤجل ہوجاتا ہی اور اوسکی مدت لازم ہوجاتی ہی سوا قرض نقد کی بیشک اسکی مدت لازم نہین ہوتی

بل يجوز ابطاله لكونه من التبرعات ولا جبر فيها كما في الاعارة ولو اريد ان يكون تاجيله لازما فطريقه ان يحيل

بلکہ اوسکا ابطال جایز ہی کیونکہ یہہ قرض صرف احسان ہوتا ہی اسمین کوئی زبردستی نہین چلتی جیسی عاریت مین اور اگر چاہو کہ قرض نقد کی مدت لازم ہوجاوی تو یون طریقہ ہی

المستقرض المقرض على رجل بدينه فيؤجل المقرض ذلك الرجل مدة معلومة فحينئذ يكون التاجيل لازما

کہ قرضدار قرض خواہ کو اپنی دین کا حوالہ اور شخص پر کردی پہر قرض خواہ اوس شخصکی لئی مدت معلومہ مقرر کردی پس اب مدت لازم ہوجاویگی

حتى لو اراد المقرض ان يطالبه قبل تلك المدة ليس له ذلك ومن اشترى شيئا مما ينقل لا يجوز له ان يبيعه حتى

یہانتک کہ اگر قرض خواہ اوس مدت سی پہلی طلب کرنا چاہی تو اوسکو اختیار نہین ہی اور جسنی کوئی شئ منقول مول لی تو اوسکو قبضہ کرنی سی پہلی بیچڈالنا جایز نہین ہی

يقبضه لما روى انه عليه الصلوة والسلام نهى عن بيع ما لم يقبض لما فيه من غرر انفساخ العقد على تقدير

اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نی منع فرمایا ہی بلا قبضہ کی ہوئی بیع سی کیونکہ اسمین احتمال عقد ٹوٹنی کا ہوتا ہی اگر مبیع

هلاكه فانه لو هلك قبل قبضه ينفسخ العقد ويعود الى قديم ملك البايع فيكون المشتري بايعا ملك غيره

تلف ہوجاوی بیشک اگر مبیع قبض سی پہلی ہلاک ہوجاوی تو عقد ٹوٹ جاتا ہی اور مبیع بایع کی اصلی ملک مین داخل ہوجاتا ہی تو اب مشتری گویا غیر کا مال

واما اذا قبضه فحينئذ يتم البيع فيكون بايعا ملك نفسه فلما كان قبل القبض لا يدرى ان البيع يتم فيكون

بیچتا ہی اور اگر مشتری قبضہ کرچکا تو اب بیع پوری ہوچکی اب اپنا مال بیچتا ہی اور چونکہ قبضی سی پہلی نہین معلوم کہ آیا بیع پوری ہوگی کہ اپنا مال بیچتا ہی

بايعا ملك نفسه او ينفسخ فيكون بايعا ملك غيره حكم بعدم الجواز بخلاف بيع العقار قبل قبضه فانه يجوز

یا ٹوٹ جاویگی کہ بیگانہ مال بیچتا ہی تو اسلئی حکم عدم جواز کا ہی برخلاف بیع زمین وغیرہ کی قبضہ سی پہلی کہ یہہ بیع جایز ہی

لعدم المانع فيه وهو غرر انفساخ العقد على تقدير الهلاك لان الهلاك في العقار نادر ويجوز التصرف في الثمن

کیونکہ اسمین وہ مانع یعنی شبہ عقد ٹوٹ جانیکا بشرط ہلاک مبیع کی نہین ہی اسلئی کہ زمین کم ہلاک ہوتی ہی اور ثمن مین قبضہ سی پہلی تصرف جایز

قبل قبضه سواء كان مما لا يتعين كالنقود او مما يتعين كالمكيل والموزون حتى لو باع متاعا بدراهم او بكر حنطة

ہی برابر ہی کہ غیر معین ہو جیسی نقود یا متعین ہو جیسی مکیل اور موزون یہان تک کہ اگر کچھ مال بعوض دراہم یا گون گیہون کی

يجوز له ان ياخذ بدلهما شيئا اخر لوجود المجوز وهو الملك وانتفاء المانع وهو غرر الانفساخ بالهلاك لان الثمن

بیچا تو بایع کو جایز ہی کہ اونکی بدلہ کوئی اور چیز مشتری سی لیلیوی کیونکہ جایز کرنیوالی یعنی ملک موجود ہی اور مانع نہین ہی یعنی شبہ عقد ٹوٹنی کا ہلاک ہونی سی کیونکہ ثمن

يثبت في الذمة ولا يتعين بالتعيين والمكيل والموزون وان كان مبيعا من وجه لكنه ثمن من وجه فلا ينفسخ

ذمہ پر ثابت ہوجاتا ہی اور تعین کرنی سی معین نہین ہوتا اور مکیل اور موزون اگرچہ ایک وجہ سی مبیع ہین پر ایک وجہ سی ثمن ہین سو بیع انکی ہلاک ہونی سی

البيع بهلاكه والمراد بجواز التصرف في الثمن قبل قبضه جواز تمليكه ممن عليه الدين ولو بعوض لا جواز تمليكه من

نہین ٹوٹیگی اور ثمن مین تصرف قبل قبض جو جایز ہی اس سی یہہ مراد ہی کہ جسکی ذمہ پر ثمن ہوتا ہی اوسکو مالک کردی تو جایز ہی اگرچہ بدلہ لی یہہ مراد نہین ہی

غير من عليه الدين لان تمليك الدين من غير من عليه الدين ليس بمشروع ويجوز بيع الحنطة وغيرها من

کہ سوا وسکی یعنی ذمہ دار کی اور کو مالک کرنا جایز ہی اسلئی کہ دین کا مالک کرنا اور کو سوا دیندار کی جایز نہین ہی اور بیچنا گیہون وغیرہ دانہ کا

الحبوب مكايلة ومجازفة وباناء لا يعرف قدره ولا ينكبس بالكبس واما اذا كان ينكبس بالكبس كالزنبيل ونحوه فلا يجوز

پیمانہ سی اور تخمین سی یعنی ڈہیری اور ایک ایسی پیمانہ سی ناپ کر جسکی مقدار معلوم نہو اور کہینچنی سی نہ بڑہتا ہو جایز ہی اور ہان اگر کہینچی سی بڑہتا ہو جیسی زنبیل وغیرہ

فمن اشترى كيليا مجازفة يجوز له ان يبيعه او ياكله قبل ان يكيله لان البيع يقع على المشار اليه لا على مقدار
اور جس نے کیلی شئی کی ڈھیری اٹکل سے مول لی تو اوسکو جایز ہی کہ بغیر کیل کئی بیچڈالی یا کہا لیوی اسواسطی کہ اس صورت مین بیع موجود کی ہوتی ہی مقدار معین کی نہین ہوتی

معين فيكون الكل له وان اشتراه بشرط الكيل لا يبيعه ولا ياكله حتى يكيله لاحتمال ان يزيد على المشروط
وہ سبکا سب اوسی کا ہی اور اگر ڈھیری بشرط کیل کی مول لی تو بغیر کیل کئی نہ بیچی اور نہ کہا وی اسواسطی کہ شاید مقدار مشروط سی کچھ بڑھ جاوی

وهو للبايع والتصرف في مال الغير حرام يجب الاحتراز عنه ويكفي كيل البايع بعد بيعه بحضرة المشتري على الصحيح لان
اور وہ بایع کا مال ہوگا اور غیر کی مال مین تصرف حرام ہی اس سی بچنا ضرور چاہی اور بیچنی کی بعد مشتری کی سامنی بایع کا کیل کرنا صحیح مذہب مین کفایت کرتا ہی کیونکہ

المبيع يصير به معلوما ويتحقق معنى التسليم ولا اعتبار بكيله قبل البيع ولو بحضرة المشتري لان الشرط كيل
مبیع اس سی بہی معلوم ہوجاتا ہی اور تسلیم ثابت ہوجاتی ہی اور بیچنی سی پہلی بایع کی کیل کا کچھہ اعتبار نہین ہی اگرچہ مشتری کی سامنی ہو اسلئی کہ شرط کیل

البايع او المشتري وهو ليس بواحد منهما ولا بكيل بعد البيع بغيبة المشتري لان الكيل من باب التسليم اذ به يصير
بایع کا ہی یا مشتری کا اور قبل البیع وہ کوئی بہی نہین ہی نہ بایع بایع ہی اور نہ مشتری مشتری اور نہ بعد بیع کی کیل کا کچھہ اعتبار مشتری کی بس غیبت اسلئی کہ کیل قسم تسلیم

المبيع معلوما ولا تسليم الا بحضرته وكذا لو اشترى ما يوزن او يعد بشرط الوزن او العد لا يبيعه ولا ياكله حتى
مبیع معلوم ہوتا ہی اور تسلیم مشتری کی موجود ہوئی بغیر نہین ہوتی اور ایسی ہی اگر تول کی شئی یا گنتی کی شئی بشرط وزن یا شمار کی مول لی تو بدون تولی یا گنی نہ بیچی اور نہ کہا وی

يزنه او يعده الا ان البايع لو وزنه او عده بعد البيع بحضرة المشتري يكفي ولو اشترى ما يذرع بشرط الذرع
جبتک کہ تول یا گن نہ لی ہان اگر بایع بیع کی بعد مشتری کی سامنی تول دی یا گن دی تو کفایت کرتا ہی اور اگر گزگت کی شئی بشرط گزگت کی مول لی

يجوز له ان يبيعه قبل الذرع لان الذراع وصف لا يقابله شئ من الثمن فيكون الكل له قال الزيلعي هذا اذا لم يسم
تو جایز ہی کہ ناپنی سی پہلی بیچڈالی اسلئی کہ گزگت ایسا وصف ہی کہ اوسکی مقابلہ مین ثمن کچھہ نہین ہوتا وہ سب اوسیکا ہی زیلعی کہتا ہی یہہ اوس صورت مین ہی

البايع لكل ذراع ثمنا واما اذا سمى وقال كل ذراع بكذا فلا يحل للمشتري ان يتصرف فيه حتى يذرعه ومن باع
کہ بایع فی ذرع ثمن نہ ٹہراوی اور اگر فی ذرعہ ثمن معین کردی مثلا چار آنہ گز تو مشتری کو حلال نہین ہی کہ گزگت لئی بغیر اوسمین تصرف کری اور اگر کسینی

صبرة كل قفيز بكذا ولم يذكر عدد قفزانها لا يجوز البيع عند ابي حنيفة الا في قفيز واحد لتعذر صرف العقد الى
اناج کا ڈھیر بیچا ہر پیمانہ اتنی کو اور بیان نکیا کتنی پیمانہ ہی تو امام ابی حنیفہ کی نزدیک بیع جایز نہین ہی بجز ایک پیمانہ کی کیونکہ عقد تمام ڈھیر پر نہین پڑتا

الكل لجهالة المبيع والثمن جهالة تفضي الى النزاع لان البايع يطلب الثمن اولا بموجب العقد والمشتري لا يدفعه
اسلئی کہ مبیع اور ثمن دونو ایسی مجہول ہین جسمین جہگڑا کہڑا ہوجاوی اسواسطی کہ بایع موافق تقاضاء عقد کی ثمن پہلی طلب کریگا اور مشتری نہین دیویگا

لكونه غير معلوم لكون المبيع غير معلوم واذا تعذر صرفه الى الكل يصرف الى الواحد وهو معلوم ولو زالت
کیونکہ ثمن کی مقدار معلوم نہین ہی اسلئی کہ مبیع معلوم نہین ہی اور جونکہ عقد کو تمام مبیع پر صرف نہین کرسکتی تو ایک پیمانہ پر لگاوینگی اور ایک تو معلوم ہی اور اگر

الجهالة في المجلس بالكيل او بذكر جميع القفزان يجوز البيع في جميعها لكن يكون المشتري مخيرا وهكذا الحكم
مجلس کی اندر جہالت دفع ہوجاوی کیل کرلی سی یا تمام پیمانہ بیان کردینی سی تو بیع تمام ڈہیر کی جایز ہوجاویگی لیکن مشتری کو لینی نہ لینی کا اختیار رہوگا اور تمام

في جميع الموزونات والمعدودات المتقاربة ولو باع قطيع غنم كل شاة بكذا ولم يذكر عددها لا يجوز البيع في جميعها
موزونات اور معدودات مین جو ایک سی ہون ایسا ہی حکم ہی اور اگر ریوڑ بکریون کا اسطور بیچا کہ ہر یک راس اتنی کو اور اونکی گنتی بیان نکی تو امام ابو حنیفہ کی نزدیک

عند ابي حنيفة كما ذكر ان العقد يصرف الى الواحد وهو متفاوت لكون افراد الشاة متفاوتة وتفاوت الافراد
بیع سراسر جایز نہین ہی چنانچہ ذکر ہوچکا ہی کہ عقد ایک عدد پر مصروف ہوتا ہی اور وہ متفاوت ہی اسلئی کہ راس بکریون کی ایک سی نہین ہوتی اور تفاوت افراد کا

يقتضي الجهالة المفضية الى النزاع وكذا الحكم في كل معدود متفاوت اذا باع عدل ثوب كل ثوب بكذا ولم يذكر
ایسی جہالت ہوتی ہی کہ جسمین جہگڑا کہڑا ہوجاوی اور ہر یک معدود متفاوت کا ایسا ہی حکم ہی اگر گٹھڑی تہان کی اسطور بیچی کہ ہر یک تہان اتنی کو اور گنتی بیان

عددها لا يجوز البيع في جميعها بالجهالة المفضية الى النزاع وعندهما يجوز البيع في جميع ذلك وقد ذكر في
گنتی تو بیع سراسر جایز نہوگی بسبب جہالت کی جو جھگڑا کھڑا کردیتی ہی اور صاحبین کی نزدیک بیع تمام کی جایز ہی اور فتاوی قاضیخان مین

فتاوى قاضيخان ان الفتوى على قولهما تيسيرا على الناس ولو ذكر عددها وقال للمشتري بعت منك هذا
مذکور ہی کہ لوگون پر آسانی کی واسطی صاحبین کی قول پر فتوی ہی اور اگر بایع نی گنتی بیان کرکر مشتری سی کہا مین نی تیری ہاتہہ یہہ ریوڑ

القطيع على انه مائة شاة او هذا العدل على انه مائة ثوب بكذا يصح البيع لكون كل من المبيع والثمن معلوما
کہ سو بکریان ہین اور یہہ گٹھڑی کہ سو تہان ہین اتنی کو بیچا تو بیع صحیح ہی اسواسطی کہ مبیع اور ثمن نام لینی سی دونو معلوم ہوگئی ہین

بالتسمية لكن ان وجده المشتري اقل او اكثر يفسد البيع اما فساده اذا وجده اكثر فلعدم دخول الزوائد
لیکن اگر مشتری نی کم یا زیادہ پائی تو بیع فاسد ہوجاویگی پہر فساد بیع کا زیادتی کی صورت مین اسواسطی ہی کہ فرد زائد عقد کی

تحت العقد فيجب رده وهو مجهول لكون افراد الشاة او الثوب متفاوتة واما فساده اذا وجده اقل فلوجوب
تلی نہین آیا تو اوسکا پہیر دینا واجب ہی اور وہ معلوم نہین کونسا ہی اسلئی کہ راس بکریون کی یا تہان کپڑی کی ایک سی نہین ہین اور فساد بیع کا کمی کی حالت مین اسلئی ہی کہ

سقوط حصة الناقص من الثمن عن ذمته وهي مجهولة اذ لا يدري ان الناقص كان جيدا او وسطا او رديا ولو
مقدار قیمت کتنی فرد کی منجملہ ثمن کی اوسکی ذمہ سی کم کرنی چاہیی اور وہ معلوم نہین کیا معلوم ہی کہ کمی کا تہان یا راس عمدہ ہی یا درمیانہ ہی یا کہٹیل ہی اور اگر

بيّن لكل منها ثمنا وقال كل شاة او كل ثوب بكذا يصح البيع في الاقل لكن يكون المشتري مخيرا ان شاء اخذ الموجود
بایع نی ہریک کا ثمن بیان کردیا کہ ہریک راس اور ہریک تہان اتنی کو تو بیع کمی کی صورت مین صحیح ہی لیکن مشتری کو اختیار ہی چاہی موجود کو حصہ رسد

بحصته من الثمن لكونه معلوما وان شاء تركه ويفسد في الاكثر لجهالة المبيع ومن قال لغيره بعت منك كرا من
ثمن مین سی مول لیلی کیونکہ معلوم ہی اور چاہی نہ لیوی اور بڑہتی کی صورت مین فاسد ہی کیونکہ مبیع مجہول ہی اور جس نی دوسری سی کہا مین نی تیری ہاتہہ پیمانہ

الحنطة التي في هذا الانبار او من هذا الكدس ثم اعطاه حنطة من موضع اخر لا يجوز لان ماسوى النقود يتعين
گیہون کا اس ڈہیر مین سی یا اس خرمن مین سی بیچا پہر اوسکو گیہون اور جگہ سی حوالہ کئی تو جایز نہین ہی اسلئی کہ سب شی سوای نقود کی تعین کرنی ہی

بالتعيين فلا يجوز استبداله واقامة الاخر مقامه الا بالفسخ وتكرار العقد ومن باع شيئا وقال للمشتري بعته منك
معین ہوجاتی ہی پس اوسکا بدلنا اور اور کا اوسکی جگہ قایم کرنا جایز نہین ہی ان وہ عقد توڑکر دوبارہ عقد کری تو جایز ہی اور جس نی کوئی شی بیچی اور مشتری سی کہا یہہ شی تیری ہاتہہ

بغير ثمن يكون البيع باطلا لان الثمن اذا نفي ينتفي ركن البيع فلا يكون بيعا ولو باعه وسكت عن ثمنه لا يبطل البيع
بغیر ثمن کی بیچی تو یہہ بیع باطل ہی کیونکہ جب ثمن نہین ہوتا تو بیع کا رکن نہین ہوتا تو بیع کب ہوگی اور اگر کوئی شی بیچی اور ثمن سی چپ کر رہا تو بیع باطل نہین ہوتی

بل يفسد لان مطلق البيع يقتضي المعاوضة واذا سكت عن الثمن يكون غرضه القيمة ويصير كانه باعه
بلکہ فاسد ہوتی ہی اسلئی کہ مطلق بیع معاوضہ کو چاہتی ہی اور جب اوسنی ثمن بیان نکیا تو اوسکی غرض قیمت لینیکی ہی اسکا انجام یہہ ہی کہ گویا قیمت کو بیچا

بقيمته وبيع الشيء بقيمته فاسد لا باطل والحاصل ان البيع اذا لم يكن صحيحا فهو قد يكون باطلا وقد يكون
اور شی کو قیمت سی بیچنا فاسد ہوتا ہی باطل نہین ہوتا اور حاصل یہہ ہی کہ بیع اگر صحیح نہین ہوتی تو پہر وہ بعضی دفعہ باطل ہوتی ہی اور کبہی

فاسدا فلا بد من بيان كل منهما ليمكن الاحتراز عنهما فالبيع الباطل ما لا يصح باصله ووصفه ولا يفيد الملك اصلا
فاسد اب ہریک کا بیان کرنا ضرور ہوا تاکہ ان دونو سی بچ سکین سو بیع باطل تو وہ ہی کہ اپنی اصل اور وصف مین صحیح نہو اور ہرگز فائدہ ملک کا نہین دیتی

ولهذا قيل من غلب على ظنه ان اكثر معاملة اهل السوق على البطلان ليس له ان يشتري منهم شيئا ولا يحل له ما
اسیواسطی کہتی ہین جسکو گمان غالب یون ہو کہ اکثر معاملات ان بازار والون کی باطل ہوتی ہین تو اوسکو جایز نہین ہی کہ اونسی کوئی چیز مول لی اور جو مال اونسی لیگا

اشتراه منهم والبيع الفاسد ما يصح باصله لا بوصفه ويفيد الملك في المبيع بعد قبض المشتري اياه لكن لا على
حلال نہوگا اور بیع فاسد وہ ہی جو اصل مین صحیح ہو وصف مین غیر صحیح اور مبیع پر جب مشتری قبضہ کر لیتا ہی تو فائدہ ملک کا دیتی ہی لیکن پاکیزگی کی

وجه الطيب بل على وجه الخبث ولهذا قيل لا يحل له ان يتصرف فيه بتمليك او انتفاع حتى لو كان طعاما
راہ سی نہین بلکہ خباثت کی راہ سی اسہی واسطی کہتی ہین کہ ایسی مبیع مین تصرف یعنی کسیکو مالک کرنا یا نفع لینا حلال نہین ہی یہان تک کہ اگر طعام ہو
لا يحل له اكله ولو كان جارية لا يحل له وطيها بل يجب على كل واحد من البايع والمشتري فسخ العقد دفعا للفساد
تو کہانا حلال نہین ہی اور اگر لونڈی ہی تو صحبت حلال نہین ہی بلکہ ہریک بایع اور مشتری پر واسطی اوٹہانی فساد کی عقد کا توڑنا واجب ہی
وان لم يفسخا بل باع المشتري ما قبضه بالشراء الفاسد بعقد صحيح ينفذ بيعه لانه لما ملكه ملك تمليكه لغيره
اور اگر دونون ملکر بیع نہ توڑین بلکہ مشتری اپنی وہی مبیع بیع فاسد کا قبضہ مین لیکر اور کی ہاتہ عقد صحیح سی بیچڈالی تو اوسکی بیع قایم رہیگی کیونکہ جب مبیع کا مالک ہوا تو
بالبيع وغيره فلا يتصور بعده الفسخ لتعلق حق العبد به لان وجوب الفسخ سابقا كان لحق الشرع واذا اجتمع
بطور بیع یا ہبہ وغیرہ کی دیڈالنی کا بہی مالک ہوا اب بعد اسکی فسخ نہین ہو سکتا کیونکہ اب بندہ کا حق متعلق ہوگیا اسلئی کہ پہلی تو واسطی حق شرع کی فسخ واجب تہا اور جب حق عبد اور حق شرع
حق العبد مع حق الشرع يقدم حق العبد لحاجته نعم كان الاولى للمشتري ان يتنزه عن شرائه اذ قيل من ظن
جمع ہو جاتی ہین تو حق عبد کا مقدم رکہتی ہین کیونکہ عبد حاجتمند ہی ہان مشتری کو اولی یہہ تہا کہ اوسکو مول نہ لیتا کیونکہ کہتی ہین جسکو یون معلوم ہو
ان اكثر معاملات اهل السوق على الفساد ينبغي له ان يتنزه عن شراء شئ منهم ومع هذا لو اشترى منهم شيئا
کہ اکثر معاملات اس بازار والون کی فاسد ہوتی ہین تو بہتر یہہ ہی کہ اونسی کوئی چیز مول نہ لیوی اور تو بہی اگر اونسی کوئی چیز مول لیلیگا
يحل له الانتفاع به اذا كان العقد الاخير صحيحا وذلك لان البيع ركنه مبادلة المال بالمال فكل بيع يوجد خلل
تو اوسی نفع اوٹہانا حلال ہوگا اگر یہہ عقد اخیر کا صحیح ہی اسلئی کہ بیع کا رکن یہہ ہی بدلنا مال کا بعوض مال کی ہی پہر جس بیع کی رکن مین
في ركنه فهو باطل وكل بيع لا يوجد خلل في ركنه بل في غيره كالتسليم والتسلم الواجبين به والانتفاع المقصود منه
خلل ہوتا ہی تو وہ باطل ہوتی ہی اور جس بیع کی رکن مین خلل نہین ہوتا بلکہ وصف مین ہووی جیسی تسلیم اور تسلم جو عقد سی واجب ہوتی ہین اور انتفاع جو مبیع سی
وغير ذلك فهو فاسد فحينئذ البيع بالدم والميتة التي ماتت حتف انفها ونحوهما باطل لانه لا يصح باصله ووصفه
مقصود ہوتا ہی اور سوا اسکی تو وہ بیع فاسد ہوتی ہی پس اب بیع بعوض لوہو اور مردار یعنی خود بخود مری ہوئی جانور کی اور مانند انکی باطل ہی اسلئی کہ اپنی اصل اور وصف دونو مین
لعدم وجود ركنه الذي هو مبادلة المال بالمال لان صفة المالية للشئ انما تثبت بتمول كل الناس او بعضهم
صحیح نہین ہی کیونکہ اسکا رکن یعنی بدلنا مال کا مال سی موجود نہین ہی اسواسطی کہ شی مین وصف مالیۃ کا جب ہوتا ہی کہ تمام لوگ یا بعضی لوگ اوسکو مال سمجہین
اياه وهذه الاشياء لا تعد مالا عند احد ممن له دين سماوي والبيع بالخمر والخنزير ونحوهما يكون فاسدا لانه يصح
اور یہہ چیزین یعنی لوہو اور مردار کوئی شخص دین سماوی والا مال نہین سمجہتا اور بیع بعوض شراب اور سور کی اور مانند انکی فاسد ہوتی ہی اسلئی کہ اصل مین
باصله لوجود ركنه الذي هو مبادلة المال بالمال لان هذه الاشياء تعد مالا عند بعض اهل الكفر ولا يصح بوصفه
صحیح ہی اوسکا رکن موجود ہی یعنی مبادلہ مال کا مال سی اسلئی کہ یہہ چیزین بعضی کفار کی نزدیک مال ہوتی ہین اور وصف مین صحیح نہین ہی
لعدم تقومها لان التقوم للشئ انما يثبت باباحة الانتفاع به شرعا والشرع قد ابطل الانتفاع بهما في حق المسلمين
اسلئی کہ یہہ چیزین قیمتی نہین ہین کیونکہ کوئی شی صاحب قیمت جب ہوتی ہی کہ شرع مین اوسکا برتنا مباح ہووی اور شرع ان دونو کا برتنا مسلمانون کی حق مین باطل
ومن باع كرا من الحنطة ولم يكن في ملكه حنطة يبطل البيع لعدم وجود ركنه الذي هو مبادلة المال بالمال
اور جسنی ایک پیمانہ گیہون کا بیچا جبکہ اوسکی ملک مین گیہون نہین ہین تو بیع باطل ہوگی کیونکہ اوسکا رکن موجود نہین ہی یعنی مبادلہ مال کا مال سی
لان المال موجود يميل اليه الطبع ويجري فيه البذل والمنع والمعدوم ليس بمال ولو كانت في ملكه حنطة لكن كانت اقل
اسلئی کہ مال وہ موجود ہوتا ہی کہ اوسکی طرف طبیعت راغب ہو اور اوسکو چاہی خرچ کری چاہی روک رکہی اور شی معدوم مال نہین ہوتی اور اگر اوسکی ملک مین گیہون تو ہوتی پر مقدار
مما سماه يبطل البيع في المعدوم ويفسد في الموجود ولا يجوز بيع زيت على ان يوزن بظرفه ويطرح عنه بازاء الظرف
مقرری مبیع سی کمتی تو معدوم مین بیع باطل اور موجود مین بیع فاسد ہوتی اور جایز نہین ہی بیچنا تیل کا باین شرط کہ برتن سمیت تول کر بعوض وزن برتن کی

کرنا

كذا رطلا لانه شرط لا يقتضيه العقد وانما مقتضاه ان يطرح عنه وزن الظرف واذا شرط ان يطرح عنه
اتنی رطل تیل کہٹاوین اسلئی کہ یہہ شرط عقد سی خارج اور الگ ہی عقد کا مقتضا تو یہہ ہی کہ برتن کا جتنا وزن ہووی وتنا کہٹاوین اور جب شرط یہہ ٹہری کہ رطل معین

كذا رطلا يكون شرطا مخالفا لمقتضى العقد لجواز ان يكون وزن الظرف اقل من ذلك او اكثر فيؤدى الى جهالة
کمتی کرین تو یہہ شرط مقتضا عقد سی مخالف ہوئی کیونکہ شاید کہ وزن برتن کا اوس مقدار سی کمتی یا بڑہتی ہووی اس سی ایک تو مبیع مجہول ہوجاتا ہی

المبيع ووقوع بعض الزيت بغير ثمن او بعض الثمن بمقابلة ما لم يكن موجودا من الزيت وان شرط ان يطرح عنه
دوسری یا کچہہ تیل مفت جاتا ہی یا کچہہ ثمن بدون تیل کی مفت دینا پڑتا ہی اور اگر یہہ شرط کرین کہ جتنا وزن برتن کا ہووی

وزن الظرف يجوز لانه يوافق مقتضى العقد وما يوافق مقتضى العقد لا يفسد العقد بل يؤكده وكذا لا يجوز بيع
وتنا کم کرین تو جایز ہی اسلئی کہ مقتضاء عقد کی موافق ہی اور جو شرط موافق مقتضاء عقد کی ہو عقد کو فاسد نہین کرتی بلکہ عقد مقرر کردیتی ہی اور ایسی ہی دریا مین

السمك فى الماء لانه قبل الاصطياد به غير مملوك فيكون عدم الجواز بمعنى البطلان وبعد الاصطياد له والقائه
تیرتی مچہلی کی بیع جایز نہین ہی کیونکہ شکار کئی بغیر مملوک نہین ہوتی پس یہہ عدم جواز بطلان کی معنون مین ہی اور شکار کرکر جو اوسکو حوض مین

فى الحظيرة ان كانت الحظيرة كبيرة لا يمكن اخذه منها الا بتكلف واحتيال فهو غير مقدور التسليم فيكون عدم
چہوڑ دین اگر وہ حوض اتنا بڑا ہووی کہ وہ مچہلی بدون تکلف اور حیلہ یعنی جال وغیرہ کی ہاتہہ نہین آتی تو اوسکی تسلیم قابو مین نہین ہی اب عدم

الجواز بمعنى الفساد وان كانت الحظيرة صغيرة يمكن اخذه منها بلا تكلف واحتيال يجوز بيعه لانه مقدور التسليم
جواز بیع سی فساد مراد ہوویگا اور اگر حوض اتنا چہوٹا ہی کہ بلا تکلف اور بے حیلہ مچہلی ہاتہہ آسکتی ہی تو اس صورت مین بیع جایز ہی کیونکہ حوالہ کرسکتا ہی

لكن اذا سلم الى المشترى فله خيار الرؤية وان راه قبل ذلك فى الماء لان السمك يتفاوت خارج الماء وكذا لا يجوز
لیکن جب مشتری کو دی چکا تو مشتری کو خیار رویت حاصل ہی اگرچہ پہلی پانی کی اندر دیکہہ چکا ہو اسلئی کہ مچہلی پانی سی باہر آکر متفاوت ہوجاتی ہی اور ایسی ہی

بيع الطير فى الهواء لانه قبل الاخذ به غير مملوك فيكون عدم الجواز بمعنى البطلان وبعد الاخذ به وارساله
بیع اوڑتی ہوئی جانور کی جایز نہین ہی اسلئی کہ پکڑنی سی پہلی مملوک نہین ہوتا تو اب عدم جواز باطل کی معنون مین ہی اور جب اوسکو پکڑ کر ہاتہہ سی پہر چہوڑ دیا

من يده ان كان لا يرجع اليه فهو غير مقدور التسليم فيكون عدم الجواز بمعنى الفساد وان كان يرجع اليه كالحمام
اگر اسکی بلائی سی نہین آتا تو تسلیم کرنا اوسکی قابو مین نہین ہی پس اب عدم جواز سی فاسد مراد ہی اور اگر اسکی پاس چلا آتا ہی جیسی کبوتر

يجوز بيعه لانه مقدور التسليم وكذا لا يجوز بيع اللبن فى الضرع لانه مشكوك الوجود لاحتمال كونه انتفاخا فلا يكون
تو اسکی بیع جایز ہی اسلئی کہ تسلیم کرسکتا ہی اور ایسی ہی دودہ کا تہنون کی اندر ہی دوہی بیچنا جایز نہین ہی اسواسطی کہ اوسمین شک ہوتا ہی شاید کہ یا کچہہ پہول رہا ہو پہر تو

مالا فعلى هذا يبطل البيع او لانه يزداد شيئا فشيئا والبيع لا يتناول الزيادة لعدم وجودها عند العقد فيختلط المبيع
وہ کچہہ مال نہوگا پس اب بیع باطل ہوویگی یا اسلئی کہ دودہ تہوڑا تہوڑا بڑہتا جاتا ہی اور عقد بیع مین بڑہتی مال داخل نہین ہوتا کیونکہ وہ عقد کی وقت موجود نہین ہوتا پس مبیع

بغيره على وجه يتعذر تمييزه فعلى هذا يفسد البيع وكذا لا يجوز بيع الصوف على ظهر الغنم لوجهين احدهما انه متصل بالحيوان
بیگانہ شی ایسی رل مل گئی کہ تمیز نہین ہوسکتی سو اب یہہ بیع فاسد ہوویگی اور ایسی ہی اون کی بیع بکری کی کمر پر یعنی بغیر کترے جایز نہین ہی دو وجہ سی ایک تو یہہ کہ اون حیوان سی

فهو له وصف محض بخلاف ما هو متصل بالشجر فانه عين مال مقصود من وجه فيجوز بيعه والوجه الثانى انه ينمو من
جبتک ملی ہوئی ہی تو وہ حیوان کا نرا وصف ہی وصف ہی برخلاف اوسکی جو درخت مین لگا رہتا ہی بیشک ایک وجہ سی عین مال مقصود ہوتا ہی سو اسکی بیع جایز ہی دوسری وجہ یہہ کہ

اسفله فيختلط المبيع بغيره بخلاف القوايم المتصلة بالشجر فانها تزداد من اعلاها فلا يختلط المبيع بغيره ويعلم ذلك
اون نیچی کی طرف سی بڑہتی ہی سو مبیع غیر کی مال مین ملجاتی ہی برخلاف ٹہنیون کی جو درخت سی ملی ہوتی ہی کیونکہ یہہ اوپر کی جانب سی بڑہتی ہی سو مبیع غیر کی ساتہہ نہین ملتی اور یہہ

ان الصوف على ظهر الغنم اذا خضب يبقى المخضوب بعد ايام على راسه لا فى اصله واما القوايم فلو ربط خيط فى اعلاها
امر معلوم ہوا کہ اون کو بکری کی پیٹہہ پر اگر رنگ دیوین تو بعد چند روز کی رنگی ہوئی اوپر کی طرف ہوجاتی ہی جڑ مین نہین رہتی اور رہی قوایم اگر اوسمین سر کی اوپر دہاگا

يبقى ذلك الخيط بعد ايام اسفل مما هو راسها الآن والاعلى ملك للمشتري وما يحدث من الزيادة يحدث في ملكه و
بعد چند روز کی سرسی جواب ہی نیچی کی طرف رہ جاتا ہی اور اوپر کی جانب ملک خریدار کی ہی اور جو بڑہتا جاویگا سواوسکی ملک میں بڑہیگا اور
كذا لا يجوز بيع جلد الميتة قبل ان يدبغ لكونه غير منتفع به لنجاسته وقد قال النبي عليه السلام لا تنتفعوا من
ایسی ہی مردار کی کہال کا بیچنا بدون دباغت کی جایز نہیں ہی کیونکہ ناپاکی کی سبب اوس سی نفع نہیں لی سکتی اور بیشک نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی مردار کی چمڑی کو مت برتو
الميتة باهاب وهو اسم لغير المدبوغ وبعد الدباغ يجوز بيعه والانتفاع به لطهارته بالدباغ فان قيل نجاسته
اہاب ایسی چمڑی کو کہتی ہین جو دباغت نہوا ہو اور دباغت کرکر بیچنا اور برتنا سب جایز ہی اسلئی کہ دباغت سی پاک ہوجاتا ہی پہر اگر کوئی اعتراض کری
باتصال الدسومات به وذلك لا يمنع جواز البيع كالثوب النجس فالجواب ان الدسومات في الجلد خلقية فما لم تزل بالدباغ
کہ نجاست تو چکنائی کی ملنی سی ہوتی ہی اس سی بیع ممتنع نہیں ہوتی جیسی ناپاک کپڑا تو جواب یہہ ہی کہ جلد مین چکنائی پیدایشی ہوتی ہی جب تک اوسکو دباغت سی دور نکرو
تكون كعين الجلد وبهذا الاعتبار يكون الجلد محرم العين بخلاف النجاسة في الثوب فانها ليست خلقية بل جاورته
تو گویا عین جلد ہی اور اسی اعتبار سی چمڑی کی ذات حرام ہوتی ہی برخلاف ناپاک کپڑی کی سو یہہ پیدایشی نہیں ہوتی بلکہ کپڑی سی لگ جاتی ہی
بعد ما لم تكن متصلة به فلا يتغير حكمه من جواز بيعه والانتفاع به فكما يجوز بيع جلد الميتة والانتفاع به بعد
بعد اسکی کہ وہ پاک ہوتا ہی سو اسکا حکم جواز بیع اور برتنی کا بدل نہیں سکتا پہر جیسی کہ دباغت کی بعد مردار کا چمڑا بیچنا اور برتنا جایز ہی
الدباغ كذلك يجوز بيع عظمها وقرنها وعصبها وصوفها وشعرها ووبرها والانتفاع بها اذا لم تكن عليها دسومة
ایسی ہی مردار کی ہڈیان اور سینگ اور پٹہی اور گوسپند کی پشم اور بال اور اونٹ کی اون بیچنی اور برتنی جایز ہی جب ان پر چربی نہووی
لانها طاهرة لا يحلها الموت لعدم الحيوة فيها بل فيها النمو كالنبات واما اذا كانت عليها دسومة فهو نجسة لا يجوز بيعها
کیونکہ یہہ سب پاک ہوتی ہین انمین موت کا اثر نہیں ہوتا اسلئی کہ انمین جان نہیں ہوتی بلکہ انمین صرف بڑہنا ہوتا ہی جیسی گہانس پہونس ان اگر ان پر چربی ہوگی تو ناپاک ہوگی
ولا الانتفاع بها وكذا لا يجوز بيع الجذع في السقف والذراع في الثوب اذ لا يمكن تسليمه الا بضرر لا يوجبه العقد
اور نہ استعمال اور ایسی بیچنا شہتیر چہت میں چڑہی ہوئیکا اور ایک گز کا کپڑی میں سی جایز نہیں اسلئی کہ بی نقصان اوٹہائی تسلیم نہیں کرسکتا اور عقد ضرر کو نہیں چاہتا
لو قلع البايع الجذع او قطع الذراع قبل ان يفسخ المشتري العقد يعود البيع صحيحا لزوال المفسد الذي هو الضرر
اور اگر بایع نی شہتیر کو اوکہاڑ لیا اور گز بہر کپڑا پہاڑ دیا کہ ابہی مشتری نی عقد کو نہیں توڑا تو یہہ بیع صحیح ہوجائیگی کیونکہ مفسد یعنی ضرر تقرر سی پہلی دفع ہوگیا
قبل تقرره هذا اذا كان الجذع معينا والثوب مما يضره التبعيض كالقميص ونحوه اذ لو لم يكن الثوب مما يضره التبعيض
یہہ اوس صورت میں ہی کہ شہتیر معین ہو اور کپڑا ایسا ہو جسکی پہاڑنی کی نقصان ہوتا ہو جیسی کرتہ وغیرہ اسواسطی کہ اگر کپڑا ایسا نہو جسکی پہاڑنی سی نقصان ہوتا ہو
كالكرباس يجوز البيع ولو لم يكن الجذع معينا لا يعود البيع صحيحا للجهالة فان قيل اذا باع جلد الشاة المعينة قبل
جیسی تہان تو بیع جایز ہی اور اگر شہتیر معین نہو گا تو ہی بیع جہالت کی سبب درست نہیں ہی اگر کوئی یہہ اعتراض کری اگر ایک بکری کا چمڑا ذبح کرنی سی پہلی
الذبح لا يجوز ولو ذبح الشاة وسلخ جلدها وسلمه الى المشتري لا ينقلب البيع صحيحا وان كان الجلد عينا موجودا كالجذع
بیچڈالی تو جایز نہیں ہی پہر اگر بکری کو ذبح کرکر اور چمڑا اودہیڑ کر مشتری کی حوالہ کری تو بیع درست نہیں ہوجاتی اگرچہ چمڑا عین موجود ہی جیسی شاہتیر
في السقف وكذا لو باع كرشها واكارعها ثم ذبحها وسلم ما باع منها فالجواب ان الجلد وان كانت عينا موجودا لكنه
مما یجب حفظه فی هذا الزمان لان بعض الناس یستقرض حنطة او شعیرا او غیر ذلک مما یجوز استقراضه
اس زمانہ مین اسکی حفاظت واجب ہی اس لئی کہ بعضی آدمی گیہون یا جو وغیرہ جو جو بطور استقراض کی لینا درست ہی قرض لیکر کہا بیجاتی ہین

ویتلفها ثم یطالبه المالک بها ویعجز عن ادائها ویشتریها منه بدراهم الی اجل وهو فاسد لا یجوز ثم ینبغی ان یعلم
پہر مالک مانگتا ہی تو ادا نہین کرسکتی اور اوسکو مدت پر بدلہ دراہم کی خرید لیتا ہی یہہ بیع فاسد ہی جایز نہین ہی اور یاد رکہنی کی بات ہی

ان کل دین حال اذا اجله صاحبه یصیر ذلک الدین مؤجلا ویکون تاجیله لازما الا القرض فان تاجیله
جو دین بلا مدت ہووی اگر مالک اوسمین مدت ٹہرادی تو وہ دین مؤجل ہی اور مدت لازم ہو جاتی ہی بجز قرض کی کہ اسمین مدت

لا یکون لازما بل یجوز للمقرض طلبه متی شاء لانه فی الابتداء اعارة وبهذا الاعتبار لا یلزم فیه التاجیل لکونه
لازم نہین ہو جاتی بلکہ قرض خواہ کو جایز ہی جب چاہی مانگ لی کیونکہ قرض ابتدا مین عاریت ہوتی ہی اس اعتبار سی اسمین مدت نہین ہوتی اسلئی

من التبرعات ولا جبر فیها کما فی الاعارة وفی الانتهاء معاوضة وبهذا الاعتبار لا یصح فیه التاجیل لکونه
کہ صرف احسان ہی احسان کیسیکا کچہہ زور نہین ہی جیسی عاریت مین اور آخر کو ادلا بدلا ہو جاتا ہی اور اس اعتبار سی اسمین مدت درست نہین ہی اسواسطی

بیع الدراهم بالدراهم نسیئة وهو ربوا وهذا یقتضی ان لا یجوز القرض وانما جوز نظرا الی ابتدائه لکن بلا
کہ یہہ بیع درہم کی درہم سی ادہار ہی اور یہہ سود ہوتا ہی اور اس سی لازم آتا ہی کہ قرض بہی جایز نہو سو جایز صرف بلحاظ ابتدا کی ہی لیکن
لزوم الاجل فیه ولو اراد ان یکون الاجل لازما فیه فطریقه ان یحیل المستقرض المقرض علی رجل بدینه علیه فیؤجل
اسمین مدت لازم نہین ہی اور اگر اسمین مدت کی ضرورت پڑی تو یون کری کہ قرضدار قرضخواہ کو کسی اور پر حوالہ کردی اب قرضخواہ
المقرض ذلک الرجل مدة معلومة فحینئذ یکون الاجل لازما حتی لا یکون للمقرض ان یطالب ذلک الرجل قبل تمام
اوسکی لئی مدت معین مقرر کردی اب مدت لازم ہوجاویگی یہان تک کہ قرضخواہ کو اختیار نہین ہی کہ اوس شخص سی اتمام مدت سی
تلک المدة

المجلس الخامس والسبعون فی بیان السوال الحرام والوعید فیه وفی ای موضع

پہلی مانگی
پچہترین مجلس سوال حرام کی بیان مین اور اسمین کیا وعید ہی اور کس موقع پر

یجوز قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما یزال الرجل یسئل الناس حتی یاتی یوم القیمة لیس فی وجهه
جایز ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا آدمی ہمیشہ سوال کرتا رہتا ہی آخر قیامت کو آویگا اوسکی چہری پر گوشت
مزعة لحم هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه ابن عمر والمزعة بضم المیم وسکون الزاء المعجمة وبالعین المهملة
نہین ہوگا یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین سی ہی ابن عمر کی روایت سی اور مزعہ میم کی پیش اور زا نقطہ دار کی سکون اور عین بی نقطہ سی
قطعة لحم والمراد بعدمها یوم القیمة فی وجه السائل ما یلحقه فی الاخرة من الفضاحة والهوان لان السوال
گوشت کی ٹکڑی کو کہتی ہین اور قیامت کی دن سائل کی منہہ پر گوشت نہونی سی یہہ مراد ہی کہ آخرت مین وہ نہایت فضیحت اور خوار ہوویگا اسلئی کہ سوال اصل مین
حرام فی الاصل ولا یباح الا عند الضرورة وانما کان الاصل فیه الحرمة لانه لا ینفک عن عدة امور محرمة
حرام ہی اور بدون ضرورت کی مباح نہین ہی اور سوال اصل مین حرام اسواسطی ہی کہ سوال بدون کئی حرام باتون کی نہین ہوسکتا
الاول اظهار الشکوی من الله تعالی فکما ان العبد المملوک اذا سئل یکون سواله تشنیعا علی مولاه فکذلک
اول یہہ کہ اللہ تعالی کی شکایت ظاہر کرنی سو جیسی غلام مملوک اگر بہیک مانگنی لگی تو اوسکا مانگنا مولی پر دشوار گزرتا ہی
سوال العبد یکون تشنیعا علی الله تعالی وهذا یقتضی ان یحرم السوال ولا یحل الا عند الضرورة والثانی اذلال
ایسی ہی بندہ کا سوال اللہ کو برا لگتا ہی اس سی لازم آتا ہی کہ سوال حرام ہو اور بلا ضرورت کبہی حلال نہو دوسری مردار کہانا بلا ضرورت حلال نہین تو اور
فی نفسه لغیر الله تعالی ولیس للمؤمن ان یذل نفسه لغیر الله تعالی بل الواجب علیه ان یذل نفسه لله تعالی
اپنی تئین سوا اللہ تعالی کی اور کی سامنی خوار کرنا اور مؤمن کو نہین چاہئی کہ آپ کو غیر اللہ کی سامنی ذلیل کری بلکہ واجب یہہ ہی کہ اپنی جانکو خدا کی سامنی خوار کری
لان فیه عزه وشرفه فی الدنیا وفی الاخرة والثالث ایذاء المسئول غالبا لانه ربما لا یسمع نفسه بالبذل ویستحیی
کیونکہ اسمین دنیا اور آخرت کی عزت اور شرافت ہی اور تیسری مسؤل کو اکثر حال مین ستانا اسلئی کہ بعضی اوقات دینی کو دل نہین چاہتا اور حیا آتی ہی
ان یری بالمنع فی صورة البخلاء ففی البذل نقصان ماله وفی المنع نقصان جاهه وبکل منهما یحصل له الایذاء
کہ نہ دینی سی بخیل کی صورت بنتا ہی سو دینی مین تو مال کا نقصان ہی اور نہ دینی مین عزت کا نقصان اور دونو بات سی رنجیدہ ہوتا ہی اور ایذا اوٹہاتا ہی
والایذاء حرام لا یحل الا عند الضرورة ثم انه ان بذل لا یبذل الا حیاء او ریاء فیحرم علی الاخذ اخذه اذا
اور تکلیف دینی حرام ہی بلا ضرورت حلال نہین ہی پہر اگر وہ دیگا بہی تو شرم کا مارا یا ریا کی واسطی دیگا سو ایسا دیا لینی والی پر بہی لینا حرام ہی جب
فهمت هذه المحظورات فهمت قوله علیه السلام مسئلة الناس من الفواحش ما احل من الفواحش
تونی یہہ خرابیان سمجہہ لین تو اس حدیث کی معنی بہی تجہکو آگئی سوال کرنا آدمیون سی فواحش سی ہی فواحش مین سی سوا اسکی کوئی حلال نہین ہی
غیرها فانظر کیف سماها فاحشة ولا خفاء ان الفاحشة لا تباح الا عند الضرورة واختلف العلماء فی ای
دیکہہ تو کیسی اسکا نام فاحشہ رکہا ہی اور ظاہر ہی کہ فاحشہ بلا ضرورت کبہی مباح نہین ہوتا اور علما کو اسمین اختلاف ہی کہ سوال کس

کما لا یحل اکل المیتة الا عند الضرورة

وقت یحل السوال فقال بعضهم من وجد غداء یومه وعشاء لیلته لا یحل له السوال وقال بعضهم من قدر
وقت حلال ہوتا ہی بعضی کہتی ہین جسکی پاس ایک دن رات کا کہانا موجود ہی اوسکو سوال کرنا حلال نہین ہی اور بعضی کہتی ہین جو شخص کما سکتا ہو اوسکو

علی الکسب لیس له ان یسال الا اذا استغرق اوقاته لطلب العلم وقال بعضهم لیس لنا وضع المقادیر بل نستند ذلک
سوال کرنا نہ چاہئی مگر اوسوقت کہ اوسکا سارا وقت علم کی تحصیل مین مشغول ہو اور بعضی کہتی ہین ہمکو اختیار نہین کہ اندازہ ٹہراوین بلکہ اسکا علم

ذلک بالتوقیف وقد ورد فی الحدیث انه علیه السلام قال استغنوا بغناء الله تعالی قالوا وما هو یا رسول الله
نقل پر موقوف ہی اور بیشک حدیث مین آیا ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا غنی رہو الله کی غنا سی صحابہ نی پوچہا وہ کیا ہی یا رسول الله

قال غداء یوم وعشاء لیلة وفی حدیث اخر انه علیه الصلوة والسلام قال من سئل وله خمسون درهما
فرمایا کہانا صبح کا اور کہانا رات کا اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا جو شخص مانگی اور اوسکی پاس پچاس درہم

او عدلها من الذهب فقد سئل الحافا وفی لفظ اخر اربعون درهما فمهما اختلفت الروایات فی التقدیرات یلزم
یا اتنا اور یا سونی کا ہو تو اوسکا سوال لجاجت کا ہی اور ایک روایت مین چالیس درہم آئی ہین اور جب تقدیرات کی روایتین مختلف ہوئین تو لازم ہی

ان نحمل علی احوال مختلفة فما یحتاج الیه السائل فی الحال من طعام یومه ولیلته ولباس یلبسه ومأوی یسکنه
کہ اختلاف احوال پر قیاس کیجاوین پہر جس چیز کا سائل فی الحال محتاج ہووی مثلا دن اور رات کی کہانیکا اور کپڑی کی پہننی کا اور رہنی کی گہر کا

فلا شک فیه واما سواله للمستقبل فله فیه ثلث درجات احدها ما یحتاج الیه غدا والثانیة ما یحتاج الیه
تو اوسکی جواز مین کچہہ شک نہین ہی اور سوال کرنا آیندہ کی لئی اسمین سائل تین درجہ پر ہوتا ہی ایک درجہ یہہ ہی کہ اگلی ہی دن اوسکا حاجتمند ہووی اور دوسرا یہہ کہ

بعد اربعین یوما او خمسین یوما والثالثة ما یحتاج الیه فی السنة فنقطع ان من معه ما یکفیه ولعیاله سنة
بعد چالیس یا پچاس دن کی اوسکا محتاج ہووی تیسرا یہہ کہ سال بہر مین محتاج ہو سو ہمکو یقین ہی کہ جسکی پاس اتنا کچہہ ہو کہ اوسکو اور اوسکی عیال کو سال بہر

فسواله حرام لان ذلک غایة الغناء فان کان یحتاج الیه قبل السنة لکن یقدر علی السوال فی ذلک الوقت ولا
کفایت کری تو اوسکو مانگنا حرام ہی کیونکہ یہہ بڑا ہی غنا ہی پہر اگر سال تمام ہونی سی پہلی حاجتمند ہووی لیکن اوسوقت حاجت پر ہی سوال کر سکتا ہی

یفوت فرصة السوال لا یحل له السوال لانه مستغن عن السوال فی الحال وربما لا یعیش الی الغد فیکون قد
فرصت سوال کی ہاتہہ سی نہین جاتی تو اوسکو اب سوال کرنا حلال نہین کیونکہ بالفعل سوال کی حاجت نہین ہی اور بعضی وقت اگلی روز تک جیتا نہین رہتا

سئل ما لا یحتاج الیه اذ وجد عنده ما یکفیه من غداء یومه ولیلته وان کان یفوته فرصة السوال ولا
تو اس صورت مین ناحق سوال کیا اسلئی کہ اوسکی پاس اتنا تہا جو صبح اور شام کی کہانی کو کفایت کری اور اگر ایسا حال ہی کہ فرصت ہاتہہ سی جاتی ہی

یجد من یعطیه لو اخرت السوال یباح له السوال لان البقاء الی السنة غیر بعید وهو بتاخیر السوال یخاف ان
اگر سوال پیچہی پر رکہین تو دینی والا نملیگا تو اب سوال کرنا مباح ہی کیونکہ برس بہر جینا کچہہ بعید نہین ہی اور سوال پیچہی پر رکہنی مین خوف یہہ ہی

یبقی مضطرا عاجزا عما یغنیه والمدة التی یحتاج فیها الی السوال لا یقبل الضبط وهو منوطة باجتهاده ونظره
کہ مبادا عاجز لاچار رہ جاوی اور مقرر کرنا اس مدت کا جسمین حاجت سوال کی پڑ جاوی قابل ضبط کی نہین ہی وہ صرف اوسکی قیاس پر ہی

لنفسه فیستفتی قلبه ویعمل به ولا یصغی الی تخویف الشیطن لانه یعد الفقر ویامر بالفحشاء التی ابیحت للضرورة
اور جان کی خیر خواہی پر موقوف ہی سو یہہ شخص اپنی دل سی فتوی لیوی اور اوسپر عمل کری اور شیطان کی ڈرانی پر کان نہ دہری وہ تو فقر کا وعدہ اور فحشا کا امر کیا کرتا ہی

فان من عجز عن الکسب واشتد جوعه وخاف علی نفسه یلزمه السوال لان السوال نوع اکتساب لما روی انه
بیشک جو شخص کمائی سی لاچار ہووی اور بہوک مارنی لگی اور جان کا خوف ہو تو اوسکو سوال کرنا چاہی کیونکہ سوال بہی ایک طرح کی کمائی ہی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی

علیه الصلوة والسلام قال السوال اخر الکسب فان ترک السوال فی تلک الحالة حتی مات یاثم لانه القی نفسه
علیه السلام نی فرمایا ہی کہ سوال لاچاری کی کمائی ہی پہر اگر ایسی حالت مین سوال نکیا آخر مر گیا تو گنہگار ہوگا کیونکہ اپنی جان کو ہلاک کیا

الى التهلكة اذ كان السؤال يوصله الى ما يقوم به نفسه في تلك الحالة كالكسب ولا ذل في السؤال في تلك
اسواسطی کہ سوال کا وہ چیز میسر ہوتی ہی جس سی اسکی جان ایسی حالت مین بچ جاتی جیسی کمائی سی اور ایسی حالت مین سوال سی کچھ ذلت نہین ہوتی
الحالة وانما الذل اذا سأل من غير حاجة فان من له قوت يومه لا يحل له السؤال لانه يذل نفسه من
ذلت تو جب ہی کہ بلاضرورت مانگی بیشک جسکی پاس ایکدن کا کہانا ہووی اوسکو سوال کرنا حلال نہین ہی اسلئی کہ اپنی تئین بی ضرورت
غير ضرورة وهو حرام لما روي انه عليه السلام قال لا يحل للمسلم ان يذل نفسه وان عجز عن طلب القوت
ذلیل کرتا ہی اور یہہ حرام ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ مسلم کو حلال نہین ہی کہ اپنی تئین ذلیل کری اور اگر وہ اپنی کہانی اور کمائی سی عاجز ہو
لنفسه يفترض على كل من علم حاله ان يطعمه او يدل عليه من يطعمه صونا له عن الهلاك وان امتنعوا
تو ہر واقف حال پر یہہ فرض ہی کہ اوسکو کہانا دیوی یا ایسی کو جتلادی کہ وہ اوسکو کہانا دیوی تاکہ وہ مرنی سی بچی اور اگر انہین سی کسینی ندیا
من ذلك حتى مات يشتركون في الاثم وان اطعمه واحد يسقط الاثم عن الباقين قال الحسن البصري وابو
آخر وہ مرگیا تو گنہ مین سب شریک ہین اور اگر کسی ایک نی ہی کہلا دیا تو سب سی گنہ جاتا رہا حسن بصری اور ابو عبید
عبيد من كان له اربعين درهما فهو غني وذهب الثوري وابن المبارك وابن احمد بن حنبل وطائفة من
کہتی ہین جسکی پاس چالیس درہم ہون تو وہ غنی ہی اور ثوری اور ابن مبارک اور احمد بن حنبل اور ایک جماعت علماء کا یہہ مذہب ہی
العلماء الى ان من كان له خمسون درهما او قيمتها من الذهب لا يدفع اليه شيء من الزكوة وقالت الحنفية
جسکی پاس پچاس درہم ہون یا اوس قیمت کا سونا تو ایسی کو زکوۃ ندینی چاہئی اور علماء حنفیہ کہتی ہین
يجوز دفع الزكوة الى من يملك دون النصاب وان كان صحيحا مكتسبا مع قولهم من كان له قوت يومه
ایسی شخص کو زکوۃ دینی درست ہی جو مالک پوری نصاب کا نہو اگرچہ بہلا چنگا کماؤ ہو باوجودیکہ یہہ بہی کہتی ہین جسکی پاس ایک روز کا قوت ہووی
لا يحل له السؤال وذكر في الخانية القدرة على الغداء والعشاء يحرم سؤال الغداء والعشاء ويجوز معها سؤال
اوسکو سوال حلال نہین ہی اور خانیہ مین مذکور ہی کہ صبح شام کی کہانی کی قدرت صبح شام کا کہانا مانگنا حرام کردیتی ہی تسپر مانگنا کرتہ
الجبة والكساء وقال الزيلعي وكذا الفقير القوي يحرم عليه السؤال وروي ان عمر سمع سائلا يسئل بعد
اور چادر کا جایز ہی اور زیلعی کہتا ہی اور ایسی ہی ہٹی کٹی فقیر کو سوال کرنا حرام ہی اور روایت ہی کہ عمر رض نی سائل کو بعد مغرب کی مانگتی ہوئی سنا
المغرب فقال لواحد من خدامه عش الرجل فقام وعشاه ثم سمعه ثانيا يسئل فقال لخادمه الم اقل لك
سو اپنی ایک خادم سی کہا شام کی خوراک اس سائل کو دیدی وہ اوٹہا اور دیدی پہر اوسکو دوبارہ سنا کہ مانگتا ہی پہر خادم سی کہا مینی تجہسی کہا نہین تہا
عش الرجل فقال قد عشيته يا امير المؤمنين فنظر عمر فاذا تحت ابطه مخلاة مملوة خبزا فقال انك لست
کہ اسکو شام کی خوراک دیدی عرض کیا یا امیر المؤمنین مین نی دیدی پہر عمر کیا دیکہتی ہین کہ اوسکی بغل مین تہیلا روٹیوں سی بہرا ہوا ہی فرمایا تو ہرگز سائل نہین ہی
بسائل بل انك تاجر ثم اخذ مخلاته ونثر ما فيها بين يدي ابل الصدقة وضرب بالدرة فلو لم يكن سواله
بلکہ تو سوداگر ہی پہر اوسکا تہیلا لیکر جو اوسمین تہا خیرات کی اونٹون کی آگی بکہیر دیا اور اوسکو کوڑی سی تعزیر دی اب اوسکو اگر سوال کرنا حرام نہوتا
حراما لما ضربه ولما اخذ مخلاته ونثر ما فيها بين يدي الابل اما ضربه فكان للتاديب فيجوز تاديب السائل
تو اوسکو کیون مارتی اور اوسکا تہیلا لیکر اونٹون کی آگی کیون ڈالدیتی البتہ اوسکا مارنا تادیب کی لئی تہا سو سائل کی تادیب اور اوسکا
وزجره اذا كان سؤاله على غير وجه الشرع واما اخذ ماله فانه رآه مستغنيا عن السؤال وعلم ان ما اعطاه
دہمکانا جب سوال برخلاف شرع کرتا ہو تو جایز ہی اور رہا اوسکی مال کا لیلینا سو اسلئی کہ اوسکو سوال سی غنی دیکہا اور جانا کہ جسنی اسکو دیا ہی
انما اعطاه على اعتقاد انه محتاج وقد كان كاذبا في اظهار الحاجة ولم يدخل في ملكه باخذه مع التلبيس
محتاج سمجہہ کر دیا ہی اور یہہ سائل بیشک حاجتمندی ظاہر کرنی مین جہوٹہا تہا سو اسکی ملک مین نہین آیا مکر سی جو لیا ہی

وعسر تمييزه ورده الى صحابه اذلا يعرف اصحابه باعيانهم فبقي مالا لا مالك له فوجب صرفه الى مصالح
اور اب اوسکی تمیز دشوار ہی کہ اوسکی مالک پر رد کیا جاوی خاص خاص کیا معلوم ہی کسنی کسنی دیا ہی اب مال بلا مالک ہو گیا اب اوسکو مصالح مسلمین میں صرف کرنا
المسلمين وابل الصدقة وعلفها من مصالح المسلمين فصرفه اليها فعلم من فعل عمران السائل اذا تجاوز حد
واجب ہی اور صدقہ کی اونٹ اور اونکا کہانا مصالح مسلمین سی ہی سو اونکی آگی ڈالدیا حضرت عمر کی اس فعل سی معلوم ہوا کہ سائل اگر حد شرع سی تجاوز کری
الشرع يجوز زجره وتاديبه واما قوله تعالى واما السائل فلا تنهر فهذا في حق السائل للحاجة فان من كان
تو اوسکو زجر اور تادیب جایز ہی اور رہی یہہ آیت اور جو مانگتا ہو اوسکو نہ جہڑک سو یہہ حاجتمند سائل کی حق میں ہی بیشک جو شخص
يسئل لفاقة وحاجة وكان سواله على وجه الشرع يكون زجره معصية لكونه يريد الاخرة على ما قال ابرهيم النخعي
فاقہ اور حاجت کا مارا مانگتا ہو اور اوسکا سوال موافق شرع کی ہو تو ایسی کا زجر گناہ ہی کیونکہ وہ آخرت کا طالب ہی موافق قول ابراہیم نخعی کی
ان السائل يريد الاخرة الى باب احدكم ابعثون شيئا الى اهليكم وقال ابرهيم بن ادهم نعم القوم السؤال يحملون
کہ بیشک سائل آخرت کا طالب ہوتا ہی جو تمہاری دروازی پر آکر کہتا ہی کیا دیتی ہو کچہہ اپنی اہل کو اور ابراہیم بن ادہم کہتی ہیں کیا خوب لوگ ہیں مانگنی والی ہمارا
زادنا الى الاخرة فاذا كان كذلك لا ينبغي ان يرد محروما بل ينبغي ان يعطي له شيئا ولو كان قليلا خيفة ان يكون
توشہ آخرت میں اوٹھا لیجاتی ہیں جب حال یہہ ہی تو لایق نہیں ہی کہ سائل محروم چلا جاوی بلکہ اوسکو کچہہ نہ کچہہ دیا چاہیی اگرچہ تھوڑا سا ہو وی باین خوف شاید کہ
صادقا في اظهار الحاجة فيهلك من يرده محروما اذا قدر على اعطائه شيئا واما اذا لم يقدر على اعطائه شيئا فينبغي
کہ اپنی حاجت سچ بیان کرتا ہو پہر اوسکی خرابی ہی جو محروم ہٹا دیوی اگر کچہہ دی سکتا ہی اگر کچہہ دینی کا مقدور ہی نہیں تو لایق یون ہی کہ اچہی نرم بات کہہ کر
له ان يرده برد جميل من القول ولا يزجره ولا يغلظ له القول الا اذا الح عليه فحينئذ يجوز زجره وتغليظ القول
ہٹا دی نہ جہڑکی اور نہ سخت بات کہی ہان اگر وہ الحاح کی جاوی تو جہڑکنا اور سخت کہنا جایز ہی
عليه كما قال بعض العلماء اذا سئل فقير من انسان شيئا فرده برد جميل من القول ثم الح عليه الفقير يجوز ان
چنانچہ بعضی علماء کہتی ہیں جب فقیر کسی شخص سی کچہہ مانگی پہر وہ اوسکو اچہی بات سی ٹلا دی پہر فقیر وہیں گڑگڑای جاوی تو جہڑک دینا
يزجره ويغلظ عليه القول بان يقول له ما هذا الالحاح خف الله تعالى ولا تؤذ الناس بالحاحك فان الالحاح
اور سخت کہنا جایز ہی کہ اسطور کہی یہہ کیا الحاح ہی خدا سی ڈر اپنی الحاح سی لوگون کو کیون ستاتا ہی بیشک الحاح
ممنوع وكذا السائل الذي يسئل في المسجد ويؤذي الناس يتخطى رقابهم لا ينبغي ان يتصدق عليه لانه اعانة
ممنوع ہی اور ایسی ہی جو سائل مسجد میں مانگتا ہو اور نمازیون کو ستا کر گردنون پر کو اچکتا ہو تو ایسی کو دینا اچہا نہیں اسلئی کہ یہہ مسجد میں گناہ کی
له على الاثم في المسجد كما قال قاضيخان في فتاواه لا ينبغي ان يتصدق على السائل في المسجد الجامع لان ذلك
امداد ہی چنانچہ قاضیخان اپنی فتاوی میں کہتا ہی بہتر نہیں کہ مسجد جامع کی سائل کو خیرات دیجاوی کیون کہ نمازیون کی ستانی کی
اعانة له على اذى الناس وعن ابي نصر العياضي انه قال من اخرج السؤال من الجامع ارجو ان يغفر الله له
امداد ہی اور ابی نصر عیاضی سی روایت ہی کہ کہتا ہی جو شخص سائل کو مسجد جامع سی باہر کردی مجہکو امید ہی کہ خدا اوسکو بخشدی
باخراجهم من المسجد وعن خلف بن ايوب انه قال لو كنت قاضيا لم اقبل شهادة من يتصدق على السائل في
اونکو جو مسجد میں سی نکالدیا اور خلف بن ایوب سی روایت ہی کہ کہتا تہا اگر میں قاضی ہوتا تو مسجد کی سائل کو خیرات دینی والی کی گواہی قبول نکرتا
المسجد وعن ابي بكر ابن اسمعيل انه قال هذا فلس واحد يحتاج الى سبعين فلسا ليكون تلك السبعون كفارة لذلك
اور ابی بکر بن اسماعیل سی روایت ہی کہ کہتا تہا یہہ ایک پیسہ ہی اس ایک پیسی کی واسطی ستر پیسی اور چاہئیں تا کہ وہ ستر اس ایک پیسی کی کفارہ ہون
الفلس الواحد وعن ابي مطيع البلخي انه قال لا يحل للرجل ان يعطي سؤال المساجد لما فيه من الوعيد فان كان
اور ابو مطیع بلخی سی روایت ہی کہ کہتا تہا کہ مسجدون کی سائلون کو دینا کسیکو حلال نہیں ہی کیونکہ اسمیں وعید آئی ہی پس اگر سائل

السائل لا يتخطى رقاب الناس ولا يمر بين يدي المصلي ويسئل لامر لا بد منه ولا يسئل الحافا فلا بأس بالسؤال والتصدق
لوگون کی گردنون پر نہ جاتا ہو اور نہ نمازیون کی سامنی کو پہرتا ہو اور ضروری امر مین سوال کرتا ہو اور الحاح نکرتا ہو تو کچہ مضائقہ نہین مانگنی کا اوسکو دینی کا
عليه لما روي ان السؤال كانوا يسئلون على عهد رسول الله عليه الصلوة والسلام في المسجد حتى روي ان عليا
کیونکہ روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد مین ہی منگتی مسجد مین مانگا کرتی تہی یہان تک کہ روایت ہی کہ علی رضی
تصدق بخاتمه وهو في الركوع فمدحه الله تعالى بقوله ويؤتون الزكوة وهم راكعون وذكر في نصاب الاحتساب
عین رکوع کی اندر اپنی انگوٹہی دیدی اور اللہ تعالی اس آیت مین اونکی مدح کرتا ہی اور دیتی ہین زکوۃ اور وہ رکوع مین ہین اور نصاب الاحتساب مین مذکور ہی
ان القاضي سئل عن التصدق على سؤال المسجد الجامع في وقت الخطبة وقبلها هل يجوز ام لا فقال اما في الخطبة
کہ قاضی سی کسی نی حال صدقہ کا پوچہا مسجد جامع کی مانگنی والون پر عین خطبہ کی وقت اور خطبہ سی پہلی آیا جایز ہی یا نہین قاضی نی جواب دیا
فلا يجوز التصدق بحال من الاحوال وان خيف الهلاك على السائل لان في وقت الخطبة لا يجوز الصلوة التي هي
خطبہ کی وقت تصدق کسی حالت مین جایز نہین ہی اگرچہ سائل مرنی لگی اسلئی کہ خطبہ کی وقت نماز بہی جایز نہین ہی جو تمام عبادات مین
رأس العبادات واساسها ولا التسبيح والتهليل وقراءة القران فضلا عن التصدق واما قبل الخطبة فهي على
عمدہ اور عبادات کی بنیاد ہی اور نہ سبحان اللہ پڑہنا اور نہ لا الہ الا اللہ اور نہ تلاوت قرآن صدقہ کی تو کیا اصل ہی اور رہا خطبہ سی پہلی اسکی
وجهين ان كان السائل يلزم مكانه ولا يدور من صف الى صف ولا يتخطى رقاب الناس فالتصدق عليه يجوز
دو حال ہین اگر سائل اپنی جگہہ بیٹہا ہو ہی صفون کو چیرتا نہین پہرتا اور نہ نمازیون کی گردنون پر کو جاتا ہی تو ایسی کو دیدینا جایز ہی
ويثاب عليه واما اذا كان يتخطى رقاب الناس فالتصدق عليه حرام ومن تصدق عليه يشاركه في وزره
اور ثواب ہی اور اما وہ سائل جو نمازیون کی گردنون پر کو جاوی سو ایسی کو دینا حرام ہی اور جو شخص ایسی کو دیگا تو اوس سائل کی گناہ مین
الذي يعتريه من المرور بين يدي المصلي وتشوش في القراءة وتخطي رقاب الناس وروي انه عليه الصلوة والسلام
جو اوسپر مصلیون کی سامنی سی پہرنی سی اور قرارت مین خیال بٹانی سی اور نمازیون کی گردنون پر کو چلنی سی گناہ ہوتا ہی اوسمین شریک ہوگا اور روایت ہی کہ نبی
قال اذا كان يوم القيمة ينادي مناد لا ليقم اعداء الله فلا يقوم الا سؤال المساجد لان المساجد انما بنيت
فرمایا جب قیامت کا روز ہوگا تو منادی آواز دیگا سو خدا کی دشمن کہڑی ہو جاوی سو بجز مسجد کی منگتون کی کوئی نہ کہڑا ہوگا کیونکہ مسجدین صرف نماز
للصلوة والذكر لا للسب والشكاية من الله تعالى فان الانسان اذا جاء دار ملك وهو جالس مع اصدقائه
اور یاد الہی کی واسطی بنی ہین کمائی اور اللہ تعالی کی شکوہ شکایت کی واسطی نہین ہین بیشک کوئی انسان جب بادشاہ کی دربار مین جاوی کہ وہ اپنی دوستون مین بیٹہا ہو
فشكى منه بين يدي اصدقائه فانه يغضب عليه لا محالة فكذلك ههنا فعلى هذا كان القياس ان لا يجوز
پہر اوسکی شکایت اوسکی دوستون کی سامنی کرنی لگی تو وہ بادشاہ بیشک اوسپر غصہ کریگا ایسی ہی یہان اسکی موافق قیاس مین یون آتا ہی کہ مسجد کی
التصدق على سؤال المساجد اصلا لما ذكرنا من المنقول والمعقول لكن استحسن في السائل الذي يسئل لحاجة
منگتون کو صدقہ دینا ہرگز جایز نہو ان دلائل عقلی اور نقلی سی جو مذکور ہو چکی ہین لیکن ایسی سائل کی لئی جو حاجتمند ہو وی
ولا يتخطى رقاب الناس ولا يسئل الحافا بالنصوص العامة في التصدق وفي حق السائل والحاصل ان السؤال
اور نمازیون کی گردنون پر کو نہ جاتا ہو اور لپٹ کر سوال نہ کرتا ہو استحسانا جایز ہی کیونکہ نصوص صدقہ دینی مین اور سائل کی حق مین عام ہین خلاصہ یہ ہی کہ سوال مین
فقد ورد فيه ما يدل على جوازه وما يدل على عدم جوازه فيكون قسمين احدهما جائز فيجوز الاعطاء لاجله
دونو طرح کی روایات ہین بعضی سی جواز معلوم ہوتا ہی اور بعضی سی عدم جواز سو سوال دو قسم کا ہوا ایک تو جایز سو اوسمین دینا بہی جایز ہی
والآخر غير جائز فلا يجوز الاعطاء لاجله واذا لم يعلم حال السائل هل يسئل عن حاجة
اور دوسرا ممنوع اوسمین دینا بہی جایز نہین اور اگر سائل کا حال معلوم نہو کہ آیا حاجتمند ہی

عن او غير حاجة ولو يظهر منه ما يخالف الشرع ينبغي للمؤمن ان لا يرده
یا غنی ہی اور کوئی حرکت اوس سی خلاف شرع ظاہر نہووی تو مؤمن کو لازم ہی کہ ایسی کو محروم نہ
محروما اذا قدر على اعطائه شيئا لاحتمال ان يكون محتاجا فلا يفلح من يرده
جانی دی اگر کچھ دینی کی مقدور رکہتا ہی شاید وہ محتاج ہو پہر محروم رکہنا اچھا نہیں ہی
محروما اذا قدر على عطائه شيئا وقد حكي عن بعض الفقراء انه ضعف من الجوع فقيل له لم لا تسئل والسوال
اگر کچھ دینی کی مقدور رکہتا ہو اور کسی فقیر کی حکایت ہی کہ وہ ماری بہوک کی ناتوان ہوگیا کسی نی کہا تو مانگ کیوں نہیں لیتا تجھکو
حلال عليك لان فقال اخاف ان اسئل الناس فيردوني محروما مع قدرتهم على الاعطاء فيهلكهم الله تعالى
تو اس حالت میں سوال کرنا حلال ہی آدمی نی کہا مجھکو یہہ ڈر ہی کہ میں لوگوں سی مانگوں پہر وہ مجھکو باوجود مقدور کی محروم رکہیں اور اسپر اونکو اللہ تعالی ہلاک کر ڈالی
ثم ينبغي ان يعلم ان العلماء اذا سئلوا في مجلس علمهم شيئا عن الناس لا يحل لهم ذلك لكون ذلك اكتسابا بالعلم
یہہ سمجھنی کی بات ہی کہ اگر علما درس تدریس کی مجلس میں لوگوں سی کوئی شی طلب کریں تو یہہ اونکو حلال نہیں ہی کیونکہ علم اور طاعت سی کمائی ہی
والطاعة سواء سئلوا لانفسهم اولغيرهم ومن السوال المذموم اهداء قليل لاخذ كثير كما يفعل في دعوة العرس
برابر ہی کہ اپنی لئی طلب کریں یا غیر کی واسطی اور ایک مذموم سوال یہہ ہی کہ تہوڑا تحفہ دیکر بہت سا لینا چنانچہ عرس اور ختنوں کی دعوت
والختان واتخاذ الغنم لاجل النسل اذ قيل فيها نزل قوله تعالى ولا تمنن تستكثر ثم ينبغي ان يعلم ايضا انه عليه السلام
میں ہوتا ہی اور دودہ لینا غنم کا واسطی حصول نسل کی کیونکہ کہتی ہیں کہ یہہ آیت اسی باب میں نازل ہوئی ہی اور نہ کر احسان کہ وہ زیادہ دی پہر یہہ بہی یاد رکہنا چاہیئی کہ
قال لابي بكر وابي ذر وثوبان لا تسئلوا احدا شيئا وان سقط سوطك وكان ابو بكر وثوبان ينزلان عن سقوط
ابو بکر اور ابو ذر اور ثوبان سی فرمایا کسی سی کچھ نہ مانگنا اگرچہ کوڑا گر پڑی اور ابو بکر اور ثوبان کا یہہ حال تہا کہ اگر انکا کوڑا لوگوں کی
سوطهما في اجمع ما يكون من الناس ولا يقولان للمشاة عندهما ناولونيه فدل هذا على ان حرمة السوال لا تقتصر
مجمع میں ہاتہہ سی گر پڑتا تو اتر کر اوٹہاتی کسی پاس کی پیادہ پاسی نہ کہتی ذرا کوڑا پکڑا دینا اس سی معلوم ہوا کہ سوال کی حرمت کچھ مال پر منحصر نہیں ہی
على سوال المال بل تعم الاستخدام وسوال النفقة عمن لا حق له فيه خصوصا ان كان صبيا او مملوكا للغير
بلکہ خدمت لینی کو بہی شامل ہی اور سوال نفقہ کو بہی ایسی شخص سی کہ اوسمیں حقدار نہیں خاص کر اگر بچہ نابالغ ہو یا غیر کا غلام ہو
اما صبي نفسه فيجوز استخدامه لتهذيبه وتاديبه وكذلك يجوز استخدام مملوكه واجيره وزوجته في مصالح
ہاں اگر اپنا بچہ ہو تو اوس سی خدمت لینی واسطی تہذیب اور تادیب کی درست ہی اور ایسی ہی اپنی غلام سی اور مزدور سی خدمت لینی جایز ہی اور اپنی بی بی سی
داخل بيته وتلميذه باذنه ان كان بالغا وباذن وليه ان كان صبيا يسرنا الله تعالى عملا موافقا لرضاته
گہر کی اندر کی کاروبار میں اور اپنی شاگرد سی بشرط اجازت اگر بالغ ہو اور باجازت ولی کی اگر نابالغ ہو الہی ہمپر عمل موافق اپنی رضا کی آسان کر

المجلس السادس والسبعون في بيان حقوق المماليك على المولى وغيره من

چہتروین مجلس غلاموں کی حقوق میں مولی پر اور سوا اوسکی

الاحكام قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للمملوك طعامه وكسوته ولا يكلف من العمل الا ما يطيق
اور احکام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا واسطی غلام کی ہی اوسکا کہانا اور پہننا اور طاقت سی زیادہ کام کی تکلیف نہ دیا جاوی
هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة ومعناه ان المملوك عبدا كان او امة يجب على مولاه من
یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہیں کہ مملوک کی لئی غلام ہو یا لونڈی خرچ بقدر کفایت
نفقته وكسوته ما يكفيه بقدر ما يحتاج اليه وليس له ان يكلفه من العمل الا ما يطيقه كما في كتاب
اور کپڑا موافق حاجت کی مولی پر واجب ہی اور مولی کو نہیں چاہیی کہ کاروبار میں ایسی تکلیف دی جو طاقت رکہتا ہو اوسکی کہ

الکریم لا یکلف الله نفسا الا وسعها وقد روی عن علی بن ابی طالب انه علیه السلام قال فی خطبته یا ایها الناس
اپنی کتاب بزرگ میں فرماتا ہی اللہ تکلیف نہیں دیتا کسی شخص کو مگر جو اوسکی گنجایش ہی اور بیشک علی بن ابی طالب سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی خطبہ میں فرمایا ای لوگو

الله الله فیما ملکت ایمانکم فاطعموهم مما تاکلون والبسوهم مما تلبسون ولا تکلفوهم مالا یطیقون فانهم لحم ودم
ڈرو اللہ سی ڈرو اللہ سی اپنی غلام لونڈیوں کی حق میں اونکو کہلاؤ جو تم کہاتی ہو اور اونکو پہناؤ جو تم پہنتی ہو اور وہ تکلیف نہ دو جو اونسی نہوسکی کیونکہ وہ بہی گوشت اور خون ہیں

وخلق امثالکم فمن ظلمهم فانا خصمهم یوم القیمة والله حاکمهم وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال اخوانکم
تمہاری مثل پیدا ہوئی ہیں پہر جو اونپر ظلم کریگا تو قیامت کو میں اونکا دشمن ہونگا اور اللہ اونکا حاکم ہوگا اور ایک اور حدیث میں ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا تمہاری

جعلهم الله تعالی تحت ایدیکم فمن جعل الله تعالی اخاه تحت یدیه فلیطعمه مما یاکل ولیلبسه مما یلبس ولا
خدا نی اونکو تمہاری ہاتہہ تلی کر دیا ہی سو اللہ تعالی نی جسکی ہاتہہ تلی یعنی فرمان بردار بہائی کو کر دیا ہی تو اوسکو وہ ہی کہانا دیوی جو آپ کہاتا ہی اور وہ ہی پہناوی جو آپ

یکلفه من العمل ما یغلبه فان کلفه ما یغلبه فلیعنه علیه فانه علیه السلام بین فی هذا الحدیث ان الممالیك
اور کام اتنی تکلیف کا نہ دیوی جو اوسپر غالب آجاوی اور اگر ایسی ہی تکلیف دی تو اوسکی مدد کری بیشک نبی علیہ السلام نی اس حدیث میں بیان فرمایا کہ مملوک

من العبید والاماء اخوان لملاکهم اما من جهة کونهم من بنی ادم او من جهة کونهم مسلمین فمن کان
غلام لونڈیاں اپنی مالکوں کی بہائی ہیں یا اس جہت سی کہ سب بنی آدم ہیں یا اس جہت سی کہ مسلمان ہیں پہر جسکی ہاتہہ تلی اوسکا بہائی ہووی

اخوه تحت یده یجب علیه ان یطعمه مما یاکل ویلبسه مما یلبس ولا یکلفه من العمل الا ما یتمکن ان یخرج
تو اوسپر واجب ہی کہ اوسکو وہ ہی کہانا دیوی جو آپ کہاتا ہی اور وہ ہی پہناوی جو آپ پہنتا ہی اور وہ ہی کام کہی جسکو وہ بہگتا سکی

من عهدته ویطیق ان یدوم علیه لا علی ما یطیق علیه یوما او یومین او اکثر ثم یعجز عنه بل ان کلفه امرا
اور اوسکو ہمیشہ کرلیا کری ایسا کام نکہی کہ ایک دو دن یا کچھہ زیادہ کرکر پہر تہک رہی بلکہ اگر کوئی کار دشوار کہی

صعبا یعینه علیه ولا یجمع علیه عملین او اکثر مثل ان یامره بالخبز والطبخ والغسل لما روی ان رجلا دخل
تو اوسکی مدد کری اور دو کام یا زیادہ اوسپر نہ ڈالی مثلا اوسکو حکم کری روٹی پکا اور سالن پکا اور نہلا کیونکہ روایت ہی کہ ایک شخص سلمان کی

علی سلمان وهو یعجن فقال یا ابا عبد الله ما هذا فقال بعثت الخادم فی شغل فکرهت ان اجمع علیه
پاس آیا وہ آٹا گوندتی تہی اوسنی تعجب سی کہا یا ابا عبد اللہ یہہ کیا ہی جواب دیا میںنی غلام کو ایک کام بہیجا ہی مجہکو پسند نہیں آتا کہ اوسپر دو کام

عملین وقد جاء فی الحدیث انه علیه السلام قال لا یدخل الجنة سیء الملکة والمراد بسیء الملکة من یسیء
ڈالدوں اور حدیث میں آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا برا مالک جنت میں نہیں جاویگا اور مراد بری مالک سی وہ شخص ہی کہ اپنی غلام کی

مملوکه وذکر فی کتب الفقه ان المولی یجب علیه نفقة مملوکه فان ابی عن الانفاق علیه فان کان المملوك
ساتہہ برائی کری اور فقہ کی کتابوں میں مذکور ہی کہ غلام کا خرچ مولی کی ذمہ واجب ہی پہر اگر مولی اوسکی خرچ سی انکار کری تو وہ غلام اگر

قادرا علی الکسب یؤمر المولی ببیعه لما روی عن ابی ذر انه علیه السلام قال من لاءمکم من مملوکیکم فاطعموهم
کما سکتا ہی تو قاضی مولی سی کہی کہ اوسکو بیچ ڈال کیونکہ ابو ذر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو غلام تمہاری موافق ہو تو اوسکو اپنی کہانی میں سی

مما تاکلون واکسوهم مما تکسون ومن لا یلائمکم منهم فبیعوهم فلا تعذبوا خلق الله تعالی یعنی ان من کان
کہلاؤ اور اپنی کپڑوں میں سی کپڑا پہناؤ اور جو موافق نہو اوسکو بیچ ڈالو اللہ کی بندوں پر عذاب مت کرو مراد یہہ ہی کہ جو لنسا

مملوکیکم موافقا لکم فاحسنوا الیهم ومن لم یکن منهم موافقا لکم فبیعوهم ولا تعذبوهم وذکر الفقیه ابو اللیث
غلام تمہاری موافق ہووی تو اوسکی ساتہہ سلائی کرو اور جو تمہاری موافق نہیں ہی تو اوسکو بیچ ڈالو اونکو عذاب مت کرو اور فقیہ ابو اللیث

فی التنبیه عن عطاء بن یسار ان ابا ذر ضرب وجه غلام له فاستعدی علیه النبی علیه السلام قال لا تضربوا
تنبیہ الغافلین میں عطا ابن یسار سی روایت کرتی ہیں کہ ابو ذر نی اپنی غلام کی منہہ پر مارا سو نبی علیہ السلام نی اوسکی فریاد رسی کی فرمایا مسلمانوں کی منہہ پر مت مارو

وجوہ المسلمین واطعموهم مما تاكلون والبسوهم مما تلبسون فان رابوكم فبيعوهم وروى عن ابى مسعود الانصاری
اونکو کہلاؤ جو تم کہاتی ہو اور پہناؤ جو تم پہنتی ہو پہر اگر وہ تمہاری ساتہہ دغابازی کرین تو اونکو بیچ ڈالو اور ابو مسعود انصاری سی روایت ہی

انہ قال كنت اضرب غلاما لى فسمعت من خلفی صوتا اعلم ابا مسعود لله اقدر عليك منك عليه
کہ وہ کہتی ہین کہ مین اپنی غلام کو مارتا تہا سو مینی اپنی پیچہی سی یہہ آواز سنی سمجہہ لی اى ابو مسعود اللہ تجہپر بہت توانا ہی بہ نسبت تیری اس غلام پر

فالتفت فاذا هو رسول الله عليه السلام فقلت هو حر لوجه الله تعالى فقال عليه السلام لو لم تفعل للفحتك
مینی جو ادہر دیکہا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تہی مینی عرض کیا یہہ واسطی خدا کی آزاد ہی پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا اگر تو یون نکرتا تو البتہ تجہکو

النار او لمستك النار وفى حديث اخر رواه ابن عمر انه عليه الصلوة والسلام قال من ضرب غلاما له حدا
آگ پہونکتی یا یہہ فرمایا بیشک تجہکو آگ لگتی اور ایک اور حدیث مین ہی ابن عمر کی روایت سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسنی اپنی غلام کو ناحق حد ماری

لم یاته او لطمه فان كفارته ان یعتقه یعنی ان من ضرب غلامه على ذنب لم يفعله او لطمه فاثم ذلك
یا طمانچہ مارا تو اوسکا کفارہ یہہ ہی کہ اوسکو ازاد کردی مراد یہہ ہی کہ جسنی اپنی غلام کو خطا کی بہانہ مارا جو اوس سی نہین ہوئی یا طمانچہ مارا تو اوس مار کا وبال

الضرب لا يزول الا باعتاقه هذا اذا لم يصدر عنه ذنب واما اذا صدر عنه ذنب فقد رخص النبى عليه السلام
بدون ازادگی نہین جاتا یہہ اوس صورت مین ہی کہ اوس سی خطا نہوئی ہو اور اگر اوسنی خطا کی ہو تو بیشک نبی علیہ السلام نی اجازت دی ہی

فى تاديبه بقدر ذنبه فان العقوبة بالضرب على وجه التعزير ينبغى ان لا يبلغ حده اقل الحد واقله اربعون
کہ بمقدار گناہ کی ادب دیا جاہئی کیونکہ بطور تعزیر کی مار کر سزا دینی بہتر یہہ ہی کہ کم سی کم حد کی برابر نہو جاوی اور حد کی کم سی کم چالیس درہ مین

سوطا وهو حد العبيد والاماء فى القذف والشرب فينبغى ان يكون التعزير عند ابى حنيفة اقل من ذلك
اور یہہ حد غلام لونڈیون کی ہی گالی دینی اور شراب خواری مین اب سزاوار یہہ ہی کہ امام ابو حنیفہ کی نزدیک تعزیر اس مقدار سی کم ہو

بان يكون اكثره تسعة وثلثون سوطا واقله ثلثة وانما كان اقله ثلثة اذ با قل منها لا يقع الزجر فيضربه
یعنی زیادہ سی زیادہ انتالیس درہ ہون اور کم سی کم تین درہ اور کم سی کم تین اسلئی ہین کہ اس سی کمتر مین کچہہ دہمکی نہین ہوتی پہر تین سی لیکر

منها الى تسعة وثلثين قدر ما يرى انه يزجر منه لكن لا يضربه عند غضبه بل يضربه بعد انتفاء غضبه
انتالیس تک اختیار ہی جتنی مین دیکہی کہ اب مان گیا لیکن اوسکو غصہ کی وقت نہ ماری بلکہ جب غصہ جاتا رہی تو ماری

اذ قد يضربه بالغضب زيادة على قدر ذنبه فيوخذ بقدر الزيادة يوم القيمة بل ينبغى له عند غضبه عليه
اسواسطی کہ غصہ مین شاید کہ گناہ سی زیادہ مار بیٹہی پہر اوس بڑہتی کی بدلہ قیامت کی دن مواخذہ ہووی بلکہ یون چاہئی کہ جب غلام پر کسی

بجرم وخيانة ان يتفكر فى معاصيه وجنايته على الله تعالى وتقصيره فى طاعة الله تعالى ويرى تقصير مملوكه
جرم اور خیانت سی غصہ آوی تو فکر کری کہ مینی اللہ تعالی کی گناہ کتنی کئی ہین اور طاعت الہی مین کیا کیا قصور کیا ہی پہر مملوک کی تقصیر

فى خدمته ناشيا من تقصيره فى خدمة خالقه ويعفو عنه فى اليوم والليلة سبعين مرة لما روى عن عبد الله
اپنی خدمت مین دیکہہ کر خیال کری کہ یہہ خدمت خالق کی تقصیر کا وبال ہی اور رات دن مین اوسکی ستر خطائین معاف کر دیا کری اسواسطی کہ عبد اللہ

بن عمر ان رجلا جاء الى النبى عليه السلام فقال يا رسول الله كم نعفو عن الخادم فسكت ثم اعاد الكلام فصمت
بن عمر سی روایت ہی کہ ایک شخص نی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی آکر پوچہا یا رسول اللہ ہم خادم کو کی بار معاف کر دیا کرین آپ چپ ہو رہی اوس نی دوبارہ عرض کیا آپ پہر چپ رہی

فلما كانت الثالثة قال اعفوا فى كل يوم سبعين مرة وفى حديث اخر انه عليه الصلوة والسلام قال اذا ضرب
پہر جب تیسری بار عرض کیا تو فرمایا ہر روز ستر بار معاف کیا کرو اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب تم مین سی کوئی

احدكم خادمه فذكر الله تعالى فليمسك اى ينحى عنه بالعفو ويتذكر قصاص يوم القيمة ولا يضربه على زلة
اپنی غلام کو ماری اور وہ اللہ کا نام لیوی تو چاہئی کہ باز رہی یعنی معاف کر کی الگ ہو جاوی اور قیامت کی دن کا قصاص یاد کری اور اوسکو ادنی لغزش

ونسیان ولا علی کسر الاناء لما روی عن کعب بن عجرة انه علیه السلام قال لا تضربوا اماءکم علی کسر اناءکم
اور بہول پر نہ ماری اور نہ برتن ٹوٹنی پر ماری کیونکہ کعب بن عجرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اپنی لونڈیون کو برتن توڑنی پر مت مارا کرو

فان لہا اجالا کاجال الناس وفی حدیث اخر رواہ الصعق انہ علیہ السلام قال لا تغضبوا ولا تسخطوا فی
کیونکہ برتنون کی بہی عمر ہوتی ہی جیسی آدمیون کی اور ایک اور حدیث مین آیا ہی صعق کی روایت سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا برتن ٹوٹنی پر غصہ مت کرو اور مت جہنجلاو

کسر الانیة فان لہا اجال الانس وقد حکی ان میمون بن مہران کان عندہ ضیف فاستعجل علی جاریتہ بالعشاء
بیشک برتنون کی عمرین ہین انسانونکی سی اور حکایت ہی کہ میمون ابن مہران کی پاس مہمان آگیا اوسنی جلدی ہی لونڈی کی ہاتہہ شام کا کہانا منگایا

فجاءت مسرعة وفی یدہا قصعة مملوة بطعام حار فعثرت واراقتہا علی راس سیدہا قال سیدہا احرقتنی یا جاریة
وہ بہاگی آئی اور اوسکی ہاتہہ مین پیالہ گرم گرم کہانیکا بہرا ہوا تہا سو پہسل کر گرپڑی اور وہ کہانا مولی کی سر پر گر گیا مولی نی کہا ای لونڈی تونی مجہکو جلا دیا

فقالت الجاریة یا معلم الخیر ویا مؤدب الناس ارجع الی ما یقول اللہ تعالی قال ما یقول اللہ تعالی قالت یقول
وہ لونڈی بولی ای معلم الخیر اور ای مؤدب الناس خیال تو کر اللہ تعالی کیا فرماتا ہی مولی نی کہا اللہ تعالی کیا کہتا ہی بولی فرماتا ہی

والکاظمین الغیظ قال کظمت غیظی قال زد فان اللہ تعالی یقول والعافین عن الناس قال قد عفوت
اور دبالیتی ہین غصہ میمون نی کہا مینی اپنا غصہ دبالیا لونڈی بولی زیادہ کر اللہ تعالی فرماتا ہی اور معاف کرتی ہین لوگون کو میمون نی کہا مینی تجہکو معاف کیا

عنک قالت ان اللہ تعالی یقول واللہ یحب المحسنین قال انت حرة لوجہ اللہ تعالی وقیل للاحنف
لونڈی نی کہا اللہ تعالی فرماتا ہی اور اللہ چاہتا ہی نیکی والون کو میمون نی کہا جا تو واسطی خدا کی آزاد ہی اور احنف بن قیس سی

بن قیس ممن تعلمت الحلم قال من قیس بن عاصم انہ کان فی دارہ جالسا اذ اتت جاریة بسفود علیہ شوا فسقط
کسینی پوچہا تونی حلم کس سی سیکہا ہی کہا قیس بن عاصم سی وہ اپنی گہر مین بیٹہا تہا ناگہان اوسکی لونڈی کباب کی جلتی ہوئی سیخ لئی ہوئی آئی سو وہ سیخ اوسکی ہاتہہ سی

من یدہا السفود علی ابن لہ فعقرہ فمات فدہشت الجاریة فقال لا یسکن روع ہذہ الجاریة الا العتق فقال
چہوٹ کر قیس کی بیٹی پر گر پڑی اوسکو زخمی کر دیا پہر وہ مر گیا اسمین وہ لونڈی بہوچکارہ گئی پہر قیس نی کہا اس لونڈی کا خوف بدون ازاد ہوئی نہین جاویگا پہر کہا

انت حرة لوجہ اللہ تعالی یا جاریة لا باس علیک وروی عن ابی امامة انہ علیہ الصلوة والسلام وہب لعلی
ای جاریہ تو واسطی خدا کی آزاد ہی ڈر کا مت اور ابو امامہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی حضرت علی کو ایک غلام دیا

غلاما فقال لہ لا تضربہ فانی نہیت عن ضرب اہل الصلوة وقد رایتہ یصلی فانہ علیہ السلام اشار فی
اور فرمایا اسکو مارنا مت کیونکہ مجہکو نمازیکی مار ڈہار سی ممانعت ہوئی ہی اور مینی اسکو نماز پڑہتی دیکہا ہی بیشک نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین اشارہ

ہذا الحدیث ان المصلی لا یاتی غالبا بما یستحق الضرب لان الصلوة تنہی عن الفحشاء والمنکر وروی عن الحسن البصری
فرمایا کہ نمازی اکثر ایسی خطا نہین کرتا جسمین مار کہاوی اسلئی کہ نماز فحشاء اور منکرات سی بچا رکہتی ہی اور حسن بصری سی روایت ہی

انہ سئل عن مملوک یرسلہ مولاہ فی حاجة وتحضرہ صلوة الجماعة او الجمعة بای ذلک یبدأ قال بحاجة مولاہ
کہ اونسی کسی نی حال غلام کا پوچہا کہ اوسکو مولی کسی کام کو بہیجی اور اوسکو جماعت کی یا جمعہ کی نماز پیش آجاوی تو اب کیا کری جواب دیا مولی کا کام

قال الفقیہ ابو اللیث ہذا اذا کان فی الوقت سعة ولا یخاف فوت الصلوة واما اذا خاف فوتہا فلا یجوز لہ
فقیہ ابو اللیث کہتی ہین یہہ جب ہی کہ وقت مین گنجایش ہو اور نماز کی فوت کا خوف نہو اور اگر فوت کا خوف ہو تو پہر نماز کی وقت سی تاخیر

تاخیرہا عن وقتہا لما روی انہ علیہ السلام قال لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق وذکر فی المظہر ان السید
جایز نہین ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا خدا کی گناہ مین بندہ کی تابعداری نہین ہی اور مظہر مین مذکور ہی کہ مولی کو

لا یجوز لہ ان یمنع عبدہ عن اداء فرائض اللہ تعالی لاجل خدمتہ واذا ادی العبد فرائض اللہ تعالی لا یجوز
جایز نہین ہی کہ غلام کو اپنی خدمت کی نظر سی فرایض الہی ادا نکرنی دی اور غلام جب فرایض الہی ادا کر چکی تو اوسکو جایز نہین ہی

له ان يترك خدمة سيده ويشتغل بعبادة غير واجبة عليه الا ان ياذن له سيده فيها حتى لو احرم
کہ مولی کی خدمت چہوڑ کر عبادت غیر واجبی کرنی لگی البتہ اگر اوسکا مولی اجازت دیوی تو مضائقہ نہیں یہان تک کہ اگر غلام نی حج کی
للحج بغیر اذن سیده یجوز للسید ان یخرجه من الاحرام ویمنعه عن اتمام الحج ولو حج وفات عنه خدمة
لئی احرام باندہا تو مولی کو جایز ہی کہ اوسکو احرام مین سی نکال لی حج پورا نہ کرنی دی اور اگر غلام نی حج کیا اور اوسمین خدمت مولی کی فوت ہوگئی
سیده یکون اثما وکذا یجوز لسیده ان یمنعه عن صلوة النفل وصوم النفل ولا یجوز له ان یمنعه
تو گنہگار ہوگا اور ایسی ہی مولی کو جایز ہی کہ غلام کو نماز نفل اور روزہ نفل سی روکدی اور مولی کو یہہ جایز نہیں ہی کہ تشہد اور الحمد
عن تعلم التشهد والفاتحة وعدة سور من القران وفرائض الصلوة والصوم لان هذه الاشياء واجبة
اور چند سورتین قرآن کی اور فرایض نماز روزہ کی نہ سیکہنی دی اسلئی کہ یہہ سب واجب ہین
لا یجوز اهمالها بخلاف غیرها وینبغی للعبد ان یغتنم ایام رقه لما روی انه علیه السلام قال اذا نصح العبد لسیده
انکا ترک جایز نہیں ہی اس سی علاوہ کا ترک مضائقہ نہیں اور غلام کو چاہئی کہ اپنی غلامی کا زمانہ غنیمت سمجہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب غلام اپنی
واحسن عبادة ربه کان له الاجر مرتین وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال نعما للملوك ان یتوفاه الله تعالی
اور عبادت اپنی رب کی اچہی ادا کرتا ہی تو اوسکو دوہرا ثواب ہوتا ہی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کیا اچہا غلام ہی جسکو اللہ تعالی وفات دی
بحسن عبادة ربه وطاعة سیده نعما له وقد روی انه علیه السلام قال فی وعید الابق من مولاه اذا
کہ رب کی عبادت اور مولی کی اطاعت اچہی کر گیا اوسکو نعمت ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی غلام کی حق مین جو مولی سی بہاگ جاوی فرمایا جب غلام بہاگ جاتا ہی
ابق العبد لم یقبل له صلوة وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال ایما عبد ابق برئت منه الذمة وینبغی
تو اوسکی نماز قبول نہین ہوتی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو غلام بہاگ جاتا ہی اوس سی ذمہ خالی ہی اور مولی کو
للمولی اذا طالت مدة مملوکه فی خدمته ان یعتقه لعله ینجو به مما بقی علیه من حقوقه ومظالمه راسا
لازم ہی کہ جب غلام کو خدمت کرتی ہوئی مدت دراز ہو جاوی تو اوسکو ازاد کردی کیا بعید ہی کہ اسکی سبب باقی حقوق اور مظالم سی برابر برابر بچ جاوی
براس ولعل الله تعالی یعتق بکل عضو منه عضوا منه لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال
شاید کہ اللہ تعالی غلام کی ہر عضو کی بدلہ اسکی اعضا کو ازاد کردی کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا
من اعتق رقبة مسلمة اعتق الله تعالی بکل عضو منه عضوا من النار حتی فرجه بفرجه وفیها اشارة
جسنی غلام مسلمان ازاد کیا تو اللہ تعالی اوسکی ہر عضو کی بدلہ اسکی اعضا آگ سی آزاد کریگا یہان تک کہ اسکی شرمگاہ اوسکی شرمگاہ کی بدلہ اسمین اشارہ ہی
الی استحباب اعتاق کامل الاعضاء بان لا یکون مجبوبا او خصیا اتماما للمقابلة اذ فهم منه انه تعالی
کہ ازاد کرنیکا حق یہہ ہی کہ اعضا کامل ہون ایسا کہ ذکر بریدہ یا خوجہ نہو تاکہ پورا مقابلہ ہو جاوی اسلئی کہ اس حدیث سی یون معلوم ہوتا ہی
یعتق فرج المعتق من النار بمقابلة اعتاق فرج مملوکه من الرق ولذلك قیل المستحب ان یعتق الرجل
کہ اللہ تعالی معتق کی شرمگاہ آگ سی ازاد کردیتا ہی بدلہ مین ازادگی شرمگاہ غلام کی غلامی کا اسہیلئی کہتی ہین کہ مستحب یہہ ہی کہ مرد تو غلام ازاد کیا کری
عبدا والمراة امة تحقیقا للمقابلة وکذا ینبغی للسید اذا اتی مملوکه بطعام قد اصلحه ان یقعده معه
اور عورت لونڈی تاکہ مقابلہ ثابت ہو جاوی اور ایسی ہی سید کو لازم ہی کہ جب غلام کہانا پکا کر لاوی تو اوسکو اپنی ساتہہ دستر خوان پر بٹہالی
علی الخوان وان لم یقعده یعطیه لقمة ویقول له کل هذه لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام
اور اگر نہ بٹہاوی تو ایک لقمہ ہی دیدی اور کہدی کی لی کہالی کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا
قال اذا صنع لاحدکم خادمه طعامه ثم جاء به وقد ولی حره ودخانه فلیقعده معه فلیاکل وان
جب تمہاری لئی غلام کہانا پکاوی پہر لیکر آوی اور بیشک اوسنی گرمی اوٹہائی اور دہوان کہایا تو چاہئی کہ اوسکو کہانی کو ساتہہ بٹہالی اور اگر

كان الطعام مستفوها قليلا فليضع في يده منه اكلة او اكلتين وفي الفتاوى رجل لا ينفق على عبده
کھانیوالی بہت ہوں اور کھانا تھوڑا ہو تو اوسکی ہاتھ پر ادسمین سی ایک یا دو لقمین رکھدی اور فتاوی مین ہی کہ ایک شخص غلام کا خرچ نہین اوٹھاتا

ان كان العبد قادرا على الكسب لا ياكل من مال مولاه بلا رضاه وان لم يكن قادرا على الكسب او منعه
اگر وہ غلام کماسکتا ہی تو مولی کی مال مین سی اوسکی بی رضا نہ کہاوی اور اگر کما نہین سکتا یا مولی کمانی نہین

مولاه عن الكسب يجوز له ان ياكل من مال مولاه بلا رضاه والامة تاكل مطلقا روي عن ام سلمة رض
دیتا تو اب جائز ہی کہ مولی کی مال مین سی بلا اجازت کہالی اور لونڈی بہرحال کہالیکری ام سلمہ سی روایت ہی

انه عليه السلام كان يقول في مرضه الصلوة وما ملكت ايمانكم فانه عليه السلام قرن المماليك بالصلوة
کہ نبی علیہ السلام مرض کی حالت مین فرماتی تھی نماز کی اور مملوک کی حفاظت کرو بیشک نبی علیہ السلام نی ممالیک کو نماز کی ساتھ ملاکر

وامر بحفظهم كما امر بحفظها ليعلم ان القيام بمقدار حاجتهم من الطعام واللباس وتعلم الدين واجب
انکی حفاظت کا حکم دیا جیسی نماز کی حفاظت کا تاکہ معلوم ہو کہ ممالیک کی خدمت بقدر حاجت کہانی پہنی اور دین سیکھنی کی مالکون کی ذمہ

على من يملكهم كما يجب الصلوة عليهم فان المسلم كما يجب عليه نفقة عبده وامائه قدر ما يكفيهم كذلك
ایسی واجب ہی جیسی اونپر نماز واجب ہی بیشک مسلمان پر جیسی خرچ غلاموں اور لونڈیون کا بقدر کفایت واجب ہی ایسی ہی

يجب عليه ان يعلمهم ما فرض الله تعالى عليهم وما نهاهم عنه فان هذا امر قد اهمل اكثر العلماء في هذا
اوسپر یہہ واجب ہی کہ سیکھلادی اللہ تعالی نی کیا کیا اونپر فرض کیا ہی اور کیا کیا منع کیا ہی بیشک یہہ ایسا کام ہی کہ اس زمانہ مین اکثر علماء اوسی چھوڑ دیا ہی

الزمان فضلا عن العوام فان العبيد والاماء في هذا الزمان لا يقصدون بالتعليم اصلا بل انما يقصدون
عوام کو کیا رونین بیشک غلام لونڈیان اس زمانہ مین دین سیکھنی کا ارادہ ہرگز نہین کرتی بلکہ بجز مقاصد

لقضاء المآرب الدنيوية فقط كانهم عند ملاكهم حيوان بهيمي لا تكليف عليهم فان كثيرا ممن يدعي
دنیوی کی کچھہ ارادہ نہین کرتی گویا وہ اپنی مالکون کی پاس بیل ڈنگر ہین اونکی ذمہ احکام شرعی نہین ہین بیشک اس زمانہ مین اکثر شخص جو اسلام کا

الاسلام في هذا الزمان يكون عنده عبيد واماء فلا يامرهم بواجب ولا ينهاهم عن حرام بل يكون العبد و
دعوی کرتی ہین اونکی پاس غلام لونڈیان ہین پر اونکو نہ کسی واجب کا حکم کرتی ہین اور نہ حرام سی روکتی ہین بلکہ غلام لونڈیون کو

الجارية في ملكه عدة سنين لا يصليان الصلوة المفروضة ويرتكبان امورا كثيرة من المناهي والمنكرات
اونکی ملک مین کئی کئی برس گذرجاتی ہین کہ فرض نماز نہین پڑھتی اور بہتیری اعمال مناہی اور منکرات کی جاتی ہین

وهو يراهما ويتغافل عنهما ويظن ان اثمهما عليهما لا عليه ولا يعلم ذلك المسكين انه مؤاخذ بما صدر عنهما
اور میان دیکہا کرتی ہین اور کچھہ نہین کہتی اس خیال مین ہین کہ ان دونکا گناہ اونپر ہی مجھپر نہین ہی اور بیچارہ کو یہہ خبر نہین کہ جو گناہ اونسی ہوگا وہ پکڑا جاویگا

ومسئول عنه ومعاقب عليه يوم القيمة لما روي عن عمر بن الخطاب انه عليه السلام قال كلكم راع
اور اوسی پوچھہ ہوگی اور قیامت کی دن اوسپر عذاب ہوگا کیونکہ عمر بن الخطاب سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا تم سب نگہبان ہو

وكلكم مسئول عن رعيته فاذا علم الانسان ان يسئل عن عبيده وامائه يوم القيمة لا يتركهم كالبهايم
اور نگہبانی کی سب سی پوچھہ ہوگی جب آدمی کو یہہ معلوم ہو کہ قیامت کو غلام لونڈیون کی مجھسی پوچھہ ہوگی تو اونکو شتر بی مہار

المرسلة بلا ضابط ديني ولا زاجر شرعي بل يسلكهم بزمام الشريعة ويقيدهم بالاحكام الدينية ويصونهم
بی ضابطہ دینی اور بغیر زاجر شرعی کی کیوں چھوڑی بلکہ اونکو شریعت کی رسی مین باندہی اور احکام دینی مین گھیری اور عذاب اخروی کی

عن موجبات العقوبات الاخروية اذ قال الله تعالى يا ايها الذين امنوا قوا انفسكم واهليكم نارا فان الاهل
اسباب سی بچاوی اللہ تعالی فرماتا ہی اے ایمان والو بچاؤ اپنی جان کو اور اپنی گھر والوں کو اس آگ سی بیشک لفظ اہل کا

وان کان الاصل فیه ان یطلق علی القرابة لکن یطلق علی الاتباع ایضا ولا یبعد ان یکون المراد ههنا هذا

اگرچہ اصل مین قرابت دارپر بولتی ہین لیکن اتباع کو بھی کہتی ہین اور کیا بعید ہی کہ یہان عموم کی جہت سی

المعنی لعمومه فعلی هذا یجب علی المؤمن ان یعلم عبیده وامائه من احکام الاسلام قدر ما یجب علیهم

یہہ ہی معنی مراد ہون اس تقریر کی موافق مؤمن پر واجب ہی کہ اپنی غلام لونڈیون کو احکام دینی جسقدر او نپر واجب ہین سیکہا دیوی

ثم یامرهم باداء الفرائض والواجبات وینهاهم عن ارتکاب المعاصی والمحرمات بالرفق اولا فان ابوا

پہر اونسی فرایض اور واجبات اداکرائی اور معاصی اور محرمات پر عمل کرنیسی منع کردی پہلی تو نرمی سی پہر اگر نہ مانین

یغلظ الکلام علیهم فان ابوا یضربهم فمن لم یدخل منهم طریق الصلاح بعد ذلک یبیعه لانه مادام

تو زبانی دہمکاکر پہر بہی اگر باز نہ آوین تو مارکر پہر بہی اگر کوئی اونمین سی طریقہ خوبی کا نہ لی تو اوسکو بیچ ڈالی اسلئی کہ جب تک اسکی ملک

فی ملکه یجب علیه حفظه کما قال قاضیخان فی فتاوئه رجل له عبد مریض لا یقدر علی الوضوء عن

مین رہیگا اوسکی حفاظت کا ذمہ دار ہی چنانچہ قاضیخان اپنی فتاوی مین کہتی ہین ایک شخص کی پاس غلام بیمار ہی وضو نہین کرسکتا

محمد یجب علی المولی ان یوضیه لانه مادام فی ملکه کان علیه تعاهده لکن ینبغی ان یعلم ان المولی و

امام محمد سی ہی کہ مولی پر وضو کرانا واجب ہی اسلئی کہ جبتک اسکی ملک مین ہی تب تک اوسکا ذمہ دار ہی لیکن سمجہنا چاہئی کہ مولی کو اگرچہ غلام کا مارنا

ان جاز له ان یضرب عبده اذا اتی بما لا یوجب الحد لکن اذا اتی بما یوجب الحد فلیس له ان یقیم علیه

جایز ہی اگر وہ ایسی خطا کری کہ جسمین حد نہ آتی ہو لیکن اگر ایسا کام کریگا جسمین حد آتی ہو تو مولی کو اختیار نہین ہی کہ مقدمہ پیش کئی پر جبتک حاکم

الحد الا باذن الحاکم بعد المرافعة الیه وثبوته عنده فاذا اقام علیه الحد ولم ینزجر یبیعه ولو بثمن بخس

ثابت کرکر حکم نہ دی اسپر حد جاری کری پہر جب اوسپر حد جاری ہوچکی تو بہی نہ بازآوی تو بیچ ڈالی اگرچہ کم داموں سستا

لما روی عن ابی هریرة رضی الله عنه قال اذا زنت امة احدکم فتبین زناها فلیجلدها بحد ولا یثرب علیها ثم ان

اسواسطی کہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب کسیکی لونڈی زنا کری اور وہ ظاہر ہوجاوی تو اوسکو حد مارنی چاہئی اور اوسکو کچہہ سرزنش نہ کری پہر اگر

زنت فلیجلدها بحد ولا یثرب علیها ثم ان زنت الثالثة فلیبعها ولو بحبل من شعر وفی ذکر الامة علی الاطلاق

دوبارہ زنا کری تو پہر حد مارنی چاہئی اور کچہہ سرزنش نہ کری پہر اگر تیسری دفعہ زنا کری تو اوسکو بیچ ڈالی اگرچہ بدلہ بال کی رسی کی اور مطلق لونڈی کی ذکر کرنی مین

اشعار بان حدها منکوحة کانت او غیرها الجلد لانه نصف جلد الحرائر لقوله تعالی فان اتین بفاحشة

یہہ اشارہ ہی کہ لونڈی کی حد منکوحہ ہو یا غیر منکوحہ درہ ہین اتنا ہی کہ آزاد عورت سی آدہی بدلیل اس آیت کی پہر اگر کرین بیحیائی کا کام

فعلیهن نصف ما علی المحصنت من العذاب والمراد بالفاحشة فی الاٰیة الزنا وبالمحصنت الحرائر وبالعذاب

تو اونپر ہی آدہی مار جو بی بیون پر مقرر ہی اور مراد لفظ فاحشہ سی اس آیت مین زنا ہی اور محصنت سی مراد آزاد عورتین ہین اور عذاب سی مراد

الجلد لا الرجم لانه لا یتنصف واستدل الشافعی بهذا الحدیث علی ان للمولی اقامة الحد علی مملوکه وقال

درہ ہین سنگسار نہین ہی کیونکہ سنگسار کا آدہا نہین ہی اور امام شافعی نی اس حدیث سی استدلال کیا ہی کہ مولی کو اپنی غلام پر حد جاری کرنیکا اختیار ہی اور

الحنفیون لیس له ذلک الا باذن الامام لقوله علیه السلام اربع الی الولاة وذکر منها الحدود والولاة جمع الوالی

حنفی کہتی ہین کہ بدون اذن امام کی مولی کو اختیار نہین ہی بدلیل اس حدیث کی کہ چار باتین والیون کی اختیار مین ہین اونہی مین حدود کو ذکر کیا اور ولاۃ جمع والی کی ہی

وهو اذا اطلق ینصرف الی من له ولایة عامة وهو السلطان او نائبه واما التصریح بالنهی عن التثریب

اور اسکو بی قید بولتی ہین تو وہ حاکم مراد ہوتا ہی جسکو حکومت عام ہو یعنی بادشاہ یا اوسکا نائب اور صریح ممانعت سرزنش سی لونڈیون کو

علیها بعد الامر بجلدها فلان عقوبة الزنا قبل ان یشرع الجلد کان التثریب وهو التوبیخ والتعییر

بعد حکم دینی درہ زنی کی اسواسطی ہی کہ زنا کی عقوبت درہ مقرر ہونی سی پہلی تثریب تہی یعنی جہڑکنا اور شرم دلانی

فيكون معنى الحديث لا يقتصر على تعييرها بل ليقم عليها الحد وقيل معناه لا تثريب عليها بعد اقامة الحد
تو معنی حدیث کی یہہ ہوئی کہ سرزنش پر اکتفا نکرین بلکہ اوسپر حد جاری کیجاوی اور بعضی کہتی ہین اسکی معنی یہہ ہین کہ جب حد جاری ہوچکی تو اب سرزنش نہین ہی

عليها واما الامر ببيعها في الثالثة فلما فيه من ترك المخالطة مع الفساق واهل المعاصي فان قيل كيف يكره
اور رہا حکم بیچ دینیکا تیسری دفعہ مین سو اسلئی ہی کہ اسمین فساق اور فجار کا ملاپ اور صحبت چہوٹتی ہی پہر اگر کوئی اعتراض کری یہہ کیونکر ہی

شيئا لنفسه ويرتضيه لاخيه المسلم مع انه عليه السلام قال لا يؤمن احدكم حتى يحب لاخيه ما يحب
کہ ایک شی کو اپنی لئی برا سمجہی اور بہائی مسلمان کی لئی پسند کری باوجودیکہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی مؤمن نہوگا کوئی تم مین سی جبتک کہ پسند کری واسطی بہائی

لنفسه فالجواب انه يبيعها على قصد ان تستعف عند مشتريها بضبطها او بالاحسان اليها والتوسعة عليها
مسلمان کی جو پسند کری اپنی لئی تو اسکا جواب یہہ ہی کہ اس نیت سی بیچی کہ مشتری کی پاس جاکر اوسکی ضبط یا احسان کرنی سی اور فراخی برتنی سی عفیفہ ہوجاوی

وذكر في نصاب الاحتساب ان من اعتاد ان يشتم مماليكه كل يوم وكل ساعة لا يقبل شهادته وان كان
اور نصاب الاحتساب مین مذکور ہی جسکی یہہ عادت پڑجاوی کہ غلامون کو ہر روز اور ہر وقت گالیان دیا کری تو اوسکی گواہی مردود ہی اور اگر کبہی کبہی گالی دیتا ہو

احيانا تقبل ان لم يكن قذفا وان كان قذفا يسقط العدالة ويوجب الجلد لكن لا يضرب في الدنيا لان المولى
تو گواہی اوس صورت مین قبول ہوگی کہ وہ گالی قذف نہووی اور اگر قذف ہو تو وہ عادل نہین رہتا اور درہ مارنی آتی ہین لیکن دنیا مین نہین اسلئی کہ مولی پر

لا يعاقب في الدنيا بسبب عبده بل يضرب في الآخرة لما روى عن ابي هريرة انه عليه السلام قال من قذف
دنیا مین غلام کی جہت سی عقاب نہین ہوتا بلکہ آخرت مین لگینگی کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص اپنی غلام کو

مملوكه وهو بريء مما قال جلد يوم القيمة الا ان يكون كما قال وذكر الفقيه ابو الليث في التنبيه عن عامر الشعبي
گالی دی اور وہ اوسکی گالی سی پاک ہی تو قیامت کی دن درہ لگینگی الا اگر اوسکی کہنی کی موافق ہو تو خیر اور فقیہ ابو اللیث تنبیہ مین عامر شعبی سی روایت کرتا ہی

انه قال استسقى رجل من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من اهل بيت فدعت المرأة خادمتها فابطأت
کہ ایک شخص نی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین سی ایک اہل بیت سی پانی مانگا سو بی بی گہر والی نی لونڈی کو بلایا اوسنی دیر کی

فقذفتها فقال ذلك الرجل اما انك تستحدين لها يوم القيمة او تقيمين اربعة انها كما قلت فاعتقها
پہر بی بی نی اوسکو گالی دی پہر اوس شخص نی کہا سنتی ہی بیشک قیامت کی دن تیری حد لگیگی یا چار گواہ لاؤ کہ یہہ لونڈی ایسی ہی جو تو کہتی ہی پہر بی بی نی اوسکو آزاد کردیا

قال عسى ان يكفر هذا عنك هذا الحديث وان دل على ان قذف المملوك يوجب الحد لكن لا
اوس شخص نی کہا امید ہی کہ تیرا یہہ عوض ہوجاوی اس حدیث سی اگرچہ معلوم ہوتا ہی کہ غلام کو گالی دینی سی حد لازم آتی ہی لیکن حد

يحد به لعدم الاحصان فيه لان شرط الاحصان في حد القذف خمسة الحرية والاسلام والعقل و
واجب نہین ہوتی اسلئی کہ محصن نہین ہی اسلئی کہ حد قذف مین احصان کی شرطین پانچ ہین آزادگی اور اسلام اور عقل اور

البلوغ والعفة عن الزنا فمن لم يوجد فيه واحد من هذه الشروط الخمسة لا يكون محصنا فقذفه
بلوغ اور پاک ہونا زنا سی پہر جسمین ان پانچ شرطون مین سی کوئی سی ایک ہی موجود نہو گی تو وہ محصن نہین ہوگا ایسی کی قذف سی حد نہین آتی

لا يوجب الحد بل يوجب التعزير البالغ غايته وهو تسعة وثلثون سوطا عند ابي حنيفة وعند ابي يوسف في
بلکہ بڑی سی بڑی تعزیر آتی ہی اور وہ نزدیک امام ابو حنیفہ کی انتالیس درہ ہین اور امام ابو یوسف کی نزدیک ایک

رواية خمسة وخمسون وفي رواية تسعة وسبعون فان لم يضرب في الدنيا يضرب في الآخرة بسياط
روایت مین پچپن درہ ہین اور ایک روایت مین اناسی درہ ہین سو دنیا مین اگر نہ لگینگی تو آخرت مین سب کی سامنی آگ کی درہ لگینگی

من النار على رؤس الاشهاد ومن يوجد فيه هذه الشروط الخمسة كلها يكون محصنا ويوجب قذفه الحد
اور جسمین یہہ پانچون شرطین تمام موجود ہون تو وہ محصن ہی اوسکی قذف سی حد لازم آتی ہی

وهو ثمانون سوطا للحر ونصفها للعبد مع عدم قبول شهادتهما ولو بعد التوبة لقوله تعالى والذين يرمون
یعنی اسی درّہ آزاد کی لئے اور آدھی غلام کی لئے اور گواہی بہی مقبول نہوگی اگرچہ توبہ کرین بدلیل اس آیت کی اور جو لوگ عیب لگاتی ہین

المحصنت ثم لم ياتوا باربعة شهداء فاجلدوهم ثمانين جلدة ولا تقبلوا لهم شهادة ابدا واولئك هم
قیدوالیون کو پہر نہ لائی چار شاہد تو ماروا اونکو اسی چوٹ قمچی کی اور نہ مانو اونکی کوئی گواہی کبہی اور وہ ہی لوگ ہین

الفسقون الا الذين تابوا من بعد ذلك واصلحوا فانه تعالى قد بين في هذه الاية ان الذين يرمون المحصنت
بی حکم مگر جنہون نی توبہ کی اس پیچہی اور سنوار پکڑی بیشک اللہ تعالی نی اس آیت مین بیان فرمایا ہی کہ جو لوگ تہمت زنا کی کرتی ہین پاک عورتون پر

حجتهما لا بما فی نفس الامر حتی ان من کان مبطلا فی دعواه اذا اتی بشاهدی الزور ولم یعلم القاضی بکذبهما وقضی
یہہ نہین ہی کہ نفس الامر سی حکم ہو یہان تک کہ جسکا دعوی جہوٹا ہو اور وہ جہوٹی دوگواہ گذار دی اور قاضی کو اونکا جہوٹ معلوم نہو اور وہ اونکی گواہی کی

بشهادتهما بعد تعديلهما فهو محق في الحكم وان لم يكن ما حكم به ثابتا في نفس الامر فعلم من هذا ان حكم القاضي
موافق تعدیل کی بعد حکم کردی تو قاضی کا حکم حق پر ہی اگرچہ وہ مدعا نفس الامر مین ثابت نہو اس سی معلوم ہوا کہ قاضی کا حکم
بشهادة الزور لا يحل ما كان حراما ولا يحرم ما كان حلالا ولا ينفذ قضاؤه الا ظاهرا وهذا متفق عليه
جھوٹی گواہی سی حرام کو حلال نہین کر دیتا اور نہ حلال کو حرام اور اوسکا حکم ظاہر ہی مین جاری ہوتا ہی یہہ بات املاک مرسلہ
في الاملاك المرسلة التي لم يذكر فيها سبب معين من اسباب الملك واما في العقود كالبيع والشراء والنكاح
کہ جنمین کوئی خاص سبب ملک کا بیان نہو متفق علیہ ہی اور رہی عقود جیسی بیع اور شرا اور نکاح
والاجارة ونحوها وفي الفسوخ كالاقالة والطلاق ونحوهما فعند ابي حنيفة ينفذ ظاهرا وباطنا وعند غيره
اور اجارہ اور مانند انکی اور فسوخ عقد جیسی اقالہ اور طلاق اور مانند انکی سو امام ابو حنیفہ کی نزدیک حکم قاضی کا ظاہر اور باطن مین جاری ہوتا ہی اور اونکی
انما ينفذ ظاهرا لا باطنا لهم ان القضاء اظهار ما كان ثابتا لا اثبات ما لم يكن ثابتا وما ادعى من العقود والفسوخ لم يكن
نزدیک فقط ظاہر مین جاری ہوتا ہی باطن مین نہین ہوتا انکی یہہ دلیل ہی کہ قضا ظاہر کرنا ثابت کا ہی غیر ثابت کا ثابت کرنا نہین ہی اور دعوی عقود مین اور فسوخ مین ثابت
ثابتا عند كون الدعوى باطلة والشهود كاذبة فلا ينفذ القضاء فيه الا ظاهرا واما باطنا فلا لان القضاء انما
نہین ہوتا جس صورت مین کہ دعوی جھوٹا ہوا ور گواہی جھوٹی ہون تو اب قضا صرف ظاہر مین نافذ ہوگی باطن مین نہین ہوگی اسلئی کہ قضا حجت کی
ينفذ بقدر الحجة والحجة باطلة في الباطن لكون شهادة الزور حجة في الظاهر لا في الباطن والمشهود له
موافق نافذ ہوتی ہی اور یہہ حجت تو باطن مین غلط ہی کیونکہ گواہ جھوٹی ہین ظاہر مین حجت ہی باطن مین نہین اور گواہون والا
يعلم ذلك والقاضي لا يعلمه فينفذ قضاؤه ظاهرا لا باطنا كما في الاملاك المرسلة وله ان القاضي اذا قيمت عنده
اسکو جانتا ہی اور قاضی نہین جانتا سو قضا ظاہر مین نافذ ہوگی باطن مین نہین ہوگی جیسی املاک مرسلہ مین اور امام صاحب کی یہہ دلیل ہی کہ قاضی کی پاس
البينة وعدلت يكون عليه القضاء واجبا حتى لو امتنع عن القضاء او اخره يكون اثما لكن لما كان القضاء اظهار
جب گواہ آئی اور تعدیل ہو چکی تو اوسپر حکم دینا واجب ہی یہان تک کہ اگر کچہہ حکم نہ دیوی یا درنگ کری تو گنہگار ہوتا ہی لیکن چونکہ قضا ظاہر کرنا
ما كان ثابتا ولم يكن ما ادعى من العقود والفسوخ ثابتا عند كون الدعوى باطلة والشهود كاذبة وجب اثباته
ثابت کا ہوتا ہی اور مدعا عقود اور فسوخ ثابت نہین ہوتا جسصورت مین کہ دعوی باطل اور گواہ جھوٹی ہون تو اب بطور اقتضا کی
اقتضاء لئلا يلزم ان يكون القاضي مكلفا بما ليس في وسعه فان قضاء القاضي فيما يحتمل الانشاء ولم يكن في المحل
مدعا ثابت کرنا ضرور ہوا تا کہ قاضی کی تکلیف طاقت سی زیادہ لازم نہ آوی بیشک حکم قاضی ایسی محل مین ہی کہ احتمال نئی سرسی ہونیکا ہی اور اس محل مین
مانع وكانت الشهود كاذبة يكون انشاء لانه مامور بالقضاء بالحق ولا يكون قضاؤه بالحق فيما يحتمل الانشاء ولم
کوئی مانع نہین ہی اور گواہ جو جھوٹی تہی تو انشا یعنی از سرنو اب ہو جائیگا کیونکہ قاضی قضا برحق کا مامور ہی اور اوسکی قضا برحق ایسی محل مین کہ احتمال انشا کا ہو دی اور
يكن في المحل مانع وكانت الشهود كاذبة الا بالحمل على الانشاء والعقود والفسوخ مما يحتمل الانشاء وللقاضي ولاية الانشاء
وہان مانع بہی نہو اور گواہ بہی جھوٹی ہون نہین ہوسکتی بدون حمل کئی انشا پر اور عقود اور فسوخ مین انشا یعنی از سرنو کا احتمال ہی اور ہی قاضی از سرنو کر دیگا
في الجملة فيجعل قضاؤه انشاء بطريق الاقتضاء فيصير كانه قال في دعوى عقد النكاح له زوجتك اياه وحكمت
فی الجملہ مختار ہی سو اوسکی قضا بطریق اقتضاء انشا از سرنو ہوگی اسکا انجام یہہ ہی گویا قاضی عقد نکاح کی دعوی میں یہہ کہتا ہی مینی تیرا نکاح اوسکی ساتھہ کر دیا
بينكما بالنكاح وفي دعوى فسخ النكاح يصير كانه قال فرقتك عنه وحكمت بينكما بالطلاق وكذا في غير ذلك
اور مینی تم دونو مین نکاح کا حکم دیا اور فسخ نکاح کی دعوی مین یہہ انجام ہوتا ہی گویا قاضی کہتا ہی مینی تجکو اوس سی اب جدا کیا اور تم دونو مین طلاق کا حکم دیا اور ایسی تہا اور
مما ادعى من العقود والفسوخ بخلاف الاملاك المرسلة فان القضاء فيها بشهادة الزور لا ينفذ الا ظاهرا لان
دعووں مین جو جو دعوی عقود اور فسوخ کی ہون برخلاف املاک مرسلہ یعنی بی قید کی بیشک اوسمین قضا جھوٹی گواہی سی صرف ظاہر مین نافذ ہوگی کیونکہ

الملك لابد له من سبب وفي الاسباب كثرة ومزاحمة ولا يمكن للقاضي ان يعين شيئا منها بدون الحجة اذ ليس بعضها
ہر ملک کی واسطی کوئی سبب چاہئی اور اسباب تو بہت ہین ایک دوسری کا مخالف قاضی سی یہہ نہین ہوسکتا کہ اونمین سی کسی ایک کو بدون حجت کی مقرر کر لی کیونکہ ایک کو

اولى من البعض فحينئذ لا يمكن اثبات شيء منها سابقا على القضاء بطريق الاقتضاء لان الملك ليس مما يحتمل الانشاء
ایک پر کچھ فوقیت نہین ہی سو اب بطریق اقتضاء قضا سی پہلی کچھ بھی ثابت نہین ہوسکتا اسلئی کہ ملک مین احتمال انشا کا یعنی از سرنو کا تو نہین ہی

والقاضي ليس مامورا بالقضاء بالملك بل هو مامور بالقضاء بقصر يد المدعى عليه عن المدعى فهذا هو النافذ منه
اور قاضی کو یہہ حکم نہین کہ ملک کا حکم دیا کری بلکہ اوسکو یہہ حکم ہی کہ مدعی علیہ کا ہاتہہ مدعی سی کوتاہ کردی سو یہہ ہی کہ ظاہر مین نافذ ہوتی ہی

ظاهرا لا غير بيانه ان رجلا اذا ادعى على رجل بيعا او شراء في جارية او طعام واقام شاهدي الزور وقضى القاضي
فقط اسکی تفصیل یہہ ہی کہ ایک شخص نی ایک شخص پر ایک لونڈی یا طعام کی بیع کا یا شراء کا دعوی کیا اور دو جھوٹی گواہ گذاردی اور قاضی نی

بينهما بالبيع او الشراء ينفذ قضاؤه ظاهرا وباطنا حتى يحل لمن حكم له بالجارية او الطعام ان يطأ الجارية بعد الاستبراء
اون دونون مین بیع یا شراء کا حکم دیا تو یہہ حکم ظاہر اور باطن مین نافذ ہو جائیگا یہان تک کہ جسکو وہ لونڈی یا طعام دلایا گیا ہی حلال ہی کہ لونڈی سی بعد رحم صاف کرنی کی

ويأكل الطعام لثبوت الملك له بالثمن الذي وقع الشهادة به واما اذا ادعى رجل على رجل ملكا مطلقا في جارية او
وطی کری اور کہانا کہا لیوی کیونکہ اوسکی ملک ثمن سی ثابت ہوچکی جسکی گواہ گذر چکی ہین اور رہی وہ صورت کہ ایک شخص ایک شخص پر لونڈی یا طعام کی مطلق ملکیت کا دعوی

طعام من غير تعيين سبب من اسباب الملك واقام شاهدي الزور وقضى القاضي بينهما بالملك لا ينفذ قضاؤه الا
کری اور کوئی سبب خاص ملک کا بیان نکری اور دو جھوٹی گواہ گذاردی اور قاضی اونمین حکم ملکیت کا دیدیوی تو اب اوسکا حکم فقط ظاہر مین نافذ ہوگا

ظاهرا حتى لا يحل لمن حكم له الجارية والطعام ان يطأ الجارية او يأكل الطعام لعدم ثبوت الملك له فيما بينه وبين
یہان تک کہ جسکو لونڈی یا طعام دلا دیوی حلال نہین ہی کہ لونڈی سی صحبت کری یا طعام کو کہا لیوی کیونکہ اوسکی ملک فیما بینہ وبین اللہ یعنی واقع مین ثابت

الله تعالى ومن امثلة العقود ان احدا من الرجال او النساء اذا ادعى على اخر نكاحا واقام شاهدي الزور وقضى
نہین ہی اور ایک مثال عقد کی یہہ ہی کہ کوئی مرد ہو یا عورت اگر دوسری پر نکاح کا دعوی کرکر دو جھوٹی گواہ گذاردی اور قاضی

القاضي بينهما بالنكاح ينفذ قضاؤه ظاهرا وباطنا حتى يحل للرجل الوطي وللمراة التمكين هذا اذا لم يكن المراة في
اونمین حکم نکاح کا کردی تو اب قضا ظاہر اور باطن مین نافذ ہوجائیگی یہان تک مرد کو وطی اور عورت کو اپنی اوپر قبضہ دینا حلال ہی یہہ اوس صورت مین ہی کہ وہ عورت

نكاح الغير وعدته فاما اذا كان في نكاح الغير وعدته فالقضاء انما ينفذ ظاهرا فقط لا باطنا ومن امثلة الفسخ
اور کی نکاح مین یا عدت مین نہو اور اگر اور کسیکی نکاح یا عدت مین ہوگی تو قضاء صرف ظاہر مین نافذ ہوگی باطن مین نہوگی اور مثال فسخ کی یہہ ہی

ان احد الزوجين اذا ادعى على اخر فسخ النكاح واقام شاهدي الزور وقضى القاضي بينهما بالفرقة ينفذ قضاؤه ظاهرا و
کہ خاوند جورو مین سی کسی نی دوسری پر فسخ نکاح کا دعوی کرکر دو جھوٹی گواہ گذاردئی اور قاضی نی اونمین جدائی کا حکم دیدیا تو یہہ حکم ظاہر و باطن مین نافذ ہوگا

باطنا حتى يحرم للرجل الوطي وللمراة التمكين ويجوز لها التزوج بزوج اخر ويجوز للزوج الاخر وطؤها وان علم ان الزوج
یہان تک کہ اوس خاوند کو اب وطی اور جورو کو اپنی اوپر قبضہ دینا حرام ہی اور عورت کو جائز ہی کہ اور خصم کر لی اور اوس دوسری خاوند کو اوسکی وطی جائز ہی اگرچہ معلوم ہو کہ پہلی

الاول لم يطلقها بان كان احد شاهدي الزور وهذا كله قد كان ظاهرا معلوما مما ذكر لكن ينبغي ان يعلم ايضا ان
خاوند نی اسکو طلاق نہین دی ہی اسطور کہ اون دو جھوٹی گواہون مین کا ایک یہہ ہی ہو اور یہہ تمام مذکور سابق سی ظاہر اور معلوم ہی پر یہہ بہی سمجھ لو کہ

قضاء القاضي في العقود والفسوخ بشهادة الزور وان كان نافذا ظاهرا وباطنا ومفيدا للحل عند ابي حنيفة لكونه
قاضی کا حکم عقود اور فسوخ مین جھوٹی گواہی سی اگرچہ ظاہر و باطن مین نافذ اور امام کی نزدیک حلت کا فائدہ بہی دیتا ہی کیونکہ عقد یا فسخ

انشاء بطريق الاقتضاء الا ان المدعي والشهود لا يخلو من ان يتعرضوا لسخط الله تعالى وعقابه حيث ارتكبوا ما نهى الله
بطور اقتضاء کی از سرنو ہو جاتا ہی اتنا ہی کہ مدعی اور گواہ دونو غضب الہی اور عقاب سی نہ بچین گی کیونکہ اونہون نی وہ عمل کیا ہی جو اللہ

ورسوله وسعوا فی ابطال حق الغیر وظلمه لاسیما اذا لم یکن الثمن الذی شهدوا به مساویا للقیمة واما المدعی فانه ارتکب
اور اوسکی رسول نی منع کیا ہی اور غیر کی حق تلفی اور ظلم مین سعی کی ہی خاص کر اوس صورت مین کہ ثمن جسکی گواہی دی ہی قیمت کی برابر نہو مدعی نی تو جھوٹ بولا

الکذب وادعی ما لیس له وقد روی انه علیه السلام قال من ادعی ما لیس له فلیس منا فلیتبوأ مقعده من النار واما الشهود
اور ایسا دعوی کیا جو اوسکا حق نہین ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسنے دعوی کیا جو اوسکا حق نہین ہی وہ ہم مین سی نہین ہی چاہئی کہ اپنا ٹھکانا دوزخ مین تیار کری

فانهم ارتکبوا الکبیرة التی شابهت الشرک وهی شهادة الزور ولکن المدعی حیث رضی بها وقد روی انه علیه السلام
اور یہی گواہ سو اونہون نی وہ گناہ کبیرہ اختیار کیا کہ شرک کی مانند ہی یعنی جھوٹی گواہی ایسی ہی مدعی کہ اوسپر رضامند ہوا اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی

قال عدلت شهادة الزور بالاشراک بالله تعالی ثلث مرات ثم قرأ قوله تعالی فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبوا قول الزور فانه
تین بار فرمایا جھوٹی گواہی اشراک باللہ کی برابر ہی پھر یہہ آیت پڑھی سو بچتے رہو بتون کی گندگی سی اور بچتے رہو جھوٹی بات سی بیشک نبی علیہ السلام

بین فی هذا الحدیث ان شهادة الزور کانت مساویة للشرک فی حصول الاثم الموجب لدخول النار الا ان الشرک موجب للخلود
نی اس حدیث مین بیان فرمایا کہ جھوٹی گواہی گناہ مین شرک کی برابر ہی جس سی بالضرور دوزخ مین داخل ہونا ہی اتنا ہی کہ شرک سی دوام کو دوزخ ہی

فیها وشهادة الزور غیر موجبة له ومما ینبغی ان یعلم ایضا ان قضاء القاضی بشهادة الزور فی العقود والفسوخ انما ینفذ ویفید
اور جھوٹی گواہی سی دوام نہین ہی اور یہہ بہی سمجھنی کی بات ہی کہ قاضی کا حکم جھوٹی گواہی سی عقود اور فسوخ مین جب نافذ ہوتا ہی دحلت کا فائدہ

الحل اذا اخذ القاضی القضاء بغیر رشوة واما اذا اخذ القضاء بالرشوة فلا یکون قاضیا ولا ینفذ حکمه علی ما ذکر فی عامة
دیتا ہی کہ قاضی کو عہدہ قضا بغیر رشوت ملا ہو اور اگر قضا رشوت دیکر لی ہی تو نہ وہ قاضی ہی اور نہ اوسکا حکم نافذ ہی چنانچہ تمام کتابون مین مذکور ہی

الکتب فعلی هذا لا یوجد فی هذا الزمان قاض ینفذ حکمه اذ قلما یوجد قاض یاخذ القضاء بغیر الرشوة فان القضاة فی هذا
اس روایت کی موافق اب اس زمانہ مین ایسا کوئی قاضی نہین ہی جسکا حکم نافذ ہو کیونکہ بہت کمتر قاضی ہین جنکو قضا بدون رشوت کی ملجاوی بیشک اس زمانہ کی قاضی

الزمان یسعون فی اخذ القضاء بالرشوة سعیا بلیغا ویبذلون فی تحصیله مالا کثیرا ویسمونه باسماء غیر الرشوة مع کون کله
رشوت دیکر قضا لینی مین نہایت درجہ کی سعی کرتی ہین اور قضا کی لئی خوب مال خرچ کرتی ہین اوسکا نام سوای رشوت کی کچھہ اور رکھہ چھوڑا ہی باوجودیکہ سب

رشوة فکیف یوجد فیهم قاض ینفذ حکمه فانهم باخذهم القضاء بالرشوة یکونون سببا لابطال کثیر من الاحکام الشرعیة
رشوت ہی پھر کہان ہی ایسا قاضی جسکا حکم نافذ ہووی کیونکہ قاضی تو رشوتون سی قضا لیکر بہتیری احکام شرعی باطل کرتی ہین

لان کثیرا من امور المسلمین مفوض الی رایهم وموقوف علی حکمهم وهم اذا اخذوا القضاء بالرشوة لا ینفذ حکمهم فی شیء
اسلئی کہ اکثر امور مسلمانون کی اونکی رای پر مفوض اور اونکی حکم پر موقوف ہین اور اونہون نی جب قضا رشوت دیکر لی تو اونکا حکم کسی فیصلہ شرعی مین نافذ نہین ہوتا

من المحکومات الشرعیة فیلزم بطلان کثیر من امور المسلمین لاسیما النکاح الذی یکون مفوضا الیهم فان القاضی الذی اخذ
تو اب مسلمانون کی بہتیری امور باطل ہوتی ہین خاص کر نکاح جو اونکی طرف مفوض ہی بیشک جس قاضی نی رشوت دیکر

القضاء بالرشوة اذا عقد النکاح الذی فوض الیه یکون ذلک النکاح باطلا فیلزم ان یکون الزوج والزوجة زانیین ما داما
قضا حاصل کی ہی جب وہ کسیکا عقد نکاح کریگا جو اوسکی طرف مفوض ہی تو وہ نکاح باطل ہوگا اب یہہ لازم آتا ہی کہ دونو خاوند جورو زانی ہون جب تک

تحت ذلک النکاح ولیس هذا الا لکثرة محبتهم للدنیا وقلة مبالاتهم فی الدین فانهم لغلبة غفلتهم عن الاخرة یاخذون القضاء
اوس نکاح مین رہین اور یہہ حال اسی لئی ہی کہ دنیا کی محبت بہت ہی اور دین کی پروا کمتر ہی کیونکہ یہہ قاضی آخرت سی خوب غافل ہوکر قضا کو رشوت سی

بالرشوة ولا یبالون بکونهم ملعونین بلعن رسول الله علیه السلام بل یفتخرون به مع ان کثیرا من السلف امتنعوا عن قبوله
حاصل کرتی ہین اور اوسکی کچھہ پروا نہین کہ اونپر رسول علیہ السلام کی لعنت پڑتی ہی بلکہ اوسپر فخر کرتی ہین باوجودیکہ سلف مین اکثر لوگون نی باوجود نہایت اکراہ کی بہی

حتی اکرهوا اکراها بلیغا علی قبوله فلم یقبلوه فضلا عن بذل المال فی اخذه الا تری ان ابا حنیفة دعی الی القضاء ثلث مرات
قبول نہین کیا اور اوسکی لئی مال خرچ کرنیکا تو کیا ذکر ہی دیکھتا نہین کہ امام ابو حنیفہ کو قضا کی لئی تین دفعہ بلایا

فابى حتى حبس وضرب فى كل مرة ثلثين سوطا فلما خاف على نفسه قال حتى استشاور اصحابى فشاورهم فقال ابو يوسف

پر انکار ہی کیا آخر کو قید ہوئی اور ہر بار تیس تیس کوڑی کہائی پہر جب جان کا خوف ہوا تو کہا مین اپنی یاروں سی مشورہ لیلون پہر مشورہ کیا تو ابو یوسف نی کہا

لو تقلدت لانتفعت الناس فنظر اليه ابو حنيفة نظر الغضب وقال لو امرت ان اعبر البحر سباحة لكنت اقدر عليه

اگر قضا لیلو تو لوگون کا بڑا فائدہ ہی پہر ابو حنیفہ نی اونکی طرف غصہ سی کہور کر کہا اگر مجہکو یہہ حکم ہوتا کہ دریا کو تیر کر اوتر جاؤن تو البتہ مجہکو قدرت تہی

فكانى بك قاضيا فاعرض ولم ينظر اليه بعد ذلك وكذلك دعى محمد الى القضاء فابى حتى قيد وحبس نيفا وخمسين يوما

میری جگہہ تو ہی قاضی سہی پہر منہہ پہیر لیا اور اونکی طرف پہر نہ دیکہا اور اسی طور امام محمد کو قضا کی واسطی بلایا سو انکار کیا یہان تک کہ قید ہوئی اور پچاس اور کئی دن مجبور

واضطر فتقلده وانما امتنع هؤلاء الكرام عن تقلده لما روى عن ابى هريرة انه عليه السلام قال من جعل قاضيا

رہی آخر لاچار ہو کر قضا لیلی اور اس جماعت بزرگ نی اسپی لئی نہ مانا کہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص لوگون پر قاضی ہوا

بين الناس فقد ذبح بغير سكين والمراد من الذبح فى هذا الحديث القتل فان القتل بغير سكين كسقى السم مثلا لا يؤثر

بیشک بی چہری ذبح ہوا اور ذبح سی مراد اس حدیث مین قتل ہی بیشک قتل بغیر چہری کی جیسی زہر پلا دینا مثلا ظاہر مین کچہہ اثر نہین کرتا

فى الظاهر وانما يؤثر فى الباطن بازهاق الروح كذا القضاء لا يؤثر فى الظاهر لانه فى الظاهر رفعة وعظمة وانما يؤثر

اور باطن مین ایسا اثر کرتا ہی کہ جان نکل جاتی ہی ایسی ہی قضا ظاہر مین کچہہ اثر نہین کرتی کیونکہ ظاہر مین تو رفعت اور عظمت ہی باطن مین ایسا اثر کرتی ہی

فى الباطن باهلاك الدين لان القاضى قلما يعدل بين الخصمين بل ربما يميل فى الحكم الى الاصدقاء والاقرباء او الى من

کہ دین ہلاک کر دیتی ہی اسلئی کہ قاضی خصمین بہت ہی کم عدل کرتا ہین بلکہ اکثر حکم مین دوست کی اور اقربا کی طرف داری کر جاتی ہین یا کسی منصب والی کی

له منصب يتوقع نواله او يخاف بلاءه وربما يوسوس له نفسه على قبول الرشوة فمن كان حاله كذلك فالموت خير

جس سی کچہہ وصول کی توقع ہ یا اوسکی بلا کا خوف ہو اور بعضی وقت دلمین رشوت لینی کا خطرہ گذرتا ہی پہر جسکا ایسا حال ہووی تو ایسی قضا سی موت بہتر ہی

من القضاء لان الموت يقطعه عن المعاصى والقضاء يوقعه فى المعاصى فان قيل القضاء بالحق من اقوى الفرائض

کیونکہ موت تو معاصی سی الگ کر دیتی ہی اور قضا معاصی مین مبتلا کر دیتی ہی پہر اگر کوئی کہی حکم حق پر دینا عمدہ فرایض سی

واشرف العبادات لكونه امرا بالمعروف ونهيا عن المنكر وقد امر الله به النبيين كما قال فى كتابه انا انزلنا التورية

اور عبادات مین اشرف ہی اسلئی کہ امر بالمعروف اور بند کرنا بدی سی ہی اور اللہ نی انبیا کو یہہ حکم کیا ہی چنانچہ قرآن مین فرماتا ہی ہمنی اوتاری توریت

فيها هدى ونور يحكم بها النبيون وقال لنبينا عليه السلام انا انزلنا اليك الكتب بالحق لتحكم بين الناس فما وجه

اسمین ہدایت اور روشنی اوسپر حکم کرتی پیغمبر اور ہماری نبی علیہ السلام کو فرمایا ہمنی اوتاری تجہکو کتاب سچی کہ تو انصاف کری لوگون مین پہر اس سی

الامتناع عنه فالجواب انه وان كان من اقوى الفرائض واشرف العبادات لكن ذكر فى كتب الفقه ان من كان

رکنی کی کیا وجہ ہی جواب یہہ ہی کہ قضا اگرچہ بڑا فریضہ اور عبادات مین اشرف ہی پر فقہ کی کتابون مین مذکور ہی کہ جو شخص

صالحا له ينبغى له ان لا يطلبه بقلبه ولا يسئله بلسانه فان دعى اليه بلا طلبه فقال بعض العلماء يكره له الدخول فيه

قضا کی لایق ہو اوسکو لازم ہی کہ دل سی اوسکا طالب نہووی اور نہ زبان سی اوسکا سوال کری پہر اگر بلا طلب اوسکی لئی مقرر کرین تو بعضی علما کہتی ہین کہ اختیار سی قضا مین

مختار لما روى عن انس انه عليه السلام قال من ابتغى القضاء وسئله وكل الى نفسه ومن اكره عليه انزل الله تعالى

پہنسنا مکروہ ہی اسلئی کہ انس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسنی قضا تلاش کی اور سوال کیا تو اپنی ذات پر حوالہ کیا جاتا ہی اور جو بزور قاضی کیا گیا تو اللہ تعالی

عليه ملكا يسدده فانه عليه السلام اشار فى هذا الحديث الى ان من يطلب القضاء بقلبه ويسئله بلسانه يفوض امره

اوسپر فرشتہ تعین کر دیتا ہی وہ اوسکو راستی پر رکہتا ہی سو نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین یہہ اشارہ کیا کہ جو شخص قضا کو دل سی تلاش اور زبان سی سوال کرتا ہی تو وہ اوسکی

الى نفسه ومن يفوض امره الى نفسه لا يهدى الى الصواب لان النفس امارة بالسوء تجر صاحبها الى المخالفة وسوء المطالبة

ذات پر حوالہ ہی اور جسکا امر اوسکی ذات پر حوالہ رہا صواب کا راہ نہین پاتا اسلئی کہ نفس برائی ہی بتاتا ہی اپنی یار کو مخالفت اور بری مطالبی کی طرف کہینچتا ہی

فلا یسلم من الوقوع فی الظلم والمعصیة وایضا من یطلب القضاء ویسئله یتهم علمه وورعه فیکون صاحب عجب
کھینچتا ہی سو ظلم اور معصیت سی سلامت نہیں رہتا اور یہہ بھی ہی کہ جو قضا کی طلب اور سوال کرتا ہی تو اپنی علم اور پرہیز پر بھروسہ کرتا ہی اسواسطی تکبر آویگا

فیحرم التوفیق واما من یکرہ علیه فانه یصیر منکسر القلب بالاکراہ فیعتصم بحبل الله تعالی ویتوکل علی الله
اور توفیق سی محروم ہوگا اور جسپر قضا کی لئی زور ہوتا ہی تو اکراہ سی آزردہ دل ہوکر الله کی رسی سی سہارا لیتا ہی اور الله پر توکل کرتا ہی

ومن یعتصم بالله فقد هدی الی صراط مستقیم ومن یتوکل علی الله فهو حسبه فیلهمه الرشد ویرزقه
اور جو الله کا سہارا پکڑتا ہی بیشک سیدھی راہ پاتا ہی اور جو شخص الله پر توکل کری وہ اوسکا ذمہ دار ہی پس اوسکی دل مین رشد پیدا کردیتا ہی اور

الصواب یسرنا الله تعالی عملا مطابقا لرضائه بلطفه وکرمه المجلس الثانی والثمانون فی بیان
صواب مین پہنچاتا ہی الہی ہمپر عمل مطابق اپنی رضا کی اپنی لطف اور کرم سی آسان کر بیاسی مجلس اوس شخصکی بیان مین

من یجوز له الوعظ للناس ومن لا یجوز وما یتفرع علیه قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
جسکو لوگون کی لئی وعظ کہنا جایز ہی اور جسکو نہین جایز اور اسپر کیا پیدا ہوتا ہی رسول الله صلی الله علیه وسلم نی فرمایا

لا یقص الا امیر او مامور او مختال هذا الحدیث من حسان المصابیح رواہ عوف بن مالك ومثله ما رواہ ایضا انه ع م
وعظ نہین بیان کرتا مگر امیر یا مامور یا شیخی خورا یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی عوف ابن مالک کی روایت سی اور ایسی ہی مضمون کی وہ حدیث ہی

قال القصاص ثلثة امیر ومامور ومختال والقص التکلم بالقصص ویستعمل فی الوعظ وهو المراد ههنا والمعنی الذین
علیه السلام نی فرمایا وعظ کہنی والی تین ہین امیر اور مامور اور شیخی کرنیوالا اور قصہ کی معنی ہین قصہ بیان کرنا اور قص وعظ مین برتا جاتا ہی اور یہان وعظ ہی مرادہی اور معنی یہہ ہین

یعظون الناس ثلثة احدهم الامیر وهو الحاکم فان الحکام فی الزمان الاول کانوا یعظون الناس ویقصون علیهم اخبا
جو شخص لوگون کو وعظ کہتی ہین تین ہین ایک تو امیر یعنی حاکم بیشک پہلی زمانہ مین حکام ہی لوگون کو وعظ کیا کرتی تہی اور گذری ہوئی خبرین انکو سناتی تہی

الماضیة لیعتبروا وثانیهم المامور وهو الذی امرہ الامیر بالوعظ واذن له فیه وثالثهم المختال وهو الذی لیس بامیر
تاکہ عبرت پذیر ہون اور دوسرا مامور یعنی جسکو امیر نی واسطی وعظ کی مقرر کیا اور اجازت دی ہی اور تیسرا مختال یعنی نہ وہ امیر ہی

ولا مامور من جهته بل هو فضولی یفعل ذلك تکبرا علی الناس وطلبا للریاسة بینهم ویرائیهم بقوله وفعله وفیه
اور نہ امیر کی طرف سی مامور بلکہ وہ شخص زایدہی یہہ پیشہ لوگون پر بزرگ ہونی کو اور اونمین ریاست لینی کو اختیار کرتا ہی اور اونکو اپنا قول اور فعل دکہلاتا ہی اسمین

زجر للواعظ عن الوعظ بغیر اذن الامام وانما کان کذلك لان الامام یجب علیه ان یقوم بمصالح الرعیة ویرتب
واعظ کو کہ بدون اذن امام کی وعظ کہی ممانعت ہی اور ممانعت اسلئی ہی کہ امام پر واجب ہی کہ واسطی مصلحت رعیت کی مستعد رہی اور ہر ہر گانو مین

فی کل قریة وفی کل محلة عالما متدینا یعلم الناس دینهم فینظر فی العلماء فمن یری فیه علما ودیانة وحسن عقیدة
اور ہر ہر محلہ مین ایک ایک عالم دیندار تعین کری کہ وہ لوگون کو دین تعلیم کیا کری پہر علماء مین غور کری جسمین علم اور دیانت اور نیک عقیدہ دیکہی

یاذن له ان یعظ الناس ومن لا یری فیه هذہ الصفات لا یاذن له فی الوعظ لئلا یوقع الناس فی البدعة والضلالة
اوسکو اجازت دی کہ لوگون کو وعظ کیا کری اور جسمین یہہ صفات نہ پاوی تو اوسکو وعظ کی اجازت نہ دی تاکہ لوگون کو بدعت اور بی راہی مین نہ پہنسادی

کما هو واقع فی هذا الزمان وذلك لان الخلق لا یولدون بالعلم وانما یولدون بالجهل والجهل مرض من امراض القلوب
جیسا اس زمانہ مین ہو رہا ہی اور یہہ اسواسطی ضروری ہی کہ خلق عالم نہین پیدا ہوتی یہہ سب جہالت مین پیدا ہوتی ہی اور جہالت دلکی بیماریون مین سی ایک مرض ہی

فلا بد له من طبیب حاذق یعالجهم ویزیل مرضهم بتعلیم احکام الدین فی اصله وفرعه ومن لم یکن حاذقا
سو اس مرض کی لئی کوئی پکا طبیب چاہئی کہ علاج کرکر دین کی اصل اور فرعی احکام سکہاکر اونکا دلی مرض کہودی اور جو پکا طبیب نہین ہی

لا یزیل مرضهم بل یزیدهم مرضا فیهلکهم وقد ذکر فی الاحیاء ان الدنیا دار المرض اذ لیس فی بطن الارض الا میت
تو اونکا دکہہ نہین کہو دیگا بلکہ اور دکہہ بڑہا کر ہلاک کردیگا اور احیاء مین مذکور ہی کہ دنیا بیماری کا گہر ہی کیونکہ جو زمین کی اندر ہی سو مردہ ہی

ولا علی ظهرها الاسقیم ومرض القلوب اکثر من مرض الابدان وانما صار کذلك لثلث علل احدها ان من کان
اور جو اوسکی باہر ہی سو بیمار ہی اور دلکی دکہہ جسمانی بیماریسی زیادہ ہین اور یہہ حال تین سبب سی ہوگیا ہی ایک تو یہہ کہ جو
مریض القلب لا یدری کونه مریضا والثانیة ان عاقبة مرض القلب لا یشاهد قبل الموت بخلاف مرض البدن
دلکا دکہیا ہی وہ اپنی تئین دکہیا نہین سمجہتا اور دوسرا سبب یہہ ہی کہ دلکی بیماریکا انجام موت سی پہلی ظاہر نظر نہین آتا برخلاف مرض بدنی کی
فان عاقبته موت مشاهد تنفر عنه الطباع ولکون ما بعد الموت غیر مشاهد قلت النفرة عن الذنوب
کہ اوسکا انجام موت نظر آتی ہی سو ئی طبیعتین اوس سی نفرت کرتی ہین اور موت کی بعد کا حال جو ظاہر نہین نظر آتا اسلئی گناہونسی نفرت کم ہوگئی ہی
ویتکل مرتکبها علی فضل الله تعالی ولا یشتغل بعلاج مرض قلبه بل یشتغل بعلاج مرض بدنه من غیر اتکال
اور گنہگار اللہ تعالی کی فضل پر تکیہ کرلیتا ہی اور اپنی دلکی دکہہ کا علاج نہین کرتا بلکہ بدنی مرض کا علاج فضل الٰہی پر بی تکیہ کئی کرتا ہی
علی فضل الله تعالی مع کون فضل الله تعالی عاما فی الدنیا والاخرة والثالثة وهی الداء العضال فقد الطبیب
باوجودیکہ اللہ تعالی کا فضل دنیا اور آخرت دونومین برابر ہی اور تیسرا سبب یہہ ہی اور یہہ بڑا سخت دکہہ ہی یعنی طبیب کا نہونا
فان الاطباء هم العلماء وهم فی هذا الزمان قد مرضوا مرضا شدیدا حتی عجزوا عن علاج انفسهم فضلا عن
کیونکہ اسکی طبیب تو علماء ہین سو اس زمانہ مین وہ خود ہی سخت بیمار ہین یہان تک کہ اپنا ہی علاج نہین کرسکتی غیر کی تو کیا گنتی ہی اس سبب سی یہہ دکہہ
علاج غیرهم وبهذا السبب عم الداء وانقطع الدواء وهلك الخلق بل اشتغل الاطباء بفنون الاغواء فلیتهم
اور بہی زیادہ پہیل گیا اور علاج جاتا رہا اور خلق مرگئی بلکہ طبیب طرح طرح کی اغوا مین مشغول ہین کاشکی وہ طبیب
اذ لم یصلحوا لم یفسدوا ولیتهم سکتوا ولم ینطقوا فانهم اذا تکلموا لا یقصدون فی مواعظهم الا استمالة قلوب العوام
اگر علاج نکرتی تو دکہہ ہی نہ بڑہاتی اور کاشکی وہ خاموش رہتی کچہہ نہ بولتی بیشک جب وہ بولتی ہین تو اوس وعظ سی سوا بہلانی قلوب عوام کی کچہہ اور غرض نہین
ولا یتوصلون الیها الا بذکر الرجاء والرحمة لکون ذلك الذ فی الاسماع واخف علی الطباع فینصرف الخلق عن مجلس
ہوتی اور اسکا وسیلہ یہہ ہی امید اور رحمت کا ذکر ٹہرا رکہا ہی کیونکہ یہہ ہی کانون مین لذیذ اور طبیعتوں پر ہلکا ہی پہر خلقت مجلس وعظ سی جب اوٹہتی ہی
وعظهم وقد استفادوا مزید جرأة علی المعاصی ومهما کان الطبیب کذلك یهلك المریض بالدواء حیث یضعه
تو اونکو گناہوں پر اور بہی جرات پیدا ہوجاتی ہی اور جب طبیب ہی ایسا ہووی تو دکہیا دواہی سی مریگا کیونکہ طبیب بی محل دوا
فی غیر موضعه فان الخوف والرجاء دواءان لکن لشخصین متضادی العلة فالذی غلب علیه الخوف حتی هجر
دیتا ہی بیشک خوف اور رجا دونو دوا تو ہین پر ایسی دو شخص کی جو ایک سی بیمار نہون پہر جسپر خوف اتنا غالب آیا کہ دنیا بالکل ترک کی
الدنیا بالکلیة وکلف نفسه ما لا یطیق وضیق علیه العیش یکسر سورة خوفه بذکر اسباب الرجاء وسعة رحمة
اور اپنی جان طاقت سی زیادہ تکلیف مین ڈالی اور عیش تنگ کرلیا تو اوسکی خوف کی شدت کو اسباب رجا کی اور فراخی رحمت الٰہی کا ذکر کرکی
الله تعالی لیعود الی الاعتدال وکذا المصر علی الذنوب المشتهی للتوبة الممتنع عنها بحکم القنوط والیاس استعظاما
گہٹادی تاکہ وہ اعتدال پر آجاوی اور ایسی ہی جو گناہ پر اڑا ہوا توبہ کا آرزومند کہ بسبب ناامیدی اور یاس کی اپنی گناہوں کو سخت سمجہہ کر
لذنوبه التی سبقت یعالج ایضا بذکر اسباب الرجاء وسعة رحمة الله تعالی حتی یطمع فی قبول توبته فیتوب
جو اوس سی عمل مین آئی ہین توبہ نکرتا ہو ایسی کا علاج بہی یہہ ہی ذکر کرنا اسباب رجا کا اور فراخی رحمت الٰہی کا ہی تاکہ اوسکو توقع قبول توبہ کی پیدا ہو پہر وہ توبہ کری
فاما معالجة المغرور المسترسل فی المعاصی بذکر اسباب الرجاء وسعة رحمة الله تعالی فیضاهی معالجة المحرور
اور رہا دہوکی مین پڑا ہوا معاصی مین بی قید اسکا علاج ذکر اسباب رجا سی اور بیان فراخی رحمت الٰہی ہی ایسا ہی جیسی تپ چڑہی کو
بالعسل وذکر فی موضع اخر من الاحیاء ان هذا الزمان زمان لا ینبغی ان یذکر فیه للخلق اسباب الرجاء وسعة
شہد پلادیا اور احیاء کی ایک اور جگہ مین مذکور ہی کہ یہہ ایسا زمانہ ہی کہ اسمین خلقت کی سامنی ذکر اسباب رجا کا اور بیان فراخی

رحمة الله تعالى لان ذكرها يهلكهم بالكلية لكنها لما كانت اخف على النفوس والذ في القلوب ولم يكن غرض
رحمت الٰہی کا اچہا نہین کیونکہ یہہ دونو ذکر خلقت کو سراسر کہو دیتی ہین لیکن یہہ ذکر لوگون پر جو ہلکا ہی اور اون کی دلون مین لذت پیدا کرتا ہی اور واعظون کی
الوعّاظ الا استمالة القلوب واستنطاق الخلق بالثناء عليهم كيف ما كانوا مالوا الى الارجاء حتى ازداد الفسّاق فسادًا
غرض یہی دلون کی بہلانی اور خلقت سی اپنی تعریف کرانی کی سوا کچہہ اور نہین ہی خلق کا حال کچہہ ہی ہوا کرو تو واعظ خواہ مخواہ رجا کی طرف متوجہ ہوتی ہین یہان تک کہ فاسقین
والمنهمكون في طغيانهم تماديا وذكر في موضع اخر ان الخلق الموجودين في هذا الزمان كان الاصلح لهم غلبة الخوف بشرط
اور یہی فساد بڑہگیا اور طغیانی مین پہنسی ہوئی لوگ اور ہی ڈوب گئی اور ایک اور جگہہ مین مذکور ہی کہ اس زمانہ کی خلقت کی لئی اصلح یہہ ہی کہ اونپر خوف کا غلبہ کیا جاوی پر اتنا
ان لا يخرجهم الى الياس وترك العمل وقطع الطمع من المغفرة فيكون ذلك سببا للتكاسل عن العمل وداعيا الى الانهماك
کہ وہ نا امید ہوکر عمل ترک نکردین اور مغفرت کی طمع نہ جاتی رہی کیونکہ اب عمل مین سست اور لاچار معاصی مین کہپ جاوینگی سو یہہ درجہ یاس کا ہی
في المعاصي فان ذلك قنوط وليس بخوف بل الخوف هو الذي يحث على العمل ويكدر جميع الشهوات ويزعج القلب
خوف کا نہین ہی بلکہ خوف یہہ ہوتا ہی کہ عمل کی رغبت ہو اور تمام شہوات بی مزہ ہو جاوین اور دل دنیا کی رغبت سی بیزار ہوکر
عن الركون الى دار الغرور ويدعوه الى الميل الى دار السرور وهذا هو الخوف المحمود لا الياس الموجب للقنوط فاذا كان
اوکہڑ جاوی اور آخرت کی رغبت ہونی لگی اور یہہ حالت اچہی خوف کی ہی یاس کا درجہ نہین جسمین نا امید ہو جاوی جب حال ایسا ہی
الامر كذلك فالطريق الذي ينبغي ان يسلكه الواعظ في وعظه مع الخلق في هذا الزمان اذا كان مامورا من
تو وہ رستہ جو واعظون کو وعظ مین اس زمانہ کی خلقت کی ساتہہ چلنا چاہئی جب کہ واعظ امام کی طرف سی مامور ہو تو یہہ ہی کہ
جهة الامام ان يذكر ما في القران من الايات المخوفة للمذنبين وما ورد في الاخبار والاثار في ذم المجرمين ومدح التائبين
کہ قرآن مین سی وہ آیات بیان کری جنمین گنہگارون کی واسطی خوف ہی اور وہ احادیث اور آثار جنمین گنہگارون کی ہجو اور توبہ کرکر طاعت کرنیوالون کی مدح ہی
المطيعين ويستكثر منها ان كان وارث رسول رب العالمين فانه عليه السلام ما خلف دينارا ولا درهما وانما
اور اسہی قسم کی کثرت رکہی اگر رسول رب العالمین کا وارث ہی بیشک نبی علیہ السلام نی نہ دینار چہوڑا ہی اور نہ درہم یہہ ہی
خلف العلم والحكمة وورثه كل عالم بقدر ما اصابه ثم ينبغي له ان يقرر عندهم ان تعجيل العقوبة على الذنب متوقع
علم اور حکمت چہوڑ گئی ہین اور ہر عالم اوسکا وارث ہوا جتنا اوسکی نصیب مین تہا پہر یون چاہئی کہ اونکی سامنی تقریر کری کہ گناہ کی وبال سی دنیا مین ابہی عقوبت ہو جانی
في الدنيا ويبين لهم ان كل ما يصيب الانسان من المصائب في الدنيا فهو بسبب ذنبه كما قال الله تعالى وما اصابكم
ممکن ہی اور بیان کری کہ انسان پر دنیا مین جو مصیبت پڑ جاتی ہی سو وہ سب گناہون کی وبال سی ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور جو پڑتی تمپر
من مصيبة فبما كسبت ايديكم فينبغي له ان يخوفهم بذلك لان بعض الناس يخاف من العقوبة في الدنيا ويتساهل
کوئی سختی سو بدلہ اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتہون نی اب لازم ہی کہ اونکو یہہ ہی خوف دلاوی اسلئی کہ بعضی آدمی دنیا ہی کی عقوبت سی ڈرتی ہین اور آخرت کی
في امر الاخرة لفرط جهله فيلزمه ان يبين له ان الذنوب كلها يتعجل في الدنيا شومها في غالب الامر ويضيق عليه رزقه
بات مین جہالت کی ماری سہولت برتتی ہین تو اب واعظ کو لازم ہی کہ اوسکی سامنی یہہ ہی بیان کری کہ گناہون کی شامت اکثر دنیا مین جلد آجاتی ہی اور اسکی سبب سی روزی تنگ
بسببها لما روي انه عليه السلام قال ان العبد ليحرم الرزق بسبب ذنب يصيبه ثم ينبغي له ان يفخم امر الوعظ ويرفع
ہو جاتی ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ آدمی گناہ کی سبب رزق سی محروم ہو جاتا ہی پہر اوسکو چاہئی کہ وعظ عظمت سی اور پکار کر کہی
صوته ويكون منه في وعظه ما يشعر بالحال الذي هو فيه من الترغيب والترهيب لما روي عن جابر انه عليه السلام
اور وعظ مین جو بیان کرتا ہو ویسا ہی حال بنالی کہ صوت سی ترغیب اور خوف معلوم ہو کیونکہ جابر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام کا
كان اذا خطب احمرت عيناه وعلا صوته كانه منذر جيش وكذا ينبغي له اذا تكلم بكلام ان يكرره ثلث مرات
یہہ حال تہا کہ جب وعظ فرماتی تو آنکہین سرخ اور آواز بلند ہو جاتی گویا فوج سی ڈراتی ہین اور ایسی ہی لازم ہی کہ جب کوئی بات کہی تو تین بار کہی

ليفهمه سامعوه ويتمكن في قلوبهم ويحفظوه لما روي عن انس انه عليه السلام كان اذا تكلم بكلمة اعادها ثلثا
تاکہ سننے والے سمجھہ لیں اور اونکے دلوں میں بیٹھہ جاوے اور یاد رکھیں کیونکہ انس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام اگر کوئی بات فرماتے تو تین بار کہتے

حتى تفهم عنه لكن يجب عليه ان يحترز عن خلط كلامه البدعة لما ذكر في الاحياء ان الواعظ مهما مزج كلامه البدعة
تاکہ خوب سمجھہ لیں لیکن واعظ پر واجب ہے کہ اپنے کلام میں بدعت کی باتیں نہ ملاوے کیونکہ احیاء میں مذکور ہے کہ واعظ اگر بدعت بیان کریگا

يجب منعه ولا يجوز حضور مجلسه الا على قصد الرد عليه ان قدر وان لم يقدر لا يحضر مجلسه وكذا مهما كان كلامه
تو اوسکا روکنا واجب ہے اور اوسکی مجلس میں جانا جایز نہیں مگر بارادہ رد کے جاوے تو جاوے اگر قدرت رکہتا ہو اور اگر قدرت نہو تو اوسکی مجلس میں نجاوے اور ایسے ہی اگر اوسکی کلام

مائلا الى الارجاء وتجرية الناس على المعاصي وزاد بسببه رجاء الخلق على خوفهم فهو منكر يجب منعه لكون
ارجا کی طرف جہکتی ہو اور لوگوں کو معاصی پر جرات ہوتی ہو اور اس باعث سے خلق کو رجا خوف سے زیادہ بڑہ جاوے اب وہ واعظ نہیں منکر ہے اوسکا روکنا چاہیے

فساده عظيما بل الاقرب والاليق بطباع الخلق ان يرجح خوفهم على رجائهم لانهم الى الخوف احوج وذكر في الرسالة
اسکا بڑا فساد ہے بلکہ خلقت کی حال کے مطابق یہہ ہے کہ اونپر رجا سے خوف غالب رہے کیونکہ خوف کی زیادہ تر محتاج ہیں اور امام غزالی کے رسالہ میں

المسماة يا ايها الولد للامام الغزالي ان الواعظ ينبغي له ان يكون عزمه وهمته ان يدعو الناس من الدنيا الى
جسکا نام یا ایہا الولد ہے مذکور ہے کہ واعظ کو چاہیے کہ اوسکا قصد اور ہمت یہہ ہی ہووے کہ لوگوں کو دنیا سے آخرت کی طرف بلاوے اور معصیت سے طاعت کی طرف

الاخرة ومن المعصية الى الطاعة ومن الحرص الى القناعة ويحبب اليهم الاخرة ويبغض عليهم الدنيا ويعلمهم
طلب کرے اور حرص سے قناعت کی طرف اشارہ کرے اور اونکو آخرت کی محبت اور دنیا کا بغض دلاوے اور اونکو عبادت

العبادة والتقوى لان الغالب في طباعهم الزيغ عن منهج الشرع والسعي فيما لا يرضى الله تعالى فيلقي في قلوبهم
اور پرہیزگاری تعلیم کرے اسلئے کہ اونکی طبیعتوں میں اکثر شرع کی راہ سے کجی اور برخلاف رضامندی اللہ تعالی کی سعی ہوتی ہے سو اونکی دلوں میں خدا کا خوف

الرعب ويخوفهم عما يستقبلهم من المخاوف لعل صفات باطنهم تتغير ومعاملة ظاهرهم تتبدل ويظهر منهم الحرص
ڈالے اور اونکو سامنے آتی ہوئی خوفناک چیزوں سے ڈراوے شاید کہ اونکی صفات باطنی بدل جاویں اور ظاہر کا معاملہ پلٹ جاوے اور اونسے طاعت کی حرص

الى الطاعة والرجوع عن المعصية وهذا هو طريق الوعظ والنصيحة وكل واعظ لا يكون وعظه هكذا فوعظه وبال
اور معصیت سے رجوع ظاہر ہونے لگے اور یہہ ہی طریقہ وعظ اور نصیحت کا اور جس واعظ کا وعظ ایسا نہووے تو اوسکا وعظ کہنے

على القائل والسامع بل قيل انه شيطان في صورة الانسان يخرج الخلق عن طريق الحق ويهلكهم فيجب عليهم ان يهربوا
اور سننے دونوں پر وبال ہے بلکہ بعضے کہتے ہیں کہ وہ انسان کی صورت میں شیطان ہے کہ خلقت کو طریق حق سے بچلا کر ہلاک کرتا ہے سو خلق پر واجب ہے کہ اوس سے ایسا بہاگیں

منه فرارهم من الاسد لان ما يفسده هذا الواعظ من دينهم لا يستطيع ان يفسد بمثله الشيطان ومن كان له يد و
جیسے شیر سے بہاگتے ہیں کیونکہ یہہ واعظ جتنا انکا دین برباد کریگا شیطان کی قدرت نہیں کہ اتنا برباد کردے اور جسکو قابو اور قوت ہووے

قدرة يجب عليه ان ينزله من منابر المسلمين ويمنعه عما باشره لانه من جملة الامر بالمعروف والنهي عن المنكر وكذا الوعاظ
واجب ہے کہ اوسکو مسلمانوں کی منبر سے اوتار دے اور وعظ کہنے سے روکدے کیونکہ یہہ امر بہی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں داخل ہے اور ایسے ہی وہ واعظ

الذين يشتغلون بالقصص التي يتطرق اليها الزيادة والنقصان والكذب والبهتان قد ورد نهي السلف عن الجلوس في
کہ کہانیاں بیان کرتے ہیں جسمیں زیادتی کمتی اور جہوٹ اور بہتان ملا ہوا ہے تقدمین انکی مجلس میں جانے سے منع کر گئے ہیں

مجلسهم لان القصص منها ما ينفع سماعه ومنها ما يضر سماعه وان كان صدقا فمن فتح على نفسه ذلك الباب يختلط
اسلئے کہ بعضے قصوں کا سننا مفید ہوتا ہے اور بعضے قصوں کا سننا ضرر کرتا ہے اگرچہ سچا ہووے پہر جو شخص اپنے اوپر یہہ دروازہ کہول لیگا تو اوسپر

عليه الصدق بالكذب والنافع بالضار وقال احمد بن حنبل القصة ان كانت من قصص الانبياء والصالحين
سچ جہوٹ میں اور نافع مضر میں ملا ہے گا تمیز نہوگی اور احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ قصہ اگر انبیا اور صلحاء کا ہو

فيما يتعلق بامور الدين وكانت صحيحة الرواية فلا ارى به باسا فليحذر الكذب وحكاية احوال تؤدي الى هفوات
جو امور دینی سی متعلق ہی اور سروایت بہی صحیح ہو تو اسمین کچہہ مضائقہ نہیں معلوم ہوتا سو جھوٹ سی اور ایسی احوال بیان کرنی سی پرہیز کری جسمین خطا
ومساهلات يقصر فهم العوام عن درك معانيها فان العامي يتمسك بذلك في مساهلاته وهفواته ويمهد لنفسه
اور سہل انکاری ہو اور عوام کا فہم اوسکی معانی سمجھنی سی قاصر ہو کیونکہ عام لوگ اوس حکایت مین سی کل سہل انکاری اور خطا کی سند کر لیتی ہیں اپنی لئی ایک عذر بنا کر
عذرا فيها ويقول قد صدر عن بعض المشائخ وبعض الاكابر كيت وكيت وكيف بنا وكلنا بصدد المعاصي فلا غرو
کہڑا کر لیتی ہیں اور کہنی لگتی ہیں بیشک بعضی بعضی مشائخ اور بزرگوں سی ایسی ایسی باتیں ہوگئیں ہیں اور ہماری تو کیا شمار ہی ہم تو سراسر گنہگار ہی ہیں
ان صدر مني ذنب فقد صدر عمن هو اكبر مني ويفيد ذلك جرءة على الله تعالى من حيث لا يدري وبعد الاحتراز
اگر ہم سی کوئی گناہ ہوگیا تو کیا تعجب ہی جب ہم سی جو بڑی بزرگ ہیں اونسی ہوگیا ہی اور اسمین عوام کو خدا پر ایسی جرءت پیدا ہوتی ہی کہ اوسکو خبر نہیں ہوتی اور
عن هذين فلا باس به وعند ذلك يرجع القصص المحمودة الى ما اشتمل عليه القران وصح في الكتب الصحيحة من الاخبار
یہہ دونو امر اگر نہوں تو پہر کچہہ خوف نہیں ہی اب وہ اچہی اچہی سچی حکایات مطابق ہونگی جو قرآن مین آئی ہیں اور تاریخ کی معتبر کتابوں میں صحیح صحیح مذکور ہیں اور
واما ما يوجد في بعض الكتب التي يذكر فيها من قصص الانبياء ما لا يليق بحالهم فيجب تنزيههم عنها كقصة داود النبي
اور رہی وہ قصی جو بعضی کتابوں مین ملتی ہیں جنمین انبیاء علیہم السلام کی قصہ ایسی مذکور ہیں کہ انبیاء کی حال سی مناسب نہیں ہیں ایسی قصوں سی اونکو پاک سمجہنا واجب ہی
فانها على ما يرويها القصاص من انه عليه السلام دخل ذات يوم محرابه واغلق بابه وجعل يصلي ويقرأ الزبور
جیسی قصہ داود نبی علیہ السلام کا سو یہہ قصہ موافق روایت قصاصوں کی کہ داود علیہ السلام نی ایکروز اپنی محراب مین داخل ہوکر دروازہ بند کرلیا اور نماز اور زبور کی تلاوت مین مشغول ہوئی
فبينما هو كذلك اذ جاء الشيطان في صورة حمامة من ذهب فمد يده ليأخذها لابن له صغير فطارت فامتد
وہ اسی حال مین تہی کہ ناگاہ شیطان سونی کا کبوتر بنکر آگیا سو داود علیہ السلام نی چہوٹی بیٹی کی کہیلنی کی واسطی اوسکی پکڑنی کو ہاتہہ لپکایا وہ اوڑگیا پہر ہاتہہ لپکایا
اليها فطارت فوقعت في كوة فتبعها فابصر امرأة جميلة قد نفضت شعرها فغطى بدنها وهي كانت امرأة رجل
تو وہ اوڑکر تابدان مین گرپڑا اوسکی پیچہی گئی تو ایک عورت خوبصورت کہ اوسنی اپنی بال کہول کر بدن ڈہک لیا نظر پڑگئی اور وہ ایک شخص کی جورو تہی
يقال له اوريا وكان من غزاة البلقاء فكتب الى صاحب بعث البلقاء وهو ايوب بن صوريا ان ابعث
نام اوسکا اوریا اور بلقاء کی غازیوں مین تہا پہر داود نی بلقا کی سردار لشکر یعنی ایوب بن صوریا کو یہہ لکہا کہ مین اوریا کو بہیجتا ہوں
اوريا فقدمه على التابوت وكان من يتقدم على التابوت لا يحل له ان يرجع حتى يفتح الله تعالى على يديه او يستشهد
سو تو اوسکو تابوت پہ پیش کردینا اور قاعدہ یوں تہا کہ جو شخص تابوت پر پیش ہوتا تہا اوسکو حلال نہیں تہا کہ بدون فتح کئی ہوئی چلا آوی یا شہید ہوجاوی
ففتح الله تعالى على يده وسلم وامره ان يرده مرة اخرى وثالثة حتى قتل واتاه خبر قتله ولم يحزن كما يحزن على
سو اللہ تعالی نی اوسکی ہاتہہ پر فتح دی اور وہ سلامت بچا پہر اوسکو حکم دیا کہ اوریا کو دوبارہ اور تیبارہ روانہ کری آخر وہ مارا گیا اور داود علیہ السلام کو خبر اوسکی قتل کی آئی تو
الشهداء فتزوج امرأته فهذا وامثاله افك مبتدع تمجه الاسماع ومنكر مخترع تنفر عنه الطباع ناش من عدم
شہدا پر ہوتا تہا پہر اوسکی بی بی سی نکاح کرلیا سو یہہ قصہ اور ایسی ایسی اور قصی طوفان کہڑی ہیں کان سنی ہی انکار کرتی ہیں اور بیجا بنائی ہوئی ہیں طبیعتوں کو اونسی نفرت ہوتی ہی
العلم بما يجب وما يستحيل وما يجوز في حق الانبياء فويل لمن ابتدعه واشاعه وتبا لمن اخترعه وازاعه اذ يقبح
اسکا باعث یہہ جہالت ہی کہ انبیاء علیہم السلام کی حق مین کیا واجب ہی اور کیا محال ہی اور کیا جایز ہی سو افسوس ہی جسنی اسکو گہڑا اور مشہور کیا اور ہلاکت ہو جسنی بنایا اور پہیلایا کیونکہ
ان يحدث به عن بعض المتسمين بالصلاح من افراد المسلمين فضلا عن بعض اعلام الانبياء والمرسلين ولذلك
قبیح ہی کہ ایسی بات مسلمانوں مین سی کسی صالح سی منقول ہو چہ جائی کہ بزرگ انبیاء اور مرسلین سی اسی لئی علی کرم اللہ وجہہ نی کہا ہی
قال علي كرم الله وجهه من حدثه بحديث داود النبي عليه السلام على ما يرويه القصاص جلدته مائة وستين
کہ جو شخص داود علیہ السلام کی بات موافق روایت قصاص کی بیان کریگا تو مین اوسکو ایک سو ساٹہہ کوڑی ماردونگا

وهذا حد الفرية على الانبياء وروى ان عمر بن عبد العزيز حدث بذلك وكان عنده رجل من اهل الحق فكذب
اور انبیا پر تہمت لینیکی یہہ ہی حد ہی اور روایت ہی کہ عمر بن عبد العزیز کی سامنی یہہ ہی بیان ہوا اور اوسکی پاس ایک شخص حقانی موجود تہا سو اوسنی
المحدث به وقال ان القصة ان كانت على ما في كتاب الله تعالى فما ينبغي ان يلتمس خلافها بان يقال غير ذلك
اوس قصی کو جہٹلایا کہا کہ قصہ داود کا اگر کتاب اللہ کی موافق ہی تو کیا مناسب ہی کہ اوسکی خلاف تلاش کریں کہ اوسکی سوای اور کچہہ بیان ہو
وان كانت على ما ذكرت فقد كف الله تعالى عنها سترا على نبيه فما ينبغي اظهارها عليه فقال عمر بن عبد العزيز
اور اگر تیری اظہار کی موافق ہو تو بیشک اللہ تعالی نی اسکا اپنی نبی پر پردہ رکہا تو اوسکا بیان کرنا لایق نہین ہی عمر بن عبد العزیز نی کہا
لسماع هذا الكلام احب الى مما طلعت عليه الشمس وانما قال ذلك لانها قصة زل فيها كثير من الناس وقالوا
یہہ بات مجہکو سب باتون سی محبوب تر ہی جن پر آفتاب چمکتا ہی اور یہہ اسلئی کہا کہ یہہ ایسا قصہ ہی کہ اسمین بہت لوگ پہسل پڑی ہین اور داود
في نبي الله داود عليه السلام ما لا يليق بحال الانبياء فان اصل القصة على ما ذكر في بعض التفاسير ان داود النبي ع
نبی علیہ السلام کو ایسا کہنی لگتی ہین کہ انبیاء کی حال سی مناسب نہین ہی اور اصل قصہ موافق بعضی تفسیرون کی یون ہی کہ داود ع کی نظر اوریا کی
راى امراة رجل يقال له اوريا فمال قلبه اليها فسأله ان يطلقها فاستحيى ان يرده ففعل فتزوجها وهي ام سليمان
جورو پر پڑ گئی تو اوسپر اونکا دل آگیا سو داود ع نی اوریا کو کہا کہ اوسکو طلاق دیدی کا اوسنی حیا کی مارے سوال رد نکیا جب اوسنی طلاق دیدی اونہون نی نکاح کر لیا
النبي ع وكان ذلك جائزا في شريعته معتادا بين امته غير مخل بالمروة حيث كان يسئل بعضهم بعضا ان ينزل له
اور وہ عورت سلیمان علیہ السلام کی ماں ہی اور یہہ طریقہ اونکی شریعت مین جایز اور امت مین مروج تہا اور خلاف مروت نہتا کیونکہ جب کسیکی بی بی کسیکو پسند آتی ہی تو ہر ایک اپنی سوال کرتا تہا
عن امراته فيتزوجها اذا اعجبته وكان الانصار في صدر الاسلام يواسون المهاجرين بمثل ذلك من غير نكير خلا انه عليه السلام
کہ اپنی بی بی میری لئی چہوڑ دی پہر وہ نکاح کر لیتا اور انصار ابتدا اسلام مین اسیطرح بی طعن و طنز مہاجرین کی ساتہہ طریق مروت برتتی تہی مگر داود علیہ السلام کو
لعظم منزلته وارتفاع مرتبته وعلو شانه لم يكن ينبغي له ان يتعاطى ما يتعاطاه احاد امته ويسال رجلا ليس له
بسبب عظمت منزلت اور رفعت قربت اور علو شان کی مناسب نہتا کہ ایسا معاملہ کرین جو کہ اونکی امت کی ادنی آدمی کرتی تہی اور وہ بہی ایسی شخص سی سوال کرین کہ اوسکی
الا امراة واحدة ان ينزل له عنها فيتزوجها مع كثرة نسائه بل كان ينبغي له ان يغالب هواه ويقهر نفسه ويصبر
پاس ایک ہی بی بی تہی کہ میری لئی چہوڑ دی پہر اوسی سی نکاح کر لین باوجودیکہ انکی پاس بی بیان بہت تہین بلکہ انکو یون لازم تہا کہ ہوا کو مغلوب کرتی اور نفس کو دبا لیتی
على ما امتحن به فعلى هذا القول لا يلزم في حق داود ع الا ترك الاولى لان وقوع بصره عليها كان من غير قصده
اور اس امتحان پر صبر کرتی اس بیان کی موافق حضرت داود کی حق مین یہہ ہی لازم آتا ہی کہ ترک اولی ہوا کیونکہ اوس عورت پر نظر تو بلا قصد پڑ گئی تہی
فلا يكون ذنبا وكذا ميل قلبه اليها عقيب النظر لا يكون ذنبا لان الاحتراز عنه غير مقدور للبشر وانما عوتب كل
سو کچہہ گناہ نہین ہی اور ایسا ہی دیکہنی کی بعد دل کا آجانا کچہہ گناہ نہین ہی کیونکہ یہہ امر آدمی کی بس مین نہین ہی اور یہہ تمام عتاب الہی
هذا العتاب حتى بعث الملئكة بالخصومة عنده تمثيلا لحاله وتقريرا لذلك لديه لان الانبياء يواخذون بادنى شئ
کہ اونکی پاس فرشتی جہگڑتی ہوئی اونکی حال کی صورت اور تقریر لیکر آئی تو اسلئی ہوا کہ انبیاء علیہم السلام سی مواخذہ ایسی ذرہ بات پر ہو جاتا ہی
كان منهم مما لا يوخذ بذلك غيرهم بل يعد ذلك من غيرهم من ارفع الاعمال واجلها الا ترى ان يونس النبي ع لما دعى
کہ اور وں سی اوسپر مواخذہ نہین ہوتا بلکہ وہ بات اوروں کی حق مین بڑا عمل اور نیک تر ہوتا ہی کیا معلوم نہین کہ یونس نبی علیہ السلام نی جب اپنی قوم کو
قومه الى الايمان وابوا عن قبوله واصروا على الكفر والعصيان وبالغوا في العناد والطغيان حتى عيل صبره ولم
ایمان پر بلایا اور اونہون نی تسلیم سی انکار کیا اور کفر اور عصیان پر اڑ گئی اور عناد اور سرکشی حد کو پہنچا دی یہان تک کہ اونکو صبر دشوار ہو گیا اور
يطق على المصابرة معهم خرج من بينهم غضبا لله تعالى وبغضا للكفر وهذا وان كان يعد من ارفع الاعمال
طاقت صبر کی نرہی تو اونمین سی خدا کی واسطی غصہ ہو کر کفر کی دشمنی کی ماری چلی گئی یہہ بات اگرچہ اور مومن کی حق مین عمدہ اور نیک تر عمل

واجلها بالنسبة الى غيره من احاد المؤمنين لكن لما كان خروجه من بينهم بلا اذن من الله تعالى وكان عليه
شمار مین آتا ہی — پر حضرت یونس کا اونمین سی چلا جانا — جو بدون حکم اللہ تعالی کی تہا اور اونکو لازم یہہ تہا

ان يصبر وينتظر الاذن من الله تعالى عوتب وحبس في بطن الحوت مقدار ما شاء الله تعالى والحاصل
کہ صبر ہی کرتی اور اللہ تعالی کی حکم کی منتظر رہتی تو عتاب ہوا اور مچہلی کی پیٹ مین بمقدار مشیت الہی قید رہی — حاصل یہہ ہی

ان الانبياء في زمان نبوتهم معصومون عن الكبائر مطلقا وعن الصغائر عمدا لكن يجوز صدور الصغائر عنهم
کہ انبیاء نبوت کی زمانہ مین کبایر سی تو مطلقا معصوم ہوتی ہین اور عمدا صغایر سی بہی لیکن اونسی صغیرہ کا سرزد ہو جانا

سهوا او على سبيل النسيان او على سبيل الخطاء في التاويل وتسمى ذلك زلة وهي الصغيرة التي يفعل من غير قصد
از روی سہو یا بہول کر — یا تاویل مین چوک کر جایز ہی — اور اوسکو زلہ کہتی ہین — یعنی صغیرہ جو بی ارادہ ہو جاوی

اليها كما قال الامام السرخسي اما الزلة فلا يوجد فيها القصد الى عينها وانما يوجد فيها القصد الى اصل الفعل
چنانچہ امام سرخسی کہتا ہی — کہ زلہ مین وہ فعل خاص مقصود نہین ہوتا اوسمین وہ اصل فعل مراد ہوتا ہی

لانها ماخوذة من قولهم زل الرجل في الطين اذا لم يوجد منه القصد الى الوقوع ولا الى الثبات بعد الوقوع
کیونکہ لفظ زلہ کا — انکی اس محاورہ سی لیا ہی — آدمی کیچڑ مین پہسل پڑا — جب اوسکا — ارادہ کرنیکا نہین ہوتا اور نہ ثبات کا بعد گرنیکی

وان وجد منه القصد الى المشي في الطريق وانما يؤاخذ الانبياء عليها لانها لا تخلو عن نوع تقصير يمكن المكلف
اگرچہ — اوس سی راہ مین قصد چلنیکا پایا گیا اور — انبیاء سی اتنی بات پر اسلئی مواخذہ ہوتا ہی کہ اسمین بہی کچہہ تو تقصیر ہی کہ مرد مکلف اگر ثابت رہی

الاحتراز عنه عند التثبت واما المعصية حقيقة فهي فعل حرام يقصد اليه مع العلم بحرمته فيستحيل صدوره
تو بچ سکتا ہی — اور رہی معصیت حقیقی — سو وہ فعل حرام ہی کہ اوسکی حرمت جان کر اوسکی طرف قصد کری — سو ایسی بات انبیاء سی ہونی محال ہی

عنهم وما يوجد ما يوهم صدور الذنب عنهم في زمان نبوتهم من قصصهم الواقعة في القران والاحاديث والاثار فالجواب
اور یہہ جو زمانہ نبوت مین گناہ ہونیکا وہم اونکی قصون سی پیدا ہوتا ہی جو قرآن — اور حدیث اور آثار مین آئی ہین — سو ان قصون کا

عن تلك القصص اجمالا ان ما كان منها منقولا بالاحاد يجب رده لان نسبة الخطاء الى الرواة اهون من نسبة
مجمل جواب یہہ ہی کہ جو قصی احاد سی منقول ہین اونکا رد کرنا واجب ہی — کیونکہ راوی کی طرف — خطا کا لگا دینا انبیاء کی طرف خطا لگانی سی آسان

المعاصي الى الانبياء وما كان منها منقولا بالتواتر فما دام له محمل اخر يحمل عليه ويصرف عن ظاهره لدلائل العصمة
ہی — اور جو قصی بالتواتر منقول ہین — پہر جبتک اوسکی اور معنی بن سکین تو ظاہر سی پہیر کر اوسپہ حمل کرین — کیونکہ دلایل عصمت کی موجود ہین

وما لا يوجد له محيص يحمل على انه كان من قبيل ترك الاولى او من الصغائر الصادرة عنهم سهوا او نسيانا ......
اور جسمین کوئی مخلصی نہین ہی تو اوسکو یہہ قیاس کرین کہ ترک اولی ہوا — یا صغیرہ ہی کہ اونسی سہوا — یا بہول کر سرزد ہو گیا اور ترک اولی ہونا

ولكنه من قبيل ترك الاولى او من الصغائر الصادرة عنهم سهوا او نسيانا ... مگر بسا ... (margin note)

بينا في تسميته ذنبا كما في قوله تعالى ليغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر ولا الاستغفار عنهم كما في قصة
یا صغیرہ کا سہوا یا بہول کر صادر ہونا اسکی منافی نہین ہی کہ اوسکا نام گناہ ہووی چنانچہ اس آیت مین تا معاف کری تجہکو اللہ جو آگی ہو ئی تیری گناہ اور جو پیچہی ہی اور نہ اونسی استغفار

داود النبي ع ولا الاعتراف بكونه ظلما كما في قصة ادم النبي ع لانه وان كان حسنة بالنسبة الى غيرهم لكن
داود نبی علیہ السلام کی قصہ مین اور نہ اقرار اوسکی ظلم ہونیکا جیسی کہ آدم نبی علیہ السلام کی قصہ مین کیونکہ وہ اگرچہ اورون کی حق مین حسنہ ہی لیکن بہ نسبت انبیاء کی گناہ ہی

بالنسبة اليهم يعد ذنبا ويستغفرون عنه ويعترفون بكونه ظلما لكون حسنات الابرار سيات المقربين ولهذا
انبیاء اوس سی استغفار اور اوسکی ظلم ہونیکا اقرار کرتی ہین کیونکہ حسنات ابرار کی — مقربون کی حق مین بمنزلہ سیآت کی ہوتی ہین اور اسیہی لئی

قال اهل العرفان من كان في مقام القرب مع الله تعالى وتركت همته بالتصرف في نهاره لتدبير ما يفطر في ليلة
اہل عرفان کہتی ہین کہ جو شخص اللہ تعالی سی قرب رکہتا ہو — اور دنمین اوسکی ہمت صرف ہو تا کہ آتنا پیدا کری کہ رات کو روزہ افطار کری

تكتب له خطيئة لان ذلك من قلة الوثوق بفضل الله تعالى وقلة اليقين برزقه الموعود وهذه رتبة الانبياء
تو اوسکی حق مین خطا لکہی جاتی ہی کیونکہ اسمین فضل الٰہی پر بہروسہ کامل اور روزی موعود پر یقین نہین ہی اور یہہ رتبہ انبیاء
والصديقين والاولياء المقربين

المجلس الثالث والثمانون في بيان ان الله يبعث لهذه الامة على راس كل مائة سنة من يجدد الدين

اور صدیقین اور اولیاء مقربین کا ہی
تراسی مجلس اس بیان مین کہ اللہ تعالیٰ اس امت کی لئی
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يبعث
ہر صدی کی سری پر ایسا شخص پیدا کرتا ہی کہ دین از سر نو قایم کردے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ
لهذه الامة على راس كل مائة سنة من يجدد لها دينها هذا الحديث من حسان المصابيح رواه ابو هريرة والمراد
اس امت کی واسطی ہر صدی کی سری پر ایسا شخص پیدا کرتا ہی کہ دین کو از سر نو قایم کری یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور مراد
من راس كل مائة سنة اولها من هجرة النبوية والمراد من تجديد الدين للامة احياء ما اندرس من العمل بالكتاب
ہر صدی کی سری سی صدی کا ابتدا ہی ہجرت نبوی سی اور دین نیا کرنیسی امت کی لئی زندہ کردینا ہر انی اعمال کا موافق کتاب اور سنت کی
والسنة والامر بمقتضاهما فان المبعوث على راس المائة والمجدد للدين قيل يلزم ان يكون رجلا مشهورا بالعلم
اور اونکی موافق امر کرنا مراد ہی پس صدی کی سری پر دین کا مجدد جو مبعوث ہو تو کہتی ہین کہ ضرور ہی کہ وہ شخص علم مین مشہور اور فضیلت مین
معروفا بالفضل مشارا اليه في الدين وان ينقضي المائة وهو حي ولا يعلم ذلك المجدد الا بغلبة الظن ممن
معروف اور دین مین مشار الیہ ہو اور ساری صدی مین زندہ رہی اور وہ مجدد اپنا ہم عصر علماء مین سی گمان غالب سی
عاصره من العلماء بقرائن احواله والانتفاع بعلمه اذ المجدد للدين لا بد ان يكون عالما بالعلوم الدينية الظاهرة
بوسیلہ قراین احوال اور افادہ علم کی معلوم ہوتا ہی کیونکہ دین کا مجدد ضرور ہی کہ تمام علوم دینی ظاہری اور باطنی کا عالم
والباطنة ناصر السنة قامع البدعة وان يعم علمه اهل زمانه وانما كان التجديد على راس كل مائة سنة
اور سنت کا حامی بدعت کا اوکہاڑنیوالا اور اوسکا علم تمام اہل زمانہ پر عام ہو اور ہر ہر صدی کی سری پر تجدید دین کی اسلئی ہوتی ہی
لانخرام العلماء فيه غالبا واندراس السنن وظهور البدع فيحتاج حينئذ الى تجديد الدين فياتي الله تعالى من
کہ اس مدت مین اکثر علماء کم ہوجاتی ہین اور سنتین پرانی اور بدعتین ظاہر ہوجاتی ہین سو اب تجدید دین کی ضرورت پڑتی ہی سو اللہ تعالیٰ خلق مین سی
الخلق بعوض من السلف اما واحدا او متعددا فكان عند المائة الاولى عمر بن عبد العزيز وعند المائة الثانية
بعوض متقدمین کی کسیکو موجود کردیتا ہی یا ایک یا کئی سو پہلی صدی کی سری پر تو عمر بن عبد العزیز تہی اور دوسری صدی پر
الامام الشافعي وعند المائة الثالثة ابن شريح والاشعري وعند المائة الرابعة الباقلاني وعند المائة الخامسة
امام شافعی اور تیسری صدی پر ابن شریح اور اشعری اور چوتہی صدی پر باقلانی اور پانچوین صدی پر
الامام الغزالي وعند المائة السادسة الامام فخر الدين الرازي والرافعي وعند المائة السابعة ابن دقيق العيد
امام غزالی اور چہٹی صدی پر امام فخر الدین رازی اور رافعی اور ساتوین صدی پر ابن دقیق العید
وعند المائة الثامنة الحبر البلقيني والحافظ زين الدين وعند المائة التاسع الامام السيوطي وعند المائة
اور آٹھوین صدی پر حبر بلقینی اور حافظ زین الدین اور نوین صدی پر امام سیوطی اور دسوین
العاشرة لم يتبين من هو قال السيوطي ونظير هذا الحديث ما ورد ان راس كل مائة سنة يكون عندها
صدی پر معلوم نہین کون ہی سیوطی کہتا ہی اسحدیث کی نظیر وہ ہی جو وارد ہوا کہ ہر صدی کی سر پر ایک امیر ہوتا ہی
امير فكان عند المائة الاولى الحجاج الذي عم ظلمه وفساده فجدد الله تعالى بعمر بن عبد العزيز وكان عند
سو پہلی صدی پر تو حجاج تہا جسکا ظلم اور فساد عام ہوگیا سو اللہ تعالیٰ نی دین کی تجدید عمر بن عبد العزیز سی کی اور دوسری

المائة

المائة الثانية فتنة المامون الذي خالطه المعتزلة فحسنوا له القول بخلق القران وغير ذلك
اور دوسری صدی پر مامون کا فتنہ ہوا کہ معتزلوں نے مخالطت بہم پہنچا کر اوسکو حدوث قرآن کا اور سوای اسکی

من البدع الاعتقادية حتى امتحن العلماء بذلك امتحانا عاما في الاقطار ومن لم يجب فبعضهم
اور بدعات اعتقادی کا قایل کرو یا یہان تک کہ اوسنے اس مسئلہ مین عام علماء روی زمین کا امتحان لیا اور جسنے نمانا پہر بعضون کو

ضرب وبعضهم قيد وحبس وبعضهم قتل وهذه من اعظم الفتن في هذه الامة ولم يدع خليفة قبله الى
مارا اور کسیکو قید اور حبس کیا اور کسیکو جان سے مارا اور اس امت مین آگی برابر کوئی فتنہ نہین ہوا اور اس سے پہلی کسی خلیفہ نے بدعت کو اتنا رواج

شيء من البدع فقيض الله تعالى عند هذه المائة الشافعي فطبق الارض بعلومه وهو اول من افتى
نہین دیا سو الله تعالی نے اس صدی پر شافعی کو پیدا کیا پس اوسنے اپنی علم سے زمین کو پر کر دیا اور اونہون نے سب سے پہلی

بقتل من قال بخلق القران وتكفيره وكان عند المائة الثالثة فتنة القرامطة في كثير من البلاد
واسطی قتل اور کفر ایسی شخص کی جو حدوث قرآن کا قائل ہو فتوی دیا اور تیسری صدی پر قرامطہ کا فتنہ اکثر شہرون مین پہیلا

حتى دخلوا مكة وقتلوا الحجيج في المسجد الحرام قتلا ذريعا وطرحوا القتلى في بير زمزم وضربوا الحجر الاسود
یہان تک کہ مکہ مین جا کر حاجیون کو مسجد حرام مین بہت قتل کیا اور لاشین چاہ زمزم مین ڈالدین اور حجر اسود کو

بالدبوس فكسروه ثم قلعوه وحملوه الى بلادهم وبقي عندهم اكثر من عشرين سنة ثم اشترى منهم
گرز مار کر توڑ ڈالا پہر اوکہاڑ کر اپنی ملک کو لیگئی اور بیس برس سی زیادہ اونکی پاس رہا پہر اونسی تیس ہزار دینار کو خرید کر

بثلثين الف دينار واعيد الى مكة في محله وكان عند المائة الرابعة فتنة الحاكم بامر الله وناهيك ما فعل
مکہ مین لائی اور اوسی جگہہ پر رکہا اور چوتھی صدی پر فتنہ حاکم بامر الله کا ہوا اور کچہہ حد نہین جو فساد

من الفساد بل هو اعظم شرا من كان قبله بكثير فانه امر الناس بالسجود له اذا ذكر اسمه في الخطبة و
کہ اوسنے کیا بلکہ اسکا فساد پہلی کی نسبت کئی درجہ بدتر تہا کیونکہ اسنی لوگون کو یہہ حکم دیا کہ جب خطبہ مین میرا نام آوی تو سجدہ کرو اور

من كان قبله لم يامر احدا بالسجود له اذا ذكر اسمه في الخطبة وكان عند المائة الخامسة استيلاء
جو مفسد اس کا پہلی تہی کسینی اپنی لئی سجدہ کا حکم نہین دیا تہا کہ جب خطبہ مین میرا نام آوی تو سجدہ کرو اور پانچوین صدی پر اکثر شام کی شہرون پر

الفرنج على كثير من البلاد الشامية حتى دخلوا بيت المقدس وقتلوا فيه وحده اكثر من سبعين الفا
فرنگیون کا غلبہ ہو گیا یہان تک کہ اونہون نے بیت المقدس مین جا کر صرف وہان ستر ہزار آدمیون سی زیادہ قتل کر ڈالی

وذهب الناس هاربين من الشام الى العراق مستعينين على الفرنج وبقي بيت المقدس في ايديهم احدى
اور خلقت فرنگیون کی فریادی شام سی عراق کو بہاگ گئی اور بیت المقدس تین مہینی ایک روز انکی قبضہ مین رہا

وتسعين يوما الى ان خلصه الله تعالى عنهم بيد السلطان صلاح الدين بن ايوب وكان عند المائة
آخر الله تعالی انکی قبضہ مین سی سلطان صلاح الدین بن ایوب کی ہاتہہ پر چہوڑایا اور چہٹی صدی پر

السادسة خروج التتار وعموم الفساد حتى ان العلماء حكموا بكفرهم واختلفوا في البلاد التي استولوا عليها
قوم تتار نی غلبہ کر کر فساد عام کر دیا یہان تک کہ علماء نی اونکی کفر کا فتوی دیا اور اون شہرون مین جن پر غالب ہو گئی تہی اختلاف تہا

اور ممانعت ہجران تین دن سی زیادہ کی جو آئی ہی تو اوس صورت مین ہی کہ دو شخصون مین بسبب کمی ادائی حقوق ملاقات اور حق عشرت کی ہو جاوی
دون ما کان فی حق الدین فان هجران اهل الاهواء والبدع دائم الی ان یتوبوا فقد مضت الصحابة والتابعون و
اوسمین نہین جو واسطی حق دین کی ہو بیشک متارکت اہل ہوا اور بدعتیون کی ہمیشہ کو ہی یہان تک کہ توبہ کرین بیشک تمام صحابہ اور تابعین اور
اتباعهم وعلماء السنة علی هذا مجتمعین متفقین علی معاداة اهل البدعة وهجرانهم وعن سهل فی تفسیر قوله تعالی
تبع تابعین اور علماء اہل سنت اس حکم پر مجتمع اور متفق ہو چکی ہین کہ اہل بدعت سی دشمنی کرنی چاہیی اور اونکو چھوڑنا چاہیی اور سہل سی اس آیت کی تفسیر مین
لا تجد قوما یؤمنون بالله والیوم الاخر یوادون من حاد الله ورسوله انه قال من صحح ایمانه واخلص توحیده فانه لا
آیا ہی تو نہ دیکھیگا کوئی لوگ جو یقین رکھتی ہون اللہ پر اور پچھلی دن پر پھر دوستی کرین ایسون سی جو مخالف ہوئی اللہ کی اور اوسکی رسول کی کہ کہا جسنی اپنا ایمان صحیح کیا اور
یجالس مع مبتدع ولا یواکله بل یظهر له من نفسه العداوة والبغضاء ومن داهن مبتدعا سلب الله تعالی عنه
تو وہ بدعتی کی ساتھہ نہ بیٹھی اور نہ اوسکی ساتھہ کھاوی بلکہ اپنی طرف سی اوسکی حق مین دشمنی اور بغض ظاہر کری اور جسنی بدعتی کی ساتھہ مداہنت کی تو اللہ تعالی اوس سی
حلاوة الیقین ومن اجاب الی مبتدع لطلب العز والغنی فی الدنیا اذله الله تعالی بذلك العز وافقره بذلك الغنی
حلاوت یقین کی لی لیتا ہی اور جسنی بدعتی کو واسطی تلاش عزت اور تونگری دنیا کی مقبول رکہا اللہ تعالی اوسکو اوس عزت مین خوار اور اوس تونگری مین مفلس کریگا
ومن ضحك فی وجه مبتدع ینزع الله تعالی نور الایمان من قلبه وعن الثوری من سمع من مبتدع لم ینفعه الله تعالی
اور جو شخص بدعتی کو دیکھکر خوش ہوتا ہی تو اللہ تعالی ایمان کا نور اوسکی دل مین سی نکال لیتا ہی اور ثوری سی روایت ہی جسنی بدعتی کی بات سنی تو اللہ تعالی اوس بات سی
بما سمع ومن صافحه فقد نقض عروة الاسلام وعن فضیل من احب صاحب بدعة احبط الله تعالی عمله واخرج نور الاسلام
فائدہ نہین دیتا اور جو اوس سی مصافحہ کرتا ہی تو توڑ دیتا ہی پیوند اسلام کا اور فضیل سی روایت ہی جو بدعتی کو دوست رکھی اللہ تعالی اوسکی اعمال حبط کرتا ہی اور اسلام کا نور
من قلبه وعنه من جلس مع صاحب بدعة فاحذروه وعنه اذا رأیت مبتدعا فی طریق فخذ طریقا اخر وقال الفضیل
اوسکی دل سی نکال دیتا ہی اور اونہی سی روایت ہی جو شخص بدعتی کا ہمنشین ہو تو اوس سی بچو اور اونہی سی روایت ہی اگر تو بدعتی کو کسی راہ مین دیکھی تو تو اور راہ اختیار کر اور فضیل
من زار صاحب بدعة خرج نور الایمان من قلبه واما العاصی بفعله وعمله لا باعتقاده فهو الذی یفسق فی نفسه بشرب
کہتی ہین جو شخص بدعتی سی ملنی گیا تو ایمان کا نور اوسکی دل مین سی نکل جاتا ہی اور گنہگار فعل اور عمل مین بدون اعتقاد کی سو وہ ہی جو آپ اپنی ذات سی بدکاری شراب
الخمر او ترك الواجب او مفارقة محظور یخصه ولا یتعدی منه الی غیره فانه ان صودف وقت مباشرة المنکر یجب منعه
پیکر یا کوئی واجب ترک کر کر یا امر محظور کو چھوڑ کر جو اوسکی ساتھہ خاص ہو اور وہ فسق اور مین اثر نکرتا ہو سو ایسی شخصکو اگر عین اوس عمل منکر مین پاوین تو اوسکی ممانعت واجب ہی
بما یمتنع منه ولو بالضرب او بالقتل عند القدرة لکون النهی عن المنکر واجبا ووجوبه لا یختص بالولاة بل یجوز
جسطور منع کیا جاوی اگرچہ مار پیٹ سی یا قتل سی اگر قدرت ہو کیونکہ ممانعت امر منکر کی واجب ہی اور منکر کی ممانعت کچھہ نری حاکم پر واجب نہین ہی بلکہ
لکل واحد من احاد الرعیة اقامته بالقول والفعل علی حسب استطاعته سواء کان حرا وعبدا او امرأة لکن ینبغی
عوام رعایا مین سی ہر ہر شخصکو ضرور ہی کہ ممانعت کری زبان سی اور ہاتھہ سی موافق طاقت کی برابر ہی کہ حر ہو یا غلام یا عورت لیکن چاہیی

ان یکون بالتدریج من الاسہل الی الاغلظ بحسب حال المنکر کما ذکر فی المحیط ان من رای غیرہ مکشوف الرکبۃ
کہ تدریج کی ساتھہ ہووے کہ پہلی کچھہ سختی پھر زیادہ سختی معصیت کی حال کی موافق چنانچہ محیط میں مذکور ہی کہ جسنی کسیکو گھٹنا کھولی ہوئی دیکھا

ینکر علیہ برفق ولا ینازعہ ان لج وفی الفخذ ینکر علیہ بعنف ولا یضربہ ان لج وفی السوءۃ یضربہ وان لج یقتلہ
تو نرمی سی منع کردی اوس سی جھگڑا نکری اگر وہ اصرار کری اور ران کھلی ہوئی میں سختی سی منع کری اور مارے نہیں اگر وہ درشتی کری اور شرمگاہ میں اوسکو مارے اور اگر درشتی کری تو قتل کری

وھکذا الحکم فی سائر المنکرات عند الاستطاعۃ وعند عدم الاستطاعۃ ینبغی ان یکون حزینا مغتما اذ
اور تمام معاصی میں بروقت طاقت کی یہہ ہی حکم ہی اور بی طاقتی کی حالت میں چاہئی کہ دل سی بیزار اور غمناک ہووی اسلئی

قد ورد فی الحدیث انہ علیہ السلام قال یاتی علی الناس زمان یذوب قلب المؤمن فیہ کما یذوب الملح فی الماء لکثرۃ ما
کہ حدیث میں آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آنیوالا ہی کہ مؤمن کا دل ایسا گھل جاویگا جیسی نمک پانی میں گل جاتا ہی معاصی کی کثرت

یری من المنکرات ولا یقدر علی دفعھا وروی عن ابی ھریرۃ ان رجلا یتعلق برجل یوم القیمۃ وھو لا یعرفہ فیقول لہ
جو دیکھیگا اور منع کرنی کی قدرت نہوگی اور ابوہریرہ سی روایت ہی کہ ایک شخص قیامت کی دن کسیکا دامن گیر ہوگا اور وہ اوسکو پہچانتا نہوگا کہیگا تو

مالک تتعلق بی وما رایتک قط فیقول بلی قد رایتنی یوما علی منکر فلم تغیرہ فھذا امر خطر قلما یقع السلامۃ منہ اذ ظھر
مجھسی کیوں لپٹتا ہی میں نی تجھکو کبھی نہیں دیکھا وہ کہیگا ہاں تو نی مجھکو ایکدن معصیت پر دیکھا پر منع نہیں کیا اب یہہ بات بڑی مشکل ہی اس سی نہیں بچا جاتا کیونکہ

فی کل حین وزمان کثیر من المنکرات فلا تغیر بل یقع السکوت عنھا لاستیناس النفوس بھا ولھذا قال بعض العلماء واللہ
ہر وقت دمبدم بہتیری منکرات عمل میں آتی ہیں اور کچھہ روک نہیں بلکہ چپ رہنا پڑتا ہی کیونکہ معاصی دلوں میں مانوس ہوگئی ہیں اسلئی بعضی علما کا قول

ما ابالی بکثرۃ المنکرات والبدع وانما ابالی واخاف من تانیس القلوب بھا لان الاشیاء اذا توالت مباشرتھا انستھا النفس
ہی مجھکو منکرات اور بدعت کی کثرت کا کچھہ خوف نہیں مجھکو تو بڑا خوف یہہ ہی کہ دلمیں محبوب نہو جاویں کیونکہ جو چیزیں باربار عمل میں آتی ہیں تو نفس کو محبوب ہو جاتی ہیں

والنفس اذا انست شیئا قل ان تتاثر لہ ویوضحہ الحدیث الوارد فی تغییر المنکر وھو ما روی عن ابی سعید انہ
اور نفس کو جو چیز محبوب ہوتی ہی تو کم چھوڑتا ہی اسکی تفصیل وہ حدیث ہی جو تغییر منکرات میں آئی ہی ابوسعید سی روایت ہی کہ نبی

علیہ السلام قال من رای منکم منکرا فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ وذلک
علیہ السلام نی فرمایا اگر کوئی تم میں سی منکر دیکھی تو لازم ہی کہ ہاتھہ سی روکی اور اگر طاقت نہو تو زبان سی اور اگر طاقت نہو تو دل سی اور یہہ

اضعف الایمان فانہ علیہ السلام اخبر فی ھذا الحدیث ان التغییر بالقلب اضعف الایمان وھو ما یجدہ المؤمن
ضعیف ایمان ہی بیشک نبی علیہ السلام نی اس حدیث میں یہہ خبر دی ہی کہ دل سی بیزار ہونا ضعیف ایمان ہی یعنی مؤمن جو اپنی دلمیں اوس کام کی

فی قلبہ من البغض لذلک الفعل المرئی وانزعاجہ وقلعہ وھو فی الغالب انما یحصل فیما یندر وقوعہ واما
مشاہدہ سی بغض اور اوسکا اوکھاڑنا اور دفع کرنا پاتا ہی اور ایسی حالت دلی اغلب اوس کام میں ہوتی ہی جو کاہی گاہی ہوتا ہو اور

الاشیاء التی تشاھد فی کل حین وزمان فتستانسھا النفس فلا یوجد فی القلب القلق والانزعاج الذی ھو اضعف
جو کام ہر وقت اور ہر لحظہ دیکھنی میں آتی ہیں سو نفس سی مانوس ہو جاتی ہیں پھر اوسکا کچھہ قلق اور دفعیہ کہ وہ اضعف الایمان ہی

الایمان واذا لم یوجد فی القلب اضعف الایمان فما ذا یرجی ان یوجد فیہ ویزیدہ ایضاحا ما ذکر فی قوت القلوب
وہ بھی دلمیں نہیں رہتا اور جب دلمیں اضعف الایمان بھی نہوا تو پھر کیا توقع باقی رہ گئی اور اسکی بڑی تفصیل تو وہ ہی جو قوت القلوب میں مذکور ہی

ان الحسن البصری قال اول بدعۃ رایت بلت الدم ثم بعد ذلک بلت اصفر ثم عاد الامر الی العادۃ فانہ لقوۃ ایمانہ
کہ حسن بصری نی کہا پہلی پہل بدعت جو میں نی دیکھی تو لہو موتا پھر اوسکی بعد زرد پیشاب آیا پھر اسکی عادت پڑ گئی کیونکہ اونکو بسبب قوت ایمان کی

ورعایتہ لم یعھدہ قوی انزعاجہ حتی تغیر مزاجہ وظھر اثرہ فی مائہ فان مزاج الانسان اذا تغیر یظھر اثرہ فی مائہ
بدعت خلاف عادت دیکھہ کر بہت غصہ آیا ایسا کہ اونکا مزاج متغیر ہو کر اوسکا اثر پیشاب میں ظاہر ہوگیا کیونکہ آدمی کا مزاج جب بدلتا ہی تو اوسکا اثر پیشاب میں

الا یری

الاترى ان الاطباء يستدلون على داء المريض من مائه فلما استمر تلك البدعة ولم يقدر على تغييرها تغير
کیا نہین جانتا کہ طبیب لوگ دکہیاکی مرض پر پیشاب سی استدلال کرتی ہین پہر جب بدعت قرار پکڑ گئی اور روک کی قدرت نہیں ہوئی
ذلك الانزعاج الاول لاستيناس النفس بها وبقي عنده من الانزعاج قدر ما يلزمه من التغيير بالقلب لان الانكار
تو پہلی مدافعت دلی بدل گئی کیونکہ نفس کو چندان اجنبی نہ معلوم ہوئی اور دل مین اوسکی مدافعت کا خیال جتنا باقی رہگیا وہ بتانا ہی کہ نہین تغیر ہوا اسواسطی کہ دل کا
بالقلب لا يسقط بوجه من الوجوه اذ لا مانع يمنع منه ولا يقتصر عليه الا من هو ضعيف الايمان سواء استطاع
انکار کسیطرح نہین جاتا اسلئی کہ اسکا کوئی مانع نہین ہوتا اور اتنی پر اکتفا وہ ہی کرتا ہی جو ضعیف الایمان ہووی برابر ہی کہ انکار
الانكار باليد واللسان او لم يستطع لكن عند عدم الاستطاعة يسقط عنه الاثم ويبقى مع ضعف الايمان
ہاتہہ سی اور زبان سی کرسکتا ہو یا نکرسکتا ہو لیکن بیمقدوری کی حالت مین گناہ نہین ہوتا ایمان مین ضعف بدستور رہتا ہی
فان المنكر اذا كثر ولم يقدر المؤمن على منعه وسكت ولم يتكلم بشئ لا يأثم لان التكليف بقدر الوسع لما قال
بیشک معصیت جب کثرت سی ہولی لیکن اور مؤمن کو ممانعت پر قدرت نہو اور وہ چپ ہو کر کچھ نہ کہی تو گنہگار نہین ہوتا اسلئی کہ تکلیف موافق طاقت
الله تعالى لا يكلف الله نفسا الا وسعها المجلس التاسع والثمانون في بيان متابعة الرسول صلعم في الامر
چنانچہ اللہ تعالی فرماتاہی اللہ تکلیف نہین دیتا کسی شخص کو مگر جو اوسکی طاقت ہو نواسی مجلس اس بیان مین کہ اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا امر اور نہی مین لازم ہی اسمین مخالفت
والنهي قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما نهيتكم عنه فاجتنبوه وما امرتكم به فافعلوا منه ما استطعتم
جایز نہین ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جو تمکو مین منع کرون تو اوس سی پرہیز کرو اور جو تمکو حکم کردن تو اوسکو جہان تک ہوسکی عمل مین لاؤ
فانما اهلك الذين من قبلكم كثرة سؤالهم واختلافهم على انبيائهم هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه
کیونکہ تمسی پہلی امتین اسی لئی تباہ ہوگئین کہ اپنی انبیاء علیہم السلام سی پوچہہ کر خلاف کرتی تہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی
ابو هريرة والخطاب فيه خطاب مشافهة والخطاب بالمشافهة يختص بالموجودين الحاضرين في ذلك الوقت وتناوله
روایت سی اور اسمین خطاب جو ہی تو خطاب آمنا سامنی کا ہی اور آمنا سامنی کا خطاب اونپر ہوتا ہی جو اوسوقت مین موجود اور حاضر ہوتی ہین
لغيرهم ممن كان غائبا وممن سيوجد بعدهم الى يوم القيمة ليس بطريق الحقيقة بل اما بطريق تغليب الفريق
اور اونکی حق مین جو اونکی سوای غائب ہوتی ہین اور جو اونکی بعد قیامت تک پیدا ہونگی بطور حقیقت کی نہین ہوتا بلکہ اونپر یا تو بطور تغلیب فریق
الاول على الثاني او بطريق تعميم حكمه له بدليل خارجي فان الاجماع منعقد على ان اخر هذه الامة مكلف
اول کی ثانی پر یا اوس حکم کو کسی دلیل خارجی سی عام کردینی سی ہوتا ہی کیونکہ اس امر پر اجماع ہوچکا ہی کہ اس امت کی آخر پر بہی وہی حکم ہی
بما كلف به اولها كما يشير اليه قوله عليه السلام الحلال ما جرى على لساني الى يوم القيمة والحرام ما جرى على
جو اول پر تہا چنانچہ اس حدیث مین یہہ ہی اشارہ ہی قیامت تک حلال ہی جو میری زبان پر آچکا ہی اور قیامت تک حرام ہی جو میری زبان پر
لساني الى يوم القيمة ثم ان الحديث المذكور سابقا من جوامع الكلم التي اوتيها النبي عليه السلام وهو قاعدة عظيمة
آچکا ہی پہر وہ حدیث جو سابق مین مذکور ہوئی گویا جوامع الکلم ہی جو نبی علیہ السلام کو ملا ہی اور وہ اسلام کی قواعد مین سی
من قواعد الاسلام اذ عليه يدور جملة الاحكام التي هو الوجوب والندب والحرمة والكراهة والاباحة لان
بڑا قاعدہ ہی اسواسطی کہ جملہ احکام یعنی وجوب اور مستحب اور حرمت اور کراہت اور اباحت کا وہ ہی مدار ہی کیونکہ
النهي يتناول الحرمة والكراهة كما يتناول الامر ما عداهما فيكون الحديث موافقا لقوله تعالى فاتقوا الله ما
نہی مین حرمت اور کراہت داخل ہی جیسی امر مین ان دونو کی سوا داخل ہین سو یہہ حدیث موافق اس آیت کی ہی سو ڈرو اللہ سی
استطعتم لان التقوى وان كانت عبارة عن اجتناب جميع المنهيات واتيان جميع المامورات الا انها مقيدة
جہان تک سکو اسلئی کہ تقوی اگرچہ تمام منہیات سی اجتناب اور تمام مامور پر عمل کرنیکو کہتی ہین مگر اتنا ہی کہ استطاعت کی قید

بالاستطاعة واما قوله تعالى اتقوا الله حق تقاته فالصحيح الصواب الذي جزم به المحققون ان قوله تعالى فاتقوا الله
لگا دی ہی اور یہہ آیت ڈرتی رہو اللہ سی جیسا چاہی تو صحیح صواب جو مختار محقق لوگون کا ہی یہہ ہی کہ یہہ آیت سو ڈرو اللہ سی

ما استطعتم مفسر له ومبين للمراد به لانه تعالى لم يكلف عباده الا بالمستطاع حتى قال لا يكلف الله نفسا الا وسعها
جہان تک سکو اوسکی تفسیر ہی اور اوس سی جو مراد ہی کہولدیتی ہی اسلئی کہ اللہ تعالی اپنی بندون کو طاقت سی زیادہ کی تکلیف نہین دی ہی یہان تک کہ فرمایا

وقال في اية اخرى وما جعل عليكم في الدين من حرج ثم ان النهي في قوله عليه السلام ما نهيتكم عنه فاجتنبوه
مگر جو اوسکی گنجایش ہو ... یہ آیت مین فرمایا ہی اور نہین رکہی تمپر دین مین کچہہ مشکل پہر نہی جو اس حدیث مین ہی کہ جو مین تمکو منع کرون تو اوس سی پرہیز کرو

يقتضي ترك جميع ما نهي عنه مطلقا اذ لا يحصل الامتثال الا بذلك بخلاف الامر في قوله عليه السلام وما امرتكم
یہہ ہی تقاضا کرتی ہی کہ تمام منہیات مطلقا عمل مین نہ آوین کیونکہ بدون اسکی اطاعت نہین ہوتی برخلاف امر کی اس حدیث مین اور جو مین تمکو امر کرون

به فافعلوا منه ما استطعتم فانه لا يقتضي الا الاتيان بما يقدر عليه ثم ان من كان مريضا اذ لو يقدر على القيام في الصلوة
تو جسقدر تمسی ہو سکی وہ کرو اس سی عمل کرنا بقدر استطاعت ہی کی لازم آتا ہی جیسی کوئی بیمار ہو اگر نماز مین کہڑا نہین ہو سکتا تو بیٹھہ کر پڑہ لی

يصلي قاعدا بركوع وسجود وان لم يقدر على الركوع والسجود يصلي بالايماء قاعدا ويجعل سجوده اخفض من ركوعه
رکوع اور سجود ادا کری اور اگر رکوع اور سجود ہی نہین ادا کر سکتا تو بیٹھہ کر اشارہ سی پڑہ لی اور سجدہ کو بہ نسبت رکوع کی زیادہ پست کری

ليتحقق الفرق بينهما وان لم يقدر على القعود يصلي بالايماء مضطجعا او مستلقيا وكذا اذا كان راكبا على الدابة
تاکہ دونون مین فرق رہی اور اگر بیٹھہ ہی نہین سکتا تو اشارہ سی ادا کری کروٹ پر پڑا ہوا یا چت اور ایسی ہی اگر چوپایہ پر سوار ہو

وخاف عند النزول على نفسه او دابته من سبع او لص او كان في مطر شديد او طين يغيب وجهه فيه ولا يجد مكانا
اور اوترنی مین اپنی جان کا یا اوس سواری کا خوف کرتا ہو درندہ سی یا چور سی یا مینہہ کی زور پڑتی ہو یا ایسا کیچڑ گارا ہو کہ جسمین منہہ دہسجاوی اور کوئی

جافا او كان عاجزا عن النزول والركوب لكبر سنه او ضعف مزاجه او كان دابته جموحا لا يمكنه الركوب بلا معين
خشک جگہہ نہ ملی یا سوار ایسی اوترنی ... مین عاجز ہو ماری بڑہاپی کی یا ناتوانی مزاج سی یا اوسکا گہوڑا ایسا بدکتا ہو کہ بدون مددگار کی نہین چڑہ سکتا

او كانت القافلة في البادية تسير ويخاف على نفسه وثيابه لو نزل فانه يصلي على الدابة بالايماء كيف ما يمكنه وكذا المرأة
یا قافلہ جنگل مین چلا جاتا ہو اور اگر اوتری تو خوف ہی جان کا یا کپڑون کا تو یہہ بہی سواری کی اوپر اشارہ سی جسطرح بن آوی پڑہ لی اور ایسی ہی عورت

اذا لم يكن لها محرم ولم تستطع النزول والركوب بنفسها تصلي على الدابة بالايماء فبذلك يحصل الامتثال في
جب اوسکی ساتہہ محرم نہو اور وہ اپنی آپ اوتر چڑہ نہ سکتی ہو تو دابہ کی اوپر اشارہ سی پڑہ لی ان تمام صورتون مین اتنی ہی مین امتثال

جميع ذلك وكذلك لو لم يجد من الثياب ما يستر به عورته ومن الماء ما يغسل به اعضاء وضوئه مرة واحدة
ہو جاویگا اور ایسی ہی اگر اتنا کپڑا میسر نہو کہ عورت ڈہک سکی اور اتنا پانی نہ ملی کہ اعضاء وضو کی ایک ایک بار دہو لی

او عجز عن استعمال الماء في بعض اعضائه في الوضوء والغسل او عن اتيان بعض اركان الصلوة او بعض شروطها
یا وضو مین یا غسل مین بعض اعضاء پر پانی نہ لگا سکی یا کوئی رکن یا کوئی شرط نماز کی ادا نہ کر سکی

فباتيان الممكن يحصل الامتثال وقوله عليه السلام فانما اهلك الذين من قبلكم كثرة مسائلهم ...
تو پہر جتنا ادا کر سکتا ہی وہ ہی پورا امتثال ہی اور یہہ ارشاد نبوی علیہ السلام کا کہ تمسی پہلون کو کثرت کی پوچہا پاچہی نی ہلاک کر دیا مسلم مین

في كتاب مسلم عن ابي هريرة فانه قال خطبنا رسول الله عليه السلام فقال يا ايها الناس قد فرض الله عليكم الحج
ابو ہریرہ رضی سی روایت ہی وہ کہتی ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی ہمکو خطبہ سنایا فرمایا ای لوگو بیشک اللہ نی تمپر حج فرض کر دیا ہی

فحجوا فقال رجل اكل عام فسكت النبي عليه السلام حتى قالها ثلاثا فقال النبي عليه السلام لو قلت نعم لوجبت ثم
سو حج کیا کرو ایک شخص نی عرض کیا کیا ہر سال پہر نبی علیہ السلام چپ ہو رہی یہان تک کہ اوسنی کئی بار عرض کیا پہر نبی علیہ السلام نی فرمایا اگر مین یہہ کہدیتا کہ ہان

قال النبی علیه السلام ذرونی ما ترکتکم فانما هلک من کان قبلکم بکثرة سؤالهم واختلافهم علی انبیائهم فاذا امرتکم
نبی علیه السلام نے فرمایا مجھکو اسی پر رہنے دو جسپر میں نے تمکو چھوڑ رکھا ہی تمسے پہلے جو لوگ ہلاک ہوئے ہیں تو بہت پوچھا پاچھی سے اور اپنے انبیاء کی خلاف کرنے سے ہلاک ہوئے
بشئ فأتوا منه ما استطعتم واذا نهیتکم عن شئ فدعوه فانه علیه السلام صار کانه قال اترکونی فی مدة ترکی
سو جب میں تمکو کوئی بات کہا کرو تو اوسکو جتنا تمسے ہوسکے کیا کرو اور جب منع کیا کرو کسی بات سے تو وہ چھوڑ دیا کرو اب نبی علیہ السلام نے گویا یہہ فرمایا یونہی رہنے دیا کرو
ایاکم من الامر بالشئ او النهی عنه ولا تلحوا علی فی السؤال ولا تبالغوا فی الاستقصاء والا یشدد علیکم کما شدد علی
جبتک میں تمکو کسی بات کی امر میں یا ممانعت میں چھوڑی رکھوں اور نخواہ مخواہ مجھسے سوال مت کیا کرو اور نہ پورا کرنے میں حد سے بڑھا کرو اور نہیں تو تمپر ایسا تشدد ہوگا
بنی اسرائیل حین وقع فیهم قتیل ولم یدروا من قتل وسالوا موسی النبی علیه السلام ان یبینه لهم فقال لهم موسی انه
جیسے بنی اسرائیل پر تشدد ہوا تہا جب اونمیں ایک مردہ ملا اور اوسکا قاتل نہ معلوم ہوا پہر اونہوں نے نبی علیہ السلام سے پوچہا کہ ہمکو قاتل بتا دو سو موسی علیہ السلام نے
ان الله یامرکم ان تذبحوا بقرة وتضربوه ببعضها فیحیی ویخبرکم بقاتله فلما سمعوا منه هذا القول تعجبوا من بقرة
اونسے کہا کہ اللہ تعالی تمکو فرماتا ہی کہ ایک گای ذبح کرو اور اوسکا ایک ٹکڑا مردے سے لگا دو وہ زندہ ہوکر اپنا قاتل تمکو بتا دیگا جب اونہوں نے حضرت موسی سے یہہ بات سنی
میتة یضرب ببعضها میت فیحیی فیخبرکم بقاتله فشرعوا فی السؤال عن حالها صفتها وسنها ولونها حتی امروا بذبح بقرة علی صفة
کہ مردہ گای کا گوشت مردے سے لگائیں تو مردہ زندہ ہوکر اپنے قاتل کا نام تمکو بتاویگا پس اب اونہوں نے گای کا حال اور قسم اور عمر اور رنگ پوچہنا شروع کیا آخر کو ایسی گای
لم توجد تلک الصفة الا فی بقرة واحدة ولم یبعها صاحبها الا بملأ جلدها ذهبا فاشتروها بذلک وذبحوها وضربوا
حکم ہوا کہ جو ایسی ایک ہی گای تہی اور اوسکے مالک نے بیچی تو اوسکا چمڑا سونے سے بہروالیا پہر اوسی قیمت کو مول لیکر ذبح کی اور گوشت کا کچہہ مردے سے لگایا
القتیل ببعضها فحیی وسمی بهم قاتله فانهم فی ابتداء الامر لو ذبحوا بقرة ایة بقرة کانت لکانوا ممتثلین لامر الله تعالی
پہر وہ زندہ ہوا اور قاتل کا نام بتایا اگر وہ پہلے حکم ہوتے ہی کوئی سی گای ذبح کردیتے تو فرمان الٰہی ادا ہو جاتا پر وہ اپنی اوپر سختی دینے کو
لکنهم شددوا علی انفسهم بالاستقصاء فی السؤال شدد الله تعالی علیهم وقد اشار النبی علیه السلام الی ذلک
سوال کرتی گئی اللہ تعالی نے اونپر شدت کی اور بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ادہر ہی اشارہ کیا ہی
بقوله فانما هلک من کان قبلکم بکثرة سؤالهم واختلافهم علی انبیائهم وانما کان کثرة السؤال والاختلاف علی الانبیاء
کہ جو تمسے پہلے گذری ہیں بہت سوال کرنیسے اور انبیاء علیہم السلام کا خلاف کرنے سے ہلاک ہوئے اور کثرت سوال اور انبیاء کا خلاف کرکر
سببا للهلاک لان الله تعالی انما بعثهم لیعلموا الناس ما یحتاجون الیه فی دینهم ویبینوا ما فیه مصالح دنیاهم واخرتهم
اسلئے ہلاک ہوگئی کہ اللہ تعالی نے انبیاء کو اسیلئے بہیجا ہی کہ لوگوں کو حاجت کی باتیں دین کی سکہاویں اور جس امر میں اونکی دنیا اور دین کا بہلا ہو جتلاویں
وجعل کلامهم امینا علی مواضعه ولا یجوز لهم ان یسکتوا عند الحاجة او یتکلموا علی خلاف المصلحة وکثرة السؤال
اور اللہ تعالی نے ہریک نبی کو امت کی کاروبار کا امین پیدا کیا ہی اور اونکو جائز نہیں ہی کہ حاجت کی وقت چپ رہیں یا برخلاف مصلحت کچہہ کہہ اوٹہیں
علی من کان شانه هذا والاختلاف علیه امارة عدم الثقة بقوله وعلامة سوء الظن به ولا شک ان سوء الظن
اور ایسے کو سے بار بار سوال کرنا اور اونسے خلاف کرنا نشانی بے اعتمادی کی اونکی کہنے پر اور علامت بدگمانی کی ہی اور بلاشک نبی پر بدگمانی
بالنبی یوجب الهلاک وقد قال المشائخ من قال لاستاذه لم فهو لا یفلح ابدا فما ظنک بمن لا یتادب بین یدی الرسول
ہلاک کردیتی ہی اور مشایخ کا قول ہی جو کوئی اوستاد کی سامنے کہی یہہ کیوں اوسکا کبہی بہلا نہیں ہوتا پہر تیرا کیا خیال ہی اوسکی حق میں جو رسول علیہ السلام کی سامنے
وجاوز مقام التسلیم والقبول ثم انه علیه السلام اشار بذکر کثرة السؤال الی ان بعض السؤال لا یضر وهو ما کان
ادب نکری اور تسلیم اور قبولیت کی مقام سے بڑہ جاوے پہر نبی علیہ السلام نے کثرت سوال کی ذکر کرنے میں یہہ اشارہ فرمایا ہی کہ بعضا سوال نقصان نہیں کرتا یعنی
بقدر الحاجة واما السؤال عما لا یعنیهم ولا یلیق بهم فهو تضییع للعمر ودلیل علی التردد وقد یکون سببا للوقوع فی
حاجت کی موافق ہو [illegible]

الزيغ والبدع لسوء الفهم وضعف البصيرة ومن اجل ذلك ضل من كان قبلهم من الامم السالفة واستوجبوا اللعن
بسبب نافہمی اور ضعف بصیرت کی کمی اور بدعتوں مین جاپہنستا ہی اور اسی سبب سی تمنی پہلی امتین گمراہ ہوکر ملعون ہوگئین اور اونکی
والمسخ وغير ذلك من البلايا والمحن وقوله عليه السلام واختلافهم معطوف على الكثرة لا على السؤال لان الاختلاف
صورتین بدل گئین اور سوا اسکی اور بہت بلائین اور محنتین ہیکئین اور حدیث کا لفظ واختلافہم کثرت پر معطوف ہی سوال پر معطوف نہین اسلئی کہ انبیاء
على الانبياء غير جائز قليلا كان او كثيرا لانه تعالى لم يجعل احدا منهم مستعدا لنبوته وامينا لوحيه الا وقد تكفل
کی مخالفت اصلا جایز نہین ہی تہوڑی نہ بہت اسلئی کہ اللہ تعالی نی اونکو لایق نبوت کی اور امین اپنی وحی کا تب کیا ہی کہ آپ اونکی صواب اندیشی کا ذمہ دار
له بالاصابة وايده بالهداية الى الاصلح والارشد فعلى كل واحد من امته ان يلقي سمعه اليه ويشهد بقلبه بين
ہولیا ہی اور امور اصلح اور ارشد مین ہدایت کی تائید کی ہی اب امت کی ہر ہر شخص کو لازم ہی کہ اونکی بات کان لگاکر سنی اور دلسی اونکی سامنی گواہی دی
يديه ويغتنم كلامه اذا تكلم وسكوته اذا سكت ويسد عنده باب الاختلاف ولا يفتح عليه باب الاعتراض بل يتبعه
اور اونکی کلام کو جب وہ کچہہ فرماوین اور اونکی خاموشی کو جب چپ رہین غنیمت سمجہی اور دروازہ اختلاف کا تیغہ کری اور اعتراض کا باب کبہی نہ کہولی بلکہ اطاعت کری جاوی
اذ في معنى نبينا محمد عليه السلام غيره من الانبياء وقد قال الله تعالى في حقه واتبعوه لعلكم تهتدون وعلم من دين
کیونکہ اور سب انبیاء اطاعت مین بمنزلہ ہماری نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہین اور بیشک اللہ تعالی نی اونکی حق مین فرمایا ہی اور اوسکی تابع رہو شاید تم راہ پاؤ اور
الصحابة ضرورة انهم كانوا يتبعونه في جميع افعاله واقواله من غير توقف ولا تردد اصلا الا ما قام فيه دليل على
صحابکی معاملات دینی سی یقینی معلوم ہی کہ صحابہ تمام افعال اور اقوال مین اونکی اطاعت کرتی تہی اصلا توقف اور تردد نہین ہوتا تہا ہان اگر کوئی دلیل
اختصاصه به فانهم قد خلعوا نعالهم حين خلع نعله ونزعوا خواتيمهم حين نزع خاتمه وكانوا يبحثون بحثا عظيما
کسی کام کی کہ ذات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی خاص ہی پیدا ہو جاتی بیشک صحابہ ننگی پانو ہوجاتی تہی جب نبی جوتی نکالتی اور انگوٹہیان نکالڈالتی جب نبی انگوٹہی نکالتی
عن هيئة جلوسه ونومه وكيفية اكله وشربه وغير ذلك ليقتدوا به وانهم حين ارادوا التبتل والانقطاع
اور آپ کی طرز نشست اور خواب اور طریقہ کہانی اور پینی وغیرہ کی آپسمین بہت بحث اور پوچہا پاچہی کرتی تہی تاکہ اوسکی پیروی کرین اور جب صحابہ نی یہہ عزم کیا
للعبادة ليلا ونهارا قال لهم اما انا فاكل واشرب وانام واتزوج النساء فمن رغب عن سنتي فليس مني فانظر كيف
رات دن صرف عبادت ہی کی ہو رہین تو آپ نی فرمایا مین کہاتا ہی ہون اور پیتا ہی ہون اور سوتا ہی ہون اور عورتونسی نکاح ہی کرتا ہون پہر جو میری سنت سی پہر جاوی وہ میرا نہین ہی تو
ردهم بفعله عما قصدوه مع انه قبل التامل يرى انه من اكبر الطاعات وافضل العبادات ولذلك قال ابو بكر الصديق
اب دیکہہ تو نبی صلعم نی صحابہ کو اوس ارادہ سی اپنا کام بتاکر کیونکر ہٹادیا ہی باوجودیکہ تامل سی پہلی ظاہر یون معلوم ہوتا ہی کہ بڑی ہی طاعت اور افضل عبادت ہی اور اسی لئی ابوبکر
ديننا مبني على المنقول لا على مناسبات العقول وقال الامام الغزالي في اصول الدين اياك ان تتصرف بعقلك
صدیق کہتی ہین ہماری دین کی بنیاد منقول پر ہی مناسبات عقلی پر نہین ہی اور امام غزالی اصول الدین مین کہتی ہین بچیارہ عقلی تصرفات سی کر
وتقول ما كان خيرا ونافعا فهو كلما كان اكثر كان انفع فان عقلك لا يهتدي الى اسرار الامور الالهية وانما
تو یہہ نہ کہنی لگی جو بات بہتر اور مفید ہی تو جتنی زیادہ ہوگی مفید تر ہوگی کیونکہ امور آلہی کی اسرار کو تیری عقل کہان پاسکتی ہی اون اسرار کو
يتلقفها قوة النبي عليه السلام فعليك بالاتباع فان خواص الامور لا تدرك بالقياس او ما ترى كيف نوديت الى
قوت نبوی ہی اوٹہا سکتی ہی سو تجہکو صرف اتباع ہی لازم ہی کیونکہ بعضی خاص امور قیاس سی معلوم نہین ہوتی کیا تو نہین جانتا کیونکر تجہکو واسطی نماز کی بلایا
الصلوة ونهيت عنها جميع النهار وامرت بتركها بعد الصبح وبعد العصر وعند الطلوع والغروب والزوال وذلك ينتهي الى
اور دنمین سی ہر وقت پڑہنی کی ممانعت کی اور بعد صبح کی اور بعد عصر کی اور عین طلوع اور غروب اور زوال پر حکم ترک نماز کا ہوا اور یہہ تمام زمانہ
قدر ثلث النهار وكيف اثر الفساد ظاهر في قياسك هذا فانه كقولك الدواء نافع للمريض فكلما كان كان انفع ومن المعلوم
بقدر تہائی دن کی ہوتا ہی کیونکہ تیری اس قیاس مین تو فساد ظاہر معلوم ہوتا ہی یہہ قیاس تو ایسا ہی جیسی دوا بیمار کو سود مند ہوتی ہی پہر جتنی زیادہ ہوگی دینا کا

كثرة

ان كثرة الدواء ربما يقتل وقال في الاحياء اعلم ان الطبيب الحاذق كما يطلع في المعالجات على اسرار يستبعدها
کہ دوا کی کثرت بعضی وقت مار ڈالتی ہی اور احیاء مین کہا ہی سمجھہ تو طبیب حاذق جیسی معالجات میں ایسی ایسی اسرار جانتا ہی کہ ناواقف لوگ حیران ہوتی ہین
من لا يعرفها فكذلك الانبياء اطباء القلوب والعلماء باسباب الحيوة الاخروية فلا تتحكم على سننهم بعقلك
ایسی ہی انبیاء دلون کی طبیب ہین اور اخروی زندگی کی اسباب سی واقف ہین سو تو اونکی وضع پر عقلی تکی مت لگا
فتهلك فكم من شخص يصيبه عارض في اصبعه فيقتضي عقله ان يطليه حتى ينبهه طبيب حاذق ان علاجه
تو ہلاک ہو رہی گا بہت شخص ہوتی ہین کہ اونکی اونگلی دکہنی لگتی ہی اونکی عقل مین آتا ہی کہ اسپر لیپ کرنا چاہیے یہان تک کہ طبیب حاذق تجویز کرتا ہی کہ اسکا علاج
ان يطلي الكتف من الجانب الاخر من البدن فيستبعد ذلك من حيث انه لا يعلم كيفية انشعاب الاعصاب فكذا
بدن کی دوسری طرف کی مونڈہی پر لیپ کرنا چاہیئے پہر اسمین وہ حیران ہوتا ہی اسلئی کہ پٹہون کی راہ اور کیفیت سی واقف نہین ہی ایسا ہی
الامر في طريق الاخرة ودقائق سننهم ليس في وسع العقل الاحاطة بها كما ان في خواص الاحجار امورا غاب عنا
حال آخرت کی راہ کا ہی اسکی دقیقی عقل کی احاطہ مین نہین سما سکتی جیسی پتہرون مین بعضی ایسی خواص ہین کہ ہم نہین جانتی
علمها حتى لا نعرف السبب الذي به يجذب المقناطيس الحديد والعجائب في العقائد والاعمال اكثر مما في الادوية
یہان تک کہ ہمکو اسکا سبب معلوم نہین کہ مقناطیس لوہی کو کیون کہینچ لیتا ہی اور عقاید اور اعمال کی عجایب تو دوا دارو سی بہت زیادہ ہین
فكما ان العقول تقصر عن ادراك منافع الادوية مع ان التجربة سبيل اليها فكذلك العقول تقصر عن ادراك
جیسی عقلین دوا دارو کی تاثیرات سی واقف نہین ہین باوجودیکہ تجربہ کو بہی اودہر راہ ہی ایسی ہی عقلین حیات اخروی کی مفید شی کی سمجہہ سی قاصر ہین
ما ينفع في الحيوة الاخرة مع ان التجربة غير متطرقة اليها وانما يكون ذلك لو رجع الينا بعض الاموات فاخبرونا
باوجودیکہ تجربہ کو بہی ادہر کوئی راہ نہین یہہ حال جب معلوم ہوتا اگر کوئی مردہ ہماری پاس چلا آتا پہر ہمکو بتا دیتا
عن الاعمال المقربة الى الله تعالى والمبعدة عنه وكذا العقائد وذلك مما لا مطمع فيه فيكفيك من منفعة العقل
کونسی اعمال اللہ تعالی سی نزدیک کر دیتی ہین اور کونسی دور ڈالدیتی ہین اور ایسی ہی عقاید اور اسکی تو کوئی امید نہین ہی اب عقل کا اتنا فائدہ ہی بہت ہی
ان يهديك الى صدق النبي عليه السلام ويفهمك موارد اشاراته ثم اعزله عن التصرف ولازم الاتباع فانك
کہ تجہکو واسطی تصدیق نبی علیہ السلام کی ہدایت کرتی ہی اور موارد اشارات سمجہا دیتی ہی پہر عقل کو تصرف سی بیکار رکہہ کر اتباع لازم کر لی تیری
لا تسلم الا به قال بعض العلماء العقل يوصلك الى صدق النبي عليه السلام ثم تتركه وتقتدي بالنبي عليه السلام
سلامتی اسیہی میں ہی بعضی علماء کہتی ہین عقل تجہکو نبی علیہ السلام کی تصدیق تک پہنچا دیتی ہی پہر تو اوسکو چہوڑ اور افعال اور ترک افعال مین نبی کی
في افعاله وتركه كالفرس في سفرك الظاهر فانه يوصلك الى البحر ثم تتركه وتركب في السفينة وتقتدي بالملاح في
پیروی کر جیسی گہوڑا ظاہری سفر مین دریا تک پہنچا دیتا ہی پہر تو اوسکو چہوڑ کر کشتی مین سوار ہو جا اور اوسکی چلانی اور ٹہرانی مین ملاح کی پیروی کر
مجريها ومرسيها وقال الشيخ الكلاباذي ان الله تعالى لم يبن امور الدين على عقول العباد ولم يعد ولم يوعد
اور شیخ کلاباذی کہتا ہی کہ اللہ تعالی نی امور دینی کی بنیاد بندون کی عقلون پر نہین رکہی ہی اور نہ وعدہ کیا ہی اور نہ وعید
على ما يحتمله عقولهم ويدركونه بافهامهم او يقيسونه بارائهم بل وعد واوعد بمشيته وارادته وامر ونهى
موافق عقلی احتمالات کی کہ اوسکو وہ اپنی فہم اور رای سی سمجہہ لین اور جانچ لین بلکہ وعدہ اور وعید اپنی مشیت اور ارادہ کی موافق اور امر اور نہی
بحكمته وعلمه ولو كان كل ما لا يدركه العقول مردودا لكان اكثر الشرائع مستحيلا على موضوع عقول العباد و
اپنی حکمت و علم کی مطابق کیا ہی اور اگر جو امر کہ عقل سی دریافت نہین ہو سکتا ہو مردود ہوتا تو اکثر احکام شرعی موافق موضوع عقول عباد کی محال ہو جاتی اور
ذلك ان الله تعالى اوجب الغسل بخروج المني الذي طاهر عند بعض الصحابة وكثير من فقهاء الامة واوجب غسل
وہ یہہ امور ہین کہ اللہ تعالی نی منی کی نکلنی سی جو کہ نزدیک بعضی صحابہ کی اور اکثر فقہاء امت کی پاک ہی نہانا واجب کیا ہی

الاطراف من خروج الغائط الذي لا خلاف بين الامة وسائر من يقوم به العقل من غيرها على نجاسته و
اور پائخانہ کی نکلنی سی صرف ہاتہہ پانوں وغیرہ اعضاء وضو کا دہونا واجب کیا جسکی نجاست اور پلیدی اور بدبو میں کسیکو امت میں سی
قذارته ونتنه واوجب بريح تخرج من موضع الحدث ما اوجبه بخروج الغائط الكثير الفاحش فباي عقل
اور تمام عقلاء ورا امت کو اصلا خلاف نہیں ہی اور موضع حدث سی ہوا کی نکلنی پر بہی وہ ہی واجب کیا جو پائخانہ کی نکلنی پر جو نہایت فاحش ہی پہر کونسی عقل
عقل کونسی
نستقيم هذا وباي راي يجب مساواة ريح ليس لها عين قائمة لما يقوم عينه ويزيد على الريح نتنا وقذارة
سی یہہ درست ہوسکتا ہی اور کونسی رای میں ہوا جسکی کچہہ جسمیت قایم نہیں ہی برابر ہوسکتی ہی اوسکی ساتہہ جو مجسم ہی اور ہوا پر باعتبار بدبو اور نجاست کی بڑہ رہی
واوجب قطع يمين مؤمن بسرقة عشرة دراهم وعند البعض بثلثة دراهم او دون ذلك ثم يسوي بين هذا القدر
اور دس درہم کی چوری پر اور بعضوں کی نزدیک تین درہم کی چوری پر یا اسی کمتر پر مؤمن کا داہنا ہاتہ کاٹنا واجب کیا ہی پہر اتنی مقدار مال سی بڑہ کر
من المال وبين مائة الف دينار ويكون القطع فيهما سواء واعطى الام من ولدها الثلث ثم ان كان للمتوفى اخوة
لاکہہ اشرفی تک وہ ہی داہنا ہاتہ کاٹنا برابر ہی اور ماکو بیٹا بیٹی کی ترکہ میں سی تہائی دلایا ہی پہر اگر میت کی اوسکی دو بہائی بہن ہوں
جعل لها السدس من غير ان يرث الاخوة من ذلك الميت شيئا فباي عقل يدرك هذا الا تسليما وانقيادا يسرنا
تو ماکی لئی چہٹا حصہ ہی حالانکہ وہ بہائی بہن ہی میت کی کچہہ وارث نہیں ہوتی اب یہہ کونسی عقل میں آسکتا ہی بجز تسلیم اور اطاعت کی آلہی ہمکو
الله تعالى بلطفه وكرمه تسليما وانقيادا **المجلس التسعون في بيان سبق رحمة الله وغلبتها على غضبه وماهيتهما**
اپنی لطف اور کرم سی تسلیم اور اطاعت آسان کردی **نوی مجلس** رحمت الہی کی سبقت میں اور اوسکی غلبہ میں غضب پر اور دونو کی حقیقت میں
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لما قضى الله الخلق كتب كتابا فهو عنده فوق عرشه ان رحمتي سبقت
رسول الله صلی الله علیہ وسلم نی فرمایا جب الله تعالی خلقت کو پیدا کرچکا تو ایک حکم لکہا سو وہ عرش کی اوپر اوسکی پاس ہی بیشک میری رحمت میری غضب کی
غضبي وفي رواية ان رحمتي غلبت غضبي هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة ومعناه ان الله تعالى
سابق ہی اور ایک روایت میں ہی بیشک میری رحمت میری غصہ پر غالب ہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہیں کہ اللہ
لما خلق الخلق حكم حكما جازما ووعد وعدا لازما ان رحمته سبقت وغلبت غضبه فالرحمة عبارة عن
جب خلقت کو پیدا کرچکا تو حکم یقینی اور وعدہ ضروری دیا کہ اوسکی رحمت غضب پر سابق اور غالب ہی سو رحمت کیا ہی ارادہ ثواب دینی کا
ارادة الاثابة للمطيع والغضب عبارة عن ارادة الانتقام من العاصي فعلى هذا كان كل واحد منهما صفة من
مطیع کو اور غضب ارادہ بدلا لینی کا گنہگار سی اس بیان کی موافق رحمت اور غضب دونو
صفات الله تعالى راجعة الى الارادة ومن المعلوم قطعا ان صفاته تعالى كلها قديمة لا يوصف بعضها بكونه
الله تعالی کی صفات ہیں انجام انکا ارادہ ہی اور یقینی معلوم ہی کہ تمام صفات الہی قدیم ہیں کوئی کسی پر نہ سابق ہوسکتی ہی
سابقا وغالبا على الاخر فلزم ان يقال المقصود من هذا الكلام بيان سعة رحمة الله تعالى وشمولها على الخلق
اور نہ غالب اسلا چار قائل ہونا پڑا کہ اسی مقصود بیان کرنا وسعت رحمت الہی کا ہی اور اسکا عموم اور شمول خلق پر
لانها تتعلق بالمطيع والعاصي والصغير والكبير واما الغضب فلا يتعلق الا بالعاصي ثم ان قسط الخلق من الرحمة اكثر
کیونکہ رحمت مطیع اور گنہگار اور صغیر اور کبیر سب پر ہوتی ہی اور رہا غضب سو فقط عاصی ہی پر ہوتا ہی پہر بیشک رحمت میں سی حصہ خلقت کا زیادہ ہی
من قسطهم من الغضب لانهم ينالون الرحمة من غير استحقاق ولا ينالون الغضب الا بالاستحقاق فصارت الرحمة
بہ نسبت حصہ غضب کی کیونکہ وہ لوگ بدون استحقاق کی بہی رحمت پاتی ہیں اور غضب میں بدون استحقاق کی گرفتار نہیں ہوتی اب گویا رحمت
كانها السابقة الغالبة بالنسبة الى الغضب ثم ان الرحمة تقتضي دفع المضار عن الغير وايصال المنافع اليه وان
غضب سی سابق اور غالب ہی پہر بیشک رحمت غیر سی مضرت دور کرنیکا اور فائدہ پہنچانیکا تقاضا کرتی ہی اگرچہ

كرهتها نفسه وشقت عليها وهذه هي الرحمة الحقيقية ألا ترى ان الاب كان من رحمته بولده ان يمنعه عن شهواته
اوسکا نفس پسند نکری اور اوسپر دشوار ہو تو مرتبہ حقیقی رحمت کا ہی کیا تو نہین جانتا کہ باپ کی رحمت بیٹی کی حق مین یہہ ہی کہ اوسکو شہوات سی بند کری
ويكرهه على العلم والادب بالضرب وغيره ومتى اهمل ذلك من ولده كان ذلك من عدم رحمته به وان ظن انه من
اور علم ادب مار مار کر سکہاوی اور یہہ طریقہ اگر بیٹی سی موقوف رکہی گا تو یہہ اسپر بی رحمتی ہی اگرچہ بیٹا یہہ سمجہی
رحمته به فان هذه الرحمة مقرونة بالجهل كرحمة الام ولذلك كان من رحمة الله تعالى بعباده ان يبتليهم
کہ بڑی رحمت ہی کیونکہ یہہ رحمت جہالت کی راہ سی ہی جیسی ما کی رحمت اور اسی لیئی رحمت الٰہی بندون پر یہہ ہی کہ اونکو اوامر اور نواہی مین
بالاوامر والنواهي لا لحاجة منه اليهم بما امرهم به ولا لبخل منه عليهم بما نهاهم عنه بل ليهتدوا الى صراط مستقيم
آزماتا ہی نہ کہ ماموریہ مین اونسی الله تعالی کی کوئی غرض نہین ہی اور نہ ممنوعات مین اونسی کچہہ بخل ہی بلکہ اسلئی کہ سیدہی راہ چلین
ويدخلوا في النعيم المقيم ومن رحمته ايضا انه نغص عليهم الدنيا وكدرها وسلط عليهم البلاء فيها حمية لهم عنها لئلا
اور دائمی عیش مین داخل ہون اور یہہ ہی اوسکی رحمت ہی کہ دنیا کو اونپر کمتر اور مکدر اور بلا اونپر مسلط کر رکہی ہی کہ دنیا سی بچین تا کہ دنیا مین
يطمئنوا بها وبالغوا محبتها وينقطعوا من منازل الاخرة فانه تعالى ساقهم الى تلك المنازل بسياط الابتلاء فمنعهم
باطمینان خاطر ہو کر غایت درجہ کی محبت نکرین اور منازل اخروی سی الگ نہ ہو رہین بیشک الله تعالی نی اونکو اون منازل پر ابتلا کی تازیونسی روانہ کیا ہی سو اونکو
ليعطيهم وابتلاهم ليعافيهم واماتهم ليحييهم فان العبد متى ابتلي يضعف سورة نفسه ويذهب صفات بشريته
بند کیا تا کہ عطا کری اور مبتلا کیا تا کہ درگذر کری اور موت دی تا کہ پہر زندہ کری کیونکہ بندہ جب مبتلا ہوجاتا ہی تو اوسکی نفس کی تیزی کہٹ جاتی ہی اور صفات بشری جاتی رہتی ہی
وينقطع عنه مواد الهوى ولذة الدنيا ويتوجه عند كل سراء وضراء الى مولاه ويألف الاقبال عليه ويستوطن
اور مادہ ہوا ہوس اور دنیا کی لذت منقطع ہوجاتی ہی اور ہر حال خوشی اور رنج مین اپنی مولی کیطرف متوجہ رہتا ہی اور اوسکی طرف توجہ سی الفت پکڑ کر اوسکی سامنی
بالصبر والرضى بين يديه الى ان يرفعه الى درجة الاولياء والاحباب لان البلاء يسبك العبد فكانه تعالى يسبك
صبر اور رضا کو وطن کر لیتا ہی یہان تک کہ اوسکو اولیا اور احباب کی درجہ پر سربلند کر دیتا ہی کیونکہ مصیبت بندہ کو سانچہ مین اوتارتی ہی
عبده المؤمن بنار المحنة والبلاء ليصفيه من كدرات اخلاق البشرية ليصلح لولايته ومحبته وهذا هو السعادة
گویا الله تعالی اپنی مؤمن بندہ کو بلا اور محنت کی آگ سی ڈالتا ہی تا کہ اخلاق بشری کی میل سی صاف ہو کر قابل ولایت اور محبت کی ہو جاوی اور سعادت عظمی
العظمى والكرامة الكبرى لكن وقع الجهل من بني ادم وطلبوا السعادة والكرامة بالدين الفاسد والدنيا الفانية وهما
اور کرامت کبری یہہ ہی ہی لیکن بنی آدم ہی بڑی جہالت ہوئی کہ اونہون نی سعادت اور کرامت دین فاسد اور دنیا فانی کی وسیلہ سی طلب کی اور یہہ دونو
في الحقيقة ضد ما طلبوه ففاتهم مطلوبهم من حيث قصدوه ووقعوا في الالم من حيث اجتنبوه وذلك لان الاعمال التي
حقیقت مین مطلوب کی ضد ہین سو اونکا مطلوب جس راہ سی طلب کیا تہا فوت ہوگیا اور بچتی ہوئی الم مین آپڑی اور یہہ اسواسطی کہ لوگ جو اعمال
يعملها الناس اما ان يتخذوها دينا او لا وما اتخذوها دينا اما ان يكون دينا حقا او لا فالنعيم المقيم لا يكون الا في الدين
کرتی ہین یا تو اوسکو دین سمجہتی ہین یا نہین سمجہتی اور جسکو دین سمجہتی ہین یا وہ دین حق ہوتا ہی یا دین حق نہین ہوتا سو عیش دائمی تو صرف دین حق ہی مین ہوتا ہی
الحق فاهله هم اصحاب النعيم المقيم كما اخبر الله تعالى به في كتابه في مواضع عديدة من جملتها قوله تعالى في حق المتقين
اور اہل دین حق کی وہ ہی اصحاب عیش دائمی کی ہین چنانچہ الله تعالی اپنی کتاب مین کئی جگہ اسکی خبر دیتا ہی انہین سی ایک یہہ آیت ہی پرہیزگار ہدایت والون کی حق مین
المهتدين اولئك على هدى من ربهم واولئك هم المفلحون وقوله تعالى فمن اتبع هداي فلا يضل ولا يشقى وقوله تعالى
اونہون نی پائی ہی راہ اپنی رب کی اور وہ ہی مراد کو پہنچی اور یہہ آیت پہر جو چلا میری بتائی راہ نہ وہ بہکیگا نہ وہ تکلیف مین پڑیگا اور یہہ آیت
فمن تبع هداي فلا خوف عليهم ولا هم يحزنون وقوله تعالى ان الابرار لفي نعيم وان الفجار لفي جحيم والقران مملوء بمثل
تو جو کوئی چلا میری بتائی پر نہ ڈر ہوگا اونکو اور نہ اونکو غم اور یہہ آیت بیشک نیک لوگ ہین آرام مین اور بیشک گنہگار دوزخ مین ہین اور قرآن اس وعدہ

النعیم المقیم لاهل الهدایة والعمل الصالح فی الاخرة وبوعید الجحیم لاهل الضلالة والعمل السیء فیها وذلك مما
اور وعید سی پرہی کہ آخرت مین ہدایت اور نیک اعمال والون کی لئی عیش دائمی ہی اور گمراہون اور بدکارون کی واسطی دوزخ ہی اور اسی مضمون پر
اتفق علیه الرسل من اولهم الی اخرهم واما المصائب التی تصیبهم فی الدنیا فان لم یکن لهم ذنب تکون تلك
تمام رسل اول سی آخر تک متفق ہین اور رہی وہ مصیبتین جو دنیا مین پڑ جاتی ہین اگر بدون خطا کی ہین تو اون مصائب سی عقبی
المصائب لرفع الدرجات فی العقبی علی ما جاء فی الحدیث ان الرجل لتکون له عند الله منزلة فما یبلغها بعمله
مین رفع درجات ہووبگا چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ بعضی شخص کا الله کی ہان مرتبہ ہوتا ہی اور وہ بذریعہ عمل کی حاصل نہین کرسکتا
فما یزال الله تعالی یبتلیه بما یکره حتی یبلغه ایاها والاحادیث فی هذا المعنی کثیرة وان کان لهم ذنب تکون
پہر الله تعالی ہمیشہ اوسکو مکروہات مین مبتلا رکہتا ہی آخر وہ درجہ لیلیتا ہی اور اس مضمون کی حدیثین بہت ہین اور اگر وہ لوگ خطاوار ہین تو وہ
تلك المصائب بسبب ذنوبهم کما قال الله تعالی وما اصابکم من مصیبة فبما کسبت ایدیکم فتکون تلك
مصیبتین اونکی گناہون کا وبال ہی چنانچہ الله تعالی فرماتا ہی اور جو پڑی تمپر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتہون نی پہر وہ مصیبتین
المصائب کفارة لذنوبهم علی ما روی عن ام المؤمنین عائشة انه علیه السلام قال اذا کثر ذنوب العبد
اونکی گناہ صاف کردیتی ہین موافق روایت ام المؤمنین عائشہ کی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا جب آدمی کی گناہ بڑہ جاتی ہین
ولم یکن له ما یکفرها ابتلاه الله تعالی بالحزن لیکفرها وفی حدیث اخر رواه ابو هریرة انه علیه السلام قال
اور کفارہ ہوتا نہین تو الله تعالی غم مین مبتلا کردیتا ہی تاکہ گناہون کو صاف کردی اور ایک اور حدیث مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی کہ نبی علیه السلام نی فرمایا
لا یزال البلاء بالمؤمن والمؤمنة فی نفسه وماله وولده حتی یلقی الله تعالی وما علیهما من خطیئة الا ان البعض
ہمیشہ مؤمن مرد اور مؤمن عورت پر بلا نازل رہتی ہی جان پر اور مال پر اور اولاد پر یہان تک کہ الله تعالی کی ہان صاف ہوکر چلا جاتا ہی اوسکی ذمہ کوئی گناہ
منهم مع کونه ملوثا بالاثام یظن انه قائم علی الدین الحق بالتمام ویتهم ربه لجهله ولا یعلم احسانه الیه
نہین رہتا لیکن بعضی لوگ باوجودیکہ گناہون مین آلودہ ہوتی ہین پہر گمان رکہتی ہین کہ ہم دین حق پر خوب قایم ہین اور اپنی جہالت سی رب پر تہمت لیتی ہین یہہ نہین جانتی
ویقول اذا اصابه نوع من البلاء یا رب ما ذنبی حتی فعلت بی هذا ویعتقد ان السلامة والراحة فی الدنیا للصالحین
کہ اوسکا کتنا احسان ہی اور جب اوسپر کسیطرح کی بلا آتی ہی تو کہتا ہی الہی میری کیا خطا ہی جو تو نی میری ساتہہ ایسا کیا اور یون سمجہتا ہی کہ دنیا مین سلامتی اور آرام
والمحنة والمشقة فیها للطالحین ویعتمد علی ذلك الاعتقاد وذلك الاعتقاد فتنة عظیمة صدت کثیرا من الخلق
صلحا کی لئی ہی اور محنت مشقت بدکارونکو ہی اور اسہی پر بہروسہ کئی ہوئی ہی اور ایسا اعتقاد بڑا ہی فتنہ ہی اس فتنہ نی بہت خلقت کو دین حق پر قایم رہنی سی
عن القیام علی الدین الحق واصله الجهل بحقیقة الدین الحق ومن هذا الجهل یتولد الاعراض عن القیام علی
بند کردیا ہی اور اصل مین یہہ جہالت ہی کہ دین حق کی حقیقت نہین جانتا اور اس جہالت سی بہت ایسی غفلتین پیدا ہوتی ہین جنکی مارے دین حق پر
الدین الحق حتی فسد بذلك الاعتقاد کثیر من عابد جاهل لا بصیرة له فی امور الدین وناسك منتسب الی
قایم نہین رہنا یہان تک کہ اس اعتقاد سی بہت جاہل عابد بگڑ گئی جنکو امور دین مین کچہہ سمجہہ نہ تہی اور بہت پرہیزگار نام کی عالم جنکو
العلم لا معرفة له بحقائق الدین اذ من المعلوم قطعا ان العبد وان کان مؤمنا بما جاء به النبی علیه السلام
حقایق دین سی کچہہ معرفت نہ تہی اسواسطی کہ اتنی بات یقینا معلوم ہی کہ آدمی اگرچہ احکام شرعی نبی کی لائی ہوئی پر ایمان لایا ہو
الا انه محتاج الی ما لا بد له منه من جلب النفع ودفع الضر واذا اعتقد ان القیام علی الدین الحق ینافی ذلك ومن یتمسك
مگر وہ اپنی ضروریات کا محتاج ہوتا ہی نفع اوٹہانا اور نقصان دفع کرنا اور جب یہہ اعتقاد کریگا کہ دین حق پر قایم ہونا اسکی برخلاف ہی اور جسنی دین حق کا
به یتعرض لما لا یقدر علیه من البلاء ویفوته حظوظه ومنافعه العاجلة ویلزم من ذلك اعراضه عن حال
تمسک کیا تو نشانہ ایسی بلا کا ہوگا جسکی طاقت نہو اور اوسکو منفعت حالی سی کچہہ بہرہ نہوگا تو اس سی لازم آتا ہی کہ وہ مقرب لوگ گذری ہوون کی حال پر

السابقین

السابقين المقربين بل عن حال المقتصدين اصحاب اليمين بل دخوله في زمرة الظلمين بل في زمرة المنافقين حتى
متوجہ نہو بلکہ رہت دالون کی حال پر بہی جو داہنی ہاتہ والی ہین بلکہ لازم آتا ہی کہ ظالمون کی زمرہ مین داخل ہو بلکہ منافقون مین یہان تک
يسمع من بعضهم يقول اذا تبت الى الله تعالى وعملت عملا صالحا يضيق رزقي ويكدر معيشتي واذا رجعت الى
کہ سنا گیا ہی کہ بعضی یون کہتی ہین کہ جب مین اللہ کیطرف رجوع اور اعمال نیک کرتا ہون تو میری روزی تنگ اور عیش کی لذت جاتا رہتا ہی اور اگر معصیت پر
المعصية واعطيت نفسي مرادها يتسع رزقي ويحسن معيشتي وهذا من جهله بدين الله ووعده ووعيده وما
نفس کی مراد ہوا و ہوس پوری کرتا ہون تو رزق فراخ اور معیشت درست ہو جاتی ہی اور یہہ اسلئے کہ اللہ کی دین کو اور اوسکی وعدہ اور وعید کو نہین جانتا
معه من الدين الحق حيث يظن انه قائم على الدين الحق ويفعل ما امر به ويترك ما نهي عنه مع انه كثيرا ما يترك
اور نہ اپنے دین کو جانتا ہی کیونکہ یہہ خیال کرتا ہی کہ مین دین حق پہ قایم ہون اور مامور بہ پر عمل اور منہیات کو ترک کرتا ہون باوجودیکہ اکثر اوقات بہتیری ایسی
كثيرا من الامور الواجبة عليه لعدم علمه بها ولا بوجوبها فيكون من اهل التقصير في العلم بل كثيرا ما يتركها بعد العلم
امور جو اوسپر واجب ہوتی ہین کی علمی سے ہی یا غیر واجب سمجہ کر ترک کر دیتا ہی سو علم کی باب مین صاحب تقصیر ہو جاتا ہی بلکہ اکثر امور واجبہ جان بوجہ کر
بها وبوجوبها اما كسلا وتهاونا او لنوع من التاويل الباطل او لظنه انه مشتغل بما هو اهم منها او لغير ذلك
ترک کرتا ہی یا تو مارے سستی اور کاہلی کی یا کوئی جہوٹا بہانہ کرکی یا اوس وہم سی کہ ہم اوس سی بہی ضروری کار مین لگے ہین یا اور کسی وہم سی
بل كثيرا ما يتعبد لله تعالى بترك ما هو واجب عليه من الامر بالمعروف والنهي عن المنكر مع قدرته عليه ويزعم
بلکہ اکثر اوقات اللہ کی عبادت کرتا ہی اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو جو اوسکی زمہ واجب ہی قدرت ہوتی ہوا تی ترک کر دیتا ہی اور کہتا یون ہی
انه متقرب الى الله تعالى بترك ما لا يعنيه ويظن انه قائم على الدين الحق ولا يعلم انه من امقت الخلق الى
کہ ہم بیہودہ امور کو ترک کرکر قربت الٰہی پیدا کرتی ہین اور خیال یہہ کرتا ہی کہ دین حق پر قایم ہون اور یہہ خبر ہی نہین کہ خدا تعالی کا سب سی زیادہ مردود
الله تعالى وابغضهم له بل كثيرا ما يتعبد لله تعالى بما حرمه الله تعالى عليه ويعتقد انه طاعة وعبادة وحال
اور سب سی زیادہ مبغوض ہی بلکہ اکثر اوقات حرام کو عمل مین لاکر خدا کی عبادت کرتا ہی اس اعتقاد پر کہ یہہ طاعت اور عبادت ہی اب اسکا حال
في ذلك شر من حال من يفعل ذلك ويعتقد انه معصية وذنب كاصحاب التغني الذين يتقربون الى الله تعالى
اوس شخص سی بدتر ہی جو حرام کو گناہ اور معصیت سمجہ کر کرتا ہی جیسی کی بیرزادہ مزامیر سنکر خدا کی قربت چاہتی ہین
ويظنون انهم اولياء الله تعالى واحباؤه وكثير من الناس اذا غلب عليه عدوه وهو عند نفسه من الصالحين
اور گمان کرتی ہین کہ ہم خدا کی دوست اور محبوب ہین اور اکثر لوگ جب اونپر دشمن غالب ہو جاتا ہی اور وہ اپنی گمان مین صالح ہین
وعدوه من الفاسقين وفي ظنه انه من كل وجه محق ومظلوم وعدوه باطل وظلوم يقول ان اهل الحق في
اور اونکا دشمن فاسق ہی اور اپنی گمان مین بہرحال حق پہ ہین اور مظلوم ہین اور دشمن باطل پر ہی اور ظالم ہی تو کہتی ہین کہ حق والی دنیا مین
الدنيا مغلوب ومقهور واهل الباطل مرفوع ومنصور مع ان الامر في الحقيقة ليس كذلك بل قد يكون معه
مغلوب اور مقہور رہی ہوتی ہین اور اہل باطل سربلند اور فتحیاب ہوتی ہین باوجودیکہ حقیقت مین حال یون نہین ہی بلکہ کبہی وہ خود ہی
نوع من الظلم والباطل ومع عدوه نوع من الحق والعدل الا ان الانسان لكونه مجبولا على حب نفسه وعلى
کچہہ نہ کچہہ ظلم اور باطل پر اور اوسکا دشمن ایک طرح کی حق اور عدل پر ہوتا ہی لیکن آدمی اپنی محبت اور دشمن کی عداوت پیدایشی رکہتا ہی
بغض خصمه لا يرى الا محاسن نفسه ومساوي خصمه بل قد يشتد حبه لنفسه حتى يرى مساويها محاسن
پہر اسکو بجز اپنی خوبیون اور دشمن کی برائیون کی کچہہ نہین سوجہتا بلکہ بعضی دفعہ اپنی محبت اتنی بڑہ جاتی ہی کہ اپنی برائیون کو ہی حسنات سمجہتا ہی
ويشتد بغضه لخصمه حتى يرى محاسنها مساوي وهذا من جهله المقرون بالظلم والهوى وبعدم علمه بوعد
اور دشمن کی عداوت اتنی ہو جاتی ہی کہ اوسکی خوبیون کو بہی برا جانتا ہی اور یہہ جہالت اوسکی ظلم اور ہوا مین ملی ہوئی ہی اور اللہ تعالی کی وعدہ

الله تعالى ووعيده وما معه من الدين الحق فانه تعالى قد ضمن في كتابه نصر دينه الحق والقائمين به علما
اور وعید کا اور اپنی دین حق کا علم نہین ہی بیشک اللہ تعالی اپنی کتاب مین دین حق کی اور جو دین پر باعتبار علم اور عمل کی قایم ہین انکی امداد کا ضامن
وعملا ولم يضمن نصر الباطل ولو اعتقد صاحبه انه على الحق وكذا كل من العزة والرفعة انما يكون لاهل
ہو لیا ہی اور باطل کا مددگار نہین ہی اگرچہ باطل والا اپنی تئین حق پر جانا کری اور ایسی ہی تمام عزت اور رفعت واسطی دینداروں کی ہی
الدين الذي به بعث الله رسله وانزل كتبه كما قال الله تعالى ولله العزة ولرسوله وللمؤمنين وقال
جسکی واسطی اللہ تعالی نی رسول بہیجی اور کتابین اوتارین چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور زور اللہ کا ہی اور اوسکی رسول کا اور ایمان والون کا اور فرمایا
الله تعالى وانتم الاعلون ان كنتم مؤمنين فللعبد من العزة والرفعة بحسب ما معه من الايمان وحقائقه
اللہ تعالی نی اور تم ہی غالب رہو گی اگر تم ایمان رکہتی ہو سو آدمی کی لئی عزت اور رفعت دتنی ہوتی ہی جتنا باعتبار علم اور عمل کی اوسکا ایمان
علما وعملا فاذا فاته حظ من العزة والرفعة ففي مقابلة ما فاته من حقائق الايمان علما وعملا وكذا النصر
اور ایمانی حقایق ہوتی ہین پہر اگر اوسکی عزت اور رفعت کچہہ کہٹ جاتی ہی سو دتنی ہی جو اوسکی ایمان مین باعتبار علم اور عمل کی فرق آتا ہی اور ایسی ہی پوری
التام والتائيد الكامل انما يكون لاهل الايمان الكامل وقد يقع الغلط في كثير من الناس ويعتقد انه تعالى
امداد اور کامل تائید اوسہی کی ہی کہ جسکا ایمان کامل ہی اور بیشک اکثر لوگون کو غلطی ہو جاتی ہی کہ یہہ اعتقاد کرتا ہی کہ اللہ تعالی
لا يؤيد صاحب الدين الحق ولا ينصره ولا يجعل له العافية في الدنيا بوجه من الوجوه بل يعيش فيها طول
دین حق والی کی نہ تائید کرتا ہی اور نہ نصرت اور نہ اوسکو کسیطرح کا دنیا مین ارام دیتا ہی بلکہ دنیا مین تمام عمر
عمره مظلوما مقهورا مع امتثاله بما امره ظاهرا وباطنا وانتهائه عما نهى عنه ظاهرا وباطنا ويظن ان
مظلوم اور مغلوب رہتا ہی باوجودیکہ امور بہ کی ظاہر و باطن مین اطاعت کرتا ہی اور منہیات سی ظاہر اور باطن مین بچتا ہی اور یہہ خیال کرتا ہی
اهل الدين الحق يكونون في الدنيا اذلاء مقهورين فاذا ذكر بما وعده في القران يقول هذا في الاخرة فقط ولا يثق
کہ دین حق والی دنیا مین خوار اور مغلوب ہی رہتی ہین اور جب اوسکی سامنی قرآن کا وعدہ بیان کرو تو کہنی لگی یہہ صرف آخرت ہی مین ہی اور اللہ کی وعدہ
بوعد الله تعالى بنصر دينه واهله في الدنيا والاخرة وهذا من سوء الفهم لانه تعالى بين في كتابه انه ينصر
پر یقین نہین کرتا کہ اپنی دین اور دینداروں کا دنیا اور آخرت دونو مین مددگار ہی اور یہہ اوسکی نافہمی ہی کیونکہ اللہ تعالی نی اپنی کتاب مین بیان فرمایا ہی کہ
المؤمنين في الدنيا والاخرة قال انا لننصر رسلنا والذين امنوا في الحيوة الدنيا ويوم يقوم الاشهاد وقال تعالى
مؤمنون کی دنیا اور آخرت مین مدد کرینگی فرمایا ہم مدد کرتی ہین اپنی رسولون کی اور ایمان والون کی دنیا کی جیتی اور جب کہڑی ہونگی گواہ اور فرمایا اللہ تعالی نی
ولو قاتلكم الذين كفروا لولوا الادبار ثم لا يجدون وليا ولا نصيرا سنة الله التي قد خلت من قبل ولن تجد
اور اگر لڑتی تمسی کافر تو پہیرتی پیٹہہ پہر نہ پاوینگی حمایتی نہ مددگار رسم پڑی اللہ کی جو چلی آتی ہی پہلی ہی اور نہ تو دیکہیگا
لسنة الله تبديلا وهذا خطاب للمؤمنين القائمين بحقائق الايمان ظاهرا وباطنا وقال الله تعالى
رسم اللہ کی بدلتی اور یہہ خطاب اون مؤمنون کو ہی جو حقایق ایمان پر ظاہر و باطن مین قایم ہین اور فرمایا اللہ تعالی نی
والعاقبة للمتقين والمراد بالعاقبة العافية في الدنيا قبل الاخرة لانه تعالى ذكر ذلك في سورة الاعراف حكاية عما
اور آخر بہلا ہی ڈر والون کا اور مراد عاقبت سی دنیا کا انجام ہی آخرت سی پہلی اسلئی کہ اللہ تعالی نی اسکو سورۂ اعراف مین موسی نبی علیہ السلام کی
قال موسى النبي عليه السلام لقومه استعينوا بالله واصبروا ان الارض لله يورثها من يشاء من عباده
زبانسی قوم کی لئی بیان فرمایا ہی مدد مانگو اللہ سی اور ثابت رہو زمین ہی اللہ کی اوسکا وارث کری جسکو چاہی اپنی بندون مین سی
والعاقبة للمتقين بل ذكر مثل ذلك في سورة هود عقيب قصة نوح النبي عليه السلام ونصره على قومه
اور آخر بہلا ہی ڈر والون کا بلکہ ایسا ہی سورۂ ہود مین بعد قصۂ نوح علیہ السلام کی اونکی قوم پر نصرت کر کر فرمایا ہی

فقال تلك من انباء الغيب نوحيها اليك ما كنت تعلمها انت ولا قومك من قبل هذا فاصبر ان العاقبة

یہہ بعضی چیزین ہین غیب کی کہ ہم بھیجتی ہین تیری طرف انکو جانتا نتہا تو اور نہ تیری قوم اسی پہلی سو تو ٹہرا رہ البتہ آخر بھلا ہی

للمتقين فيكون المعنى ان عاقبة النصر تكون لك ولمن تبعك كما كانت لنوح النبي عليه السلام ولمن تبعه و

ڈرنیوالون کا سو اب معنی یہہ ہونگی کہ آخر کو نصرت تیری اور تیری ساتہیونکی لئی ہی جیسی نوح علیہ السلام کی اور اوسکی ساتہیون کی ہوئی تہی اور

قال تعالى وكان حقا علينا نصر المؤمنين وقال تعالى فايدنا الذين امنوا على عدوهم فاصبحوا ظاهرين فمن نقص

فرمایا اللہ تعالی نی اور حق ہی ہمپر مدد ایمان والون کی اور فرمایا اللہ تعالی نی پہر زور دیا ہمنی اونکو جو یقین لائی تہی اونکی دشمنون پر پہر ہو رہی غالب پہر جسکی

عمله بمقتضى الايمان ينقص نصيبه من النصر والتائيد ولهذا قيل ما اصاب العبد من مصيبة في نفسه او

اعمال مقتضای ایمان سی کم ہوتی ہین اوسکا حصہ ہی نصر اور تائید کا کمتی ہوجاتا ہی اسیلئی کہا گیا ہی کہ آدمی پر جو مصیبت آتی ہی جان پر یا

ماله او بغلبة العدو عليه فانما هو بذنوبه اما بترك واجب او فعل محرم ثم ان ههنا امورا لابد من معرفتها

مال پر یا دشمن کی غلبہ سی تو یہہ سب گناہون کا وبال ہی یا تو واجب ترک ہوتا ہی یا حرام عمل مین آتا ہی پہر یہان کئی بات ہین سمجہنی چاہئین

الاول ان ما يصيب الانسان في بعض الازمان من غلبة العدو عليه وايذائه له فامر لازم للطبيعة البشرية

اول یہہ کہ آدمی پر بعضی وقت جو مصیبت آتی ہی دشمن کا غلبہ اور اوسکی ایذا دہی سو یہہ بات موافق ارادۂ الہی اور حکمت ربانی کی

والنشاة الانسانية بالارادة الالهية والحكمة الربانية كالحر الشديد والبرد القوي والامراض والهموم و

طبیعت بشری اور عادات انسانی کی لوازم سی ہی جیسی گرمی کی شدت اور جاڑی کی ٹہر اور بیماریان اور غم و غصہ

الغموم اللاحقة له حتى الاطفال والبهائم فلو تجرد الخير عن الشر والنفع عن الضر واللذة عن الالم لكان هذا

جو آدمی پر گذرتا ہی یہان تک کہ بچون اور جانورون پر پہر اگر خیر شر سی اور نفع ضرر سی اور لذت الم سی خالی اور صاف ہوکری

العالم عالما اخر غير هذا العالم ونشاة اخرى غير هذه النشاة والثاني ان الانسان مدني بالطبع لا يمكنه ان

تو یہہ عالم اور ہی عالم ہوجاوی یہہ عالم نرہی اور پیدایش کچہہ اور ہو جاوی سوا اس پیدایش کی اور دوسری بات یہہ ہی کہ آدمی ملنسار ہوتا ہی اکیلا

يعيش وحده بل لابد له ان يعيش مع الناس وللناس ارادات واعتبارات يطلبون منه ان يوافقهم عليها

زندگی نہین کر سکتا بلکہ اوسکو ضرور ہی کہ آدمیون کی ساتہہ رہا کری اور اون لوگون کی کچہہ کچہہ ارادی اور اعتبارات ہوتی ہین کہ اومین دوسری کو اپنی موافق

وان لم يوافقهم يؤذونه ويعذبونه وان وافقهم وكان موافقته اياهم على باطل يحصل له العذاب والالم من

کیا کرتی ہین اور اگر موافق نہو تو ایذا دیتی ہین اور ستاتی ہین اور اگر اونسی موافق ہوا اور وہ موافقت باطل پر ہوئی تو اوسکو اور طرح کا عذاب اور الم ہوویگا

وجه اخر ولا ريب ان الم المخالفة لهم في باطلهم اسهل من الالم المترتب على موافقتهم فالم يسير يعقبه لذة

اور اسمین کچہہ شک نہین ہی کہ باطل مین مخالفت کا الم اوس الم سی بہت سہل ہی کہ اونکی موافقت سی ہوویگا پس تہوڑا سا الم کہ اوسکی پیچہی بڑی لذت

عظيمة دائمة اولى بالاحتمال من لذة يسيرة يعقبها الم عظيم دائم والثالث ان البلاء الذي يصيب

دائمی ہووی اوٹہانا اولی ہی بہ نسبت تہوڑی سی لذت کی کہ اوسکی پیچہی بڑا الم دائمی ہووی تیسری بات جو بلا کہ آدمی پر حق کی راہ مین گذرتی ہی

الانسان في طريق الحق لا يخلو اما ان يكون في نفسه او ماله او عرضه او اهله واشد هذه الاقسام ما كان

اس حال سی خالی نہین ہی کہ اوسکی جان پر ہووی یا اوسکی مال پر یا آبرو پر یا اہل پر ان قسمون میں سی بڑی سخت وہ ہی

في نفسه ونهايته ان يقتل ويكون شهيدا وهذا اشرف الموتات واسهلها لان الشهيد لا يجد من الالم الا

جو جان پر ہووی اور اوسکا انجام یہہ ہی کہ مارا جاوی اور شہید ہو جاوی اور یہہ موت سب موتون مین اشرف ہی اور سب سی سہل اسلئی کہ شہید کو اتنا ہی الم ہوتا ہی

مثل القرصة وليس في قتل الشهيد الم زائد على ما هو المعتاد لبني ادم بعد موتهم على فرشهم ولا زيادة مقدم على

کہ جیسی پسو کاٹی یا چٹکی لو اور شہید کی قتل مین کوئی الم زیادہ اسی سی نہین ہوتا جو بنی آدم کی لئی بستر پر مرتی ہوئی دستور ہی اور کوئی موت اجل مقرری پر مقدم نہین ہوتی

اجله لان المسطور فی الکتب الکلامیة ان المیت مقتول باجله فمن فر من الموت او من القتل وظن انه
سلئی کہ عقائد کی کتابون مین یہہ لکہا ہوا ہی کہ مقتول اپنی اجل پر مرتا ہی پہر جو شخص موت سی یا قتل سی بہاگی اس خیال پر کہ بہاگنی سی عمر دراز
بفراره یطول عمره ویتمتع بالعیش الکثیر فقد کذبه الله تعالی فی هذا الظن وقال قل لن ینفعکم الفرار ان فررتم
ہوگی اور خوب عیش اوڑاوٗن گا تو اللہ تعالی اوسکو اس خیال مین جہٹلاتا ہی تو کہہ ہرگز نہ فائدہ دیگا تمکو بہاگنا اگر بہاگو گی
من الموت او القتل واذا لا تمتعون الا قلیلا فانه تعالی بیّن فی هذه الایة ان الفرار من الموت او القتل لا ینفع
اسلئی کہ اگر ذکر دلمین قایم نرہا تو وہ حدیث النفس ہوگا پہر اس سی شیطانی وسوسہ دفع نہین ہوسکیگا اور اسیہی لئی اللہ تعالی فرماتا ہی جو لوگ
اتقوا اذا مسهم طئف من الشيطن تذكروا فاذا هم مبصرون فانه تعالى قد خص ذلك بالمتقين فان القلب اذا
ڈر رکہتی ہین جہان پڑگیا اونپر شیطان کا گذر چونک گئی پہر تبہی اونکو سوجہہ آگئی بیشک اللہ تعالی نی اس بات کو پرہیزگار دلسی خاص کیا ہی کیونکہ دل اگر
تطهر من الصفات المذمومة لا يكون للشيطان فيه استقرار بل انما يكون فيه اجتياز ويمنعه من الاجتياز
صفات مذمومہ سی پاک ہوجاتا ہی تو اوسمین شیطان کا قیام نہین ہوتا بلکہ یہہ ہی آمد رفت ہوتی ہی اور آمد رفت سی بہی اوسکو ذکر الہی بند کر دیتا ہی
ذكر الله تعالى فمثاله مثال كلب جايع يقرب منك فان لم يكن بين يديك شئ من الطعام ينزجر بقولك اخسأ فمجرد
سو اوسکی مثال ایسی ہی جیسی بہوکا کتا تیری پاس چلا آوی پہر اگر تیری سامنی کچہہ کہانا نہو تو اتنا ہی کہنی سی چلا جاتا ہی ادب بس صرف
الصوت يدفعه وان كان بين يديك شئ من الطعام يهجم عليه ولا يندفع بمجرد الكلام فالقلب الخالی عن الهوی
دہتکار اوسکو دفع کر دیتی ہی اور اگر تیری سامنی کوئی کہانا موجود ہو تو حملہ کرتا ہی اور صرف دہتکار سی نہین جاتا سو جو دل ہوا سی خالی ہو
ينزجر الشيطان عنه بمجرد الذكر اذ لا يطرقه الشيطان الا عند غفلته وخلوه عن ذكر الله تعالى فاذا عاد الى الذكر
تو شیطان وہانسی صرف ذکر سی چلا جاتا ہی کیونکہ شیطان غفلت ہی کیوقت دلمین جب ذکر الہی سی خالی پائی تو جاسکتا ہی پہر جب وہ ذکر کرتا ہی تو
يخنس الشيطان فاما القلب المعلق بالهوی فيكون الهوی قوی الشيطان يستقر فيه الشيطان ولا يندفع بالذكر
پچہلی پانو بہاگتا ہی اور جو دل ہوا مین لگا ہوا ہی تو ہوا ہوس جو شیطان کی قوت بازو ہی تو وہان شیطان جگہہ پکڑ لیتا ہی اور ذکر سی نہین ٹلتا
والحاصل ان القلب مهما غلب عليه مقتضيات الهوی يجد الشيطان مجالا فيوسوس فيه ومهما اشتغل بالذكر يرتحل
خلاصہ یہہ ہی کہ دل پر اگر لوازم ہوا کی غالب ہوجاتی ہین تو شیطان کا گذر ہوجاتا ہی پہر اوسمین وسوسہ پیدا کرتا ہی اور جب ذکر مین مشغول ہوتا ہی تو شیطان
عنه الشيطان ويقبل اليه الملك فيه ويلهم فيه والتطارد بين جندی الملك والشيطان فی معركة القلب
وہانسی چلدیتا ہی اور فرشتہ وہان آکر الہام کرتا ہی اور قلب کی معرکہ مین درمیان دونو لشکر فرشتہ اور شیطان کی ہمیشہ جنگ دہکا پیل رہتی ہی
دائم الى ان ينفتح القلب لاحدهما فاكثر القلوب قد فتحها الشيطان وملكها فامتلأت بالوساوس الداعية الى ايثار
آخر کو کسی ایک کی فتح ہوجاتی ہی سو اکثر دل تو شیطان فتح کر کر مالک ہوگیا ہی پہر وہ ایسی وسوسون سی پر ہوگئی ہین جو کہ طرف اختیار کرنی دنیا

الدنيا واطراح الاخرة ومبدء امتلاءها اتباع الهوى ولا يمكن فتحها بعد ذلك الا بتخليتها عن الهوى وتحليتها بذكر
اور الگ کرنی آخرت کی بلائین اور سبب وسوسہ ہونیکا ہوا کی پیروی ہی اب اوسکا فتح ہونا ممکن نہیں ہی بدون اسکی کہ ہوا سی خالی کرکر ذکر الٰہی سی رونق پائی

الله تعالى وذلك لا يتيسر الا بمعرفة الخواطر الداخلة فيها فان الخواطر الداخلة فيها تنقسم الى ما يعلم قطعا انه داع
اور یہہ حالت میسر نہیں ہوتی بدون دریافت خطرات کی جو دلون کی اندر ہوتی ہین کیونکہ اندر کی خطرات کی ایک تو یہہ قسم ہی کہ یقینی معلوم ہی کہ وہ خیر کی طرف بلاتی ہی

الى الخير فلا يخفى فى كونه الهاما والى ما يعلم قطعا انه داع الى الشر فلا يخفى فى كونه وسوسة والى ما يتردد فيه فلا
اب وہ بلا شبہ الہام ہی دوسری یہہ کہ یقینی معلوم ہی کہ بدی کی طرف بلاتی ہی پہر وہ بلا شبہ وسوسہ ہی تیسری تردد یعنی دودلی نہین

يدرى انه من لمة الملك او من لمة الشيطان اذ من مكائد الشيطان ان يعرض الشر فى معرض الخير وتميز ذلك
معلوم کہ وہ فرشتہ کی اثر سی ہی یا شیطان کی اثر سی کیونکہ شیطان کا مکر یہہ بہی ہوتا ہی کہ بدی کو خوبی کی لباس مین پیش کردی اسکی تمیز بہت

غامض وبه يهلك كثير من العباد والزهاد والعلماء والصلحاء والفقراء والاغنياء وسائر اصناف الخلق ممن يكرهون
دشوار ہی اور اس مکر سی بہت لوگ عابد اور زاہد اور عالم اور صالح اور فقیر اور غنی اور تمام قسم کی خلقت ہلاک ہوگئی ہی جو جو لوگ

ظاهر الذنب ولا يرضون لانفسهم الخوض فى المعاصى الصريحة فان الشيطان لا يقدر ان يدعوهم الى الشر الصريح
کہ ظاہر گناہ کو ناپسند کرتی ہین اور اپنی لیئی صریح گناہ مین خوض کرنی پر راضی نہین ہوتی تو شیطان کی طاقت نہین ہی کہ اونکو صریح گناہ پر بلاوی اب اوس گناہ کو

فيصوره بصورة الخير وتلبيساته من هذا الجنس لا نهاية لها وكائده فيما يتعلق بالعقائد والاعمال لا احصاء لها فان
خیر کی صورت دیدیتا ہی اور اس طرح کی تلبیسات کی کوئی نہایت نہین ہی اور شیطان کی مکر جو عقائد اور اعمال کی متعلق رکہتی ہین بیشمار ہین بیشک

تلبيسه فى الاعتقادات والعبادات قد انتشر فى البلاد وشاع بين العباد فينبغى للعبد ان يقف عند كل هم يخطر
شیطان کی مکر اعتقادات اور عبادات کی تمام شہرون مین منتشر اور تمام خلقت مین مشہور ہین اب انسان کو چاہیی کہ ہر ہر غم جو اوسکی دلمین گذرتا ہی

بباله ليعلم انه من لمة الملك او من لمة الشيطان ويمعن النظر فيه بعين البصيرة لا بهوى الطبع لان الوسواس يجاذب
تامل کر کر سوچی تا کہ معلوم ہووی کہ فرشتہ کا اثر ہی یا شیطان کا اثر اور بصیرت کی نور سی اوسمین خوب غور کری ہوای طبیعی سی نہ سوچی اسلئی کہ وسوسہ دلکو کہینچکر

القلب وينازعه ويلهيه عن ذكر الله تعالى فلا بد من المجاهدة وهذه المجاهدة لا اخر لها الى الموت ولا يتخلص
جہگڑتا ہی اور الله کی ذکر سی بہلا کر لہو مین ڈالدیتا ہی سو اوسمین مجاہدہ ضرور چاہیی اور یہہ مجاہدہ موت تک پورا نہین ہوتا اور زندگی بہر شیطان سی کوئی

احد من الشيطان ما دام حيا فانه ما دام حيا فابواب القلب للشيطان منفتحة غير منغلقة ومهما كان الباب
نہین چہوٹتا کیونکہ آدمی جبتک زندہ رہتا ہی تو شیطان کی واسطی دروازی دلکی کہلی رہتی ہین بند نہین ہوتی اور جب دروازا

مفتوحا والعدو غير غافل لا يدفع الا بالحراسة والمجاهدة ولذلك لما قال رجل للحسن يا ابا سعيد اينام ابليس تبسم
کہلا ہو اور دشمن جو کس ہو تو بدون نگہبانی اور مجاہدہ کی دفع نہین ہوگا اسی لئی جب کسی شخص نی حسن سی پوچہا کہ ای ابو سعید کیا ابلیس سوتا ہی تو تبسم کرکر

وقال لو كان ينام لوجدنا راحة فان قيل هل يؤاخذ العبد بجميع وساوس القلوب وخواطرها او لا يؤاخذ بجميعها
کہا اگر ابلیس سویا کرتا تو ہم آرام کی ہی رہتی اگر کوئی پوچہی کیا انسان سی تمام وسوسون دلی اور خواطر کا مواخذہ ہوویگا یا سبکا مواخذہ نہین ہی

بل ببعضها فالجواب ان ذلك غامض لا يوقف عليه ما لم يعلم تفصيل وساوس القلوب وخواطرها من مبدء وقوعها فيها
بلکہ کسی کا ہی تو جواب یہہ ہی کہ یہہ امر بہت مشکل ہی معلوم نہین ہوسکتا جبتک تفصیل دلکی وسوسون اور خطرات کی ابتدا پیدا ہونی سی معلوم نہووی

الى ان يظهر فى الجوارح اثارها فان ما يقع فى قلب الانسان كما ذكره الامام الغزالى فى الاحياء على اربع مراتب الاولى
یہان تک کہ اعضاء پر کیا اثر ظاہر ہوا اسلئی کہ انسان کی دلی خطرات موافق ذکر امام غزالی کی احیاء مین چار مرتبہ پر ہین پہلا مرتبہ یہہ ہی

ان يرد على قلبه ابتداء من غير قصد وهو الخاطر ويسمى حديث النفس كما لو خطر على قلبه النظر الى امراة كانت
کہ اوسکی دل پر چہوٹتی ہی بی قصد خیال آوی اور اسکو حدیث النفس کہتی ہین جیسی اسکی دلمین یہہ خیال آوی کہ عورت کو جو پس پشت

وراء ظهره فی الطریق بحیث لو التفت الیها لراها والثانیة هیجان الرغبة فی قلبه الی الفعل الذی هو النظر الیها
راستہ مین ہی دیکھنا چاہئی ایسا کہ اگر منہہ پہیری تو البتہ دیکھہ لی اور دوسرا مرتبہ دلین اوس کام کی رغبت کا جوش کرنا یعنی رغبت اوس عورت کی دیکھنی کی

وهو حرکة الشهوة التی تکون فی الطبع وتتولد من الخاطر الاول ویسمی میل الطبع والثالث حکمه بان هذا الفعل
اور یہہ شہوت کی حرکت ہی جو خود بخود طبیعت مین ہوتی ہی اور اوس پہلی خیال سی پیدا ہوتی ہی اسکو میل طبع کہتی ہین تیسری مرتبہ حکم کرنا کہ یہہ کام

الذی هو النظر الیها ینبغی ان یفعل وهو یتبع الخاطر والمیل ویسمی اعتقادا والرابعة تصمیم عزمه علی الفعل الذی
یعنی اوس عورت کا دیکھنا ہی چاہئی اور یہہ مرتبہ خاطر اور میل دونو کی پیچہی ہوتا ہی اور اسکو اعتقاد کہتی ہین اور چوتہا مرتبہ اوس کام پر عزم کا مصمم مقرر کرنا

هو النظر الیها ویسمی هذا هما وقصدا ونیة وهذا الهم قد یکون له مبدأ ضعیف لکن اذا اصغی القلب الخاطر حتی
یعنی عورت کی دیکھنی پر اور اسکو ہم اور قصد اور نیت کہتی ہین اور اس ہم کا مبدا کبہی ضعیف ہوتا ہی لیکن اگر دل خاطر کو صاف کرتا ہی یہان تک

طالت محادثته للنفس یتاکد هذا الهم ویصیر ارادة مجزومة اذا ثبت هذا فالخاطر لا یؤاخذ به العبد لانه لا
کہ آپسمین بات کہو نفس کی دراز ہو جاوی تو ہم پکا تا ہی اور ارادہ بالجزم ہو جاتا ہی جب یہہ معلوم ہو چکا تو خاطر پر بندہ سی مواخذہ نہون ہی کیونکہ یہہ خیال

یدخل تحت الاختیار وکذا المیل وهو هیجان الشهوة لا یؤاخذ به العبد لعدم دخوله تحت الاختیار وهو
اختیاری نہین ہی اور ایسی میل یعنی جوش شہوت کا آدمی سی مواخذہ نہین ہی کیونکہ اختیار مین نہین ہی اور اسحدیث مین یہہ ہی مراد ہی

المراد بقوله علیه السلام عفی عن امتی ما تحدثت به انفسها لان حدیث النفس عبارة عن الخواطر التی یقع
میری امت سی حدیث النفس معاف ہوا ہی اسلئی کہ حدیث النفس خیالات ہوتی ہین جو دلین بی قصد آجاتی ہین اور اونپر

فی القلب ولا یتبعها عزم اذ لا یسمی الهم والعزم حدیث النفس واما الثالث وهو اعتقاد وحکم القلب فمتردد بین ان
کچہہ عزم نہین ہوتا کیونکہ ہم اور عزم حدیث النفس نہین کہلاتا اور رہا تیسرا مرتبہ کہ وہ دلکا اعتقاد اور حکم ہی سو وہ دو حال سی زیادہ نہین

یکون اختیاریا او اضطراریا فالعبد یؤاخذ بالاختیاری ولا یؤاخذ بالاضطراری واما الرابع وهو الهم فیؤاخذ
یا اختیاری ہوگا یا اضطراری سو اختیاری مین آدمی سی مواخذہ ہی اور اضطراری مین مواخذہ نہین ہی اور رہا چوتہا مرتبہ یعنی ہم سو آمین

به العبد الا انه ان ندم علی همه وترك الفعل خوفا من الله تعالی یکتب له حسنة لان همه وان کان
بندہ سی مواخذہ ہی اتنا ہی کہ اگر اپنی ہم پر نادم ہوکر اوس کام کو اللہ تعالی کی خوف سی ترک کیا تو ثواب ہوتا ہی اسواسطی کہ ہم انسان کا اگرچہ

سیئة لکن امتناعه ومجاهدة نفسه یکون من الحسنات التی یستحق بها صاحبها الثواب وان تعوق
بدہی پر اوس سی باز رہنا اور اوسپر نفس کا مجاہدہ حسنات مین ہی جسکی عوض مین انسان مستحق ثواب کا ہوتا ہی اور اگر وہ کام

الفعل بعائق وترکه لعذر لا خوفا من الله یکتب له سیئة لان همه فعل اختیاری للقلب فیؤاخذ به صاحب
کسی اور مانع کی سبب نہوسکا اور کسی عذر سی نکیا کچہہ خوف الہی سی نہین چہوڑا تو گناہ ہوتا ہی کیونکہ ہم تو دل کا فعل اختیاری ہی سو اسپر مواخذہ ہوتا ہی

فان من عزم علی معصیة وتعذر علیه فعلها بسبب او غفلة لا یکون ترکه خوفا من الله تعالی فکیف یکتب
بیشک جسنی معصیت پر عزم کیا اور کسی سبب سی اوسپر عمل دشوار ہوگیا یا غفلت سی رہ گیا تو یہہ خوف الہی کی سبب سی باز نہین رہا اب اوسکو ثواب

له حسنة وقد روی انه علیه السلام قال یحشر الناس علی نیاتهم ولا شك ان من عزم فی اللیل ان یصبح ویقتل
کیسا ہووی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی کہ آدمی اپنی اپنی نیتون پر اوٹہینگی اور اسمین شک نہین ہی کہ اگر رات کو کسینی یہہ عزم کیا کہ صبح ہوتی فلانی مسلم کو

مسلما او یزنی بامرأة او یشرب الخمر او یفعل غیر ذلك من الذنوب فمات تلك اللیلة یموت عاصیا مصرا علی الذنوب
قتل کرونگا یا فلانی عورت سی زنا کرونگا یا شراب پیونگا یا کوئی اور گناہ کرونگا پہر اوسی رات مین مرگیا تو گنہگار گناہون پر ڈٹا ہوا مریگا

ویحشر علی نیته مع ان الواقع منه العزم علی المعصیة دون فعلها والدلیل علیه ما روی انه علیه السلام قال اذا
اور اپنی نیت پر اوٹہیگا باوجودیکہ اوستی صرف گناہ کا عزم واقع ہوا ہی کیا کچہہ ہی نہین ہی اور اسکی دلیل یہہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب

التقی المسلمان بسیفهما فالقاتل والمقتول فی النار قیل یا رسول الله هذا القاتل فما بال المقتول قال لانه اراد
دو مسلمان تلوار لیکر مقابل ہوتی ہین تو قاتل مقتول دونو جہنمی ہین کسی نی عرض کیا یا رسول اللہ یہہ تو قاتل تہا مقتول کی کیا خطا ہی فرمایا اسلئی کہ وہ بہی

ان یقتل صاحبه وهذا نص فی کون المقتول من اهل النار بمجرد الارادة مع انه قتل مظلوما فکیف لا یواخذ
تو یار کو قتل کیا چاہتا تہا اور یہہ صاف بیان ہی کہ صرف ارادہ سی مقتول بہی دوزخی ہی باوجودیکہ مظلوم مارا گیا ہی اب بندہ سی نیت اور عزم پر کیونکر مواخذہ نہین

العبد بالنیة والعزم وکل ما یدخل تحت اختیاره فهو مواخذ به الا ان یکفره بحسنة ونقض العزم بالندم حسنة
ہوگا اور جو باتیں اختیاری ہی سو ادسمین مواخذہ ہی یا اوسکا عوض کسی حسنہ سی کردی اور عزم کا ندامت سی توڑنا بہی حسنہ ہوتا ہی

فلذلك یکتب حسنة واما فوت المراد بعائق فلیس بحسنة فلذلك یکتب سیئة فیواخذ بها العبد فکیف لا یواخذ
اسیلئی ثواب لکہا جاتا ہی اور رہا کام کا فوت ہونا کسی مانع سی سو یہہ حسنہ نہین ہی اسی لئی گناہ لکہا جاتا ہی اور اوسپر آدمی سی مواخذہ ہی اب آدمی سی

العبد باعمال القلوب والکبر والعجب والریاء والحسد والنفاق وجملة الخبائث من اعمال القلوب وقد قال الله تعالی
افعال قلوب یعنی کبر اور خود بینی اور ریا اور کینہ اور نفاق پر کیونکر مواخذہ نہو اور خبائث تمام اعمال قلوب سی ہین اور اللہ تعالی فرماتا ہی

ان السمع والبصر والفؤاد کل اولئك کان عنه مسئولا فانه تعالی اخبر فی هذه الایة ان العبد بکل واحد من
بیشک کان اور آنکہہ اور دل ان سب کی دوستی پوچہہ ہوگی بیشک اللہ تعالی نی اس آیت مین یہہ خبر دی ہی کہ آدمی سی بعوض ہر ہر عضو کی

تلك الاعضاء یکون مسئولا عنه فیما یدخل تحت اختیاره مثلا لو وقع بصره علی محرم بغیر اختیاره لا یؤاخذ بهذه
جو باتیں اختیاری ہین پوچہہ ہوگی مثلا اسکی نگاہ کسی حرام پر بی اختیار جا پڑی تو اس نظر کا کچہہ مواخذہ نہین ہی پہر اگر اسکی بعد دوبارہ

النظرة فان اتبعها نظرة ثانیة یکون مؤاخذا بهذه النظرة الثانیة لکونه مختارا فیها ولکن لك خواطر القلوب تجری
نگاہ کی تو اس نگاہ ثانی کا مواخذہ ہوویگا کیونکہ اسمین اختیار تہا اور ایسی ہی دلی خطرات کا یہہ ہی

هذا المجری بل القلب اولی بالمواخذة لانه الاصل فان من حکم قلبه بشیء وکان مخطئا فیه یصیر مجزیا به ان خیرا
راہ ہی بلکہ دل پر مواخذہ اولی ہی کیونکہ سب کی اصل ہی بیشک جسکی دل نی کسی بیجا بات پر عزم کیا تو اوسکا عوض ہوتا ہی اگر نیک ہی تو نیک

فخیر وان شرا فشر کمن ظن انه متطهر وحضر الجمعة وصلاها ثم تذکر انه کان غیر متطهر یکون مثابا بفعله وان
اور اگر بد ہی تو بد جیسی کوئی خیال کری کہ مین پاک ہون اور جاکر نماز جمعہ ادا کی پہر یاد آیا کہ مین پاک نتہا تو اس نماز کا ثواب ہوگا اور اگر نماز

ترکها ثم تذکر یکون معاقبا بترکه ومن وجد علی فراشه امرأة فظن انها امرأته فوطئها بهذا الظن لا یکون عاصیا بوطئها
یون ہی ترک کی پہر یاد آیا تو نماز چہوڑنیکا عقاب ہوگا اور اگر کسینی اپنی بستر پر عورت دیکہی گمان کیا کہ میری بی بی ہی پہر اسی خیال پر اسی جماع کیا تو اس جماع سی گنہگار نہوگا

وان کانت اجنبیة وان ظن انها اجنبیة فوطئها بهذا الظن یکون عاصیا بوطئها وان کانت زوجته کل ذلك بالنظر
اگرچہ غیر عورت ہو اور اگر اسکو اجنبی خیال کیا پہر اسی خیال پر جماع کیا تو اس جماع پر گنہگار ہوگا اگرچہ اوسکی بی بی ہی ہوئی یہہ تمام باعتبار عزم

الی القلب دون الجوارح فان الوسوسة انما تکون مرفوعة عن هذه الامة اذا لم یبلغ مرتبة العزم فاما اذا بلغت تلك المرتبة
دل کی ہی جوارح پر نہین ہی کیونکہ وسوسہ اس امت کو جبتک عزم کی درجہ کو نہ پہنچی معاف ہی اور اگر اوس درجہ کو جا پہنچی

فلا تکون مرفوعة بل یواخذ بها العبد فیجب علیه ان ینقضها بالندم والاستغفار حتی تنقلب حسنة والا یکون
تو پہر معاف نہین ہی بلکہ آدمی سی اسپر مواخذہ ہی سو اوسکو واجب ہی کہ عزم کو ندامت سی توڑی اور استغفار کری تاکہ ثواب ملی اور نہین تو

الشیطان مستولیا علی مملکة القلب وینجز اللعین وعده الذی حکاه الله تعالی عنه حیث قال لئن اخرتن الی
شیطان دلکی مملکت پر غالب ہوجاویگا اور لعین اپنا وعدہ پورا کریگا جسکی اللہ تعالی حکایت کرتا ہی چنانچہ فرمایا اگر تو مجہکو ڈہیل دی

یوم القیمة لاحتنکن ذریته الا قلیلا والمعنی انك ان اخرتنی حیا الی یوم القیمة لاقودنهم حیث ما شئت و
قیامت کی دن تک تو اوسکی اولاد کو ڈہا نٹی دیلون مگر تہوڑی اور معنی یہہ ہین کہ اگر تو مجہکو قیامت تک زندہ باقی رہنی دیگا تو البتہ مین اونکو جہان چاہونگا کہینچ لیجاؤنگا

لاستولين عليهم استيلاء قويا الا قليلا منهم وهم المخلصون من عبادك الصلحين وهذا كقول اللعين لازينن
اونپر خوب قابو کر لونگا مگر کچھ تھوڑون پر جو تیری بندی مخلص صلحاء ہونگی اور یہہ ایسا ہی ہی جیسی لعین کا یہہ قول ہی البتہ مین
لهم في الارض ولاغوينهم اجمعين وانما عرف اللعين حصول هذا المطلب له مع انه لا يعلم الغيب استدلالا بما راى
اونکو بہارین دکہاؤنگا زمین مین اور راہ سی کہوؤنگا سبکو اور شیطان مردود اس مطلب کا حصول باوجودیکہ غیب دان نہین ہی اس دلیل سی جان گیا
فيهم من كون مبدء الشر متعددا ومبدء الخير واحدا اذ في نفس الانسان قوة بهيمية شهوانية وقوة سبعية
کہ اونمین آثار بدی کی بہت پائی اور مبداء خیر کا ایک کیونکہ انسان کےنفس مین قوت بہیمی شہوانی ہوتی ہی اور قوت سبعی غضبی
غضبية وقوة وهمية شيطانية وهذه الثلثة مستولية عليه من اول الخلقة داعية له الى الشر وبعد هذه
اور قوت وہمی شیطانی اور یہہ تینون قوتین تو آدمی پر ابتداء پیدایش ہی غالب ہوتی ہین شر کیطرف بلاتی ہین اور ان
الثلثة فيه قوة عقلية ملكية وهي وان كانت داعية الى الخير لكنها انما تكمل بعد استيلاء الثلث الاول على القلب
تین کی بعد قوت عقلیہ ملکی ہوتی ہی اور یہہ قوت اگرچہ خیر کی راہ بتاتی ہی پر کامل جب ہوتی ہی کہ یہہ تینون پہلی قوتین دل پر غالب ہوچکین
فلما راى اللعين ذلك علم ان ما يريده يمكن حصوله فان الشهوة والغضب قد ينقادان للانسان انقيادا تاما
پہر جب لعین نی یہہ حال دیکہا تو جان گیا کہ میرا ارادہ ہوجانا ممکن ہی کیونکہ شہوت اور غضب بعضی دفعہ انسان کی خوب مطیع ہوکر
فيعينانه على طريقه الذي يسلكه ويحسنان مرافقته في سفره الذي هو بصدده وقد يستعصيان عليه استعصاء
جس راستہ وہ چلتا ہی اوسکی امداد کرتی ہین اور وہ جس سفر کی درپی ہوتا ہی اوسمین رفاقت خوب کرتی ہین اور کبہی اوسپر نہایت سرکشی بغاوت
وتمردا حتى يملكانه ويستعبدانه وفيه هلاكه وانقطاعه عن سفره الذي به وصوله الى سعادة الابد فينبغي له
اور تمردی کرتی ہین یہان تک کہ اوسکی مالک ہوکر اوسکو مطیع کرلیتی ہین اور اسمین انسان ہلاک ہوچکتا ہی اور اوس سفر سی جسمین سعادت ابدی وصول ہوتی رہ جاتا ہی
ان يستعين عليهما بالعقل وان ترك الاستعانة به وسلطهما على نفسه يهلك هلاكا بينا ويخسر خسرانا عظيما و
اب انسان کو یون تدبیر کرنی چاہی کہ اونپر عقل سی مدد لیوی اور اگر عقل سی مدد نہ لی اور اپنی اوپر اونکو تسلط دیدیا تو ظاہر مارا گیا اور بڑا ہی ٹوٹا اوٹہایا اور
ذلك حال اكثر الخلق فان عقولهم صارت مسخرة لشهواتهم في استنباط الحيل لقضاء الشهوة وكان من حقهم ان يكون
اکثر خلق کا یہہ ہی حال ہی کیونکہ اونکی عقلین قضاء شہوت کی لئی حیلہ حوالی نکالنی کو شہوت کی مطیع ہوگئی ہین اور اونکو یون چاہئی تہا کہ
شهواتهم مسخرة لعقولهم فيما يفتقر اليه العقل فان المؤمن قد يقع في قلبه خاطر الهوى فيدعوه الى الشر فيلحقه
اونکی شہوات عقلون کی مطیع ہوتی جہان عقل کو حاجت ہی بیشک مؤمن کی دلمین کبہی خطرہ ہوا کا آکر بدی کی طرف بلاتا ہی تو پہر اوسکو
خاطر الايمان فيمنعه عن الشر ويدعوه الى الخير فينبعث الشيطان الى نصرة خاطر الشر فيقوى داعي الهوى ويحسن التمتع
خطرہ ایمانی بدایسی روک کر خیر کی طرف بلاتا ہی اب شیطان بدخطرہ کی قوت کو اوبہارتا ہی سو خواہش ہوا کی زور پکڑجاتی ہی اور دنیا کی لذتون سی
والتنعم بملاذ الدنيا فيميل النفس اليها فينبعث العقل الى نصرة خاطر الخير ويوبخ النفس ويقبح فعلها وينسبها الى الجهل
عیش اور چین کو پسند کرتا ہی اب نفس کو اودہر رغبت ہوتی ہی پہر عقل اوسکی مدد کو اوٹہ کر نیکی دلمین ڈالتی ہی اور نفس کو جہڑکتی ہی اور اوسکی فعل برا کہہ کر اور جہل کیطرف
ويشبهها بالبهائم في هجومها على الشر وعدم اكتراثها بالعواقب فيميل النفس الى نصح العقل فيحمل الشيطن على النفس حملة و
نسبت دیکر ڈنگر ونمین ملاتی ہی کہ تجہکو برائی کی کثرت اور انجام سی لی پروائی ہی اب نفس کو عقل کی نصیحت پر رغبت ہوتی ہی پہر شیطان نفس پر یکبار حملہ کرکر سمجہاتا ہی
يقول لها ما لك تمتنعين عن هواك وهل يوجد احد من اهل عصرك يخالف هواه اما ترين ان اكثر علماء زمانك لا
تجہکو کیا ہوا کہ اپنی عیش سی الگ ہوتا ہی تیری زمانہ مین کوئی ایسا ہی جو عیش سی الگ رہتا ہو دیکہتا نہین کہ تیری زمانہ کی اکثر علماء
يحترزون عن الهوى ولو كان شرا لامتنعوا عنه افتتركهم بملاذ الدنيا يتمتعون بها وتبقى محروما متعبا يضحك عليك
عیش رانی سی پرہیز نہین کرتی اگر عیش وارام برا ہوتا تو وہ بہی باز رہتی کیا عیش اور لذت دنیا کی اونکو دیتا ہی اور تو مشقت مین محروم رہی تجہہ پر تیری ہمسر

اهل وقتك فيميل النفس الى وسوسة الشيطان فيحمل العقل على النفس حملة ويقول لها هل هلك الا من اتبع هواه ونسى
اب نفس کو وسوسہ شیطانی پر رغبت آنی لگتی ہی پہر عقل نفس پہ حملہ کرکر سمجہاتی ہی کہ وہی خراب ہوا جو ہوا کی پیچہی لگا اور

الاخرة وجاواه ان تقنعين بلذة يسيرة وتتركين لذة الجنة التي لا يتناهى نعيمها ابد الاباد ام تستحقين الم النار وتغترين
آخرت کی ٹہکانیکو بہول گیا کہ تو اس تہوڑی لذت پر قناعت کرکر جنت کی بی انتہا لذت جو کبہی تمام نہووی کی چہوڑ دیتا ہی کیا سزاوار دوزخ کی عذاب کا ہوا چاہتا ہی

بغفلة الناس واتباعهم اهواءهم مع ان عذاب النار لا يخفف عنك بمعصية غيرك افترى ان الناس كلهم لو وقفوا في الشمس
اور لوگون کی غفلت سی کہ اپنی ہوا ہوس کی پیچہی لگ رہی ہین دہوکہ مین آتا ہی باوجودیکہ تجہسی دوزخ کا عذاب اور کی معصیت کی سبب ہلکا نہین ہوگا دیکہ تو اگر تمام خلقت

يوم الصيف وكان لك بيت بارد كنت تساعدهم على القيام في الشمس ام تخالفهم وتذهب من الشمس الى ظل بيتك
دہوپ مین ہو اور تیری لئی سرد خانہ ہو تو کیا تو اونکی ساتہہ دہوپ مین کہڑا رہیگا یا اونکی برخلاف تو دہوپ مین سی کہر کی سایہ مین چلا جاویگا

فانك اذا كنت تخالفهم فرارا من حر الشمس فكيف لا تخالفهم فرارا من حر النار فعند ذلك تميل النفس الى راى العقل وهى لا تزال
پہر تو جب اونکی برخلاف آفتاب کی گرمی سی بہاگتا ہی پہر کیونکر اونکی برخلاف آگ کی گرمی سی نہین بہاگتا پہر اب اس فہمایش عقلی سی نفس عقل کی مشورہ پر متوجہ ہوتا ہی

تتردد متجاذبة بين هذين الجدالين الى ان يغلب على قلب الانسان ما هو اولى به فان كان الغالب عليه الصفات الشيطانية
اسی طرح دلی مین کبہی ادہر کبہی اودہر تردد کئی جاتا ہی آخر انسان کی دل پر وہ ہی غالب آجاتا ہی جو اوسکی حال کی مناسب ہو اگر اوسپر صفات شیطانی غالب ہوئین

يميل الى الشر ويجرى على جوارحه بسابق القضاء ما هو سبب لبعده من الله تعالى وان كان الغالب عليه الصفات الملكية
تو شر کی طرف متوجہ ہوا اور اوسکی اعضا سی بسبب سابقہ تقدیر کی وہ ہی ہوتا ہی جو اللہ تعالی سی دور ڈالدی اور اگر اوسپر صفات ملکی غالب ہوئین

يميل الى الخير ويظهر على جوارحه بسابق القضاء ما هو سبب لقربه من الله تعالى وهذه الطاعات والمعاصي اذا ظهرت تكون
تو خیر کیطرف جہکتا ہی اور اوسکی جوارح سی بسبب سابقہ تقدیر کی وہ ہی عمل مین آتا ہی جسسی قرب الہی حاصل ہو اور یہہ طاعات اور معاصی جب ظاہر ہوتی ہین

علامات يعرف بها سوابق القضاء والقدر وهى انما تظهر من خزائن الغيب بواسطة خزائن القلب فانه خزائن الملكوت
تو یہہ نشانیان ہین کہ انسی قضا اور قدر کا حکم معلوم ہوجاتا ہی اور طاعات اور معاصی خزانہ غیب سی بواسطہ خزانہ دلکی ظاہر ہوا کرتی ہین کیونکہ دل خزانہ

فمن خلق للجنة يسرت له الطاعات واسبابها ومن خلق للنار يسرت لها المعاصي واسبابها فانه تعالى خلق الجنة وخلق
باطنی ہی پس جو شخص جنتی پیدا ہوا ہی اوسکو طاعات اور اسباب طاعات میسر ہوجاتی ہین اور جو شخص دوزخی پیدا ہوئی اوسکو معاصی اور اسباب معاصی سہل ہوجاتی ہین

لها اهلا فاستعملهم بالطاعات وخلق النار وخلق لها اهلا فاستعملهم بالمعاصي ثم عرف للخلق علامة اهل الجنة واهل النار
بیشک اللہ تعالی نی جنت پیدا کیا اور جنتی پیدا کرکر طاعات مین لگادئی ہین اور دوزخ پیدا کیا اور دوزخی پیدا کرکر معاصی مین لگادئی ہین پہر خلقت کو نشانی جنتی اور

فقال ان الابرار لفي نعيم وان الفجار لفي جحيم نسال الله تعالى ان يجعلنا من اهل الجنة ولا يجعلنا من اهل النار المجلس
دوزخی کی بتادی ہی فرمایا بیشک نیک لوگ آرام مین ہین اور بیشک گنہگار دوزخ مین ہین الہی ہمکو جنتی کرنا اور نہ گردان ہمکو اہل نار مجلس

الرابع والتسعون في بيان ظهر الاسلام غريبا وسيعود غريبا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بدأ
چورانوین اس بیان مین کہ اسلام غریب شروع ہوا تہا اور پہر ہوجاویگا جیسا ظاہر ہوا تہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا اسلام ابتدا مین

الاسلام غريبا وسيعود غريبا كما بدأ فطوبى للغرباء هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة ومعناه ان
غریب شروع ہوا تہا پہر غریب ہوجاویگا جیسی شروع ہوا تہا اب غریبون کو خوشی ہووی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابوہریرہ کی روایت سی

الاسلام في ابتدائه ظهر في احاد من الناس وقلة منهم ثم انتشر وشاع وصار قويا وبعد ذلك سيلحقه النقص والاختلال
اسکی معنی یہہ ہین کہ اسلام ابتدا مین کسی کسی آدمی سی ظاہر ہوا اور بہت تہوڑا پہر پہیل گیا اور مشہور ہوا اور قوی ہوگیا اور بعد اسکی پہر اوسپر نقصان اور خلل آویگا

حتى لا يبقى الا في احاد من الناس وقلة منهم وهم الغرباء وقد جاء تفسير الغرباء في حديث اخر انهم النزاع من القبائل يعني
یہانتک کہ باقی نہین رہیگا مگر کسی کسی میں بہت تہوڑا یعنی غربا مین اور غربا کی تفسیر ایک اور حدیث مین یون آئی ہی کہ وہ تہوڑی ہین قبیلون مین سی یعنی

انہم الذین کانوا قلیلا فلا یوجد فی کل قبیلۃ منہم الا الواحد او الاثنان بل لا یوجد واحد منہم فی القبائل والبلدان
یہہ وہ لوگ ہین جو تہوڑی تہی سو ہر قبیلہ مین انمین سی سوا ایک یا دو کی نہین ہوتی بلکہ ایک بہی انمین کا قبیلون اور شہرونمین نہین ہوگا
کما کان کذلک فی اول الاسلام وفی حدیث اخر انہم الذین یصلحون اذا فسد الناس یعنی انہم قوم صالحون عاملون بالسنۃ
جیسی اول اسلام مین نہین تہی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ یہہ وہ لوگ ہین جو بہلائی کرتی ہین جب لوگ بگڑ جاتی ہین مراد یہہ ہی کہ وہ اصلاح پر ہین سنت پر عمل کرتی ہین
فی زمن فساد الناس وفی حدیث اخر انہم الذین یصلحون ما افسدہ الناس بعدی من سنتی فہؤلاء ہم الغرباء الممدوحون
جس زمانہ مین لوگ فساد کرتی ہین اور ایک اور حدیث مین ہی کہ یہہ وہ لوگ ہین جو درست کرینگی جو کہ اور لوگ میری بعد میری سنت کو بگاڑ ڈالینگی سو یہہ جماعت غربا کی ہی
المغبوطون ولقلتہم فی الناس جدا سموا غرباء وہم قسمان احدہما من یصلح نفسہ عند فساد الناس والثانی من یصلح
جسکی مدح ہوئی اور اونکی سی مرتبہ کی آرزو ہوگی اور چونکہ یہہ لوگ بہت کمتر ہین تو انکا نام غربا ہوا انکی دو قسم ہین ایک تو وہ جو اپنا حال درست کرلی جب لوگ بگڑ جاوین دوسری قسم کی وہ
ما افسدہ الناس من السنۃ وہو اعلی القسمین وہم القائمون بوظیفۃ الامر بالمعروف والنہی عن المنکر فہؤلاء اقل الناس
جو اور لوگون کی بگاڑی ہوئی سنت کو درست کرین اور یہہ دونون مین اعلی درجہ کی ہین یہہ ہی لوگ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی وظیفہ پر قایم ہونگی سو یہہ ہی لوگ
فی اخر الزمان ولذلک وصفوا بالغربۃ لقلتہم کما جاء فی بعض الروایات انہم قوم صالحون قلیل فی قوم سوء کثیر من
آخر زمانہ مین بہت کمتر ہونگی اور اسہی لئی غربت انکا وصف ٹہرا ہی کیونکہ قلیل ہین چنانچہ بعضی روایات مین آیا ہی کہ وہ لوگ صالح ہین اور کمتر بری قوم کی اندر
یبغضہم اکثر ممن یطیعہم وفی ہذا اشارۃ الی قلتہم وقلۃ المستجیبین لہم وکثرۃ المخالفین لہم والعاصین لامرہم وہذا
جو بہت ہون اونکی بدخواہ بہ نسبت اطاعت کرنیوالون کی بہت زیادہ اور اسمین اونکی اور انکی توابع کی قلت کا اور دشمنون کی اور نافرمانون کی کثرت کا اشارہ ہی اور اس
الفضل العظیم الموعود لاہل الغربۃ انما ہو لغربتہم بین الناس وتمسکہم بالسنۃ بین ظلم الاہواء فاذا رای المؤمن ما کان
فضل بزرگ کا جو اہل غربت کی لئی وعدہ ہوا ہی تو اسہی لئی کہ وہ لوگ سب لوگون مین غریب ہین اور ہوا ہوس کی تاریکی مین وہ سنت کو پکڑتی ہین پس جب کوئی مؤمن اس زمانہ کی لوگونکا
علیہ الناس فی ہذا الزمان من البدع والضلالات وعدولہم عن الصراط المستقیم الذی کان علیہ رسول اللہ علیہ السلام
حال دیکہی یعنی بدعتیں اور بی راہیان اور سیدہی راہ سی الگ چلنا جسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
واصحابہ ودعاہم الیہ وقدح فیما ہم علیہ من المنکرات فہناک تقوم قیامتہم وینصبون لہ الحبائل ویجلبون
اور اوسکی اصحاب تہی اور اونکو اوس راہ مستقیم پر بلائی اور اونکی عمل منکرات کو توڑی پس اوس وقت اوسمین قیامت برپا ہوگی اور اوس مؤمن کی لئی جال بچہاوینگی اور اوسپر
علیہم بخیلہم ورجلہم فہو غریب فی دینہ لفساد ادیانہم غریب فی تمسکہ بالسنۃ لتمسکہم بالبدع غریب فی اعتقادہ
اپنی سوار اور پیادی چڑہا دینگی اب وہ شخص اپنی دین مین غریب ہی کیونکہ اونکی دین سب فاسد ہین اور یہہ شخص سنت سی تمسک کرنیمین غریب ہی کیونکہ وہ سب لوگ بدعتون
لفساد عقائدہم غریب فی طریقہ لفساد طرقہم غریب فی معاشرتہ معہم لانہ لا یعاشرہم فیما تہوی نفوسہم وبالجملۃ
تمسک کرتی ہین اپنی اعتقاد مین غریب ہی کیونکہ اونکی عقائد تمام فاسد ہین اپنی طریق مین غریب ہی کیونکہ اونکی سب طریق فاسد ہین اونکی ساتہ گذران مین غریب ہی کیونکہ اونکی ساتہ نہین
فہو غریب فی امور دنیاہ واخرتہ لا یجد مساعدا ولا معینا وقد قال اللہ تعالی تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا
کہ وہ تمام امور دنیا مین اور اخروی مین غریب ہی نہ اوسکا کوئی مددگار ہی اور نہ کوئی معین اور بی شک اللہ تعالی فرماتا ہی آپسمین مدد کرو نیک کام پر اور پرہیزگاری پر اور مدد نکرو
علی الاثم والعدوان فہو عالم بدینہ بین قوم جاہلین بدینہم صاحب سنۃ بین اہل بدع داع الی اللہ تعالی ورسولہ
گناہ پر اور زیادتی پر پس وہ ہی ایک اوس قوم مین جو اپنا دین نہین جانتی اپنی دین کا عالم ہی بدعتیون مین صاحب سنت ہی اللہ اور اوسکی رسول کی طرف
بین دعاۃ الی البدع والضلال امر بالمعروف ناہ عن المنکر بین قوم المعروف عندہم منکر والمنکر معروف ولہذا قال النبی علیہ السلام
بلاتا ہی اوس قوم مین جو بدعتون اور گمراہیون پر بلاتی ہین امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہی اون لوگون مین کہ معروف اونکی عندیہ مین بدی ہی اور بدی اونکی عندیہ مین نیکی
یاتی علی الناس زمان الصابر فیہم علی دینہ کالقابض علی الجمر فانہ علیہ السلام بین فی ہذا الحدیث ان الذی یاخذ النار
لوگون پر ایک زمانہ آویگا کہ اونمین دین پر صبر کرنیوالا ایسا ہی جیسی ہاتہ مین چنگاری ہوئی بیشک نبی علیہ السلام نی اس حدیث مین بیان فرمایا کہ جو شخص ہاتہ مین آگ لیلیوی

بالکف کما لا یمکنه الاخذ بالسهولة الا بالصبر الشدید فکذلك من یتمسك بالسنة ویعمل بها فی اخر الزمان لا یمکنه المحافظة
جیسی اوسکو آگ کا لینا بدون سخت صبر کی سہل نہین ہی ایسی ہی وہ جو سنت سی تمسک کرتا ہی اور سنت پر عمل کرتا ہی آخر زمانہ مین اوسکو دین کی محافظت
علی دینه بالسهولة الا بالصبر الشدید ولذلك کان اجره کثیرا کما قال النبی علیه السلام من تمسك بسنتی عند فساد
بدون بڑی صبر کی سہل نہین ہی اسہی واسطی اوسکا ثواب بہی بہت بڑا ہی چنانچہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص میری سنت کا اختیار کری جب میری امت
امتی فله اجر مائة شهید وروی عن ابی امامة انه علیه السلام قال ان لکل شیٔ اقبالا وادبارا وان من اقبال الدین ما کنتم
فاسد ہوجاوی تو اوسکی لئی سو شہید کا ثواب ہی اور ابو امامہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہر شی کا اقبال ہوتا ہی اور ادبار اور بیشک دین کا اقبال یہہ ہی
علیه من العمی والجهالة وما بعثنی الله به وان من اقبال الدین ان تفقه القبیلة باسرها حتی لا یوجد فیها الا الفاسق
کہ تم سب اندہی اور جاہل تہی مجہکو اللہ نی بہیجا اور اقبال دین کا یہہ ہی کہ تمام قبیلہ دانا ہوگیا یہان تلک کہ اوسمین فاسق سوای ایک
والفاسقان فهما مقهوران ذلیلان وان من ادبار الدین ان تجفو القبیلة باسرها حتی لا یری فیها الا الفقیه او الفقیهان
یا دو کی نہین ہی سوی مغلوب اور خوار اور دین کا ادبار یہہ ہی کہ تمام قبیلہ مین ڈہونڈہ پہرو تو اوسمین سوای ایک یا دو فقیہون کی نہ ملی
وهما مقهوران ذلیلان لا یجدان علی ذلك اعوانا ولا انصارا فانه علیه السلام وصف المؤمن العامل بالسنة الفقیه
اور وہ بہی مغلوب اور خوار اس حال پر نہ پاوینگی کوئی مددگار اور نہ کوئی یار پس نبی علیہ السلام نی مؤمن کا وصف جو سنت پر عمل کری دین کا فقیہ ہو
فی الدین بانه یکون فی اخر الزمان عند الناس مقهورا ذلیلا لا یجد معینا ولا نصیرا ولذلك قال الثوری اذا رایت العالم
یہہ بیان کیا کہ وہ آخر زمانہ مین جب تمام لوگ فاسد ہوجاوینگی مغلوب ہوگا اور خوار نہ معین پاویگا اور نہ مددگار اور اسہی لئی ثوری نی کہا ہی جب تو دیکہی کہ عالم کی
کثیر الاصدقاء فاعلم انه مخلط لانه ان نطق بالحق ابغضوه وعن کعب الاحبار انه قال لیاتینکم زمان تکره فیه الموعظة
بہت دوست ہین تو سمجہ لی کہ وہ خالص نہین ہی کیونکہ اگر وہ حق بولتا تو اوسکی سب دشمن ہوجاتی اور کعب احبار سی روایت ہی کہ اونہونی کہا البتہ تمپر ایک ایسا زمانہ آویگا
حتی یختفی المؤمن بایمانه کما یختفی الفاجر بفجوره ویعیر المؤمن بایمانه کما یعیر الفاجر بفجوره وانما یعظم ذل المؤمن فی
یہانتک کہ مؤمن اپنا ایمان لیکر ایسی چہپتا پہریگا جیسی بدکار بدکاری لیکر چہپتا ہو اور مؤمن اپنی ایمان مین مطعون ہوگا جیسی کہ فجور سی مطعون ہوتا ہی اور مؤمن کی ذلت آخر
اخر الزمان لکثرة اهل الفسق والظلم والبدع ویکون بینهم غریبا کلهم یکرهونه ویؤذونه لمخالفة طریقه لطریقهم
زمانہ مین اسہی لئی بڑہ جاویگی کہ فاسق اور ظالم اور بدعتی بہت ہوجاوینگی اور وہ اونمین تنہا ہوویگا سب کی سب اوسکی تحقیر کرکر ایذا دینگی کیونکہ اوسکا رستہ
ومباینة مقصوده لمقصودهم وعدم موافقته لهم فیما هم علیه لا سیما ان امرهم بمعروف ونهاهم عن منکر کما قال حذیفة
اونکی رستہ سی مخالف اور اوسکا مقصود اونکی مقصود سی الگ ہوویگا اور اونکی چال چلن سی موافق نہین ہوگا خاص کر اوس وقت کہ معروف کا اونکو حکم اور بدیکی اونکو منع کری
الیمانی یاتی علی الناس زمان یکون فیهم جیفة حمار احب الیهم من مؤمن یامرهم بالمعروف وینهاهم عن المنکر وروی عن ابن عباس
بن الیمان نی کہا ہی کہ لوگون پر ایسا زمانہ آویگا کہ اونکو مردار گدہا زیادہ محبوب ہوگا ایسی مؤمن سی کہ اونکو نیک بات بتادی اور گناہ سی بند کری اور ابن عباس سی
انه علیه السلام قال یاتی علی الناس زمان یذوب فیه قلب المؤمن کما یذوب الملح فی الماء قیل بم ذلك یا رسول الله قال
روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ لوگون پر ایسا زمانہ آویگا کہ مؤمن کا دل ایسا گہل جاویگا جیسی پانی مین نمک گہل جاتا ہی کسینی عرض کیا کس لئی یا رسول اللہ فرمایا
مما یری من المنکر فلا یستطیع تغییره فان من السلف من رای منکرا فلم یقدر علی ازالته فبال دما ومنهم من مرض
اسلئی کہ منکرات دیکہیگا اور بدل نہ سکیگا بیشک بعضی متقدمین نی منکر کو دیکہا اور مدافعت کی قدرت نہین ہوئی تو خون موتنی لگا اور بعضا مدت
ایاما وقد قال النبی علیه السلام اشد الناس بلاء الانبیاء ثم الصالحون فکما ان الانبیاء لم یخلو عن الابتلاء بالجاحدین
اور بیشک نبی علیہ السلام نی فرمایا تمام لوگون سی زیادہ بلا مین انبیاء ہین پہر صلحاء سو جیسی انبیا منکرون کی ابتلاء سی خالی نہین ہوتی
کذلك لا یخلو العلماء والصلحاء والامرون بالمعروف والناهون عن المنکر عن الابتلاء بالمصرین علی المعاصی فان من
ایسی ہی علماء اور صلحاء اور معروف کی امر کرنیوالی اور منکرات سی روکنی والی اون لوگون کی ابتلاء مین ہین جو معاصی پر اڑی ہوئی ہین بیشک جو شخص

امر بالمعروف ونهى عن المنكر فى هذا الزمان يكون قائما بالركن الاعظم فى الدين والمهم الذى بعث الله به جميع
اس زمانہ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا تو اوسنی دین کا بڑا ہی رکن سنبھال رکھا ہی اور بڑا ضروری کام جسکی لئی اللہ تعالی نی تمام مرسلین کو بھیجا ہی
المرسلين ولذلك قال النبى عليه السلام من امر بالمعروف ونهى عن المنكر فهو خليفة الله فى ارضه وخليفة
اور اسیھی لئی نبی علیہ السلام نی فرمایا جسنی امر بالمعروف کیا اور منکر کی ممانعت کی تو وہ زمین میں اللہ کا خلیفہ اور اوسکی کتاب
كتابه ورسوله وانما كان كذلك لان الانبياء ما بعثوا الا للامر بالمعروف والنهى عن المنكر وذلك وظيفتهم التى
اور رسول کا خلیفہ ہی اور یہہ درجہ اسلئی ہی کہ انبیاء اسی واسطی بھیجی گئی ہین کہ نیک بات بتادین اور بدی سی منع کرین اور یہہ ہی اونکا وظیفہ ہی جو
جاء وا بها فمن تبعهم فيها وامر ونهى يكون نائبا عنهم فى هذا الامر العظيم وتلى منزلته منزلتهم فى هذا الخطب الجسيم
لیکر آئی ہین پہر جو شخص اونکا تابع ہوا اس باب مین اور امر کیا اور نہی کی تو اس امر عظیم مین اونکا نائب ہوا اور اسکا مرتبہ اونکی مرتبہ سی اس کار بزرگ مین قریب ہو جاویگا
كما اشير اليه فى قوله تعالى ان الذين يكفرون بايت الله ويقتلون النبيين بغير حق ويقتلون الذين يامرون
چنانچہ اسکا اشارہ اس آیت مین ہی جو لوگ منکر ہین اللہ کی آیتون سی اور مار ڈالتی ہین نبیون کو ناحق اور مار ڈالتی ہین جو کوئی کہی
بالقسط من الناس فبشرهم بعذاب اليم فانه تعالى ذكر الذين يامرون بالعدل بعد الانبياء فى الترتيب وقد
انصاف کو لوگون مین سی سو اونکو خوشخبری سنا دکہہ والی مار کی سو اسنی اون لوگون کا جو عدل کا حکم کرتی ہین بعد انبیاء کی ترتیب سی ذکر کیا اور اس
ذكر فى تفسير هذه الاية انه عليه السلام قال قتل بنو اسراءيل ثلثة واربعين نبيا فى اول النهار فى ساعة واحدة
آیت کی تفسیر مین مذکور ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ بنی اسرائیل نی تینتالیس نبی اول روز ایک ساعت مین قتل کئی پہر
فقام مائة واثنا عشر رجلا من عباد بنى اسراءيل فامروهم بالمعروف ونهوهم عن المنكر فقتلوهم جميعا فى اخر
ایک سو بارہ شخص بنی اسرائیل کی عابد مستعد ہوئی اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا شروع کیا سو آخر وقت اون سبکو قتل کیا
النهار وهم الذين ذكرهم الله تعالى فى قوله ويقتلون الذين يامرون بالقسط من الناس فان اهل الدين من الامرين
یہہ وہ لوگ ہین جنکا ذکر اللہ تعالی نی اس آیت مین کیا اور مار ڈالتی ہین جو کوئی کہین انصاف کو لوگون مین سی بیشک دیندار امر بالمعروف
بالمعروف والناهين عن المنكر قلما ينفك عن ضروب الاذى وانواع البلاء بالاخراج من البلاد والسعاية
اور نہی عن المنکر کرنیوالی اقسام تکلیفون سی اور انواع بلیات سی بہت کم بچتی ہین شہر ونسی نکالی جاتی ہین
الى السلاطين والحكام والشهادة عليهم بالكفر والخروج عن الدين ونسبتهم الى ما يوجب فسقهم من البدع والمعاصى
سلاطین اور حکام کی پاس اونکی چغلی کہاتی ہین اور اون پر کفر کی اور دین سی بیدینی کی گواہی دیتی ہین اور ایسی عمل کی نسبت کر دیتی ہین جسمین اونکا فسق واجب
وغير ذلك مما هو خير لهم فى الدنيا والاخرة فعلى هذا ينبغى للامر بالمعروف والناهى عن المنكر ان يوطن نفسه على الصبر
ہو جاوی بدعتین اور معاصی وغیرہ جو کہ اونکی حق مین دنیا اور آخرت مین بہتر ہی سو اس بیان کی موافق جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر مستعد ہو اوسکو لازم ہی
على ما يصيبه من اذى الخلق لانه تعالى قد ذكر الصبر فى مواضع من كتابه وامر به فى بعضها وقال يايها الذين
کہ خلقت کی ہاتہہ سی جو تکلیف پہنچی اوسپر خوب صبر کری اسلئی کہ اللہ تعالی نی صبر کو اپنی کتاب مین کئی جگہہ ذکر کیا ہی اور بعضی جگہہ صبر کا حکم فرمایا اے ایمان والو
امنوا اصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا الله لعلكم تفلحون وقال فى اية اخرى واصبروا ان الله مع الصبرين
ثابت رہو اور مقابلہ مین مضبوطی کرو اور لگی رہو اور ڈرتی رہو اللہ سی شاید تم مراد کو پہنچو اور ایک اور آیت مین فرمایا اور ٹہری رہو اللہ ساتہہ ہی ٹہرنیوالون کی
وقد جمع الله تعالى للصابرين من الاجور ما لم يجمعها لغيرهم وقال اولئك عليهم صلوت من ربهم ورحمة و
اور اللہ نی صبر کرنیوالون کی لئی اتنا ثواب جمع کیا ہی جو اور ون کی لئی جمع نہین کیا اور فرمایا ایسی لوگ اون ہی پر شاباشین ہین اپنی رب کی اور مہربانی اور
اولئك هم المهتدون قال العلماء كفى بالصبر اجرا ان الاعمال كلها تضاعف بعشر امثالها الى سبعمائة الا
وہ ہی ہین راہ پر علماء کہتی ہین صبر کا یہہ ہی اجر بہت ہی کہ تمام اعمال دس گونہ ہو جاتی ہین سات سو تک سوا

الصبر فان اجره يوفى بغير حساب كما قال الله تعالى انما يوفى الصابرون اجرهم بغير حساب وقد جاء الامر
صبر کی کہ اوسکا ثواب بے حساب ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی صبر والون ہی کو ملتا ہی اونکا نیک انکا گنت اور بیشک صبر کا حکم
بالصبر مقارنا بالامر بالمعروف والنهي عن المنكر مصرحا في قوله تعالى وامر بالمعروف وانه عن المنكر واصبر على ما
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی ساتھ اس آیت مین صاف ہوا ہی اور سکھلا بھلی بات اور منع کر برائی سی اور سہار جو
اصابك ان ذلك من عزم الامور وفي هذه الاية اشارة الى ان من يامر بالمعروف وينهى عن المنكر قد يوذى فاذا
تجہپر بڑی بیشک یہہ ہین ہمت کی کام اور اس آیت مین یہہ اشارہ ہی کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنیوالی کو تکلیف دیتی ہین جب
اوذي يجب عليه ان يصبر ويعلم ان ما يجري عليه من اذى الخلق فهو بمشية الله تعالى وقضائه وقدره فيراه كالتاذي
اوسکو تکلیف دیوین تو اوسکو واجب ہی کہ صبر کری اور سمجھی کہ جو اوسپر خلقت کیطرف سی تکلیف گذرتی ہی سو موافق مشیت اور قضا اور تقدیر الٰہی کی ہی سو اسکو ایسا سمجھی جیسی
بالحر والبرد والمرض فاذا شاهد هذا يستريح ويتيقن ان ذلك كائن لا محالة لان ما شاء الله تعالى يكون ويجب وجوده
تکلیف گرمی جاڑی کی کہہ بیماری کی جب یہہ سمجھیگا تو رنج نہو ویگا اور یقین کریگا کہ یہ تکلیف بالضرور ہونی ہی تہی کیونکہ جو اللہ چاہتا ہی ہوکر رہتا ہی اوسکا ہونا ضروری
وما لم يشأ لا يكون بل يمتنع وجوده فليس للجزع منه وجه بل لا بد له فيه من الصبر لان من لا يصبر على ما يصيبه
اور جو نہین چاہتا ہرگز نہین ہوتا بلکہ اوسکا ہونا محال ہی اب گہبراہٹ کی کوئی وجہ نہین ہی بلکہ اسمین صبر ضروری ہی اسلئی کہ جو شخص مصیبت پر بالاختیار صبر نہین کرتا
اختيارا وهو محمود يصبر على اكثر منه اضطرارا وهو مذموم فينبغي له ان يصبر ويترك الانتقام لانه ان لم يترك
حال انکہ محمود ہی تو وہ اوسی بڑی مصیبت پر لاچار ہوکر صبر کرتا ہی اور یہہ مذموم ہی سو یہہ ہی چاہئی کہ صبر کرکر انتقام کی درپی نہو اسلئی کہ اگر انتقام معاف
الانتقام بل اشتغل به يعقبه الخوف والذل والندامة اذ يحصل بسببه العداوة والعاقل لا يامن من عدوه ولو كان
نکریگا بلکہ انتقام مین مصروف ہو ویگا تو اوسکی بعد خوف اور ذلت اور ندامت ہو ویگی اسلئی کہ عداوت پیدا ہو جاتی ہی اور مرد عاقل دشمن سی اگرچہ حقیر ہووی نڈر نہین رہتا ہی
حقيرا فاذا غفر وعفى ولم يشتغل بالانتقام يامن من حصول العداوة ويحترز من وقوع الندامة مع ان في العفو
اور اگر بخشدیگا اور معاف کردیگا اور انتقام پر متوجہ نہوگا تو عداوت سی کچھ خوف نہوگا اور ندامت سی بہی بچیگا باوجودیکہ عفو مین
عزة اذ قد صح انه عليه السلام قال ما زاد الله عبدا يعفو الا عزا بل ينبغي له ان يقابله بالاحسان اليه لانه قد
بڑی عزت ہی اسلئی کہ ثابت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ اللہ تعالی معاف کرنیوالی بندہ کو عزت ہی دیتا ہی بلکہ اوسکو چاہئی کہ اوسپر کچھہ احسان کردی کیونکہ اوسنی
اهدى اليه حسناته ونقلها من صحيفته نفسه الى صحيفته ويرى ان اساءته اليه نعمة من الله تعالى عليه حيث
اپنی حسنات تحفہ دی ہین اور اپنی نامہ اعمال مین سی اوسکی نامہ اعمال مین بدل دی ہین اور یہہ سمجھی کہ میری ساتھہ اوسکی برائی میری حق مین اللہ کی نعمت ہی کیونکہ
جعله مظلوما يرتقب النصر في الدنيا والاجر في العقبى ولم يجعله ظالما يرتقب المقت في الدنيا والاخرة والعاقل لو
مجہکو مظلوم بنایا کہ دنیا مین اوسکی لئی نصرت ہی اور عقبی مین ثواب اور ظالم نہین بنایا کہ دنیا اور آخرت مین ہلاکت ہوتی اور جس عاقل کو
خير بين هاتين الحالتين لاختار ان يكون مظلوما لان ما يصيبه من اذى الخلق تكون كفارة لخطاياه اذ لا يصيب
ان دونو حالت کا اختیار دین تو البتہ مظلومیت کو پسند کری اسلئی کہ اسکو جو تکلیف خلقت سی پہنچی گی اوسکی گناہون کا عوض ہو ویگا کیونکہ مومن کو
المؤمن هم ولا غم ولا اذى الا كفر الله تعالى به من خطاياه وذلك في الحقيقة دواء يستخرج به ادواء الخطايا لان ما
جو ہم یا غم یا کوئی تکلیف ہوتی ہی تو اللہ تعالی اوسکی بدلہ اوسکی گناہ اوتار دیتا ہی اور حقیقت مین یہہ اوسکی دوا ہی کہ اوسی گناہون کی دکھہ نکلتی ہین کیونکہ
يصيبه من اذى الخلق يكون له كالدواء المر الكريهة فينبغي له ان لا ينظر الى مرارة الدواء وكراهته ولا الى من
اسکو جسقدر خلقت سی تکلیف ہوگی گویا وہ بمنزلہ دوا ہی سو یون چاہئی کہ دوا کی تلخی اور بد مزگی پر نظر نکری اور نہ اوسپر جسکی طرف سی آتی ہی
يصل اليه من جهته بل ينبغي له ان ينظر الى نفعه ووصوله اليه من جهة من ينفعه بمضرته المجلس الخامس
بلکہ یون چاہئی کہ نفع پر نگاہ کری اور جسکی طرف سی آئی وہ اپنی مضرت سی فائدہ دیتا ہی پچانوین مجلس

والتسعون في بيان نعمة الصحة والفراغ وبيان مغبونية صاحبهما قال رسول الله صلى الله عليه
اس بیان میں کہ تندرستی اور فراغت نعمت ہے اور اس بیان میں کہ صحت اور فراغت والیکو کیا غبن ہوتا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
وسلم نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس الصحة والفراغ هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابن عباس
دو نعمتیں ہیں کہ انمیں اکثر لوگ خسارہ ہی اوٹھاتی ہیں تندرستی اور فراغت یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی ابن عباس کی روایت سی
ومعناه ان الصحة والفراغ نعمتان عظيمتان لكن لا يعرف كثير من الناس قدرهما ما داموا فيهما حيث لا يعملون
اسکی یہہ معنی ہیں کہ تندرستی اور فراغت دو بڑی نعمتیں ہیں پر اکثر لوگ انکی قدر نہیں جانتی جبتک تندرست اور فارغ رہتی ہیں کیونکہ نہ اعمال صالح
الصالحات ولا يتهيأون ليوم الممات فان الانسان في حال صحته يقدر على كسب الخيرات ببدنه وماله
کرتی ہیں اور نہ موت کی دن کا کچھہ سامان کیونکہ انسان تندرستی کی حالت میں اپنی بدن اور مال دونوں سی خیرات حاصل کرسکتا ہی
واذا مرض يضعف بدنه عن العمل ويقصر يده عن ماله فيما زاد على الثلث فلا يقدر على الطاعة ببدنه ولا على
اور جب بیمار ہوا تو بدن تو عمل سی تہک رہتا ہی اور ہاتھہ تہائی مال کی زیادہ سی کوتاہ ہوجاتا ہی اب نہ بدن کو طاعت پر قدرت ہوتی ہی اور نہ
التصرف في ماله الا مقدار ثلثه فينبغي له ان يغتنم صحته ويجتهد في اكتساب الخيرات ببدنه وماله وكذا في
مال پہ قابو سوای تہای حصہ کی سو لایق یہہ ہی کہ اب صحت کو غنیمت جانکر بدن اور مال سی خیرات کرلی اور ایسی ہی
حال فراغه يقدر على الطاعة بلا مانع فاذا بدل الفراغ بالاشتغال يظهر الموانع فلا يقدر على الطاعة فان
فراغت میں طاعت پہ بی روک ٹوک قدرت ہوتی ہی پہر اگر فراغت کی بعد دہندی میں لگ گیا تو موانع پیدا ہوجاوینگی پہر طاعت کا اختیار کہاں رہتا ہی کیونکہ
الانسان قد يكون صحيحا لكن لا يكون متفرغا بل يكون مشتغلا بامر المعاش وقد يكون مستغنيا لكن لا يكون
انسان کبھی بھلا چنگا ہوتا ہی لیکن فارغ نہیں ہوتا بلکہ کمائی کی کاربار میں لگا ہوتا ہی اور بعضی وقت تونگر ہوتا ہی پر تندرست نہیں ہوتا
صحيحا فاذا اجتمع فيه الصحة والفراغ فغلب عليه الكسل عن الطاعة فهو مغبون بيان ذلك ان الدنيا مزرعة
اور جب اسکو صحت اور فراغت دونوں ہوں پہر سستی کی مارے طاعت نکری تو وہ ٹوٹے میں ہی اسکا بیان یہہ ہی کہ دنیا آخرت کی کہیتی
الاخرة وفيها التجارة التي يظهر ربحها في الاخرة فمن استعمل فراغه وصحته في طاعة الله تعالى فهو المغبوط لان
ہی اور دنیا میں ایسی تجارت ہوتی ہی جسکا فائدہ آخرت میں ملتا ہی پر جسنی اپنی فراغت اور تندرستی کو اللہ تعالی کی عبادت میں صرف کیا تو وہ ضبط والا ہی
الفراغ يعقبه الشغل والصحة يعقبها السقم ومن استرسل في الصحة مع نفسه الامارة بالسوء الخالدة الى الراحة
کہ فراغت کی بعد کاربار لگجاتی ہیں اور تندرستی کی بعد بیماری لگی ہوئی ہی اور جو شخص صحت میں ہمراہ نفس امارہ کی جو ہمیشہ آرام طلب ہی بی مہار پہرتا رہا
فترك المحافظة على الحدود والمواظبة على الطاعات يكون مغبونا وكذلك اذا كان فارغا فان المشغول قد يكون
اور نگہبانی حدود پہ اور مداومت طاعات پر نکی تو وہ خسارہ اوٹھاویگا اور ایسی ہی اگر فارغ ہو وی کیونکہ کاربار کو بعضی وقت
له معذرة بخلاف الفارغ اذ يرتفع عنه المعذرة ويقوم عليه الحجة فينبغي له ان يغتنم فراغه ويسعى في
عذر ہوتا ہی برخلاف فارغ کی اسلئی کہ فارغ کو کوئی عذر نہیں ہوتا اوسپر حجت قایم ہوتی ہی اب لایق یوں ہی کہ فراغت کو غنیمت سمجھہ کر صالح اعمال میں
تحصيل الاعمال الصالحات ولا يضيع عمره فيما لا يعنيه فان كل نفس من انفاس العمر جوهرة نفيسة لا قيمة لها لانها
خوب سعی کری اور عمر کو بیہودہ برباد نکری کیونکہ عمر میں سی ہر ہر دم ایک نفیس بی بہا جوہر ہوتا ہی اسواسطی
صالحة لان توصله الى سعادة الابد وتنقذه من شقاوة السرمد فاي جوهرة انفس من هذه الجوهرة فاذا ضيعها
کہ اوسکی وسیلہ سی سعادت ابدی میسر ہوسکتی ہی اور ہمیشہ کی بدبختی سی بچ سکتا ہی پہر اس جوہر سی کونسا جوہر بہتر ہوگیا پہر اگر اسکو غفلت میں کہو دیا
في الغفلة فقد خسر خسرانا عظيما واذا صرفها الى المعصية فقد هلك هلاكا مبينا فان عمر الانسان ميدان للاعمال
تو بڑا ہی ٹوٹا اوٹہایا اور جب اسکو معصیت میں لگایا تو بیشک ظاہر مارا گیا کیونکہ آدمی کی زندگی صالح اعمال کی لئی فراخ میدان ہی

٤ ومن استعمله في معصية الله تعالى فهو المغبون م
اور جس نے اسکو معصیت میں صرف کیا تو وہ ٹوٹے میں ہی

الصالحۃ المقربۃ له من الله تعالی والموجبۃ له جزیل الثواب فی یوم الحساب وھذہ ھی السعادۃ التی لیس
جو اللہ تعالی سی نزدیک اور قیامت کی دن بڑائی ثواب واجب کردی اور یہہ ہی وہ سعادت کہ انسان کی لئی

للانسان منها الا ما سعی کما قال الله تعالی وان لیس للانسان الا ما سعی فکل وقت یفوت من عمرہ خالیا من عمل صالح
اسمین سی وتنا ہی ہوتا ہی جو کر چکی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور یہہ کہ آدمی کو وہ ہی ملتا ہی جو کمایا پہر جو دم زندگی کا عمل صالح سی خالی گذرتا ہی

یکون حسرۃ وندامۃ علیه یوم القیمۃ علی ما جاء فی الخبر ما من ساعۃ یاتی علی العبد لا یذکر الله تعالی فیها الا کانت
وہ اوسپر قیامت کی روز افسوس اور ندامت ہوگی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ جب آدمی پر ایسی ساعت گذرتی ہی کہ اوسمین اللہ کی یاد نہین کرتا وہ ہی اوسپر

علیه حسرۃ وروی عن ابی هریرۃ انه علیه السلام قال ما من احد یموت الا ندم قالوا وما ندامته یا رسول
حسرت ہوگی اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو آدمی مرتا ہی سو نادم ہوویگا عرض کیا یا رسول اللہ ندامت کیا ہوگی

الله قال ان کان محسنا ندم ان لا یکون ازداد وان کان مسیئا ندم ان یکون نزع وروی عن ابن عباس انه قال
فرمایا اگر وہ نیکوکار ہی تو یون نادم ہوگا کہ زیادہ کیون نکیا اور اگر بدکار ہی تو یہہ ندامت ہوگی کاشکی مین باز آتا اور ابن عباس سی روایت ہی

فی تفسیر النفس اللوامۃ ما من احد الا ویلوم نفسه یوم القیمۃ یلوم المحسن نفسه ان لا یکون ازداد احسانا ویلوم
کہ نفس لوامہ کی تفسیر مین کہا ہی جو کوئی ہی سو قیامت کی دن اپنی آپکو ملامت کریگا محسن تو اپنی آپکو یہہ ملامت کریگا کہ حسنات زیادہ کیون نکیے اور بدکار

المسیئ نفسه ان لا یکون رجع عن اساءته فیا ایها العاقل لا تضیع عمرك فی الغفلۃ فاجتهد فی تحصیل امتعۃ الاخرۃ قبل
اپنی آپکو یہہ ملامت کریگا کہ بدی سی باز کیون نہ آیا سو ای عاقل اپنی عمر غفلت مین مت کہو اور آخرت کا سامان حاصل کرنیمین کوشش کر اوس وقت کی پہلی

ان یجیئ یوم لا تقدر علی تحصیلها فی ذلك الیوم فانك عن قریب تعاین ذلك الیوم فتندم علی ما فات من عمرك فی غیر طاعۃ
کہ ایسا دن آجاوی کہ تو اوس روز کچھہ حاصل نہ کرسکیگا اور اب تو جلد اوس دن کو دیکھہ لیگا اور گذری ہوئی عمر پر جو رب کی عبادت سی خالی گئی ہی

ربك ولا ینفعك الندم فان العبد اذا کان فی شغل من اشغال الدنیا وکان شغله یمنعه من العمل واحال ذلك العمل علی فراغه
ندامت اوٹہائیگا اور ندامت سی کچھہ فائدہ نہو گا بیشک جب آدمی دنیا کی کسی دہندہ مین لگا رہتا ہی اور وہ مشغلہ عمل سی روک لی اور اوس عمل کو فراغت کی وقت پر ملتوی

وقال اذا فرغت عملت فذلك من حماقته من وجهین احدهما ایثار الدنیا علی الاخرۃ ولیس هذا من شان العقلاء وقد
رکہہ کر کہی فرصت ہوگی تو کرونگا سو یہہ اوسکی حماقت ہی دو وجہہ سی ایک دنیا کا پسند کرنا آخرت پر یہہ عقلاء کی شان سی نہین ہی اور

قال الله تعالی بل تؤثرون الحیوۃ الدنیا والاخرۃ خیر وابقی وثانیهما تسویفه العمل الی اوان فراغه فانه قد لا یجد مهلۃ
اللہ تعالی فرماتا ہی کوئی نہین تم آگی رکہتی ہو دنیا کا جینا اور پچہلا گہر بہتر ہی اور رہنی والا اور دوسری وجہہ عمل کو فراغت کی وقت تک مہلت مین رکہنا کیونکہ بعضی وقت

بل یختطفه الموت قبل فراغه او یزداد شغله لان اشغال الدنیا یستلزم بعضها بعضا فیبقی بلا زاد لیوم المعاد
فرصت نہین ملتی بلکہ موت فرصت سی پہلی اچک لیتی ہی یا دہندہ بڑہ جاتا ہی کیونکہ دنیا کی کاروبار آپسمین ملی جلی مسلسل ہوتی ہین پہر یہہ شخص معاد کی لئی خالی ہی توشہ رہ جاتا ہی

فالواجب علی العبد ان یبادر الی الاعمال الصالحات علی ای حال کان قبل وصول الموت وحصول الفوت لقوله تعالی
پس آدمی پر واجب ہی کہ اعمال صالحہ مین جلدی کری کیسا ہی وقت ہووی موت سی پہلی اور فوت ہونی سی آگی کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی

وسارعوا الی مغفرۃ من ربکم وجنۃ عرضها السموت والارض اعدت للمتقین فان من تعلق قلبه بالدنیا و
اور دوڑو بخشش پر اپنی رب کی اور جنت پر جسکا پہیلاو ہی آسمان اور زمین تیار ہوئی ہی واسطی پرہیزگارون کی بیشک جسکا دل دنیا مین الجہتا ہی

اخذ منها القدر الزائد علی حاجته من الطعام والشراب واللباس یکون مضرۃ علیه الا ان یستعین به علی
دنیا مین سی حاجت سی زیادہ کہانا پینا لباس حاصل کرچکتا ہی تو اوسکی حق مین مضر ہوتی ہی ان اگر اوس سی طاعت الہی کی استمداد لی

طاعۃ الله تعالی لان کل ما احبه الانسان وظفر به لا بد ان یفارقه فان کان احبه لغیر الله تعالی یعذب
تو مضر نہین کیونکہ جو چیز آدمی کو محبوب ہوتی ہی اور حاصل کرلیتا ہی تو بالضرور اوس سی جدا ہوویگا اگر اوسکی محبت سواء اللہ کی اور وجہہ سی تہی تو اوسکا فوت ہونا

به بفواته اذ يحصل له من الالم قدر ما تعلق به قلبه فان من معه ما يكفيه فهو فارغ القلب فلو وجد مائة
بہی عذاب ہوویگا اسلئی کہ ویسا ہی الم ہوتا ہی جتنا اوسکی دل کو لگاؤ ہوتا ہی کیونکہ جسکی پاس سرمایہ بقدر کفایت ہوتا ہی تو فارغ دل ہوتا ہی پہر اگر سو

دينار ينبعث من قلبه عشر شهوات يحتاج كل شهوة منها الى مائة دينار فلا يكفيه ما وجده بل يحتاج
اشرفیاں اوسکو ہاتہ لگ جاوین تو اوسکی دلین شہوت کی دس شاخین ایسی پیدا ہوتی ہین کہ ہر شہوت مین سو سو دینار کی حاجت ہووی پس جو ہاتہ آیا تہا کافی نہین ہوتا بلکہ

الى تسعمائة اخرى وقد كان قبل وجود المائة مستغنيا فالان وجدها وظن انه صار غنيا بها ولا يشعر انه
نوسو کی اور حاجت ہوتی ہی اور حال یون ہی کہ جب یہہ سو نہ تہی تو مستغنی تہا اب جو وہ پائی تو گمان کرتا ہی کہ غنی ہوگیا اور یہہ نہین سمجہتا

صار محتاجا الى تسعمائة اخرى ليشتري دارا ويعمرها ويشتري جارية ولباسا فاخرا لها ولنفسه وكل منها
کہ نوسو کا اور محتاج ہوگیا تاکہ مکان خریدی یا چنوا دی اور لونڈی مول لیوی اور اوسکی اور اپنی لئی ستہری ستہری پوشاک بنلوا دی ہر یکی کی لئی

يستدعي ما يناسب ويليق به مما لا آخر له فيقع في هاوية اخرها قعر جهنم ولا اخرها سواه وقد حكي ان واحدا
لوازم جو اوسکی مناسب اور لایق ہو بیشمار چاہین سو یہہ ایسی گڑہی مین گرتا ہی جسکا انجام دوزخ کا گہراؤ ہی سوا اوسکی کوئی انتہا نہین ہی اور حکایت ہی کہ ایک

من الملوك حمل اليه قدح من فيروزج وكان ذلك القدح مرصعا بالجواهر ولم ير مثله ففرح به الملك فرحا شديدا
بادشاہ کی پاس فیروزہ کا پیالہ آیا اور اوسمین جواہرات جڑی ہوئی تہی اوسکی مثل دیکہنی مین نہین آیا تہا بادشاہ اوسی بہت خوش ہوا

وكان عنده حكيم فقال له الملك كيف ترى ذلك قال اراه عليك مصيبة وفقرا قال كيف قال لان كل ما يملكه
اور اوسکی پاس ایک حکیم تہا بادشاہ نی فرمایا حکیم جی تم کہو کیسا ہی عرض کیا مجہکو تو تیری حق مین مصیبت اور فقر معلوم ہوتا ہی کہا کیونکر عرض کیا اسلئی کہ انسان کی ملک

الانسان في الدنيا لا يدوم فهذا القدح ان ضاع او انكسر تصير محتاجا اليه ولا يوجد مثله ويكون عليك مصيبة
دنیا مین جو ہوتی ہی ہمیشہ نہین رہتی پہر یہہ پیالہ اگر جاتا رہا یا ٹوٹ گیا تو تمکو اسکی حاجت ہووگی اور ایسا نہین ملیگا تو تمپر ایسی مصیبت ہوویگی

لا جبر لها وقد كنت قبل ان يحمل اليك في امن من المصيبة والفقر ثم في يوم من الايام قد اتفق ان القدح قد انكسر فعظمت
جسکا کچہہ علاج نہین ہی اور بیشک تم اسکی پہلی کہ یہہ پیالہ تمہاری پاس آوی مصیبت اور احتیاج سی امن مین تہی پہر ایک روز اتفاقاً وہ پیالہ ٹوٹ گیا تو

فيه مصيبة الملك وقال ما قال الحكيم كان حقا ليته لم يحمل الي وامثال هذه المصيبة بل اعظم منها تنزل بكل
بادشاہ کو بڑاہی رنج ہوا اور کہا حکیم جی سچ کہتی تہی کاشکی یہہ پیالہ میری پاس نہ آتا اور ایسا ہی رنج ہوتا ہی بلکہ اس سی بہی بہت زیادہ جو شخص دنیا سی

من له علاقة بالدنيا فانهم معذبون بالحرص عليها والتعب العظيم في تحصيلها والحسرة الشديدة عند فواتها
علاقہ رکہتی ہین یہہ لوگ بہی اوسکی حرص مین جلا کرتی ہین اور اوسکی لئی سخت محنت اوٹہاتی ہین اور اوسکی حسرت مین تڑپا کرتی ہین جب جاتی رہتی ہی

ولهذا قال بعض السلف من احب الدنيا فليوطن نفسه على تحمل المصائب فان محبتها لا تنفك عن ثلث مصائب
اور اسہی لئی بعض متقدمین کا قول ہی کہ جسنی دنیا کو دوست کیا تو اپنی جان کو مصیبتوں کی لئی تیار رکہی کیونکہ دنیا کا دوست تین مصیبتوں سی خالی نہین ہوتا

هم لازم وتعب دائم وحسرة لا تنقضي فلو لم يكن لمحبها من العذاب العاجل الا هذا يكفي له مصيبة فكيف اذا حيل
فکر ہر وقت کا اور تعب دایمی اور حسرت بی انتہا اگر دنیا کی دوست کو حال کا عذاب سوا آیندہ کی کچہہ نہوتا تو یہہ ہی مصیبت کافی تہی پہر کیا حال ہوگا جب اوسمین

بينه وبين محبوباته ولذاته كلها بالموت وصار معذبا بنفس ما كان متلذذا به على قدر لذاته التي شغلته عن
اور اوسکی تمام محبوبات اور لذات مین موت حایل ہوجاویگی اور عذاب دیکہیگا جتنی لذت اوٹہاتا تہا موافق اوسیکی لذت کی جسنی زاد اخروی کی سعی سی روک رکہا تہا

سعيه في طلب زاده ليوم معاده اذ لو كان لاحد الف محبوب ينزل به عند الموت في وقت واحد الف مصيبة لانه
اسلئی کہ اگر کسیکی ہزار محبوب ہون تو مرتی وقت ایکدم مین اوسپر ہزار مصیبتین پڑجاوینگی کیونکہ اوسکی

كان يحب جميعها ويسلب عنه في لحظة واحدة كلها ويبقى في حسرة وندامة بعد موته وهذا اول ما يلقاه عقيب
محبوب تہی اور ایک لحظہ بہر مین سب سی جدا ہوگیا اور موت کی بعد حسرت اور ندامت مین پڑا رہیگا اور یہہ تو وہ الم ہی جو مرتی ہی پیش آویگا

مونه من الالم فضلا عما اعده الله تعالى من عذاب النار للذين استحبوا الحيوة الدنيا ورضوا بها والحاصل
علاوه اوسی جو الله تعالی نے دوزخ کا عذاب تیار کر رکھا ہی لوگوں کی لئے جو دنیا کی زندگی دوست رکھتی ہیں اور پسند کرتی ہیں خلاصہ یہ ہی

ان من احب شيئا سوى الله تعالى ولم يكن محبته له لله تعالى ولا لكونه معينا له على طاعة الله تعالى يحصل
کہ سوای الله کی جو کسی شی کو محبوب رکھتا ہی اور اوسکی محبت واسطی الله کی نہو اور نہ اسلئی کہ وہ طاعت الٰہی پر امداد کرتی ہی تو اوسی ضرر حاصل ہوتا ہی

وغسل الثیاب وغیرھا حتی لو لم تفعل شیئا منھا تکون اثمة وان لم یجبر علیھا وان کان لھا خادم یجب علی زوجھا نفقة
کپڑی دہونی اور سوا اسکی تمام کیا کری یہان تک کہ اگر کچہہ بہی نکریگی تو گنہگار ہو گی اگرچہ اوسپر زور نہین ہی اور اگر عورت کا کوئی خادم ہووی تو خاوند پر اوسکی
خادمھا ان کان الخادم یطبخ ویخبز وان کان لا یطبخ ولا یخبز لا یجب علیہ نفقتہ لان نفقتہ فی مقابلة خدمتہ فاذا
خادم کا بہی خرچ واجب ہی جب وہ خادم سالن روٹی پکایا کری اور اگر وہ نہ سالن پکائی نہ روٹی تو اوسکا خرچ واجب نہین ہی اسلئی کہ خادم کا خرچ خدمت کی بدلہ ہی
لم یطبخ ولم یخبز لا یجب علیہ نفقتہ بخلاف المراة فان نفقتھا لیست فی مقابلة الخدمة بل فی مقابلة الاحتباس
اور اگر وہ سالن روٹی نہین پکاتا تو اوسکا خرچ بہی واجب نہین ہی برخلاف بی بی کی کیونکہ اسکا خرچ خدمت کی بدلہ مین نہین ہی بلکہ اپنی گہر روکہ رکہنی کی بدلہ ہی

فقد حبست نفسها لحق زوجها فكانت نفقتها على زوجها وينبغي له ان يوسع عليها في النفقة اذا وسع الله عليه
سو وہ اپنی آپکو خاوند کی حوالہ کر چکی اب اوسکا خرچ خاوند پر لازم ہوویگا اور خاوند کو چاہیئے کہ خرچ مین بی بی پر فراخی کردی جب خدا اوسکو زیادہ عنایت

ويعتدل فيها من غير تقتير ولا اسراف كما قال الله تعالى كلوا واشربوا ولا تسرفوا واهم ما يجب عليه ان يطعمها
کری اور اوسمین اعتدال رکہی بدون کمی زیادتی کی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہاؤ اور پیو اور مت اڑاؤ اور خاوند پر بڑا ضروری یہہ لازم ہی کہ اوسکو حلال

من الحلال ولا يدخل لاجلها مداخل السوء فان ذلك خيانة عليها لا رعاية لحقها وينبغي له ان يامرها بالتصدق
کہانا دیا کری اور اوسکی خاطر برا طریقہ چوری وغیرہ کا نہ اختیار کری کیونکہ یہہ بی بی کی حق تلفی ہی حق کی رعایت نہین ہی اور خاوند کو چاہیی کہ اوسکو یہہ اجازت

ببقايا الطعام وما يفسد لو ترك واما الكسوة فقدرها محمد بدرعين وخمارين وملحفة في كل سنة واراد بالدرعين
دی کہ بچیا کہانا اور جو چیز رکہنی سی بگڑ جاوی خیرات کر دیا کری اور کپڑیکا اندازہ امام محمد نی یہہ کیا ہی دو درع اور دو اوڑہنی اور ایک لحاف ہر سال مین اور درعین

والخمارين صيفيا وشتويا فالصيفي ما يكون رقيقا يصلح لزمان الحر والشتوي ما يكون ثخينا يصلح
اور خمارین سی مراد گرمی جاڑی کی ہین سو گرمی کی دونون کا باریک ہو جو گرمی کی لائق ہی اور جاڑیکا گاڑہا جو سردی کو دفع کری

لدفع البرد ولم يذكر الخف والكعب لان ذلك انما يحتاج اليه للخروج وليس على الزوج تهيئة اسباب الخروج
اور موزی اور جوتی کا ذکر نہین کیا کیونکہ انکی حاجت باہر نکلنی کی لئی ہوتی ہی اور خاوند کا ذمہ باہر پہرنیکی سامان کا نہین ہی

ولم يذكر السراويل ايضا ولا بد منه في الشتاء حتى قال قاضيخان في فتاواه هذا في عرفهم واما في ديارنا فيجب السراويل
اور پائجامہ کا بہی ذکر نہین کیا اور جاڑون مین اسکی ضرورت ہوتی ہی یہان تککہ قاضیخان نی اپنی فتاوی مین کہا ہی یہہ لباس انکی چلن کا ہی اور ہمارے ملک مین پائجامہ

وثياب اخر كالجبة والفراش الذي ينام عليه واللحاف وما يدفع الحر والبرد ويجب لخادمها قميص وازار وكساء وخف لا
اور اور کپڑی جیسی کرتہ اور بستر جسپر سوتی ہین اور لحاف اور جو چیز گرمی اور جاڑی کو دفع کری واجب ہی اور عورت کی خادم کی لئی قمیص اور ازار اور چادر اور موزہ

تحتاج الخروج للمصالح الخارجة من الرسالة الى الابوين ونحو ذلك ولا يجب لها الخمار لان شعرها ليس بعورة واما السكنى فحقها
واجب ہی کیونکہ خادم کو کار بار کی لئی باہر جانا ضرور ہی کہ بی بی اپنی ماباپ کی پاس اور کسی کام کو بہیجی اور خادمہ کی لئی اوڑہنی کی حاجت نہین اسلئی کہ اوسکی بال عورت نہین ہین اور

في الدار بيت على حدة تامن على متاعها ولا تستحي عن غيرها في معاشرة زوجها فان كان للزوج احماء من والدة او اخت
مکان سکونت مین اوسکا حق احاطہ کی اندر علیحدہ کوٹہری چاہیی جسمین اوسکا اسباب محفوظ رہی اور خاوند کی سات معاملہ مین غیر سی پردہ رہی اور اگر خاوند کا کوئی ناتا یعنی ماں

وولد من غيرها فقالت اجعلني في بيت على حدة كان لها ذلك لانها لا تامن على متاعها وتستحي عن المعاشرة مع زوجها
یا بہن اور دوسری بی بی سی اولاد ہو اور بی بی کہی کہ مجہکو گہر علیحدہ تجویز کردی تو بی بی کا یہہ حق ہی اسلئی کہ اسباب کی کم ہونیکا خوف ہی اور خاوند کی ساتہ معاشرت مین شرم

ان كان البيت في الدار واحدا وان كان متعددا فاعطاها بيتا يغلق ويفتح لم تكن لها ان تطلب بيتا اخر ان لم يكن
آویگی اگر احاطہ کی اندر ایک ہی کوٹہا ہووی اور اگر کئی کوٹہی ہون اور خاوند نی ایک کوٹہا اوسکو دیدیا کہ جب چاہی بند کری اور جب چاہی کہولی تو اب اوسکا یہہ حق نہین کہ اور

في الدار من احماء الزوج من يؤذيها الا ان يكون الزوج يضربها ويؤذيها فشكت الى القاضي وسئلت ان يسكنها بين قوم
کوٹہا طلب کری مگر اگر احاطہ کی اندر جیٹہہ دیور یعنی خاوند کی بہائی بند ستانی والی نہون مگر اوس صورت مین کہ خاوند اوسکو مارتا ہو اور ستاتا ہو اور وہ قاضی کی سامنی نالش کری اور کہی

صالحين يعرفون احسانه واساءته فالقاضي ان علم ان الامر كما قالت يزجره عن ذلك ويمنعه عن التعدي وان لم
کہ مجہکو ایسی صلحا قوم مین مکان دلوی کہ اسکی بہلی بری کو دیکہتی ہین سو قاضی کو اگر یقین ہو کہ عورت سچی ہی تو خاوند کو گہرک دیوی اور تعدی سی منع کردی اور اگر

يعلم ان الامر كما قالت ينظر في جيران الدار ان كانوا قوما صالحين يسئلهم هل الامر كما قالت فان قالوا ان الامر كما قالت
یقین نہو کہ عورت سچی ہی تو اب اوس گہر کی ہمسایون کو دیکہی اگر وہ صلحا ہون تو انسی دریافت کری کہ آیا یہہ عورت سچی ہی اگر وہ گواہی دین کہ عورت سچی ہی

يزجره عن ذلك ويمنعه عن التعدي وان قالوا ليس الامر كما قالت يتركها في تلك الدار وان لم يكونوا قوما صالحين
تو اوسکو گہرک دی اور تعدی سی منع کردی اور اگر وہ کہین کہ عورت غلط کہتی ہی تو اوسکو اوسی گہر مین رہنی دی اور اگر ہمسایہ صلحا نہون

اوکانوا یمیلون الیه یامرہ ان یسکنہا بین قوم صالحین کی یعرفوا احواله فی حقها ویخبروا عن ذلك عند الحاکم اذ لا
یا خاوند کی طرف دار ہون تو خاوند کو یہہ حکم دی کہ بی بی کو کسی صلحا قوم مین گہر تجویز کر دی تا کہ خاوند کا معاملہ بی بی کی حق مین دیکہتی رہین اور حاکم کو خبر کر دیا کرین

یجوز للرجل ان یتعدی فی حق النساء بل یلزمه حسن الخلق معهن واحتمال الاذی منهن وعدم الالتفات الی
اسواسطی کہ مرد کو جایز نہین ہی کہ عورتون کی حق مین تعدی کری بلکہ مرد کو عورتون کی ساتہہ خوش خلقی برتنی چاہئی اور اونکی ایذا کی برداشت کری اور اونکی بعضی عیبون پر

بعض معائبهن مالم یکن اثما ترحما علیهن لقصور عقولهن بل ینبغی له ان یزید علی احتمال الاذی الملاعبة فیداعبهن
جبتک عیوب گناہ کی نہون اونپر رحمت کی لی توجہ نکری کہ عورتین بی وقوف ہوتی ہین بلکہ مرد کو چاہئی کہ ایذا کی برداشت پر ملاعبہ بڑہا دی پہر ایسی ملاعبت کیا کری

بما لا اثم فیه فان ملاعبة الرجل مع نسائه لیست من اللهو الباطل الذی نهی عنه فی الدین بل هی اللهو الجائز رخص
جسمین گناہ نہو بیشک مرد کی ملاعبت بی بی کی ساتہہ ہو باطل کی قسم نہین ہی جو دین کی اندر ممنوع ہی بلکہ یہہ ہو جایز ہی دین مین اسکی اجازت ہی

فیه فی الدین فانه علیه السلام کان یمزح مع نسائه وینزل الی درجات عقولهن حتی روی انه علیه السلام کان
کیونکہ نبی علیہ السلام اپنی ازواج کی ساتہہ ہنسا کرتی تہی اور اونہون کی وضع پر کام کرنی لگتی یہان تک کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام عائشہ کی

یسابق مع عائشة فی العدو وجاء فی الخبر انه علیه السلام کان من افکه الناس مع نسائه ای من اطیبهم وامزحهم معهن
ساتہہ شرط کر کر دوڑتی اور حدیث مین آیا ہی کہ نبی علیہ السلام سب سی زیادہ ازواج کی ساتہہ ظرافت اور چہل کرتی یعنی بہت خوش مزاج اونسی ملی جلی رہتی

وروی انه علیه السلام قال اکمل المؤمنین ایمانا احسنهم خلقا والطفهم باهله وفی حدیث اخر انه علیه السلام
اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ ایمان مین بڑا کامل مؤمن وہ ہی جو اپنی اہل سی خوش خلق اور لطف پر ہو اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی

قال خیرکم خیرکم لاهله لکن ینبغی له ان لا ینبسط معهن فی حسن الخلق والملاعبة الی حد یفسد خلقهن ویسقط
فرمایا تم مین اچہا وہ ہی جو اپنی اہل سی اچہا ہو لیکن مرد کو یون چاہئی کہ خوش خلقی مین اتنا انبساط اور ملاعبت ہی نکری کہ عورتون کی عادت بگڑ جاوی اور اونپر کی

بالکلیة هیبته عندهن بل یراعی الاعتدال فی ذلك فلا یدع الهیبة والانقباض مهما رای منکرا ولا یفتح باب المساعدة
ہیبت سراسر جاتی رہی بلکہ اس باب مین اعتدال کا لحاظ رکہی سو ہیبت اور دہمکی کو اوٹہاندی جب بری بات دیکہی اور بری باتون مین امداد کا دروازہ

فی المنکرات البتة بل مهما رای منهن ما یخالف الشرع یتمر ویغضب لان الله تعالی جعله قواما علیهن حیث قال
ہرگز نہ کہولدی بلکہ اونسی جب کچہہ شرع کی خلاف دیکہی تو منع کردی اور غصہ کری اسلئی کہ مرد کو اللہ تعالی نی عورتون پر حاکم بنایا ہی چنانچہ فرمایا ہی

الرجال قوامون علی النساء فیلزمه ان یقوم علیهن بالامر والنهی ولا یتغافل عن مبادی الامور التی یخشی غوائلها
مرد حاکم ہین عورتون پر سو مرد کو لازم ہی کہ بی بیون پر امر اور نہی کرتا رہی اور ایسی کامون مین غفلت نکری جنکی انجام کا خوف ہو وی

بل ینبغی له ان یکون صاحب غیرة لکن لا یبالغ فی التعنت واساءة الظن وتجسس البواطن اذ روی انه علیه السلام نهی
بلکہ یون چاہئی کہ صاحب غیرت رہی لیکن کمال درجہ کی عیب جوئی اور بدگمانی اور باطن کی تلاش ہی نکری اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی

ان یتبع عورات النساء وفی لفظ اخر ان یتعنت النساء فان غیرة الرجل علی اهله من غیر ریبة یبغضها الله تعالی
عورتون کی عیب ڈہونڈہنی سی منع کیا ہی اور دوسری عبارت مین کہ عورتون کی عیب کی تلاش سی منع کیا کیونکہ مرد کی غیرت اپنی اہل پر بدون شک کی اللہ تعالی کو

کما جاء فی الحدیث انه علیه السلام قال غیرة یبغضها الله تعالی وهی غیرة الرجل علی اهله من غیر ریبة لان ذلك من
ناپسند ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ایک ایسی غیرت ہی کہ اللہ تعالی کو ناپسند ہی یعنی مرد کی غیرت اپنی اہل پر بدون شک کی کیونکہ یہہ

سوء الظن الذی وقع النهی عنه فان بعض الظن اثم واما الغیرة فی محلها فلا بد منها وهی محمودة لما روی انه علیه السلام
بدظنی ہی جسکی ممانعت آئی ہی اسلئی کہ بعضی گمان گناہ ہین اور رہی وہ غیرت جو بیشک مسر ہو وہ تو ضرور چاہئی اور محمود ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ

قال ان الله یغار وان المؤمن یغار وغیرة الله ان یاتی المؤمن ما حرم الله علیه وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال
السلام نی فرمایا بیشک اللہ غیرت کرتا ہی اور بیشک مؤمن غیرت کرتا ہی اور اللہ کی غیرت یہہ ہی کہ مؤمن وہ عمل کری جو اسنی اوسپر حرام کیا تہا اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام

الى لغيره وهامرة لا يغار الا منكوس القلب والطريق المغني عن الغيرة ان لا يدخل عليهن رجل ولا يخرجن الى
ممنہ بہت غیرت والا ہے اور نہیں ہے کوئی جو غیرت نکری مگر الٹا ہی دل والا ہے اور جو سیدہا طریق ہی غیرت سی بچنیکا سو یہہ ہی کہ اونکی پاس کوئی مرد نہ آوی اور وہ رستون پر نہ پہرین
الطرقات لان خروجهن يعد من عدم الغيرة فيلزم للرجل ان يمنع زوجته عن الخروج من البيت ولا ياذن لها
کیونکہ اونکا نکلنا بی غیرتی ہی سو مرد کو لازم ہی کہ اپنی بی بی کو گہر مین سی نکلنی ندی اور سوای کئی خاص جگہہ کی نکلنی کی اجازت ندی
بالخروج الا في مواضع مخصوصة وهي ما قال صاحب الخلاصة نقلا عن مجموع النوازل يجوز للزوج ان ياذن لها
وہ جگہہ جو خلاصہ والا مجموع النوازل سی نقل کرتا ہی اور خاوند کو جایز ہی کہ اپنی بی بی کو
بالخروج الى سبعة مواضع زيارة الابوين وعيادتهما وتعزيتهما او احدهما وزيارة المحارم وبعد بيان هذه
سات جگہہ جانی کی اجازت دیوی ماں باپ کی ملاقات اور دونو کی بیمار پرسی اور دونو کی یا ایک کی تعزیت اور محرمون کی ملاقات اور یہہ سات جگہہ بیان
السبعة قال فان كانت قابلة او غسالة او كانت لها حق على اخر او لاخر عليها حق تخرج بالاذن وبغير الاذن
کرکر کہا ہی پہر وہ عورت اگر دائی یا مردہ شو ہوئی یا اوسکا کسی پہ حق آتا ہو یا اور کسیکا حق اسپر آتا ہو تو جایا کری اجازت سی اور بی اجازت
وفيما عدا ذلك من زيارة الاجانب وعيادتهم والوليمة لا ياذن لها ولو اذن وخرجت كانا عاصيين والاذن
اور انکی سوائے غیرون کی ملاقات کی یا غیر کی عیادت کو یا ولیمہ مین جانی کی اجازت ندی اور اگر اسنی اجازت دی اور وہ گئی تو دونو گنہگار ہونگی اور اجازت
قد يكون بالسكوت وهو كالقول لان النهي عن المنكر فرض وان ارادت ان تخرج الى مجلس العلم بغير رضى الزوج ليس
کبہی چپ رہنی سی بہی ہوتی ہی اور سکوت مانند بولنی کی ہوتا ہی اسلئی کہ ممانعت بری بات کی فرض ہی اور اگر عورت علم کی مجلس مین بغیر خوشی خاوند کی جانا چاہی
لها ذلك الا ان تقع لها نازلة وامتنع الزوج من السؤال لها فحينئذ يسعها الخروج من غير رضى الزوج لان طلب العلم
تو یہہ اختیار نہین ہی ہان اگر عورت پر کوئی واقعہ گذری اور خاوند اوسکو نہ پوچہہ دیوی تو اب مضائقہ نہین ہی کہ بی مرضی خاوند کی چلی جاوی اسلئی کہ علم کی تلاش
فيما يحتاج اليه فرض على كل مسلم ومسلمة فيقدم على حق الزوج وان سئل الزوج من العالم واخبرها بذلك لا يسعها
حاجت کی وقت ہر مسلم مرد اور عورت پر فرض ہی سو یہہ تلاش خاوند کی حق پر مقدم ہی اور اگر خاوند نی کسی عالم سی پوچہہ کر بتا دیا تو اب نکلنی کا اختیار نہین ہی
الخروج وان لم يقع لها نازلة لكن ارادت ان تخرج الى مجلس العلم لتتعلم مسئلة من مسائل الوضوء والصلوة ان
اور اگر عورت کو کوئی واقعہ تو پیش نہین آیا پر مجلس علم مین اسلئی جایا چاہتی ہی کہ کچہہ مسئلہ وضوء اور نماز کی سیکہہ لی اگر
كان الزوج يحفظ المسائل ويذكرها عندها فله ان يمنعها وان كان لا يحفظ فالاولى ان ياذن لها احيانا
اوسکا خاوند مسائل یاد رکہتا ہی اور اوسکو بتا دیتا ہی تو خاوند کو اختیار ہی کہ نجانی دی اور اگر اوسکو مسائل نہین آتی تو بہتر ہی کہ کبہی کبہی جانی دیا کری
وان لم ياذن لا شئ عليه ولا يسعها الخروج ما لم يقع عليها نازلة وان خرجت من بيت زوجها بغير اذنه يلعنها
اور اگر نہ جانی دیوی تو اوسکو کچہہ گناہ نہین ہی اور نہ اوسکو جانیکا اختیار ہی جبتک کوئی واقعہ پیش نہ آوی اور اگر وہ خاوند کی گہر مین سی اوسکی بی اجازت چلی جاوی
كل ملك في السماء وكل شئ تمر عليه الا الانس والجن فخروجها من بيته بغير اذنه حرام عليها قال ابن الهمام وحيث
تو آسمان و زمین کی فرشتی اور ہر شئی جسپر گذرتی ہی وہ لعنت کرتی ہین سوائی انسان اور جن کی سو عورت کا نکلنا خاوند کی گہر مین سی بی اجازت حرام ہی ابن ہمام کہتا ہی
ابيح لها الخروج فانما يباح بشرط عدم الزينة وتغيير الهيئة الى ما لا يكون داعيا الى نظر الرجال واستمالتهم قال الله تعالى
اور عورتکو جہان جانا مباح ہی تو بشرط نہونی زیب زینت کی ہی اور بدون ایسی صورت کی جس سی مردون کو اودہر دیکہنی کی رغبت ہو اور جاوی ہو اسوسطی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی
ولا تبرجن تبرج الجاهلية الاولى والتبرج على ما ذكره في الصحاح اظهار المرأة زينتها ومحاسنها للرجال فالمرأة كلما
اور دکہاتی نہ پہرو جیسی دکہانا دستور تہا پہلی وقت نادانی کی اور تبرج موافق بیان صحاح کی عورت کا ظاہر کرنا اپنی زینت اور خوبی کو سامنی مردون کی سو عورت جب
كانت مخفية من الرجال كان دينها اسلم لما روي انه عليه السلام قال لابنته فاطمة اي شئ خير للمرأة قالت ان
مردون سی پوشیدہ ہی تو اوسکا دین سلامت ہی اسلئی کہ نبی علیہ السلام نی اپنی بیٹی فاطمہ سی پوچہا عورت کی لئی کیا بات بہتر ہی عرض کیا

لاترى رجلا ولا يراها رجل فاستحسن قولها وضمها اليه وقال ذرية بعضها من بعض وكان اصحاب
نہ وہ کسی مرد کو دیکھی اور نہ کوئی مرد اوسکو دیکھی اور آپنی اونکا قول پسند کر کر سینہ سی لگالیا اور فرمایا اولاد ایک کی ایک سی ہی اور اصحاب

النبي صلى الله عليه وسلم يسدون الثقب والكوى فی الحيطان لئلا تطلع النساء على الرجال ورأى معاذ امرأته
نبی علیہ السلام کی دیواروں کی سوراخ اور جہروکی بند کر دیا کرتی تہی تاکہ عورتیں مردوں کی سامنی نہ آوین اور معاذ نی اپنی بی بی کو دیکہا

تطلع فی كوة فضربها فينبغي للرجل ان يفعل كذلك ويمنع امرأته عن مثل ذلك ثم ان كان فی قلبها بدعة يزيلها
کہ سوراخ سی جہانکتی تہی سو اوسکو مارا اب مرد کو چاہی کہ ایسا ہی کیا کری اور اپنی بی بی کو ایسی حرکات سی منع کری پہر اگر عورت کی دل مین کوئی بدعت ہووی تو دفع

ويلقنها اعتقاد اهل السنة والجماعة ويعلمها من احكام الصلوة والحيض والنفاس ما تحتاج اليه وان تساهلت
کردی اور اوسکو عقیدہ اہل سنت اور جماعت کا بتادی اور احکام نماز کی اور حیض اور نفاس کی جتنی حاجت ہو سکہادیوی اور اگر عورت دین کی

فی امر الدين او كانت تاركة للصلوة يؤدبها لكن يتدرج فی تاديبها فيقدم اولا الوعظ والتخويف بالله تعالى
باب مین سستی کری یا بی نماز ہووی تو اوسکو ادب دیوی لیکن آہستہ آہستہ ادب دیوی پہلی سمجہاوی اور خدا سی ڈراوی

فان لم ينجع يولي اليها ظهره فی المضجع او ينفرد عنها بالفراش ويهجرها الى ثلث ليال فان لم ينجع يضربها ضربا
اگر وہ نمانی تو سوتی ہوئی اوسکی طرف سی منہہ پہیر کر بیٹہہ کردی یا اوسی جدا سوئی اور تین رات تک چہوڑ رکہی پہر بہی نہ مانی تو اوسکو اتنا ماری

غير مبرح ولا يضرب وجهها لورود النهي عنه فان لم ينجع يطلقها كما قال قاضيخان فی فتاواه رجل له امرأة
کہ ہڈی نہ ٹوٹی اور مہنہ پر نماری اسکی ممانعت آئی ہی پہر بہی نمانی تو طلاق دیدیوی چنانچہ قاضیخان اپنی فتاوی مین کہتی ہی ایک مرد ہی کہ اوسکی بی بی

لا تصلي يطلقها وان لم يكن له مال يوفي مهرها وقال البزازي لان يلقى الله تعالى ومهرها فی عنقه اولى من
بی نمازی ہی طلاق دیدی اگرچہ اتنا مال نہووی کہ اوسکا مہر پورا کردی اور بزازی کہتا ہی اگر مہر گردن پر لیکر اللہ سی ملی تو اس سی بہتر ہی کہ بی نماز عورت سی وطی کری

ان يطئ امرأة لا تصلي وقد مدح الله تعالى اسمعيل النبي عليه السلام بقوله وكان يامر اهله بالصلوة والزكوة
اور بیشک اللہ تعالی نی اسماعیل نبی علیہ السلام کی اس آیت مین مدح کی ہی اور حکم کرتا تہا اپنی گہر والوں کو نماز اور زکوۃ کا

وقالوا حمل اهل بيته على الصلوة سبب لافتتاح باب الرزق وقال صاحب الخلاصة للزوج ان يضرب المرأة على
اور کہتی ہیں اپنی اہل بیت کو نماز پر قایم کرنا سبب کشادگی دروازۂ رزق کا ہی اور خلاصہ والا کہتا ہی خاوند کو اختیار ہی کہ بی بی کو چار عادتوں پر

اربع خصال وما هو فی معنى الاربع احدها خروجها عن منزله بغير اذنه بعد ايفاء مهرها والثانية ترك الزينة
ماری یا کوئی اور بات ان چار کی مانند ہو ایک تو خاوند کی گہر سی بی اجازت باہر جانا بعد مہر لینی کی دوسری سنگار نہ کرنا

اذا اراد الزوج الزينة والثالثة ترك الاجابة اذا اراد الزوج الجماع وهي طاهرة والرابعة ترك الصلوة وبمنزلة
اگر خاوند کا دل سنگار کو چاہی تیسری کہانہ ماننا جسوقت خاوند جماع کا ارادہ کری اور وہ عورت پاک ہو چوتہی نماز نہ پڑہنی اور قایم مقام

ترك الصلوة ترك الغسل عن الجنابة والحيض ثم انه ان اراد ان يتزوج باخرى وعلم انه يعدل بينهما يجوز له ذلك
ترک نماز کی ہی جنابت یا حیض سی غسل نہ کرنا پہر مرد اگر اور عورت سی نکاح کیا چاہی اور جانی کہ مین دونوں مین عدالت کرونگا تو یہہ امر جایز ہی

لكن ان لم يفعل فهو ماجور لتركه ادخال الغم عليها لاسيما اذا كانت امرأة صالحة فان صلاحها وعفتها نعمة عظيمة
لیکن اگر نکری تو ثواب پاویگا کیونکہ اپنی بی بی کو غم نہیں دیا خاص ایسی صورت میں کہ وہ بی بی صالحہ ہو بیشک عورت کی صلاحیت اور عفت بڑی نعمت ہی

لا يكافيها شكر وان خاف انه لا يعدل بينهما لا يجوز له ان يفعل ذلك لان الله تعالى وان جعل له ذلك حلالا حيث
اسکا شکر ہو نہیں سکتا اور اگر یہہ خوف ہووی کہ دونوں مین عدالت نہو سکیگی تو دوسرا نکاح جایز نہیں ہی اسلئی کہ اللہ تعالی نی اگرچہ حلال تو کر دیا ہی چنانچہ

قال فانكحوا ما طاب لكم من النساء مثنى وثلث وربع الا انه تعالى عقيب ذلك قال فان خفتم ان لا تعدلوا فواحدة
فرمایا ہی تو نکاح کرو جو تمکو خوش آوین عورتین دو دو تین تین چار چار لیکن اسکی بعد فرماتا ہی پہر اگر ڈرو کہ برابر نرکہوگی تو ایک ہی بس ہی

فان من کانت له امراتان او اکثر یجب علیه ان یقسم ویعدل بینهن سواء کان صحیحا او مریضا فیکون عند
بیشک جسکی نکاح مین دو عورتین یا زیادہ ہون تو اوسپر واجب ہی کہ اونمین وقت کی تقسیم اور عدالت کری برابر ہی کہ اچھی بھی ہون یا بیمار سو ہر ایک کی پاس
کل واحدة منهن یوما ولیلة او ثلثة ایام ولیالیها ولا یقیم عند احدٰهن اکثر من ذلك الا باذنهن والثیب و
ایک دن رات یا تین دن رات رہا کری اور کسی کی پاس اس سی زیادہ نرہا کری مگر اور ون کی اجازت سی اور اس تقسیم وقت مین
البکر والمراهقة والبالغة والعاقلة والمجنونة والمسلمة والکتابیة والصحیحة والمریضة سواء فی القسم وکذا
رانڈ اور کواری اور قریب بجوانی اور جوان اور ہوشیار اور باولی اور مسلمہ اور کتابیہ اور اچھی بھی اور بیمار سب برابر ہین اور ایسی ہی
الجدیدة والعتیقة سواء فی القسم عندنا سواء کانت الجدیدة بکرا او ثیبا فانه ان اقام عند الجدیدة ثلثة ایام
نئی اور پرانی قسم مین ہماری نزدیک برابر ہین برابر ہی کہ نئی باکرہ ہو یا رانڈ اگر چاہا کہ نئی کی پاس تین دن
او سبعة ایام یقیم عند العتیقة کذلك ولا یمیل الی بعضهن لما روی انه علیه السلام قال من کانت له امراتان
یا سات دن رہی تو پرانی کی پاس بھی وتنا ہی رہی اور کسی ایک کی طرف زیادہ میلان نرکہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسکی نکاح مین دو جورو ئین
فمال الی احدهما دون الاخری وفی روایة ولم یعدل بینهما جاء یوم القیمة واحد شقیه ساقط یعنی ان احد جنبیه
ہوئین پہر ایک طرف پیار رکہی سواء دوسری کی اور ایک روایت مین ہی اور دونون مین برابری نکری تو قیامت کی دن آویگا اور اوسکی ایک کروٹ گری ہوئی ہو گی مراد یہہ ہی کہ ایک
یکون مجروحا ساقطا بحیث یراه اهل العرصات لیکون له هذا زیادة فی التعذیب فان الافتضاح اشد العذاب
کروٹ زخمی ہو گی گری ہوئی ایسا کہ اوس میدان والی سب دیکہین گی تاکہ یہہ اور زیادہ عذاب ہووی کیونکہ بیعزتی کا بڑا عذاب ہوتا ہی
لکن ینبغی ان یعلم ان القسم والعدل انما یجب فی العطاء والمبیت دون الحب والوقاع لان الحب لا یدخل تحت الاختیار
لیکن جاننا چاہئی کہ تقسیم اور برابری خرچ دینی مین اور سونی مین واجب ہی محبت مین اور صحبت مین واجب نہین ہی اسلئی کہ محبت اختیاری نہین ہوتی
والوقاع یبتنی علی النشاط فلا یقدر علی التسویة فیهما لما روی انه علیه السلام کان یقسم بین نسائه فیعدل ثم
اور صحبت کرنا نشاط پر موقوف ہی سو ان دونو مین برابری اختیار مین نہین ہی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام اپنی ازواج مین عدالت سی قسم کرتی تہی
یقول اللهم هذا قسمی فیما املك فلا تلمنی فیما تملك ولا املك قیل اراد به الحب لان عائشة رض کانت احب نسائه
پہر فرماتی الٰہی یہہ میری تقسیم ہی جسمین مین مختار ہون سو مجہکو ملامت نکرنا جسکا تو مالک ہی اور مین مالک نہین کہتی ہین اس سی مراد محبت ہی اسلئی کہ عائشہ رضا آپکو سب ازواج
الیه وکانت سائر نسائه یعرفن ذلك الا انه علیه السلام کان یقسم بینهن ویعدل فی العطاء والمبیتونة حتی
سی زیادہ محبوب تہین اور تمام ازواج اس حال سی آگاہ تہین لیکن نبی علیہ السلام سب کو دینی مین اور سونی مین برابر برابر رکہتی تہی یہان تک
فی مرضه الذی توفی فیه اذ روی انه علیه السلام کان یطاف به محمولا فی مرضه فی کل یوم ولیلة فیبیت عند کل
کہ اوس مرض مین بہی جسمین وفات پائی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام کو مرض کی اندر ہر روز و شب اوٹہائی پہرتی تہی پہر لوگون سی ایک ایک کی ہر یک کی ہان شب باش ہوتی
واحدة منهن وکان یقول این انا غدا فعلمت ازواجه انه یرید یوم عائشة فاذن له ان یکون حیث شاء فقال
تہی اور پوچہا کرتی کل کہان کی باری ہی سو ازواج مطہرہ سمجہہ گئین کہ عائشہ کی باری پوچہتی ہین پہر سب نی اجازت دیدی کہ جہان چاہین رہین پہر آپنی
فقد رضیتن بذلك فقلن نعم قال حولونی الی بیت عائشة فکان فی بیتها حتی مات عندها ومما یجب علی الزوج من
پوچہا تم سب اسپر راضی ہو سب نی عرض کیا ہان فرمایا مجہکو عائشہ کی گہر لی چلو سو عائشہ کی گہر رہی یہان تک کہ اونکی پاس وفات کی صلی اللہ علیہ وسلم اور ایک حق بی بی کا خاوند پر
حقها ان یؤدی الیها مهرها کاملا ان کان قادرا علی ادائه وان لم یکن قادرا علی ادائه ینوی ان یؤدی الیها اذا قدر
یہہ ہی کہ اوسکا مہر پورا ادا کردی اگر ادا کر سکتا ہی اور اگر ادا نہین کر سکتا تو ادا کرنی کی نیت رکہی جب طاقت پاوی اسلئی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی
لانه تعالی قال واتوا النساء صدقتهن نحلة ای فریضة من الله تعالی فان اعطاء النساء مهورهن مما فرضه الله تعالی
اور دی ڈالو عورتون کو مہر اونکی خوشی سی یعنی اللہ کا فرض کیا ہوا ہی بیشک عورتون کا مہر دیدینا اللہ تعالی نی ملت اور دین مین

في الملة والدين فمن نوى ان لا يؤدي اليها مهرها يجيء يوم القيمة زانيا لما روي انه عليه السلام قال ايما رجل تزوج
فرض کیا ہی پہر جسکی یہہ نیت ہووی کہ بی بی کا مہر ادا نکری تو قیامت کی دن زانیون کی صورت مین آویگا اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ جو شخص عورت

امرأة على اقل من المهر او اكثر ليس في نفسه ان يؤدي اليها حقها لقي الله تعالى يوم القيمة وهو زان ولا يطلب منها
سی نکاح کری مقدار مہر سی کمتر پر یا اتنی زیادہ پر کہ اوسکا حق ادا کرنیکی قدرت نہو تو قیامت کی دن خدا کی سامنی ایسا ہو ویگا جیسا زانی اور بی بی سی ادا مہر کی

المهلة لاداء مهرها الا ان يكون فقيرا او توجله المرأة طوعا لا كرها ولا يكلفها ان تهب له مهرها لان الله تعالى بعدما
لئی مہلت نہ مانگی ہان اگر کنگال ہو یا بی بی اپنی خوشی سی مہلت دیدی زوری سی نہین اور بی بی کو تکلیف نکری کہ بخشو الی اسواسطی کہ اللہ تعالی بعد اس آیت کی

قال وآتوا النساء صدقاتهن نحلة قال فان طبن لكم عن شيء منه نفسا فكلوه هنيئا مريئا فمعناه على ما في التيسير والانوار
اور دی ڈالو عورتون کو مہر انکی خوشی سی بخشو تا ہی پہر اگر وہ اوسمین سی کچھہ چھوڑ دین تمکو خوشی سی تو وہ کہاؤ رچتا پچتا سو آسکی معنی موافق تیسیر اور انوار

التنزيل انهن ان وهبنا لكم بعضا من الصداق عن غاية الرضا وطيب القلب بلا اكراه ولا افتداء من سوء العشرة فانتفعوا
التنزیل کی یہہ ہین کہ عورتین اگر تمکو کچھہ مہر مین سی اپنی عین رضامندی اور دلکی خوشی سی بی زور اور بی خوف بدمعاملگی کی بخشدین تو کہاؤ پیو

به بلا تبعة فعلم من هذا ان الاستكثار في الاستيهاب مكروه لانه تعالى كما جعل عقد النكاح بيد الزوج ان شاء
پیچہی نہ پڑو اس ہی معلوم ہوا کہ بہت کچھہ کہ بخشوانا مکروہ ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی جیسی عقد نکاح کو خاوند کی اختیار مین رکہا ہی چاہی

يمسكها وان شاء يرسلها بلا اختيار منها كذلك جعل حلقة سلسلة المهر في رقبته وذمته فعقد النكاح يجرها اليه
عورت کو رکہی اور چاہی چھوڑ دی عورت کو کچھہ اختیار نہین ایسی ہی حلقہ مہر کی زنجیر کا اوسکی گردن مین اور ذمہ پر رکہا ہی سو عقد نکاح سی عورت کو خاوند

وسلسلة المهر تجره اليها فاستيهاب كل المهر ابطال لحقها وابقاء لحقه وفيه ترك المعادلة وهو نوع من الظلم ولا يطلقها
کہینچتا ہی اور مہر کی زنجیر سی عورت خاوند کو کہینچتی ہی سو تمام مہر کا بخشوا لینا اوسکی حق تلفی اور اپنا حق باقی رکہنا ہی اور اسمین بی انصافی ہی اور یہہ طرح کا ظلم ہی اور بی ضرورت

بغير ضرورة الا ان تكون سيئة الخلق فاسدة الدين تاركة الصلوة لان الطلاق وان كان مباحا لكنه من ابغض
بی بی کو طلاق ندی ہان اگر بدخو بددین بی نماز ہووی اسلئی کہ طلاق اگرچہ مباح ہی پر یہہ مباح اللہ کی ہان

المباحات عند الله تعالى لما فيه من ايذاء للغير ولا يباح ايذاء الغير من غير ضرورة الا بجناية من جانبها فاذا عزم
بہت ناپسند ہی اسلئی کہ اسمین غیر کی ایذا ہی اور بی ضرورت کسیکو ایذا دینی مباح نہین ہی ہان اگر اوسکی کچھہ خطا ہووی پہر اگر کسی

على تطليقها بسبب الضرورة ينبغي له ان يراعي عدة امور احدها ان يطلقها في طهر لم يجامعها فيه لان الطلاق في الحيض
ضرورت سی طلاق کا ارادہ کری تو لایق یون ہی کہ کئی باتون کا لحاظ رکہی ایک یہہ کہ اوسکو ایسی طہر مین طلاق دیوی جسمین جماع نکیا ہو اسلئی کہ طلاق حیض مین

والطهر الذي جامعها فيه حرام والثاني ان يقتصر على طلقة واحدة ولا يجمع الثلث لانه بدعي قبيح والطلقة الواحدة
اور جس طہر مین کہ جماع کیا ہو حرام ہی دوسری یہہ کہ ایک ہی طلاق پہ اکتفا کری تین طلاق نہ جمع کردی اسلئی کہ طلاق قبیح ہی اور ایک طلاق مین ہی

بعد انقضاء العدة تفيد المقصود مع انها ابعد من الندم لتمكنه من التدارك بالرجعة في العدة وتجديد النكاح بعد
بعد گذرجانی عدت کی مقصود حاصل ہوسکتا ہی باوجودیکہ ندامت سی بچ ہی کیونکہ عدت کی اندر رجعت سی اور بعد عدت کی از سر نو نکاح سی تدارک کا اختیار

العدة واما اذا طلقها ثلثا فربما يندم ولا يمكنه التدارك الا بالحلة وعقد الحلة منهي عنه ويكون هو الساعي فيه
باقی رہتا ہی اور اگر اوسکو تین طلاق دین تو بعضی وقت شرمسار ہوتا ہی اور اوسکا تدارک بدون حلالہ کی نہین ہوسکتا اور عقد حلالہ ممنوع ہی اور اس عقد کا یہہ ہی ساعی بنتا ہی

ويحتاج الى الصبر مدة مع كون قلبه معلقا بزوجة الغير يرجو ان يطلقها حتى تعود اليه بعد انقضاء عدتها وكل
اور مدت تک صبر کرنا پڑتا ہی اس حال مین کہ اسکا دل بیگانی بی بی سی لگا رہتا ہی اس امید پر کہ طلاق دی تو بعد عدت کی میری پاس آوی یہہ تمام خرابی

ذلك ثمرة الجمع وفي الواحدة يحصل المقصود من غير محظور والثالث ان يتلطف في تطليقها من غير عنف ولا استخفاف
طلاق جمع کرنیکا پہل ہی اور ایک طلاق مین بلا کراہت مقصود حاصل ہوتا ہی اور تیسری یہہ کہ طلاق دینی مین لطف برتی خشونت اور حقارت نکری

ويطيب

وبطیب قلبها بان یعطیها شیئا زائدا علی مهرها علی سبیل المتعة وهی درع وخمار وملحفة عوضا عن ایحاشها
اور اوسکا دل خوش کردے اسطور کہ مہر سے زیادہ کچھہ جوڑہ وغیرہ بطور متعہ کے یعنی کرتا اور دوپٹہ اور چادرہ وحشت اور غم کے بدلہ مین دیدے

والرابع ان لا یفشی سرها ثم انه ان طلقها علی مال وهو خلع یکره له ان یاخذ ذلك المال ان کان النشوز من
اور چوتھے یہہ کہ اوسکا بھید نہ ظاہر کرے پھر اگر اپنے مال کے بدلہ طلاق دے جسے خلع کہتے ہین تو خاوند کو مکروہ ہے کہ اوس مال کو لیلے اگر بدخوئی ناسازکاری

جانبه لانه اوحشها بالارسال فلا یزید فی ایحاشها باخذ المال وقد قال الله تعالی وان اردتم استبدال زوج مکان
خاوند کی طرف سے ہے اسلئے کہ اوسکو چھوڑنے سے ایک تو رنج دیا پھر اوسکا مال لیکر وحشت نہ بڑھاوے اور اللہ تعالی فرماتا ہے اور اگر بدلا چاہو ایک عورت کی جگہ

زوج واتیتم احدهن قنطارا فلا تاخذوا منه شیئا فانه تعالی نهی عن اخذ الشیء الیسیر من القنطار الذی هو المال
دوسری عورت اور دے چکے ہو ایک کو ڈھیر مال تو پھیر نہ لو اوسمین سے کچھہ بیشک اللہ تعالی نے قنطار مین سے جو بہت مال ہوتا ہے تھوڑا سا بھی لینے سے منع کیا ہے

الکثیر فضلا عن الکثیر وان کان النشوز من جانبها یکره له ان یاخذ الزائد علی ما دفع الیه من المهر ثم انه ان
بہت لینے کا تو کیا ہی ٹھیک اور اگر ناسازکاری عورت کی جانب سے ہے تو اوس سے زیادہ لینا جو مہر اوسکو دے چکا ہے مکروہ ہے پھر اگر مرد نے

اکرهها علی الخلع والتزمت ان تعطیه مالا للخلاص منه واسقطت ما علیه من المهر ونحوه یقع الطلاق بلا لزوم
اوسپر خلع کی زبردستی کی اور عورت نے اپنا پلہ چھڑانے کو مان لیا کہ مال دونگی یا جو خاوند کے ذمہ مہر وغیرہ تھا ساقط کر دیا تو بدون لازم ہونے

ما التزمته من المال وبلا سقوط ما علیه من المهر ونحوه لان الرضا شرط فی لزوم المال وسقوطه والاکراه یعدم
مال ماننے ہوئے کے اور بدون ساقط ہونے مہر وغیرہ کے جو خاوند کے ذمہ تھا طلاق پڑجاوے گی اسلئے کہ مال لازم ہو جانے مین اور ساقط ہونے مین رضامندی شرط ہے اور

الرضا علی ما بین فی موضعه هذا الذی ذکر الی ههنا ما کان علی الزوج من حقوق الزوجة واما ما کان علی الزوجة
زبردستی مین رضامندی نہین ہوتی چنانچہ اپنی جگہ مین بیان ہو چکا ہے یہان تک وہ حقوق بیان ہوئے جو بی بی کے خاوند کے ذمہ ہین اور رہے خاوند کے حقوق

من حقوق الزوج فالقول الثانی فیه ان النکاح نوع رق والزوجة رقیقة الزوج کما قال النبی علیه السلام
جو بی بی کے ذمہ ہین سو قول ثانی اوسمین یہہ ہے کہ نکاح غلامی کی قسم ہے اور زوجہ خاوند کی لونڈی ہوتی ہے چنانچہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

النکاح رق فلینظر احدکم این یضع کریمته فانه علیه السلام بین فی هذا الحدیث ان الاحتیاط فی حقها اهم
کہ نکاح غلامی ہے سو تم دیکھہ لو کہ اپنی پیاری بچی کو کہان دیتے ہو بیشک نبی علیہ السلام نے اسحدیث مین بیان فرمایا کہ عورت کے حق مین احتیاط ضرور تر ہے

لکونها رقیقة بالنکاح لا مخلص لها بوجه من الوجوه الا بتطلیق الزوج واما الزوج فهو قادر علی الخلاص منها
کیونکہ وہ نکاح کے سبب سے لونڈی ہو جاتی ہے بدون خاوند کے چھوڑنے کسیطرح نہین چھوٹ سکتی اور رہا خاوند سو طلاق دیکر عورت سے آپ چھوٹ سکتا ہے

بتطلیقها فاذا کانت المراة رقیقة الزوج یلزمها ان تصبر علی غیرته وترجو علی ذلك من الله الثواب فان ذلك
پھر جب عورت خاوند کی لونڈی ہوئی تو لازم ہے کہ خاوند کی غیرت پر صبر کرے اور اوسپر اللہ تعالی سے ثواب کی امیدوار رہے اور بیشک اوسکا یہہ ہے

جهادها لما ورد فی الحدیث ان جهاد المراة حسن التبعل وهو حسن المعاشرة مع زوجها فعلیها ان تطیعه فی کل
جہاد ہے اسلئے کہ حدیث مین آیا ہے کہ عورت کا جہاد حسن تبعل ہے یعنی خاوند کے ساتھہ نیک گذران پس عورت کے ذمہ ہے کہ خاوند کی طاعت کرے

ما یامرها بما لا معصیة فیه اذ قد ورد فی عظیم حقه علیها اخبار کثیرة من جملتها ما روی انه علیه السلام قال
جو کہے جسمین گناہ نہو وے اسواسطے کہ حدیثین بہت وارد ہوئی ہین کہ خاوند کا بی بی پر بڑا حق ہے ازانجملہ وہ کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

لو کنت امرا احدا ان یسجد لاحد لامرت المراة ان تسجد لزوجها من عظم حقه علیها وقالت عائشة اتت فتاة
اگر مین کسیکو سجدہ کا حکم دیتا کسیکے لیے تو البتہ عورت کو حکم دیتا کہ خاوند کو سجدہ کیا کرے کیونکہ خاوند کا بی بی پر بڑا حق ہے اور عائشہ رض کہتی ہین ایک جوان عورت

الی النبی صلی الله علیه وسلم فقالت یا نبی الله انی فتاة اخطب فما حق الزوج علی الزوجة فقال النبی علیه السلام لو
نبی علیہ السلام کے پاس آئی عرض کیا اے نبی اللہ کہ مین جوان عورت ہون نکاح کیا چاہتی ہون سو خاوند کا بی بی پر کیا حق ہے پس نبی علیہ السلام نے فرمایا

كان من قرنه الى قدمه صديد تلحسته مااَدت شكره وقال ابن عباس اتت امراة الى النبي صلى الله عليه وسلم
اگر خاوند کی سر سی پانوتک پیپ بہتی ہو پہر بی بی چاٹ لی تو بہی اوسکا شکر ادا نہین کیا اور ابن عباس کہتی ہین ایک عورت نبی علیہ السلام کی پاس آئی
وقالت يا نبي الله انى امراة ايم واني اريد ان اتزوج فما حق الزوج على المراة فقال النبي عليه السلام من حق الزوج
عرض کیا یا نبی اللہ کی مین عورت بی خاوند ہون میرا ارادہ نکاح کا ہی سو خاوند کا بی بی پر کیا حق ہی　نبی علیہ السلام نی فرمایا ایک حق خاوند کا
على المراة اذا ارادها في نفسها وهي على ظهر البعير ان لا تمنعه ومن حقه ان لا تعطي شيئا من بيته الا باذنه
بی بی پر یہہ ہی کہ اگر خاوند اوسکی طرف رغبت کری اور وہ عورت اونٹ کی کمر پر ہو تو انکار نکری اور خاوند کا ایک یہہ حق ہی کہ اوسکی گہر مین سی اوسکی بی اجازت
فان فعلت كان الوزر عليها ولا اجر له ومن حقه ان لا تصوم تطوعا الا باذنه فان فعلت جاعت وعطشت
کچہہ ندیگی اگر دیگی تو وہ گنہگار ہوگی اور ثواب خاوند کو ہوگا اور اوسکا حق یہہ ہی کہ نفل روزہ اوسکی بی اجازت نرکہی اگر روزہ رکہی گی تو بہوکی پیاسی مریگی
ولم يقبل منها ومن حقه ان لا تخرج من بيته الا باذنه فان فعلت لعنتها الملئكة حتى ترجع الى بيتها وروى
اور قبول نہوگا اور اوسکا حق یہہ ہی کہ اوسکی گہر مین سی بی اجازت باہر نجاوی　اگر جاویگی تو جبتک ہٹکر آویگی اوسکو فرشتی لعنت کئی جاوینگی　اور روایت ہی
انه عليه السلام قال اني رايت ليلة اسري بي امراة معلقة بلسانها فقلت يا جبرئيل ما شانها فقال انها
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ معراج کی شب کو مین نی ایک عورت دیکہی کہ زبان کو مروڑتی ہی مین نی پوچہا یا جبرئیل اسکی کیا خطا ہی عرض کیا یہہ عورت
كانت تؤذي زوجها وجيرانها بلسانها ورايت امراة اخرى معلقة بثديها وهي التي ترضع بغير اذن زوجها و
زبان سی اپنی خاوند اور ہمسایون کو ستاتی تہی　اور ایک اور عورت دیکہی کہ اپنی پستان کہسوٹتی ہی　وہ ایسی تہی کہ خاوند کی بی اجازت دودہ پلاتی تہی　اور
رايت اخرى معلقة برجليها وهي التي تخرج بغير اذن زوجها ورايت اخرى معلقة بيديها وهي التي تفسد مال زوجها
ایک اور عورت دیکہی کہ اپنا پانو بیٹہتی تہی وہ خاوند کی بی اجازت گہر سی چلی جاتی تہی اور ایک اور دیکہی کہ اپنی ہاتہہ کہسوٹتی ہی وہ وہ تہی کہ خاوند کا مال خراب کرتی تہی

نسخہ: یا زبانسی لٹکائی ہوئی تہی
نسخہ: یا پستانسی لٹکائی ہوئی تہی
نسخہ: یا پانوسی لٹکائی ہوئی تہی
یا ہاتہہ سی لٹکائی ہوئی تہی

وروى عن ابي هريرة انه عليه السلام قال اذا دعا الرجل امراته الى فراشه فابت فبات غضبان لعنتها الملئكة
اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب کوئی مرد اپنی بی بی کو اپنی بستر پر بلاوی اور وہ نمانی پہر وہ مرد خفہ ہوکر سورہی تو صبح تک فرشتی اوسپر لعنت
حتى تصبح وفي رواية انه عليه السلام قال والذي نفسي بيده ما من رجل يدعو امراته الى فراشه فتابى الا
کرتی ہین　اور ایک روایت مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا قسم ہی اپنی مالک کی کہ جو مرد اپنی بی بی کو اپنی بستر پہ بلاوی　اور وہ نمانی تو
كان الذي في السماء ساخطا عليها حتى يرضى عنها والحاصل ان اللازم لها ان تطلب رضاه ولا تمنع نفسها عنه
جو کہ آسمان مین ہی اوس سی بیزار ہوگا جبتک خاوند راضی ہووی خلاصہ یہہ ہی کہ بی بی کو لازم ہی کہ خاوند کی رضا طلب کرتی رہی اور آپکو اوسکی حوالہ کردی
ولا تتعلل بالحيض ولا تؤخر الاجابة بل تطيعه فورطلبه ان كانت طاهرة عن الحيض واما في حال الحيض فتخبر
اور حیض کا بہانہ نکری اوسکی حکم کو پہیر پہ نہ رکہی بلکہ ترت کہتی ہی اطاعت کری اگر حیض سی پاک ہووی　اور حیض کی حالت　مین اپنا حال
عن حالها وتلبس خلاق ثيابها تقليلا لميل الزوج اليها ويستحب لها اذا دخل وقت الصلوة ان تتوضأ وتجلس في
جتا دی　اور پرانی کپڑی پہن لی تاکہ خاوند کا دل اودہر نہ لوبہاوی　اور حائضہ کو مستحب ہی کہ جب نماز کا وقت آوی کا تو وضو کرکر گہر مین
مسجد بيتها وتسبح وتهلل قدر اداء الصلوة كيلا يزول عنها عادة العبادة وقد روى انه عليه السلام قال اذا استغفرت
نماز کی چبوتری پر جتنی دیر نماز کو لگتی ہی سبحان اللہ اور لا الہ الا اللہ پڑہا کری تاکہ عبادت کی عادت نہ جاتی رہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب حائضہ عورت
الحائض في وقت كل صلوة سبعين مرة كتب له الف ركعة وغفر لها سبعون ذنبا ورفع لها درجة واعطي لها لكل
ہر نماز کی وقت ستر بار استغفار پڑہتی ہی تو اوسکو ہزار رکعت کا ثواب ہوتا ہی اور ستر گناہ معاف ہو جاتی ہین اور اوسکا درجہ بڑہ جاتا ہی اور استغفار کی
حرف من استغفارها نور وكتب بكل عرق في جسدها حج وعمرة وفي غير حال الحيض تلبس احسن ثيابها وتظهر
ہر ہر حرف کی بدلہ نور ملتا ہی　اور بدن کی رگون کی شمار پر حج اور عمرہ لکہا جاتا ہی　اور اگر پاک ہو تو اچہا لباس پہنا کری　اور جہان تک ہوسکی

المودة الى زوجها ما استطاعت وتكون متعطرة متنظفة فى نفسها ومستعدة فى الاحوال كلها لاستمتاع الزوج
خاوند سے پیار ظاہر کیا کرے اور خوشبو اور پاکیزہ اور ہر وقت خاوند کی تمتع کی لئے جب وہ رغبت کرے تیار رہا کرے

بها متى شاء وتكون قاعدة فى قعر بيتها ملازمة لمغزلها من حين زفت اليه الى ان تزف الى القبر ولا تخرج من بيتها
اور گھر کے اندر تنہا بیٹھی رہا کرے اوس دن سے کہ خاوند کے ہاں گئی یہاں تک کہ قبر میں جاوے اور گھر میں سے خاوند کی بے اجازت

الا باذن زوجها واذا خرجت باذنه تخرج مختفية فى هيئة رثة وتطلب المواضع الخالية دون الشوارع والاسواق
نہ جایا کرے اور اگر باجازت جاوے تو چھپ کر بری صورت بناکر اور خالی اوجاڑ رستے کو جاوے سڑک اور بازاروں میں کو

ولا تخرج عطرة متبرجة ولا تحدث مع رجل فى الطريق لما روى ان عمر راى امراة مع رجل يتحدثان فى الطريق
اور خوشبو لگا کر زیب زینت سے نہ جاوے اور رستہ میں کسی مرد سے بات نکرے کیونکہ روایت ہے کہ عمر رض نے ایک عورت کو مرد سے رستہ میں بات کرتی ہوئی دیکھا

فضربهما بالدرة فقال رجل يا امير المؤمنين هى امراتى فقال له عمر لو كانت امراتك فلم لم تدخلها فى بيتك
سو دونوں کو تعزیر دی اوس مرد نے عرض کیا یا امیر المؤمنین یہہ میری بی بی ہے عمر رض نے جواب دیا اگر تیری بی بی ہے تو اپنی گھر میں کیوں نہیں بیٹھاتا

حتى لا يتهمك احد فى الطريق ولا تخرج الى الحمام وان اذن لها زوجها لما روى عن عائشة انه عليه السلام قال الحمام
تاکہ رستہ میں تجھ پر کوئی تہمت نہ لے اور حمام میں نہ جاوے اگرچہ خاوند اجازت دیدے کیونکہ عائشہ رض سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا حمام

حرام على نساء امتى فان اقتضت الضرورة الى دخولها فى الحمام لعذر المرض والنفاس يشترط ان تدخل بميزر ولا تكون
میری امت کی عورتوں پر حرام ہے اور اگر بسبب مرض یا نفاس کی حمام میں جانیکی ضرورت آگئی تو شرط یہہ ہے کہ ازار پہن کر جاوے اور حمام میں کوئی

فيه احد من النساء مكشوفة العورة ولا تخرج بزينة فاذا لم يوجد واحد من هذه الشروط لا يحل لها الخروج الى الحمام
عورت ننگی نہووے اور سنگار کرکر نہ نکلے اور ان شرطوں میں سے ایک بہی فوت ہوویگی تو حمام میں جانا حلال نہیں ہے

وكذا لا يحل لها الخروج الى المقابر لما ذكر فى نصاب الاحتساب ان القاضى سئل عن جواز خروج المراة الى المقابر فقال لا
اور ایسی ہی عورت کو گورستان میں جانا حلال نہیں کیونکہ نصاب الاحتساب میں مذکور ہے کہ قاضی سے کسینے پوچھا کیا عورت کو گورستان میں جانا جایز ہے جواب دیا

تسئل عن الجواز فى مثل هذا وانما سئل عن مقدار ما يلحقها من اللعن فانها لما نوت الخروج كانت فى لعنة الله تعالى
اس باب میں جواز کو کیا پوچھتا ہے یہہ پوچھہ اوسپر کتنی لعنت پڑتی ہے کیونکہ عورت جب جانیکا ارادہ کرتی ہے تو خدا کی اور فرشتوں کی

وملئكته واذا خرجت تحفها الشياطين من كل جانب واذا اتت القبر يلعنها روح الميت واذا رجعت كانت فى
لعنت میں ہوتی ہے اور جب چلی تو ہر طرف سے شیطان اوسکی ساتھہ ہوتی ہیں اور جب قبر پر پہنچی تو مردہ کی روح لعنت کرتی ہے اور جب اوٹھتی ہے تو

لعنة الله تعالى وملئكته حتى تعود الى منزلها وفى الخبر ايما امراة خرجت الى مقبرة يلعنها ملئكة السموات
اللہ تعالی کی اور فرشتوں کی لعنت میں ہوتی ہے جبتک اپنی گھر میں آئی اور حدیث میں ہے کہ جو عورت گورستان میں جاتی ہے تو اوسکو فرشتے ساتوں آسمان

والارضين السبع وتمشى فى لعنة الله تعالى وايما امراة دعت للميت بخير ولم تخرج من بيتها يعطيها الله تعالى
اور زمین کی لعنت کرتی ہیں اور خدا کی لعنت میں جاتی ہے اور جو عورت گھر میں بیٹھی ہوئی مردے کی حق میں دعاء خیر کرتی ہے تو اوسکو اللہ تعالی ثواب حج

ثواب حجة وعمرة وعن سلمان وابى هريرة انه عليه السلام ذات يوم خرج من المسجد فوقف على باب داره فاتت
اور عمرہ کا دیتا ہے اور سلمان اور ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام ایک روز مسجد سے نکل کر اپنی گھر کی دروازہ پر ٹہر گئے پہر حضرت فاطمہ رض آگئیں

فاطمة فقال لها من اين جئت قالت خرجت من منزلة فلانة التى ماتت فقال عليه السلام هل ذهبت
آپ نے فرمایا تو کہاں سے آئی عرض کیا فلانی عورت جو مرگئی ہے اوسکی گھر سے آئی ہوں پہر نبی علیہ السلام نے پوچھا کیا اوسکی قبر پہی گئی تھی

قبرها قالت معاذ الله افعل بعد ما سمعت منك ما سمعت فقال عليه السلام لو زرت قبرها لم ترحى رائحة الجنة
عرض کیا خدا کی پناہ کیا آپسے سنکر جو سنا ہے ایسا کرتی پہر نبی علیہ السلام نے فرمایا اگر تو اوسکی قبر پر جاتی تو جنت کی بو نہ سونگہتی

وروی انه علیه السلام لما قدم المدینة خرج الی جنازة فرای النساء یتبعن الجنازة فقال هل انتحملن معمن
اور روایت ہی کہ جب نبی علیہ السلام مدینہ مین آئی تو ایک جنازہ کی ساتھہ چلی پہر عورتون کو دیکہا کہ جنازہ کی پیچہی آتی ہین آپ نی اونسی پوچہا کیا تم سب کی ساتہہ
یحمل فقلن لا فقال علیه السلام اتصلین معمن یصلی فقلن لا فقال علیه السلام انصرفن مازورات
جنازہ اوٹہاؤگی عرض کیا نہین پہر نبی علیہ السلام نی فرمایا کیا تم سب کی ساتہہ نماز پڑہوگی عرض کیا نہین پہر آپنی فرمایا گنہگار ہوکر بی ثواب جاؤ
غیر ماجورات فدل ذلک علی ان المراة لا یباح لها الخروج الی المقبرة ولا تشیع الجنازة بل یلزمها ان یکون من همتها
اس سی معلوم ہوا کہ عورت کو گورستان مین جانا جایز نہین ہی اور نہ جنازہ کی ہمراہ جایا کری بلکہ عورت کو لازم ہی کہ تمام ہمت
اصلاح شانها وتدبیر منزلها ولا تدخل فی بیت زوجها من یکره دخوله فیه من الرجال والنساء وتقدم حقه علی
اپنا حال درست اور گہر کا کاربار کیا کری اور خاوند کی گہر مین کسی مرد یا عورت کو جسکا آنا خاوند ناپسند کرتا ہو نہ آنی دی اور اپنی اور تمام سگی سودہروں کی
حق نفسها وسائر اقاربها ولا ترفع صوتها فوق صوته ولا تجهر له بالقول ولا تکون منفعتها عن کسبه اذا
حق پر خاوند کا حق مقدم رکہی اور اپنی آواز خاوند کی آواز پر بلند نہ کری اور خاوند کی پیچہی چیخ کر نہ لگی اور اپنا خرچ خاوند کی حرام کمائی مین سی نکری
کان حراما اذ قد کانت النساء فی السلف اذا خرج الرجل من منزله تقول له امراته وابنته ایاک وکسب الحرام فانا
کیونکہ سلف کی عورتین ایسی تہین کہ جب مرد گہر مین سی باہر جاتا تو اوسکی جورو بیٹی کہدیتیان حرام کمائی سی پرہیز کرنا ہمسی بوکہہ پر صبر ہو سکتا ہی آگ پر
نصبر علی الجوع ولا نصبر علی النار وتکون قانعة من زوجها بما رزقه الله تعالی ولا تکلفه ما لا یطیقه ولا تدخله
صبر نہین ہو سکتا اور جو خدا تعالی نی خاوند کو رزق دیا ہی اوسپر قناعت کری اور خاوند کو طاقت سی زیادہ تکلیف ندی اپنی خرچ کا غم نڈالدی
غما فی امر النفقة بل تکون صابرة متوکلة کما حکی ان رجلا من السلف هم بالسفر فکره جیرانه سفره فقالوا لزوجته
بلکہ صبر سی توکل پر رہی چنانچہ حکایت ہی کہ ایک شخص نی سلف مین سفر کا ارادہ کیا ہمسایون کو اوسکا سفر پسند نہ آیا ہمسایون نی اوسکی بی بی سی کہا
لم ترضین بسفره ولم یدع لک نفقة فقالت زوجی عرفته اکالا وما عرفته رزاقا ولی رزاق یذهب الاکال ویبقی
تو اوسکی سفر پر کیون راضی ہوگئی اور کچہہ تیری لئی خرچ نہین دئی جاتا اوسنی جواب دیا مین ہکو کہا نی والا جانتی ہون رزاق نہین جانتی اور میری لئی رزاق اور ہی کہانی والا جاتا ہی
الرزاق ولا تتفاخر بجمالها بل تکون کما روی عن الاصمعی انه قال دخلت البادیة فرایت امراة من احسن الناس وجها
اور رزاق باقی ہی اور اپنی جمال پر ناز نکیا کری بلکہ ایسی ہی جیسی اصمعی سی روایت ہی کہ وہ کہتا ہی کہ مین جنگل مین گیا تو مینی ایک عورت نہایت خوبصورت پاس
تحت رجل قبیح الوجه فی الغایة فقلت یا عجبا مثلک تحت مثله فقالت یا هذا قد اخطات فی قولک لعله احسن
ایک مرد نہایت بدصورت کی دیکہی مین نی کہا کیا عجب ہی تجہسی پری ایسی دیو کی پاس وہ بولی ای شخص تو نی بیجا کہا شاید کہ اسنی اپنی خالق کی
فیما بینه وبین خالقه فجعلنی ثوابه ولعلی اسأت فیما بینی وبین خالقی فجعله عقوبتی افلا ارضی الله لی وبما
کوئی عبادت کی ہی سو مجہکو اوسکی لئی اوس عبادت کا ثواب ٹہرایا ہی اور شاید مجہسی اپنی خالق کی کوئی خطا ہوگئی ہی سو اسکو میری لئی عذاب مقرر کیا ہی پہر اللہ سی
یجب من حقه علیها دیانة ان تفعل کل خدمة فی داخل الدار من الطبخ والخبز وغسل الثیاب وغیرها حتی لو لم تفعل
کیون نہ پسند کرون اور جو حق خاوند کا بی بی پر ازروی دیانت کی واجب ہی یہہ ہی کہ گہر مین تمام کاروبار جیسی سالن روٹی پکانا کپڑی دہونی وغیرہ کیا کری یہان تک کہ اگر کچہہ
شیئا منها تکون آثمة وان لم تجبر علیها وتری تقصیرها فی خدمته ولا تسأل طلاق ضرتها لان لها ما قدر لها ولا
ہی نکری گی تو گنہگار ہوگی اگرچہ اسمین کچہہ اوسپر زور نہین ہی اور خاوند کی خدمت مین اپنی آپکو مقصر سمجہتی رہی اور اپنی سوکن کی طلاق کی خواہش نکری کیونکہ جو اسکی قسمت کا ہی
تمنعه عن نکاح ثلث سواها لانه تعالی جعل له ذلک حلالا بشرط العدل حیث قال فانکحوا ما طاب لکم من النساء
سو ملیگا اور خاوند کو اور تین نکاح سی منع نکری کیونکہ اللہ تعالی نی اوسکو یہہ اختیار دیا ہی بشرط عدالت حلال ہی چنانچہ فرمایا ہی تو نکاح کرو جو تمکو خوش آوین عورتین
مثنی وثلث وربع فان خفتم الا تعدلوا فواحدة وتصبر علی غیرة الضرائر راجیة من الله تعالی الثواب کما صبرت
دو دو تین تین چار چار پہر اگر ڈرو کہ برابر نرکہو گی تو ایک ہی اور سوکنون کی رشک پر صبر کرکر اللہ تعالی سی امیدوار ثواب کی رہی جیسی نبی علیہ السلام کی

ازواجہ

ازواج النبي عليه السلام حتى وهبت سودة نوبتها لعائشة حين يئست وعلمت محبته عليه السلام لعائشة ولا
ازواج نی صبر کیا یہان تک کہ سودہ نی بڑہاپی مین اپنی باری عائشہ کو دیدی جب اوسکو عائشہ کی حق مین نبی علیہ السلام کی محبت معلوم ہوئی ۔ اور

تسال الطلاق من غير باس وفاقة لما روی انه علیه السلام قال ایما امراة سالت زوجها الطلاق فحرام علیها
بدون نا امیدی اور فاقہ کی طلاق نہ مانگی اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو عورت اپنی خاوند سی طلاق مانگی تو اوسپر جنت کی بو حرام ہی

رائحة الجنة ولا تظهر زينتها لغير زوجها ومحارمها لانه تعالی قال فی حق المؤمنات ولا یبدین زینتهن
اور سوا اپنی خاوند اور محرمون کی اپنا سنگار نہ دکہادی اسلئی کہ اللہ تعالی نی مؤمنات کی حق مین فرمایا ہی اور نہ کہولین اپنی سنگار

الا لبعولتهن او آبائهن او آباء بعولتهن او ابنائهن او ابناء بعولتهن او اخوانهن او بني اخوانهن او بني اخواتهن
مگر اپنی خاوند کی آگی یا اپنی باپ کی یا سسری یا اپنی بیٹا کی یا سوتیلی بیٹی کی یا اپنی بہائی کی یا اپنی بہتیجون کی یا اپنی بہانجون کی

او نسائهن والزينة ما تتزين به المراة من الثياب والحلي وغيرهما وهي ظاهرة وباطنة اما الظاهر فلا يجب
یا اپنی عورتون کی اور زینت وہ ہی جو عورت کپڑون اور زیور وغیرہ سی سنگار کرتی ہی اور زینت ایک ظاہر کی ہی اور ایک باطن کی ظاہر کی زینت کا چہپانا تو واجب نہین ہی

سترها ولا يحرم للاجنبي النظر اليها لقوله تعالی ولا یبدین زینتهن الا ما ظهر منها لكن اختلف فيها فقيل هي
اور اجنبی مرد کو اودہر دیکہنا بہی حرام نہین ہی بدلیل اس آیت کی اور نہ دکہاوین اپنا سنگار مگر جو کہلی چیز ہی لیکن اسمین اختلاف ہی کوئی کہتا ہی کہ زینت

الثياب وهذا قول ابن مسعود وقيل هي الكحل والخاتم وهذا قول ابن عباس وروی عن اصحابنا انه اراد بهما
ظاہری صرف کپڑی ہین یہہ قول ابن مسعود کا ہی اور کوئی کہتا ہی سرمہ اور انگوٹہی یہہ قول ابن عباس کا ہی اور ہماری علما سی روایت ہی کہ ان دونو سی مراد

الوجه والكفين لان الكحل من زينة الوجه والخاتم من زينة الكف فلما ابيح النظر الی زینة الوجه والكف كان
چہرہ اور دونو ہاتہہ ہین اسلئی کہ سرمہ چہرہ کی زینت ہی اور انگوٹہی ہاتہہ کی زینت ہی جب چہرہ اور ہاتہہ کی زینت کا دیکہنا مباح ہوا تو یہہ ہی

اباحة النظر الی الوجه والكف وهذا اذا كان النظر بغير شهوة واما اذا كان بالشهوة فلا یجوز الا عند العذر وهو
اباحت چہرہ اور ہاتہہ دیکہنی کی ہی اور یہہ اباحت اوس صورت مین ہی کہ بغیر شہوت نظر کری اور اگر نگاہ شہوت سی ہووی تو جایز نہین ہی مگر عذر کی وقت اور وہ عذر

القضاء من القاضي والشهادة من الشاهد والعلاج من الطبيب وكذلك اذا اراد الرجل ان يتزوج امراة فيجوز
قضا قاضی کی ہی اور گواہی گواہ کی اور علاج طبیب کا اور ایسی ہی اگر کوئی مرد کسی عورت سی نکاح کا ارادہ کری تو اوسکو جایز ہی

له ان ينظر اليها لكن لا يجوز له ان ينظر اليها حاسرة ولا الی شئ مما هو عورة في حقه بل انما یباح له ان ینظر الی وجهها
کہ اوس عورت کو دیکہہ لی پر یہہ جایز نہین ہی کہ ننگی کر کر دیکہی اور نہ ایسا عضو جو اوسکی حق مین عورت ہو بلکہ اتنا ہی مباح ہی کہ فقط چہرہ

وكفيها فقط لانها ليست بعورة في حقه وذكر في شرح الكرخي ان النظر الی وجه الاجنبية ليس بحرام لكن يكره
اور دونو ہاتہہ دیکہہ لی کیونکہ اوسکی حقمین عورت نہین ہی اور شرح کرخی مین مذکور ہی کہ اجنبی عورت کا مہنہ دیکہنا حرام نہین ہی لیکن بی ضرورت مکروہ ہی

بغير حاجة اذ لا يؤمن عن الشهوة وذكر في نصاب الاحتساب ان الحرة تمنع من كشف الوجه والكف والقدم فيما
اسلئی کہ شہوت کا ڈر ہی اور نصاب الاحتساب مین مذکور ہی کہ حرہ کو منہہ اور ہاتہہ یا نو کہولنا جسپر اجنبی کی نظر پڑی ممنوع ہی

يقع عليه نظر الاجنبي لانها لا تامن عن شهوة بعض الناظرين اليها الا ان يكون عجوزا فحينئذ يجوز النظر الی وجهها
کیونکہ یہہ ڈر ہی کہ بعضی دیکہنی والی شہوت سی نظر کرینگی ہان اگر بڑہیا ہو تو اب اوسکا چہرہ دیکہنا جایز ہی

ويحل مصافحتها عند الامن عن الشهوة لكن لا تخلو برجل شابا او شيخا لان الخلوة بالاجنبية وان كان معها غيرها
اور بی شہوت اوس سی مصافحہ کرنا بہی حلال ہی لیکن ہمراہ کسی مرد کی خلوت مین نہ جاوی جوان ہو یا بوڑہا اسلئی کہ خلوت اجنبی عورت کی ساتہہ اگرچہ اوسکی ساتہہ اور

من النساء مكروه كراهة تحريم لما روی عن ابن عباس انه عليه السلام قال لا يخلون رجل بامراة الا معها محرم
عورتین ہون مکروہ تحریمی ہی کیونکہ ابن عباس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کوئی مرد کسی عورت کی ساتہہ خلوت مین نہ ہووی مگر اوسوقت کہ اوسکی ساتہہ

واما الزينة الباطنة فهي القرط والقلادة والدملج والخلخال واختلف في السوار فروى عن عائشة رض انها من
اور باطنی زینت بالی اور ہار اور بازوبند اور پازیب اور کنگن مین اختلاف ہی سو عائشہ رض سی روایت ہی کہ کنگن
الزينة الباطنة وهو الاشبه لمجاوزتها الكف وهذه الزينة الباطنة يحرم ان ينظر اليها الاجانب لا المحارم
باطنی زینت مین ہی اور یہی رائی حق معلوم ہوتی ہی اسواسطی کہ کفسی دور ہوتا ہی اور اس زینت باطنی پہ اجنبی مرد پر نظر کرنا حرام ہی محرم کو حرام نہین
لانه تعالى قد سوى في ذلك بين الزوج ومن ذكر معه فاقتضى ذلك اباحة النظر الى مواضع الزينة لهؤلاء المذكورين
اسواسطی کہ اللہ تعالی نی اس باب مین خاوند کو اور جو اوسکی ساتھ آیت مین مذکور ہین سبکو برابر کر دیا ہی یعنی ان لوگون کو موضع زینت پر نظر کرنی مباح ہی
كما صح للزوج والمراد من نسائهن المؤمنات قال ابن عباس رض ليس للمسلمة ان تتجرد بين نساء اهل الذمة ولا تبدي
جیسی خاوند کو جایز ہی اور مراد نسائهن سی مؤمنات ہین ابن عباس رض کہتی ہین مسلمہ کو جایز نہین ہی کہ اہل ذمہ کی عورتون مین کپڑی اوتاری اور کافر عورت کی
للكافرة الا ما تبدي للاجانب الا ان تكون امة لها ان تظهر زينتها الباطنة للاجانب فانها ان اظهرها لهم لا يكون لها
سامنی وہ نہ ظاہر کری جو اجنبی مرد کی لئی جایز ہی ہان اگر لونڈی ہو تو اوسکو جایز ہی کہ اپنی باطنی زینت اجنبی مرد سی ظاہر کر دی لونڈی اگر باطنی زینت اجنبی مرد کو دکھاویگی تو حرام
حرمة كما روي عن ابي بكر الاعمش انه خرج الى بعض الرستاق وكانت النساء على شط النهر كاسفات الرءوس والذراع
نہین ہی چنانچہ ابو بکر اعمش سی روایت ہی کہ وہ کسی شہر مین گیا وہان عورتین نہر کی کنارہ پر سر ننگی اور بانہین کھولی ہوئی تہین
وهو جعل يخالطهن ولا يتحامى عن النظر اليهن فقيل له كيف فعلت هذا فقال لا حرمة لهن انما اشك في ايمانهن
اور یہہ اونکی ساتھ مل رہا تہا اور اونکی دیکھنی سی پرہیز نہین کرتا تہا کسینی اوس سی کہا تو نی یہہ کیا کیا جواب دیا انکی حرمت نہین ہی مجھکو انکی ایمان مین شک ہی
كانهن حربيات وروي عن عمر رض انه هجم في المدينة على نائحة وضربها بالدرة حتى سقط خمارها فقيل له يا امير المؤمنين
یہہ تمام حربی عورتین ہین اور عمر رض سی منقول ہی کہ وہ مدینہ مین کسی نوحہ کر عورت کو جا پکڑا سو درہ سی اتنا مارا کہ اوڑہنی اوتر گئی کسینی کہا یا امیر المؤمنین
قد سقط خمارها فقال لا حرمة لها في الشريعة فقوله لا حرمة لها في الشريعة قيل معناه انها لما اشتغلت بما لا يحل
اسکی اوڑہنی اوتر پڑی ہی جواب دیا اسکی شریعت مین کچہہ حرمت نہین ہی پس اس عبارت سی کہتی ہین مراد یہہ ہی کہ جب اس عورت نی ایسا کام کیا جو
في الشريعة اسقطت حرمة نفسها والتحقت بالاماء فلا يلزم الاحتراز عن النظر اليها المجلس التاسع والتسعون والمائة
شریعت مین حلال نہین ہی تو اسنی اپنی حرمت آپکہو دی لونڈیون مین مل گئی سو اسکی دیکھنی سی احتراز ضروری نہین ہی ننانوین مجلس اس حدیث کی بیان مین

في بيان قوله عليه السلام استوصوا بالنساء

في بيان قوله عليه السلام استوصوا بالنساء الخ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استوصوا بالنساء خيرا
اچھی وصیت پکڑو عورتون کی حق مین آخر تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا عورتون کی باب مین اچھی وصیت پکڑو
فان المرأة خلقت من ضلع فان اعوج شيء في الضلع اعلاه فان ذهبت تقيمه كسرته وان تركته لم يزل اعوج
کیونکہ عورت پسلی سی پیدا ہوئی ہی بیشک پسلی مین ٹیڑہی جگہہ اوپر کی ہی اگر تو اوسکو سیدہی کرتا ہی تو توڑ دیگا اور اگر اوسی حال پر رکہا تو ٹیڑہی رہیگی
هذا الحديث منه رواه ابو هريرة ومعنى الاستيصاء قبول الوصية فكانه عليه السلام قال اني اوصيكم بالنساء
یہہ حدیث بقیہ اسی کا ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور معنی استیصاء کی وصیت قبول کرنی سو گویا نبی علیہ السلام نی یہہ فرمایا مین تمکو عورتون کی باب مین
خيرا فاقضوا وصيتي فيهن وافعلوا لهن خيرا ولا تغضبوا عليهن اذا فعلن فعلا غير مرضي عندكم ما لم تكن فيه
اچھی وصیت کرتا ہون اونکی حق مین میری وصیت پوری کرو اور اونکی ساتھ بھلائی کرو اور اگر تمہاری خلاف مرضی کوئی کام کر بیٹھین تو اونپر غصہ مت کرو جبتک اوس کام مین
اثم فانهن خلقت من شيء اعوج وهو الضلع لما ثبت في الاخبار ان اول النساء وهي حوا خلقت من ضلع آدم النبي عم
گناہ نہو کیونکہ عورتین ٹیڑہی چیز سی پیدا ہوئی ہین یعنی پسلی سی اسلئی کہ حدیثون سی ثابت ہی کہ پہلی عورت یعنی حوا آدم نبی علیہ السلام کی پسلی سی پیدا ہوئی ہی
كما قال الله تعالى خلقكم من نفس واحدة وخلق منها زوجها فيكون في هذا الحديث اشارة الى المرأة خلقت خلقا
چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی بنایا تمکو ایک جان سی اور اوسی سی بنایا اوسکا جوڑا سو اس حدیث مین یہہ اشارہ ہی کہ عورت کی ایسی پیدایش ہی

فیه اعوجاج لا یستطیع احد ان یقیمها او یغیرها عما خلقت علیه فلا ینکر اعوجاجها لانها من ابتداء خلقتها
کہ جسمین کجی ہی کسیکی یہہ طاقت نہین ہی کہ اوسکو سیدہ ہی کردی یا اوسکی عادت بدلدی سو اوسکی کجی بری نہین ہی کیونکہ ابتداء پیدائش
واصل فطرتها رکب فیها الاعوجاج فلا یمکن الانتفاع بها الا بمداراتها والصبر علی اعوجاجها اذ لو شرعت ان تقیمها
اور اصل فطرت سی عورت کی ذات مین کجی داخل ہی سو عورت سی منفعت حاصل کرنی بدون مدارات کی اور اوسکی کجی پر صبر کرنیکی نہین ہوسکتی اسلئی کہ اگر تو اوسکو راست
وتجعلها مستقیمة فی افعالها واقوالها لا یمکنک الانتفاع بها بل یؤدی الی کسرها وهو طلاقها فلما علم من هذا
درست کیا چاہی اور تمام افعال اور اقوال مین سیدہ ہی بنادی تو ممکن نہین کہ تو اوس سی نفع لی سکی بلکہ آخر کو ٹوٹ جاویگی یعنی طلاق ہوگی پہر جب اس حدیث سی عورتوں
الحدیث حال النساء فی ابتداء خلقتهن لزم للرجل حسن المعاملة معهن ورعایة حقوقهن والانفاق علیهن بالمعروف
کی ابتداء پیدائش کا حال معلوم ہوا تو مرد کو لازم ہی کہ انکی ساتہہ معاملہ نیک اور حقوق کی رعایت کیا کری اور انکا خرچ اچہی طرح اوٹہاوی
اذ قال الفقهاء یجب علی الرجل نفقة زوجته سواء دخل بها او لم یدخل بها وسواء مسلمة او ذمیة فقیرة او غنیة
اسواسطی کہ فقہاء کہتی ہین کہ خاوند پر بی بی کا خرچ واجب ہی خواہ وطی کی ہو یا نہ کی ہو اور برابر ہی کہ وہ مسلمہ ہو یا ذمیہ ہو یا کنگال ہو یا تونگر
لان غناءها لا یبطل حقها فی النفقة سواء کانت کبیرة او صغیرة قابلة للوطی وان لم تکن قابلة للوطی لم یجب علیه
اسلئی کہ تونگری سی اوسکا حق نفقہ کا باطل نہین ہوتا خواہ بالغہ ہو یا نابالغہ قابل وطی کی ہو اور اگر قابل وطی کی نہو تو خرچ واجب نہین
نفقتها والنفقة الواجبة الطعام والکسوة والسکنی علی ما روی عن هشام انه قال سألت محمدا عن النفقة فقال هی الطعام
